6667

جملہ حقوق محفوظ

ان اللہ وملئکتہ یصلون علی النبی یا ایہا الذین آمنوا صلوا علیہ وسلموا تسلیماً ہ

کتاب مستطاب

# سیرۃ النبی

یعنی

## سوانح اقدس حضرت سرور عالم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

### مجلد چہارم

مشتمل بر منصب نبوت

اولاً

مقدمہ میں منصب نبوت کی حقیقت اور اس کے لوازم و خصائص پر بحث ہے پھر قبل از اسلام دنیا کے متمدن ممالک اور خصوصاً ملک عرب کی مذہبی و اخلاقی حالت کی تفصیل ہے اور اسکے بعد نبوت محمدی نے دنیا اور عرب کیلئے جس عظیم الشان اصلاح کا فرض انجام دیا اس کا اجمالی ذکر ہے پھر اسلامی عقائد کا تفصیلی بیان ہے۔

تالیف

مولانا سید سلیمان ندوی رحمۃ اللہ علیہ المتوفی ۱۴ ربیع الاول سنہ ۱۳۷۳ھ

باہتمام مولوی مسعود علی ندوی

در مطبع معارف شہر اعظم گڈھ مطبوع گردید

۱۳۷۸ھ طبع چہارم ۱۹۵۹ء

139126

Marfat.com

# فہرست مضامین سیرۃ النبی صلی اللہ علیہ وسلم جلد چہارم


| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
| --- | --- | --- | --- | --- | --- |
| **مقدمہ** | | نبی کی دو بعثتیں | ۱۶ | الہام و اجتہاد و حکمت | ۸۲ |
| | | بعثت کے لئے کسی قوم کا انتخاب | ۱۸ | نبوت | ۸۴ |
| **۱ - ۲۰۹** | | بعثت کا زمانہ | ،، | عصمت اور بے گناہی | ۹۲ |
| **منصب نبوت** | ۱-۲۰۹ | نبی کی یقینی کامیابی | ۱۹ | بعض شبہات کا ازالہ | ۱۰۲ |
| کتاب کا موضوع | ۱ | ایک شبہہ اور اس کا جواب | ۳۳ | نکتہ | ۱۰۶ |
| آپ کے پیغمبرانہ کارنامے | ،، | نبی اور غیر نبی کے امتیازات | ۳۵ | نبی کی بشریت | ۱۱۲ |
| نبی اور مصلح اور حکیم | ۳ | نبوت کے لوازم اور خصوصیات | ۴۷ | اجتہاد نبوی میں خطا | ۱۲۴ |
| نبوت کی حقیقت اور خصوصیات | ،، | وہبی استعداد | ۵۰ | اس خطا کے معنی | ۱۲۵ |
| نبوت و رسالت کے ثبوت کا | ۷ | غیبی علم | ۵۵ | پانچ اجتہادی امور پر تنبیہ الٰہی | ۱۲۶ |
| اجمالی طریقہ | | علم انسانی کے ماخذ | ،، | پہلا واقعہ | ،، |
| تفصیلی نبوت کے تین طریقے | ۸ | ذرائع علم کے حصول کے زمانے | ۵۸ | دوسرا واقعہ | ۱۲۸ |
| پہلا طریقہ | ،، | اور ان کے مراتب | | تیسرا واقعہ | ۱۳۳ |
| دوسرا طریقہ | ،، | غیر مادی علم | ۶۰ | چوتھا واقعہ | ۱۳۴ |
| تیسرا طریقہ | ۹ | علم غیب | ۶۲ | پانچواں واقعہ | ۱۳۵ |
| نبی کی ضرورت | ۱۲ | غیب کی حقیقت | ۶۹ | ایک غلط استدلال | ۱۳۸ |
| نبی کی عصمت | ۱۳ | وحی اور ملکۂ نبوت | ۷۵ | عقل بشری | ۱۴۲ |
| نبی کی محبوبیت | ۱۴ | کتاب اور سنت | ۷۷ | ملکۂ نبوت یا عقل نبوت کا شرعی ثبوت | ۱۴۶ |
| مصلحین | ،، | وحی متلو اور وحی غیر متلو | ۷۸ | حکمت | ۱۴۷ |
| مصلحین کے اقسام | ۱۵ | احادیث، قرآن کا بیان ہیں | ۸۲ | کتاب و حکمت کی تعلیم | ۱۴۳ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| علم | ۱۶۶ |
| علم و حلم | ۱۶۸ |
| شرح صدر | ۱۷۲ |
| تبیین کتاب | ۱۷۹ |
| ارادت | ۱۸۲ |
| رسول کا وجود مستقل ہدایت ہے | ۱۸۴ |
| تزکیہ | ۱۸۶ |
| نور | ۱۸۸ |
| آیات و ملکوت کی رویت | ۱۸۹ |
| سماع غیب | ۱۹۰ |
| تبلیغ و دعوت | ۱۹۱ |
| ایک شبہہ کا ازالہ | ۱۹۴ |
| انبیا کی تعلیم کا امتیازی عقیدہ | ۲۰۱ |
| نبوت کی غرض و غایت | ۲۰۲ |
| تائید و نصرت | ۲۰۷ |
| خاتمہ | ۲۰۸ |


## شب ظلمت
## ۲۱۰ - ۲۹۹

### پیغمبر اسلام کی بعثت کے وقت دنیا کی مذہبی اور اخلاقی حالت
### ۲۱۰ - ۲۴۶


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| ظہور اسلام کے وقت دنیا کی تمدنی اور مذہبی حالت کیا تھی؟ | ۲۱۲ |
| مجوس فارس | ۲۱۳ |
| عیسائی روم | ۲۱۸ |
| ہندوستان | ۲۲۹ |
| یہود | ۲۳۳ |


### ظہور اسلام کے وقت عرب کی مذہبی و اخلاقی حالت
### ۲۴۶ - ۲۹۹


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| خدا کا اعتقاد | ۲۴۷ |
| ملائکہ کی الوہیت | ۲۴۹ |
| جنات کی الوہیت | ۲۵۱ |
| بت پرستی | ۲۵۲ |
| ستارہ پرستی | ۲۵۹ |
| جن اور شیاطین اور بھوت پریت | ″ |
| کہانت | ۲۶۳ |
| اوہام پرستی | ۲۶۷ |
| جنگجوئی | ۲۶۸ |
| شراب خوری | ۲۶۹ |
| قمار بازی | ۲۸۳ |
| سود خواری | ۲۸۵ |
| لوٹ مار | ۲۸۷ |
| چوری | ۲۸۹ |
| سفاکی و بے رحمی و وحشت | ۲۹۱ |
| زنا اور فواحش | ۲۹۲ |
| بے شرمی و بے حیائی | ۲۹۴ |
| عورتوں پر ظلم | ۲۹۴ |
| وحشت و جہالت | ۲۹۸ |


### عربوں کے خصوصیات اور خیر الامم بننے کی اہلیت
### ۳۰۰ - ۳۰۹


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| صحت نسب | ۳۰۰ |
| کسی پہلے مذہب میں داخل نہ تھے | ۳۰۲ |
| محکوم نہ تھے | ۳۰۳ |
| کتابی فاسد تعلیم سے ناآشنا تھے | ۳۰۴ |
| وہ زمین کے وسط میں آباد تھے | ″ |
| بعض اخلاقی خوبیاں | ۳۰۵ |
| شجاع و بہادر تھے، | ″ |
| پرجوش تھے، | ″ |
| حق گو تھے، | ″ |
| عقل و دانش والے تھے | ۳۰۶ |
| ذہن اور حافظہ کے تیز تھے، | ″ |
| فیاض تھے، | ۳۰۷ |
| مساوات پسند تھے | ″ |
| عملی تھے، | ۳۰۸ |
| ان اوصاف کی مصلحت | ۳۰۹ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| **صبحِ سعادت** ۳۱۰ - ۳۴۴ | |
| ایک قوم کا انتخاب | ۳۱۰ |
| اصلاح وہدایت کی مشکلات | ۳۱۱ |
| جہالت | ۳۱۲ |
| آبائی دین ورسوم کی پابندی | ۳۱۹ |
| توہم پرستی | ۳۲۵ |
| قبائل کی خانہ جنگیاں | ۳۲۹ |
| سیاسی مشکلات | ۳۳۳ |
| ذریعۂ معاش | ۳۳۹ |
| رفعِ شک | ۳۴۲ |
| **تبلیغِ نبوی اور اسکے اصول اور اسکی کامیابی کے اسباب** ۳۴۵ - ۳۹۷ | |
| فریضۂ تبلیغ | ۳۴۵ |
| تبلیغ کی اہمیت | ۳۴۷ |
| اس کی وسعت | ۳۴۸ |
| تبلیغ کے اصول | ۳۵۲ |
| قولِ لین | ۳۵۳ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| اعراض اور قولِ بلیغ | ۳۵۴ |
| تیسیر وتبشیر | ״ |
| تدریج | ۳۵۵ |
| تالیفِ قلب | ۳۵۶ |
| دعوتِ عقل | ۳۵۷ |
| مذہب میں زبردستی نہیں | ۳۵۹ |
| میدانِ جنگ میں تبلیغ | ۳۶۳ |
| مسلح تبلیغی جماعتیں | ۳۶۹ |
| تبلیغ ودعوت کی تنظیم | ۳۷۰ |
| مبلغوں کی تعلیم وتربیت | ۳۷۲ |
| دعوت بالقرآن | ״ |
| اشاعتِ اسلام کی قدرتی ترتیب | ۳۷۳ |
| قبولِ اسلام کے لئے کیا چیز درکار تھی؟ | ۳۷۴ |
| اشاعتِ اسلام کے اسباب وذرائع، | ۳۷۸ |
| ایک ضروری نکتہ | ۳۸۷ |
| موانع کا ازالہ | ۳۸۸ |
| **اسلام یا محمد رسول اللہ کا پیغام انسانوں کے نام** ۳۹۸ - ۴۰۴ | |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| تعلیماتِ نبوی کی ہمہ گیری | ۳۹۸ |
| اسلام کے چار حصے | ۴۰۳ |
| **عقائد** ۴۰۵ - ۴۱۵ | |
| عقائد کی حقیقت اور اہمیت | ۴۰۵ |
| **اللہ تعالیٰ پر ایمان** ۴۱۶ - ۵۵۳ | |
| اصلاحِ عقائد | ۴۱۷ |
| تعددِ خدا کا ابطال | ۴۱۸ |
| بزرگوں کی مشرکانہ تعظیم سے روکنا | ۴۲۰ |
| درمیانی واسطوں کا مشرکانہ اعتقاد | ۴۲۴ |
| خوارق خدا کے حکم سے ہوتے ہیں | ۴۲۶ |
| حرام وحلال کرنا خدا کا کام ہے | ۴۲۹ |
| غیر خدا کی مشرکانہ تعظیم | ۴۳۰ |
| صفاتِ الٰہی کی توحید | ۴۳۱ |
| مخفی قوتوں کا ابطال | ۴۳۲ |
| اوہام وخرافات کا ابطال | [illegible] |
| کفارہ وشفاعت کے غلط معنی کی تردید | ۴۳۹ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| اجرامِ[۱۱] سماوی کی قدرت کا انکار | ۴۴۹ |
| غیر[۱۲] خدا کی قسم سے روکنا | ۴۵۰ |
| خدا[۱۳] کی مشیت میں کوئی شریک نہیں ، | ۴۵۲ |
| مشتبہاتِ[۱۴] شرک کی ممانعت | ۴۵۵ |
| قبر پرستی[۱۵] اور یادگار پرستی سے روکنا | ،، |
| ریا اور عدمِ اخلاص بھی معنوی شرک ہے ، | ۴۵۶ |
| توحید اور اس کے ایجابی اصول وارکان | ۴۶۰ |
| اللہ تعالیٰ کی ہستی پر دلیل | ،، |
| توحید پر عقلی دلیلیں | ۴۷۴ |
| توحید کی تکمیل | ۴۷۷ |
| خدا کی حقیقی عظمت | ،، |
| انسان کا مرتبہ | ۴۸۱ |
| خدا کا جامع اور مانع تخیل | ۴۸۶ |
| اسمار و صفات | ۴۹۰ |
| صفاتِ جمالی | ۵۰۵ |
| صفاتِ جلالی | ۵۰۸ |
| نکتہ | ۵۰۹ |
| صفاتِ کمالی | ۵۱۰ |
| صفاتِ وحدانیت | ،، |
| صفاتِ وجودی | ،، |
| علم | ۵۱۱ |
| قدرت | ۵۱۲ |
| حکمت | ۵۱۳ |
| تنزیہ | ۵۱۴ |
| ان تعلیماتِ کا اثر اخلاقِ انسانی پر | ۵۱۶ |
| خدا کا ڈر اور پیار | ۵۲۴ |
| محبت کے ساتھ خوف و خشیت کی تعلیم | ۵۲۵ |
| محبت کے جسمانی اصطلاحات کی ممانعت | ۵۳۰ |
| تعلیماتِ اسلامی میں محبت الٰہی کے مظاہر | ۵۳۷ |
| **فرشتوں پر ایمان** | **۵۵۴ - ۵۷۶** |
| ملائکہ کے معنی | ۵۵۴ |
| ملائکہ کا تخیل مذاہبِ قدیمہ میں | ۵۵۵ |
| ملائکہ کا تخیل فلسفہ میں | ،، |
| یونانی مصری فلسفہ | ،، |
| صابی | ۵۵۶ |
| اسلام میں فرشتوں کی حقیقت | ،، |
| اس عقیدہ کی عقلی حیثیت | ۵۵۹ |
| آیات و احادیث میں ملائکہ کا ذکر | ۵۶۱ |
| ملائکہ کے فرائض | ،، |
| فلسفہ و مذاہب کی ملائکہ کے متعلق بے اعتدالی | ۵۷۱ |
| فرشتوں پر ایمان لانے کا مقصد ، | ۵۷۶ |
| **رسولوں پر ایمان** | **۵۷۷ - ۵۳۹** |
| ایک عام غلط فہمی کا ازالہ | ۵۷۷ |
| نبوت کسی ملک یا قوم سے مخصوص نہیں | ۵۷۸ |
| تمام دنیا میں پیغمبر آئے | ۵۷۹ |
| تمام پیغمبروں کی صداقت کا اعتراف | ،، |
| پیغمبروں میں تفریق کی ممانعت | ۵۸۱ |
| پیغمبروں کی غیر محدود تعداد | ۵۸۴ |
| مختلف فیہ پیغمبروں کی رسالت کا اقرار | ،، |
| پیغمبری کی واضح حقیقت کا اظہار | ۵۸۵ |
| پیغمبروں کا منصب اور فرائض | ،، |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| پیغمبروں کی عصمت | ۵۸۶ |
| قرآن میں پیغمبروں کا جامع تذکرہ | ۵۸۸ |
| وہ انبیاء جن کا تذکرہ قرآن میں نہیں ہے، | ۵۹۰ |
| ایسے انبیاء کی شناخت کا اصول | ,, |
| انبیاء کی باہمی ترجیح کا مسئلہ | ۵۹۱ |


## کتب الٰہی پر ایمان
## ۵۹۴ - ۶۳۱


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| کتب الٰہی پر ایمان لانے کا مقصد | ۵۹۴ |
| اس عقیدہ کا تکمیلی پہلو | ۵۹۵ |
| تمام کتب الٰہی پر ایمان لانا ضروری ہے، | ,, |
| انبیائے قدیم کے غیر معلوم الاسم صحائف | ۵۹۶ |
| غیر معلوم الاسم آسمانی صحائف | ,, |
| اس عقیدہ کا اثر سیاسیات عالم پر | ۵۹۹ |
| اقوام عالم کی قانونی تقسیم اور ان کے حقوق | ,, |
| مسلمان | ۶۰۰ |
| اہل کتاب | ,, |
| شبہ اہل کتاب | ,, |
| کفار اور مشرکین | ۶۰۱ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| وحدۃ الادیان | ۶۰۱ |
| تمام سچے مذاہب ایک ہیں | ۶۰۲ |
| دین اور شرعہ، منسک و منہاج کا فرق | ,, |
| صحیفے وقتاً فوقتاً کیوں نازل ہوئے | ۶۰۳ |
| وحدۃ دین پر قرآن کی شہادت | ۶۰۴ |
| وحدۃ دین کی دعوت عامہ | ۶۰۶ |
| دین قیم | ۶۰۷ |
| اسلام اور مذاہب قدیمہ کا اتحاد | ۶۰۸ |
| دین ہمیشہ ایک رہا | ,, |
| شرعہ اور مناہج میں تبدیلی ہوئی، | ۶۰۹ |
| اس کی مثالیں | ,, |
| تبدیل قبلہ | ,, |
| خانہ کعبہ کے حج کی تعیین | ,, |
| یہودیوں اور عیسائیوں کو اپنی کتابوں پر عمل کرنے کی ہدایت | ۶۱۰ |
| مسلمانوں کو شریعت اسلام پر عمل کرنے کا حکم | ,, |
| صحیفۂ محمدیؐ نے اگلی کتابوں کی تصدیق کی | ,, |
| اہل کتاب نے اپنی کتابوں کو چھوڑ کر اہوا کی پیروی کی، | ۶۱۱ |
| حدود میں شریعتوں کا اختلاف غیر اہم ہے | ۶۱۲ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| یہود و نصاریٰ کے فروعی اختلافات | ۶۱۲ |
| ایک دوسرے کو برسر باطل کہتے تھے | ,, |
| وہ مسلمانوں کو یہودیت و نصرانیت کی دعوت دیتے تھے، | |
| اسلام کی دعوت اصل دین ابراہیمی کی جانب | ,, |
| اسلام کا تمام اہل مذاہب کو یکساں خطاب | ۶۱۴ |
| قبول عمل کیلئے ایمان شرط ہے، | ۶۱۵ |
| ایمان و عمل کے لئے نبی کی تصدیق ضروری ہے، | ,, |
| اسلام کامل تمام رسولوں کی تصدیق ہے، | ,, |
| یہود و نصاریٰ انبیاء کی تکذیب کرتے رہے، اسلئے اصل اسلام سے ہٹ گئے، | ۶۱۶ |
| یہود و نصاریٰ کا "حسن عمل" | ۶۱۷ |
| اسلام کا اصل الاصول توحید کامل اور رسالت عمومی ہے، | ,, |
| اسلام کا ہدایت نامہ ہونا | ۶۱۹ |
| توحید کامل کے بغیر نجات کلی کا کوئی مستحق نہیں | ۶۲۰ |
| نبوت محمدیؐ کا دعویٰ | ,, |
| دعوت محمدیؐ میں ہدایت کی بشارت | ,, |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| اہل مذاہب اور تمام انسانوں کو دعوت محمدیؐ کیوں پیش کی گئی، | ٦٢١ |
| تکمیل دین | ٦٢٤ |
| قرآن کے سوا کسی صحیفہ نے دین الٰہی کی تکمیل کا دعویٰ نہیں کیا | ״ |
| حضرت موسیٰؑ کی بشارت ایک آنیوالے نبی کے لئے | ״ |
| حضرت عیسیٰؑ کی بشارت ایک آنے والے نبی کے لئے | ״ |
| موعود الامم (صلعم) کی آمد اور اس کا دعویٰ | ٦٢٥ |
| وحی الٰہی کی جانب سے تکمیل دین کا اعلان | ״ |
| تکمیل دین کے اثرات و مظاہر | ״ |
| قرآن کا مہیمن ہونا | ٦٢٦ |
| قرآن کا تمام اگلی کتابوں کی صداقتوں اور تعلیموں پر مشتمل ہونا | ״ |
| قرآن محفوظ ہے اور رہے گا | ״ |
| اگلی کتابیں تحریفات و تصرفات سے بری نہیں | ״ |
| تمام مذاہب دائمی نہ تھے | |
| اس لئے دائمی حفاظت کا وعدہ ان سے نہ تھا | ٦٢٧ |
| قرآن کی بقا اور حفاظت کی ذمہ داری اللہ تعالیٰ پر | ٦٢٧ |
| قرآن کے لفظ و عبارت و معانی کی حفاظت کے لئے وعدۂ الٰہی | ״ |
| قرآن کا غالب ہونا | ٦٢٨ |
| ختم نبوت | ״ |
| وحدت ادیان اور دین اسلام | ٦٢٩ |
| وحدت دین کا منشا اسلام ہی | ״ |
| صحیفۂ محمدیؐ نے اہل کتاب کو وحدت دین کی دعوت دی | ״ |
| وحدت دین کی حقیقت صحیفۂ محمدی میں | ٦٣٠ |


## پچھلے دن اور پچھلی زندگی پر ایمان

٦٣٢ - ٧١٣


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| اسلام کے سلسلہ ایمانیات کی آخری کڑی ہے، | ٦٣٢ |
| آخرت کے لفظی معنی اور مفہوم | ״ |
| آخرت سے مراد عالم بعد الموت ہے | ٦٣٣ |
| قرآن میں ایمان باللہ کے بعد سب سے زیادہ زور ایمان آخرت پر | ٦٣٥ |
| آیندہ زندگی کے دو دور یعنی برزخ و بعث | ״ |
| تورات و انجیل میں برزخ و بعث کی تفصیل نہیں | ٦٣٥ |
| اسلام اور یوم آخرت کی تفصیل | ٦٣٦ |
| اسلام میں تین دور ہائے حیات | ״ |
| دنیا، برزخ اور قیامت | ״ |
| ان تینوں دوروں میں فرق | ״ |


## ١- برزخ

٦٣٧ - ٦٧٧


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| قرآن مجید میں لفظ برزخ اور اس کے معنی | ٦٣٧ |
| قبر، برزخ کا عرف عام ہے | ٦٣٨ |
| موت و حیات کی منزلیں | ״ |
| قرآن میں دو موتوں اور دو حیاتوں کا ذکر | ״ |
| دونوں موتوں اور حیاتوں کی تشریح | ٦٣٩ |
| عالم برزخ کی کیفیت | ״ |
| نیند اور موت کی مشابہت | ״ |
| نیند اور موت کا فرق | ٦٤٠ |
| قرآن میں موت کی تشبیہ نیند سے | ״ |
| برزخ کی زندگی کی تعبیر نیند سے | ٦٤١ |
| قرآن میں دوسری زندگی کے لئے "بعث" کا لفظ | ״ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| خواب میں لذت والم | ۶۴۲ | گناہوں کی تمثیلی سزائیں | ۶۴۹ | موت کے بعد خدا کی طرف | ۶۵۸ |
| خواب کی خیالی دنیا کا جسم پر | // | آنحضرت صلعم کے ایک رویائے | | روح کی بازگشت | |
| اثر انداز ہونا | | صادقہ میں مختلف گناہوں | ۶۵۰ | موت کے لئے قرآن مجید میں | ۶۵۹ |
| عالم خواب کی لذت والم کا | ۶۴۳ | کی مختلف تمثیلی سزاؤں کے مناظر | | "خدا کی طرف بازگشت" کی | |
| خاتمہ بیداری میں | | ان تمثیلات کی تعبیر و تشریح | ۶۵۱ | اصطلاح اور اس کا مفہوم | ۶۶۱ |
| اور بیداری کی لذت والم کا | // | علم النفس سے انسان کی لاعلمی | ۶۵۲ | اس وقت کا سماں | |
| خاتمہ عالم خواب میں | | تصوری یقین اور خارجی وجود | ۶۵۳ | موت کے سماں کا خاکہ قرآن | // |
| عالم خواب کے لذائذ و | // | کا باہمی تعلق | | مجید میں | |
| آلام کے فلسفیانہ اسباب علل | | قرآن پاک میں یقین کی دو قسمیں | // | جسم سے روح کی علیحدگی کے | ۶۶۲ |
| بھولے ہوئے احساسات و | // | علم الیقین و عین الیقین | // | بعد سزا کا دور | |
| معلومات کا خواب میں متشکل | | علم الیقین کے حصول کا | // | سزا قانون عمل کے مطابق | // |
| ہو کر نظر آنا | | ذریعہ ایمان ہے، | | انسانی اعمال کا نتیجہ ہے | |
| اچھے اور برے اعمال کے نقوش | ۶۴۳ | علم الیقین کے ذریعہ دوزخ | ۶۵۴ | نیکوکاروں کو بشارتیں | // |
| ذہن انسانی کے گوشوں میں | | کا مشاہدہ دنیا میں | | برزخ کا عذاب و راحت | ۶۶۳ |
| تمثیلی خواب اور اسکی مثالیں | ۶۴۴ | موت کے بعد حجاب مادیت | ۶۵۵ | برزخ میں عذاب و ثواب کے | ۶۶۴ |
| جسم انسانی میں مختلف مادوں | // | کا اٹھنا اور اعمال کے تمثیلی | | مناظر | |
| کی کمی بیشی سے خواب میں انکے | | نتائج کو کسی حد تک دیکھنا | | برزخ اور اس کے عذاب و ثواب | // |
| تناسب مجسم شکلیں اور ان | | قیام روز جزا پر تمام رازہائے | // | کا تذکرہ قرآن مجید میں | |
| کی مثالیں، | | سربستہ کا فاش ہو جانا | | قبر کی اصطلاح | ۶۶۴ |
| اعمال انسانی کا خواب میں | ۶۴۵ | احوال برزخ کا عین الیقین | ۶۵۶ | احادیث میں برزخ کا اصطلاحی | // |
| اپنے مناسب قالب میں مجسم | | موت کے بعد عالم برزخ کی ابتدا | // | نام قبر ہے | |
| ہونا اور ان کی مثالیں | | عالم برزخ میں جزا و سزا کے | // | قبر کا مفہوم | ۶۶۵ |
| اعمال کی تمثیلات قرآن مجید میں | // | پس پردہ مشاہدہ کی تنہائی | | قبر ارواح و نفوس کی دنیا ہے | // |
| اعمال کی تمثیلات احادیث میں | ۶۴۸ | قرآن مجید میں | | قبر کی روحیں جسم خاکی کے | // |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| بجائے جسم مثالی میں متشکل ہوتی ہیں، | |
| جسم خاکی کی طرح جسم مثالی میں بھی لذت و الم کا احساس ہوتا ہے | ۶۶۹ |
| بعض سعید روحیں جسم خاکی کی شکل کی قید سے آزاد کر دی جاتی ہیں، | ۶۷۰ |
| مٹی کی قبروں میں عذاب کے مشاہدات | ۶۷۱ |
| سوال وجواب | ،، |
| قبر میں فرشتوں کا توحید و رسالت کے متعلق سوال | ،، |
| قبر کے سوال وجواب کا ذکر قرآن مجید میں | ،، |
| سوال وجواب کا اصل مفہوم | ۶۷۲ |
| برزخ میں ارواح کا مسکن | ۶۷۴ |

## آخرت کی دوسری اور حقیقی منزل
۶۷۸ - ۷۱۳

## قیامت اور جزائے اعمال
۶۷۸

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| کیا کبھی دنیائے حیات پر بھی موت طاری ہوگی؟ | ۶۷۸ |
| نظام کائنات کی بربادی کی پیشینگوئی اہل سائنس کی طرف سے | ۶۷۸ |
| قیامت کا عقیدہ مختلف آسمانی کتابوں میں | ۶۷۹ |

## قیامت
۶۸۰ - ۷۱۳

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| قیامت کے نام قرآن میں | ۶۸۰ |
| قیامت کے اوصاف | ۶۸۲ |
| قیامت میں فساد نظام ہوگا | ۶۸۴ |
| اس کی شہادت میں قرآن مجید سے | ،، |
| بعد قیامت ایک نئے آسمان اور نئی زمین کی تعمیر | ۶۸۷ |
| پچھلی دنیا کے نتائج پر اسکی بنا | ،، |
| قیامت کی حقیقت | ،، |
| صور قیامت | ۶۹۲ |
| عربوں کا انکار قیامت سے | ۶۹۳ |
| اسی لئے اسلام میں توحید کے بعد سب سے زیادہ زور قیامت کے عقیدہ پر دیا گیا | ۶۹۵ |
| عقیدۂ قیامت اصول دین کیوں ہے؟ | ۶۹۶ |
| قیامت پر قرآنی دلائل | ۶۹۷ |
| حشر جسمانی | ۷۰۵ |
| روحانی زندگی کا تصور بھی جسمانی زندگی سے زیادہ دشوار ہے | ۷۰۶ |
| حشر جسمانی ہوگا | ،، |
| جسم و جسد | ۷۰۸ |
| کیا کوئی نیا جسمانی پیکر ہوگا؟ | ،، |
| نیا جسمانی پیکر جسم خاکی کی خصوصیات ولوازم سے الگ ہوگا | ،، |
| خلق جدید | ،، |
| ذمہ داری روح پر ہے، | ۷۱۰ |
| دنیا وہی جسم بدلتے رہنے پر بھی وہی جسم رہتا ہے، | ۷۱۱ |
| اُخروی جسم کیسا ہوگا؟ | ۷۱۲ |

## جزا اور سزا
۷۱۴ - ۷۶۹

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| جزا و سزا دیگر مذاہب میں | ۷۱۴ |
| عالم آخر کا فہم وادراک | ۷۲۰ |
| عالم آخر کو مادی دنیا کی زبان و محاورات میں سمجھایا گیا ہے | ۷۲۱ |
| اس طرز افہام سے فلسفی و عامی دونوں تشفی پاتے ہیں | ،، |
| اُخروی وقائع کے سمجھانے کیلئے مادی الفاظ کا استعمال | ،، |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ | مضمون | صفحہ |
|---|---|---|---|---|---|
| وجود کے موجودہ قوانین فطرت | ۶۲۲ | جنت انسان کی وراثت ہے | ۶۳۶ | چیزوں کھانے پینے، پہننے اور اوڑھنے | ۶۴۲ |
| اور ان کے خصوصیات ولوازم | | حضرت آدمؑ کا زمین پر آنا | ۶۳۷ | کی ضروریات کا پیدا ہونا | |
| مادی دنیا کے قوانین فطرت | ″ | ان کی پیدائش سے پہلے مقدر | | مذہب نے ان ضروریات اربعہ کے | ″ |
| اور سلسلہ علت ومعلول اسی | | ہو چکا تھا، | | جائز طریقوں کی تعلیم اور ناجائز | |
| مادی عالم کے ہیں | | آدم اور بنو آدم کی اصلی جگہ | ″ | طریقوں سے احتراز کی تلقین کی، | |
| ضروری نہیں کہ موجودہ قوانین | ۶۲۳ | جنت ہے، | | جنت کی وراثت کا وعدۂ الٰہی | ″ |
| فطرت وہاں بھی کارفرما ہوں | | جنت کے دو درخت، نیک و | ۶۳۸ | انسانی جزا وسزا کے تین گھر | ۶۴۳ |
| اصول جزاء | ″ | بد کی پہچان کا، اور زندگی | | انسان کا پہلا دار الجزاء یعنی دنیا | ۶۴۴ |
| اصول فطرت صرف مادیات | ″ | جاوید کا، | | دنیا مگر یہ دار الجزاء فانی ہے، | ۶۴۹ |
| تک محدود نہیں | | آدمؑ کو نیک و بد کی شناخت | ″ | یہ دار الجزاء دار الاصلاح بھی ہے، | ۶۵۱ |
| اعمال کے لوازم ونتائج | ۶۲۴ | کے درخت سے روکا گیا | | انسانوں کی تنبیہ واصلاح کے | ۶۵۲ |
| عقاب وثواب ردعمل ہے | ۶۲۵ | شیطان نے حیات جاودان | ۶۳۹ | مراتب | |
| حصول راحت کا اصول | ۶۲۶ | کا درخت کہکر نیک و بد کی | | نیکی سے برائی کا کفارہ | ″ |
| نامۂ عمل | ۶۲۹ | شناخت کے درخت کو بتا دیا | | توبہ کفارہ ہے | ۶۵۳ |
| کوئی چیز پیدا ہونے کے بعد | ″ | حیات جاودان سے مقصود کیا ہے؟ | ″ | مصائب کی تنبیہ اور کفارہ | ۶۵۶ |
| فنا نہیں ہوتی، | | نیک و بد کی تمیز ہی شرعی تکلیف | ″ | عذاب الٰہی کا مقصد | ۶۵۷ |
| اعمال کے ریکارڈ ہمیشہ | ″ | کا باعث ہے، | | عذاب برزخ بھی کفارہ ہے | ۶۶۰ |
| محفوظ رہتے ہیں | | آدم کو نیک و بد کی تمیز کا | ″ | عذاب دوزخ کفارۂ گناہ ہے | ۶۶۳ |
| قرآن مجید میں اس اصول | ″ | فطری الہام | | عذاب انسان کے اعمال کا نتیجہ ہے | ۶۶۶ |
| کی تشریح اور اس پر شہادتیں | | انسان کا تکلیف شرعی کی امانت | ″ | انسان کی تخلیق رحمت کیلئے ہوئی | ۶۶۷ |
| اعضاء کی شہادت | ۶۳۲ | کو قبول کرنا اور حیات جاودان | | **دوزخ** | |
| میزان | ۶۳۴ | کا حصول سعی وعمل پر موقوف | | **۶۷۹ - ۸۱۱** | |
| حساب | ۶۳۵ | ہونا، | | | |
| جنت ودوزخ | ۶۳۶ | زمین پر بنو آدم کی چادر | | دوزخ قیدخانہ نہیں شفاخانہ ہے | ۶۷۹ |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| گناہ روحانی بیماری کا اور عذاب اسکے نتیجۂ بد کا اصطلاحی نام ہے | ۷۶۹ |
| دوزخ کی مثال شفاخانہ ہے | ״ |
| دوزخ سے بالآخر نجات ہوگی | ۷۷۱ |
| گویا دوزخ بھی ایک نعمت ہے | ۷۷۲ |
| دوزخ میں رحمتِ الٰہی کا ظہور اور نجات | ۷۷۴ |
| اسکی تصریحات احادیث میں | ۷۷۵ |
| شرک وکفر کی بخشائش نہیں | ۷۷۸ |
| کیا دوزخ کی انتہا ہے؟ | ۷۷۹ |
| دوزخ رحمتِ الٰہی کی چھینٹوں سے بالآخر سرد ہو جائے گی | ۷۸۰ |
| اللہ کے غضب پر رحمت کی سبقت | ״ |
| دوزخ کی انتہا قرآن مجید میں مشیت پر ہے | ۷۸۱ |
| کفار ومشرکین کے عذاب کی انتہا مشیت الٰہی پر موقوف ہے؟ | ۷۸۲ |
| قرآن مجید کی کوئی آیت دوزخ کے تسلسل وجود پر دلالت نہیں کرتی، | ۷۸۳ |
| قرآن مجید میں بہشت کے عدم انقطاع کی تصریح کی گئی، | ۷۸۳ |
| قرآن مجید سے اسکی تشریح | ۷۸۴ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| اس کی شہادت حدیثوں میں | ۷۸۵ |
| دفع شبہہ | ۷۸۶ |
| قرآن مجید کی بعض آیتوں سے دوزخ کے دوام کا شبہہ | ״ |
| اس شبہہ کا ازالہ | ۷۸۸ |
| چند آیتوں میں کفار کے دوزخ سے الگ نہ ہونے کی تصریح | ۷۹۰ |
| ان آیات کا مفہوم | ۷۹۱ |
| اللہ تعالیٰ کے وعدۂ عذاب وثواب میں فرق | ۷۹۲ |
| مشرکین وکفار کی معافی کی صریح تصریح کیوں نہیں، | ۷۹۳ |
| عقیدۂ کفارہ اور عقیدۂ کرم اور عقیدۂ مغفرت | ״ |
| عذابِ طویل کا سبب | ۷۹۴ |
| مشرک وکافر کا آخر انجام؟ | ۷۹۵ |
| جمہور کے نزدیک عذابِ دوزخ کا دوام | ۷۹۹ |
| بہشت ودوزخ کی جزا وسزا بھی تمثیلی ہے | ۸۰۳ |
| تمثیلی سزا کے معنی | ״ |
| اس کی مثالیں قرآن مجید اور احادیث سے | ۸۰۴ |
| دوزخ کی جسمانی سزائیں | ۸۰۶ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| جسمانی سزاؤں کی تصریح قرآن مجید سے | ۸۰۶ |
| دوزخ میں روحانی سزائیں | ۸۰۹ |
| اُن کی تصریح قرآن مجید سے | ״ |


## جنت

۸۱۲ - ۸۵۹


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| جنت کے نام | ۸۱۲ |
| جنت کا دوام | ״ |
| اسکی تصریح قرآن مجید میں | ۸۱۳ |
| دائمی قیام سے اہل جنت کا جنت میں گھبرانا ان کی جبلت وفطرت کے خلاف ہوگا | ۸۱۸ |
| غیرفانی بادشاہی | ״ |
| جنت کے عیش ومسرت کی تعبیر "آسمانی بادشاہی" سے | ۸۱۹ |
| عیسوی پیغام میں "آسمانی بادشاہی" | ״ |
| "آسمانی بادشاہی" کے اجمال کی اسلامی تفصیل | ۸۲۰ |
| جنت کے لئے باغ کا استعارہ کیا عرب کے لئے ہے؟ | ۸۲۲ |
| اس استعارہ میں ایک نکتہ | ״ |
| سامانِ جنت کے دنیاوی نام | ۸۲۳ |

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| جنت میں دنیاوی الفاظ کے معانی سے بلند تر حقائق | ۸۲۴ |
| اس کی شہادت قرآن مجید احادیث سے | ؍؍ |
| جنت کی مسرتیں، اعمال کی تمثیل ہیں | ۸۲۶ |
| اس کی شہادت قرآن مجید اور احادیث سے | ؍؍ |
| لطف و مسرت کا تصور | ۸۳۴ |
| لطف و مسرت کا اعلیٰ ترین تخیل | |
| جنت میں انسان کی ہر خواہش پوری ہوگی، | ۸۳۵ |
| جنت، جہاں کوئی جسمانی و روحانی آزار نہیں | ۸۳۷ |
| جنت، جہاں رشک و حسد نہیں، | ۸۳۸ |
| وہاں کی جسمانی زندگی کیسی ہوگی | ۸۳۹ |
| جنت ارتقاے روحانی ہے | ۸۴۰ |
| مسئلہ ارتقا کے اصول بقائے اصلح کا عمل روحانی مدارج کے ارتقا میں | ۸۴۲ |
| امن و سلامتی کا گھر | ۸۴۴ |
| مقام رحمت | ۸۴۵ |
| مقام نور | ۸۴۶ |
| مقام رضوان | ۸۴۷ |
| مقام طیب و طاہر | ۸۴۹ |
| مقام تسبیح و تہلیل | ۸۵۰ |
| صبح و شام کی روزی | ۸۵۲ |
| مقام قرب | ۸۵۳ |
| دیدار الٰہی | ؍؍ |
| ان تعلیمات کا عملی اثر | ۸۵۵ |
| عرب کا ایمان و یقین اور صحابہ کی خشیت الٰہی | ۸۵۶ |


## قضا و قدر

۸۶۰ - ۸۸۰


| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| کیا عقیدۂ قضا و قدر اسلامیات میں ہے، | ۸۶۰ |
| عقیدۂ قضا و قدر کا ماحصل | ؍؍ |
| اس عقیدہ کی تعلیم قدیم مذاہب میں | ؍؍ |
| خاتم النبیین (صلعم) کی تعلیم نے اس کی کیا تکمیل کی اور کیا اثرات پیدا ہوئے، | ۸۶۱ |
| اصطلاح قدر و قضا کی تشریح | ۸۶۲ |
| اس عقیدہ کی اخلاقی اہمیت | ۸۶۴ |
| عقیدۂ قضا و قدر کی توضیح | ۸۶۵ |
| عقیدۂ قضا و قدر کا نتیجہ پستی و سستی و دوں ہمتی نہیں | ۸۶۷ |
| اس کا نتیجہ بلندی استقلال اور صبر و ثبات ہے | ؍؍ |
| غلط فہمی کا ازالہ | ۸۶۸ |
| قضا و قدر اور سعی عمل کی باہمی تطبیق | ۸۶۹ |
| پہلے فسق اور نافرمانی ہوتی ہے | ۸۷۰ |
| اس کے نتیجہ میں خدا کی طرف سے ضلالت کا ظہور ہوتا ہے، | ؍؍ |
| جبر و قدر | ۸۷۱ |
| جبر و قدر کا مسئلہ لاینحل | ؍؍ |
| قدیم مذاہب میں اس کے حل کی دو صورتیں، یا تو خاموشی یا جبر کی تلقین | |
| آنحضرت صلعم نے اس راز کو ظاہر کیا، | ۸۷۲ |
| بیک وقت دو صداقتیں | ؍؍ |
| صحیفۂ محمدی میں ان دونوں صداقتوں کی تفصیل اور ان کی تشریح | ۸۷۳ |
| ہدایت و ضلالت کے الفاظ سے پیدا شدہ غلط فہمی کا ازالہ | ۸۷۵ |
| خیر و شر کا مفہوم اسلام میں | [illegible] |


Marfat.com

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| اگر خدا چاہتا تو اُن کو ہدایت دیتا" کی تفسیر | ۸۷۸ |
| بندہ کی مشیت | ״ |
| اللہ کی گمراہی کن کیلئے ہے | ״ |
| نتیجۂ بحث | ״ |

## ایمان کے نتائج
۸۸۱ - ۸۸۸

| مضمون | صفحہ |
|---|---|
| خلاصۂ مباحث | ۸۸۱ |
| ایمان کا مقصد دل کی اصلاح ہے، | ۸۸۲ |
| اسلام میں ایمان و عمل کی جامعیت | ״ |
| درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے | ״ |
| اہلِ ایمان کی عملی شناخت | |
| تمام نیکیاں صرف ایک جزء "ایمان کی شاخیں ہیں | ۸۸۷ |
| ایمان کے بعد عمل کی ضرورت | ״ |
| ایمان ملزوم اور اعمال اس کے لوازم ہیں | ״ |
| خاتمہ | ۸۸۸ |


Marfat.com

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ
وَعَلٰی اٰلِہٖ وَصَحْبِہٖ اَجْمَعِیْنَ

اے باز کنِ درِ معانی — بر ما بکلید آسمانی
ہرچہ از تو گماں برم بچونی — آں من بوم و توزآں برونی

---

شاہِ رسل و شفیعِ مرسل — خورشید یٰسین و نورِ اوّل
سلطانِ ممالکِ رسالت — طغرائے صحیفۂ جلالت (خسرو)

پیشِ نظر کتاب، سیرۃ النبیؐ کے سلسلہ کی چوتھی جلد ہے، اس کا موضوع "منصبِ نبوّت" ہے، اس تقریب سے سب سے پہلے اس میں ایک مقدمہ ہے جس میں نبوّت کی حقیقت اور اس کے لوازم و خصوصیات کی تشریح ہے، اس کے بعد دیباچہ ہے جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت اور ظہورِ اسلام کے وقت دنیا کی مذہبی و اخلاقی و روحانی حالت کا مرقع دکھایا گیا ہے، بالخصوص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے ملکِ عرب کی جو مذہبی و اخلاقی حالت تھی اور اس کی اصلاح میں جو دقتیں درپیش تھیں شرح و بسط کے ساتھ اُن کی تفصیل کی گئی ہے، اس کے بعد آپ کے تعلیمات و ارشادات کی تفصیل سے اصل کتاب کا آغاز ہوا ہے،

Marfat.com

یں کسی خاص فرقہ کے نہیں اسلام کے وہ عقائد لکھنے تھے جن پر ایمان لانے کا قرآن نے ہم سے مطالبہ کیا ہے اور جن کی تعلیم محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے صحابہ کو دی تھی چنانچہ ان اوراق میں ان ہی چند عقائد کی تشریح ہے اور یہی ہیں جو اٰمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلٰئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى میں مذکور ہیں یعنی خدا، اس کے فرشتوں، اس کی کتابوں، اسکے رسولوں، اور آخری دن اور قضاء و قدر پر ایمان، چنانچہ اس جلد میں مقدمہ دیباچہ کے بعد ان ہی چھ باتوں کی تفصیل و تشریح ہے۔

میں نے اپنے جانتے اسکی پوری احتیاط کی ہے کہ کسی مسئلہ کی تشریح میں قلم، صراطِ مستقیم سے بجا وز نہ کرے لیکن عالم الغیب جانتا ہے کہ قدم نے کہاں ٹھوکر کھائی ہے، اس لئے اسکی بارگاہ میں نہایت عجز سے دعا ہے کہ خداوند میری لغزش کو دوسروں کی لغزش کا سبب نہ بنانا، اور ہم سب کو سیدھی راہ دکھانا

| | |
|---|---|
| مَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَهُوَ الْمُهْتَدِيْ (اعراف ۲۲) | جس کو خدا راہ دکھائے وہ راہ پایا ہوا ہے، |
| وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ مُّضِلٍّ (زمر) | اور جسکو خدا راہ دکھائے اسکو کوئی گمراہ کرنیوالا نہیں |
| رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَا اِنْ نَّسِيْنَا اَوْ اَخْطَأْنَا (بقرہ ۷) | ہمارے پروردگار ہمارے بھول چوک کی باز پرس ہم سے نہ فرمایا، |

این نامہ کہ خامہ کرد بنیاد — توقیعِ قبول، روزیش باد

طالبِ رحمت

سید سلیمان ندوی

۲۵ ربیع الاول سنہ ۱۳۵۱ھ

دار المصنفین اعظم گڈھ

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# مقدمہ

## منصب نبوت

**کتاب کا موضوع آپ کے پیغمبرانہ کارنامے**

سیرت کی عام کتابوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے واقعاتِ زندگی کے اندر جو چیز سب سے زیادہ ممتاز ہو کر نظر آتی ہے، وہ غزوات اور لڑائیاں ہیں لیکن یہ غزوات اور لڑائیاں ظاہر ہے کہ مقصود بالذات نہ تھیں، بلکہ وہ سلسلۂ دعوت میں اتفاقاً پیش آگئیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب کے سامنے اسلام کی دعوت پیش کی انھوں نے اس کے قبول کرنے سے انکار کیا، اور نہ صرف انکار کیا بلکہ اس کے مٹانے کی پرزور کوشش کی، اس کے قبول کرنے والوں کو ستایا اور اُن کو اُن کے گھروں سے نکال دیا، وہ اپنی جان بچا کر دوسرے شہر کو چلے گئے، وہاں اُنکی دعوت نے فروغ پایا، اور بہت بڑی تعداد نے اُس کی سچائی کو قبول کیا، یہ دیکھ کر مخالفوں نے ہر طرف سے یورش کی، اول

چاہا کہ اس جماعت کو بزورِ شمشیر مٹا دیں، اُس نے اپنی جان کے بچاؤ کی تدبیریں کیں، اور اُن کی پرزور سازشوں اور کوششوں کے سیلاب کو پہاڑ بن کر روکا، اس کشمکش نے خونریز لڑائیوں کا ایک سلسلہ چھیڑ دیا جو متصل دس سال تک قائم رہا، رفتہ رفتہ اعجازِ نبوت حسنِ تدبیر، لطفِ اخلاق سے تمام معرکے سر ہوئے اور پھر ایک پُرامن نظام قائم ہوگیا، بے شبہہ یہ کارنامہ بھی کچھ کم مستوجبِ منقبت نہیں لیکن ناظرین اس نکتہ کو پیشِ نظر رکھتے ہوں گے کہ ہم کس ذاتِ اقدس کے سوانح لکھ رہے ہیں،

یہ جو کچھ ہوا اور پیش آیا وہ گو نہایت عجیب، حیرت انگیز اور کرشمۂ ربانی کا پورا مظہر ہے تاہم وہ درحقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اصلی، براہِ راست اور مقصود بالذات کارنامہ نہیں، وہ اتفاقی حوادث ہیں، جو اسلام کی دعوت و اشاعت کی راہ میں دشمنوں کی مخالفت سے پیش آگئے، آپ کے اصلی پیغمبرانہ کارنامے وہ ہیں، جو اگر یہ اتفاقی واقعات رونما نہ ہوئے ہوتے، تب بھی ظاہر ہوتے اور وہی آپ کی سیرۃ مبارکہ کے اصلی وقائع اور سوانح ہیں، یعنی عرب میں سرتاپا روحانی و اخلاقی انقلاب پیدا کردینا، تمام عالم کے سامنے کامل ترین اور آخیر شریعت کو پیش کرنا، دنیا کا گوشہ گوشہ کو نورِ توحید اور سرور محبت سے معمور کرنا، ظلمت کدۂ عالم کو سراجِ منیر بن کر بقعۂ نور بنا دینا، گمراہوں کو راستہ بتانا، بھولوں کو یاد دلانا، بندوں کا رشتہ خدا سے جوڑنا، غلط اوہام کو مٹانا، اخلاقِ فاضلہ سکھانا، گناہوں کے دفتر کو دھونا، انسانوں کو شیطانوں کے دامِ فریب سے نکال کر فرشتوں کی صف میں کھڑا کرنا، دنیا کو رفق و محبت، لطف و شفقت اور برادرانہ مساوات کی تعلیم دینا، حکمت و دانائی، پند و موعظت، اور تہذیب و تمدن کے رموز سکھانا، روحانیت کی برباد شدہ دنیا کی دوبارہ تعمیر، اور قلوب و ارواح کے ویران گھروں کی ازسرِ نو آبادی؛ الغرض خاتم النبیینؐ کا اصلی کام ایک شریعتِ ابدی کی تاسیس، مذاہبِ عالم

کی اصلاح، فن اخلاق کی علمی وعملی تکمیل، قانونِ الٰہی کا اظہار وعرض، اور تہذیبِ نفوس کی معراجِ اخیر تھی، اور یہ سب اُسی پُرآشوب زمانہ میں ہوتا رہا جس کے لیل ونہار بظاہر صرف حملوں کے تیر باراں کے روکنے میں صرف ہو گئے، پیشِ نظر جلد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرتِ مبارکہ کے ان ہی واقعات اور کارناموں پر مشتمل ہے،

**نبی اور مصلح اور حکیم** بظاہر نظر آتا ہے کہ اس قسم کے کچھ کام ایسے لوگوں سے انجام پاتے ہیں، جو نبوت اور رسالت کے منصب پر فائز نہیں ہوتے، وہ اپنی قوم وملک کے سامنے اپنی اصلاح کی دعوت پیش کرتے ہیں، اور سعی ومحنت اور متواتر جد وجہد سے ان میں کوئی سیاسی، اجتماعی، تعلیمی، اقتصادی اور معاشرتی انقلاب پیدا کرتے ہیں، اور اُن کو قعرِ مذلت سے نکال کر ترقی کی سطحِ مرتفع تک پہنچا دیتے ہیں، ایسے لوگوں کو مصلح اور ریفارمر کہتے ہیں، اور ایسے بھی ہوتے ہیں جن کے منہ سے اخلاق وحکمت اور پند وموعظت کے موتی جھڑتے ہیں جن کو حکیم کہتے ہیں، اس حالت میں ایک پیغمبر اور ایک مصلح اور ایک حکیم میں کیا فرق ہوگا؟ اس التباس کا نتیجہ یہ ہے کہ بہت سے کوتہ نظر ایک پیغمبر اور ایک مصلح اور ایک حکیم میں کوئی امتیاز نہیں کرتے، اور اس بنا پر اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں، اس فرق وامتیاز کو نمایاں کر دینا ضروری سمجھتے ہیں،

**نبوت کی حقیقت اور خصوصیات** اس فرق کو پوری طرح واضح کرنے کے لئے ضروری ہے کہ پہلے نبوت کی حقیقت اچھی طرح ذہن نشین کر لی جائے، نبوت کی فلسفیانہ حقیقت کی بہترین تشریح امام غزالی نے معارج القدس[1] اور شاہ ولی اللہ صاحب نے حجۃ اللہ البالغہ میں کی ہے، یہ دونوں بزرگ

---

[1] معارج القدس کا یہ حصہ حضرت الاستاذ مرحوم نے الکلام کے آخر میں بطور ضمیمہ شائع کر دیا ہے،

Marfat.com

تصوّف، فلسفہ، اور نقلیات تینوں کو چون سے با خبر ہیں، اس لئے یہ جو کچھ بتائیں گے، اس میں کچھ ذاتی ذوق و مشاہدہ کا حصہ بھی شامل ہوگا،

امام صاحب فرماتے ہیں:-

"نبوت انسانیت کے رتبہ سے بالاتر ہے جس طرح انسانیت حیوانیت سے بالاتر ہے،........ وہ عطیۂ الٰہی اور موہبت ربانی ہے، سعی و محنت اور کسب و تلاش سے نہیں ملتی اللہ تعالیٰ فرماتا ہے،

| | |
|---|---|
| اَللّٰہُ اَعْلَمُ حَیْثُ یَجْعَلُ رِسَالَتَہٗ (انعام - ۱۵) | اللہ بہتر جانتا ہے کہ جہاں وہ اپنی پیامبری کا منصب بنائے، |
| وَکَذٰلِکَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْکَ رُوْحًا[1] مِّنْ اَمْرِنَا، مَا کُنْتَ تَدْرِیْ مَا الْکِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰکِنْ جَعَلْنٰہُ نُوْرًا نَّھْدِیْ بِہٖ مَنْ نَّشَآءُ مِنْ عِبَادِنَا، (شوریٰ - ۵) | اور اسی طرح ہم نے تیرے پاس اپنے حکم سے ایک روح بھیجی تو پہلے نہیں جانتا تھا، کہ کتاب کیا ہے اور ایمان کیا؟ لیکن اس کو ہم نے ایک نور بنایا ہے جس سے ہم اپنے بندوں میں سے جس کو چاہیں |
| اس موقع کے لئے صریح آیت یہ ہے، | |
| ذٰلِکَ فَضْلُ اللّٰہِ یُؤْتِیْہِ مَنْ یَّشَآءُ، (جمعہ ۱) | یہ (نبوت) خدا کا فضل ہے جس کو وہ چاہے دے، |

[1] امام صاحب نے آیت پوری نہیں لکھی ہے میں نے اپنی طرف سے آیت پوری لکھ دی ہے،

Marfat.com

گویہ صحیح ہے کہ وہ عبادات و ریاضات جو فکر و مراقبہ پر مشتمل اور ریا اور شہرت طلبی سے پاک ہوں نفس میں آثارِ وحی کے قبول کرنے کی استعداد پیدا کر دیتے ہیں تاہم نبوت کا منصبِ خاص محض اتفاقی نہیں، جو محنت اور کوشش سے کسی کو حاصل ہو جائے، بلکہ جس طرح نوعِ انسان کا انسان اور فرشتوں کا فرشتہ بن جانا، اُن کے افراد کی سعی و محنت کا مرہونِ منت نہیں، اسی طرح نوعِ انبیاء کا نبی بن جانا، اُن کے افراد کی کوشش اور محنت سے ممکن نہیں، ہر انسان کا بچہ اپنی ذاتی محنت سے نہیں، بلکہ فیاضِ عالم کی بخشش سے انسانیت کا مرتبہ حاصل کرتا ہے، مگر انسانیت کے ممکن کمالات کو بالفعل حاصل ہو جانے کے لئے اس کو یقیناً کچھ نہ کچھ جد و جہد کرنی پڑتی ہے، اسی طرح نبوت گو انبیاء کے لئے اکتسابی چیز نہیں لیکن منشائے نبوت کے مطابق ریاضت اور عمل قبولِ وحی کی استعداد اور تیاری کے لئے البتہ ضروری ہیں،

چنانچہ اسی اصول کے مطابق اکثر پیغمبروں کے آغازِ وحی کے حالات میں آپ کو یہ ملیگا، کہ انھوں نے ایک زمانہ تک عبادت و مراقبہ میں بسر کی، ایک ایک مہینہ، ایک ایک چلہ اس طرح گذارا کہ وہ مادی دنیا کی آلایشوں سے یکسر الگ ہو گئے، توراۃ میں حضرت موسیٰؑ کی نسبت ہے کہ کتاب ملنے سے پہلے وہ چالیس روز تک کوہِ طور پر روزہ کی حالت میں رہے، اسی طرح انجیل میں حضرت عیسیٰؑ کے متعلق ہے کہ وہ ایک سنسان جنگل میں چالیس روز تک روزہ رکھکر عبادتوں میں مصروف رہے، اور وحی سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا غارِ حرا میں مہینوں عزلت گزیں رہنا اور فکر و مراقبہ اور عبادت اور ریاضت میں مصروف رہنا سب کو معلوم ہے،

چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نبوت سے پہلے حرا میں جا کر جب عبادت میں مشغول ہوئے تو

رویاے صادقہ دیکھنے لگے جس کی سچائی مثل سپیدۂ صبح کے صاف نمایاں ہوتی تھی، وحی کے بعد بھی آپ اس قدر عبادت میں مصروف رہتے تھے کہ آپکے دونوں پاؤں سوج جاتے تھے اسی لئے قرآن نے آپ کو خطاب کرکے کہا،

طٰہٰ، مَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْكَ الْقُرْاٰنَ لِتَشْقٰٓی، (طٰہٰ-۱) (اے پیغمبر!) ہم نے یہ قرآن تجھ پر اس لئے نہیں اُتارا کہ تو تکلیف اُٹھائے،

اس عبادت وریاضت کے ساتھ نبوت کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ اُس کے حامل حُسنِ صورت، اعتدالِ مزاج، نشوونما کی پاکی، حسن تربیت، طہارتِ نسب، کرمِ اخلاق، نیکی طینت، متانت، سنجیدگی، دوستانِ الٰہی کے ساتھ نرم خوئی، اور تواضع، اور دشمنانِ حق کے ساتھ شدتِ قوت پائی جائے، علاوہ بریں وہ راست گفتار، امانت دار، تمام برائیوں سے پاک، فضائل ومحاسن سے آراستہ اور ذلیل باتوں سے مبرّا ہوتا ہے، وہ ظلم کرنے والوں کو معاف، اور اپنے ساتھ برائی کرنے والوں کے ساتھ حسن سلوک کرتا ہے قرابت مندوں اور ہمسایوں کے ساتھ احسان مظلوموں کی اعانت، فریادخواہوں کی فریادرسی اُسکی طینت اور نیکی سے محبت اور بدی سے نفرت اسکی فطرت ہوتی ہے، اُسکی شان جیسا کہ قرآن نے بتایا ہے یہ ہوتی ہے، کہ

مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ وَمَا غَوٰی (نجم-۱) تمہارا ساتھی (پیغمبر) نہ گمراہ ہوا اور نہ بہکا

اسکی یہ صفت دنیاوی عالم میں ہے کہ وہ ہرگمراہی وبے راہ روی سے پاک ہوتا ہے،

مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی (نجم-۱) اسکی نگاہ نہ کج ہوئی اور نہ سرکش ہوئی،

یہ اس دنیا کے مناظر اور مشاہدات کے متعلق اسکی کیفیت ہوتی ہے،

Marfat.com

تمام دنیا کی قوتیں اُس کی قوت کے سامنے بالآخر طوعًا و کرہًا سرنگوں ہو جاتی ہیں با این ہمہ وہ مغرور جابر، جفا پیشہ، بدخو، اور درشت مزاج نہیں ہوتا، وہ پیغمبری اور رسالت کے بارِ عظیم کو اُٹھاتا ہے اور اس کا پورا حق ادا کرتا ہے، اور تمام عالم میں اپنی رحمت کا فیض جاری کرتا ہے،

**نبوت و رسالت کے ثبوت کا اجمالی طریقہ**

نبوت کے ثبوت کے دو طریقے ہیں، ایک اجمالی، اور دوسرا تفصیلی، اجمالی طریقہ یہ ہے کہ جس طرح انسان کو حیوان پر نفس ناطقہ کی بنا پر فضیلت حاصل ہے کہ یہ عقلی و دماغی خصوصیت حیوان میں نہیں پائی جاتی جس کے بل پر انسان حیوان پر حکمرانی کرتا ہے اور اس کا مالک بنا ہوا ہے اور اُس کو اپنے کام میں لگائے ہوئے ہے، اسی طرح انبیاء علیہم السلام اپنے نفوسِ قدسیہ کی بنا پر تمام انسانوں پر برتری حاصل ہے، وہ اپنے ان قدسی نفوس اور پیغمبرانہ قوت سے دوسروں کو راہِ راست سوجھاتے اور خود راہِ راست پر قائم رہتے ہیں، اُن کی پیغمبرانہ عقل و فہم تمام انسانی عقلوں سے بالاتر ہوتی ہے، اور اُن کو وہ ربانی خصوصیت حاصل ہوتی ہے جس کی بنا پر وہ تمام انسانی نفوس کی تدبیر کا فرض انجام دیتے اور اُن پر قابو پاتے، اور اُن کو کام میں لگاتے ہیں، اور جس طرح انسانوں کے عجیب و غریب کام حیوانوں کو حیرت انگیز معلوم ہوتے ہیں اسی طرح پیغمبروں کے عجیب و غریب کام انسانوں کو معجزہ نظر آتے ہیں،

اور اگرچہ نبی عام انسانوں کے ساتھ بشریت اور انسانیت میں برابر کا شریک ہوتا ہے، مگر عقلیت و معنویت میں وہ اُن سے بالکل الگ ہوتا ہے، کیونکہ اس میں وحی کے قبول کرنے کی جو صلاحیت ہوتی ہے، وہ دوسرے انسانوں میں نہیں ہوتی، اسی مفہوم کو قرآن نے ان الفاظ میں ادا کیا ہے،

اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ — میں تمھاری ہی طرح بشر ہوں مجھ پر وحی کی جاتی ہے،
(کہف - ۱۲)

دیکھو کہ بشریت میں گو پیغمبر کو دوسرے انسانوں کے مثل کہا ہے، مگر ساتھ ہی وحی کے فرق و امتیاز کو دونوں میں حد فاصل قرار دیا ہے،

نبوت کے تفصیلی ثبوت کے تین طریقے ہیں،

**پہلا طریقہ** انسان میں تین قسم کے اختیاری حرکات پائے جاتے ہیں، فکری، قولی، عملی ان تینوں سے جو افعال سرزد ہوتے ہیں، وہ اچھے بھی ہوتے ہیں، اور بُرے بھی، فکر یعنی رائے صحیح بھی ہوتی ہے اور غلط بھی، قول سچ بھی ہوتا ہے اور جھوٹ بھی عمل اچھا بھی ہوتا ہے اور بُرا بھی،

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ صحیح اور غلط، سچ اور جھوٹ اور اچھے اور بُرے میں تمیز کیونکر ہو؟ پھر کیا یہ تمیز ہر شخص کرسکتا ہے یا کوئی نہیں کرسکتا، یا بعض کرسکتے ہیں، اور بعض نہیں، پہلے دو احتمال بداہتہ غلط ہیں اب رہ گیا تیسرا احتمال، یعنی بعض انسان ایسے ہوتے ہیں، جو ان حدود کو متعین کرسکتے ہیں کہ فلاں رائے و عقیدہ صحیح اور فلاں غلط ہے، فلاں قول سچ، فلاں جھوٹ ہے، اور فلاں فعل اچھا اور فلاں بُرا ہے، جس شخص کو خالقِ فطرت اپنے فضل و کرم سے یہ قوت عطا فرماتا ہے، وہی پیغمبر اور صاحبِ شریعت ہوتا ہے،

**دوسرا طریقہ** نوعِ انسان کو اپنے اختیاری اعمال و حرکات اور مصلحتی معاملات میں باہمی اجتماع اور تعاون کی ضرورت ہے، اگر انسانوں میں باہم یہ اجتماع اور تعاون نہ ہو تو نہ انسان کا کوئی فرد زندہ رہے، نہ جان، و مال اور عزت و آبرو کی حفاظت ہوسکے، اسی بقائے نفس اور جان و مال و آبرو

کے تحفظ کے اصول وآئین کا نام شریعت ہے، انسان کو اس کے لئے دو قسم کے کاموں کی
ضرورت ہے، ایک یہ کہ اچھے کاموں میں سب مل کر ایک دوسرے کا ہاتھ بٹائیں، اس کو تعاون کہتے
ہیں، اور دوسرے یہ کہ برے کاموں سے ایک دوسرے کو باز رکھنے کی کوشش کریں، اسکو تمانع کہتے ہیں،
اسی تعاون کے ذریعہ سے انسان، کھانے، پہننے اور رہنے کے سامان واسباب فراہم کرتا ہے تعاون
کے ذریعہ نکاح وقرابت، اولاد واعزہ اور احباب ودوست کے حقوق وتعلقات پیدا ہوتے ہیں
اور تمانع کے ذریعہ سے نوعِ انسانی، اور افراد انسانی کی زندگی، اور اُن کی دولت وجائداد، اور عزت
وآبرو کے بچاؤ کی صورت پیدا ہوتی ہے، اس تعاون اور تمانع کے اصول ضرور ہے کہ مرتب، محدود
اور معلوم ہوں اور وہ اس طرح بنائے جائیں جن میں کسی شخص، خاندان، قبیلہ، قوم، اور ملک کے فوائد
کی ترجیح نہ ہو، بلکہ اُن میں سب کا برابر فائدہ ہو، یہ ظاہر ہے کہ ایسا قانون انسانوں کے ذریعہ نہیں
بلکہ وحی ربانی، اور تعلیم الٰہی سے بن سکتا ہے، مطلب یہ ہے کہ محض کسی انسان کی عقل سے جو بہر حال
کوئی خاص شخص یا کسی خاص خاندان، قبیلہ، قوم اور ملک کا ہوگا، ایسا غیر جانبدارانہ قانون جس
میں تمام مخلوقات کی حیثیت یکساں ہو اور کسی طرف پلہ جھکنے نہ پائے، اور تمام عالم کے لئے یکساں
واجب العمل ہو، محال ہے، اس لئے ضرور ہے کہ یہ اصول اس کی طرف سے وحی ہوں جس کے ہاتھ
میں نظامِ عالم کی باگ ہے، اور جو پورے نوعِ انسانی کے اندرونی وبیرونی احوال وکیفیات سے
پوری طرح باخبر ہے، یہ اصول خلاقِ عالم کی طرف سے جس شخص پر وحی ہوتے ہیں، وہی پیغمبر اور
رسول ہوتا ہے،

**تیسرا طریقہ** یہ وہ طریقہ ہے کہ جس نے اس کو نہیں جانا، اس نے نبوت کی حقیقت نہیں پہچانی،

پہلے یہ جاننا چاہیئے کہ اللہ تعالیٰ کے دو کام ہیں، خلق (پیدا کرنا نیست سے ہست کرنا) اور امر (جو موجود و ہست ہے، اُس کو اپنی مصلحت کے مطابق حکم دینا) کائنات ان ہی دو چیزوں سے عبارت ہے، تو جس طرح فرشتے خالق اور مخلوق کے درمیان خلق و ایجاد و پیدایش اور پیغام رسانی میں واسطہ ہیں اسی طرح پیغمبر خدا اور بندہ کے درمیان احکام پہنچانے میں واسطہ ہیں، اور جس طرح خدا پر بحیثیت خالق اور آمر (پیدا کرنے والے اور حکم دینے والے) کے ایمان لانا واجب ہے، اسی طرح فرشتوں پر اس حیثیت سے کہ وہ خالق و مخلوق کے درمیان ایجاد و پیدایش اور پیغام رسانی کے واسطہ ہیں ایمان لانا ضروری ہے، اور اسی طرح پیغمبروں پر اس حیثیت سے ایمان لانا فرض ہے کہ وہ خدا اور بندہ کے درمیان حکم کے پہنچانے میں واسطہ ہیں،

اس کے بعد حسب ذیل مقدمات ذہن نشین رکھنے چاہئیں،

۱۔ چونکہ ممکن کا وجود اور عدم برابر ہے، اس لیے ممکن ہے کہ وجود میں آنے کے لئے ایک مرجح کا ہونا ضروری ہے جس کی وجہ سے وجود کو عدم پر ترجیح ہو، اور وہ شے عدم سے وجود میں آسکے یہی امر مرجح ممکن کی علت ہوتا ہے،

۲۔ ہر قسم کے حرکات کے لیے ایک محرک کی ضرورت ہوتی ہے، جو دم بدم حرکت کی تجدید کرتا رہے، حرکات کی بھی دو قسمیں ہیں، طبعی اور ارادی، ارادی حرکت کے لئے ضرور ہے کہ اس کے محرک میں ارادہ اور اختیار پایا جائے، اسی طرح طبعی حرکت کے لئے بھی یہ ضروری ہے کہ اس کا محرک عقل اور تدبیر والا ہو، آفتاب و ماہتاب اور دوسری آسمانی مخلوقات کی حرکات گو طبعی ہیں تاہم اُن کو حرکت دینے کے لئے کسی عاقل و مدبر کی ضرورت ہے اسی لئے قرآن نے اُنکے لئے کہا

وَاَوْحیٰ فِیْ کُلِّ سَمَآءٍ اَمْرَھَا (حم سجدہ)　　خدا نے ہر آسمان میں اُسکا فرض اور کام وحی کیا

۳۔ اب جس طرح انسانی حرکات کو ارادہ اور اختیار کی حاجت ہے یعنی ارادہ اور اختیار کے بغیر وہ وقوع میں نہیں آسکتیں، اسی طرح ان حرکات کو ایک ایسے رہنما کی ضرورت ہے، جو ان اعمال و حرکات کا ٹھیک راستہ اور صحیح طریقہ بتائے اور حق کو باطل سے، سچ کو جھوٹ سے، اور خیر کو شر سے ممتاز کر دے

۴۔ خدا کے حکم دو قسم کے ہیں تدبیری اور تکلیفی، پہلا حکم تمام نظامِ عالم میں جاری ہے جس کی بنا پر تمام عالم میں تدبیر اور انتظام کا سلسلہ نظر آتا ہے، قرآن مجید میں ہے،

وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ　　اور سورج اور چاند اور ستارے اس کے
مُسَخَّرَاتٍ بِاَمْرِہٖ اَلَا لَہُ الْخَلْقُ　　حکم کے تابعدار ہیں، اسی کا کام ہے بنانا
وَالْاَمْرُ (اعراف)　　اور حکم فرمانا،

تکلیفی حکم صرف انسانوں کے لئے ہے، چنانچہ قرآن میں ہے،

یٰاَیُّھَا النَّاسُ اعْبُدُوْا رَبَّکُمُ　　اے انسانو! اپنے اس رب کی عبادت
الَّذِیْ خَلَقَکُمْ (بقرہ-۳)　　کرو جس نے تم کو پیدا کیا،

مقدماتِ مذکورہ بالا سے ثابت ہوا کہ انسان کے تمام حرکات ممکن ہیں، اس لئے مرجح کی ضرورت ہے اختیاری ہیں، اس لئے عقل کی ضرورت ہے خیر و شر کے متحمل ہیں، اس لئے رہنما کی ضرورت ہے اسی رہنما کا نام پیغمبر ہے،

نظامِ عالم میں خدا کا جو تدبیری حکم نافذ ہے، وہ ملائکہ کے ذریعہ سے ہی اسی قیاس پر انسانی

میں خدا کا جو تکلیفی حکم نافذ ہے، وہ بھی ایسے ہی نفوس قدسیہ کے ذریعہ سے ہوگا، اور اُن ہی کا نام پیغمبر ہے،

شاہ صاحب نے حجۃ اللہ البالغہ کے چھٹے مبحث کے دو ابتدائی بابوں میں اس پر بحث کی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ کمال نکتہ سنجی سے کی ہے، شاہ صاحب کی تقریر کو ہم اپنے الفاظ میں لکھتے ہیں :-

نبی کی ضرورت

انسان میں دو قسم کی قوتیں ہیں، بہیمی اور ملکوتی، کھانا، پینا، شہوت، حرص و طمع، استیلاء وجبر وغیرہ افعال بہیمی قوت کے آثار ہیں، اور غور و فکر، علم و معرفت، حسن اخلاق صبر و شکر، عبادت و طاعت وغیرہ ملکوتیت کے نتائج ہیں، انسان کی روحانی کامیابی کیلئے ضروری ہے کہ اس کی بہیمی قوت اُس کی ملکوتی قوت کے تابع ہو، اگرچہ عقل سلیم اُن اصول اور طریقوں کو معلوم کرسکتی ہے، جن کے ذریعہ سے بہیمیت کے تابع ملکوتیت ہونے کے فائدے اور گناہ و عصیاں کے نقصانات ظاہر ہوں، عقل سلیم کے اس علم سے انسان فائدہ اٹھا کر اپنی صلاح کرسکتا ہے، اگر یہ تو امکان عقلی ہے عملی کیفیت یہ ہے، کہ انسان کی آنکھوں پر موجودہ دنیاوی لذائذ حرص و طمع اور بیجا خواہشوں اور غفلتوں کے اتنے تو برتو پردے پڑجاتے ہیں کہ اس کے اصلی اور فطری وجدان اور قوت احساس کا مادہ فاسد ہوجاتا ہے، جیسے بیماری میں انسان کی زبان کا ذائقہ جب بدل جاتا ہے، تو میٹھی سی میٹھی چیز اس کو کڑوی معلوم ہوتی ہے، اسی طرح اندرونی وجدان و احساس کے فاسد ہوجانے سے بھی وہ حق و باطل، خیر و شر اور نیک و بد کی تمیز کو بھول جاتا ہے، اس لئے نوعِ انسان کو ایسے صحیح رہنماؤں اور روحانی معلموں کی ضرورت ہے جن کے

Marfat.com

احساس و وجدان کا آئینہ گردآلودنہ ہو،

اگر افراد، جماعات اور اہل ملک کو ایسے شخص کی ضرورت ہے جو اپنی سیاست کے زور سے ان میں صلح و آشتی اور امن و امان پیدا کردے، تو ایک قوم کی قوم بلکہ کل دنیا کے لئے ایک ایسے شخص کی ضرورت کیوں نہ ہو، جو ہر گروہ کی استعداد کو پیش نظر رکھکر اُس کے مطابق، اُس کے حقوق و فرائض کی تعیین کرے، ایسے لوگ جو ایسے اہم فریضہ کو انجام دیسکیں، اُسی طرح کم ہیں جس طرح دوسرے اصناف کے اہل کمال، انسانوں کے معمولی پیشوں نجاری اور لوہاری کو دیکھو کہ کس قدر معمولی ہیں، مگر اُن کو کرنا بھی ہر شخص کا کام نہیں، یہ پیشے بھی ایسے لوگوں کے بغیر وجود میں نہیں آئے، جن کو ان کاموں کا خاص ذوق و وجدان تھا، اور اُن کو ان کاموں کی خاص فطری استعداد ملی تھی، جس کے ذریعہ سے انھوں نے اس فن کو تکمیل تک پہنچایا، اور اس کے اصول و قواعد وضع کئے، اور بعد کے آنے والوں نے اُن کی تقلید کی، اور اس تقلید سے مدارج علیا تک پہنچے، پھر اخلاق اور روحانیات اور ملک و ملت کے مصالح و فوائد عامہ کا فن جس قدر اہم اور نازک ہے، کیا اس کو سمجھنا اور وضع کرنا ہر کس و ناکس کا کام ہو سکتا ہے،

**نبی کی عصمت**

پھر اس کے ساتھ یہ بھی ضروری ہے، کہ جو شخص اس رہنمائی کے منصب کا مدعی ہو وہ اپنی نسبت یہ بھی ثابت کرے، کہ وہ ان اصول و قواعد سے بخوبی واقف ہے، اور وہ اپنے علم اور تعلیم میں غلطی اور گمراہی سے محفوظ ہے، اور یہ اُس وقت تک ممکن نہیں جبتک اس کے علم و تعلیم کا ماخذ اور سرچشمہ غلطیوں سے پاک اور محفوظ نہ ہو، اُس کو ان امور کا علم اسی طرح وجدانی ہو جس طرح انسان کو بھوک اور پیاس کا وجدان ہوتا ہے، کیا کسی کو اس علم میں کہ اس کو بھوک یا پیاس

معلوم ہوتی ہے کوئی غلطی ہو سکتی ہے، اسی طرح اس کو حق و باطل، خیر و شر، اور نیک و بد امور کے درمیان فیصلہ اسی طرح قطعی معلوم ہوتا ہے جس میں نہ دلیل کی حاجت ہوتی ہے اور نہ عقل معاش کی ضرورت ہوتی ہے جس طرح اللہ تعالیٰ نے ہمارے اندر بھوک اور پیاس ہونے کا علم اس طرح رکھدیا ہے کہ ہمارے سامنے کوئی معاند کتنی ہی دلیلیں پیش کرے کہ ہم کو بھوک یا پیاس نہیں ہے ہم کبھی اپنے اس وجدانی یقین سے جس کو خدا نے ہمارے اندر پیدا کر دیا ہے، اس معاند کے ان عقلی دلائل سے متأثر ہو کر دست بردار نہیں ہو سکتے، اور اپنے یقین کو غلط نہیں کہہ سکتے، بعینہٖ اسی طرح ان نفوسِ قدسیہ کے اندر بھی اللہ تعالیٰ نے خاص قسم کا وجدان و ذوقِ سلیم رکھدیا ہے جس کا عمل ہمیشہ صحیح، اور جس کا احساس ہمیشہ درست، اور جس کا فیصلہ ہمیشہ ناطق ہوتا ہے،

**نبی کی محبوبیت** ایسا شخص جب لوگوں کے سامنے آتا ہے، اور لوگوں کو بار بار کے تجربہ سے اسکی صداقت، سچائی اور راست بازی کا یقین ہو جاتا ہے، اور اس کے ہاتھ سے جو تصرفات صادر ہوتے ہیں، اُن سے اُس کا مقرب بارگاہِ الٰہی ہونا بھی ظاہر ہو جاتا ہے، تو ہر طرف سے لوگ اس کے ارد گرد جمع ہو جاتے ہیں اور اسکی محبت کی راہ میں جان و مال، اور اہل و عیال سب کو قربان کر دیتے ہیں، شاہ صاحب اس کے بعد دوسری فصل میں اسی "بحثِ نبوت" کو ایک اور انداز سے لکھتے ہیں، جس کا حاصل یہ ہے،

**مفہمین** فضل و کمال، اور علم و عمل کے لحاظ سے انسانوں کے مختلف درجے ہیں، ان میں سے بڑا درجہ مفہمین کا ہے، اور یہ وہ لوگ ہیں جن کی قوتِ ملکیہ نہایت بلند ہے اور جن میں یہ قدرت ہوتی ہے کہ سچے اور صحیح جذبہ سے ایک خاص نظام کو دنیا میں قائم کر دیں، اور اُن پر بارگاہِ الٰہی سے ایسے

Marfat.com

علوم اور احوال کا ترشح ہوتا ہے جن میں ربانی آثار نظر آتے ہیں، ایسے لوگ معتدل مزاج اور اپنی صورت وسیرت مین درست، اور عقل و ذکاوت میں متوسط ہوتے ہیں، نہ اس قدر بلید کہ جزئیات سے کلیات تک اُن کا پہنچنا مشکل ہو، نہ اس قدر تیز کہ جزئیات اور محسوسات سے قطع نظر کرکے ہمیشہ ذہنیات اور تخیلات میں مبتلا رہین، صحیح فطرت پر وہ قائم رہتے ہیں طور وطریق اُن کے پسندیدہ ہوتے ہیں، خدا کے ساتھ اُن کا تعلق عبادت وطاعت سے اور بندون کے ساتھ عدل وانصاف سے قائم رہتا ہے، وہ اپنے فیصلون مین شخصی اور جزئی بھلائی اور منفعت کا لحاظ نہیں کرتے، بلکہ منفعت عامہ اور تدبیر کلی کا لحاظ کرتے ہیں، وہ براہ راست کسی کو تکلیف نہیں دیتے الا یہ کہ منفعت عامہ کا حصول اور بڑی تعداد کا فائدہ چھوٹے سے نقصان سے حاصل ہو تو وہ اس جزئی تکلیف اور شخصی نقصان کو گوارا کر لیتے ہیں، وہ ہمیشہ اپنے کاروبار مین عالم غیب کی طرف مائل رہتے ہیں جس کا اثر اُن کی بات چیت، کام کاج اور معاملات میں نمایاں ہوتا ہے، کارکنان عالم اُن کی تائید ونصرت میں رہتے ہیں معمولی ریاضت سے اُن کے لئے قرب وسکینت کے وہ دروازے کھلجاتے ہین، جو دوسرون کے لئے نہین کھلتے،

**مصلحین کے اقسام** مُفہّمین کے درجہ بدرجہ مختلف اصناف ہیں، اور اُن کی مختلف استعدادیں ہیں، اور اس بنا پر اُن میں سے ہر ایک کے الگ الگ اصطلاحی نام ہیں، جو زیادہ تر عبادات کے ذریعہ سے تہذیب نفس کے علوم پاتا ہے، وہ کامل ہے، اور جو اخلاق فاضلہ و تدبیر منزل کے اصول حاصل کرتا ہے، وہ حکیم ہے، جو عمومی تدبیر وسیاست کے علوم کا فیض پاتا ہے اور اُن کے مطابق اسکو لوگوں میں عدل کے قیام اور ظلم کے دور کرنے کی توفیق ملتی ہے وہ خلیفہ ہے، اور جس پر ملاء اعلیٰ کا

نزول ہو، اور وہ اس سے تعلیم پائے، اور اس کو مخاطب کرے، اور مختلف قسم کے تصرفات اس سے صادر ہوں، وہ مؤید بروح القدس کہلاتا ہے، اور وہ جس کی زبان اور دل میں نور ہو کہ لوگ اس کی صحبت اور پند و موعظت سے نفع اٹھائیں، اور وہ نور اس سے منتقل ہو کر اس کے رفقاے خاص میں منتقل ہو جس سے وہ بھی کمال کے درجہ تک پہنچ جائیں، اس کا نام ہادی اور مزکی (پاک کرنیوالا) ہے، اور جس کے علم کا بڑا حصہ ملت کے اصول و قواعد اور اُسکی مصلحتوں کی واقفیت ہو اور ملت کے منہدم ارکان کو دوبارہ قائم کرنے کی طاقت ہو، وہ امام کہا جائے گا، اور جس کے قلب میں یہ ڈالا جائے کہ وہ لوگوں کو اُن کی اس مصیبتِ عظمیٰ سے خبردار کرے، جو اس دنیا میں اُن کے لئے اُن کے اعمال کے نتیجے کے طور پر مقدر ہے، اور اُن کی بداعمالی کے سبب سے اُن سے حق تعالیٰ کی رحمت کو جو دوری ہے، یا قبر اور حشر میں اُن پر جو مصیبتیں آنے والی ہیں، اس کا نام منذر (ڈرانے والا، ہشیار کرنے والا) ہے،

اور جب حکمتِ الٰہی کا یہ اقتضا ہوتا ہے کہ مخلوق کی ہدایت و اصلاح کے لئے ان مفہمین میں سے کسی کو بھیجے، تو اس کی آمد مخلوق کے تاریکی سے نکل کر روشنی میں آنے کا سبب ہو جاتی ہے اور وہ بندوں پر یہ فرض قرار دیتا ہے، کہ وہ دل و جان سے اُس کی اطاعت کریں، اور بارگاہِ الٰہی میں تاکید ہوتی ہے، کہ جو اس کی اطاعت کرے، اس سے خوشنودی، اور جو اس سے مخالفت کرے اس سے ناخوشی ظاہر کی جائے یہی شخص نبی ہوتا ہے،

**نبی کی دو بعثتیں** نبیوں میں بڑا درجہ اس کا ہوتا ہے، جس کو اس پیغمبرانہ بعثت کیساتھ ایک اور بعثت ملتی ہے، اور وہ یہ کہ مراد الٰہی یہ ہوتی ہے کہ اس نبی کے ذریعہ سے اس کی قوم، اور اس کی قوم کے

ذریعہ سے دوسری قومیں ظلمت سے نکل کر نور میں آئیں تو اس نبی کی ذاتی بعثت کا نام بعثت اولی اور اُس کی قوم کی دوسری قوموں کی ہدایت کے لئے نامزدگی بعثت ثانیہ ہے،

نبیؐ کی پہلی بعثت کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے،

| | |
|---|---|
| هُوَ الَّذِي بَعَثَ فِي الْأُمِّيِّينَ | وہی خدا جس نے اَن پڑھوں میں اُن ہی |
| رَسُولًا مِّنْهُمْ يَتْلُوا عَلَيْهِمْ | میں سے ایک رسول بھیجا، جو اُن کو اُسکی آیتیں |
| آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ | سُناتا اور اُن کو پاک بناتا، اور اُن کو کتاب |
| الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ ، (جمعہ-۱) | اور دانائی سکھاتا ہے، |

اور دوسری بعثت کی طرف اس آیت میں اشارہ ہے،

| | |
|---|---|
| كُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ | تم بہترین اُمت ہو جو لوگوں کے لئے وجود |
| تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ | میں لائی گئی، نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی |
| عَنِ الْمُنْكَرِ، (آل عمران-۱۲) | سے باز رکھتے ہو، |

اس آیت سے معلوم ہوا کہ جس طرح محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی پیغمبرانہ بعثت اُن کی اُمت کے لئے ہوئی، ویسی ہی اُن کی امت کی بعثت دوسری قوموں کی طرف ہوئی، اور اسی معنی میں قرآن پاک کی یہ آیت بھی ہے،

| | |
|---|---|
| لِيَكُونَ الرَّسُولُ شَهِيدًا عَلَيْكُمْ | تاکہ رسول تم پر گواہ ہو، اور تم لوگوں |
| وَتَكُونُوا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ، (حج-۱۰) | پر گواہ ہو، |

اسی لئے احادیث میں ہے کہ آپ نے صحابہ سے فرمایا، فَإِنَّمَا بُعِثْتُمْ مُيَسِّرِينَ وَلَمْ

Marfat.com

تُبْعَثُوا مُعَسِّرِیْنَ" تم آسانی کرنے والے بنا کر بھیجے گئے ہو سختی کرنے والے بنا کر نہیں"، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جو انبیاء علیہم السلام آئے، وہ ان مختلف مذکورۂ بالا مناصب میں سے ایک ادھ منصب کے ساتھ مبعوث ہوئے، لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان تمام منصبوں پر ایک ساتھ سرفراز ہوئے، اور یہ تمام فنون آپ کی واحد ذات پر جمع کر دیئے گئے، اور آپ کو یہ دونوں بعثتیں بھی بکمالِ استحقاق عطا ہوئیں،

**بعثت کے لئے کسی قوم کا انتخاب** یہ بھی واضح ہو کہ رسول کی بعثت کے لئے حکمتِ الٰہی کا اقتضاء اسلئے ہوتا ہے کہ عالم کی عمومی تدبیر و نظم و نسق میں جو اضافی خیر معتبر ہے، وہ ان دونوں ہی رسول کی بعثت میں منحصر ہوتا ہے، اور اس بعثت کے حقیقی سبب کا علم اُسی دانائے غیب کو ہے مگر اتنی بات ہم قطعاً جانتے ہیں کہ کچھ اسباب ایسے ہیں جو بعثت کے ساتھ ضرور پائے جاتے ہیں اور امت پر اس رسول کی اطاعت اسی لئے فرض ہوتی ہے کہ اللہ تعالیٰ دنیا کی تمام قوموں سے جس قوم کی نسبت یہ جانتا ہے کہ اس میں خدا کی اطاعت و پرستش کی استعداد اور اس میں اللہ تعالیٰ کے فیضان اُٹھانے کی صلاحیت زیادہ ہے، اس میں وہ رسول مبعوث ہوتا ہے، اور چونکہ اس قوم کی اصلاح اسی پیغمبر کی پیروی اور اتباع میں منحصر ہوتی ہے اس لئے بارگاہ الٰہی کا یہ فیصلہ ہوتا ہے کہ اس کی اطاعت سب پر واجب کی جائے،

**بعثت کا زمانہ** اس موقع پر چند باتیں اور قابلِ لحاظ ہیں، اگر یہ وقت وہ وقت ہوتا ہے کہ کوئی نئی حکومت اس لئے قائم کیجائے تاکہ اس کے ذریعہ سے ان دوسری حکومتوں کو جو دنیا میں فساد و شر کا موجب بنی ہوئی ہیں، مٹا دیا جائے، تو ایسی حالت میں اللہ تعالیٰ اُس شخص کو بھیجتا ہے

Marfat.com

جو پہلے اس قائم ہونے والی سلطنت کی قوم کی اصلاح کرے، اور اس دین کو درست کرے
تاکہ اس کے ذریعہ سے دوسری قوموں کی اصلاح ہو جس طرح سے ہمارے پیغمبر محمد رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی، یا یہ کہ اللہ تعالیٰ کسی قوم کی زندگی کی بقا، اور اس کو اپنا برگزیدہ
بنانا چاہتا ہے، تو اس میں وہ ایک ایسے شخص کو بھیجتا ہے جو اس کی کجی کو دور کردے، اور اسکو
کتاب الٰہی کی تعلیم دے کر اس کو اس کا مستحق بنا دے، جیسے حضرت موسیٰ علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی بنی
اسرائیل میں بعثت ہوئی، یا کسی قوم کے متعلق قضائے الٰہی کا فیصلہ یہ ہوتا ہے کہ اس کو مزید زندگی
ملتی رہے، اور اس کا دین وسلطنت برقرار رہے، تو مجددین نبوت پیدا ہوتے ہیں، جیسے بنی اسرائیل
کے مختلف زمانوں میں حضرت داؤدؑ حضرت سلیمانؑ اور پیغمبروں کے ایک گروہ کی بعثت ہوتی رہی۔

**نبی کی یقینی کامیابی** ہر نبی کی بعثت کے دور میں اللہ تعالیٰ کا یہ فیصلہ ہوتا ہے کہ اس کو اور اس کے دوستوں
کو کامیابی اور اس کے دشمنوں کو پے در پے ناکامی ہو، یہاں تک کہ حق استوار اور دعوت مکمل ہوجائے
قرآن پاک میں ہے،

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا الْمُرْسَلِينَ إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنصُورُونَ وَإِنَّ جُندَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ (الصّٰفّٰت - ۵)

اور ہماری بات، اپنے پیغمبر بندوں کے متعلق پہلے ہی طے ہو چکی ہے کہ انہی کی مدد کی جائیگی، اور ہمارا ہی لشکر غالب ہوگا۔

ان دونوں بزرگوں (امام غزالی، اور شاہ ولی اللہ صاحب) نے اپنے اپنے الفاظ میں
جو کچھ کہا ہے، وہ حرف بحرف صحیح ہے، انبیائے کرام علیہم السلام کے احوال مبارکہ اور سوانح مقدسہ
پر جس کی نظر عمیق و وسیع ہوگی، اس کو ان اصول کے تسلیم کرنے میں ذرہ بھر شک نہیں ہوسکتا،

اُن پر استدلال، واقعات اور حوادث سے اسی طرح کیا جا سکتا ہے جس طرح نفسیاتِ اجتماع (سائیکالوجی آف پیپل) یا نفسیاتِ رہنمائی (سائیکالوجی آف لیڈرشپ) پر واقعات کے تسلسل اور تواتر سے کرتے ہیں، اس طرح امام غزالی اور شاہ ولی اللہ صاحب نے اوپر کے صفحات میں جو کچھ کہا ہے ہم مجازاً کہہ سکتے ہیں کہ وہ "نفسیاتِ نبوت" کے گویا ابواب ہیں،

موجودہ زمانہ میں خیالات، طرزِ گفتار، اسلوبِ تحریر اور طریقۂ استدلال، غرض ہر چیز میں فرق ہو گیا ہے، اس لئے ضرورت ہے کہ اہلِ زمانہ سے اُن کی اصطلاح میں گفتگو کی جائے، اور جو اصول قائم کیا جائے، اس پر قرآن مجید سے بھی ساتھ ساتھ استدلال کیا جائے کہ عقل و نقل دونوں دربارون میں کہنے والے کی بات کا اعتبار ہو،

غور کرنے سے یہ معلوم ہو گا کہ دنیا کا ذرّہ ذرّہ جس غرض و مقصد کے لئے پیدا ہوا ہے، وہ اپنے ذاتی ارادہ اور قصد کے بغیر خود بخود اس کو پورا کر رہا ہے، اور اس کے خالق نے اس کے روزِ پیدائش سے اس کو جو حکم دیدیا ہے، اس کی تعمیل سے وہ سرمو انحراف نہیں کرتا، آسمان سے لیکر زمین تک ہر چیز اپنے اپنے کام میں لگی ہوئی ہے، آفتاب دنیا کو گرمی اور روشنی دینے پر مامور ہے، اور وہ ہر آن اور ہر لمحہ اس میں مصروف ہے، زمین کو سرسبزی اور شادابی کا کام سپرد ہے، اور وہ اس کو انجام دے رہی ہے، ابر کو سیرابی اور گوہر باری کا حکم ہے، اور وہ اس کی تعمیل کر رہا ہے، درخت پھل دینے پر مقرر ہیں اور وہ اس کام میں لگے ہوئے ہیں، حیوانات جن کاموں پر مامور ہیں وہ بخوشی ان کو کر رہے ہیں، لیکن سوال یہ ہے کہ کیا انسان بھی اس دنیا میں کسی کام پر اسی طرح مقرر ہو کر آیا ہے، یا نہیں؟ اگر آیا ہے، تو کیا اس کو انجام دے رہا ہے؟

Marfat.com

آؤ انسان کو غور سے دیکھیں، بظاہر وہ بھی کھاتا پیتا چلتا پھرتا، اٹھتا بیٹھتا زندگی گذارتا ہے اور پھر مرجاتا ہے، کیا اس کی زندگی کا بس اسی قدر مقصد ہے؟ اگر یہی ہے تو پھر انسان اور حیوان میں کیا پہچان؟ اور ذی ارادہ اور غیر ذی ارادہ میں کیا امتیاز؟ اور صاحب عقل اور بے عقل میں کیا فرق؟ چنانچہ قرآن پاک اسی لئے انسانوں سے سوال کرتا ہے اور بجا سوال کرتا ہے:

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰکُمْ عَبَثًا (مومنون) کیا تم یہ گمان کرتے ہو کہ ہم نے تم کو بیکار پیدا کیا،

اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ یُّتْرَکَ سُدًی (قیامۃ) کیا انسان یہ گمان کرتا ہے کہ وہ بیکار چھوڑ دیا جائیگا،

اس سے معلوم ہوا کہ وہ بھی کسی غرض و مقصد کیلئے پیدا ہوا ہے لیکن وہ غرض و مقصد کیا ہے؟

انسان کی پوری ہستی اگر کائنات کے صفحہ سے مٹ جائے تو بھی آفتاب اسی طرح چمکتا رہیگا سمندر اسی طرح ابلتے رہیں گے، ہوائیں اسی طرح چلتی رہیں گی، پانی اسی طرح برستا رہیگا، سبزے اسی طرح اگتے رہیں گے، اور درخت اسی طرح پھلتے رہیں گے لیکن اگر درخت نہ پھلیں تو انسان کی ہستی معرض خطر میں پڑجائے، سبزیاں نہ اگیں تو انسان بھوکا مرجائے، پانی نہ برسے تو انسان پیاسا تڑپ جائے، اگر ہوا نہ چلے تو انسان گھٹ کر مرجائے، اگر زمین نہ ہو تو انسان کو کھڑے ہونے کی جگہ نہ ملے، اگر آفتاب نہ چمکے تو انسان کی ہستی کا چراغ فوراً بجھ جائے، سمندر نہ ہو تو نہ پانی برسے نہ سبزیاں اگیں نہ انسانی غذا میسر آئے، نہ پانی برس کر پھر زمین کو خشک ہونا نصیب ہو، غرض دنیا کی کوئی ہستی اپنے وجود کے لئے انسان کی محتاج نہیں لیکن انسان اپنے وجود کے لئے کارخانہ ہستی کے ایک ایک پرزہ کا حاجتمند ہے، تو پھر کیا یہ نتیجہ صحیح نہیں کہ اس کارخانہ کا ہر پرزہ کی غرض وغایت انسان کا وجود اور اس کی بقا ہے لیکن خود انسان کے وجود کی غرض کوئی دوسری ہے

Marfat.com

جو دیگر موجودات کے وجود کی غرض سے زیادہ اہم ہے،

قرآن پاک دوسرے موجودات و مخلوقات کی نسبت تو یہ کہتا ہے،

هُوَ الَّذِي خَلَقَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا، (بقرہ ۳ - ۳۰) — اسی نے تمہارے لئے (اے انسانو!) وہ سب پیدا کیا، جو زمین میں ہے،

پھر یہ بھی بتایا،

أَلَمْ تَرَ أَنَّ اللَّهَ سَخَّرَ لَكُم مَّا فِي الْأَرْضِ، (حج - ۹) — (اے انسان!) کیا تو غور نہیں کرتا کہ زمین میں جو کچھ ہے اسکو تمہارے کام میں اُس نے لگا رکھا ہے

زمین کے بعد آسمان کی نسبت بھی اس نے اعلان کیا،

وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومُ مُسَخَّرَاتٌ بِأَمْرِهِ، (نحل - ۲) — اور (اے انسانو!) اُس نے رات اور دن کو اور سورج اور چاند کو تمہاری کام میں لگا دیا، اور ستارے بھی اس کے حکم سے کام میں لگے ہوئے ہیں

ہستیاں دو ہی ہیں خالق کی اور اس کی مخلوقات کی، مخلوقات کے حالات پر غور کرنے سے نظر آتا ہے کہ اُن میں ہر ادنیٰ چیز اپنے سے اعلیٰ چیز کے کام آرہی ہے، جمادات، نباتات کے، نباتات، حیوانات کے اور جمادات اور نباتات اور حیوانات تینوں انسان کے کام آرہے ہیں آخر انسان کو بھی اپنے سے کسی اعلیٰ ہستی کے کام آنا چاہیئے، مخلوقات میں تو اب اس سے کوئی اعلیٰ ہستی نہیں، تو لا محالہ اس کی تخلیق خود خالق کے لئے ہوئی ہے،

الغرض دنیا کی ساری چیزوں کی غرض و غایت بواسطہ یا بلا واسطہ انسانوں کی بقاء زندگی

139126

آسائش ہے لیکن خود انسان کی اُس کے لئے نہیں، بلکہ خدا کے لئے ہے، جیسا کہ وہ خود فرماتا ہے۔

وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ. (ذاریات -۳)

اور میں نے جن اور انسان کو اس لئے پیدا کیا کہ وہ میری طاعت کریں،

عقل و فہم اور ارادہ و اختیار کے لحاظ سے مخلوقات کی تین قسمیں ہیں،

۱- ایک وہ جو ان صفات سے یکسر محروم ہیں، آفتاب، ماہتاب، زمین، مٹی، پتھر، پھل، پھول، درخت،

۲- دوسری وہ جو صرف ابتدائی احساس اور علم و فہم رکھتی ہیں لیکن قیاس و استقرار و تمثیل اور حاضر پر غائب کو قیاس کرکے کسی نئے علم کا استخراج کرنا اُن کی قدرت سے باہر ہے اُن کا ارادہ و اختیار بھی صرف ظاہری محسوس اشیا تک محدود ہے جیسے حیوانات،

۳- تیسری وہ مخلوق ہے جو عقل و ادراک رکھتی ہے، قیاس آرائی کرتی ہے، استقراء و تمثیل کے ذریعہ سے استنباط کرتی ہے جزئیات سے کلیات بناتی، اور کلیات سے جزئیات پر حکم لگاتی، بدیہیات سے نظریات تک پہنچتی، اور غائب کو حاضر پر قیاس کرتی ہے،

پہلی قسم کی مخلوقات سے جو حرکات اور آثار پیدا ہوتے ہیں، وہ اضطراری اور غیر ارادی ہوتے ہیں، اور کبھی اُن میں تخلف نہیں ہوتا، اسی لئے اُن کو فطری آثار اور طبعی خصائص کہتے ہیں جن کا صدور ان مخلوقات سے ہمیشہ یکساں اور بلا ارادہ ہوتا رہتا ہے، دوسری قسم کی مخلوقات سے جو آثار و حرکات پیدا ہوتے رہتے ہیں، وہ گو ارادہ اور احساس اور ابتدائی فہم کے ماتحت صادر ہوتے ہیں لیکن اُن کے ہر فرد سے صرف ایک ہی قسم کے افعال، حرکات اور آثار یکساں طور سے ظاہر

Marfat.com

ہوتے ہیں، اُن کے خلاف نہیں ہوسکتا، اور نہ ایک دوسرے سے کم و بیش ہوسکتا ہے۔ اُن کے ان افعال، حرکات، اور آثار کو جبلت، فطرت، اور طبیعت کہتے ہیں، اُن کے صدور میں بھی وہ مخلوقات اپنی فطرت اور طبیعت کے تقاضے سے مجبور ہیں، جیسے حیوانات کے افعال، اور اُن کے مختلف انواع کے الگ الگ نوعی کام کہ وہ ازل سے قیامت تک یکساں ایک ہی طرح، اور وہ بھی کسی غایت، اور انجام و مآل کے پہلے سوچے بغیر ان سے صادر ہوتے ہیں،

تیسری مخلوق کے بعض افعال گو طبیعت و جبلت کے مطابق ہوتے ہیں، جو دیگر مخلوقات کی طرح ویسے ہی بے ارادہ اور اضطرارًا سرزد ہوتے ہیں، مگر اس کے اور دوسرے افعال و حرکات تمامتر اُس کے ارادہ، اختیار اور فہم سے صادر ہوتے ہیں، صرف یہی آخری قسم کے افعال وہ ہیں جن پر خیر و شر اور نیک و بد کا حکم جاری ہوتا ہے، اور اس سے بڑھ کر یہ کہ اُس کے تمام عاقلانہ کاموں کی غایت یعنی انجام، اور مآل کار کو خیال کرکے اس کے ارادہ سے صادر ہوتے ہیں، اور یہیں سے اس کی ذمہ داری کا سوال پیدا ہو جاتا ہے،

جن و انس کے علاوہ تمام دوسری مخلوقات، خیر و شر کی ذمہ داری سے بری ہیں، جمادات و نباتات تو اس لئے کہ ان کے افعال و حرکات تمامتر مجبورانہ، بے ارادہ، اور فکر انجام کے بغیر صادر ہوتے ہیں، یا یوں کہو کہ اُن احکام کے بموجب ہمیشہ ہوتے ہیں، جو خدا نے اُن کو اول ہی دن دیدیئے ہیں، حیوانات بھی اس لئے اس ذمہ داری سے بری ہیں کہ اُن کے افعال و حرکات بھی تمامتر جبلی و طبعی ہیں، اور وہ جبلت و طبیعت پر مجبورانہ، بے ارادہ اور انجام کے خیال کے بغیر

Marfat.com

عامل ہیں، یا یوں کہو کہ وہ اپنے خالق کے احکام پر ہمیشہ اضطراراً عمل پیرا ہیں، اسی طرح فرشتے بھی اس تکلیف سے سبکدوش ہیں، کیونکہ وہ بھی اپنی خلقت اور جبلت سے اطاعت پر مجبور ہیں، اور اسی لئے اُن سے عصیان نہیں سرزد ہوتا، صرف ایک انسان ایسی مخلوق ہے، جو بہت سی باتوں میں ارادہ، اختیار اور علم رکھتا ہے، نیکی، بدی، اور خیر و شر ان دونوں پہلوؤں میں سے کسی ایک کے اختیار پر قطعی مجبور نہیں ہے، بلکہ وہ عقل و فہم سے سوچ سمجھکر، مآل کار، اور انجام پر غور کر کے یا اپنے جذبات کے ماتحت کوئی کام کرتا ہے، اس لئے وہی خیر و شر کے امتیاز اور حق و باطل کے فرق کے لئے پیغام الٰہی کا محتاج قرار پایا۔

جمادات و نباتات اور دیگر مخلوقات سے احکام الٰہی کی مجبورانہ اطاعت یعنی جبلت یا فطرت یا خاصیت کو، قرآن پاک یوں ادا کرتا ہے،

| | |
|---|---|
| وَلِلّٰهِ يَسْجُدُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا | اور خدا ہی کے آگے سر جھکاتے ہیں جو آسمانوں میں |
| فِي الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّةٍ وَّالْمَلٰٓئِكَةُ | ہے اور جو زمین میں ہے جاندار ان میں سے اور فرشتے |
| وَهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ يَخَافُوْنَ رَبَّهُمْ | وہ سرکشی نہیں کرتے اپنے پروردگار کا اوپر سے |
| مِّنْ فَوْقِهِمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ (نحل ۶) | ڈر رکھتے ہیں، اور کرتے ہیں جو حکم پاتے ہیں |

اسی فطری اطاعت الٰہی کا دوسرا نام فطری وحی بھی رکھ لو، جیسا کہ قرآن میں ہے،

| | |
|---|---|
| وَاَوْحٰى رَبُّكَ اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ | اور تیرے پروردگار نے شہد کی مکھی پر وحی |
| مِنَ الْجِبَالِ بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا | بھیجی کہ پہاڑوں میں اور درختوں میں اور جو ان |
| يَعْرِشُوْنَ ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ | چھتوں میں جو لوگ بناتے ہیں گھر بنا، پھر ہر پھل میں سے |

فَاسْلُكِیْ سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا، | کھا پھر اپنے پروردگار کی راہوں پر (مقررہ احکام
(نحل - ۹) | پر) چل، مطیع ہو کر،

دیکھو اس آیت پاک میں طبعی الہام کی مجبورانہ پیروی کو اطاعت الٰہی کہا گیا ہے اور دوسری جگہ ان کی اپنے خالق اور پیدا کرنے والے کے حکم کی اسی طبعی اطاعت اور فطری تعمیل کو ان کی زبان حال کی نماز اور تسبیح فرمایا گیا ہے،

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ یُسَبِّحُ لَهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ | کیا تو نے نہیں دیکھا کہ آسمان اور جو کوئی ہے
وَالْاَرْضِ وَالطَّیْرُ صٰٓفّٰتٍ ؕ كُلٌّ قَدْ | اور اڑتے جانور پر کھولے اس کی یاد کرتے ہیں
عَلِمَ صَلَاتَهٗ وَتَسْبِیْحَهٗ ؕ وَاللّٰهُ عَلِیْمٌ | ہر ایک نے جان رکھی ہے اپنی طرح کی نماز اور
بِمَا یَفْعَلُوْنَ - (نور - ۶) | اس کی پاکی کی یاد اور خدا کو معلوم ہے جو وہ کرتے ہیں

لیکن انسان کو دوسرے موجودات و مخلوقات کی طرح مجبور محض نہیں پیدا کیا گیا ہے، بلکہ جیسا کہ بتایا جا چکا، وہ احساس اور ارادہ جو جمادات میں معدوم، نباتات میں محل بحث، اور حیوانات میں متحرک ہے، وہ انسان میں پوری طرح بیدار اور کارفرما ہے، اسی طرح وہ ارادی قدرت و اختیار جو جمادات میں معدوم، نباتات میں مفقود اور حیوانات میں محدود ہے وہ انسان میں ایک حد تک وسیع ہے، علاوہ ازیں ہر کام میں عاقبت بینی، اور مآل اندیشی صرف انسان کا خاصہ ہے اسی لئے تمام مخلوقات میں وہی ارادی "تکلیف" کا مستحق قرار پایا، اور غیر ذی ارادہ مخلوقات کی طرح بالاضطرار اور مجبورانہ اطاعت الٰہی کے لئے نہیں بلکہ بالارادہ طاعت کیلئے اسکی تخلیق ہوئی، فرمایا:

اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَی السَّمٰوٰتِ | ہم نے اپنی امانت آسمانوں پر اور زمین پر اور

وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَیْنَ اَنْ یَّحْمِلْنَهَا — پہاڑوں پر پیش کی تو انھوں نے انکار کیا اُس
وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا الْاِنْسَانُ (احزاب ۹) اس سے ڈرے اور انسان نے اسکو اٹھالیا

یہ امانت اُس کی نیکی و بدی کی تمیز اور خیر و شر کا فرق ہے جس کے نتیجہ کے طور پر شریعت الٰہی کا نزول ہوا ہے، انسان کو اپنی اس امانت سے عہدہ برآ ہونے کے لئے بالارادہ اور با اختیار افعال میں بھی بے ارادہ اور بے اختیارانہ افعال کی طرح احکام الٰہی کی اطاعت کرنا ضروری ہے یعنی جس طرح بے اختیارانہ افعال میں فطرت و جبلت کی مجبورانہ اطاعت کرکے حکم الٰہی کی تعمیل کی جاتی ہے اسی طرح بارادہ اور اختیاری افعال میں بھی شریعت کی بالارادہ اطاعت کرکے حکم الٰہی کی تعمیل ضروری ہے،

اس مطلب کو دوسرے لفظوں میں یوں ادا کر سکتے ہیں، کہ غیر ارادی افعال و حرکات میں جس طرح ہم اپنے فطری الہام و وحی کی مجبورانہ پیروی کرتے ہیں، اسی طرح ارادی افعال میں بھی شرعی الہام و وحی کی بالارادہ پیروی کریں،

لیکن کسی کی اطاعت اُس وقت تک ممکن نہیں جب تک اس کے احکام و اوامر سے ہم کو واقفیت نہ ہو، انبیاءؑ اور رسولؑ وہی ہیں، جن پر اللہ تعالیٰ اپنے ان احکام اور اوامر کی شریعت کو وحی کرتا ہے اور وہ ان ذی ارادہ بندوں کو اس سے آگاہ و باخبر کرتے اور اسکی اطاعت کی دعوت دیتے ہیں

یہ نکتہ کہ انسان کے علاوہ تمام دیگر بے ارادہ مخلوقات خدا کی اطاعت پر مجبوراً و مجبول ہیں اور کسی قدر با اختیار انسان کے افراد اپنے اسی تھوڑے سے اختیار اور ارادہ کے بل پر اپنے خالق کی سرکشی کرنے پر آمادہ ہیں، خود قرآن پاک کے الفاظ میں موجود ہے، فرمایا،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰہَ یَسْجُدُ لَہٗ مَنْ فِی | کیا تو نے نہیں دیکھا کہ اللہ ہی کے آگے سر جھکاتا |
| السَّمٰوٰتِ وَمَنْ فِی الْاَرْضِ وَالشَّمْسُ وَ | ہے جو آسمانوں میں ہے اور جو زمین میں ہے اور سورج |
| الْقَمَرُ وَالنُّجُوْمُ وَالْجِبَالُ وَالشَّجَرُ وَ | اور چاند اور ستارے اور پہاڑ اور درخت اور |
| الدَّوَآبُّ وَکَثِیْرٌ مِّنَ النَّاسِ ؕ وَ | جانور اور بہت سے انسان، اور بہت سے انسان |
| کَثِیْرٌ حَقَّ عَلَیْہِ الْعَذَابُ ؕ (حج-۲) | ہیں جن پر عذاب ٹھہر چکا۔ |

دیکھو کہ انسان کے علاوہ تمام دوسری بے ارادہ اور بے عقل مخلوقات کی کلّی اطاعت اور سرافگندگی کا اعلان ہے لیکن خاص با ارادہ اور با عقل اور انجام بین انسانوں کی دو قسمیں کر دی گئیں، مطیع اور سرکش۔

کائنات کے صحیفہ کا تدریجی مطالعہ کرو، تو معلوم ہوگا کہ جمادات، نباتات، حیوانات اور انسان میں سے جس صنفِ مخلوقات میں احساس، ارادہ اور اختیار کی جتنی کمی ہے، اسی قدر فطرت اس کی دایہ گری کی خدمات زیادہ انجام دیتی ہے، اور جس حد تک احساس اور اختیار کا دائرہ اصنافِ ہستی میں بڑھتا جاتا ہے، اسی قدر معلّمِ فطرت اپنے فرائض سے کنارہ کش ہوتا جاتا ہے، اور وہ صنف خود سامانیات اپنی ذمہ داری آپ قبول کرتی جاتی ہے، جمادات اپنی نشو و نما کے لئے بیرونی غذا کے محتاج نہیں۔ نباتات جن میں ان اوصاف کی ہستی صرف اپنی آنکھیں کھولتی ہے، ان کی غذا خود ان کے پاؤں کے نیچے ہوتی ہے، اور وہ خود اٹھ کر اور چل کر ان تک پہنچ جاتی ہے، حیوانات جن میں یہ اوصاف جاگ کر کروٹیں بدلتے ہیں، ان کی غذا بے جوتے بوئے، بے چُنے نکھارے، بن پکائے، ہر قدم پر ہر وقت تیار ملتی ہے لیکن انسان جس میں یہ تینوں اوصاف ٹھیک حکمران اور کارفرما

Marfat.com

ہوتے ہیں، اس کے منھ تک غذا کا ایک دانہ بھی اس وقت نہیں پہنچ سکتا، جب تک اس کی جد وجہد محنت اور جانفشانی کے پسینہ کا گرم قطرہ پیشانی سے چل کر اس کے پاؤں تک نہیں پہنچتا،

جہاں احساس، ارادہ اور اختیار جیسے جیسے کم ہے، اسی قدر طبیعت، فطرت، اور جبلت کی اضطراری حکومت زیادہ قائم ہے لیکن جیسے جیسے ان تینوں اوصاف کی ترقی وتکمیل ہوتی جاتی ہے، طبیعت، فطرت اور جبلت کی حکومت کا دائرہ تنگ ہو کر احساس، ارادہ اور اختیار کی شہنشاہی قائم ہوتی جاتی ہے، اور حرکات واعمال کی باگ فطرت وجبلت کے مضبوط اور ناممکن التغیر ہاتھوں سے نکل کر اختیار وارادہ کے کمزور اور ہر آن بدل جانے والے ہاتھوں میں آجاتی ہے، جمادات ہمیشہ وہی کریں گے جو اُن کو کرنا چاہیئے، نباتات عموماً وہی بنیں گے، جو اُن کو بننا چاہیئے؟ حیوانات وہی کام انجام دیں گے، جو اُن کے سپرد کر دیا گیا ہے لیکن انسان کسی قدر اختیار اور ارادہ پا کر اکثر اپنی راہ سے ہٹ جاتا ہے، اور حدود واعتدال سے قدم باہر نکال دیتا ہے، اور اپنے اس اختیار وارادہ کی ذمہ داری کی امانت کو بھول جاتا ہے، انبیاء اور رسول وہی ہیں جو اللہ تعالیٰ کے حکم سے اس ذی ارادہ اور با اختیار مخلوق کو اس کی اس ذمہ داری کے فرائض سمجھانے کیلئے آتے رہیں،

اس اختیار اور ارادہ کے مرکز کا نام مذاہب کی زبان میں "دل" ہے جو انسان کے سر سے لیکر پاؤں تک کی رگ رگ، اور ریشہ ریشہ کی ایک ایک جنبش وحرکت پر حکمران ہے، اور اسی کے حکم سے اس جسم کے اندرونی عالم میں سب کچھ ہوتا اور سرانجام پاتا ہے، انبیاء اسی دل کے نظام کو درست کرنے کے لئے آتے ہیں،

انسان کو اپنے وجود، بقا، ترقی اور تکمیل کی ہر منزل میں قدم قدم پر ہزاروں چیزوں کی احتیاج

Marfat.com

ہوتی ہے، ان چیزوں کے مہیا اور تیار کرنے کے لئے ہر انسان میں استعداد و قوت الگ ہوتی ہے اور یہ استعداد و قوت فیاض قدرت کی طرف سے پیدائش بلکہ پیدائش سے پہلے ہی آب وگل کے عالم میں اس میں ودیعت رکھی جاتی ہے یہی سبب ہے کہ ہر انسان میں جس قسم کا میلان ہوتا ہے اسی کی استعداد اُس میں پائی جاتی ہے، اور پھر بعد کو خاص خاص فنی الہامات کے ذریعہ سے جن کو تم ایجادات اور اختراعات کہتے ہو، ہر پیشہ ور اپنے متعلقہ کام کو بڑھاتا اور ترقی دیتا ہے، اور تمہاری ضرورت کے مطابق تمہارے لئے سامان فراہم کرتا ہے،

ان مادّی ضروریات کے بنانے والوں کے حسبِ استعداد اور حسبِ حیثیت مختلف درجے اور مرتبے ہیں بعض ان میں سے محض مقلّد ہوتے ہیں، جو وہی بنا سکتے ہیں، جو بنانا سیکھا ہے بعض چابکدست اور ذہین ہوتے ہیں، جو اچھے کاریگروں کے صرف نمونوں کو دیکھ کر اچھی چیزیں تیار کر سکتے ہیں بعض ایسے ذہین اور فطین ہوتے ہیں کہ وہ نئی نئی چیزیں بناتے، دریافت کرتے، اور ایجاد کرتے ہیں، اور بعد کے آنے والے مدت تک ان ہی کی تقلید کرتے رہتے ہیں، کاشتکاری کے اصول ازالۂ مرض کی تدبیریں، کھانے پکانے کے طریقے، سواری کے ضروریات، رہنے سہنے کے سامان، پہننے کے کپڑے، لڑنے کے آلات اُن میں سے ہر شے کی ضرورت ہے، اور اُن میں ہر ضرورت کے لئے خالقِ فطرت نے ایک ایک گروہ کو پیدا کر دیا ہے، اور وہ اپنے اپنے کام انجام دیتا رہتا ہے، ان ضرورتوں کے فراہم ہو جانے سے انسان کی مادی زندگی کی تکمیل ہو جاتی ہے، اب اس کے بعد اس کی روحانی اور اخلاقی زندگی کے ضروریات کا جن کو تم اصولِ تمدن، طریقۂ معاشرت، آئین عدل و انصاف اخلاقِ حسنہ اور دین و تقوی کے نام سے موسوم کرتے ہو، دور شروع ہوتا ہے،

اگر یہ اصول اور تعلیمات انسانوں کے سامنے نہ ہوں تو آدم کے بیٹوں کی یہ جنت دوزخ ہو جائے اور اشرف المخلوقات کی یہ جماعت جانوروں کا گلہ اور درندوں کا غول بن جائے،

جو تمہارے لئے غلہ پیدا کرتا ہے وہ کاشتکار ہے، اور جو اوزار بناتا ہے وہ لوہار ہے جو زیور گھڑتا ہے، وہ سونار ہے، جو تمہارے لئے کپڑے بنتا ہے، وہ بنکر ہے، جو تمہارے مکان بناتا ہے وہ معمار ہے، جو تمہاری حفاظت کرتا ہے، وہ سپاہی ہے، جو تمہاری نگہبانی کرتا ہے، وہ حاکم ہے، جو تمہارے آپس کے جھگڑے چکاتا ہے، وہ قاضی ہے، جو تمہارے ملک کے اندر امن و امان کا ضامن ہے وہ بادشاہ ہے، جو تمہاری جسمانی بیماریوں کا معالج ہے، وہ طبیب ہے، جو اپنی صناعیوں سے تمہاری ضرورتوں کے لئے کاریگری کی چیزیں بناتا ہے، وہ صناع ہے، اور جو تمہارے لئے مادی کائنات کے چہرے سے اسرار کا پردہ ہٹا کر تم کو ہر چیز سے باخبر کرتا ہے وہ حکیم ہے،

اسی طرح جو برگزیدہ افراد تمہارے روحانی و اخلاقی و اجتماعی حالات کے معلم و نگران ہیں ان کی بھی ایک جماعت ہے لیکن جس طرح تمہارے مادی ضروریات کے بنانے والوں کے حسب استعداد . . . . . . اور حسب حیثیت درجے ہیں، اسی طرح ان روحانی ضروریات کے فراہم کرنے والوں میں بھی مراتب اور درجے ہیں بعض وہ ہیں جو صرف اگلے روحانی معلمین کی نقل و تقلید کرتے ہیں، یہ عام علماء ہیں، بعض وہ ہیں جو اچھے روحانی نمونوں کو دیکھ کر خود بھی ان کی عمدہ نقل اتارتے ہیں، اور دوسروں کو بھی بتاتے ہیں، یہ مجددین ہیں، بعض ایسے ہیں جو الہام ربانی سے فیض پا کر روحانیت کے نئے نئے اصول وضع کرتے اور دنیا کے سامنے پیش کرتے ہیں، یہ انبیاء ہیں ان کے مقدس ہاتھ تمہارے لئے غلہ پیدا کرنے، مکان بنانے کپڑا بننے اوزار بنانے اور صناعی کرنے

Marfat.com

کے لئے نہیں، بلکہ اُن سے بدرجہا بلند تر اور بہتر کام کیلئے ہیں اُن کی مُبارک اُنگلیاں تمہارے اُن تاروں پر پڑتی ہیں جن سے یہ صدہا قسم کے نغمے نکل رہے ہیں یعنی تمہارے دل کی رگوں پہ غور کرو کہ یہ اصل مرکز جس پر تمہارے تمام اعمال و افعال اور ہر قسم کے حرکات و سکنات اور ہر طرح کی جدوجہد کا مدار ہے یعنی "دل" کیا انبیاؑ اور اُن کے متبعین کے سوا کوئی طبقہ اس کی نشو و نما حفاظت، ترقی، تکمیل، اور اصلاح کے لئے بھی کام کر رہا ہے، اور کیا خالقِ فطرت کا یہ فرض نہ تھا کہ وہ تمہاری مادی ترقی اور اصلاح کی طرح تمہاری روحانی ترقی و اصلاح کی بھی فکر کرتا، اور ایسا سمجھنا کہ اُس نے اُس کی ترقی و تکمیل و اصلاح کی خدمت، نوعِ انسانی کے کسی کارکن طبقہ سے متعلق نہیں کی ہے، کیا اُس کی شانِ ربوبیت کیساتھ سوءظن نہیں ہے،

یہی وہ طبقہ ہے جو تمام متفرق اور مختلف انسانی طبقوں کو باہم جوڑ کر ایک عام انسانی ترقی سطح پر لایا ہے، وہ ان سب کو جو تمہارے لئے روٹی تیار کرتے ہیں، کپڑے بنتے ہیں، جھوپڑے بناتے ہیں، اور سامان اور اوزار درست کرتے ہیں، ایک دوسرے کے ساتھ مشارکت اور معاونت اور نیکی پر آمادہ کر کے اُن میں روحانی برادری پیدا کرتے ہیں، اور مٹی سے پیدا ہونے والے ایک آدم کے بیٹوں کو جن کو دولت و غربت، سوسائٹی اور مجلس، حکومت اور اقلیم، اور جغرافی و قومی تقسیم نے پارہ پارہ کر رکھا ہے، باہم جوڑ دیتے ہیں، اور ان تمام مصنوعی امتیازات کو مٹا کر پوری زمین کو ایک ملک، تمام اقوامِ عالم کو اولادِ آدم اور کل بلند و پست طبقوں کو ایک انسانی طبقہ قرار دیتے ہیں، اور اُن کے اخلاقی روحانی عالم میں اصلاح و ترقی اور امن و امان پیدا کرتے ہیں، اُن کے دلوں سے بغض و کینہ کو نکال کر اخوت و محبت کا نور بھرتے ہیں، اُن کے احساس، ارادہ اور

Marfat.com

اختیار کی باگ پر اُن کے دل کو قابو حاصل کرنے کی تدبیر بتاتے ہیں، اور اُن کو اعتدال کی حد بتاکر صحیح وغلط کی تمیز عطا کرتے ہیں،

یہی وہ انسانی طبقہ ہے جس کو ہم نبی، رسول، اور پیغمبر کہتے ہیں، اُن کو گو براہ راست جسم وجسمانیات سے تعلق نہیں ہوتا، بلکہ صرف دل اور قلب وروح کے عالم سے سروکار ہوتا ہے، تاہم اس دل اور قلب روح کی اصلاح کے لئے جسم وجسمانیات کی کسی قدر اصلاح بھی اس حد تک اُن کے فرائض میں داخل ہے، جہاں تک اُن کو دل اور قلب روح کے کاموں کی اصلاح میں اس کی ضرورت معلوم ہوتی ہے،

ایک شبہ اور اس کا جواب

اس مقام پر ایک شبہ یہ ہوتا ہے کہ افراد انسانی کے درمیان امن وامان اور اطمینان پیدا کرنے کا کام تو بادشاہ بھی کرتے ہیں، اخلاق کا ایک معلّم بھی کرتا ہے، ایک فلسفی اور اجتماعیات کا ایک حکیم بھی کرتا ہے، مگر اُن کے کاموں کے درمیان جو عظیم الشان فرق ہے اس کو سمجھ لینا ہی اس شبہ کا ازالہ ہے، علمی اصطلاح میں یوں سمجھو کہ مختلف فنون کے ماہر ایک ہی چیز پر مختلف حیثیتوں سے نظر ڈالتے ہیں، اور اسی اختلاف نظر سے ان کا فن بھی علیحدہ علیحدہ ہوجاتا ہے، کسی جسم کے اجزائے ترکیبی سے اگر بحث کیجائے، تو کیمسٹری ہے، اگر اسکی زندگی اور اسباب زندگی پر غور کیا جائے تو بیالوجی (علم الحیات) ہے، اگر اس کے دماغی قوی اور اُن کے آثار کی تحقیق کیجائے تو سائیکالوجی (علم النفس) ہے، اگر اس کے جذبات اور جذبات کے مطابق اُس کے شخصی افعال واعمال کے حدود واداران کے اسباب وعلل اور غرض وغایت پر نظر ڈالی جائے تو یہ ایتھکس (فلسفہ اخلاق) ہے، اگر اس کے اجتماعی خصائص اور لوازم کی تفتیش کیجائے تو یہ سوشیالوجی (علم اجتماع ومعاشرت) ہے، اگر جسم کی صحت ومرض کے اسباب

کی جستجو کی جائے تو یہ طب ہے، دیکھو کہ ایک ہی جسم یا متعلق جسم پر کتنی حیثیتوں سے بحثیں کی گئی ہیں، اور ان سے کتنے مختلف علوم پیدا ہو گئے ہیں تاہم وہ سب کے سب جسم اور جسمانیات ہی سے متعلق اور وابستہ ہیں اور باہمہ اُن میں سے ہر ایک علم و فن علیحدہ اور ہر ایک علم و فن کے جاننے والے علیحدہ ہیں،

اسی طرح ایک نبی اور ایک رسول کا کام بھی بادشاہوں، فلاسفروں، اور حکیموں کی طرح انسانوں ہی کی اصلاح ہے، مگر اُن میں سے کسی ایک کا کام بھی دوسرے سے ملتا جلتا نہیں ہے، بادشاہ صرف اس کا ذمہ دار ہے کہ وہ اپنے زور و قوت سے بازاروں، گلیوں، آبادیوں اور میدانوں میں امن و امان اور انصاف کو قائم رکھے، فلاسفر انسانوں کے تمام اعمال و خیالات کے اسباب و علل کی تفتیش اور اُن میں نظم و تسلسل اور علت و معلول کا ربط پیدا کرنے کا کفیل ہے، فلسفۂ اخلاق کے معلم تمھارے اخلاق و عادات کے اسباب و علل تم کو بتاتے اور ناقابلِ فہم جذبات کی تشریح کرتے ہیں اس سے آگے اُن کا کوئی کام نہیں، حکیم اور واعظ تمھارے اعمال و اخلاق کی اصلاح کے لئے نہایت شیریں، خوشگوار اور ڈھلے ہوئے فقرے سناتے ہیں، مگر اُن میں سے کوئی نہیں جو تمھارے دلوں کا ہمنا ہو، جو تمھارے احساس، ارادہ اور اختیار کے قدم کو غلط روی سے روک سکے، وہ نہ صرف تمھارے اخلاق و عادات اور جذبات کے اسباب و علل بتائے، بلکہ تمھارے اخلاق و عادات اور جذبات میں خیر و شر کی تمیز کرے، اور خیر کے حصول اور شر سے حفاظت کی تدبیر بتائے، بلکہ اس کے ہاتھ اور زبان میں یہ قوت ہو کہ اپنی تعلیم و تلقین و فیضِ صحبت سے تمھارے اخلاق و عادات و جذبات بلکہ احساس، ارادہ اور اختیار کی غرض و غایت بلکہ پورے دل کی قوتوں میں انقلاب پیدا کر دے اور شر کے تخم کو دلوں کی سرزمین سے نکال کر خیر کا برگ و بار پیدا کر دے البتہ نبی یہ تمام کام کر انجام دیتا ہے،

Marfat.com

وہ انسانون کوان کے احساس، ارادہ اوراختیار کی بھولی ہوئی ذمہ داری یاد دلاتا ہے، اوران کے قوی کے مرکز یعنی دل کوخدا کے حکم سے درست کر دیتا ہے،

وہ بادشاہون کی طرح صرف بازارون مجمعوں آبادیون کا امن واطمینان نہیں چاہتا بلکہ وہ لوگون کے دلون کے اندر کا امن واطمینان چاہتا ہے، وہ معلّمین اخلاق کی طرح اسباب وعلل کی تلاش وجستجو وتشریح کی پروا نہیں کرتا، بلکہ اخلاق سیئہ خواہ کسی سبب سے ہوں وہ اُن کی بیخ کنی کرتا ہی اوراخلاق حسنہ خواہ وہ کسی علت کے معلول ہوں، وہ اُن کوانسانوں کے اندر پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہی اورانسانی اوہام کے طلسم کو توڑ دیتا ہے، اورغلط رسم ورواج کی بندشون کو کھولتا ہے اور انسانون کوانسانون کی غلامی سے آزاد کرکے صرف خدا کی غلامی میں دیتا ہے؛

يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهٰهُمْ عَنِ — وہ انکو بھلائی کا حکم دیتا ہی اوربرائی سے روکتا ہی
الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبٰتِ وَيُحَرِّمُ — اوراچھائیوں کوان کیلئے حلال اورخبیث چیزون
عَلَيْهِمُ الْخَبٰٓئِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ اِصْرَهُمْ — کوحرام ٹھہراتا ہی اوراُن کے اس بندھن اورزنجیرون
وَالْاَغْلٰلَ الَّتِيْ كَانَتْ عَلَيْهِمْ (اعراف - ۱۹) کوجوان پرہوتی ہیں اُن سے اتارتا ہی،

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا — ایسے رسول بھیجے جونیکوں کوخوشخبری دیتے اوربروں
يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ — کوہشیار کرتے ہیں تاکہ رسولوں کے آنے کے
الرُّسُلِ، (نساء - ۲۳) — بعد پھرانسانون کوخدا پرالزام دینے کا موقع نہ ملے

لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَاَنْزَلْنَا — ہم نے رسولونکو کھلی ہدایتیں دیکر بھیجا اوراُن کے ساتھ
مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ لِيَقُوْمَ النَّاسُ — کتاب اتاری اور(عدل کی) ترازو تاکہ لوگ عدل وانصاف

بِالْقِسْطِ ج (حدید - ۳) پر قائم رہیں (اور دنیا امن و اطمینان کی زندگی بسر کرے)

نوعِ انسانی کے دوسرے تمام خدام اور کارکن اپنے فرائض کو جن اغراض سے انجام دیتے ہیں، اُن کا دائرہ موجودہ زندگی کی بھلائی اور بُرائی سے آگے نہیں بڑھتا، مگر انبیاء اور رسول نوعِ انسانی کی خدمت کے یہ کام بھی اس کی موجودہ زندگی کی بھلائی اور بُرائی کو اس لحاظ سے سامنے رکھکر کرتے ہیں کہ ان کا اثر اس کی دوسری دائمی و پائدار زندگی پر کیا پڑے گا، وہ جسم کی خدمت جسم کے لئے نہیں، بلکہ روح کے لئے کرتے ہیں، اور مخلوق کی خدمت خالق کے منشا کے مطابق بجالاتے ہیں، وہ صرف ایک مخلوق کو دوسرے مخلوق ہی سے نہیں بلکہ مخلوق کو خالق سے اور خالق ہی کے لئے ایک مخلوق کو دوسرے مخلوق سے جوڑتے ہیں،

وہ صرف اچھی اور میٹھی باتیں لوگوں کو نہیں سُناتے، بلکہ خود بہتر سے بہتر عمل کرتے ہیں، اور دوسروں کو اس کا عامل بناتے ہیں، وہ خیال آرا شاعروں اور جھوٹے حکیموں کی طرح نہیں ہوتے، جو کہتے ہیں اور کرتے نہیں، دماغ ہوتے ہیں، مگر دل نہیں ہوتے، زبانیں ہوتی ہیں مگر ہاتھ نہیں ہوتے،

| | |
|---|---|
| وَالشُّعَرَآءُ يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُنَ اَلَمْ | اور شاعروں کے پیرو کار گم کردہ راہ ہوتے ہیں |
| تَرَ اَنَّهُمْ فِيْ كُلِّ وَادٍ يَّهِيْمُوْنَ وَ | تم دیکھتے نہیں کہ وہ ہر میدان میں سر مارتے پھرتے |
| اَنَّهُمْ يَقُوْلُوْنَ مَا لَا يَفْعَلُوْنَ۔ (شعراء-۱۱) | ہیں، اور وہ وہ کہتے ہیں جو کرتے نہیں |

وہ اس دعوی کے ساتھ انسانوں میں آتے ہیں کہ اُن کے خالق نے جس نے اُن کے ذرہ ذرہ کا سامانِ راحت فراہم کیا ہے، اور جو اُن کے قلب و روح کا سامانِ راحت بھی بہم پہنچا تا ہے، اُن کو

Marfat.com

اس لئے بھیجا ہے کہ انسانوں کے قلب و روح کو اس سامان کا برتنا سکھائیں، اور اُن کے رب کا پیغام اُن کو سنائیں، اور بتائیں کہ وہ یہ چاہتا ہے کہ اس کے بندے اپنے احساس، اپنے ارادہ اور اپنے اختیار کو اس طرح اس عالم میں صرف کریں کہ وہ پریشانی و بے اطمینانی کی تاریکی سے نکل کر سکون و اطمینان اور امن و سعادت کی روشنی میں داخل ہوں،

| | |
|---|---|
| هُوَ الَّذِي يُنَزِّلُ عَلَىٰ عَبْدِهِ آيَاتٍ | وہی خدا ہے جو اپنے (رسول) بندہ پر کھلی آیتیں |
| بَيِّنَاتٍ لِيُخْرِجَكُمْ مِنَ الظُّلُمَاتِ | اُتارتا ہے کہ تم کو (اے انسانو!) وہ تاریکی سے |
| إِلَى النُّورِ ۚ وَإِنَّ اللَّهَ بِكُمْ لَرَءُوفٌ | نکال کر روشنی میں لائے، (اور اللہ نے ایسا |
| رَحِيمٌ (حدید - ۱) | اسلئے کیا) کہ تم پر شفقت کرنے والا مہربان ہے) |

انبیاء بھی ایک بادشاہ کی طرح جماعتوں کا انتظام کرتے ہیں، مگر ملک کے خراج اور زمین کی آبادی کے لئے نہیں، بلکہ خدا کے لئے، وہ بھی جان و مال کی حفاظت کے لئے مقنن کی طرح قانون بناتے ہیں، اور قاضی کی طرح سزا و جزا کا حکم سناتے ہیں، مگر انعام شاہی اور تنخواہ ماہانہ پا کر کسی دنیاوی بادشاہ کے فرمان کی تعمیل کے لئے نہیں بلکہ جسم و جان کے شہنشاہ اور کائنات کے مالک کے فرمان کی تعمیل میں؛ وہ بھی فلاسفر کی طرح رموز و اسرار کا پردہ فاش کرتے ہیں، مگر تجربہ، استقراء اور قیاس سے نہیں، بلکہ عالم اسرار کے مبدء علم سے فیض پا کر، وہ بھی حکیم و واعظ کی طرح پُر تاثیر کلام کرتے ہیں مگر اُن کے مانند اپنے دل سے جوڑ کر نہیں، بلکہ خدا سے سنکر، اور وہ صرف کہتے نہیں، بلکہ جو کہتے ہیں وہ کرتے ہیں، اور جو کرتے ہیں وہ دوسروں سے کراتے ہیں، وہ خدا سے ہیں، خدا سے پاتے ہیں، اور اسی سے سنتے ہیں، اور وہی اوروں کو سناتے ہیں، غرض اوپر آسمان سے اُن کو جو کچھ ملتا ہے وہی

Marfat.com

نیچے زمین پر سب کو بانٹتے ہیں،

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى، مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ
وَمَا غَوٰى، وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى
اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ
الْقُوٰى، ذُوْ مِرَّةٍ فَاسْتَوٰى وَهُوَ
بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ...... فَاَوْحٰى اِلٰى
عَبْدِهٖ مَا اَوْحٰى، مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَاٰى
اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ........
مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى، لَقَدْ رَاٰى
مِنْ اٰيٰتِ رَبِّهِ الْكُبْرٰى (وَالنَّجْم-۱)

قسم ہے اس ستارہ کی جب وہ نیچے گر کر کہتا
ساتھی (پیغمبر) نہ بھولا نہ بھٹکا اور نہ وہ نفس کی
خواہش ہی کی بات کرتا ہے وہ تو وہی ہے جو اسکو وحی
کے ذریعہ کہا جاتا ہے اسکو بڑی قوتوں والے
نے سکھایا طاقت والا، تو وہ سیدھا ہوا اور آنکھ لیکے
وہ آسمان کے سب کے اوپر کنارہ میں تھا .... تو اس
نے اپنے بندہ پر وحی کی جو وحی کی نہ اسکے دل نے
جو اس نے دیکھا، اسکو جھوٹ کہا کیا وہ جو دیکھتا ہے
تم اس پر اس سے جھگڑتے ہو .... نہ بینائی نے

[illegible]

قُلْ اِنَّمَآ اَتَّبِعُ مَا يُوْحٰٓى اِلَيَّ مِنْ رَّبِّيْ
هٰذَا بَصَآئِرُ مِنْ رَّبِّكُمْ وَهُدًى وَّ
رَحْمَةٌ لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ
(اعراف-۲۴)

کہدو (اے پیغمبر) کہ میں تو اسی کی پیروی کرتا
ہوں جو مجھ پر میرے رب کی طرف سے وحی کی جاتی
ہے یہ (اے انسانو!) تمھارے رب کی طرف سے
بصیرتیں ہیں اور ان کے لئے جو ایمان رکھتے ہیں

[illegible]

وَاِنَّهٗ لَتَنْزِيْلُ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ نَزَلَ
بِهِ الرُّوْحُ الْاَمِيْنُ عَلٰى قَلْبِكَ لِتَكُوْنَ
مِنَ الْمُنْذِرِيْنَ بِلِسَانٍ عَرَبِيٍّ مُّبِيْنٍ
(شعراء-۱۱)

یہ تو عالم کے پرورش کرنیوالے کی طرف سے اتارا
گیا ہے اس کو امانت والی روح نے تیرے دل پر
اتارا تاکہ تو ہشیار کرنیوالوں میں سے ایک ہو فصیح

نکتہ، یہ بالکل ممکن، بلکہ واقعہ ہے کہ ایک ہی قسم کا کام مختلف لوگ مختلف غرض و نیت سے کرتے ہیں کسی قوم کی اصلاح ہی کا کام ہے کہ اس کو مختلف لوگ مختلف غرض و نیت سے کرتے ہیں، خود غرضی کے غیر مخلصانہ اغراض سے قطع نظر کر کے صرف مخلصانہ اغراض کو لو، کوئی یہ سمجھتا ہے کہ قوم کی مالی حالت کی درستی سے قوم بن سکتی ہے، کوئی اصلاح کی جڑ تعلیم کو قرار دیتا ہے، کوئی رسم و رواج و معاشرت پر زور دیتا ہے، کوئی ظاہری تمدن پر مدار رکھتا ہے، کوئی جسمانی قوت پر نظر رکھتا ہے، کوئی سیاسی کامیابی کو قومی اصلاح کا مرکز ٹھہراتا ہے لیکن انبیاء کے نزدیک یہ سب ثانوی درجہ کی باتیں ہیں، وہ اپنی بنیاد صرف قلب کی اصلاح پر رکھتے ہیں، اور سمجھتے ہیں کہ یہی اصلی چیز ہے اور اسی کے بدلنے سے سب کچھ بدل سکتا ہے، اُن کی غرض خدا کی اطاعت، خدا کی محبت اور خدا کی معرفت ہوتی ہے، اور تمام دوسری ترقیوں اور اصلاحوں کو وہ یکسر اسی ایک اصل کی فروع اور اسی ایک جڑ کی شاخیں جانتے ہیں،

یہی سبب ہے کہ اُن کی دعوت کی کامیابی سے قوموں کو سلطنت بھی ملتی ہے، دولت بھی ہاتھ آتی ہے، علم بھی حاصل ہوتا ہے، زور اور قوت بھی پیدا ہوتی ہے، اور دنیاوی عظمت و جلال کا منظر خود اس کے استقبال کے لئے آگے بڑھتا ہے مگر یہ خوب سمجھ لینا چاہیئے کہ سیاسی مصلحین کی طرح سلطنت، مالی مصلحین کی طرح دولت، تعلیمی مصلحین کی طرح تعلیم علم و فن، جسمانی مصلحین کی طرح قوت و طاقت اُن کا مطمح نظر نہیں ہوتی، بلکہ جو کچھ ان کے سامنے ہوتا ہے، وہ صرف خدا کی رضا، خدا کی محبت، خدا کی خوشنودی ہوتی ہے، اور باقی تمام چیزیں اُن کے لئے ضمنی اور فرعی ہوتی ہیں

نبی اور غیر نبی کے امتیازات | سطور بالا سے معلوم ہو گیا ہوگا کہ انبیاء اور اُن کے مشابہ شخصوں میں کتنا عظیم فرق ہے

فرق ہے، یہ فرق چار حیثیتوں سے نمایاں ہے، مبدء اور منبع کا فرق، غرض و غایت کا فرق، طریق دعوت کا فرق، اور علم و عمل کا فرق، نبی کے علم کا مبدء منبع، ماخذ اور سرچشمہ جو کچھ کہو وہ تعلیم ربانی، شرح صدر اور وحی و الہام ہوتا ہے، اور حکیم کے علم کا ماخذ و منبع تعلیم انسانی، گذشتہ تجربہ استقرا اور قیاس ہوتا ہے یعنی حکیم عقل سے جانتا ہے، اور نبی خالق عقل سے، اسی طرح ایک حکیم کے تمام اقوال اور جدّ و جہد کا منشا، اپنی شہرت طلبی، علم کا اظہار، قوم یا ملک کی محبت کی خاطر اسکی اصلاح ہوتا ہے مگر ایک نبی کا مقصد خدا کے حکم کا اعلان اور خالق کی رضا مندی کے لئے مخلوق کی بھلائی ہوتا ہے طریق دعوت کا فرق یہ ہوتا ہے، کہ حکیم اپنی دعوت کی عمارت کو تمام تر حکمتوں مصلحتوں، اور علل و اسباب کے ستونوں پر کھڑا کرتا ہے مگر نبی اپنی دعوت کو زیادہ تر خالق کی اطاعت محبت اور رضا جوئی پر قائم کرتا ہے، حکیم کہتا ہے لیکن اس کا کرنا اُس کے لئے ضروری نہیں، نبی جو کہتا ہے وہ کرتا ہے اور اس کا کرکے دکھانا اس کے لئے ضروری ہے، وہ صرف جلوت کے منبر پر آراستہ نہیں ہوتا، بلکہ وہ جلوت و خلوت اور ظاہر و باطن میں یکسان حسنات سے آراستہ اور برائیوں سے پاک ہوتا ہے، دنیا میں سقراط، افلاطون، ارسطو، دیوجانس وغیرہ ایک طرف اور ابراہیم، موسیٰ اور محمدؐ دوسری طرف ہیں، اور دونوں کے سوانح اور سیرتیں اور کارنامے بالکل نمایان اور ایک دوسرے سے اس طرح ممتاز ہیں کہ ان میں ذرا التباس نہیں،

بادشاہ اپنی تلوار کے زور اور اپنی فوج و لشکر کی قوت سے رعایا کو اپنے قانون کا پابند بناتے ہیں، تاکہ فتنہ و فساد رک جائے، فلاسفر اپنے دعووں کو صرف استدلال کی قوت اور عقل کے خطاب سے ثابت کرنا چاہتے ہیں تاکہ اُن کی بات لوگ تسلیم کریں لیکن پیغمبر اپنے پیرووں کے قلب کو اس طرح

Marfat.com

بدل دینا چاہتے ہیں کہ وہ از خود برائی کو چھوڑ کر نیکی اختیار کر لیں، وہ اگر کبھی قانون و حدود سزا کو اختیار کرتے ہیں، یا ساتھ ساتھ عقل کو بھی مخاطب کرتے ہیں تو اُن کا یہ ضمنی یا ثانوی کام ہوتا ہے، اولین نہیں، اُن کی اولین غرض یہ ہوتی ہے کہ اُن کے پیروون کو خدا کی قدرت اور اس کے حاضر و ناظر ہونے کا اتنا محکم اور پختہ یقین ہو جائے کہ وہ اسکے حکمون اور نصیحتون کو جو اُن کے ذریعہ آتی ہین، بے چون و چرا تسلیم کر لین،

دنیا کے بادشاہ اور فاتح اور کشور کشا اپنے زورِ بازو اور تلوار کی قوت سے دنیا کے طبقے الٹ دیتے ہین، انھون نے کبھی کبھی چار دانگ عالم پر حکمرانی کی، قومون کی جان و مال پر اپنا قبضۂ اقتدار جمایا، اُن کی تلوارون کی دھاک نے آبادیوں اور جنگلون کے مجرمون کو روپوش کر دیا، اور بازارون اور راستون میں امن و امان پیدا کر دیا، لیکن کیا انھون نے دلون کے طبقے بھی الٹے؟ اپنی سلطنت کے دائرہ سے باہر کسی کمزور سے کمزور انسان سے اپنے حکم کو منوا سکے؟ وہ لوگوں کے دلون کو بھی اپنے قبضۂ اقتدار مین لا سکے؟ وہ آبادیون اور جنگلون کے روپوش مجرمون کو بھی فنا کر سکے؟ وہ دلون کی بستیون میں بھی امن و امان پیدا کر سکے؟ وہ روحون کی مملکتون کا بھی نظم و نسق قائم کر سکے؟

حکما، اور فلاسفر جو اپنی عقلِ رسا کے ذریعہ سے عجائباتِ عالم کی طلسم کشائی اور کائنات کے مخفی اسرار کے فاش کرنے کے مدعی ہیں، کیا وہ قلب و روح کے عجائبات کو بھی دریافت کر سکے؟ وہ ماوراے مادہ اسرار و رموز کو بھی حل کر سکے؟ وہ انسانون کی اصلاح و ہدایت کا بھی کوئی سامان اپنی تحقیق و تفتیش سے فراہم کر سکے؟ ان کی دقیق نکتہ سنجیوں اور خیال آرائیون کے پیچھے ان کے ذاتی حسنِ عمل کا بھی کوئی نمونہ ہے؟ ارسطو نے فلسفۂ اخلاق کی بنیاد ڈالی، دوسرے حکما نے اخلاق کے اسباب و علل کے حدود، ظہور، اثر، اور نتیجہ کے ایک ایک حرف کی تحقیق کی مگر کیا اس سے

کسی انسان کے دل سے برائی کا تخم دور ہوا؟ اچھائی کے بیج نے نشو ونما پائی ؟ اُن کے اخلاق وتعلیمات کے فلسفیانہ رموز واسرار کا دائرہ اُن کی درسگاہوں کی چہار دیواریوں سے کبھی آگے بڑھ سکا کیونکہ وہ اپنے درس کے کمروں سے نکل کر جب انسانی صحبتوں میں داخل ہوتے ہیں تو اُن کی اخلاقی زندگی اور قلبی صفائی عام انسانی افراد سے ایک انچ بھی بلند نہیں ہوتی، حکماے یونان میں سقراط سے بڑھکر کوئی نہیں، مگر کیا یہ وہی نہیں ہے جو بازاری فاحشہ عورتوں سے ارتباط رکھتا تھا، اور ان میں ایک پیشہ ور کے فروغ اور کامیابی کے لئے کوشاں رہتا تھا یہی یونان کے دوسرے حکما کا حال تھا اور توحید اور خدا پرستی کا درجہ تو اس سے بدرجہا بلند ہے جس کی ان کو ہوا بھی نہیں لگی تھی

ان سطروں سے اندازہ ہوا ہوگا کہ ہر شیریں نوا واعظ، ہر مؤثر البیان خطیب، ہر فقیہ مقنن، ہر کشورکشا فاتح، اور ہر نکتہ دان حکیم اس لائق نہیں کہ نبوت و رسالت کا اہم اور بلند اور مقدس منصب اس سے منسوب کیا جائے اس منصب کے ساتھ کچھ ایسے شروط، لوازم اور خصوصیات بھی ہیں جو اس کے ضروری اجزا اور عناصر ہیں

۱- سب سے پہلی بات یہ ہے کہ اس کا تعلق پر اسرار عالم غیب سے ہو، وہ غیب کی آوازیں سنتا ہو، غیب کی چیزیں دیکھتا ہو، غیب سے علم پاتا ہو، عالم ملکوت کی تائید اس کے ساتھ ہو، روح القدس اس کا ہمصفیر و ہمنوا ہو،

۲- اللہ تعالیٰ نے اس کو تمام بندوں میں سے اس کے لئے چنا ہو کہ وہ اس بلند منصب پر سرفراز ہو،

۳- اس سے خدا کے حکم سے عجیب غریب اور حیرت انگیز تصرفات صادر ہوں جن سے

Marfat.com

اس کا مقبول بارگاہ ہونا ثابت ہو،

۴۔ فضائل اخلاق کے پھولوں سے اس کا دامن بھرا ہوا اور ہر قسم کے گناہ کے خس خاشاک سے پاک وصاف ہو کہ گندے ہاتھوں سے میلے کپڑے پاک وصاف نہیں ہو سکتے،

۵۔ وہ لوگوں کو خدا اور عالم غیب پر یقین کی دعوت اور فضائل و اخلاق کی تعلیم دے اور روز الست کا بھولا ہوا عہد اُن کو یاد دلائے،

۶۔ نہ صرف تعلیم، بلکہ اُس میں یہ قوت ہو کہ وہ شریروں کو نیک اور گمراہوں کو راست بنا دے اور جو خدا سے بھاگتے ہوں اُن کو پھیر کر پھر اس کے آستانہ پر لے آئے

۷۔ اپنے سے پہلے خدا کی طرف سے آئے ہوئے صحیح اصول کو انسانی تصرفات سے پاک و صاف کر کے پیش کرے،

۸۔ اس کی دس دعوت، جدوجہد اور تعلیم و تلقین سے مقصود کوئی دنیاوی معاوضہ شہرت جاہ طلبی، دولتمندی، قیام سلطنت وغیرہ نہ ہو بلکہ صرف خدا کے حکم کی بجاآوری اور خلق خدا کی ہدایت،

یہ نبوت و رسالت کے وہ اوصاف اور لوازم ہیں، جو دنیا کے تمام پیغمبروں میں یکساں پائے جاتے ہیں، مذاہب عالم کے صحیفوں پر ایک نظر ڈالنے سے یہ حقیقت منکشف اور آشکارا ہو جاتی ہے خصوصاً قرآن پاک نے جو دنیا کی نبوت کا سب سے آخری اور سب سے مکمل صحیفہ ہے اور جس نے نبوت و رسالت کی حقیقت اور شرائط و لوازم کی سب سے بہتر تشریح کی ہے، سورۂ انعام میں اکثر پیغمبروں کا ذکر کر کے یہ حقائق ان الفاظ میں بیان کئے ہیں،

وَتِلْكَ حُجَّتُنَآ اٰتَيْنٰهَآ اِبْرٰهِيْمَ عَلٰى قَوْمِهٖ — اور یہ تھی ہماری دلیل جو ہم نے ابراہیم کو اس کی قوم کے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ | مقابلہ میں دی ہم جس کو چاہتے ہیں کئی درجے بلند |
| حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ۝ وَوَهَبْنَا لَهٗٓ اِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ | کرتے ہیں بیشبہہ تیرا پروردگار تدبیر والا خبردار اور دیا |
| كُلًّا هَدَيْنَا ۚ وَنُوْحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ | ہم نے ابراہیم کو اسحق اور یعقوب بخشے اور ہر ایک کو ہدایت |
| وَمِنْ ذُرِّيَّتِهٖ دَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ وَاَيُّوْبَ | دی اور نوح کو اس سے پہلے ہدایت دی تھی اور اسکی |
| وَيُوْسُفَ وَمُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۭ وَكَذٰلِكَ | اولاد میں سے داود اور سلیمان اور ایوب اور یوسف اور |
| نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ۝ وَزَكَرِيَّا وَيَحْيٰى وَعِيْسٰى | موسی اور ہارون کو اور اسی طرح ہم نیکو کاروں کو بدلہ |
| وَاِلْيَاسَ ۭ كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۝ وَاِسْمٰعِيْلَ | دیتے ہیں اور زکریا اور یحیی اور عیسی اور الیاس کو ہر ایک |
| وَالْيَسَعَ وَيُوْنُسَ وَلُوْطًا ۭ وَكُلًّا | نیکو کاروں میں سے ہے اور اسمعیل اور الیسع اور یونس |
| فَضَّلْنَا عَلَي الْعٰلَمِيْنَ ۝ وَمِنْ اٰبَاۗىِٕهِمْ | اور لوط کو ہر ایک کو بزرگی بخشی دنیا والوں پر اور انکے |
| وَذُرِّيّٰتِهِمْ وَاِخْوَانِهِمْ ۚ وَاجْتَبَيْنٰهُمْ | باپ دادوں اور بھائیوں میں سے اور ہم نے انکو چنکر پسند |
| وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ | کیا اور انکو سیدھی راہ پر چلایا یہ خدا کی ہدایت ہے |
| ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ بِهٖ مَنْ | اس پر جسکو چاہے چلاتا ہے اگر وہ شرک کرتے تو ان کا |
| يَّشَاۗءُ مِنْ عِبَادِهٖ ۭ وَلَوْ اَشْرَكُوْا لَحَبِطَ | سارا کیا برباد ہو جاتا یہی وہ لوگ ہیں جن کو ہم نے کتاب |
| عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝ اُولٰۗىِٕكَ | اور حق و باطل میں فیصلہ کرنا اور حکم اور نبوت دی تو اگر |
| الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَ | کوئی ان باتوں کا انکار کرے تو ہم نے ان باتوں کے ایسے |
| النُّبُوَّةَ ۚ فَاِنْ يَّكْفُرْ بِهَا هٰٓؤُلَاۗءِ فَقَدْ | دوسرے لوگوں کو مقرر کیا ہے جو انکا انکار نہیں کرتے ہیں |
| وَكَّلْنَا بِهَا قَوْمًا لَّيْسُوْا بِهَا بِكٰفِرِيْنَ | یہی وہ لوگ ہیں جنکو ہم نے ہدایت دی اے محمد تو بھی |

| | |
|---|---|
| اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ۭ قُلْ لَّآ اَسْـَٔــلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا ۭ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٰي لِلْعٰلَمِيْنَ (انعام - ۱۰) | اُن ہی کی رہنمائی کی پیروی کر اور کہہ میں تم سے کام کی مزدوری نہیں چاہتا یہ قرآن تو دنیا والوں کو یاد دہانی ہے، |

ان آیتوں میں اکثر پیغمبروں کے نام لیکر ان کے پیغمبرانہ اوصاف گنائے ہیں، اگر ہم اُن کو یکجا کریں تو نبوت و رسالت کے عام اوصاف خصوصیات اور لوازم واضح ہو جائیں،

۱- فرمایا "ہم نے ابراہیم کو دلیل دی"، اور "ہم نے اُن کو ہدایت بخشی" جس سے معلوم ہوا کہ ان کے علم اور ہدایت کا سرچشمہ عالم ملکوت سے ہوتا ہے،

۲- ارشاد ہوا کہ "ہم نے اُن کو سیدھی راہ پر چلایا"، اور "یہ سب نیکو کار تھے" اس سے ثابت ہوا کہ وہ معصوم اور گناہوں سے بے داغ ہوتے ہیں،

۳- یہ بھی کہا کہ "ہم نے اُن کو چھانٹ کر پسند کیا" اور "اپنے بندوں میں سے جس کو چاہیں یہ ہدایت عطا کریں" جس سے یہ مقصود ہے کہ یہ منصب سعی و محنت سے نہیں بلکہ خدا کی مرضی اور انتخاب سے ملتا ہے،

۴- فرمایا کہ "ہم نے ان کو کتاب، حق و باطل کے فیصلہ کی طاقت (حکم) اور احکام غیب کی تعلیم (نبوت) دی" اس سے معلوم ہوا کہ اس منصب والوں کو کیا کیا چیزیں عطا ہوتی ہیں،

۵- حکم ہوا کہ "اُن کی رہنمائی کی پیروی کر" اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ وہ لوگوں کی رہنمائی اور دعوت پر مامور ہوتے ہیں، اور لوگ اُن کی پیروی سے نیکوکار اور صالح بنتے ہیں،

۶- فرمایا کہ "اے پیغمبر! یہ کہدے کہ میں اپنے کام کا کوئی معاوضہ یا بدلہ تم سے نہیں چاہتا، تو اہل دنیا کے لئے نصیحت اور یاد دلانا ہے"، اس سے ثابت ہوا کہ خالق کی خوشنودی، اور اس کے

Marfat.com

ذریعہ سے مخلوق کی خیر خواہی کے علاوہ اُن کا کوئی دوسرا مقصد اور مطمح نظر نہیں ہوتا،
دوسرے انبیائے کرام علیہم السلام کے علاوہ خاص محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے تعلق
ونسبت سے ان حقیقتوں کو قرآن پاک نے کئی دفعہ بتصریح بیان کیا ہے، جن میں سے چار باتیں
سب سے زیادہ نمایاں ہیں،

۱۔ اشیائے غیب، امورِ خیر اور فلاح وسعادت کے اسباب پر اس کا علم خدا کی تعلیم سے کامل ہو،
۲۔ وہ اپنے علم کے مطابق اپنے عمل میں کامل اور ممتاز ہو،
۳۔ وہ دوسروں کو ان امور کی تعلیم دیتا ہو،
۴۔ اور اُن کو بھی اپنی تعلیم اور صحبت کے فیض سے حسبِ استعداد کامل بناتا ہو،

قرآن پاک میں متعدد موقعوں پر آپ کی نسبت یہ فرمایا گیا،

| | |
|---|---|
| يَتْلُوا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيهِمْ | وہ رسول ان پڑھوں کو خدا کی باتیں سنا |
| وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ | اور اُن کو پاک وصاف بناتا، اور اُن کو |
| (بقرۃ وجمعہ۔۱) | کتاب وحکمۃ سکھاتا ہے، |

اس مختصر سی آیت میں ان چاروں مذکورہ بالا امور کا یکجا ذکر کیا ہے، جاہلوں کو آیاتِ الٰہی
پڑھانے اور کتاب وحکمت سکھانے سے پہلے یہ ضروری ہے کہ خود اُس کو آیاتِ الٰہی پڑھائی اور کتاب
وحکمت سکھائی گئی ہوں، اور دوسروں کو پاک وصاف بنانے کے لئے ضروری ہے کہ وہ خود پاک
وصاف ہو کہ ایک جاہل اپنے ہی جیسے دوسرے جاہل کو عالم، اور ایک ناپاک اپنے ہی جیسے دوسرے
ناپاک کو پاک نہیں بنا سکتا، ایک دوسری آیت میں ہے،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| سَنُقْرِئُكَ فَلَا تَنْسٰى اِلَّا مَا شَآءَ | ہم تجھے پڑھائیں گے تو تو نہیں بھولیگا مگر جو |
| اللّٰهُ اِنَّهٗ يَعْلَمُ الْجَهْرَ وَمَا يَخْفٰى وَ | اللہ چاہے وہ جانتا ہے پکار اور چھپا، اور ہم تجھے |
| نُيَسِّرُكَ لِلْيُسْرٰى، فَذَكِّرْ اِنْ | آہستہ آہستہ آسانی تک پہنچائیں گے اور تو سمجھا |
| نَّفَعَتِ الذِّكْرٰى سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى | اگر تیرا سمجھانا فائدہ دے جس کو خدا کا لحاظ |
| وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى، (اعلیٰ) | ہوگا، وہ سمجھے گا اور جو بدبخت ہوگا وہ اسے |

"ایسا پڑھانا جس میں بھول نہ ہو" پیغمبر کی روحانی تعلیم ہے "اور آسانی کی منزل کی طرف اس کو آہستہ آہستہ لے چلنا، اور اس کے لئے اس کٹھن منزل کو آسان کر دینا" اس کے ذاتی عمل کو کمال کے درجہ تک اس طرح پہنچا دینا ہے کہ تمام امور خیر اس سے بسہولت از خود صادر ہونے لگیں پھر اس کو دنیا کے "سمجھانے" پر مامور کرنا اس رمز کو آشکارا کرتا ہے کہ دوسروں کی تعلیم و تذکیر کا منصب اس کو ملا ہے، اس کے بعد یہ فرمانا کہ متقی اس نصیحت سے فیض پائیں گے، اور بدبخت محروم رہیں گے اس کی تشریح یہ ہے کہ ناقصوں کی تکمیل اور ذی استعداد لوگوں کو ان کی استعداد کے مطابق پہنچانا بھی اس کا فرض ہے؛[1]

**نبوت کے لوازم اور خصوصیات**

نبوت کی شرح حقیقت اور اس کے لوازم اور خصوصیات کے اجمالی بیان کے بعد ضرورت ہے کہ نبوت کے چند اہم خصوصیات پر تفصیل سے گفتگو کی جائے تاکہ وقت کی بہت سی غلط فہمیوں کا سد باب ہو، لیکن ان خصوصیات کے ذکر سے پہلے خود ہم کو خصوصیت کو سمجھنا ہے کہ اس سے مقصود کیا ہے؛

[1] یہ تشریح اور طریقۂ استدلال امام رازی نے اپنی تفسیر اور بعض کتب کلامیہ میں اختیار کیا ہے،

Marfat.com

دنیا میں ہر نوع اور ہر نوع کے ماتحت ہر صنف میں کچھ نہ کچھ مخصوص صفات ہوتی ہیں یہ مخصوص صفات اس نوع اور صنف کے ہر فرد میں یکساں پائی جاتی ہیں، ان ہی کو ہم لوازم اور خصوصیات کہتے ہیں پھل، پھول، چوپائے، پرندے، انسان، تمام انواع میں کچھ نہ کچھ ایسی خصوصیات ہیں جو دوسروں میں نہیں پائی جاتیں، اور ان ہی خصوصیات کی بنا پر ہر نوع دوسری نوع سے ممتاز اور ہر صنف دوسری صنف سے علحدہ ہے، گلاب میں خاص قسم کا رنگ، خاص قسم کی خوشبو، اور خاص قسم کے پتے ہوتے ہیں، یہ ناممکن ہے، کہ کوئی گلاب ہو اور اس میں یہ چیزیں نہ پائی جائیں لیکن گلاب کی بھی مختلف صنفیں ہیں، اور ان میں سے ہر ایک میں کچھ ایسی لازمی صفات ہوتی ہیں جن سے گلاب کی ہر صنف (قسم) دوسری صنف (قسم) سے علانیہ الگ نظر آتی ہے،

اسی طرح انسانیت کے کچھ خاص لوازم ہیں، دو ہاتھ، دو پاؤں، سیدھا قد، بولنے کی طاقت، سمجھ بوجھ اور غور و فکر کی اہلیت، ایجاد و اختراع کی قوت، انجام بینی اور مآل اندیشی کی صلاحیت وغیرہ اس کے خواص ہیں، اور جس طرح شہد میں مٹھاس حنظل میں کڑواپن، آگ میں گرمی اور برف میں ٹھنڈک، نوعی خواص کی حیثیت سے خود بخود پیدا ہوگئی ہیں، اسی طرح انسان میں انسانیت کی مذکورہ بالا خاصیتیں فطرۃً ودیعت ہیں لیکن اس وصف انسانیت میں اشتراک کے ساتھ گلاب کے اصناف کی طرح نوع انسانی کی بھی مختلف اصناف ہیں، ..... جیسے ہندی، چینی، حبشی، رومی ایشیائی یورپین، دیکھو کہ ان میں سے ہر ایک صنف میں انسانیت کے اشتراک کے باوجود قد و قامت، چہرہ مہرہ، رنگ و روغن، صورت و شکل، اخلاق و عادات وغیرہ بیسیوں چیزوں کا نمایاں امتیاز ہوتا ہے، اور یہ تمام انسانی اصناف جو مختلف آب و ہوا، مختلف مرز و بوم مختلف

Marfat.com

نسل اور مختلف ماحول سے تعلق رکھتے ہیں، انسان ہونے کے باوجود ایک دوسرے سے صریحاً ممتاز ہیں،

اسی طرح ہر صنفِ انسانی کے اندر مختلف افراد ہیں، خلّاق فطرت نے اُن میں سے ہر ایک کو مختلف قابلیتیں عطا کی ہیں، شاعری، زباندانی، فلسفہ، ریاضی، صناعی، باغبانی، معماری، پہلوانی، سیکڑوں مختلف قسم کی انسانی استعدادیں اور قابلیتیں ہیں، اُن میں سے ہر صنف کی اور ہر صنف میں سے ہر ایک فرد کی قابلیت و استعداد کی خصوصیتیں دوسرے سے الگ ہیں، ایک تخیل پسند شاعر، اور ایک حقیقت شناس ریاضی دان میں عظیم الشان فرق ہوتا ہے، ادب و انشا ر کے خیالی بلند پرواز، عموماً ریاضیات جیسے ٹھوس اور واقعی علوم سے کورے ہوتے ہیں، اور واقعات سے لبریز ریاضیات کے جاننے والے، ادب و شاعری سے بیگانہ، پہلوانی کے جوہر باغبانی سے الگ ہیں، اور ایک صنّاع کی طبیعت ایک فلسفی سے متضاد ہوتی ہے،

اسی کے ساتھ صنفِ شعرا رمیں خاص دماغی قابلیت کا اتحاد ہوتا ہے، نظم کی قوت، تخیل کی بلندی، محاکات کی قدرت، الفاظ کا زور، معانی کا جوش، یہ تمام شعرار کی مخصوص صفات ہیں، اسی طرح تمام فلسفیوں کی ایک خاص دماغی کیفیت ہوتی ہے، خاموشی، غور و فکر، دقتِ نظر، خارجی عالم سے بے پروائی، تصور میں انہماک، خلوت گزینی، اخلاق کی خشکی، انغرض جس طرح قوم اور آب و ہوا کے اختلاف کی بنا پر جدا اصنافِ انسانی پیدا ہوتے ہیں، اور اُن میں جداگانہ وضع امتیاز ہوتا ہے، اسی طرح دماغی و ذہنی و روحانی اختلافِ استعداد کی بنا پر جدا اصنافِ انسانی پیدا ہوتے ہیں، ان میں بھی یہ اختلاف و امتیاز نظر آتا ہے، خیالی چیزوں [illegible] ہر دم کے دم میں [illegible]

ویرانہ اور ویرانہ کو آبادی، پہاڑ کو میدان اور میدان کو پہاڑ بنا سکتے تھے، مگر وہ بیٹھکر فلسفہ اخلاق پر چند صفحے نہیں لکھ سکتے تھے، افلاطون تنہائی میں بیٹھکر جمہوریت کا فلسفیانہ خاکہ تیار کرسکتا تھا مگر ایتھنز کے تخت پر بیٹھکر ایک لحہ حکمرانی کا فرض انجام نہیں دے سکتا تھا، سلطان محمود کے دربار کی شاعر فردوسی نے اپنی طبیعت کے زور سے سینکڑوں خیالی سومنات کے معرکے فتح کئے لیکن پتھر کی ایک چٹان پر بھی کلہاڑی نہ مارسکا، اس کے برخلاف سلطان محمود فوجوں کے دل بادل کے ساتھ پہاڑوں کو چیرتا دریاؤں کو پھاڑتا، اور ریگستانوں میں پانی بہاتا ہوا غزنی سے چل کر گجرات کے کنارے تک پہنچ گیا، اور سومنات کے سنگی قلعہ اور مجسمہ کو چکنا چور کرڈالا، مگر فردوسی کی طرح تنہا بیٹھکر وہ خیالی شاہنامہ کا ایک معرکہ بھی فتح نہیں کرسکتا تھا،

ان مثالوں سے یہ ثابت ہے کہ نوعِ انسانی میں اشتراک ہونے کے باوجود اصنافِ انسانی کی ہزاروں قسمیں ہیں، اور ان میں سے ہر قسم و صنف کے الگ الگ خصوصیات، صفات اور لوازم ہیں، ان ہی مختلف اصنافِ انسانی میں انبیاء علیہم السلام کی بھی ایک صنف ہے، اور نوعِ انسانی کی اس مقدس صنف کے بھی چند خاص اوصاف خصوصیات اور لوازم ہیں، جو اُن کو دوسرے اصنافِ انسانی سے علانیہ ممتاز بناتے ہیں،

اس تمہید کے بعد اب ہم کو اس مسئلہ کی طرف توجہ کرنی چاہیئے کہ نبوت و رسالت کے اہم لوازم اور خصوصیات کیا ہیں،

وہبی استعداد | ان میں سے سب سے پہلی چیز وہبی استعداد ہے، اس حقیقت سے کون انکار کرسکتا ہے کہ مختلف انسانوں میں مختلف قسم کی فطری استعدادیں پائی جاتی ہیں، اور اُن ہی کی طرف اُن کا طبعی

میلان ہوتا ہے، اور جیسے جیسے وہ آگے بڑھتے جاتے ہیں، اُن کی استعداد اور میلان طبع کا جوہر برگ و بار پیدا کرنے لگتا ہے، یہاں تک کہ ایک خاص مقررہ مدت میں جاکر وہ پوری طرح ظاہر ہو جاتا ہے جس طرح ہر درخت سے آم کا پھل پیدا نہیں ہو سکتا، بلکہ اسی سے ہو گا جس کو خدا نے آم کا درخت بنایا ہے، پھر آم کے درخت کے آثار، خواص، پھل، اُس کا مزہ، اُس کا رنگ۔ و بو غرض جملہ خصوصیات خود اس درخت میں اُسی وقت موجود ہوتے ہیں، جب وہ ہنوز تخم کی صورت میں ہوتا ہے، وہی تخم پودا بنتا ہے، پودا بڑھتا ہے کونپل اور شاخیں پیدا کرتا ہے، اور چند سال میں پھل دینے لگتا ہے لیکن اپنی ترقی کے ہر دور میں وہ اپنے مخفی خصوصیات وہی رکھتا ہے، جو ایک دن اس سے آخر میں ظاہر ہونے والے ہیں، اور اس پھل کی صفت ہمیشہ اُس میں بالقوۃ موجود تھی،

اسی تمثیل کے مطابق یہ سمجھنا چاہیئے کہ ہر انسان کوشش سے نبی نہیں ہو سکتا، بلکہ وہی ہو سکتا ہے جس کو خدا نے نبی بنایا ہے، اور نبوت کے یہ آثار، خواص، اور کیفیات اس میں بالقوۃ اور استعداد کی صورت میں اسی وقت سے موجود رہتے ہیں، جب وہ ہنوز آب و گل کے عالم میں ہوتا ہے، شاید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد کا کہ میں اُسی وقت نبی تھا، جب آدم ہنوز آب و گل میں تھے[1] اسی قسم کا مطلب ہو گا۔

انبیائے کرام علیہم السلام کی سیرتوں پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے، کہ وہ جب سے عرصۂ وجود میں قدم رکھتے ہیں، اسی زمانہ سے آنے والے وقت اور ملنے والے منصب کے آثار اُن سے ظاہر ہونے لگتے ہیں، وہ حسب نسب، در سیرت و صورت میں ممتاز ہوتے ہیں، شرک و کفر کے

---

[1] جامع ترمذی مناقب نبوی و مستدرک حاکم مناقب محمدی ج دوم ص ۶۰۰ حیدرآباد۔

ماحول میں ہونے کے باوجود اُس کی گندگی سے بچائے جاتے ہیں، اخلاقِ حسنہ سے آراستہ ہوتے ہیں، اُن کی دیانت، امانت، سچائی، راست گفتاری مسلّم ہوتی ہے، اور یہ تمہیدیں اس لئے ہوتی ہیں تاکہ منصب ملنے کے بعد اُن کے دعوائے نبوّت کی تصدیق، اور لوگوں کے میلانِ خاطر کا سامان پہلے ہی سے موجود رہے، حضرت ابراہیمؑ، حضرت اسمٰعیلؑ، حضرت اسحاقؑ، حضرت یوسفؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت سلیمانؑ، حضرت یحییٰؑ، حضرت عیسیٰؑ، اور حضرت محمد رسول اللہ صلوات اللہ علیہم کے حالات و واقعاتِ قبل نبوت پڑھو، تو ہمارے اس دعویٰ کی سچائی تم کو نظر آئیگی، حضرت ابراہیمؑ کا نبوّت پانے کے پہلے ہی سے آسمان و زمین کے خالق کی تلاش، سورج، چاند، اور ستاروں پر متفکرانہ نظر، اور بت پرستی کے خلاف نفرت کا شدید جذبہ کس بات کی شہادت ہے؟ حضرت اسمٰعیلؑ کا بے آب و گیاہ میدان میں پرورش پانا، چاہِ زمزم کا ظہور، آنے جانے والے قافلوں کا اسکی آبادی کی طرف میلان چلنے پھرنے کے قابل ہوئے، تو مقدس باپ کے ساتھ مقدس سفر کے لئے تیاری، اور اس کمسنی میں باپ کے خواب کو عملی جامہ پہنانے کے لئے پوری آمادگی، اور صبر و شکر اور تسلیم و رضا کا اظہار کس مستقبل کی خبر دیتا ہے؟ حضرت اسحٰقؑ کا فرشتوں کی بشارت سے پیدا ہونا اور پیدائش سے پہلے ہی غُلٰمٍ عَلِیْمٍ (حجر۔۴) کا خطاب پانا، پھر مقدس باپ کی جانشینی اور اورشلیم کی مسجد کی پاسبانی کے لئے انتخاب کس مقصود کا دیباچہ ہے؟

حضرت یوسفؑ کا بچپن میں رویائے صادقہ، اور صبر و شکر، اور پاکدامنی کس بات کی گواہی دیتی ہے؟ حضرت موسیٰؑ کی عین خطرہ میں پیدائش، حفاظت، پرورش اور نبوت سے پہلے ہی فرعونیوں سے تن تنہا، مجاہدانہ آویزش، کس مبتدا کی خبر ہے؟ حضرت سلیمانؑ کا آغازِ عمر ہی میں فہم

فصلِ مقدمات کی قوت کس نتیجہ کے آثار ہیں ؟ حضرت یحییٰ کی دعائیہ پیدایش بچپن ہی میں ان کی نیکی سعادتمندی، نرم خوئی، پاکی، کس مقصد کی تمہید ہے؟ حضرت عیسیٰؑ کی پیدایش اور بچپن ہی میں نیکی، سلامت روی، توراۃ کی حقیقت رسی کس روزِ روشن کی صبح ہے، اور خود محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے لئے دعائے خلیل، نوید مسیحا، رویائے آمنہ، اور احوال ولادت وتربیت، مراسم شرک سے اجتناب، اخلاقِ حسنہ، دیانت، امانت آثارِ خیر وبرکت، نبوت سے پہلے ہی تنہائی پسندی، خلوت گزینی، حقیقت کی تلاش، اور غور وفکر کس خورشید جہانتاب کا مطلعِ انوار ہے۔

حضرت اسماعیلؑ کا یہ حال ہے،

| | |
|---|---|
| فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِيْمٍ فَلَمَّا بَلَغَ مَعَهُ السَّعْيَ قَالَ يٰبُنَيَّ اِنِّيْٓ اَرٰى فِي الْمَنَامِ اَنِّيْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ مَاذَا تَرٰى قَالَ يٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا تُؤْمَرُ سَتَجِدُنِيْٓ اِنْ شَاۗءَ اللّٰهُ مِنَ الصّٰبِرِيْنَ (صٰفّٰت) | تو ہم نے ابراہیم کو ایک بردبار لڑکے کی خوشخبری دی تو جب وہ اس کے ساتھ دوڑنے کی عمر کو پہنچا تو اس نے کہا کہ اے میرے بیٹے! میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ تجھ کو میں ذبح کر رہا ہوں اس نے جواب دیا اے میرے باپ کر ڈال جو تجھے کہا گیا، |

(حاشیہ: اس بات کو یاد رکھنا چاہئے کہ بعض اس واقعہ ...)

حضرت موسیٰ کو یہ خطاب ہے،

| | |
|---|---|
| وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلَيْكَ مَرَّةً اُخْرٰٓى اِذْ اَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّكَ مَا يُوْحٰٓى (طٰہٰ-۲) | اور ہم نے تجھ پر دوسری دفعہ احسان کیا جب (تیری حفاظت اور پرورش کے متعلق) تیری ماں کے دل میں وہ بات ڈالدی جو ڈالی گئی |

حضرت یحییٰ کی نسبت یہ ارشاد ہے،

يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ط وَ — اے یحییٰ کتاب (توراۃ) کو مضبوطی سے پکڑ لو

اٰتَيْنٰهُ الْحُكْمَ صَبِيًّا ۙ وَّحَنَانًا مِّنْ — ہم نے اسکو فیصلہ کرنے کی قوت بچپن ہی میں دی

لَّدُنَّا وَزَكٰوةً ط وَكَانَ تَقِيًّا ۙ وَّبَرًّا — اور اپنے پاس سے رحم دلی اور ستھرائی اور تھا پرہیزگار

بِوَالِدَيْهِ وَلَمْ يَكُنْ جَبَّارًا عَصِيًّا — اور اپنے ماں باپ کا فرمانبردار تھا، زبردستی

وَسَلٰمٌ عَلَيْهِ يَوْمَ وُلِدَ ، (مریم۔۱) — کرنیوالا نافرمان نہ تھا سلامتی ہو اس پر جس دن پیدا ہوا

نیز حضرت عیسیٰؑ کے متعلق ہے،

كَيْفَ نُكَلِّمُ مَنْ كَانَ فِي الْمَهْدِ — ہم کیسے اس سے بات کریں جو ہنوز گہوارہ میں

صَبِيًّا ، قَالَ اِنِّيْ عَبْدُ اللّٰهِ ط اٰتٰنِيَ الْكِتٰبَ — بچہ ہے عیسیٰؑ نے کہا میں خدا کا بندہ ہوں،

وَجَعَلَنِيْ نَبِيًّا وَّجَعَلَنِيْ مُبٰرَكًا — مجھے کتاب الٰہی دی، اور مجھے نبی ٹھہرایا،

اَيْنَ مَا كُنْتُ ، (مریم۔۲) — اور مبارک بنایا، میں جہاں ہوں

"الامین" نبوت کے پہلے کی اپنی پوری زندگی، موقع شہادت میں بے خطر پیش کر دیتا ہے۔

فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ ط — تو اس (پیغمبری کے دعویٰ) سے پہلے میں

اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ، (یونس۔۲) — تم میں ایک عمر گذار چکا ہوں کیا تم نہیں سمجھتے

انبیاء علیہم السلام کے احوالِ مبارکہ کے یہ جزئیات، باہم مل کر اپنی نسبت خود کلیہ بنا کر پیش کرتے ہیں۔

**غیبی علم** | نبوت کا دوسرا سب سے اہم خاصہ اس کا غیبی علم ہے، یعنی وہ علم جو عام انسانوں کی طرح

Marfat.com

وجدان، احساس یا عقل و قیاس سے نہین بلکہ براہ راست صدائے غیب، یا رویائے صادقہ یا فرشتون کے ذریعہ سے خدائے پاک سے حاصل ہوتا ہے، اسی کے آغاز سے نبوت کی استعداد بالقوۃ کا عملی ظہور شروع ہو جاتا ہے، اس مسئلہ کو پوری طرح سمجھنے کے لئے کسی قدر تفصیل کی ضرورت ہے،

**علم انسانی کے ماخذ** علم انسانی کی دو قسمیں ہیں، ایک وہ جو بلا واسطہ ہوتا ہے، اور دوسرا وہ جو کسی واسطہ سے حاصل ہوتا ہے، بے واسطہ علم کی بھی تین قسمین ہین،

۱- **وجدان**، انسان کو اپنے جسمانی وجود اور اس جسمانی وجود کے اندرونی کیفیات کا علم سب سے زیادہ یقینی طور سے ہوتا ہے، ہر شخص کو اپنے وجود کا یقین ہے، اور اس کے اندر بھوک، پیاس، بیماری، صحت، غم، خوشی، خوف وغیرہ اندرونی تغیرات کا علم اس کو بلا واسطہ از خود ہو جاتا ہے،

۲- **فطرت** اس میں کوئی شک و شبہ نہین ہے کہ ہر نوع مخلوق کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے کچھ ایسی نوعی خصوصیتیں عطا ہوتی ہیں، جو دوسری نوعون مین نہیں پائی جاتین، اور انہی سے باہم نوعون کا اختلاف اور امتیاز ظاہر ہوتا ہے، ان نوعی خصوصیتون کا علم ہر نوع کے افراد کو بلا کسی ذریعہ اور واسطہ کے از خود ہوتا ہے، اور اسی کو بعض علماء کی اصطلاح میں فطری یا نوعی الہام اور اہل فلسفہ کی اصطلاح میں "جبلت" کہتے ہین، حیوانات کو اپنے متعلق بہت سی باتون کا علم از خود فطرۃً ہوتا ہے، پرندون کے بچون کو دانہ چگنا، اور اڑنا کون سکھاتا ہے، آبی جانورون کو تیرنے کی تعلیم کون دیتا ہے، شیر کے بچہ کو درندگی کا سبق کس معلم نے پڑھایا، انسان کے بچہ کو پیدا ہوتے ہی رونا اور دودھ پینا کون سکھا دیتا ہے،

Marfat.com

۳۔ بداہتِ اولیہ انسان کو کچھ ہوش و تمیز آنے کے بعد بلا دلیل بعض ایسی باتیں از خود یا بادنیٰ تامل اس طرح معلوم ہو جاتی ہیں کہ اُن میں پھر کسی قسم کا شک وشبہہ راہ نہیں پاتا دو اور دو چار ہوتے ہیں، برابر کا برابر برابر ہوتا ہے، ایک ہی وقت میں ایک ہی چیز سیاہ و سپید دونوں نہیں ہو سکتی، ہر نئی ہونے والی چیز کا کوئی بنانے والا ہوتا ہے، وغیرہ بہت سے ایسے ضروری مقدمات اور کلیات جن پر انسان کے استدلال کا تمامتر مدار ہے، اُس کو بداہۃً معلوم ہو جاتے ہیں؛

یہ تو بلا واسطہ علم کی تین قسمیں تھیں، اس کے بعد علم انسانی کی وہ قسمیں ہیں جن کا علم اس کو کسی واسطہ سے ہوتا ہے، انسان کے پاس اس قسم کے دو واسطے ہیں، ایک احساس اور دوسرا عقل، پہلے سے وہ گردو پیش کی مادی چیزوں کا، اور دوسرے سے ان مادی چیزوں کا جو سامنے موجود نہیں، یا سرے سے خارج میں موجود نہیں، بلکہ عالم غیب میں ہیں، یا صرف ذہن میں ہیں علم حاصل کرتا ہے؛

۴۔ انسان کے جسم کے اندر پانچ قسم کی جسمانی قوتیں ہیں، باصرہ، سامعہ، شامہ، ذائقہ، لامسہ، باصرہ دیکھتی، سامعہ سنتی، شامعہ سونگھتی، ذائقہ چکھتی، اور لامسہ چھوتی ہے، ان ہی کا نام حواسِ خمسہ ہے، انسان کے پاس یہی پانچ آلات ہیں، جن کے ذریعہ سے وہ اُن مادی چیزوں کے متعلق علم حاصل کرتا ہے، جو اس کے ان آلات سے آکر ٹکراتی ہیں، اسی کا نام احساس ہے ہم چکھ کر مزہ پاتے سُن کر آواز پہچانتے، دیکھ کر صورت جانتے، چھو کر سختی و نرمی دریافت کرتے، اور سونگھ کر بو معلوم کرتے ہیں، ان حواس کے ذریعہ سے بھی جو علم ہم کو ہوتا ہے، وہ اکثر یقینی اور شاذو نادر غلط بھی ہوتا ہے کیونکہ وہ کبھی کبھی کسی سبب سے دھوکا بھی کھاتے ہیں، اور دریافت میں غلطی بھی کرتے ہیں؛

Marfat.com

اور دلائل سے ان کا یہ دھوکا اور اُن کی غلطی ثابت ہوتی ہے، بیماری میں قوت ذائقہ بدل گئی ہے اور اُس نے میٹھے کو کڑوا بتایا ہے، تیز حرکت میں قوت باصرہ نے ہم کو دھوکا دیا ہے، ریل میں ہم کو ساکن اور ٹھہری ہوئی چیز چلتی ہوئی معلوم ہوتی ہے، چلتے ہوئے جہاز میں جہاز ہم کو ٹھہرا ہوا معلوم ہوتا ہے متحرک چنگاری کا نقطہ تیز سیدھی حرکت میں ہم کو آتشیں خط اور گول حرکت میں آتشیں دائرہ معلوم ہوتا ہے آسمان کے چمکتے ہوئے بڑے بڑے ستارے کتنے چھوٹے معلوم ہوتے ہیں لیکن کیا درحقیقت وہ ایسے ہی چھوٹے ہیں،

۵۔ علم بالواسطہ کی دوسری قسم وہ ہے جس کو ہم اپنی عقل و قیاس، غور و فکر اور استدلال کے ذریعہ سے حاصل کرتے ہیں، اس کی بنیاد درحقیقت اُن ہی معلومات پر ہوتی ہے جن کا علم ہم کو اپنے وجدان، الہام فطری (یا جبلت) بداہت اولیہ اور احساس سے پہلے ہو چکا ہے، اور ان ہی معلوم شدہ . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . . .

امور پر غیر معلوم امور کو تمثیل یا استقرار کے ذریعہ سے قیاس کر کے اُن معلوم شدہ امور کے خصوصیات اور آثار کا حکم ان غیر معلوم لیکن مشابہ و مماثل امور پر لگا کر نیا نتیجہ حاصل کرتے ہیں، وہ غیر معلوم امر جس پر معلوم امور کے ذریعہ ہم کوئی حکم لگاتے ہیں، اگر مادی ہوتا ہے، تو نتیجہ چنداں غیر مشکوک نہیں ہوتا، سوائے اس کے کہ جزئیات کا استقرار پورا نہ کیا گیا ہو، یا تمثیل تام نہ ہو، یا تجربہ مشاہدہ نے دھوکا دیا ہو یا کوئی اور اصولی غلطی ہو گئی ہو، طبعیات اور سائنس کے مسائل بھی اسی طرح معلوم کئے گئے ہیں لیکن اگر وہ امر مجہول غیر مادی ہے تو مادی امور پر اُس غیر مادی کو قیاس کر کے اس کی نسبت جو کچھ کہا جائے گا، اس کا مرتبہ ظن و تخمین سے آگے نہیں بڑھتا، مگر یہ کہ وہ تمام تر

Marfat.com

فطریات و بدیہیات و محسوسات پر علانیہ منتہی ہو، مابعد الطبیعہ اور فلسفۂ الٰہیات کے مسائل اسی طریقۂ استدلال سے حاصل ہوتے ہیں، اور اسی لئے اُن میں اختلافات کی بڑی گنجائش نکلتی ہے کہ اُن کے آخری نتیجہ اور ابتدائی بنیادی وجدانی یا بدیہی یا حسّی مقدمات کے درمیان قیاسات کی کئی منزلیں ہیں، اور اُن میں سے ہر منزل خطروں سے لبریز ہے، مشابہت و مماثلت میں دھوکا ہو سکتا ہے عقلی اور وجدانی اور حسّی اشیاء کے خواص کے درمیان اختلاف اور فرق ہو سکتا ہے، غور و فکر بحث و نظر تحقیق و جستجو اور ترتیبِ مقدمات جو اس قیاس عقلی کے کارکن اور فاعل ہیں، وہ اپنے کام میں دھوکا کھا سکتے ہیں، اسی لئے یہ علوم شکوک و شبہات سے لبریز ہیں،

**ذرائعِ علم کے حصول کے زمانے اور اُن کے مراتب**

سطورِ بالا سے ہویدا ہے کہ ہمارے سب سے زیادہ یقینی علوم ہمارے **وجدانیات اور فطریات** ہیں، جو ہم کو قدرت کی طرف سے سب سے پہلے عنایت ہوتے ہیں کہ ہمارے وجود کی بقا اس علم پر موقوف ہے، جیسے بھوک اور پیاس کا احساس، اور اس علم کا یقینی ہونا بھی ضروری ہے، ورنہ ہم اپنا وجود قائم نہ رکھ سکیں گے، ہم کو جو بھوک یا پیاس لگتی ہے کیا اس کے یقینی اور قطعی علم میں ہم سے غلطی ہو سکتی ہے، اور کیا کسی کے شک دلانے سے ممکن ہے کہ تم کو بھوک نہ ہو ممکن ہے کہ تم کو پیاس نہ ہو کبھی بھوکے یا پیاسے کو اپنی بھوک اور پیاس کے متعلق شک ہو سکتا ہے، اور یہ احساس اور علم وجود کے ساتھ ساتھ انسان کو ملتا ہے یہاں تک کہ آج کا پیدا شدہ بچہ بھی اس کا احساس کرتا، اور علم رکھتا ہے، ورنہ وہ اپنے وجود کو قائم نہ رکھ سکے،

وجدانیات و فطریات کے بعد محسوسات کا علم انسان کو ملتا ہے، دیکھنا، سننا، چکھنا، سونگھنا، چھونا، یہ ہمارے پانچ حواس ہیں، جو ہمارے مادی علم کے آلات ہیں، اور جن کے بغیر کوئی باہر کا علم

Marfat.com

ہمارے اندر نہیں آسکتا، یہ احساسات بھی ایک ہی دفعہ نہیں کمال پا جاتے، بلکہ ضرورت کے مطابق حسب استعداد ملتے اور ترقی پاتے ہیں، اور پیدائش کے چند ماہ بعد یہ تکمیل کو پہنچتے ہیں، کیونکہ وجود کی بقا اور ضروریات کی تکمیل ابھی سے ان پر رفتہ رفتہ موقوف ہوتی جاتی ہے،

محسوسات کے بعد بدیہیات اوّلیہ کا درجہ آتا ہے، انسان کو اپنے اس علم میں بھی وہی اذعان وقطعیت ہوتی ہے، دو دو چار ہوتے ہیں، دس پانچ کا دونا ہے، ایک چیز ایک ہی وقت میں دو جگہ نہیں ہو سکتی، ایک چیز ایک ہی وقت میں سیاہ و سپید نہیں ہو سکتی، ان بدیہی علوم کو ہر شخص مانتا اور تسلیم کرتا ہے، مگر اس کا علم انسان کو بچپن میں نہیں ہوتا، بلکہ تمیز ورشد کے بعد ہوتا ہی، کیونکہ اسی وقت اس کی ضرورت پیش آتی ہے، اگر یہ علوم اس سن میں اس کو عطا نہ ہوں تو وہ دنیا کے ضروری کاروبار چلانے کے لائق نہ ہو، اور نہ دوسرے علوم کی دریافت کی اس میں استعداد پیدا ہو، فطری احمق اور بیوقوف ان ہی کو کہتے ہیں، جن میں ان بدیہیات کا علم کم یا بالکل نہیں ہوتا،

سب سے اخیر میں اس علم کا درجہ آتا ہے، جو وجدانیات، فطریات، بدیہیات اور محسوسات پر قیاس کے ذریعہ سے حاصل ہوتا ہے، اور جس کو علم معقولات کہتے ہیں، اسی علم، اور اسی کی قوت کی کمی بیشی کا نتیجہ ہے کہ انسانی عقلیں درجہ اور مرتبہ میں متفاوت ہوتی ہیں، ایک طرف تو (کمی کی سمت میں) وہ حماقت تک پہنچ جاتی ہیں، اور دوسری طرف (سمت کمال میں) عاقل، عاقل تر اور عاقل ترین طبقہ تک پہنچی ہوجاتی ہیں، یہاں تک کہ وہ درجہ بھی آتا ہے کہ کسی کی عقل اس مرتبہ تک جا پہونچتی ہی، جہاں کوئی اس کا دوسرا حریف اور ہمسر نہیں ہوتا، ایک جاہل حبشی سے لے کر ارسطو تک

بوعلی سینا تک سب ہی عقلی مدارج کے مختلف انسانی نظائر ہیں، باایں ہمہ یہ ظاہر ہو کہ اس علم کا طریقہ نہایت پُرخطر اور منزلِ مقصود ہمیشہ مشکوک رہتی ہے،

عام طور سے انسانی علم کے یہ پانچ ذریعے اور طریقے سمجھے جاتے ہیں لیکن درحقیقت ایک اور ذریعہ بھی ہے جس کا تعلق تمامتر ماورائے مادہ سے ہے، غور کیجئے کہ آپ کا سب سے پہلا علم یعنی وجدانیات آپ کے اندرونی حواس کا نتیجہ ہے، دوسرا یعنی فطریات کا علم خالقِ فطرت خود آپکے اندر ودیعت رکھتا ہے، تیسرا علم یعنی محسوسات کا علم آپ کے اُن ظاہری حواس کا نتیجہ ہے، جو گو باہر ہیں مگر آپکے جسم کے اندر ہیں، آپ کا چوتھا ذریعۂ علم یعنی بدیہیات اولیہ آپ کے حواس اور ذہن کا ایک مشترک فیصلہ ہیں، پانچواں ذریعۂ علم جو آپ کی عقل و ذہن کی قیاس آرائی ہے، وہ آپ ہی کے اندر کے دماغی قویٰ کا عمل ہے، تھوڑے تامل سے معلوم ہوگا کہ آپ کا علم وجدان سے لیکر ذہن تک بتدریج مادیت سے ترقی کرکے ماورائے مادہ کے قریب تک پہنچتا ہے، وجدان تمامتر ہماری اندرونی جسمانی مادیت ہے، جس میں کوئی شک نہیں، محسوسات بھی ہمارے ہی جسم کے مادی آلاتِ علم کے نتائج ہیں، بدیہیات ہمارے حواس سے جو مادی ہیں، اور ہمارے ذہن سے جو غیر مادی ہے، مشترک تعلق رکھتے ہیں، یعنی بدیہیات، مادی اور غیر مادی ذرائع علم کے بین بین ہیں، اور معقولات تمامتر ذہنی اور غیر مادی ہیں، تاہم اس غیر مادی قوت کا مرکز ہمارا مادی جسم ہی ہے، اور اس حد تک اس غیر مادی قوت کا مادہ سے تعلق بہرحال ہوتا ہے،

غیر مادی علم

اب اس کے بعد اُس علم کا درجہ آتا ہے، جس کی سرحد اُس کے بعد آتی ہے، اور جس کا تعلق مادہ سے اتنا بھی نہیں ہوتا جتنا معقولات اور ذہنیات کا ہے، وہ تمامتر مادہ اور مادیات سے پاک

ہوتا ہے، اُس کو مادہ سے اسی قدر لگاؤ ہوتا ہے کہ وہ علم مادی دل و دماغ کے آئینہ پر اوپر سے آکر اپنا عکس ڈالتا ہے،

اس غیر مادّی علم کے بھی بہ ترتیب مختلف درجے ہیں جن کو فراست، حدس، کشف، الہام او وحی کہتے ہیں، اور جس طرح انسانی علم کے مذکورۂ بالا پانچوں ذریعے انسان کے جسمانی قوی سے متعلق تھے، اسی طرح یہ غیر مادی ذرائع، انسان کے روحانی قوی سے وابستگی رکھتے ہیں، اور جس طرح آپ نے دیکھا ہے کہ وجدانیات سے لیکر عقلیات تک بہ ترتیب ہمارا ذریعۂ علم خالص مادی، کامل مادی، [illegible] کم مادی، اور برائے نام مادی تک ترقی کرتا چلا گیا ہے، اسی طرح فراست، حدس، کشف، الہام اور وحی بھی برائے نام مادی و روحانی سے لیکر پھر روحانی، کامل روحانی، اور خالص روحانی ذریعہ تک ترقی کرتے چلے گئے ہیں،

فراست کے لفظی معنی تاڑ جانے کے ہیں، تاڑ لینے کی قوت ہر شخص میں نمایاں نہیں ہوتی، اگرچہ سب میں نمایاں ہوتی ہے، اُس کی یہ کیفیت ایک ملکہ کے ذریعہ سے حاصل ہوتی ہے، جو تجربہ کی کثرت، اور عمل کی مہارت اور کمال کے بعد انسان کو حاصل ہو جاتا ہے، اور جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ کسی چیز کے دیکھنے، سننے، چکھنے، سونگھنے، یا چھونے کے ساتھ ہی صرف بعض علامتوں کے جان لینے سے دوسری متعدد ضروری علامتوں پر تفصیلی نظر ڈالے بغیر اتنی جلدی انسان صحیح نتیجہ تک پہنچ جاتا ہے کہ دیکھنے والوں کو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا وہ غیب کی بات بیان کر رہا ہے، حالانکہ اس کا علم تمام تر انہی مادی آثار اور نشانوں پر مبنی ہوتا ہے جن کو ہر شخص دیکھ سکتا تھا، مگر دیکھتا نہ تھا، ایسے [illegible] انہی کی برابر ہر شخص کے مشاہدہ میں آتے رہتے ہیں، جس کو کسی چیز یا فن سے ملکہ پیدا ہو جاتا ہے

اس کو حاصل ہو جاتی ہے، جرائم کے پتہ لگانے والے ماہرین اور جاسوس اپنے فن کی فراست میں یہ کمال رکھتے ہیں کہ صورت دیکھی اور تاڑ گئے، اسی طرح ہر علم و فن کے ماہرون کو اپنے اپنے فن کے اندر یہ ملکہ حاصل ہو جاتا ہے، اخیار اور نیکوکارون کو اپنی جماعت کے افراد کے پہچان لینے اور جان لینے کی طاقت بھی اسی طرح حاصل ہوتی ہے، اور اسی کو ایک حدیث میں ان الفاظ مین ادا کیا گیا ہے،

| | |
|---|---|
| اتقوا فراسة المومن فانه ینظر | مومن کے تاڑ لینے سے ڈرو کہ وہ خدا کی |
| بنور اللّٰہ، (ترمذی) | روشنی سے دیکھتا ہے، |

۲۔ فراست کے بعد حدس کا درجہ ہے۔ فراست کے ابتدائی مقدمات حواس پر مبنی ہوتے ہین لیکن حدس کے ابتدائی مقدمات ذہنی اور عقلی ہوتے ہین، اور ان ہی ذہنی اور عقلی مقدمات کے غور و فکر، تلاش اور ترتیب سے نتیجہ حاصل ہوتا ہے، مگر فطری کمال یا فن کی حاصل کردہ مہارت کے سبب سے غور و نظر، فکر و تلاش اور ترتیب مقدمات کے منطقیانہ مرحلوں کو ذہن رسا اس تیزی اور سرعت کے ساتھ طے کر کے آخری نتیجہ تک پہنچ جاتا ہے۔ کہ خود اس کو بھی اس کا احساس نہیں ہوتا کہ اس نتیجہ کے حاصل کرنے مین اس نے کوئی دماغی عمل بھی کیا ہے، یہ چیز بھی اکثر کامل العقل اور صائب الرائے انسانون کو فطرۃً عطا ہوتی ہے، اور دنیا کے مشہور عقلا، اور دانایان روزگار کے واقعات مین اس کی کثرت سے مثالیں ملتی ہیں،

۳۔ کشف کے لفظی معنی تو کھولنے اور پردہ اٹھانے کے ہیں، مگر اس سے مقصود یہ ہے کہ مادیت کے ظلمانی پردہ کو چاک کر کے مادی چیز روحانی عالم مین مشاہدہ کے سامنے آجاتی ہے، وہ کبھی اصلی صورت مین اور کبھی اپنی مثالی صورت مین نظر آتی ہے، عام لوگون کے سمجھنے کے لئے

Marfat.com

اس کی بہترین مثال خواب کی ہے. فرق اتنا ہے کہ خواب عالمِ خواب کی بات ہے، اور کشف عالمِ بیداری کی، جس طرح عام لوگوں کو خواب مین جب ظاہری حواس بیکار ہو جاتے ہیں، ایسی خبریں معلوم ہوتی ہیں، جو کبھی کبھی عین واقعہ ثابت ہوتی ہین، اسی طرح خاص لوگون پر بیداری ہی میں ظاہری حواس کے تعطل سے ایسا سمان پیش آتا ہے، ہر شخص کے تجربے میں ایسے متعدد حیرت انگیز واقعات گذرتے رہتے ہیں،

۴- الہام کے لفظی معنی "دل میں ڈالنے کے" ہیں، اور اس سے مراد وہ علم ہے، جو محنت، تلاش، تحقیق، غور اور ترتیب مقدمات کے بغیر دل میں آجاتا ہے، اور ممکن ہے کہ اسکی صحت بعد کو حسی تجربون اور عقلی دلیلون سے بھی ثابت ہو جائے، مگر خود وہ علم پہلے پہل ذہن مین کسی حسی تجربہ یا عقلی دلیل کے نتیجہ کے طور پر نہیں آتا، بلکہ خود بخود دل میں آجاتا ہے، کیون آتا ہے؟ اور کہاں سے آتا ہے؟ اس کے جوابات مختلف ہو سکتے ہیں، مگر یہ واقعہ ہے کہ وہ آتا ہے اور اس سے کسی کو انکار نہیں ہو سکتا، اسکی ابتدائی اور معمولی مثالیں وہ خیالات ہین جو محققین، علماء، شعراء، اور موجدین کے ذہن میں پردۂ عدم سے پہلے پہل آتے ہیں، اور وہ اُن کو دنیا کے سامنے اپنی ایجادات کی صورت میں پیش کرتے ہین۔

۵- وحی کے لغوی معنی کسی کا اپنے دلی منشا کو لبون کو جنبش دیئے بغیر اخفا اور آہستگی کے ساتھ دوسرے پر ظاہر کر دینا ہیں، اور اصطلاحاً اس کے معنی خدا کا اپنے دلی منشا سے اپنے خاص بندون کو کسی غیبی ذریعہ سے مطلع کرنا ہیں، یہ علم و اطلاع کے روحانی ذریعون کی آخری سرحد ہے،

جس طرح علم کی تین جسمانی قسمیں یعنی وجدانیات، حسیات اور بدیہیات عام انسانون کے لئے یقینی ہیں، اسی طرح روحانی ذرائع علم کے یہ تین ذریعے کشف، الہام اور وحی انبیاء علیہم السلام

کے لئے یقینی ہین، اور جس طرح علم کے مادّی ذریعون مین سے یقین کا سب سے پہلا ذریعہ وہ ہے، جو تمامتر مادّی ہو یعنی وجدان، پھر حسّ ظاہر، اور پھر بدیہیات اسی طرح علم کے روحانی واسطون مین سب سے زیادہ یقینی وہ ہو جو تمامتر روحانی ہے، یعنی وحی، پھر الہام، پھر کشف،

ہم نے علم کے روحانی ذرائع کی جو تین قسمین کی ہین یعنی وحی، الہام اور کشف، یہ قرآن پاک کی اصطلاحیں نہیں ہیں، اسکی اصطلاح میں روحانی ذریعۂ علم کا نام مکالمۂ الٰہی (خدا سے بات کرنا) اور اس کی حسب ذیل تین قسمیں بیان کی ہیں،

۱۔ وحی (اشارہ) سے بات کرنا یعنی دل میں کسی معنی کا بغیر آواز اور الفاظ کے آجانا، یہ اگر حالت بیداری میں ہو، تو کشف ہی، اور اگر خواب مین ہو، تو رویا ہے،

۲۔ خدا کا پردہ کے پیچھے سے بات کرنا یعنی متکلم نظر نہین آتا، مگر غیب سے آواز آتی ہو اور الفاظ سنائی دیتے ہیں، اس کو الہام کہہ لو،

۳۔ فرشتے کے ذریعہ سے بات کرنا یعنی فرشتہ خدا کا پیغام لیکر سامنے نظر آتا ہو اور اس کے منھ سے وہ الفاظ ادا ہوتے ہیں جن کو نبی سنکر محفوظ کرلیتا ہے، اسی کو عام طور سے وحی کہتے ہیں، کیونکہ قرآن پاک کا نزول اسی آخری طریقہ سے ہوا ہے لیکن اس شہرت عام کے یہ معنی نہین ہین کہ دو اور دوسرے طریقے وحی کی قسمین نہیں ہیں، وحی کی ان اقسام کا ذکر سورۂ شوریٰ میں ہی،

| | |
|---|---|
| وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُكَلِّمَهُ اللَّهُ إِلَّا وَحْيًا | اور کسی آدمی کی یہ تاب نہین کہ اللہ اس سے بات کرے |
| أَوْ مِن وَرَاءِ حِجَابٍ أَوْ يُرْسِلَ رَسُولًا | لیکن وحی (اشارہ) سے یا پردہ کے پیچھے سے یا کسی قاصد |
| فَيُوحِيَ بِإِذْنِهِ مَا يَشَاءُ إِنَّهُ عَلِيٌّ حَكِيمٌ (شوریٰ ۵) | کو بھیجے تو وہ خدا کے حکم سے جو چاہے اسکی طرف وحی کردیتا ہے |

مکالمۂ الٰہی کے یہ تینوں طریقے یعنی وحی (اشارہ) سے بات کرنا، پردہ کے پیچھے سے بات کرنا اور فرشتہ کے ذریعہ سے بات کرنا وحی کی یہ تین مختلف قسمیں بھی ہیں، اور پھر ان تینوں کا اجمالاً مشترک نام بھی وحی ہے یعنی یہ مقسم بھی ہے، اور انہی تین قسموں میں سے بھی ایک پر اُس کا اطلاق ہوتا ہے، اسی آیت میں دیکھو کہ فرشتہ کے ذریعہ سے کلام کو بھی وحی فرمایا گیا، اور تینوں مذکورۂ بالا طریقوں میں جس طریقے سے بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو غیبی تعلیم و اطلاع دی گئی ہے، اس کو بھی وحی کے لفظ سے تعبیر کیا ہے، یعنی وہ عام مکالمۂ الٰہی کے مرادف بھی مستعمل ہوا ہے،

| | |
|---|---|
| مَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى، اِنْ هُوَ | نبی خواہشِ نفس سے کلام نہیں کرتا بلکہ |
| اِلَّا وَحْیٌ يُّوْحٰى، (نجم - ۱) | وہ وحی ہوتی ہے جو اس کو کیجاتی ہے، |

الغرض اسی امتیاز کے لئے علمی اصطلاحات میں ان تینوں طریقوں کے لئے کشف، الہام اور وحی کے تین علیحدہ علیحدہ الفاظ وضع کر دیئے گئے ہیں تاکہ بول چال میں ہر روحانی طریقۂ گفتگو دوسرے سے ممتاز ہو جائے، بیداری میں اشارہ سے بات کرنا کشف ہے، اور خواب کے عالم میں رویا ہے، پردہ کے پیچھے سے آواز کا آنا، الہام ہے، اور فرشتہ کی درمیانگی بات کرنا وحی ہے[۱]

**نکتہ** اوپر کی آیت میں جہاں اللہ تعالیٰ نے یہ ارشاد فرمایا کہ کسی بندہ کی یہ تاب نہیں کہ خدا اس سے بات کرے لیکن ان تین طریقوں سے اُس کے آخر میں فرمایا ہے کہ وہ سب سے بلند اور حکیم ہے،

---

[۱] ان اصطلاحات کی بحث کے لئے اصول فقہ کی اہم کتابوں کی طرف توجہ کرنی چاہیے، کم از کم اس موقع پر تحریر ابن ہمام المتوفی ۸۶۱ھ کی شرح التقریر والتحبیر لابن امیر الحاج المتوفی ۸۷۹ھ جزء ی جلد سوم صفحہ ۲۹۵ مطبعہ امیریہ بولاق مصر ۱۳۱۶ھ دیکھنی چاہیئے،

یعنی اس کی بلندی و برتری کا اقتضا تو یہ ہے کہ وہ کسی کو اپنے مکالمہ کے شرف کا مستحق نہ سمجھے، مگر اس کی حکمت کا اقتضا یہ ہے کہ وہ اپنے بندگانِ خاص سے عام بندوں کی ہدایت و رہنمائی کے لئے ان تین غیر معمولی طریقوں میں سے کسی طریقہ سے گفتگو فرمالے،

بہرحال غیبی ذریعۂ اطلاع کی یہ سب سے بلند قسم جس کو اصطلاح میں وحی کہتے ہیں، اس کا تجربہ عام لوگوں کو نہیں لیکن اس سے نیچے درجہ کے غیبی ذرائع اطلاع کا تجربہ ہر شخص کو تھوڑا بہت ہے اور ہر انسان کی زندگی میں جو بعض پُراسرار اور ناقابلِ فہم واقعات پیش آتے ہیں، اُن پر غور کرنے سے غیب کے اس اعلیٰ ترین ذریعۂ علم کا دھندلا سا خاکہ ذہن میں آسکتا ہے جس سے غیر جسمانی اور غیر حسی مادی ذرائعِ علم کے سمجھنے اور باور کرنے میں جو استبعاد معلوم ہوتا ہے، وہ دور ہو سکتا ہے خصوصاً اس عہد میں جب سائیکالوجی کی تحقیقات سے نفس کی بہت سی نامعلوم طاقتوں کا پتہ چل رہا ہے اور ہپنوٹزم کے ذریعہ ارواح سے خطاب و کلام کی سلسلہ جنبانی ہو رہی ہے، اور جدید روحانیات کا فن ایک مستقل سائنس کی صورت اختیار کر رہا ہے،

انبیاء علیہم السلام کو اپنے کشف، الہام، اور وحی پر اتنا ہی یقین ہوتا ہے جس قدر عام انسانوں کو اپنے وجدانیات، محسوسات، فطریات، اور بدیہیات پر، انبیاء کا یہ روحانی علم ایسا ہی اندرونی ہوتا ہے، جیسا عام انسانوں میں وجدانیات فطریات اور بدیہیات و محسوسات کا علم ہوتا ہے، جس طرح کسی شخص کو اس علم میں دھوکا نہیں ہو سکتا کہ اس کو بھوک یا پیاس معلوم ہو رہی ہے، یا اس کو غم یا خوشی ہے، اسی طرح نبی کو بھی اپنے روحانی وجدانیات میں دھوکا نہیں ہوتا، اور جس طرح تم کو اپنے فطریات میں یہ مغالطہ نہیں ہوتا کہ دو اور دو چار نہیں ہوتے، اسی طرح اس کو بھی پیغمبرانہ

نظریات میں مغالطہ واقع نہیں ہوتا، اور جس طرح تم کو اپنے محسوسات میں اگر کسی کو سامنے دیکھ رہے ہو، یا کسی کی آواز سن رہے ہو شبہہ نہیں ہوا کرتا، اُس کو بھی اپنے روحانی محسوسات میں شبہہ نہیں ہوا کرتا، غرض وہ اپنے ان جملہ غیبی اور روحانی ذرائع علم میں لغزش، فریب، خطا اور غلطی سے اسی طرح پاک ہوتا ہے جس طرح تم اپنے وجدانیات، نظریات، محسوسات اور بدیہیات میں غلطی اور خطا سے پاک ہوتے ہو،

**علمِ غیب** اسلام کے عقیدہ میں غیب کا علم خدا کے سوا کسی کو نہیں، قرآن میں بار بار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس اعلان کی ہدایت ہوئی ہے،

| | |
|---|---|
| فَقُلْ اِنَّمَا الْغَیْبُ لِلّٰہِ (یونس ۲) | تو کہہ دے اے پیغمبر کہ غیب خدا کے لئے ہے، |
| قُلْ لَا یَعْلَمُ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ | کہہ کہ آسمانوں میں اور زمین میں خدا کے |
| وَالْاَرْضِ الْغَیْبَ اِلَّا اللّٰہُ (نمل ۵) | سوا کوئی نہیں جس کو غیب کا علم ہو، |

رسول کہتے ہیں،

| | |
|---|---|
| وَلَا اَعْلَمُ الْغَیْبَ (انعام ۵) | اور میں غیب نہیں جانتا، |

لیکن اسی کے ساتھ دو موقعوں پر یہ بھی کہا گیا ہے کہ با اینہمہ خدا اپنے برگزیدہ پیغمبروں کو غیب کی اطلاع دیتا ہے،

سورۂ جن میں ہے،

| | |
|---|---|
| فَلَا یُظْهِرُ عَلٰی غَیْبِهٖ اَحَدًا اِلَّا | تو اللہ اپنے غیب کی بات کسی پر ظاہر نہیں |
| مَنِ ارْتَضٰی مِنْ رَّسُوْلٍ (جن ۲) | کرتا لیکن اس پیغمبر پر جس کو وہ پسند کرتا ہے، |

دوسری جگہ سورۂ آل عمران میں ہے،

Marfat.com

وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُطْلِعَكُمْ عَلَى الْغَيْبِ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَجْتَبِيْ مِنْ رُّسُلِهٖ مَنْ يَّشَآءُ (ص - ۱۰۰)

اور نہ تھا اللہ کہ غیب کی باتوں پر تم کو مطلع کرتا، لیکن یہ کہ اللہ اپنے پیغمبروں میں سے جس کو چاہے چن لیتا ہے،

ان دو آیتوں سے واضح ہوتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے برگزیدہ پیغمبروں کو غیب کی باتوں کی اطلاع دیتا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ جن آیتوں میں غیب دانی کی کلیتہً اور قطعاً نفی کی گئی ہے، اُن سے مراد ذاتی اور حقیقی علم ہے یعنی خدا کے سوا بالذات کسی کو غیب کا علم نہیں، البتہ خدا کے واسطہ اور ذریعہ سے اور اس کی تعلیم و اطلاع سے پیغمبروں کو اس کا علم حاصل ہوتا ہے، ساتھ ہی آیت الکرسی میں فرمادیا گیا،

وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ج (بقرہ - ۳۴)

اور وہ خدا کے ایک ذرہ علم کا بھی احاطہ نہیں کر سکتے، لیکن اتنے کا جتنے کا وہ چاہے،

یعنی اپنے علوم غیب سے جتنا اور جس قدر وہ پسند کرتا ہے، اور مصلحت سمجھتا ہے، وہ اُن کو بذریعہ وحی اُن سے واقف کرتا رہتا ہے، بایں ہمہ بعض باتوں کی نسبت جیسا کہ سورۂ ہود اور لقمان میں ہے اللہ تعالیٰ نے قطعی طور سے یہ فیصلہ کردیا ہے کہ ان کا علم کسی کو نہیں، مثلاً قیامت، بارش، موت اور شکم مادر میں لڑکا ہے یا لڑکی، کل کیا ہوگا، ان باتوں کو خدائے تعالیٰ کے سوا کوئی نہیں جانتا، اسی طرح بعض آیتوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرکے کہا گیا ہے کہ اس کا تم کو علم نہ تھا، جیسا کہ غزوہ تبوک میں عدم شرکت کے بعض عذر خواہ لوگوں کے متعلق سورۂ توبہ میں ہے کہ انھوں نے جھوٹی قسمیں کھا کر اجازت حاصل کرلی، خدا نے فرمایا،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ | خدا نے تجھ سے درگذر کیا، کیوں تو نے انکو |
| حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَ | اجازت دی، تاآنکہ تجھے معلوم ہو جاتے جو |
| تَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ (توبہ-۷) | سچ بولے اور جھوٹون کو جان لیتا، |
| لَقَدِ ابْتَغَوُا الْفِتْنَةَ مِنْ قَبْلُ وَقَلَّبُوْا | انھون نے پہلے فتنہ پیدا کرنا چاہا، اور تیرے |
| لَكَ الْاُمُوْرَ حَتّٰى جَآءَ الْحَقُّ وَظَهَرَ | سامنے واقعات الٹ دیے، یہانتک کہ حق |
| اَمْرُ اللّٰهِ وَهُمْ كٰرِهُوْنَ (توبہ ۷) | بات آگئی، اور خدا کی بات کھل گئی اور وہ ناخوش تھے |

آگے چل کر ہے،

| | |
|---|---|
| مَرَدُوْا عَلَى النِّفَاقِ لَا تَعْلَمُهُمْ | یہ نفاق پر اڑے ہیں، تو اُن کو نہیں |
| نَحْنُ نَعْلَمُهُمْ (توبہ-۱۳) | جانتا ہم جانتے ہیں، |

ان آیتون سے یہ واضح ہے کہ پیغمبرون کو غیب کا کلی علم نہیں ملتا، بلکہ اُن کو غیب کی اطلاع دیئے جانے کے موقع کی دونون آیتوں میں رسول ہی کا لفظ استعمال کرنا اس حقیقت کی طرف اشارہ کرتا ہے کہ جن امور غیب کی اطلاع پیغمبرون کو دیجاتی ہے، ان کا تعلق فریضۂ رسالت اور اس کی مصلحتوں اور شریعتوں سے ہے،

**غیب کی حقیقت** علم غیب کے اس نادیدہ راستہ میں اتنی منزل طے کر لینے کے بعد یہ سوال سامنے آتا ہے کہ قرآن مجید کی اصطلاح میں غیب کس کو کہتے ہیں؟ قرآن مجید کے اس لفظ کے استعمال کے تمام مواقع پر غور کرنے سے اس کے اجمالی اور تفصیلی دونوں معنی واضح ہوتے ہیں۔ اجمالاً اس کا اطلاق اُن امور پر ہوتا ہے، جن کا علم انسان اپنے علم کے عام اور طبعی و فطری ذریعوں سے حاصل

Marfat.com

نہیں کرسکتا، گذرچکا ہے کہ انسانی علم کے طبعی ذریعے، وجدان، حواس، اور عقل واستدلال وغیرہ ہیں، ان طبعی ذریعوں سے جو ہر انسان کو ملے ہیں، جو علم حاصل نہیں ہوتا، اس کو علمِ غیب کہتے ہیں یعنی اُس شے یا اُن اشیار کا علم جو انسان کے ظاہری و باطنی حواس اور دماغی قویٰ کی نگاہوں کے سامنے سے غائب ہیں، اور اس کا مقابل لفظ "شہادت" ہے، جس کے معنی حاضر ہونے کے ہیں یعنی وہ اشیار جو ہر انسان کے حواس اور قوائے دماغی کے سامنے ہیں، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اپنے کو بار بار عَالِمُ الْغَیْبِ وَالشَّھَادَۃِ کہا ہے، (انعام، رعد، حشر، تغابن) یعنی انسانوں کے طبعی ذرائع علم کے سامنے جو حاضر ہے، اور جو غائب ہے، اُن سب کا عالم اور واقفِ کل وہی ہے

الغرض اجمالاً علم غیب اُس غیبی طریقۂ علم کا نام ہے، جو عام انسانوں کو نہیں ملا ہے،

تفصیلی حیثیت سے قرآن پاک میں غیب کا اطلاق چار چیزوں پر ہوا ہے،

۱۔ زمانۂ ماضی کے واقعات جن کا علم بعد کو نہ تو حواس کے ذریعہ ہوسکتا ہے کہ حواس سے صرف شاہد (سامنے موجود) کا علم ہوتا ہے، اور نہ عقل وفکر کے ذریعہ ہوسکتا ہے، اگر ہوسکتا ہے تو تحریر وروایت کے ذریعہ، لیکن جس کے لئے تحریر وروایت کا ذریعہ یقینی طور سے مسدود ہو، اس کے لئے اُن کا علم اگر ہوسکتا ہے تو غیبی ہی ذریعہ سے ہوسکتا ہے،

حضرت نوح کے مختصر قصہ کے بعد اللہ تعالیٰ فرماتا ہے:-

| | | |
|---|---|---|
| تِلْكَ مِنْ اَنْبَآءِ الْغَیْبِ نُوْحِیْهَآ اِلَیْكَ ج مَا كُنْتَ تَعْلَمُهَآ اَنْتَ وَ لَا قَوْمُكَ مِنْ قَبْلِ هٰذَا ط | (ہود-۴) | یہ غیب کی بعض خبریں ہیں ہم تو جو تجھ کو وحی کرتے ہیں تیری طرف تو تو اُن کو پہلے سے جانتا ہی نہ تھا، اور نہ تیری قوم جانتی تھی |

حضرت مریمؑ کے قصہ میں ارشاد ہوتا ہے،

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۭ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَھُمْ اَيُّھُمْ يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ، (آل عمران - ۵)

یہ غیب کی خبروں میں سے ہے اس کو ہم تیری طرف وحی کرتے ہیں، اور نہ تو اُن کے پاس موجود تھا، جب وہ اپنے قلم (قرعہ کے طور پر) ڈال رہے تھے کہ ک[illegible] لے اور نہ تو اُن کے پاس اس وقت تھا جب وہ جھگڑ رہے تھے

دیکھو کہ محسوس واقعات کے علم کا طبعی طریقہ اُس وقت موجود رہ کر دیکھنا، اور سننا تھا، اسکی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نفی کی گئی کہ آپ وہاں یقیناً اس وقت موجود نہ تھے، اب رہ گیا کسی دوسرے انسانی ذریعہ سے سننا اسکی بھی نفی پہلے ہی سے ہو کہ تیری قوم میں سے بھی کسی کو معلوم نہ تھا، اور نہ دوسروں سے معلوم کیا، اب اس کا علم جس غیر طبعی طریقہ سے رسول کو دیا گیا، وہ وحی کا ذریعہ ہے،

اسی طرح حضرت یوسفؑ کے پورے واقعہ کے ذکر کے بعد فرمایا،

ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَاۗءِ الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ۚ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ اِذْ اَجْمَعُوْٓا اَمْرَهُمْ وَهُمْ يَمْكُرُوْنَ، (یوسف)

یہ غیب کی خبروں میں سے ہے، ہم اس کو تیری طرف وحی کرتے ہیں، اور تو اس وقت اُن کے پاس نہ تھا جب وہ اپنا کام طے کرنے لگے اور مکر کر رہے تھے

اس میں بھی علم شاہد کی نفی کر کے علم غائب کو ثابت کیا گیا، بہرحال ان آیتوں سے واضح ہو کہ ماضی کے واقعات کے غیر طبعی طریقۂ علم کو بھی علم غیب کہا گیا ہے،

Marfat.com

۲- اسی طرح آیندہ مستقبل میں جو واقعات ہونے والے ہیں ان کو بھی غیب کہا گیا ہے اور ان کا علم دلائل و قیاس کے طبعی ذرائع کے علاوہ غیر طبعی ذریعہ سے ہوا ہو، تو اس کو بھی علم غیب کہیں گے، قرآن پاک میں ایک موقع پر ان کفار کے جواب میں جو نشانیوں کے طالب تھے، یہ کہا گیا:

| | |
|---|---|
| فَقُلْ اِنَّمَا الْغَیْبُ لِلّٰہِ فَانْتَظِرُوْا | تو کہہ دو کہ غیب کا علم خدا ہی کو ہے انتظار کرو |
| اِنِّیْ مَعَکُمْ مِّنَ الْمُنْتَظِرِیْنَ (یونس ۲) | میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنیوالوں میں ہوں |

مستقبل کے منتظرہ واقعات کو اس آیت میں غیب کہا گیا ہے، اسی طرح قیامت کو بار بار غیب کہکر غیر خدا سے اس کے علم کی نفی کی گئی ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰہَ عِنْدَہٗ عِلْمُ السَّاعَۃِ (لقمان) | خدا ہی کے پاس قیامت کا علم ہے، |
| یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ السَّاعَۃِ اَیَّانَ مُرْسٰھَا | وہ قیامت کو پوچھتے ہیں کہدو کہ اس کا |
| قُلْ اِنَّمَا عِلْمُھَا عِنْدَ رَبِّیْ (اعراف) | علم میرے پروردگار کے پاس ہے، |

اسی طرح مستقبل کے دوسرے واقعات کے علم کی بھی انسانوں سے نفی کی گئی ہے،

| | |
|---|---|
| وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ مَّاذَا تَکْسِبُ غَدًا | کوئی نہیں جانتا کہ کل وہ کیا کرے گا، |
| وَمَا تَدْرِیْ نَفْسٌ بِاَیِّ اَرْضٍ | نہ کوئی یہ جانتا ہے کہ وہ کس سرزمین |
| تَمُوْتُ ؕ (لقمان ۔۴) | میں مرے گا، |

۳- اُن چیزوں پر بھی غیب کا اطلاق کیا گیا ہے جو گو ماضی اور مستقبل نہیں، بلکہ زمانہ حال میں موجود ہیں تاہم انسان کے حواس خمسہ اور عقل کی محدود طاقت سے ان کا علم نہیں ہو سکتا،

Marfat.com

ہم کو دیکھنے اور سننے کی طاقت دی گئی ہے، مگر اُس کے لئے کسی نہ کسی مسافت، عدم حجاب اور دیگر چند شرائط کی قید لگا دی گئی ہے جن کے بغیر ہماری یہ طاقت بالکل بے کار ہے، ہم دلی میں بیٹھکر بمبئی کے منظر مناظر کو نہیں دیکھ سکتے۔ اور نہ بغیر آلات کے ہم یہاں سے وہاں کی آواز آج بھی سُن سکتے ہیں، اس لئے زمانۂ حال کے علم کے لئے بھی جو طبعی شرائط اور قیود ہیں، اُن کے بغیر جو علم حاصل ہوگا، وہ غیب ہوگا

حاملہ عورت سامنے موجود ہے، مگر اُس کے بطن کے پے درپے حجابات کے اندر جن کو آنکھیں چاک نہیں کرسکتیں، کیا ہے؟ کس کو معلوم ہے،

وَيَعْلَمُ مَا فِي الْأَرْحَامِ (لقمان ۴) اور اللہ جانتا ہے جو رحموں کے اندر ہے،

آسمان و زمین میں اس وقت جو کچھ ہے، وہ سب زمانۂ حال میں ہمارے سامنے موجود ہے، تاہم اُس کا علم ہمارے حواس اور عقل کی محدود دسترس سے اُس وقت تک باہر ہے جب تک ہمارے دیکھنے اور سننے اور جاننے کے لئے خدا نے جو طبعی شرائط بنا دیئے ہیں، وہ پورے نہ ہوں،

وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ. (هود-۱۰) اور خدا ہی کے لئے ہے آسمانوں اور زمین کا غیب

اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ غَيْبَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ (حجرات) بیشک خدا جانتا ہے آسمانوں اور زمین کا غیب

۴- عالم غیب کی آخری چیز وہ امور ہیں جو غیر مادّی ہونے کی وجہ سے ہمارے حواس اور عقل کے تنگ دائرہ عمل سے قطعاً باہر ہیں۔ ہم فرشتوں کو نہیں دیکھتے، خدا کی رویت کی طاقت نہیں رکھتے، جنت و دوزخ ہم کو یہاں نظر نہیں آسکتی، یہ تمام امور بھی غیب ہیں،

الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ (انبیاء-۴) وہ لوگ اپنے رب سے ڈرتے ہیں غیب میں

الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ (بقرہ-۱) وہ لوگ جو ایمان لاتے ہیں غیب میں،

الَّتِیْ وَعَدَ الرَّحْمٰنُ عِبَادَہٗ وہ جنت جس کا وعدہ اس مہربان خدا نے

بِالْغَیْبِ (مریم-۴) اپنے بندوں سے کیا ہے غیب میں،

"غیب ہیں" کے معنی ہیں، بے جانے بن دیکھے جو اس سے علم حاصل کئے بغیر اور باوجود اس کے کہ وہ چیزیں اس عالم میں دیکھی نہیں جا سکتی ہیں،

پیغمبر کو اللہ تعالیٰ غیب کی جن باتوں سے آگاہ کرتا ہے، وہ ان چاروں قسم کے امور غیب ہوتے ہیں بعض گذشتہ قوموں اور پیغمبروں کے عبرت انگیز اور نصیحت آمیز حالات سے بھی روایت اور تحریر کے ذریعہ کے بغیر وحی کے واسطہ سے اُن کو مطلع کرتا ہے، جیسا کہ قرآن مجید کے حوالوں سے اوپر گذر چکا، آئندہ مستقبل میں دنیا کے فتنوں، امت محمدیہ کے انقلابات قیامت کے مناظر اور اس کے بعد کے پیش آنے والے واقعات کا علم آپ کو دیا گیا، جیسا کہ ان دنیاوی پیشینگوئیوں اور قیامت و محشر کے اُن احوال و مناظر سے ظاہر ہے جو قرآن پاک اور احادیث صحیحہ میں بتصریح مذکور ہیں، اسی طرح حال کے اُن احوال و مناظر کا علم بھی ثابت ہے جو باوجود سامنے موجود ہونے کے احساس و تعقل کے طبعی شرائط نہ پائے جانے کے سبب عام انسانوں کو نظر نہیں آتے، قبروں کا انکشاف، اسی پردہ رویت، اور دوسروں کے موجودہ احوال سے واقفیت وغیرہ اس علم غیب میں سے بھی پیغمبر کو عطا ہوتا ہے، اور سب سے آخر میں وہ مغیبات ہیں جن کا احساس و تصور ہمارے مادی ذرائع علم سے قطعاً خارج ہے تاہم وہ بھی اس کو دکھائے اور بتائے جاتے ہیں، خود خدا کا دیدار، فرشتوں کی رویت، جنت و دوزخ کا مشاہدہ وغیرہ ان تمام امور غیب میں سوا اللہ تعالیٰ

Marfat.com

جس رسول کے لئے جس قدر مناسب اور سزاوار سمجھتا ہے، اس کا علم وحی کے مختلف اقسام کے ذریعہ سے اُس کو عطا فرماتا ہے۔

وحی اور ملکۂ نبوت

حکمائے اسلام نے وحی کی حقیقت "ملکۂ نبوت" کے لفظ سے ظاہر کی ہے، اس کی تشریح یہ ہے کہ ترتیبِ کائنات پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ کائنات میں علم اور تعقل نے پستی سے بلندی کی طرف رفتہ رفتہ ترقی کی ہے، جمادات بے حس ہیں، اُن کے اوپر نباتات ہیں جن میں صرف محدود احساس ہوتا ہے اور دماغی قویٰ، حافظہ، تذکر اور غور و فکر کی قوت سے وہ محروم ہیں، اُن سے اونچے حیوانات ہیں جن میں یہ تمام قویٰ ناقص طریقے سے نمودار ہوتے ہیں، اور آخر میں اُن سے بالاتر ہستی یعنی انسان میں جا کر یہ قوئے پورے کمال میں ظاہر ہوتے ہیں، ان قویٰ کی ترقی یہیں تک محدود نہیں ہے، بلکہ جس طرح نباتات میں قوتِ احساس ہے جس سے جمادات محروم ہیں، اور حیوانات میں حافظہ، تصور، تعقل وغیرہ کی وہ قوتیں ہیں، جو نباتات میں نہیں، انسان میں وہ دماغی و ذہنی قویٰ ہیں، جو حیوانات میں نہیں، اسی طرح انبیاء میں علم و تعقل کی ایک ایسی قوت موجود ہوتی ہے جو عام انسانوں میں نہیں ہوتی، اور اسی کا نام ملکۂ نبوت ہے،

حواس صرف مادیات کو دریافت کرتے ہیں، دماغی قویٰ مادیات سے بلند ذہنیات اور عقلیات کو، اور ملکۂ نبوت اس سے بھی اونچا جاتا ہے، وہ ذہنیات و عقلیات سے بلند حقائق یعنی غیبیات کو دریافت کرتا ہے، اس ذریعۂ علم میں غور و بحث اور منطقیانہ فکر و نظر، اور ترتیبِ مقدمات کی ضرورت نہیں پڑتی، بلکہ حقائق اس طرح سامنے آتے ہیں جس طرح وجدانیات

فطریات، بدیہیات اور محسوسات سامنے آتے ہیں، اور ان ہی کی طرح وہ یقینی بھی ہوتے ہیں اور
چونکہ اس ذریعہ میں علم انسانی کے عام ذریعے اور طریقے یعنی وجدان، فطرتِ نوعی، بداہتِ ولیتِ
احساس اور غور و فکر سے معلومات حاصل نہیں کئے جاتے، بلکہ خود علام الغیوب، وہ علم ان انسانی
وسائط کے بغیر اُن کو عطا کرتا ہے، شرع کی زبان میں اسی کو وحی و الہام کہتے ہیں، علم کلام کی اصطلاح
میں ملکۂ نبوت اور عام محاورہ میں اُس کو غیبی علم کہہ لیجئے،

لیکن اہلِ نقل کی اصطلاح میں وحی کی یہ صورت نہیں، بلکہ اللہ تعالیٰ پیغمبروں کو وقتاً فوقتاً
احکام اور ارادوں سے براہِ راست فرشتوں کے ذریعہ سے مطلع کرتا رہتا ہے یہی وحی ہے،

امعانِ نظر سے معلوم ہوگا کہ اہلِ عقل و نقل کے اختلاف کا منشاء یہ ہے کہ آیا یہ وحی خود پیغمبر
کے ذاتی اور غیر معمولی وہبی علم و فہم کا نتیجہ ہوتی ہے یا خود براہِ راست وقتاً فوقتاً تعلیم ربانی کا، دوسرے
لفظوں میں یہ کہو کہ جس طرح عام انسانوں میں علم و فہم کی قوت آغاز پیدایش ہی میں فطرۃً ودیعت
کردی جاتی ہے، اسی طرح انبیاء میں منشائے الٰہی جاننے کی قوت بھی شروع ہی میں فطرۃً ودیعت
کردی جاتی ہے، یا یہ کہ وہ فطرۃً تو ویسے ہی عام انسانی طریقہ کا طبعی علم و فہم رکھتے ہیں، مگر اللہ
تعالیٰ نبوت کے بعد اپنے منشائے الٰہی سے اُن کو کسی غیبی ذریعہ سے وقتاً فوقتاً آگاہ کرتا رہتا ہے،

لیکن واقعہ یہ ہے کہ حقیقت عقل کی نقل سے اور نقل کی عقل سے علٰحدگی میں نہیں بلکہ
اتحاد میں ہے، وہ لوگ جو عقل و نقل دونوں کے جامع ہیں، وہ ان دونوں کو مجتمع کرتے ہیں،

یار با ایں دارد و آن نیز ہم

انبیاء علیہم السلام میں اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے بدءِ فطرت اور آغازِ پیدایش سے ان امو

Marfat.com

کے متعلق جن کا اُن کی رسالت و نبوّت سے تعلق ہے، اور جن کو دین کہتے ہیں، وہ کلّی استعداد اور عمومی فہم ہوتی ہے جس سے غیر انبیا محروم ہیں، اور اس پوشیدہ قوّت کا عملی ظہور اُس وقت سے شروع ہوتا ہے، جب وہ نبوّت کے منصب پر عملاً سرفراز ہوتے ہیں، اسی کا نام "ملکۂ نبوّت" ہے، اور اہم امورِ دین کے متعلق اُن کو وقتاً فوقتاً جو غیبی اطلاع ملتی رہتی ہے، اس کا نام "وحی" ہے،

آج کل قرآن فہمی اور عقل کے مدعیوں اور نقل کے لفظی پابندوں میں جو اختلاف ہے وہ دراصل ان ہی دو قوتوں کے درمیان تمیز نہ کرنے کا نتیجہ ہے، نقل کے لفظی پابند یہ سمجھتے ہیں کہ ہر لفظ جو نبی کے منہ سے نکلتا ہے، وہ اسی معنی میں وحی ہے، جس معنی میں قرآن ہے کہ وہ براہِ راست خدا کی غیب کی اطلاع ہے، اور عقل کے مدعی یہ سمجھتے ہیں کہ قرآن بیشک خدا کی براہِ راست وحی ہے، مگر اُس کے ماسوا رسول جو کچھ کہتا ہے، وہ اس کے پیغمبرانہ نہیں، بلکہ انسانی و بشری علم و فہم کا نتیجہ ہے لیکن حقیقت ان دونوں کے ماوراء ہے، جیسے وحیِ قرآنی وحیِ براہِ راست ہے اسی طرح نبی کے دوسرے احکام اُس کے عام انسانی و بشری علم و فہم کا نہیں، بلکہ اس کی پیغمبرانہ وہبی قوتِ علم و فہم کا نتیجہ ہیں، جو وحی کی ایک دوسری قسم اس لئے کہی جا سکتی ہے کہ اس کا منشا "ملکۂ نبوّت" کے ذریعہ وحیِ ربّانی کی ترجمانی ہے، اس لئے پیغمبر کی وحی اور ملکۂ نبوّت دونوں کے احکام واجب الاتباع ہیں،

کتاب و سنت | اس تقریر کا منشا یہ ہے کہ پیغمبر کو جو علم حاصل ہوتا ہے، اس کی دو قسمیں ہیں، ایک وحی حقیقی یعنی وہ علم جس کو اللہ تعالیٰ وقتاً فوقتاً اپنے خاص الفاظ میں پیغمبر پر نازل کرتا رہا ہے، اور جس کے مجموعہ کو کتاب الٰہی صحیفۂ ربّانی، توراۃ، انجیل، زبور اور قرآن کا نام دیا گیا ہے دوسرا

وہ علم جو پیغمبر کے ملکۂ نبوّت یا نورِ نبوّت، یا فہمِ نبوت کا نتیجہ ہوتا ہے، پہلا علم اصلی اور دوسرا ضمنی ہے یا یوں کہو کہ پہلا اصولی، اور دوسرا فروعی ہے، یعنی علمِ اوّل پیغمبر پر شریعت کے غیر متبدّل اور ازلی احکامِ کلّیہ اور مہمّات کو واضح کرتا ہے، اور دوسرا علم پہلے علم کے غیر متبدل کلّی اصول کے ماتحت اس کے مقصود کی صحیح تشریح اور اُس کے جزئیات کی ضروری تفصیل کرتا ہے، اور غیر اہم اور متبدل امور کے متعلق ہنگامی اوقات میں مصلحتی احکام بتاتا ہے، اور اسی دوسری قسم کا علم ہے جو روایات اور احادیث کی صورت میں ہے، اور جس کو اہلِ اصول اصطلاحاً سنّت کہتے ہیں، کتاب اصولی احکام ہیں، اور سُنّت اِن اصولی احکام کی عملی تشریح اور بیان ہے، کتاب براہِ راست وحیِ الٰہی کا نتیجہ ہوا اور سنّت ملکۂ نبوّت اور فہمِ نبوی کا، کتاب بلفظہٖ وحی ہے، اور سنّت بالمعنیٰ،

### وحی متلو اور غیر متلو

بعض علماے اصول نے کتاب اور سنّت دونوں کو وحی مانا ہے، اور ان دونوں کے درمیان تفرقہ یہ کی ہے کہ کتاب اس وحی کا نام ہے جس کی تلاوت کی جاتی ہے اور سنّت اُس وحی کو کہتے ہیں جس کی تلاوت نہیں کی جاتی، اس تشریح کا مقصود حقیقۃً تلاوت و عدمِ تلاوت کا فرق نہیں ہے، بلکہ یہ ہے کہ کتاب میں معنی کے ساتھ الفاظ بھی وحی کیے گئے ہیں اور وہ الفاظ بھی محفوظ ہیں، اُن کا حرف حرف اور نقطہ نقطہ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ کی پیشینگوئی میں داخل ہے، اور اس لئے اس میں الفاظ کی کمی بیشی اور حذف و اضافہ محال ہے اور سنّت میں الفاظ کی نہیں، صرف معانی کی حفاظت ہے، اسی لئے کتاب کی وحی مدوّن، مکتوب اور محفوظ کی گئی، اور نمازوں میں اس کی قرأت کا حکم ہوا اور یوں بھی عام طور سے اس کی تلاوت مسنون ہوا اور سنّت کی وحی بالفاظہا مقصود نہیں، اس لئے اس کی لفظی حفاظت کو اتنی اہمیت نہیں دی گئی

اور نہ نماز میں اُس کے الفاظ قرأت کیے جا سکتے ہیں، اور نہ اُن کی تلاوت کی جاتی ہے، اور نہ اُن کو کتاب الٰہی کہا جا سکتا ہے، مگر معنًی اصولی حیثیت سے اُن کی حفاظت خود قرآن نے اپنے اندر کر لی ہے اور جزئیات کی حیثیت سے گو الفاظ میں نہیں، مگر عمل میں خود رسول اور اس کے پیرووں اور پھر اُن کے پیرووں کے مسلسل تعامل سے یہاں تک کہ آج بھی تمام مسلمانوں کے عمل درآمد سے عملی تواتر کی صورت میں محفوظ ہے، اور بعد کے اماموں نے اچھی طرح تحقیق کر کے الفاظ اور کتب حدیث کے اوراق میں بھی اُن کو محفوظ کر دیا ہے۔

سنت کو وحی کہنا اس لحاظ سے ہے کہ جزئیات اصولاً وحی حقیقی یعنی کتاب کے اندر داخل ہیں، اور اُس کی کلیت میں سنت کے تمام احکام مندرج ہیں، بنا بریں چونکہ سنت وحی کے کلی منشا کے اندر داخل ہے، وہ بھی ضمنی حیثیت سے وحی کی جا سکتی ہے، لیکن چونکہ اس میں الفاظ کی تعیین خدا کی طرف سے نہیں، اس لیے وہ غیر متلو ہے۔

اس فرق کا راز یہ ہے کہ کتاب کی حیثیت کلی قانون کی ہے، قانون کے اصل منشا کی حفاظت اور وضاحت کے لیے نہ صرف اُس کے ایک ایک لفظ کے محفوظ رہنے کی ضرورت ہوتی ہے، بلکہ اُس کے ایک ایک نقطہ، شوشہ، وقف، وصل، فصل، عطف، قطع، تقدم، تاخر، یعنی آج کل کی اصطلاح میں ایک ایک ڈیش اور کومے کی بعینہٖ حفاظت کی ضرورت ہے، ورنہ ذرا سے تغیر میں قانون کا مطلب کچھ کا کچھ ہو جا سکتا ہے، اور سنت کی یہ کلی قانونی حیثیت نہیں ہے بلکہ وہ اس کلی قانون کی تشریحات، تفصیلات اور جزئیات ہیں، اجمالاً جو حقیقت اُس کلی قانون کے اندر مندرج تھے، مگر چونکہ عام لوگوں کی فہم میں نہیں آتے تھے، یا عام لوگ اُن کو

نہیں سمجھتے تھے، اس لئے صحابہ کے دریافت پر، یا خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کی ضرورت محسوس فرما کر اُس کو کھول کر بیان فرما دیا کہ پھر اشتباہ نہ رہ جائے،

اسی مقام پر ایک اور نکتہ بھی ہے کہ کتاب الٰہی میں جو حکم جن الفاظ میں ادا ہوا ہے، وہ اگر بعض کم فہم لوگوں کی سمجھ میں نہیں آیا، اور انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کی تشریح چاہی، یا انہیں نہیں معلوم ہوا کہ اس خاص جزئی واقعہ کا کیا حکم ہے، اور قرآن پاک کی کس اصل سے ماخوذ و مستنبط ہوگا، اور اس لئے انھوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے دریافت کیا تو آپ کے جواب میں اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم قرآن پاک کے بعینہ ان ہی الفاظ کو بے کم و بیش دہرا دیتے تو یہ بیکار رہتا کہ ان ہی الفاظ کے نہ سمجھ سکنے کے سبب سے تو سوال کی نوبت آئی، اس لئے ضرور تھا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم الفاظ کو بدل کر اور طریقۂ تعبیر کو تغیر دے کر ان الفاظ کی تشریح فرمائیں اور یہی احادیث ہیں،

درحقیقت احادیث میں قانون الٰہی اور کتاب ربانی ہی کے مفہوم و منشا کو رسول اللہ صلی اللہ نے سمجھنے والوں کی سہولت، گمراہوں کی تکمیل ہدایت اور اصل منشائے الٰہی کی پوری توضیح اور کہیں پوری تاکید کی خاطر مختلف لفظوں مختلف عبارتوں اور مختلف تعبیروں سے ادا فرمایا ہے، اس لئے اصل مفہوم و منشا کے لحاظ سے احادیث کے معانی ضمناً وحی ہیں لیکن الفاظ عبارت، اور تعبیر کی حیثیت سے یعنی لفظاً وحی نہیں ہیں، بلکہ فہم نبوی، اجتہاد نبوی، اور ملکۂ نبوت کے غیر خطا پذیر نتائج ہیں اسی لئے اُن کو اصطلاح میں "وحی غیر متلو" کہتے ہیں،

ہم اس فرق کی ایک مثال دیکر اپنے مطالب کو زیادہ واضح کر دینا چاہتے ہیں، قرآن پاک

ین والدین کی خدمت اور اطاعت کا حکم ہے، اور ساتھ ہی یہ بھی اشارہ ہے کہ والدین کی خدمت گناہوں کی مغفرت کا سبب ہے، یہ وحیِ الٰہی کا حقیقی منشا ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس منشاء الٰہی کو ان الفاظ اور مختلف تعبیروں سے ادا فرمایا، "ماں کے پاؤں کے نیچے جنت ہے" کبھی ارشاد ہوا "رب کی خوشنودی باپ کی خوشنودی میں ہے"۔ ایک صحابی نے دریافت کیا کہ یارسول اللہ میرے حسنِ سلوک کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے" فرمایا "تیری ماں، تیری ماں، تیری ماں" ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے، صحابہ حضوری کے شرف سے ممتاز تھے کہ زبانِ مبارک سے یہ الفاظ ادا ہوئے، "وہ ذلیل ہوا وہ ذلیل ہوا وہ ذلیل ہوا" حاضرین نے عرض کی یارسول اللہ کون؟ ارشاد ہوا وہ جس نے اپنی ماں یا باپ کی ضعیفی پائی، اور پھر ان کی خدمت گذاری کر کے جنت نہ حاصل کرلی"۔ ایک اور مجلس میں صحابہؓ نے پوچھا کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نیکی کے کاموں میں خدا کو سب سے زیادہ کون کام پسند ہے؟ فرمایا "وقت پر نماز ادا کرنا" دریافت کیا اس کے بعد فرمایا "ماں باپ کے ساتھ حسنِ سلوک کرنا"۔

ان تمام احادیث پر معمولی سی غور و فکر کی نظر بھی یہ راز ظاہر کر دے گی کہ یہ کل حدیثیں ذیل کی آیتوں کی تشریح و بیان ہیں،

| | |
|---|---|
| وَبِالْوَالِدَيْنِ إِحْسَانًا (بقرہ و نساء) | ماں باپ کے ساتھ نیکی کرو، |
| وَلَا تَقُلْ لَهُمَا أُفٍّ (اسرائیل ۳) | وہ بوڑھے ہو جائیں، تو ان کو اُف نہ کہو |
| وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَيِّئَاتِهِمْ (احقاف ۲) | یہ (ماں باپ کے خدمتگذار) وہ ہیں جن کی برائیوں سے ہم درگذر کرتے ہیں، |

ملہ سورۂ احقاف ۔ ۱۰

یہی حال دوسرے قرآنی احکام کے بیانات و تشریحات کا ہے،

**احادیث قرآن کا بیان ہیں** قرآن پاک اور احادیث دونوں پر جن کی عمیق و وسیع نظر ہے اُن کو یہ برملا معلوم ہوتا ہے کہ احادیث صحیحہ کے تمام فرعی اور ثانوی احکام قرآن پاک کے عمومی اور کلی احکام کے تحت میں مندرج ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے الفاظ میں صرف اُن کی تشریح فرمائی ہے، اس قسم کی حدیثوں کی عموماً تین شکلیں ہیں، ایک وہ جن میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نے اپنے الفاظ میں حکم بیان فرمانے کے بعد خود قرآن پاک کی کوئی آیت اُس کے ساتھ پڑھ دی اس قسم کی حدیثوں کے بیان ہونے میں کس کو شبہ ہو سکتا ہے؟ دوسری شکل یہ ہے کہ آپ نے آیت نہیں پڑھی، مگر خود اس حکم میں ایک دو لفظ ایسے فرما دیئے ہیں، جو کسی آیت کا جز ہیں جس سے یہ اشارہ ہوتا ہے کہ یہ حکم فلاں آیت کی تشریح ہے، اس صورت میں بھی اصل و فرع کی تمیز اہل علم کے لئے آسان ہے، تیسری شکل یہ ہے کہ آپ نے کسی آیت یا اشارہ کے بغیر صرف .... حکم بیان فرما دیا، اس قسم کی حدیثوں کے ماخذ کی تلاش دقتِ نظر کا کام ہے، ان کا پتہ زبان نبوت اور فہم رسالت کے طرز و اسلوب کے سمجھنے والے راسخین فی العلم ہی پا سکتے ہیں،

**الہام و اجتہاد و حکمت** امام شافعی نے کتاب الرسالہ میں احادیث و سنن کی تین قسمیں بیان کی ہیں،

۱ے مجھے پہلے شبہ تھا کہ میں اس رائے میں منفرد ہوں مگر بحمد اللہ کہ تلاش و تفحص سے ثابت ہوا کہ دیگر متعدد علمائے اصول کا یہی مسلک ہے چنانچہ یہ خیال اجمالاً سب سے پہلے امام شافعی کی کتاب الرسالہ (ص ۲۰ و ۲۹ و ۹۲) مطبوعہ امیریہ مصر ۱۳۱۲ھ میں اور یہ نظریہ سب سے زیادہ مفصل امام شاطبی اندلسی المتوفی ۷۹۰ھ کی اہم تصنیف الموافقات فی اصول الاحکام (جلد [illegible] ۲۲) مطبوعہ سلفیہ مصر ۱۳۴۱ھ میں موجود ہے اور شاہ ولی اللہ صاحب کی حجۃ اللہ البالغہ میں بھی اس کا ایک باب ہے

ایک وہ جو بعینہٖ قرآن پاک میں مذکور ہیں، دوسری وہ جو قرآن پاک کے مجمل حکم کی تشریح ہیں تیسری وہ جن کا ذکر (بظاہر) قرآن پاک میں نہ تفصیلاً ہے، نہ اجمالاً یہی تیسری قسم قابلِ بحث ہے امام صاحب نے اس کے متعلق ائمہ سلف کے چار نظریے نقل کئے ہیں۔[1]

۱۔ اللہ تعالیٰ نے رسول کی کلّی اطاعت فرض کی ہے۔ اور اس کے علم میں پہلے ہی سے یہ ہے کہ رسول جو کچھ کہے اور کرے گا، اس میں رضائے الٰہی کی توفیق اس کے ساتھ شامل ہوگی، (حاصل یہ کہ پہلے ہی سے رسول کو یہ توفیق ربانی عنایت کی گئی ہے، کہ وہ رضائے الٰہی کو دریافت کر لے)

۲۔ رسول نے کوئی ایسا حکم نہیں دیا ہے جس کی اصل کتاب اللہ میں نہ ہو، (مقصود یہ ہوا کہ اس قسم کے احکام بھی دراصل کتاب اللہ ہی سے ماخوذ ہیں، گو بظاہر ہم نہیں کو ایسا نظر آتا ہے)

۳۔ تمام احادیث نبوی، القاء فی الروع ہیں، (یعنی رسول کے دل میں خدا نے ڈال دیا) اور یہ اس حکمت کا نتیجہ ہیں، جو آپ کے دل میں ڈالی گئی،

۴۔ اس قسم کے تمام امور جو احادیث میں ہیں، کتاب الٰہی سے جداگانہ مستقل پیغام ربانی کے ذریعہ رسول کو معلوم ہوئے ہیں،

چوتھے نظریہ کو چھوڑ کر بقیہ تین، میرے خیال میں تقریباً ایک ہی ہیں، پہلے نظریہ کا منشا یہ ہے کہ صریح وحی کے علاوہ جو وقتاً فوقتاً نبی پر آتی رہتی ہے، اس کو ابتدا ہی سے ایک توفیق ازلی بھی عنایت ہوتی ہے جس سے وہ پیش آمدہ امور میں رضائے الٰہی کو دریافت کر کے فیصلہ کرتا ہے، تیسرے نظریہ میں اسی "توفیق علم" کو الہام، القاء فی الروع اور دل میں ڈال دیئے سے تعبیر

---

[1] کتاب الرسالۃ امام شافعی ص ۲۸۔

کیا گیا ہے، اور دوسرے نظریہ کا منشایہ ہے کہ رسول کے جو احکام بظاہر کتاب اللہ میں نہ ہوں اُن کی اصل بھی درحقیقت کتاب اللہ میں ہے، اور رسول اُسی اصل سے اپنے احکام کو مستنبط کرتا ہے، مگر ظاہر ہے کہ یہ استنباط، عام انسانی وبشری فہم سے نہیں ہوتا، ورنہ اس کا غلطی سے پاک ہونا مشتبہ رہے گا، بلکہ وہ "پیغمبرانہ قوتِ فہم" کا نتیجہ ہوگا، اور جب ایسا ہے تو اس "پیغمبرانہ قوتِ فہم" کی تعبیر خواہ الہام سے کرو، القاء سے کرو، یا اس کو حکمتِ نبوی کا نتیجہ کہو یا توفیقِ الٰہی کہو، بات ایک ہی ہوئی'

میرے نزدیک صحیح مسلک یہ ہے کہ رسول کے تمام صحیح زبانی احکام بھی عموماً اس کے صحیفۂ ربانی سے ماخوذ و مستنبط ہیں، اور اُن کے جزئیات کتابِ الٰہی کے کلیات کے تحت میں مندرج ہیں اور رسول کا یہ اخذ و استنباط، اور فہم اس کی اس پیغمبرانہ قوتِ علم کا نتیجہ ہیں جس کو حکماء ملکۂ نبوت اور اہلِ شرع حکمت، الہام اور شرحِ صدر وغیرہ الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں، اور جو خطا اور غلطی سے یکسر پاک ہے،

اجتہادِ نبوت | اس موقع پر علمائے اصول کی ایک اور اصطلاح "اجتہادِ نبوی" کی تشریح ضروری ہے، علمائے اصول لکھتے ہیں کہ جب کوئی نیا واقعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے پیش آتا، اور وحی نازل نہ ہوتی، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اجتہاد فرماتے یعنی گذشتہ وحی شدہ احکام کے تطابق سے آپ حکم دیدیتے تھے، (یہ فقہاء کا طریقہ تعبیر ہے، ورنہ یوں کہنا چاہئے کہ رسول اپنی اس حکمتِ ربانی کے فیض سے مدد لیکر جو خدا نے اُن کے سینہ میں ودیعت رکھی تھی، گذشتہ وحی کے کلیات کی روشنی میں اس کا فیصلہ فرماتے تھے) بہرحال خواہ فقہاء کے طریق پر اجتہادِ نبوی کو نصوص قرآنی سے مستنبط سمجھیے یا شاہ ولی اللہ صاحب کے نظریہ کے مطابق رسول کے علمِ سینہ اور وحی شدہ

اصولِ کلی کے جزئیات تسلیم کیجئے، ہر حال میں وہ نتیجہ اُمت کے لئے واجب العمل اور خطا سے پاک ہی کیونکہ یہ مقدمہ اپنی جگہ پر ثابت ہے کہ انبیا گناہوں سے معصوم، ضلالت و گمراہی سے پاک، اور ہوائے نفسانی سے مبرّا ہوتے ہیں، اس لئے امورِ رسالت اور امورِ دین میں اُن کی کوئی رائے غلط نہیں ہو سکتی کہ اُن کی غلطی سے پوری اُمت کا غلطی پر قائم ہو جانا مسلّم ہے، حالانکہ اُن کی بعثت کی غرض ہدایت ہے، ضلالت نہیں، ان وجوہ سے اُن کا اجتہاد اگر کبھی کسی ایسے نتیجہ پر پہنچ جاتا ہے جو مصلحتِ الٰہی کے مطابق نہیں ہوتا، تو ہمیشہ اللہ تعالیٰ اس پر تنبیہ فرما کر اُن کو اپنی مرضی سے مطلع فرما دیتا ہے، (اُس کی مثالیں آیندہ آئیں گی) الغرض بعض امور میں خیر کے کسی خاص پہلو کو پیشِ نظر رکھ کر اس سے بہتر پہلو سے تغافل ہونے، یا غیب اور مستقبل سے عدمِ واقفیت کے سبب سے نبی کا اجتہادی خطا کرنا ممکن ہے، مگر اس خطا پر نبی کا قائم رکھا جانا ناممکن ہے، ایسی صورت میں نبی کا ہر اجتہادی حکم جس پر وحیِ الٰہی نے فوراً کوئی تنبیہ نہیں کی، یہ معنی رکھتا ہے کہ وہ حکم علمِ الٰہی کے منشا کے مطابق اور خطا و غلطی سے مبرّا ہے، اور اس کے دوسرے معنی وحیِ خفی یا باطنی وحی کے ہیں[1]،

میری رائے میں یہ اصطلاح بھی معنیً گذشتہ اصطلاحوں کے قریب قریب ہے، اس لئے اس اجتہادِ نبوی کے معنی، الہامِ حکمت، ملکۂ نبوت، فہمِ نبوی، وغیرہ گذشتہ اصطلاحات سے الگ نہیں کہ اس کی حیثیت بھی وحیِ ثانوی کی قرار پاتی ہے،

اس بحث پر شاہ ولی اللہ صاحب نے حجۃ اللہ البالغہ میں جو خیال ظاہر فرمایا ہے اس کا ترجمہ ذیل میں درج کرتے ہیں،

[1] سطورِ بالا میں ہم نے جو کچھ لکھا ہے اس کے حوالہ کے لئے دیکھو شرح تحریر ابنِ ہمام المتوفی ۸۶۱ھ مسمّٰی بالتقریر والتحبیر لعلامہ ابنِ امیر الحاج المتوفی ۸۷۹ھ جلد ۳ صفحہ ۲۹۴، ۲۹۶، مطبعہ امیریہ مصر ۱۳۱۷ھ اور التوضیح فی کشف حقائق التنقیح والتلویح فی حل غوامض التنقیح جلد ۲ صفحہ ۳۳، مطبع کتب صنائع قسطنطنیہ ۱۳۱۰ھ بحث الرکن الثانی فی السنۃ،

Marfat.com

# ساتواں مبحث

## احادیث نبویؐ سے شریعت کے اخذ کرنے میں

### علوم نبویؐ کے اقسام

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جو روایتیں حدیث کی کتابوں میں جمع کی گئی ہیں انکی دو قسمیں ہیں

۱۔ ایک وہ جن کا تعلق تبلیغ رسالت سے ہے، اور یہ آیت

مَآ اٰتٰكُمُ الرَّسُوْلُ فَخُذُوْهُ وَمَا نَهٰىكُمْ عَنْهُ فَانْتَهُوْا (حشر) — پیغمبر تم کو جو کچھ دے اس کو لو اور جس چیز سے منع کرے اُس سے باز آؤ،

اسی قسم کے متعلق نازل ہوئی ہے،

علوم معاد یعنی قیامت اور آخرت کے احوال، جزا و سزا اور عجائب الملکوت (یعنی دوسرے عالم کے احوال وکیفیات) اسی قسم سے تعلق رکھتے ہیں، اور ان سب کا دار و مدار صرف وحی پر ہے اور ان اصول کے مطابق جن کا ذکر اوپر گذر چکا، قوانین شریعت، اور عبادات و معاملات کی جزئیات کا ضبط بھی اسی قسم میں داخل ہے لیکن ان میں سے بعض چیزوں کا دار و مدار وحی پر اور بعض کا اجتہاد پر ہے لیکن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اجتہاد بھی وحی کی حیثیت رکھتا ہے کیونکہ خداوند تعالیٰ نے آپ کو غلط رائے قائم کرنے سے محفوظ رکھا ہے، اور یہ ضروری نہیں ہے کہ آپ کا ہر اجتہاد کسی خاص نص و حدیث سے استنباط کا نتیجہ ہو، جیسا کہ خیال کیا جاتا ہے، بلکہ آپ کے اجتہاد کی زیادہ تر صورتیں

Marfat.com

کہ خداوند تعالیٰ نے شریعت اور وضعِ قانون کے مقاصد، انسانون کی آسانی اور بھلائی اور اصولی مقاصد کا قانون آپ کو تعلیم کر دیا تھا، وہ مقاصد جن کا ماخذ وحی تھا آپ اسی کلی و اصولی قانون کے ذریعہ سے جو آپ کو سکھایا گیا تھا، اُن کی تشریح فرمایا کرتے تھے حکمت کی متفرق باتین اور عام مصلحتیں جن کے لئے آپ نے نہ کوئی وقت مقرر کیا، نہ اُن کے حدود بتائے مثلاً اخلاقِ صالحہ اور اخلاقِ غیر صالحہ کا بیان بھی تبلیغ رسالت سے تعلق رکھتا ہے لیکن اُن مین اکثر کا دارومدار اجتہاد پر ہے جسکے معنی یہ ہین کہ خداوند تعالیٰ نے آپ کو باہمی معاملات و اجتماع کا کلی قانون تعلیم کر دیا تھا اور آپ نے حکمت کی باتین اسی کلی قانون سے جو آپ کو تعلیم کر دیا گیا تھا مستنبط کین، اور اُن کے متعلق ایک کلیہ بنا دیا فضائلِ اعمال اور اُن پر عمل کرنے والون کے مناقب بھی اسی قسم سے تعلق رکھتے ہین اور میرے خیال مین اُن مین بعض کا دارومدار وحی پر اور بعض کا اجتہاد پر ہے، ان قوانین کا بیان اوپر گذر چکا ہے اور ہم اسی قسم کی شرح کرنا اور اُن کے معانی کو بیان کرنا چاہتے ہیں ؛

۲ - دوسری وہ روایتیں ہین جو تبلیغ رسالت سے تعلق نہیں رکھتیں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد کہ "مین صرف ایک آدمی ہون جب مین تمھارے دین کے متعلق تم کو کوئی حکم دون تو اس پر عمل کرو اور جب میں تم کو اپنی رائے سے کوئی حکم دون تو یہ سمجھو کہ مین صرف ایک آدمی ہون" اور چھوہارون کے جوڑ لگانے کے واقعہ میں آپ کا یہ فرمانا کہ "میں نے ایک خیال قائم کیا تھا، میرے خیال پر تم لوگ عمل نہ کرو، البتہ جب خدا کی کوئی بات بیان کرون تو اس پر عمل کرو کیونکہ مین خدا پر جھوٹ نہیں باندھتا" اسی قسم سے تعلق رکھتا ہے طب کے متعلق حدیثیں اور آپ کا یہ ارشاد کہ تم سیاہ رنگ اور ایسے گھوڑے پر سوار ہو جسکی پیشانی مین تھوڑی سی سفیدی ہو اختیار کرو ...

داخل ہی اور اس کا دارو مدار تجربہ پر ہے،

آپنے جو کچھ عادۃً کیا، عبادۃً نہیں، اتفاقاً کیا، قصداً نہیں، وہ بھی اسی قسم میں داخل ہی،

آپنے جو واقعات ایسے بیان کیے جن کا تمام قوم میں چرچا تھا، مثلاً ام زرع اور خرافہ کے قصے، وہ بھی اسی قسم سے تعلق رکھتے ہیں، اور اسی بات کو حضرت زید بن ثابتؓ نے جب ان سے چند لوگوں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حدیثیں بیان کرنے کی درخواست کی اس طرح بیان کیا ہو کہ میں آپ کا پڑوسی تھا، اور جب آپ پر وحی نازل ہوتی تھی، تو آپ مجھ کو بلا بھیجتے تھے، اور میں آپکے حکم سے اس کو لکھا کرتا تھا، لیکن جب ہم دنیا کا ذکر کرتے تھے، تو آپ بھی ہمارے ساتھ اس کا ذکر فرماتے تھے، اور جب ہم آخرت کا ذکر کرتے تھے، تو آپ بھی ہمارے ساتھ اس کا ذکر کرتے تھے، اور جب ہم کھانے کا ذکر کرتے تھے، تو آپ بھی ہمارے ساتھ اس کا ذکر کرتے تھے، تو کیا میں اُن تمام چیزوں کو بطور حدیث بیان کروں"؟

اسی میں وہ چیزیں بھی داخل ہیں جن کو آپ نے اپنے زمانہ کی جزئی و عارضی مصلحت کے طور پر کیا ہے، اور وہ تمام اُمت کے لئے ضروری نہیں ہیں، مثلاً فوجوں کی آراستگی اور جنگی علامت کی تعیین کے وہ احکام جن کو خلیفہ دیتا ہے، اور حضرت عمرؓ کے اس قول کے کہ اب ہم کو حج میں اکڑ کر چلنے کی کیا ضرورت؟ ہم ایک قوم (کفار قریش) کے سامنے اس کی نمایش کرتے تھے لیکن اب خدا نے اس کو ہلاک کردیا" بھی یہی معنی ہیں کہ وہ اس کو ایک جزئی و عارضی مصلحت سمجھتے تھے، لیکن چونکہ آپ نے اس اجتہاد پر پورا اطمینان نہ تھا، اس لئے اُن کو یہ خوف ہوا کہ شاید اس کا کوئی اور سبب ہو، اس لئے اس میں دست اندازی نہیں کی، اسی طرح دوسرے احکام بھی اسی پر محمول

Marfat.com

کیے گئے ہیں مثلاً آپ کا یہ ارشاد کہ "جو شخص جس کو قتل کرے اس کا ہتھیار اسی کا حق ہے" نیز آپ کے مخصوص فیصلے بھی اسی قسم میں داخل ہیں کہ آپ مقدمات کے ان فیصلوں میں گواہوں اور قسموں کے مطابق فیصلے کرتے تھے، آپ نے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے جو یہ فرمایا تھا کہ "واقعہ میں حاضر جو کچھ دیکھتا ہے اس کو غائب نہیں دیکھتا" اس کے معنی بھی یہی ہیں" (انتہیٰ کلامہ)

شاہ صاحب کے نظریہ کا خلاصہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشادات کی دو قسمیں ہیں:

ایک وہ جن کا تعلق پیغمبرانہ فرائض، تبلیغ رسالت اور مہمات امور دین سے ہے، یہ تمام باتیں براہ راست وحی و تعلیم سے ماخوذ ہیں، دوسری وہ جو عام انسانی باتیں ہیں، ان کی متعدد صورتیں ہیں،

۱- کسی جزئی عارضی مصلحت کی بنا پر کوئی حکم، جیسے حج میں آپ نے مسلمانوں کو حکم دیا کہ وہ قریش کے سامنے اکڑ کر سعی کریں تاکہ قریش یہ نہ سمجھیں کہ مدینہ کی آب و ہوا نے ان کو کمزور کر دیا ہے،

۲- وہ امور جن کو دین و رسالت سے براہ راست کوئی تعلق نہیں، بلکہ زمانہ کے حالات کے ساتھ وہ بدلتے رہتے ہیں، مثلاً جنگ کا طریق، ہتھیار کے اقسام، حکومت کے صیغوں کی ترتیب وغیرہ،

۳- وہ امور جن کو آپ اپنی شخصی، قومی، یا ملکی عادت کے مطابق کرتے تھے جن کو دین و رسالت سے کوئی واسطہ نہیں، مثلاً وضع و لباس، فرش پر نشست، کمل اوڑھنا، دسترخوان اور چمچوں کا عدم استعمال، عمامہ باندھنا، تہبند پہننا، اونٹ پر سوار ہونا وغیرہ،

۴- وہ امور جو عرب میں بطور قصہ کے مشہور تھے، اور آپ نے بھی ان کو اسی طرح تفریح طبع کے لئے یا کسی اخلاقی نتیجہ کی خاطر بیان فرمایا، مثلاً ام زرع اور اس کی دس سہیلیوں کی کہانی، خرافہ کی داستان، بنی اسرائیل کی بعض حکایتیں،

۵۔ عربوں کے بعض تجربی مسلمات اور علاج ومعالجہ کی بعض باتیں،

۶۔ زراعت وغیرہ کے متعلق بعض ذاتی رائیں، مثلاً مدینہ میں قاعدہ تھا کہ فصل کے موقع پر نر چھوہاروں کے پھول مادہ چھوہارون کے درختوں میں ڈالے جاتے تھے، آپ نے یہ طریقہ دیکھا تو اس کو محض رسمی بات سمجھ کر فرمایا کہ اگر ایسا نہ کیا کرو تو کیا ہو" مدینہ والوں نے آپ کے اس کلمے سے اشارہ کو حکم کے طور پر مانا اور اس سال یہ ترکیب چھوڑ دی، نتیجہ یہ ہوا کہ اس سال پیداوار کم ہوگئی، لوگوں نے آکر عرض کی، فرمایا میں نے ایسا خیال کیا تھا، اَنْتُمْ اَعْلَمُ بِاُمُوْرِ دُنْیَاکُمْ "تم اپنے دنیاوی کاروبار اور معاملات سے زیادہ واقف ہو" یہ امور تغیر اور رد وبدل کے قابل ہوسکتے ہیں،

الغرض یہ وہ امور ہیں جن میں رسول کے ارشادات کی حیثیت انسانی باتوں کی ہے، لیکن ان کے علاوہ دوسرے امور جن کا تعلق دین ورسالت ونبوت سے ہے، مثلاً عقائد، عبادات، اخلاق اور اخبار معاد اور معاملات کے بعض ضروری حصے، یہ سب کے سب وحی اور تعلیم ربانی سے ہیں، جو دائمی اور ناقابل تغیر ہیں،

ان ناقابل تغیر امور کی تعلیم واطلاع کی دو صورتیں ہیں، ایک براہ راست وحی الٰہی جو وقتاً فوقتاً پیغمبر کی تعلیم واطلاع کے لئے خدا کی طرف سے آیا کرتی تھی، اور دوسری اجتہاد نبوی یہاں بحث اسی دوسری چیز سے ہے، شاہ صاحب اس کے متعلق دو باتیں فرماتے ہیں،

۱۔ ایک یہ کہ اجتہاد نبوی کی صورت وحقیقت مجتہدین کے اجتہاد کی طرح نہیں ہے، مجتہدین کا اجتہاد کسی خاص نص سے استنباط کا نام ہے، اور پیغمبروں کے اجتہاد کی صورت یہ ہے کہ خداتعالیٰ نے ان کو اجمالی طور سے شریعت کے کلی اصول وقواعد کا علم، منصب نبوت کے ساتھ ساتھ عطا

فرمادیا ہے۔ اسی علم کے مطابق آپ وحی کی توضیح، احکامِ منصوصہ کی تفصیل، کسی کلی کے جزئیات مسائل کی تشریح، اپنے الفاظ میں فرمادیا کرتے تھے،

۲۔ پیغمبروں کا یہ اجتہاد، دوسرے عام انسان مجتہدین کے اجتہادات کے برخلاف خطا وغلطی سے یکسر پاک ومنزہ ہوتا ہے، کیونکہ اُن کی رائے خطا وغلطی پر باقی رکھے جانے سے محفوظ بنائی گئی ہے، اسی لئے اُن کا پیغمبرانہ اجتہاد بھی بمنزلۂ وحی کے ہے۔

پیغمبرانہ اجتہاد کی جو تشریح شاہ صاحب نے فرمائی ہے، اس کو پیشِ نظر رکھ کر یہ فیصلہ نہایت آسان ہے کہ دوسرے لوگ ملکۂ نبوت، الہام، القاء، حکمت ربانی، فہم نبوی سے جو کچھ مراد لیتے ہیں اس میں اور اجتہاد نبوی میں عملاً کوئی فرق نہیں ہے کہ اس اجتہاد سے مقصود وہ قوتِ ملکیہ یا الہامیہ یا نبویہ ہے جس کو اللہ تعالیٰ خاص پیغمبر کے سینہ میں ودیعت رکھتا ہے، اس لئے مجتہدانہ اجتہاد اور پیغمبرانہ اجتہاد کے درمیان صرف لفظی اشتراک ہے معنی کا نہیں، مزید بحث آگے آئے گی۔

ایک نکتہ کی طرف یہاں اشارہ کردینا ہے، آنحضرت صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم کے سوا دوسرے صاحبِ کتاب انبیاء سے اُن کی وحی کتاب اور نتائجِ حکمتِ نبوی میں فرق وامتیاز باقی نہیں رہا، چنانچہ توراۃ وانجیل وزبور میں یہ سب باتیں ملی جلی ہیں، جیسا کہ اُن کے پڑھنے سے ہر شخص کو ظاہر ہے، مگر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ آخری اور غیر منسوخ کتاب لیکر آئے تھے، اس لئے آپ کی کتاب کی ہر طرح حفاظت کی گئی، اور ہر تخلیط وآمیزش سے محفوظ رکھی گئی، بلکہ اسی لئے ابتداء اسلام میں آپ نے نتائجِ حکمتِ نبوی کی تحریر سے لوگوں کو باز رکھا تاکہ کتاب کے ساتھ اس کی آمیزش نہ ہو

بعد کو جب یہ خطرہ باقی نہیں رہا تو اکثروں کے نزدیک یہ ہے کہ آپ نے اُن کی تحریر کی اجازت دیدی، اور بعض تشدد صحابہ اور علماء کے نزدیک یہ اجازت مخصوص لوگوں کے لئے تھی، عام نہیں لیکن یہ اختلاف تحریر و کتابت میں ہے اُن کی صحیح طور سے حفاظت و روایت و تبلیغ میں نہیں اس لئے اس خدمت کو تمام صحابہ، تابعین اور تبع تابعین اور علمائے صالحین نے ہمیشہ ادا کیا،

**عصمت و بے گناہی**

نبی کی تیسری اہم خصوصیت اس کی معصومی اور بے گناہی ہے، یہود میں چونکہ پیشینگو ہونے کے علاوہ نبی کا کوئی صحیح تخیل نہیں اس لئے اُن کی کتابوں میں انبیائے کرام علیہم السلام کی طرف ایسی باتیں منسوب کی گئی ہیں، جو اُن کی شان نبوت کے سراسر منافی ہیں، عیسائیوں میں صرف ایک مسیح کی ذات معصوم مانی جاتی ہے لیکن اسلام میں یہ عقیدہ ہر نبی اور رسول کی نسبت عام ہے، اس کے نزدیک تمام انبیاء اور رسول گناہوں سے پاک اور معصوم تھے، اُن سے تقاضائے بشریت بھول چوک ہو سکتی ہے مگر اللہ تعالیٰ اپنی وحی سے اُن کی ان غلطیوں کی بھی اصلاح کرتا ہے، نبوت کے متعلق عقلی حیثیت سے بھی جبتک عصمت کا اصول مان نہ لیا جائے نبی اور عام حکیم و مصلح میں فرق نمایاں نہیں ہو سکتا اور نبیوں اور رسولوں کی کامل صداقت و صحت پر اعتبار کیا جا سکتا، اسی لئے اسلام نے اس عقیدہ کا بھی بڑا اہتمام کیا ہے، ایک ایک کرکے تمام پیغمبروں کے مقدس احوال کا تذکرہ کیا ہے اور ان واقعات کی تردید کی ہے جو شان عصمت کے خلاف ہیں، اور جن کو لوگوں نے انکے سوانح میں شامل کر دیا ہے

عرب کے مشرکوں کا یہ عقیدہ تھا کہ کاہن جو غیب کا حال بتاتے ہیں اور شاعر جو پر جوش اور پر تاثیر کلام نظم کرتے ہیں، یہ شیطانوں سے سیکھ کر بتاتے اور کرتے ہیں، اور یہی بات وہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت بھی (نعوذ باللہ) کہتے تھے، قرآن نے اُن کے جواب میں کہا درخت

پھل سے اور شے اپنے آثار سے پہچانی جاتی ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّہٗ لَیْسَ لَہٗ سُلْطَانٌ عَلَی الَّذِیْنَ | شیطان کا زور ایمان والوں پر نہیں چلتا |
| آمَنُوْا وَعَلٰی رَبِّھِمْ یَتَوَکَّلُوْنَ اِنَّمَا | اور نہ اُن پر جو اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں |
| سُلْطَانُہٗ عَلَی الَّذِیْنَ یَتَوَلَّوْنَہٗ وَالَّذِیْنَ | اس کا زور ان ہی پر چلتا ہے جو اس سے دوستی |
| ھُمْ بِہٖ مُشْرِکُوْنَ ، (نحل - ۱۰۰) | کرتے ہیں ، اور اپنے رب کا شریک ٹھہراتے ہیں |

اس کے بعد آخر تک اس خیال کی تردید کی ہے ، اور پھر خاتمہ اس پر ہے ،

| | |
|---|---|
| وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُکَ اِلَّا بِاللّٰہِ وَلَا | اور صبر کر اور تیرا صبر کرنا بھی خدا ہی کی مدد سے ہے |
| تَحْزَنْ عَلَیْھِمْ وَلَا تَکُ فِیْ ضَیْقٍ | اور نہ تو اُن پر غمگین ہو ، اور نہ اُن کے فریب سے |
| مِّمَّا یَمْکُرُوْنَ اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الَّذِیْنَ | تنگدل ہو ، بیشک خدا اُن کے ساتھ ہے جو |
| اتَّقَوْا وَّالَّذِیْنَ ھُمْ مُّحْسِنُوْنَ (نحل - ۱۶) | پرہیز گار ہیں ، اور جو نیکوکار ہیں ، |

اس آیت سے ظاہر ہوا کہ انبیائے کرام شیطانوں کے فریب سے آزاد متقی ، پرہیز گار اور نیکوکار ہوتے ہیں ،

سورۂ شعراء میں اسی شبہہ کا جواب تمام پیغمبروں کے حالات کو سُنا کر آخر میں کہکر دیا ہے ،

| | |
|---|---|
| ھَلْ اُنَبِّئُکُمْ عَلٰی مَنْ تَنَزَّلُ | کیا میں تمہیں بتاؤں کہ شیطان کس پر اترتے ہیں |
| الشَّیٰطِیْنُ ، تَنَزَّلُ عَلٰی کُلِّ اَفَّاکٍ (۴) ۲۳ ۵۲ | اُن پر اترتے ہیں جو جھوٹ گھڑنے والے گنہگار ہوتے ہیں |
| اَثِیْمٍ یُّلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَکْثَرُھُمْ | (وہ لوگ سنی ہوئی بات لا ڈالتے ہیں اور اُن میں اکثر جھوٹے ہیں) |

كَذِبُوْنَ ، (شعراء - ١١) | کان ڈالتے ہیں اور وہ اکثر جھوٹے ہوتے ہیں

سورہ جاثیہ میں مخالفین کے جواب میں کہا گیا ہے،

وَيْلٌ لِّكُلِّ اَفَّاكٍ اَثِيْمٍ يَّسْمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتْلٰى عَلَيْهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسْتَكْبِرًا كَاَنْ لَّمْ يَسْمَعْهَا فَبَشِّرْهُ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ، (جاثیہ - ١)

پھٹکار ہو اس پر جو جھوٹ گھڑنے والا گنہگار ہے خدا کی آیتوں کو جو اسکو پڑھکر سنائی جاتی ہیں وہ سنتا ہے اور پھر اپنے غرور پر اڑا رہتا ہے گویا اس نے سنا نہیں تو اسکو دردناک عذاب کی خوشخبری سنادو

اس کے معنی یہ ہوئے کہ انبیا علیہم السلام جھوٹ گھڑنے والے اور گنہگار نہیں ہوتے کہ اگر ایسے ہوں تو فرشتوں کے بجائے وہ شیطانوں کے قرین و رفیق ثابت ہوں اور اُن کی سچائی اور صداقت مشتبہ ہو جائے اور نیز یہ کہ نبوت کی حقیقت کذب و گناہ کی صریح منافی ہے

ایک اور موقع پر ارشاد ہوا،

مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُوْلَ لِلنَّاسِ كُوْنُوْا عِبَادًا لِّيْ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ (آل عمران)

اس آدمی کے جس کو اللہ کتاب اور فیصلہ اور نبوت دے یہ شایاں نہیں کہ وہ لوگوں سے کہے کہ خدا کو چھوڑ کر میرے بندے ہو جاؤ،

یعنی پیغمبروں کی دعوت کا منشا خدا کی بندگی کا اعلان ہے، نہ کہ لوگوں کو اپنا بندہ اور پرستار بنانا، اور یہ گناہ اُن سے سرزد نہیں ہوتا،

اور ایک آیت میں فرمایا:-

وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ اَنْ يَّغُلَّ ، وَ | کسی پیغمبر کا یہ کام نہیں کہ وہ جو کچھ چھپا دے

Marfat.com

مَن يَغْلُلْ يَأْتِ بِمَا غَلَّ يَوْمَ الْقِيَامَةِ ۚ ثُمَّ
تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ وَهُمْ
لَا يُظْلَمُونَ ۔ أَفَمَنِ اتَّبَعَ رِضْوَانَ
اللَّهِ كَمَن بَاءَ بِسَخَطٍ مِّنَ اللَّهِ وَمَأْوَاهُ
جَهَنَّمُ ۚ وَبِئْسَ الْمَصِيرُ ۔ هُمْ دَرَجَاتٌ
عِندَ اللَّهِ ۗ وَاللَّهُ بَصِيرٌ بِمَا يَعْمَلُونَ ۔
لَقَدْ مَنَّ اللَّهُ عَلَى الْمُؤْمِنِينَ إِذْ بَعَثَ
فِيهِمْ رَسُولًا مِّنْ أَنفُسِهِمْ يَتْلُو
عَلَيْهِمْ آيَاتِهِ وَيُزَكِّيهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ
الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ ج وَإِن كَانُوا مِن
قَبْلُ لَفِي ضَلَالٍ مُّبِينٍ ۔

(آلِ عمران - ۱۷)

چھپائے اور جو کوئی چھپائیگا قیامت کے دن لیکر
اسکو حاضر ہوگا، پھر اس وقت ہر شخص کو اس کے
کام کا پورا بدلہ ملیگا، اور ان پر ظلم نہ ہوگا کیا
جو خدا کی خوشنودی کی پیروی کرے وہ اس
جیسا ہو سکتا ہے جو خدا کا غضب کمائے اور اس کا
ٹھکانا جہنم ہے، اور وہ برا ٹھکانا ہے، انسانوں
کے خدا کے نزدیک کئی درجے ہیں، اور خدا ان کے
کام سے خبردار ہے، بے شبہ اللہ نے ایمان والوں
پر احسان کیا کہ ان میں انہی میں سے ایک رسول
کو بھیجا جو ان کو اس کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور ان کو
پاک صاف بناتا، اور کتاب و حکمت سکھاتا ہے
بے شبہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے

ان آیتوں میں گو ہر نبی سے غلول (مال چھپانے) کی نفی کی ہے، اور فرمایا ہے کہ نبی جو خدا کی خوشنودی کی ہمیشہ پیروی کرتے ہیں، وہ ان کے مانند نہیں ہو سکتے جو خدا کی خفگی کماتے ہیں، مگر خصوصیت کے ساتھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ ہے اور بتایا گیا ہے کہ نبی کی یہ شان نہیں کہ اس سے ایسا جرم سرزد ہو سکے، کیونکہ اللہ کی رضامندی کا طالب ہے، اس کی ناخوشی کے کام کا مرتکب نہیں ہو سکتا، اور جو دوسروں کو احکام الٰہی سنائے، خود اس سے ان احکام کی خلاف ورزی ممکن

نہیں اور جو دوسروں کو پاک وصاف کرنے پر مامور ہے وہ خود گنہگار و ناپاک نہیں ہو سکتا،
انبیاء علیہم السلام کے لئے بار بار قرآن نے چنکر پسند کرنے کا لفظ استعمال کیا ہے جو سراسر
اُن کی عصمت اور گناہوں سے محفوظ و پاک رہنے پر دلالت کرتا ہے، عام پیغمبروں کے متعلق
یہ آیت ہے،

| | |
|---|---|
| اَللّٰہُ یَصْطَفِیْ مِنَ الْمَلٰٓئِکَۃِ | خدا فرشتوں میں سے اپنے پیغمبر چن کر پسند کرتا ہے |
| رُسُلًا وَّمِنَ النَّاسِ ، (حج - ۱۰) | اور آدمیوں میں سے، |

چند مخصوص پیغمبروں کی شان میں ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰہَ اصْطَفٰٓی اٰدَمَ وَنُوْحًا وَّاٰلَ | اللہ نے آدم نوح آل ابراہیم اور آل عمران |
| اِبْرٰھِیْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ، (آل عمران) | کو تمام اہل دنیا سے چن کر پسند کیا، |

خاص حضرت ابراہیمؑ کے متعلق ارشاد ہوا،

وَلَقَدِ اصْطَفَیْنٰہُ فِی الدُّنْیَا (بقرہ ۱۶) ہم نے اُس کو دنیا میں چنکر پسند کیا،

حضرت موسیٰؑ کی نسبت فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنِّی اصْطَفَیْتُکَ عَلَی النَّاسِ | میں نے تجھ کو اپنے کلام اور پیغاموں کیلئے |
| بِرِسٰلٰتِیْ وَبِکَلَامِیْ (اعراف ۱۷) | لوگوں میں سے چنکر پسند کیا، |

ایک آیت میں پیغمبروں کیلئے اصطفاء کیساتھ خیر (بہتر اور نیکوکار) کی صفت ظاہر کیگئی ہے،

| | |
|---|---|
| وَاذْکُرْ عِبٰدَنَآ اِبْرٰھِیْمَ وَاِسْحٰقَ | ہمارے خاص بندوں ابراہیم اور اسحٰق اور |
| وَیَعْقُوْبَ اُولِی الْاَیْدِیْ وَالْاَبْصَارِ | یعقوبؑ کو یاد کرو جو ہاتھوں (قوت عمل) والے اور آنکھوں |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اِنَّآ اَخْلَصْنٰهُمْ بِخَالِصَةٍ ذِكْرَى | (قوتِ علم) والے تھے ہم نے اُن کو آخرت کی |
| الدَّارِ وَاِنَّهُمْ عِنْدَنَا لَمِنَ | خالص نصیحت کے لئے خالص کیا، اور وہ ہماری |
| الْمُصْطَفَيْنَ الْاَخْيَارِ (ص۔۴) | بارگاہ میں چنے ہوئے نکوکاروں میں تھے، |

سورۂ انبیاء میں اکثر پیغمبروں کے تذکرہ کے بعد فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَكُلًّا جَعَلْنَا صٰلِحِيْنَ، وَجَعَلْنٰهُمْ | اُن میں سے ہر ایک کو ہم نے صالح بنایا، اور |
| اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا وَاَوْحَيْنَا | ہم نے اُن کو وہ پیشوا بنایا جو ہمارے حکم سے لوگوں |
| اِلَيْهِمْ فِعْلَ الْخَيْرٰتِ وَاِقَامَ | کو راہ دکھاتے تھے اور ہم نے اُن کو نیک کاموں |
| الصَّلٰوةِ وَاِيْتَآءَ الزَّكٰوةِ ج وَ | کے کرنے کی اور نماز کھڑی کرنے اور زکوٰۃ دینے |
| كَانُوْا لَنَا عٰبِدِيْنَ (انبیاء۔۵) | کی وحی کی، اور وہ ہمارے پرستار تھے |

کیا اس سے زیادہ اُن کی عصمت اور بیگناہی کی شہادت ہوسکتی ہے کہ وہ امام و پیشوا اور صالح اور خدا کے پرستار بنائے گئے،

سورۂ انعام میں بہت سے پیغمبروں کے نام گنا کر سب صالح فرمایا گیا،

| | |
|---|---|
| كُلٌّ مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ، (انعام۔۱۰) | یہ سب صالحوں میں تھے |

پھر آگے چل کر فرمایا، كُلًّا فَضَّلْنَا عَلَى الْعٰلَمِيْنَ (انعام۔۱۰) ہر ایک کو دنیا والوں پر فضیلت دی، پھر اُن کا ذکر کر کے فرمایا، وَاجْتَبَيْنٰهُمْ وَهَدَيْنٰهُمْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ، اور ہم نے اُن کو برگزیدہ کیا، اور اُن کو سیدھی راہ چلایا، صالح ہونا، برگزیدہ ہونا، اور راہ راست ہونا، سراسر عصمت اور بے گناہی ہے،

شقی وسعید اور گنہگار و نیکوکار، دونوں کی سیرتوں اور زندگیوں کا فرق اتنا نمایاں ہو کہ ان میں التباس اور اشتباہ ممکن نہیں، تاریخ وسیر کی خاموشی اور خلق کی گویا زبانیں چیخ چیخ کر اس فرق و امتیاز کی منادی کرتی رہتی ہیں، اس اصول کو قرآن پاک نے ان الفاظ میں ادا کیا ہے،

| | |
|---|---|
| اَمْ حَسِبَ الَّذِیْنَ اجْتَرَحُوا السَّیِّئَاتِ | کیا وہ جو گناہوں کے مرتکب ہیں یہ گمان کرتے ہیں |
| اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا | کہ ہم ان کو ان کی طرح جو ایمان لائے اور اچھے |
| الصّٰلِحٰتِ سَوَآءً مَّحْیَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ | کام کئے بنائیں گے ان دونوں کی زندگی اور موت |
| سَآءَ مَا یَحْكُمُوْنَ ، (جاثیہ ۲) | موت یکساں یہ انکا فیصلہ کتنا برا ہے؛ |

اس آیت پاک سے معلوم ہوا کہ ان دونوں کی زندگی اور موت دونوں ممتاز ہوتی ہیں،

انبیاءؑ کے وصف میں فرمایا،

| | |
|---|---|
| اَلَّذِیْنَ یُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ وَیَخْشَوْنَهٗ | جو اللہ کے پیاموں کو پہنچاتے ہیں اور اس سے ڈرتے |
| وَلَا یَخْشَوْنَ اَحَدًا اِلَّا اللّٰهَ (احزاب ۵) | ہیں، اور اللہ کے سوا کسی سے نہیں ڈرتے؛ |

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اہل بیت اور بیویوں کو جو عزت اور شرف حاصل ہے وہ نبوت ورسالت ہی کی نسبت سے ہے، ازواج مطہرات کی شان میں ہے،

| | |
|---|---|
| یٰنِسَآءَ النَّبِیِّ لَسْتُنَّ كَاَحَدٍ مِّنَ | اے پیغمبر کی بیویو! تم عام عورتوں میں سے کسی |
| النِّسَآءِ اِنِ اتَّقَیْتُنَّ ، (احزاب ۴) | ایک کی طرح نہیں ہو اگر تم متقی ہو، |

پھر اہل بیت نبوی کو خطاب کرکے فرمایا کہ ارادۂ ربانی یہ ہے کہ تم کو برائی سے پاک اور

صاف اور ستھرا بنائے،

| | |
|---|---|
| إِنَّمَا يُرِيدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنكُمُ الرِّجْسَ | اللہ یہی چاہتا ہے کہ تم سے ناپاکی کو دور کر دے |
| أَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيرًا (احزاب-۴) | نبی کے گھر والو! اور تم کو بالکل صاف ستھرا بنا دے |

ظاہر ہے کہ اگر انبیاء علیہم السلام کے ازواج و اولاد کی شرافت کے لئے گناہ اور بدی کی نجاست سے پاک ہونا شرط ہے، تو خود انبیاء علیہم السلام کا کیا ذکر ہے، ایک دوسری آیت میں حضرت عائشہؓ کو تہمت سے بری کر کے اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا،

| | |
|---|---|
| اَلْخَبِيثٰتُ لِلْخَبِيثِينَ وَالْخَبِيثُونَ | گندیاں گندوں کے واسطے، اور گندے |
| لِلْخَبِيثٰتِ ج وَالطَّيِّبٰتُ لِلطَّيِّبِينَ | گندیوں کے لئے، اور ستھریاں ستھروں کے |
| وَالطَّيِّبُونَ لِلطَّيِّبٰتِ ج أُولٰٓئِكَ | واسطے، اور ستھرے ستھریوں کے واسطے |
| مُبَرَّءُونَ مِمَّا يَقُولُونَ (نور-۳) | یہ اُن کی تہمت سے پاک ہیں، |

یہاں طیب، پاک، اور ستھرے سے ظاہر ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف اشارہ ہوا ہے، اسی ستھرے پن، پاکی، اور طہارت سے ازواج مطہرات کے اخلاقی ستھرے پن، پاکی، اور طہارت پر استدلال کیا گیا ہے،

انبیاء درحقیقت مقتدا اور پیشوا اور نمونہ بن کر اس دنیا میں بھیجے جاتے ہیں، اسی لئے فرمایا،

| | |
|---|---|
| لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللّٰهِ | تمہارے لئے خدا کے رسول میں اچھی پیروی |
| أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ (احزاب-۳) | ہے، |

نیز اُن کی اطاعت واجب ہے،

| | |
|---|---|
| وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا لِيُطَاعَ | ہم نے کوئی نبی نہیں بھیجا مگر اس لئے کہ خدا کے |

Marfat.com

بِاِذْنِ اللّٰہِ (نساء-۹) حکم سے اُس کی اطاعت کی جائے،

اور خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت تصریح ہے کہ آپ کی پیروی، خدا کا محبوب بننے کا مستحق ٹھہراتی ہے،

اِنْ کُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰہَ فَاتَّبِعُوْنِیْ اگر تم خدا کو چاہتے ہو تو میری پیروی کرو

یُحْبِبْکُمُ اللّٰہُ (اٰلِ عمران-۳) خدا تم کو چاہے گا،

کیا کسی گنہگار اور عصیان کار کی زندگی، پیروی، اتباع اور نمونہ بننے کی صلاحیت رکھتی ہے؟ تاریکی سے روشنی کبھی نکلی، اور گندگی سے پاکی کبھی پیدا ہوئی، اور گنہگاروں کی دعوت سے کبھی نیکو کاری پھیلی ہے؟ برائیوں اور گنہگاریوں کا اصلی سرچشمہ اور منبع شیطان، یا انسان کی خود قوت نفسانی ہے، لیکن خدا کے خاص بندے اُس کے دام فریب سے آزاد ہیں،

اِنَّ عِبَادِیْ لَیْسَ لَکَ عَلَیْھِمْ سُلْطٰنٌ یقیناً میری بندوں پر تیرا (اے شیطان) کوئی زور نہیں، تیرا پروردگار (اپنے بندوں کی طرف سے) بس کافی

وَکَفٰی بِرَبِّکَ وَکِیْلًا، (اسرائیل) بنی اسرائیل-۷

کیا انبیائے کرام علیہم السلام سے بڑھ کر کوئی بندۂ رب ہو سکتا ہے؟

انسانوں کی گمراہی اور عصیاں کاری وسوسہ شیطانی کا نتیجہ ہوتی ہے خواہ یہ شیطان خود اپنے کے اندر (خناس) چھپا ہو، یا انسان اور جن کی صورت میں ہو ہر ایک کے فتنہ سے انکی ذات پاک اور بلند ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بعض خود غرض لوگوں نے بعض مشوروں میں پھسلانا چاہا، مگر خدا نے پھسلنے نہ دیا، اور فرمایا کہ میری جو رحمت اور مہربانی تجھ پر مبذول ہے، وہ ہر وقت تیری دستگیر ہے گمراہی سے تیری نگہبان ہے، اور کتاب الٰہی اور حکمت و دانائی جو تجھے عطا ہوئی وہ تیری پاسبان ہے

وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ
لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ وَ
مَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ
مِنْ شَيْءٍ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ
وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا (نساء)

اور اگر تجھ پر اللہ کا فضل اور مہربانی نہ ہوتی تو ایک
گروہ نے تیری گمراہ کرنے کا ارادہ کیا تھا اور وہ
گمراہ نہیں کرینگے لیکن خود اپنی آپ کو اور تجھے کچھ بھی
نقصان نہ پہنچا سکیں گے اور خدا نے تجھ پر کتاب
اور حکمت اتاری ہے اور اس نے وہ سکھایا جو تو
نہیں جانتا تھا اور تجھ پر خدا کا بڑا فضل ہے،

اور یقیناً موقع و محل کی شہادت سے اس سب سے بڑے فضل سے یہاں مراد عصمت ہے،

خود نفس انسانی بھی اپنی جھوٹی تمناؤں، خود غرضانہ آرزوؤں اور خوشنما خیالوں سے لوگوں کو دھوکا دیتا ہے لیکن انبیاء علیہم السلام اس فریب تمنا سے بھی پاک ہیں، بشریت کے اقتضا سے یہ تو ممکن نہیں کہ خود اپنے مشن اور جس دعوت حق کو لیکر وہ آئے ہیں، اس کی جلد از جلد کامیابی اور لوگوں کے بسرعت قبول ایمان کے متعلق اُن کے دل میں تمنائیں اور آرزوئیں نہ پیدا ہوتی ہوں لیکن وہ مصلحت الٰہی کے مطابق نہیں ہوتیں، اس لئے اللہ تعالیٰ اُن خیالات و تمناؤں کو اُن کے دلوں سے نکال دیتا ہے، اور اپنے فیصلہ کو برجا رکھتا ہے، فرمایا،

وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ
وَّلَا نَبِيٍّ اِلَّآ اِذَا تَمَنّٰىٓ اَلْقَى الشَّيْطٰنُ
فِيْٓ اُمْنِيَّتِهٖ ج فَيَنْسَخُ اللّٰهُ مَا يُلْقِي
الشَّيْطٰنُ ثُمَّ يُحْكِمُ اللّٰهُ اٰيٰتِهٖ وَاللّٰهُ

اور ہم نے تجھ سے پہلے کوئی نبی یا رسول نہیں بھیجا،
لیکن یہ کہ جب وہ خیال باندھتا ہے تو شیطان اسکے
خیال میں کچھ ملا دیتا ہے تو خدا شیطان کی ملاوٹ کو
مٹا دیتا ہے اور اپنے نکتوں کو مضبوط کر دیتا ہے اور خدا

Marfat.com

عَلِیۡمٌ حَکِیۡمٌ ؕ (حج - ۷) دانا اور حکمت والا ہے،

اس سے معلوم ہوا کہ انبیائے کرام غلط خیال آرائی کے گناہ سے بھی محفوظ رکھے جاتے ہیں،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق فرمایا گیا،

مَا ضَلَّ صَاحِبُکُمۡ وَ مَا غَوٰی (نجم - ۱) (اے مسلمانو!) تمہارا صاحب گمراہ ہوا نہ بھٹکا

اس عدم گمراہی اور عدم ضلالت کا تعلق کسی خاص عہد اور وقت سے نہیں ہے، بلکہ اس آیت

میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ہر عہد سابق اور زمانۂ ماضی سے ضلالت اور غوایت کی پوری نفی کی

گئی ہے، اور بتایا گیا ہے کہ آپ کا دامن سدا ان کانٹوں سے پاک رہا،

بعض شبہات کا ازالہ | قرآن پاک میں بعض ایسے الفاظ ہیں جن سے ایک ظاہر بیں کو یہ دھوکا

ہو سکتا ہے کہ بعض پیغمبروں کے دامن پر عدم معصومیت کے بھی داغ ہیں، مگر علمائے محققین نے

ان میں سے ہر ایک شبہہ کو تشفی بخش جواب دیدیا ہے، اور خصوصیت کے ساتھ علامہ ابن حزم

اندلسی نے الفصل فی الملل والنحل (جلد چہارم) میں اور قاضی عیاض مالکی نے شفا (قسم ثالث باب

اول) میں خفاجی نے شرح شفا (جلد چہارم) میں اور متاخرین میں ملا دوست محمد کابلی نے تحفۃ

الاخلاف فی عصمۃ الانبیاء میں ایک ایک شبہہ کو پوری طرح رد کیا ہے جس سے ظاہر بینی کا پردہ

آنکھوں کے سامنے سے ہٹ جاتا ہے، اور اصل حقیقت ظاہر ہو جاتی ہے، ان میں سے ہر شبہہ کو

ذکر کرنا، اور اس کا رد کرنا ایک طول عمل ہے، مختصراً اصولی طور سے یہ کہا جا سکتا ہے کہ اس مسئلہ

میں جو غلط فہمیاں کسی کو پیش آتی ہیں ان کے دو اسباب ہیں، اور ان اسباب کی تشریح کرنا

ہی ان غلط فہمیوں کو دور کر دینا ہے،

Marfat.com

ا۔ سب سے پہلی بات یہ ذہن نشین کرلینی چاہیئے کہ انبیاء علیہم السلام کا پایہ بندوں میں بلکہ تمام مخلوقات میں خواہ کسی قدر بلند ہو اور اُن کا دامن گناہ و عصیان کے گرد و غبار سے کتنا ہی پاک ہو، تاہم اُس ذوالجلال والاکرام کے سامنے اُن کی حیثیت ایک عبد ایک بندہ اور ایک عاجز مخلوق ہی کی ہے، ایک عبد و غلام خواہ کسی قدر اطاعت کیش، کتنا ہی وفاشعار اور مطیع فرمانبردار ہو، تاہم اپنے آقا کے سامنے اُس کو اپنے قصور کا معترف اپنی تقصیر کا مقر اپنی کوتاہیوں پر خجل اور اپنی فردگذاشتوں پر نادم ہی ہونا چاہیئے، اسی لئے حضرت ابراہیمؑ جن کی نیکی اور پاکی کی شہادت سے قرآن بھرا ہوا ہے وہ خدا کی عظمت و جلال اور اُس کی رحمت و شفقت کے ذکر میں فرماتے ہیں،

| | |
|---|---|
| وَالَّذِیٓ اَطۡمَعُ اَنۡ یَّغۡفِرَ لِیۡ خَطِیٓـَٔتِیۡ یَوۡمَ الدِّیۡنِؕ (شعراء - ۵) | اور وہ خدا جس سے جزا کے دن اپنی بھول چوک کی معافی کی پوری امید رکھتا ہوں |

نبی یہ اعتراف و اقرار اور خجالت و ندامت، اُس کا نقص نہیں، بلکہ اس کی بندگی اور عبودیت کا کمال ہے اور آقا کو حق پہنچتا ہے کہ اس کے غلام، اطاعت و فرمانبرداری کے جس حیرت انگیز رتبہ تک بھی پہنچے ہیں، وہ اُن سے اطاعت کیشی اور وفاشعاری کے اس سے بھی بلند رتبہ کا مطالبہ کرے کہ اس کے دربار میں اُن کے عروج و ترقی کی کرسی اور بھی اونچی ہوتی جائے، بعض آیتوں میں اگر کسی پیغمبر کو خدا سے مغفرت مانگنے کی ہدایت کی گئی ہے، تو اس کا سبب گناہ کا وجود نہیں، بلکہ ہر قدم پر گذشتہ رتبۂ اطاعت پر قناعت کرلینے پر تنبیہ اور مزید اطاعت کا مطالبہ ہے تاکہ وہ اُس کے مزید تقرب کا ذریعہ بن سکے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہوتا ہے،

| | |
|---|---|
| اِذَا جَآءَ نَصۡرُ اللّٰهِ وَالۡفَتۡحُ وَرَاَيۡتَ النَّاسَ | جب اللہ کی مدد آچکی اور مکہ فتح ہوچکا اور |

| | |
|---|---|
| يَدْخُلُوْنَ فِيْ دِيْنِ اللّٰهِ اَفْوَاجًا ۙ | اللہ کے دین میں گروہ در گروہ جاتے دیکھ چکا |
| فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَاسْتَغْفِرْهُ ؕ | تو اپنے پروردگار کی پاکی بیان کر اور اُس سے معافی |
| اِنَّهٗ كَانَ تَوَّابًا ۔ (نصر) | چاہ کہ وہ بندوں کے حال پر رجوع ہونیوالا ہے |

غور کرو کہ خدائی مدد آنا، مکہ فتح ہونا، بت پرستی کی بیخ کنی، اور لوگوں کا مسلمان ہو جانا کوئی جرم ہے جس سے کوئی معافی چاہے، اسی طرح سورۂ فتح میں فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّا فَتَحْنَا لَكَ فَتْحًا مُّبِيْنًا لِيَغْفِرَ لَكَ | ہم نے تجھ کو کھلی فتح دی تاکہ اللہ تیری |
| اللّٰهُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْۢبِكَ وَمَا | اگلی پچھلی خطا کو معاف کرے اور اپنا احسان |
| تَاَخَّرَ وَيُتِمَّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكَ وَيَهْدِيَكَ | تجھ پر پورا کرے، اور تجھ کو سیدھی راہ چلائے |
| صِرَاطًا مُّسْتَقِيْمًا ۙ وَّيَنْصُرَكَ اللّٰهُ | اور تجھ کو مضبوط مدد دے، |
| نَصْرًا عَزِيْزًا (فتح - ۱) | |

دوبارہ غور کرو کہ کہ کی فتح کامل نصیب ہونے کو حضور کی معافی سے بجز اس کے کیا تعلق ہو سکتا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے بندہ کے حسن خدمت کو قبول فرما کر اپنی خوشنودی کا اظہار فرماتا ہے، اس استغفار سے مقصود نعوذ باللہ پیغمبر کی گنہگاری کا ثبوت نہیں، بلکہ اس کی عبدیت کاملہ کا اظہار ہے،

حضرت عیسیٰ علیہ السلام، جن کے خدا کے بیٹے ہونے کے عیسائی اور فرشتے جن کے خدا کی بیٹیاں ہونے کے اہل عرب قائل تھے، اور اُن کو خدا کا درجہ دیتے تھے، اُن کے متعلق قرآن نے کہا،

| | |
|---|---|
| لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ اَنْ يَّكُوْنَ | مسیح کو ہرگز اس سے عار نہ آئے گا کہ وہ خدا |
| عَبْدًا لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ | کا بندہ ہو اور نہ مقرب فرشتوں کو اور جو اس کی |
| وَمَنْ يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ | بندگی سے عار کرے گا اور بڑائی چاہے گا تو خدا |
| فَسَيَحْشُرُهُمْ اِلَيْهِ جَمِيْعًا (نساء-۲۴) | ان سب کو اپنے پاس اکٹھا کرے گا، |

اس سے مقصود نعوذ باللہ حضرت عیسیٰؑ کی توہین نہیں، بلکہ ان کی عبدیت اور بندگی کا اعلان ہے،

الغرض انبیاءؑ کا خدا کے حضور میں اپنی کوتاہی کا اعتراف اُن کی گنہگاری کا ثبوت نہیں بلکہ اُن کی عبدیت کاملہ کا اظہار ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ کا کسی پیغمبر کی نسبت یہ فرمانا کہ میں نے تجھے معاف کیا، اس کی گنہگاری کا اعلان نہیں، بلکہ اپنی پسندیدگی، رضا، اور قبول تام کی بشارت ہے، سورۂ فتح کی جو آیتیں اوپر گذریں، اُن کو پڑھو تو ظاہر ہوگا کہ چونکہ بت پرستی کی آلائش سے مکہ کی تطہیر، اور کل جزیرۂ عرب میں حق و باطل کی تمیز، مکہ کی فیصلہ کن فتح پر موقوف تھی، اس لئے جب وہ پیغمبر علیہ السلام اور مسلمانوں کی مسلسل کوششوں اور جانفروشیوں سے حاصل ہوئی تو خدا نے اعلان فرمایا کہ آج اس فتح سے نبوت کے فرض کی اور تجھ پر میرے سلسلۂ احسانات کی تکمیل ہوئی، پھر خدا آپ سے صراط مستقیم کی طرف ہدایت کا اور اپنی زبردست مدد کا وعدہ کرتا ہے، حالانکہ ان میں سے ہر چیز آپ کو پہلے ہی عنایت ہو چکی تھی، کیا فتح مکہ سے پہلے آپ صراط مستقیم یعنی اسلام پر نہ تھے، یا آپ کو زبردست مدد نہیں مل چکی تھی، یہ سب مرتبے حاصل تھے، مگر ان باتوں کے یہاں ذکر سے اللہ تعالیٰ کا مقصود یہ ہے کہ اس موقع پر اس طرح اپنی مزید رضامندی کا اظہار فرمائے

اور رسول کی اگلی پچھلی تمام فروگذاشتوں پر (اگر ہوں) خطِ عفو پھیرنے کا اعلان کرکے اُن کو نیا خلعتِ فاخرہ عطا اور نئے مراتب جلیلہ عنایت کرے،

عبدیتِ کاملہ کا یہی راز و نیاز ہے جو حضرت مسیحؑ کے اس فقرہ میں نمایاں ہے ایک سردار اُن کو "اے نیک استاد" کہکر خطاب کرتا ہے اُس کے جواب میں وہ فرماتے ہیں:

"تو کیوں مجھ کو نیک کہتا ہے؟ کوئی نیک نہیں، مگر ایک یعنی خدا"۔ (لوقا ۱۸-۱۹)

حضرت مسیحؑ کے اس فقرہ سے کسی کا یہ قیاس کرنا کہ وہ نیک نہ تھے، کس قدر غلط ہوگا اسی طرح حضرت عیسیٰؑ کا اپنی مشہور دعا میں یہ کہنا کہ

"اور جس طرح ہم اپنے قرضداروں کو بخشتے ہیں، تو اپنے دَین ہم کو بخش دے، (متی-۶-۱۲)

اُن کی گنہگاری کی دلیل نہیں، بلکہ عبدیتِ کاملہ کے اظہار کا ثبوت ہے،

نکتہ- عربی زبان میں گناہ کے لیے مختلف الفاظ ہیں، مثلاً ذنب، اثم، حنث، جرم وغیرہ اُن میں سے ذنب کے سوا دوسرے الفاظ کا اطلاق اس حقیقی گناہ پر کیا جاتا ہے، جو بالقصد اور جان بوجھ کر کیا جائے لیکن ذنب کا اطلاق ہر غلط فعل پر ہوتا ہے، خواہ وہ جان بوجھکر کیا جائے یا بن جانے غلط فہمی سے ہو، یا سوچ سمجھکر، بھول چوک سے ہو، یا قصداً، اور ان کاموں پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے، جو درحقیقت عام اُمت کے لئے گناہ نہیں لیکن انبیاء کے حق میں اتنی غفلت بھی مواخذہ کے قابل ہے، اسی معنی میں کہا گیا ہے کہ حسنات الابرار سیئات المقربین، (نیکوں کی نیکیاں، مقربین کی برائیاں ہیں) ع

جن کے رُتبے ہیں سوا ان کو سوا مشکل ہے،

انبیاء علیہم السلام کے استغفار کے موقع پر ہمیشہ "ذنب" کا لفظ استعمال ہوا ہے جرم، اثم یا حنث کا نہیں ذنب کا لفظ بھول چوک اور غفلت سے لیکر عصیان تک کو شامل ہے[1] اس لئے کسی نبی کو اگر خدا کی طرف سے استغفار ذنب کی ہدایت کی گئی تو اس کے معنی صریحاً عصیان و گناہ کے نہیں بلکہ یہی انسانی بھول چوک اور فرو گذاشت ہے جس کی اصلاح و تنبیہ اللہ تعالیٰ اپنے رحم و کرم اور لطف و عنایت سے فرماتا رہتا ہے اور اسی کے لئے استغفار کا حکم اُن کو ہوتا رہتا ہے،

اسی سے ایک اور نکتہ کی طرف اشارہ ہوتا ہے کہ بھول چوک اور بلا ارادہ غفلت گو اُمت کے حق میں قابلِ مواخذہ نہیں، مگر انبیاء علیہم السلام کے بلند مرتبہ کے لحاظ سے یہ چیزیں بھی گرفت میں آتی ہیں، کیونکہ اُن کا قول و فعل شریعت بن جاتا ہے، اس لئے شریعت کی حفاظت کے لئے اُن کے ہر قول و فعل کی حفاظت بھی ضروری ہے، اس بنا پر اگر اُن سے احیاناً کوئی ایسی بات ہو جاتی ہے تو فوراً اس پر تنبیہ کی جاتی ہے، اور اُن کو ہشیار کر دیا جاتا ہے، اور اسی کے ساتھ اُن کی یہ چیز معاف کر کے اُن کو بشارت سُنا دی جاتی ہے، اور اس طرح ہر چھوٹے بڑے دانستہ و نادانستہ تمام گناہوں سے اُن کا دامن پاک و صاف رکھا جاتا ہے،

---

[1] اس فرق کو عام لغت نویسوں نے ملحوظ نہیں رکھا ہے، مگر جن علمائے لغت نے ان الفاظ کے فروق پر کتابیں لکھی ہیں، انھوں نے اسکی تصریح کی ہے، ہم یہاں پر بیروت کے مشہور عیسائی لغت نویس و ادیب الاب ہنری آپی لامنس کی کتاب فرائد اللغۃ فی الفروق کی عبارت نقل کرتے ہیں، "الاثم والذنب الذنب ما یستحق العقوبۃ علیہ ولا یوصف بہ الا المجرم و بین الاثم والذنب فرق من حیث ان الذنب مطلق الجرم عمداً کان او سہواً بخلاف الاثم فانہ ما یستحق فاعلہ العقاب فیختص بما یکون عمداً والحنث الاثم من الذنب لان الذنب یطلق علی الصغیرۃ والحنث علی الکبیرۃ والجرم لا یطلق الا علی الذنب المغلظ (ص ۹۰۰۰)

(مطبوعہ [illegible] کیتھولک ۱۸۸۹ء)

| | |
|---|---|
| فَتَلَقّٰی اٰدَمُ مِنْ رَّبِّہٖ کَلِمٰتٍ فَتَابَ عَلَیْہِ، (بقرہ-۴) | تو آدم نے اپنے رب سے چند باتیں سیکھ لیں تو وہ اس کی طرف رجوع ہوا، |
| ثُمَّ اجْتَبٰہُ رَبُّہٗ فَتَابَ عَلَیْہِ (طٰہٰ-۶) | پھر خدا نے اس (آدم) کو برگزیدہ کیا پھر اسکی طرف رجوع ہوا |
| لَقَدْ تَّابَ اللّٰہُ عَلَی النَّبِیِّ (توبہ-۱۴) | یقیناً اللہ نبی کی طرف رجوع ہوا، |
| فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ (انبیاء-۶) | پھر ہم نے اس (یونس) کی دعا قبول کی اور اسکو غم سے رہائی دی |

لِیَغْفِرَ لَکَ اللّٰہُ مَا تَقَدَّمَ مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَأَخَّرَ (فتح-۱) تاکہ اللہ تیری اگلی پچھلی فروگذاشت معاف کرے،

کامل اور عام عفو و مغفرت کا یہ مرتبۂ بلند خود بندہ کی زندگی میں انبیاء کے سوا کسی دوسرے کو نصیب نہیں،

۲- انبیا کی معصومیت کے مسئلہ مین غلط فہمی کا دوسرا سبب یہ ہے کہ انبیا کی قبل از نبوت اور بعد از نبوت زندگیون میں، قوت اور عمل کا جو فرق ہے، اُس کو ملحوظ نہیں رکھا جاتا علم اور جہل ضلالت اور ہدایت، اضافی الفاظ مین سے ہین علم کی ہر حد کو علم کے مافوق درجہ کے لحاظ سے جہل اور ہدایت کے بلند سے بلند رتبہ کو اُس سے بھی اوپر کے مرتبہ کے لحاظ سے ضلالت کہہ سکتے ہیں، انبیاء علیہم السلام کی قبل از نبوت اور بعد از نبوت زندگیون میں قوت اور فعلیت کا فرق ہے جس طرح تخم میں تمام برگ و بار پوشیدہ ہوتا ہے لیکن وہ اس وقت درخت نہین ہوتا اور نہ اُس مین تنہ، شاخین، پتے، پھول اور پھل ہوتے ہین، اور نہ اُس کا عالم پناہ سایہ ہوتا ہے لیکن ایک وقت آتا ہے جب وہی تخم بڑھ کر ایک نیا درخت بن جاتا ہے، اس کے پتے آنکھوں میں ہریالی پیدا کرتے ہین اُس کے پھول مشامِ جان کو معطر کرتے ہیں اُس کے پھل کام و دہن میں شہد ٹپکاتے ہین

اُس کے سایہ میں تھکے ماندے مسافر آرام پاتے ہیں، اسی طرح نبوت کی سابقہ اور لاحقہ زندگیوں میں عظیم الشان فرق ہوا اور اسی فرق کی بنا پر اُس کی قبل از نبوت زندگی ، ظہور نبوت کے بغیر تاریکی اور ضلالت " اور بعد کی زندگی نور اور ہدایت معلوم ہوتی ہے، جس طرح عام افراد کی زندگی اسلام و ایمان کے بغیر ضلالت اور اسلام و ایمان کے بعد ہدایت بن جاتی ہے " اسی طرح انبیاء کی زندگی اُن کی نظر میں نبوت کے بغیر، ضلالت اور نبوت کے بعد ہدایت ہوتی ہے، غرض یہ ہو کہ ظہور نبوت سے پہلے کا زمانہ اُن کی ضلالت کا اور بعد کا زمانہ اُن کی ہدایت کا عہد کہلاتا ہے، لیکن ضلالت اور ہدایت کا یہ مفہوم اس مفہوم سے بالکل مختلف ہے، جو غیر انبیاء کے حق میں مستعمل ہے " اللہ تعالیٰ جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اپنے احسانات گناتا ہوا فرماتا ہے،

| | |
|---|---|
| اَلَمْ يَجِدْكَ يَتِيْمًا فَاٰوٰى ص وَوَجَدَكَ | کیا اللہ نے تجھ کو یتیم نہ پایا، پھر پناہ دی |
| ضَآلًّا فَهَدٰى ص وَوَجَدَكَ عَآئِلًا | اور اُس نے تجھ کو بھولا پایا، تو رہنمائی کی |
| فَاَغْنٰى ، (ضحیٰ - ۱) | اور تجھ کو محتاج پایا، تو بے نیاز کیا، |

سطور بالا سے ظاہر ہے کہ یہاں ہدایت سے نبوت " اور ضلالت سے قبل نبوت کی زندگی مراد ہے، جو نبوت کے بعد کی زندگی کے مقابلہ میں نسبتہً ضلالت ہی ہے ،

" ضلالت " کے معنی عربی میں صرف صریح گمراہی کے نہیں ہیں، بلکہ نادانستہ بھولنے بھٹکنے اور غفلت کرنے کے بھی ہیں، عورتوں کی شہادت کے موقع پر ہے :

| | |
|---|---|
| اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰهُمَا فَتُذَكِّرَ | کہ بھول جا وے ایک عورت تو یاد |
| اِحْدٰهُمَا الْاُخْرٰى ، (بقرہ ۳۹) | دلادے اس کو دوسری . |

Marfat.com

ایک اور آیت میں علم الٰہی کی تعریف میں ہے،

لَا یَضِلُّ رَبِّیْ وَلَا یَنْسٰی (طٰہٰ ۲) جو چوکتا ہے میرا رب نہ بھولتا ہے،

ان آیتوں میں لفظ ضلالت کا استعمال بتاتا ہے کہ ضالّ کے معنی عربی زبان اور محاورہ قرآن میں صرف گمراہ کے نہیں، بلکہ بھول چوک کے بھی ہیں، اسی طرح اس حالت کے بھی ہیں جس میں گمراہی کو گمراہی معلوم ہوتی ہے لیکن ہنوز ہدایت الٰہی کا نور اس کے سامنے نہیں چمکا، غلطی کا احساس ہوتا ہے، مگر اس غلطی کی جگہ ہنوز صحت نظر نہیں آئی ہے جہل کی برائی تو معلوم ہو گئی ہے، مگر ہنوز علم کا دروازہ نہیں کھلا ہے، اور یہی قبل نبوت کی کیفیت ہوتی ہے حضرت موسیٰؑ نے اپنی نبوت سے پہلے ایک ستم شعار قبطی کو گھونسا مارا تھا جس کے صدمہ سے وہ اتفاقیہ مر گیا تھا، نبوت پاکر جب وہ لوٹے تو فرعون نے ان کو طعنہ دیا کہ تم تو میرے فراری مجرم ہو حضرت موسیٰؑ نے جواب دیا،

فَعَلْتُهَآ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّآلِّيْنَ ط (شعراء-۲) میں نے اس حالت میں کیا تھا کہ میں چوکنے والوں میں سے تھا،

اس چوک اور ضلالت سے مقصد صرف یہی ہے کہ اس وقت میں نبوت کی عزت سے سرفراز نہ تھا، ورنہ ظاہر ہے کہ حضرت موسیٰؑ نے نبوت سے پہلے کوئی گمراہی کی بات نہیں کی تھی، بت کو پوجا تھا، نہ فرعون کو سجدہ کیا تھا، نہ کوئی اور شرک کیا تھا کسی کے طمانچہ مارنے سے اتفاقیہ کسی کمزور کا مرجانا، مارنے والے کا کوئی بامقصد گناہ نہیں جس کو ضلالت کہیں، اس سے صاف ظاہر ہوتا ہو کہ حضرت موسیٰؑ کا اپنے کو اس وقت ضال کہنے سے مراد نبوت سے سابقہ زندگی ہے

Marfat.com

اس قبلِ نبوت کی زندگی کو بعد نبوت کی زندگی کے لحاظ سے جیسے یہاں "ضلالت" کہا گیا ہے، دوسری جگہ اس کو "غفلت" (بیخبری) سے بھی تعبیر کیا گیا ہے، حضرت یوسفؑ کے قصہ میں آپ کو خطاب ہے:

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ أَحْسَنَ الْقَصَصِ بِمَا أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ هَٰذَا الْقُرْآنَ وَإِنْ كُنْتَ مِنْ قَبْلِهِ لَمِنَ الْغَافِلِينَ (یوسف)

ہم تجھے بہترین قصہ سناتے ہیں کیونکہ ہم نے تیری طرف یہ قرآن اتارا، اگرچہ اس قرآن کی وحی سے پہلے تو بیخبروں میں تھا،

اس "بیخبری" کے عالم کی تفسیر دوسری آیت میں ہے، جس پیغمبر کی قبل از نبوت اور بعد از نبوت کی زندگی کا فرق ظاہر فرما دیا ہے،

وَكَذَٰلِكَ أَوْحَيْنَا إِلَيْكَ رُوحًا مِنْ أَمْرِنَا مَا كُنْتَ تَدْرِي مَا الْكِتَابُ وَلَا الْإِيمَانُ وَلَٰكِنْ جَعَلْنَاهُ نُورًا نَهْدِي بِهِ مَنْ نَشَاءُ مِنْ عِبَادِنَا وَإِنَّكَ لَتَهْدِي إِلَىٰ صِرَاطٍ مُسْتَقِيمٍ (شوری - ۵)

اور اسی طرح ہم نے اپنے (خلوت خانہ) راز سے ایک روح تیری طرف وحی کی، تو نہیں جانتا تھا کہ کتاب کیا ہے، اور نہ ایمان، لیکن ہم نے اسکو نور بنا دیا جس سے جس کی چاہتے ہیں اپنے بندوں میں سے رہنمائی کرتے ہیں، اور بیشک تو سیدھی راہ دکھاتا ہے،

"کتاب و ایمان" کے نور و ہدایت ملنے سے پہلے کی یہی وہ کیفیت و حالت ہے جس کو کہیں ضلالت اور کہیں غفلت کہا گیا، اس سے مقصود حقیقی گنہگاری، عصیان کاری اور باطنی گمراہی نہیں ہے، بلکہ طالب حق، تلاش معرفت اور انتظار حقیقت ہے کہ وہی ان کے

حق میں ضلالت اور غفلت کا حکم رکھتا ہے آخر وہ وقت آتا ہے جب روشنی چمکتی ہے، روحانی سکون کا چشمہ بہتا ہے، اور منزل رسی کے بعد دوسروں کی رہنمائی کا منصب عطا ہوتا ہے، یہ ہدایت کا دور ہے، چنانچہ ایک موقع پر انبیاءؑ کے نبوت ملنے کو ہدایت کے لفظ سے ادا فرمایا گیا ہے،

وَوَهَبْنَا لَهُ إِسْحٰقَ وَيَعْقُوبَ كُلًّا هَدَيْنَا وَنُوحًا هَدَيْنَا مِنْ قَبْلُ، (انعام) اور ہم نے ابراہیم کو اسحاق اور یعقوب بخشے، اور ان میں ہر ایک کو ہدایت دی، اور ان سے پہلے نوح کو ہدایت دی،

اس ہدایت دینے سے اگر نبوت عطا کرنا مراد ہے تو ظاہر ہے کہ عدم نبوت کا عہد ضلالت ہی کہلائے گا، مگر اس سے مقصد صرف وہ حالت ہوئی جس میں ان کو ہنوز نبوت نہیں ملی تھی اور اس مرتبۂ بلند کا انتظار تھا،

اس تشریح سے یہ واضح ہوگیا کہ انبیاءؑ کے حق میں ضلالت سے مقصود گنہگاری، عصیان کاری، اور گمراہی نہیں، بلکہ عدم نبوت کا دور اور رسالت کی زندگی سے پہلے کا عہد ہے، جو نبوت و رسالت کی ہدایت کے مقابلہ میں نسبتہً ضلالت ہے،

**نبی کی بشریت** | نبیؑ کی معصومیت اور اس کے دوسرے مقدس خصوصیات کے باوجود اسلام کی تعلیم یہ ہے کہ نبی خدا کا مخلوق، خدا کا بندہ اور آدمی ہی ہوتا ہے، وہ خدا، خدا کا اوتار، یا فرشتہ نہیں ہوتا، بلکہ حقیقت یہ ہے کہ یہ مسئلہ بھی ان مسائل میں ہے جن کی اصل حقیقت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے افراط و تفریط کی تاریکی میں گم تھی، اور آپ کے فیض تعلیم سے وہ روشن ہوئی اسلام سے پہلے یہودیوں کی طرح ایسے اہل مذہب بھی تھے جو پیغمبروں کو ایک پیشینگوئی کی صفت کے علاوہ ہر حیثیت سے معمولی انسان سمجھتے تھے، وہ ہر قسم کے گناہ بھی کرتے تھے،

Marfat.com

وہ بداخلاقیوں کے بھی مرتکب ہوتے تھے، وہ کفر بھی کرتے تھے تاہم پیغمبر سمجھے جاتے تھے، دوسری طرف عیسائی بھی تھے، جو اپنے "نجات دہندہ" کو انسانیت سے پاک، خود خدا یا خدا کا جز یا ناسوت ولاہوت" کا ایک مجموعہ سمجھتے تھے، اور ہندو بھی تھے، جو اپنے رہنماؤں کو دیوتا، اوتار یعنی مجسّم خدا یا انسان کے بھیس میں خدا سمجھتے تھے، اور جن کو ہر قسم کی خدائی طاقتیں حاصل تھیں،

اسلام نے اپنی تعلیم ان دونوں کے وسط میں پیش کی، وہ ایک طرف رسولوں کو مخلوق محض، صرف انسان اور پورا بندہ اور خدا کے حکم کے سامنے عاجز و درماندہ تسلیم کرتا ہے لیکن دوسری طرف وہ اُن کو خدا کا برگزیدہ معصوم، نیک اور خدا کی قدرت سے فیض پاکر برکتوں، سعادتوں اور ہدایتوں کا مرکز، اور اس کی اجازت سے عجیب و غریب اُمور صادر کرنے والا بتاتا ہے، اور بے اعتدالی کے اُن دونوں خیالات کی جو غلط فہمی پر مبنی ہیں، علانیہ تردید کرتا ہے اہل عرب بھی ہندوؤں، یونانیوں اور عیسائیوں کی طرح یہ سمجھتے تھے کہ انسان کی رہنمائی کے لئے خود انسان نہیں بلکہ انسان سے مافوق ہستی ہونی چاہیے اور وہ ہستی صرف فرشتوں کی ہے، قرآن نے اُن کے اس خیال کی بار بار تکذیب کی ہے، اور کہا ہے کہ اگر زمین میں فرشتے آباد ہوتے، تو فرشتہ کو اُن کے پاس رسول بنا کر بھیجا جاتا، اور انسانوں میں فرشتہ آتا بھی تو انسانیت ہی کے پیکر میں آتا، تو ایسی حالت میں تم اس فرشتہ کو فرشتہ کب مانتے،

حقیقت یہ ہے کہ پیغمبروں کے دو رُخ ہوتے ہیں، ایک طرف تو وہ بشریت کے جامے میں ہوتے ہیں، اور انسانوں ہی کی طرح کھاتے پیتے، چلتے پھرتے، سوتے جاگتے، شادی بیاہ کرتے اور پیدا ہوتے، اور مرتے ہیں، دوسری طرف وہ اپنی روحانیت، بے گناہی، پاکدامنی، اور اختصاص

نبوت میں انسانوں سے بلند تر ہیں، یہودیوں کی طرح جن کی نظر اُن کے انسانی رُخ پر پڑتی ہے وہ اُن کو ہر طرح معمولی انسان سمجھتے ہیں، اور عیسائیوں کی طرح جن کی نظر اُن کے مافوق انسانی خصائص پر پڑتی ہے، وہ اُن میں الوہیت کے اوصاف ثابت کرنے لگتے ہیں، حالانکہ حق اُن دونوں کے بیچ میں ہے، وہ اپنے بشری اوصاف کے لحاظ سے بلاشبہ انسان ہوتے ہیں لیکن اسی کے ساتھ وہ اپنے مافوق بشری خصوصیات کی بنا پر فوق البشر ہوتے ہیں، یہی مغالطہ اپنے اپنے پیغمبروں کے متعلق کفار کو ہوتا تھا، پیغمبر اُن کے سامنے جب اپنی نبوت اور خدا کی طرف سے آنے کا دعویٰ پیش کرتے تھے، تو وہ اُن کی بشری خصوصیتوں کو دیکھ کر کہتے تھے کہ تم تو ہماری ہی طرح آدمی ہو، تم خدا کے قاصد اور پیامبر کیسے ہو سکتے ہو، چنانچہ کفار نے بار بار پیغمبروں سے کہا،

أَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا (اسرائیل) کیا خدا نے بشر کو قاصد (رسول) بنا کر بھیجا!

وہ بشریت کو رسالت کے منافی سمجھتے تھے، اس لیے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کے جواب میں فرمایا،

هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا (اسرائیل ۱۰) میں تو نہیں ہوں مگر انسان رسول،

اُن کو شبہہ تھا کہ کیا کوئی انسانوں کی رہنمائی انسان ہی کر سکتا ہے،

أَبَشَرٌ يَّهْدُوْنَنَا (تغابن ۱) کیا انسان ہماری رہنمائی کریں گے،

یہ وہی شبہہ تھا جس میں پھنس کر عیسائی حضرت عیسیٰؑ کی انسانیت سے منکر ہوئے کہ ہم گنہگار انسان کو انسان کا بیٹا کیونکر نجات دے سکتا ہے، اور یہ نہیں سمجھے کہ انسان ہو کر وہ گنہگار نہیں بلکہ وہ گنہگار بھی ہو سکتا ہے، اور بے گناہ بھی، بے گناہی اور معصومیت کیلئے انسانیت

ایک ہونا ضرور نہیں یہی بات اور کفار کی سمجھ میں بھی نہیں آتی تھی، اور انبیاء کو ظاہری اور جسمانی صورت اپنی ہی طرح انسان سمجھکر اُن کو نبوت کا مستحق نہیں سمجھتے تھے، اور کہتے تھے،

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا (ابراھیم ۲) — تم تو نہیں ہو لیکن ہماری ہی طرح ایک بشر

دوسروں کو نبی کے انکار کرنے پر اس طرح آمادہ کرتے تھے کہ

هَلْ هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (انبیاء) — نہیں ہو یہ لیکن تمہاری ہی طرح بشر،

مَا هٰذَآ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ (مومنین ۲) — نہیں ہو یہ لیکن تمہاری ہی طرح بشر،

انبیاء کے سامنے وہ یہی دلیل پیش کرتے تھے،

مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا (شعراء ۸) — تم تو ہماری ہی طرح بشر ہو،

مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا (یٰسین ۲) — تم لوگ تو ہماری ہی طرح بشر ہو،

اور وہ اپنے اس دعویٰ کی صداقت کو بداہت اور مشاہدہ سے ثابت کرتے تھے،

مَا نَرٰىكَ اِلَّا بَشَرًا مِّثْلَنَا (ھود ۳) — ہم تو تم کو اپنی ہی طرح بشر دیکھتے ہیں

انبیاء علیہم السلام نے ہمیشہ یہی جواب دیا کہ ہاں تمہاری ہی طرح ہم بشر ہیں لیکن خدا کے فضل وکرم سے سرفراز ہیں، اور یہی تم میں اور ہم میں فرق ہے، فرمایا،

قَالَتْ لَهُمْ رُسُلُهُمْ اِنْ نَّحْنُ — اُن کے رسولوں نے جواب دیا کہ ہم تمہاری
اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَمُنُّ — ہی طرح بشر ہیں لیکن خدا نے اپنے بندوں
عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ (ابراھیم ۲) — میں کو جس پر چاہتا ہے احسان کرتا ہے

ان کفار کی نظر صرف اُن کے ایک رُخ یعنی عام انسانی پہلو پر پڑتی تھی، انبیاء نے جواب

اس پہلو کے ساتھ اپنے دوسرے رُخ کو بھی اُن کے سامنے پیش کر دیا، اور کہا کہ ہاں ہم انسان ہیں لیکن ایسے انسان جن پر اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم کی بارش ہوئی یعنی نبوت سے سرفراز اور اسکی خصوصیتوں سے ممتاز ہیں،

دوسرے نبیوں کی طرح ختم المرسلین محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے بھی یہ بار بار ارشاد فرمایا بلکہ وحیِ الٰہی نے آپ کی زبان سے یہ اعلان کر دیا کہ کہدو کہ میں تمھاری ہی طرح ایک آدمی اور بشر ہوں، اس اعلان نے جو درحقیقت اُس غلط عقیدہ کے مٹانے کے لئے تھا جو انبیاء کی شانِ الوہیت کے متعلق عیسائیوں کے اثر سے لوگوں میں پھیل گیا تھا، اور افسوس ہو کہ اس قسم کا غلط خیال اُسی نبی کی اُمت کے ایک گروہ میں بھی پایا جاتا ہے، جو دنیا میں خدا کی توحیدِ کامل کا مبلغ بنکر آیا تھا، دوسری طرف اس علان سے ایک تفریط پسند گروہ نے یہ نتیجہ نکالا کہ پیغمبر اور عام انسانوں میں کوئی فرق اور امتیاز نہیں اور نہ پیغمبروں کو عام انسانوں پر کوئی بلندی و برتری حاصل ہو، الا یہ کہ پیغمبر پر وحی آتی رہتی ہو اور عام انسان اس سے محروم ہیں گویا اس کا منشا یہ ہو کہ پیغمبر صرف اُس لمحہ اور آن میں منصبِ نبوت کا امتیاز پاتا ہو جب اس پر اس قسم کی وحی نازل ہوتی ہو، اور اس کے پہلے اور اس کے بعد وہ عام انسان ہوتا ہو، اس سے آگے بڑھکر اسی لئے ایک اور مختصر سے فرقہ نے یہ دعوی کیا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغمبرانہ حکم صرف وہی ہو جو وحیِ قرآنی کی صورت میں آیا، اس کے علاوہ آپکے تمام احکام جو قرآن سے باہر ہیں، وہ صرف حاکمانہ اور انتظامی امور ہیں، جن کی پیروی کرنا نہ اسلامی شریعت ہے، نہ اسلام کا جزء ہے، یہ خیالات حقیقت میں دوسرے مفرطانہ فرقہ کے مقابلہ میں تفریطانہ ہیں، اور یہ دونوں اعتدال کی حد سے باہر اور حقیقت اُن کے بیچ میں ہی،

Marfat.com

قرآن پاک میں تین جگہ وہ آیتیں ہیں جن میں خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بشریت کا اعلان ہے، مگر ہر جگہ توحید کامل کے بیان اور خدا کے مقابلہ میں رسولوں کی عبدیت کی تشریح اور اس عقیدۂ باطل کی تردید میں ہیں کہ رسولوں کے ہاتھوں میں یہ قوت ہونی چاہئے کہ وہ خدا سے زبردستی کسی بات کو منوالیں، اور سعی و سفارش کرکے قصور معاف کرادیں، قرآن کی تعلیم یہ ہے کہ ان کو جو کچھ حاصل ہو وہ خدائے تعالیٰ کی اجازت، اذن اور عطا سے ہے،

سورۂ کہف میں ان مشرکوں کا ذکر ہے جو خدا کے بندوں کو خدا کا شریک ٹھہراتے ہیں،

أَفَحَسِبَ الَّذِينَ كَفَرُوا أَن يَتَّخِذُوا عِبَادِي مِن دُونِي أَوْلِيَاءَ إِنَّا أَعْتَدْنَا جَهَنَّمَ لِلْكَافِرِينَ نُزُلًا (کہف ۱۲)

کیا وہ جنھوں نے کفر کیا یہ سمجھے ہیں کہ وہ میرے بندوں (رسول اور فرشتوں) کو میرے سوا اپنا حامی بنائیں گے ہم نے ان کافروں کی مہمانی کو جہنم تیار کی ہے

قرآن اس خیال کو کفر قرار دیتا ہے، یہ رکوع کا شروع ہے، اس کے بعد اللہ تعالیٰ کے غیر محدود اوصاف و کمالات کا ذکر ہے، پھر ارشاد ہے،

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ (کہف ۱۲)

کہدے کہ میں تو تمھاری ہی طرح ایک بشر ہوں مجھ پر وحی کی جاتی ہے کہ تمھارا معبود ایک ہی معبود ہے

دوسری جگہ یہی تعلیم بعینہٖ سورۂ حٰم السجدہ (فصلت) میں ہے،

قُلْ إِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوحَىٰ إِلَيَّ أَنَّمَا إِلَٰهُكُمْ إِلَٰهٌ وَاحِدٌ فَاسْتَقِيمُوا إِلَيْهِ وَاسْتَغْفِرُوهُ وَوَيْلٌ لِّلْمُشْرِكِينَ (حم السجدہ ۱)

کہدو کہ میں تو تمھاری طرح بشر ہوں مجھ پر وحی کی جاتی ہے کہ تمھارا معبود ایک ہی ہے تو اسی کی طرف سیدھے ہو جاؤ اور اس سے گناہوں کی معافی چاہو اور مشرکوں کے لئے خرابی ہے

اس آیت کا منشا بھی یہی ہے کہ خدا تعالیٰ کے مقابلہ میں رسول اسی طرح ایک بندہ ہے، جس طرح خدا کے دوسرے بندے، دعائیں خدا ہی سے مانگنی چاہئیں، اور اسی سے اپنے گناہوں کی معافی کی درخواست کرنی چاہیئے، یہ اختیارات خاص خدا کے ہیں، بندوں کے نہیں، اس تعلیم سے مقصود حقیقت میں عیسائیوں کے مسئلہ کفارہ اور ان کے اس عقیدہ کی تردید ہے کہ گناہوں کا معاف کرنا حضرت عیسیٰؑ کے اختیار میں ہوگا، اور مسلمانوں کو اپنے رسول کی نسبت اس قسم کی باطل عقیدتمندیوں سے بچانا ہے، چنانچہ تیسری جگہ قرآن پاک میں جہاں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کفار کا یہ مطالبہ مذکور ہے کہ تم خدا کے پیغمبر ہو تو ہمارے لئے سونے کی چھت بنا دو، جہاں نہر نہیں، وہاں نہریں جاری کردو، ہمارے سنسان جنگلوں کو باغ و بہار بنا دو، اپنے ساتھ جلو میں فرشتوں کے پرے لے کر چلو، ہمارے سامنے آسمان پر چڑھ جاؤ اور وہاں سے ہاتھ میں کتاب لے کر ہمارے سامنے اترو،

| | |
|---|---|
| وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا | اور انہوں نے کہا کہ ہم تم پر ایمان اسوقت تک |
| مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا اَوْ تَكُوْنَ | نہیں لائیں گے، جبتک تم ہمارے لئے زمین سے |
| لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ | ایک چشمہ نہ بہادو، یا تمہارے لئے کھجوروں اور انگوروں |
| الْاَنْهٰرَ خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ، اَوْ تُسْقِطَ | کا ایک باغ نہ ہوجائے، یا جیسا تم کہتے ہو |
| السَّمَآءَ كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا | آسمان کے ٹکڑے کرکے ہم پر نہ گراؤ، یا خدا کو اور |
| اَوْ تَاْتِيَ بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ، | فرشتوں کو ضامن بناکر نہ لے آؤ، یا تمہارے |
| اَوْ يَكُوْنَ لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ | لئے سونے کا ایک گھر نہ ہوجائے یا تم آسمان |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَوْ تَرْقٰى فِى السَّمَآءِ ؕ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ | پر نہ چڑھ جاؤ، اور ہاں تمہارے آسمان پر چڑھنے |
| حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ | کا ہم کو اس وقت تک یقین نہ آئیگا جب تک تم وہاں |
| (بنی اسرائیل - ۱۰) | سے یک نوشتہ نہ ہم پر اتار لاؤ جس کو ہم پڑھیں |

یہ امور مشکل و محال نہ تھے لیکن نبوت کے اوصاف کو ان بازیگرانہ تماشوں سے تعلق نہ تھا، اور اس سے زیادہ یہ کہ اس غلط عقیدہ کا ابطال کرنا تھا کہ پیغمبر میں براہِ راست کچھ خدائی اختیارات ہوتے ہیں، اس لئے آپ کو یہ جواب سکھایا گیا کہ آپ فرمائیں،

| | |
|---|---|
| قُلْ سُبْحَانَ رَبِّىْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا | کہدے اے پیغمبر! سبحان اللہ میں تو ایک بشر |
| رَّسُوْلًا ؕ وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْۤا | ہوں رسول، اور لوگوں کو جبکہ انکے پاس ہدایت |
| اِذْ جَآءَهُمُ الْهُدٰٓى اِلَّاۤ اَنْ قَالُوْۤا | آئی ایمان لانے سے بازنہیں رکھا مگر اس خیال نے |
| اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ؕ قُلْ لَّوْ كَانَ | کہ کیا اللہ نے بشر کو رسول بنا کر بھیجا ہے کہدے کہ |
| فِى الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ | اگر زمین میں فرشتے ہوتے تو ہم آسمان سے فرشتہ |
| لَنَزَّلْنَا عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا (اسراء - ۱۱) | کو رسول بناکر ان پر اتارتے، |

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بحکم خدا معجزات بھی صادر ہوئے، اور ان کی حیرت انگیزی کو انہوں نے تسلیم بھی کیا، پھر بھی یہ خیال کہ ایک بشر رسول کیونکر ہو سکتا ہے قائم رہا، کفار نے معجزات دیکھنے کے بعد بھی یہی کہا،

| | |
|---|---|
| هَلْ هٰذَاۤ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ ۚ اَفَتَاْتُوْنَ | یہ تو تمہاری ہی طرح بشر ہے کیا تم دیکھ بھال کر |
| السِّحْرَ وَاَنْتُمْ تُبْصِرُوْنَ (انبیاء - ۱) | بھی جادو کے پاس آتے ہو، |

Marfat.com

معجزات کی حیرت انگیزی کو جادو کہکر تسلیم کیا، مگر پھر بھی اُن کو بشریت رسالت کے منافی ہی معلوم ہوئی اُن سے کہا گیا کہ نبوت و رسالت کے اوصاف و خصائص تم سے زیادہ اُن کو معلوم ہیں جن کو تم سے پہلے آسمانی کتابیں عطا ہوئیں، یعنی یہود، اُن سے پوچھ لو کہ رسول اور نبی بشر ہی ہوتے آئے ہیں،

| | |
|---|---|
| وَمَا اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ، (انبیاء - ۱) | اور ہم نے نہیں بھیجا رسول بنا کر تم سے پہلے لیکن انسانوں ہی کو جن کو ہم وحی کرتے تھے، جاننے والوں سے پوچھو اگر تم نہیں جانتے، |

یہی جواب سورۂ یوسف میں دیا گیا،

| | |
|---|---|
| وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ مِّنْ اَهْلِ الْقُرٰى (یوسف ۱۲) | اور ہم نے تم سے پہلے جو رسول بھیجے وہ بشر ہی تھے، آبادیوں کے رہنے والے ہم اُن پر وحی کرتے تھے، |

اس سے زیادہ تفصیل سورۂ نحل میں ہے،

| | |
|---|---|
| وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ اِلَّا رِجَالًا نُّوْحِيْٓ اِلَيْهِمْ فَسْـَٔلُوْٓا اَهْلَ الذِّكْرِ اِنْ كُنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ، بِالْبَيِّنٰتِ وَالزُّبُرِ ، وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ (نحل - ۶) | اور ہم نے نہیں بھیجا تم سے پہلے لیکن انسانوں کو جن کی طرف ہم وحی کرتے تھے تو پوچھ لو کتاب والوں سے اگر تم نہیں جانتے، کھلی نشانیاں اور کتابیں دیکر، اور ہم نے تیر کتاب (ذکر) اتاری تاکہ تم کھول کر لوگوں سے بیان کرو جو اُن کی طرف اُتارا گیا اور تاکہ وہ سوچیں، |

ہر شخص جو مثلیت اور بشریت کی ان آیتوں پر ایک نگاہ ڈالے گا، وہ یہی سمجھے گا کہ ان آیتوں میں جس قسم کی مثلیت اور بشریت کا ذکر ہے، اس کا تعلق ظاہری جسمانیت اور جسمانی قوی اور مخلوقیت سے ہے، ورنہ اخلاقی، روحانی، دماغی، قلبی، علمی، اور عملی حیثیت سے ایک پیغمبر انسان رہ کر بھی غیر نبی انسانوں سے بلند تر اور علانیہ ممتاز ہوتا ہے، نبی اور غیر نبی میں صرف وحی کے امر فارق ہونے کے یہ معنی نہیں ہیں کہ نبی القائے ربانی سے متصف ہونے کے علاوہ بقیہ تمام اوصاف و کمالات یا عیوب و نقائص میں عام انسانوں کے برابر ہوتا ہے، یہ کہنا ایسا ہی ہے، جیسے کوئی یہ کہے کہ عالم و جاہل میں صرف علم کا فرق ہے، ورنہ دونوں برابر کے انسان ہیں، تو اس کے معنی یہ نہیں کہ علم و جہل کے علانیہ ممتاز و متضاد اوصاف میں بھی دونوں برابر ہیں، اور ان میں عقل، اخلاق، تہذیب، سلیقہ، رائے اور حکمت و دانائی کا کوئی فرق نہیں، حالانکہ ان میں علم و جہل کا فرق کہکر، درحقیقت ان دون کے درمیان علم اور جہل کے سینکڑوں اوصاف لوازم اور خصائص کا فرق و امتیاز تسلیم کرنا ہے،

اسی طرح نبی اور غیر نبی میں وحی کا فرق مان کر وحی والے اور بے وحی والے انسانوں میں خود وحی اور عدم وحی کے سینکڑوں لوازم خصائص اور اوصاف کا فرق تسلیم کرنا پڑے گا وحی و رسالت کو چھوڑ دو، دوسرے انسانی کمالات کو مثالاً لو تو بھی یہی ماننا پڑے گا انسان کیلئے جتنے اوصاف و کمالات ممکن ہیں، اُن سب کی اعلیٰ سے اعلیٰ جانب کمال تک پہنچنا ممکن ہے اور وہاں تک پہنچ جاتے ہیں، وہ اپنے جسمانی اوصاف و خصائص کے لحاظ سے انسان ہونے کے باوجود اپنے دوسرے قوی میں عام انسانوں سے یقیناً بلند اور ممتاز ہوتے ہیں کوئی کہہ سکتا ہے

Marfat.com

کہ جسمانی قوت کا ایرانی ہیرو رستم انسان نہ تھا، علم و عقل کا یونانی مجسمہ ارسطو انسانیت سے پاک تھا، اور موجودہ دنیا کی بہت سی حیرت انگیز ایجادوں کا مخترع اڈیسن بشر نہیں، لیکن اس انسانیت اور بشریت کے اشتراک کے باوجود اپنے اپنے دائرہ میں، وہ عام انسانوں سے بلند اور ممتاز تر ہیں، اور باایں ہمہ وہ اپنے جسمانی خصائص، چلنے پھرنے، اٹھنے بیٹھنے، کھانے پینے، سونے جاگنے، دیکھنے بھالنے، صورت شکل، ہاتھ پاؤں، ہر ایک چیز میں وہ ویسے ہی انسان ہیں، اور معمولی انسان، بلکہ مجبور انسان ہیں، جیسے دوسرے کمزور، جاہل اور بلید الذہن انسان، یہی مثال ایک معنی میں انبیائے کرام علیہم السلام کی بھی ہے کہ وہ غیر نبی انسانوں کے ساتھ بہت سے انسانی اوصاف میں شریک ہونے کے باوجود وحی اور اس کے خصائص اور لوازم میں ان سے صریحاً بلند اور اعلیٰ بلکہ بعض جسمانی خصائص میں بھی ان سے ممتاز ہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تو صوم وصال رکھتے دیکھ کر جب صحابہؓ بھی آپ کی پیروی میں کئی کئی دن تک کا متصل روزہ رکھتے ہیں، تو آپ ان کو منع کرتے ہیں، اور اپنی نسبت فرماتے ہیں "اَیُّکُمْ مِثْلِی اَبِیْتُ یُطْعِمُنِیْ رَبِّیْ وَیَسْقِیْنِیْ"[1] تم میں کون میرے مثل ہے، میں رات گذارتا ہوں، تو میرا رب مجھے کھلاتا اور پلاتا ہے کیا عام انسانوں کو بھی یہ روحانی غذا اور روحانی سیرابی میسر آتی ہے، اور وحی کے علاوہ بعض دوسری حیثیتوں سے بھی مثلیت کی اس میں نفی نہیں ہے؟

اسی طرح نیند کی حالت میں بھی نبی کے قلب اور اس کے احساسات کا غافل ہونا صحیح حدیثوں سے ثابت ہے، آپ نے فرمایا "میری آنکھیں سوتی ہیں لیکن دل نہیں سوتا وکذلک الانبیاء"

۱؎ صحیح بخاری کتاب الصوم،

Marfat.com

تنام اعینهم ولا تنام قلوبهم[1] اور اسی طرح سب انبیا ہیں کہ اُن کی آنکھیں سوتی ہیں مگر اُن کے دل نہیں سوتے "کیا یہی کیفیت عام انسانوں کی نیند کی بھی ہے ؟" آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم لوگوں کو نماز میں صفوں کو درست رکھنے کی تاکید کرتے ہیں، تو فرماتے ہیں کہ میں تم کو اپنی پیٹھ کے پیچھے بھی ویسے ہی دیکھتا ہوں جیسے سامنے سے "کیا عام انسانوں کی قوتِ بصارت کا یہی عالم ہوتا ہے ؟"

قرآن پاک میں ہے، افتمارونه علی ما یری "کیا پیغمبر جو دیکھتا ہے تم اُس میں اُس سے جھگڑتے ہو، ولقد رآه بالافق المبین" اور اُس نے اس (فرشتہ) کو آسمان کے کناروں میں دیکھا" کیا عام انسان بھی یہ مشاہدہ کرتے ہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے انتساب سے اُمہات المومنین کو جو شرف حاصل ہوا اس کا اقتضا یہ ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اُمہات المومنین کو خطاب کرکے فرمایا یٰنساء النبی لستن کاحد من النساء ان اتقیتن (احزاب) اے پیغمبر کی بیویو تم ایسی نہیں ہو جیسی ہر عورت اگر خدا کا ڈر رکھو، تو اگر پیغمبر کی بیویاں تقوی کے بعد عام عورتوں کے مثل نہیں ہیں، تو خود پیغمبر تو بدرجہا اس کا سزاوار ہے کہ وہ کاحدٍ من الرجال نہ ہو اور اپنے خصائص میں عام انسانوں سے بدرجہا بلندتر اور ممتاز ہو،

الغرض نبی اور غیر نبی میں صرف وحی و نبوت کا جو فرق ہے، اُس کے یہی معنی ہیں کہ ان دونوں میں وحی و رسالت کے تمام لوازم خصوصیات اور ضروری اوصاف میں فرق اور امتیاز ہو، اسی لئے کسی انسان کو صاحب وحی ماننے کے ساتھ ہی اس کو ان تمام اوصاف و لوازم اور خصوصیات کا مالک بھی ضروری ماننا پڑے گا،

[1] صحیح بخاری باب الاسراء،

اجتہادِ نبوی میں خطا | شبہہ کا ایک اور سبب یہ ہے کہ قرآن مجید میں بعض جگہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

کو آپ کی چند فروگذاشتون پر تنبیہ کیا گیا ہے جس سے ثابت ہوتا ہے کہ خاص وحیِ الٰہی کے علاوہ آپ اپنی عقل و مصلحت سے جو حکم دیتے تھے وہ غلطیوں سے پاک نہیں ہوتا تھا اس سلسلہ مین یہ بات تمام مسلمانون کو تسلیم ہے کہ جن بعض امور مین آپ پر وحیِ قرآن نازل نہیں ہوتی تھی، اُن میں آپ اپنے پیغمبرانہ علم و حکم اور فہم نبوی سے فیصلہ فرماتے تھے لیکن غور کے قابل یہ بات ہے کہ اگر آپ کو آپکے اس فیصلہ پر خدائے تعالیٰ کی طرف سے کبھی کوئی تنبیہ نہ ہوئی ہوتی تو یہ کہا جاسکتا تھا کہ آپ کے تمام فیصلے صحیح اور منشائے الٰہی کے مطابق ہوتے تھے، مگر یہ بھی کہنے والا کہہ سکتا تھا کہ اجتہادِ نبوی کے فیصلون کی صحت و خطا کی ذمہ داری خدا نے نہیں لی تھی، اسلئے تنبیہ نہ فرمائی گئی، مگر واقعہ ان دونون کے خلاف ہے صورت یہ ہے کہ بعض فیصلون پر تنبیہ کی گئی ہے، اور بعض پر نہیں اس سے بداہۃً ثابت ہوتا ہے کہ اجتہادِ نبوی میں غلطی ہوجانا ممکن ہے، مگر اس غلطی پر چند لمحون کا قرار بھی ممکن نہین، ادھر لغزش ہوئی، اور ادھر علام الغیوب کی بے خطا وحی نے اس کی تنبیہ اور اصلاح کی، اس واقعہ سے دوسرا نتیجہ یہ ثابت ہوتا ہے کہ وہ تمام امور و احکام جن کو آپ نے اپنے پیغمبرانہ اجتہاد و علم و حکمت سے ارشاد فرمایا یا اُن پر عمل کیا، اور وحیِ الٰہی نے اُن پر خاموشی برتی، تو منشائے الٰہی نے گویا اُن کی صحت و صداقت پر اپنی خاموشی سے مہر کر دی، اور ان کی حیثیت بمنزلہ وحی کے ہوگئی،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت کی عمر ۲۳ سال ہے، ان پورے ۲۳ سالوں میں ہزارون واقعات اور امور پیش آئے جن پر آپ نے اپنے اجتہاد اور شرح صدر سے فیصلے صادر کئے مگر اُن میں سے کل

Marfat.com

پانچ باتیں ایسی ہیں جن پر وحی الٰہی نے تنبیہ کی، اور عجیب تر یہ ہے کہ اُن میں سے کوئی بات بھی ایسی نہیں ہے جس کا تعلق حکم دینی، شریعت ابدی اعتقاد، عبادات یا شرعی معاملات سے ہو، بلکہ وہ کل کے کل ایسے امور ہیں جن کی حیثیت تمام تر شخصی یا جنگی ہے اس سے بھی یہی نتیجہ برآمد ہوتا ہے کہ دین اور شریعت میں آپ کے پیغمبرانہ اجتہادی فیصلے خطا و غلطی سے تمام تر پاک تھے،

اس خطا کے معنی | عام انسانوں کے اجتہادات میں جن اسباب سے غلطیاں واقع ہوتی ہیں، وہ یہ ہیں، کہ جن مقدمات پر اُن کا اجتہاد مبنی ہوتا ہے، وہ غلط ہوتے ہیں، یا اُن کا علم اُن کو قطعی طور سے نہیں ہوتا، یا استقراء تام نہیں ہوتا، تمثیل پوری نہیں ہوتی، علتِ مشترکہ صحیح نہیں معلوم ہوتی، مگر یہ تمام صورتیں اجتہاد نبوی میں منفی ہیں، کیونکہ اجتہاد نبوی، نہ ان طریقوں پر مبنی ہوتا، نہ وہ غور و فکر، نظر و استدلال اور استقراء و تمثیل کے منطقی و اصولی ذرائع پر قائم ہوتا ہے، بلکہ وہ نورِ رسالت، فہم نبوت، حکمتِ ربانی اور شرحِ صدر پر مبنی و قائم ہوتا ہے، جن میں یہ پیچ کی منزلیں سرے سے نہیں ہوتی ہیں، اسی لئے لفظِ "اجتہاد" جو عام طور پر پہلے معنی میں مستعمل اور مشہور ہے اس سے اس مقام پر التباس سے بچنے کی خاطر احتراز کرنا بہتر ہے،

ایک اور نکتہ بھی پیش نظر رہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغمبرانہ اجتہاد میں اگر غلطی ہوئی تو اس غلطی کا یہ مفہوم نہیں ہے کہ آپ نے جو پہلو اختیار فرمایا، وہ کوئی گناہ یا بدی یا بداخلاقی کا پہلو تھا بلکہ یہ ہے کہ دو بہتر راستوں میں سے آپ نے بہترین راستے کو چھوڑ کر بہتر راستے کو اختیار کیا، اس پر اللہ تعالیٰ نے تنبیہ فرمائی، اور بہتر کی جگہ بہترین کی تعیین کی،

اس قسم کے جو چند واقعات پیش آئے ہیں، اُن پر ایک نظر ڈالنے سے یہ حقیقت منکشف

ہو جاتی ہو کہ بہترین کو چھوڑ کر جس بہتر کو آپ نے اختیار فرمایا، اس کا منشا ہمیشہ اُمت پر رحم و کرم اور شفقت کی نگاہ تھی، اللہ تعالیٰ نے اس ظاہری یا عارضی رحم و کرم و شفقت کی جگہ اُن احکام کی تلقین فرمائی جن میں گو بظاہر سختی معلوم ہوتی ہے، مگر علام الغیوب کی دائمی مصلحت کا تقاضا یہ تھا کہ وہی سخت پہلو اختیار کیا جائے،

ذیل میں ہم ان اجتہادی امور کی تشریح کرتے ہیں جن پر وحی الٰہی نے تنبیہ کی ہے،

پنج اجتہادی امور پر تنبیہ الٰہی | جن اجتہادی امور پر وحی الٰہی نے تنبیہ کی ہے اُن میں

۱۔ پہلا واقعہ یہ ہو کہ ہجرت سے قبل مکہ معظمہ میں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دعوت کی تبلیغ فرما رہے تھے، تو ایک دن قریش کے بڑے بڑے رؤسا آپ کی مجلس میں آکر بیٹھے، آپ اُن کو سمجھا بجھا رہے تھے، بت پرستی کی برائیاں اور توحید کی خوبیاں اُن پر ظاہر فرما رہے تھے اور دل سے چاہتے تھے کہ وہ اس دعوت کو قبول کر لیں کہ اتنے میں ایک مخلص لیکن غریب اور نابینا مسلمان عبد اللہ بن ام مکتوم بھی آکر بیٹھ گئے، اور کچھ دریافت کرنا چاہا، قریش کے یہ رؤسا بجد مغرور اور خود پسند تھے، وہ آپ کے جلسوں میں صرف اس لئے آنا پسند نہیں کرتے تھے کہ آپ کی مجلس میں بد حال، بے حیثیت اور ادنیٰ درجہ کے لوگ آیا کرتے ہیں، اسلئے اس موقع پر جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اُن رئیسوں کی اثر پذیری کے کچھ امکانات نظر آرہے تھے عبد اللہ ابن ام مکتوم کا آجانا اور پوچھنا ناگوار ہوا کہ اُن کے آنے سے اُن رئیسوں کی خود پذیری اور بڑائی کے جذبہ کو اشتعال ہوا، اور راستہ سے بدک گئے،

عبد اللہ ابن ام مکتوم کی آمد اور دریافت پر یہ ناگواری جو بالکل نیک نیتی سے تھی یعنی اسلئے

تھی کہ آپ جانتے تھے کہ عبداللہ بن ام مکتوم تو مسلمان ہی ہیں، اس وقت ان کی بات کا جواب دینے میں چنداں حرج نہیں لیکن ان رئیسوں کی ناگواری پورے باشندگان مکہ پر اثر انداز ہوگی، اگر یہ مسلمان ہو گئے تو مکہ میں اسلام کی اشاعت کی راہ میں پھر کوئی روک باقی نہیں رہے گی، یہ سمجھ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عبداللہ بن ام مکتوم کی طرف سے بے التفات ہو کر ان رئیسوں کی تبلیغ و موعظت کی طرف سراپا متوجہ رہے، اس پر وحی الٰہی نے حسب ذیل الفاظ میں تنبیہ کی

| | |
|---|---|
| عَبَسَ وَتَوَلّٰی اَنْ جَآءَہُ الْاَعْمٰی | تیوری چڑھائی اور منہ پھیرا کہ وہ اندھا آیا |
| وَمَا یُدْرِیْکَ لَعَلَّہٗ یَزَّکّٰی اَوْ یَذَّکَّرُ | تجھے کیا خبر کہ شاید وہ سنور جاتا یا سوچتا تو اس کو |
| فَتَنْفَعَہُ الذِّکْرٰی، اَمَّا مَنِ اسْتَغْنٰی | کام آتا وہ جو پروا نہیں کرتا سو تو اس کی فکر میں پڑا |
| فَاَنْتَ لَہٗ تَصَدّٰی، وَمَا عَلَیْکَ | اس کے نہ سنورنے کا تجھ پر کوئی الزام نہیں اور |
| اَلَّا یَزَّکّٰی. وَاَمَّا مَنْ جَآءَکَ یَسْعٰی وَ | جو تیرے پاس دوڑا آیا اور وہ (خدا سے) ڈرتا ہے |
| ھُوَ یَخْشٰی. فَاَنْتَ عَنْہُ تَلَھّٰی. کَلَّآ | تو اس سے تغافل کرتا ہے، ہرگز نہیں یہ تو نصیحت |
| اِنَّھَا تَذْکِرَۃٌ. فَمَنْ شَآءَ ذَکَرَہٗ (عبس) | ہے جو چاہے اس کو یاد کرے، |

ان آیتوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس اجتہاد پر کہ ایک پرانے لیکن غریب مسلمان کی ہدایت سے قریش کے رئیسوں کا سمجھانا زیادہ بہتر ہے تنبیہ کی گئی، اور اس نکتہ کو ذہن نشین کیا گیا کہ اسلام کی اصولی بنیادوں میں سے ایک یہ ہے کہ اس کے نزدیک امیر غریب آقا و غلام اونچے اور نیچے کی کوئی تمیز نہیں، اس کی نگاہ میں چھوٹا اور بڑا دونوں برابر ہیں، یہ نکتہ تو اس وقت کے فیصلے میں آپ کے پیش نظر رہا کہ ایک مسلمان اندھے کی دلجوئی سے ان رئیسوں کی

جائزہ بجوئی کرکے ان کو اسلام کی طرف مائل کرنا زیادہ بہتر ہے، مگر یہ نکتہ نظر انداز ہوگیا کہ اس طرزِ عمل سے خود اسلام کی بنیادی تعلیم پر کیا اثر پڑے گا، اس لئے وحی الٰہی نے تنبیہ کی کہ اسلام کا یہ پیام دنیا کے لئے صلائے عام ہے، جو چاہے قبول کرے، اس میں کوئی تمیز و تخصیص نہیں، علاوہ ازیں اس کا بھی اشارہ کیا کہ یہ رؤسائے قریش جن کے مسلمان ہونے کی آپ اس قدر کوشش فرمارہے ہیں، وہ ایمان سے محروم ہی رہیں گے، اس لئے کہ اُن کی طرف مزید توجہ بے سود ہے، اور ظاہر ہے کہ آپ اُن کے حق میں دانائے غیب کے اس فیصلہ سے پہلے آگاہ نہ تھے، اس لئے آپ اپنے موجود علم کے مطابق اپنے فعل کو صحیح سمجھ رہے تھے،

دوسرا واقعہ سب سے پہلی لڑائی میں مسلمانوں کے مالِ غنیمت حاصل کرنے اور بدر کے قیدیوں سے زرِ فدیہ قبول کرنے کا ہے، اس وقت تک ظاہر ہے کہ مالِ غنیمت اور فدیہ کا قانون نازل نہیں ہوا تھا کہ ابھی اس کا موقع ہی نہیں آیا تھا مسلمانوں کو مدینہ منورہ آکر سب سے پہلے سریۂ نخلہ میں مالِ غنیمت ہاتھ آیا، اس کے بعد ہی بدر کے معرکہ میں پھر مالِ غنیمت ملا، اور ساتھ ہی قریش کے ستر قیدی بھی ہاتھ آئے، جن میں اکثر مکہ کے دولتمند اور شرفا تھے، ان قیدیوں کی نسبت مسلمانوں کی مختلف رائیں تھیں، بعضے اُن کو آگ میں زندہ جلا دینا چاہتے تھے، کچھ لوگ فدیہ لیکر ان کو چھوڑ دینا چاہتے تھے، جس سے اُن کو چالیس ہزار درہم ملنے والے تھے، نفسیات کے ماہر جانتے ہیں کہ جو قوم مدت سے ہر قسم کی مصیبت اور تکلیف اٹھاتی رہتی ہے، وہ بیکسی، مظلومیت مغلوبیت، اور غربت کے دور سے نکل کر جب پہلے پہل غالب اور دولت مند ہوتی ہے اور اس کو ملکی اور مالی قوت پر دسترس حاصل ہوتی ہے، تو وہ لمحہ اُس کی زندگی میں اخلاقی

حیثیت سے بڑا ہی نازک ہوتا ہے، غلبہ، قوت، اور دولت پاکر بھی اُس کے نشہ میں وہ سرشار نہ ہو، اور اپنے دل و دماغ پر قابو رکھے، یہ بڑا ہی مشکل کام ہے، جو مظلوم تھا وہ غالب ہو جائے اور جو ظالم تھا، وہ مغلوب ہو جائے، اور اس وقت ردِ عمل اپنا کام کر کے مظلوم غالب میں اپنے ظالم مغلوب سے شدید انتقام لینے کا جذبہ نہ پیدا کرے، یہ کوئی آسان کام نہین، سیاسی، و مذہبی تاریخ میں اس کی متعدد مثالیں موجود ہین کہ ایسا نہ ہوسکا، خود عیسائی قوم کو دیکھئے جس نے یہودیوں اور بت پرست رومیوں کے ہاتھوں سے تین صدیون تک برابر سخت سے سخت تکلیفیں اٹھائین لیکن قسطنطین کے زمانہ میں جب دفعتہً جو مظلوم تھے، وہ غالب، اور جو ظالم تھے، وہ مغلوب ہو گئے، تو عیسوی قوم کا پچھلا جوہر ایک ایک کر کے رخصت ہو گیا، اور ان لوگون نے جو کبھی مظلوم تھے، اس فتنہ میں چور ہو کر یہودیوں اور رومی بت پرستوں کے ساتھ وہ کچھ کیا جس سے اخلاقِ انسانی کی تاریخ آج بھی شرماتی ہے،

غزوۂ بدر کی غیر متوقع فتح نے مظلوم و بیکس مسلمانون کے لئے تاریخی دور کا وہی نازک موقع پیدا کر دیا، غریب تنگدست مسلمانون کو جو سالہا سال سے کسبِ معاش سے محروم اور معمولی ضروریات کے بوجھ سے دبے ہوئے تھے، اُن کو غنیمت اور فدیہ کی دولت ہاتھ آئی، اور وہی قریش جن کے ظلم و ستم سے اُن کے بدن زخمی اور اُن کے سینے داغدار تھے، وہ دفعتہً مغلوب ہو گئے اُن کے بڑے بڑے سردار اُن کے ہاتھون سے لڑائی میں مارے گئے، اور ان کے ہاتھوں مین قید ہو کر ستر سردار صرف ان کے رحم و کرم پر زندہ تھے،

اب تک مسلمان نہایت یکدلی، یکجہتی، اور خلوص سے اپنی راہ طے کر رہے تھے اور یہ اخلاقی

Marfat.com

جوہر مظلومون کی برادری میں اکثر پیدا ہو جاتے ہیں، لیکن دولت اگر، اُن کے بجائے ان میں اختلاف، تفرق اور حرص وطمع اور ذاتی اغراض کے جذبات پیدا کر دیتی ہے، اس اتفاقی دولت، اور غیر متوقع فتح وغلبہ نے صحابۂ کرام کے لئے امتحان کا وہی نازک موقع پیش کر دیا، اور دنیا کے سب سے بڑے رہنما کی قوت رہنمائی کے اظہار کا بھی یہی موقع تھا، چنانچہ اس وقت مال غنیمت، زر فدیہ اور قیدیون کے ساتھ برتاؤ کے متعلق غالب و فاتح مسلمانون مین اختلاف راے رونما ہو گیا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے اس وقت اہم ترین کام تھا، آپنے امر اول کی طرف توجہ فرمائی کہ مظلوم فاتح قوت پاکر اپنا جوہر نہ کھو بیٹھیں، چنانچہ حضرت عمر فاروقؓ نے ان قیدیون کے قتل کی جو تجویز پیش کی تھی، آپنے رد فرمائی، اور حضرت ابو بکر صدیقؓ کی تجویز کہ فدیہ لے کر اُن کو رہا کر دیا جائے قبول فرمائی، اور اُن سے فرمایا کہ اے ابو بکر تمھاری مثال ابراہیمؑ اور عیسیٰؑ کی ہے، اور اے عمر تمھاری مثال نوحؑ اور موسیٰؑ کی ہے[1] آپنے حضرت ابراہیمؑ کی نیک دلی، اور حضرت عیسیٰؑ کی رحم دلی کی مثال کی پیروی کی، اور بدر کے اُن قیدیون کی جان بخشی فرمائی، اور قتل کے بجائے زر فدیہ ادا کرنے پر رہائی کا حکم دیدیا، اور جو اُن مین نادار تھے، اُن کو چند مسلمان بچون کو لکھنا پڑھنا سکھا دینے پر آزادی کا فرمان عطا کر دیا، اور صحابہ کو تاکید کی کہ اُن کے ساتھ بہتر سے بہتر سلوک کرین، چنانچہ بعضون کا یہ حال تھا کہ وہ خود کھجور پر قناعت کرتے تھے، اور اپنے قیدیوں کو روٹی کھلاتے تھے،

لیکن وحی الٰہی کی نگاہ مین اس سے زیادہ اہم پہلو ان غریبون کا دفعتہً مال ودولت کی حرص وطمع میں مبتلا ہو جانا تھا، چنانچہ یہی صورت پیش آئی، مال غنیمت کے فراہم کرنیوالون نے دعویٰ

[1] مستدرک حاکم ج ۳ ص ۲۱، کتاب المغازی حیدر آباد دکن،

کیا کہ اس پر ہم نے لڑائی میں قبضہ کیا ہے اس لئے ہمارا ہے، لڑنے والے نوجوانوں نے دعویٰ کیا کہ ہماری تلواروں سے فتح حاصل ہوئی ہے، اس لئے اس کے اصلی حقدار ہم ہیں، جو لوگ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حفاظت کر رہے تھے، وہ کہتے تھے کہ سب سے نازک اور خطرناک فرض ہمارا تھا، اس لئے ہم کو ملنا چاہیئے[۱] یہی اختلاف زرِ فدیہ کی ملکیت کی نسبت بھی ہوا ہوگا، جیسا کہ سورۂ انفال کی ابتدائی آیتوں سے ظاہر ہوتا ہے،

| | |
|---|---|
| یَسْئَلُوْنَكَ عَنِ الْاَنْفَالِ ط قُلِ | (اے پیغمبر!) تجھ سے تیرے ساتھی غنیمت کا حکم |
| الْاَنْفَالُ لِلّٰهِ وَالرَّسُوْلِ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَ | پوچھتے ہیں، تو کہدے کہ مالِ غنیمت اللہ کا اور |
| اَصْلِحُوْا ذَاتَ بَيْنِكُمْ وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَ | رسول کا ہے تو اللہ سے ڈرو، اور آپس میں صلح کرو |
| رَسُوْلَهٗ اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ○ (انفال-۱) | اور اللہ اور اسکے رسول کے حکم کی اطاعت کرو اگر تم مومن ہو |

حضرت عبادہ بن صامت سے پوچھا گیا کہ سورۂ انفال کے نزول کی کیا وجہ ہے تو کہا:

| | |
|---|---|
| فینا اصحاب بدر نزلت حین اختلفنا | یہ سورہ ہم بدر والوں کے متعلق نازل ہوئی |
| فی النفل وساءت فیہ اخلاقنا | جب مالِ غنیمت میں ہم نے باہم اختلاف کیا اور |
| فنزعہ اللہ من ایدینا فجعلہ | اس میں ہمارے اخلاق بُرے ہوگئے، تو خدا نے اسکو |
| اللہ الی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | ہمارے ہاتھوں سے چھین لیا، اور رسول اللہ صلی اللہ |
| فقسمہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم | علیہ وسلم کے اختیار میں دیدیا، تو آپ نے تمام مسلمانوں |
| بین المسلمین عن سواء[۱] | کے مابین برابر برابر تقسیم فرما دیا، |

---

[۱] سیرت ابن ہشام، ذکر فیئ بیدر والاساری ج ا ص ۳۹۱ مطبوعہ محمد علی، مصر ۱۳۵۵ھ۔ ایضاً،

یہی وہ تنبیہ ہے جو وحی الٰہی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس فیصلہ پر کی اور آیت اتری،

| | |
|---|---|
| مَا كَانَ لِنَبِيٍّ أَنْ يَكُونَ لَهُ أَسْرَىٰ | کسی پیغمبر کو زیبا نہیں کہ اس کے پاس قیدی |
| حَتَّىٰ يُثْخِنَ فِي الْأَرْضِ ۚ تُرِيدُونَ | ہوں تاکہ زمین میں فساد کرے تم لوگ دنیا کا |
| عَرَضَ الدُّنْيَا وَاللَّهُ يُرِيدُ الْآخِرَةَ ۗ | سامان چاہتے ہو اور اللہ آخرت چاہتا ہے، |
| وَاللَّهُ عَزِيزٌ حَكِيمٌ ۝ لَوْلَا كِتَابٌ مِنَ | اللہ غالب اور دانا ہے، اگر خدا کی طرف سے یوں |
| اللَّهِ سَبَقَ لَمَسَّكُمْ فِيمَا أَخَذْتُمْ | ہونا مقدر نہ ہو چکا ہوتا تو تمھاری اس لینے |
| عَذَابٌ عَظِيمٌ ۝ فَكُلُوا مِمَّا غَنِمْتُمْ | پر تم کو بڑی سزا ملتی تو اب جو تم نے لوٹ میں |
| حَلَالًا طَيِّبًا ۚ وَاتَّقُوا اللَّهَ ۚ إِنَّ | پایا، حلال و پاک کر کے کھاؤ اور اللہ کا |
| اللَّهَ غَفُورٌ رَحِيمٌ (انفال ۹) | ادب کرو اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے، |

اسی قدر نہیں بلکہ ان قیدیوں کو جن سے زرفدیہ وصول ہوا یا وصول کیا جا رہا تھا، اس کے بعد ہی یہ تسلی دی گئی،

| | |
|---|---|
| يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ قُلْ لِمَنْ فِي أَيْدِيكُمْ | اے پیغمبر! تمھارے ہاتھوں میں جو قیدی |
| مِنَ الْأَسْرَىٰ إِنْ يَعْلَمِ اللَّهُ فِي | ہیں اُن سے کہدو کہ اگر اللہ تمھارے دلوں |
| قُلُوبِكُمْ خَيْرًا يُؤْتِكُمْ خَيْرًا مِمَّا | میں نیکی جانیگا تو تم کو اس سے بہتر چیز دیگا، |
| أُخِذَ مِنْكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ۗ وَاللَّهُ غَفُورٌ | جو تم سے لی گئی، اور تم کو معاف کریگا، |
| رَحِيمٌ ۝ (انفال - ۱۰) | اور اللہ معاف کرنیوالا اور رحم کرنیوالا ہے، |

۱؎ سیرۃ ابن ہشام ج ۱ ص ۳۹۱،

Marfat.com

بعضوں کو یہ شبہہ ہوا ہے کہ یہ تنبیہ قیدیوں کے زرِ فدیہ لے کر رہا کرنے اور قتل نہ کیے جانے پر ہوئی حالانکہ ظاہر ہے کہ جن قیدیوں سے زرِ فدیہ لیے جانے پر اللہ تعالیٰ نے اُن سے ہمدردی فرمائی، اور اگر وہ حسنِ نیت سے ظاہر کریں تو اُن کی مغفرت کا وعدہ اور اس دنیاوی خزف ریزہ سے جو اُن سے بطور فدیہ لیا گیا اُن کو بہتر دولت دیے جانے کی امید دلائی، کیا اُن کا قتل زرِ فدیہ لینے سے کم سزا ہوتی؟ اور جن سے فدیہ لیا گیا اُن کے قتل کیے جانے پر اُن کے قاتلوں پر اس سے زیادہ سخت اور ان مقتولوں سے اس سے زیادہ ہمدردی نہ کیجاتی،

بہرحال وہی مالِ غنیمت اور زرِ فدیہ جس کو اس وقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صاف صریح وحی آنے سے پیشتر قبول فرمالیا تھا، اور جس پر تنبیہ ہوئی، وہ آخر کار اجتہادِ نبوی[1] کے مطابق مناسب موقع پر جائز اور حلال وطیب ہی ٹھہرایا گیا، اور غلطی غلطی باقی نہیں رہی، مالِ غنیمت لینے کے متعلق کُلُوْا مِمَّا غَنِمْتُمْ کا حکم اسی وقت آگیا، اور فدیہ لینے کی اجازت اِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاءً کے الفاظ میں بعد کو مناسب زمانہ میں آگئی، اور اس مال و دولت کی حرص و طمع سے اُس وقت جو بداخلاقی پیدا ہونے والی تھی، اس کا ازالہ ہمیشہ کے لئے اس طرح کر دیا کہ اس کی تقسیم کا ابدی قانون بنا دیا گیا، اور اس میں تمام ضروری مستحقین کے حصے لگا دیئے گئے،

**تیسرا واقعہ** تیسرا واقعہ یہ ہے کہ آپ غزوۂ تبوک کے لئے جا رہے تھے جس میں بکثرت مسلمانوں کی شرکت کی ضرورت تھی کہ مقابلہ رومیوں کی ٹڈی دل فوج سے تھا، اور کسی منظم سلطنت سے ٹکر کھانے کا یہ پہلا موقع مسلمانوں کو پیش آیا تھا، اور موسم بھی نہایت گرم اور سخت تھا تیس ہزار

---

[1] مزید تفصیل کے لئے دیکھو سیرۃ النبی جلد اول میں غزوۂ بدر کا بیان،

مسلمانون کی جمعیت روانہ ہوگئی، مگر کچھ مخلص مسلمان مجبوراً چھوٹ گئے، اور اکثر منافقین نے جان بوجھ کر اس کی شرکت سے جی چرایا، آپ واپس آئے، تو عدم شرکت کے قصوروار منافقین آ آکر جھوٹی جھوٹی قسمیں کھا کھا کر اپنے عذرات بیان کرنے لگے، آپنے ان کا اعتبار کرکے رحم فرما کر ان کے قصور سے درگذر کیا، اس پر تنبیہ ہوئی،

| | |
|---|---|
| سَيَحْلِفُونَ بِاللّٰهِ لَوِ اسْتَطَعْنَا لَخَرَجْنَا مَعَكُمْ ج يُهْلِكُونَ اَنْفُسَهُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ اِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ عَفَا اللّٰهُ عَنْكَ لِمَ اَذِنْتَ لَهُمْ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَكَ الَّذِيْنَ صَدَقُوْا وَتَعْلَمَ الْكٰذِبِيْنَ (توبہ-۷) | وہ خدا کی قسمیں کھائین گے کہ اگر ہم مقدور رکھتے تو ضرور تمہارے ساتھ نکلتے، وہ اپنی جانون کو برباد کرتے ہیں اور اللہ جانتا ہے کہ وہ جھوٹے ہیں، اللہ تجھکو بخشے تو نے اُن کو رخصت کیون دی جبتک تجھ پر وہ کھل نہ جاتے جو اُن میں سچ بولے اور |

[illegible]

ظاہر ہے کہ آپ علم غیب سے آگاہ نہ تھے، اور اُن کے واقعی حالات سے بے خبر تھے اس لئے بظاہر اُن کے قول پر اعتبار ہی کرنا تھا، اور وہی آپنے کیا، مگر علام الغیوب نے حقیقت حال سے باخبر فرما کر اُن کے جھوٹ کا پردہ چاک کیا، بہرحال یہان بھی منشاے خطا اگر خطا بھی سمجھی جاے تو وہی ترحم کی شان تھی،

چوتھا واقعہ

منافقین کی نسبت آپ کو اطلاع دیدی گئی تھی کہ اُن کے حق میں آپ کی دعاے مغفرت قبول نہ ہوگی، اور فرما دیا گیا تھا کہ

| | |
|---|---|
| اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِيْنَ مَرَّةً فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ | تو اُن کی مغفرت کی دعا مانگے یا نہ مانگے اگر ستر دفعہ بھی اُن کی مغفرت کی دعا مانگے تو ہرگز اُن کو |

Marfat.com

لَهُمْ، ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَ رَسُوْلِهٖ، (توبہ - ۱۰)

خدا نہ بخشے گا، یہ اس لئے کہ انھوں نے خدا کا اور اس کے رسول کا انکار کیا،

اس حکم کے آنے کے بعد عبد اللہ بن ابی بن سلول کا انتقال ہوا، یہ منافقوں کا سردار تھا اُس کا لڑکا مخلص مسلمان تھا، اس نے آکر آپ سے نماز جنازہ پڑھانے کی درخواست کی جس کو آپ نے فرط کرم سے رد نہ فرما سکے، حضرت عمرؓ نے عرض بھی کی کہ یا رسول اللہ! اُس کے عدم مغفرت کے متعلق تو حکم ہو چکا ہے، فرمایا میں ستر دفعہ سے بھی زیادہ اس کی مغفرت کی دعا مانگوں گا، بہرحال یہ آیتیں بتا رہی ہیں کہ آپ کے مغفرت مانگنے اور نہ مانگنے دونوں کو بیکار و بے سود بنا یا گیا تھا، مگر اُن کے حق میں دعائے مغفرت مانگنے کی کوئی ممانعت نہ تھی، اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے غایت شفقت سے اس بیکار فرض کو انجام دیا تاکہ اُس کے مخلص مسلمان فرزند کی دلشکنی نہ ہو، اور اس سے تغافل فرمایا کہ ایک مسلمان کی دلجوئی تو ہو گی، مگر بیسیوں منافقین کو اپنے چھپانے میں کامیابی ہو جائیگی، اور وہ مسلمانوں کے اندر رہ کر فتنوں کا باعث بنیں گے، اس لئے حکم ہوا،

وَلَا تُصَلِّ عَلٰٓى اَحَدٍ مِّنْهُمْ مَّاتَ اَبَدًا وَّلَا تَقُمْ عَلٰى قَبْرِهٖ اِنَّهُمْ كَفَرُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَمَاتُوْا وَهُمْ فٰسِقُوْنَ، (توبہ - ۱۱)

اور نہ کبھی اُن میں سے کسی کے جنازہ کی نماز پڑھ، اور نہ اُس کی قبر پہ کھڑا ہو، بیشک انھوں نے خدا اور اس کے رسول کا انکار کیا اور اسی گنہگاری کی حالت میں مرے

**پانچواں واقعہ** اس کی تفصیل یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی بعض بیویوں کی خوشنودی اور رضامندی کے لئے کسی مباح چیز کو، جو آپ کو بہت مرغوب تھی، اپنے اوپر حرام کر لیا تھا، یعنی

Marfat.com

اس کے کبھی نہ استعمال کرنے کا عہد فرمالیا تھا، ظاہر ہے کہ ہر شخص پر مباح چیز کا کھانا فرض نہین، اس کو حق حاصل ہے کہ وہ اپنی خوشی سے یا کسی دوسرے کی رضامندی کے لئے اس کے نہ کھانے کا عہد کرلے، اس لئے اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض بیویون کی خاطر جن کو وہ شے پسند نہ تھی اس کو اپنے اوپر حرام کرلیا، تو ظاہر ہے کہ آپ کا اپنی بعض بیویوں کی خاطر داری کے لئے ایسا کرنا الزام کے قابل نہین کہ آپ نے بحیثیت شوہر کے اُن کی اتنی دلجوئی کو بھی عورتون کے ساتھ عدل وانصاف کے مناسب سمجھا، مگر اس مسئلہ کی ایک دوسری حیثیت بھی تھی، اور وہ یہ کہ بحیثیت ایک پیغمبر کے ایک حلال وجائز چیز کو اپنے اوپر حرام کرلیا اور اُس کے نہ کھانے کا عہد کرنے سے آپ کی اقتدا مین اُمت کے عام افراد بھی اس کو ناجائز نہیں تو ناپسند ضرور ہی کرتے، اور یہ ایک طرح سے شریعتِ الٰہی میں تبدیل وتحریف کا مرادف ہوجاتا، اس لئے حکم آیا کہ ان امور میں پیغمبر کو کسی کی دلجوئی اور خاطرداری کی پروا نہ چاہئے، فرمایا،

| | |
|---|---|
| يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا أَحَلَّ | اے پیغمبر! جس کو اللہ نے تیرے لئے حلال کیا ہے |
| اللَّهُ لَكَ تَبْتَغِي مَرْضَاتَ أَزْوَاجِكَ | اُس کو حرام کیون کرتا ہے؟ اپنی بیویون کی |
| وَاللَّهُ غَفُورٌ رَحِيمٌ (تحریم ۱۰) | مرضی چاہتا ہے؟ اور خدا بخشنے والا مہربان ہے، |

اس موقع پر اللہ تعالیٰ کا آپ کو نبی کہکر خطاب کرنا یہ واضح کرتا ہے کہ بحیثیت ایک انسان اور شوہر ہونے کے آپ ایسا کرسکتے تھے، مگر پیغمبر کی حیثیت سے آپ کو یہ اختیار نہیں

الغرض یہی وہ پانچ واقعے ہیں جن میں آپ کی اجتہادی خطا ثابت کی گئی ہے، مگر تفصیلات سے معلوم ہوگیا ہوگا کہ اُن کو خطا کہنا درحقیقت مجاز ہے کہ پیغمبر کی بلندی اور معصومی کو پیش نظر رکھکر

اُس کو اُس مجازی خطا کی بھی اجازت نہین، اور اسی وحی الٰہی نے اُن میں سے ہر موقع پر تنبیہ کی، اور اپنے صحیح فیصلہ سے رہنمائی فرمائی، اب کیا کسی کا شبہہ یہ بھی ہے کہ جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ معمولی مسامحات پیش آئے جن کی تنبیہ و اصلاح ہر وقت وحی الٰہی نے کی، ایسے ہی ممکن ہو کہ آپ کو اور بھی ایسے مسامحات پیش آئے ہون جن کی تنبیہ و تصحیح کی حکمت الٰہی نے پروا نہ کی اور خاموشی برتی، اگر کسی کو یہ شبہہ ہے تو در حقیقت رسالت و نبوت کی مرتبہ شناسی اور دین الٰہی و شریعت ربانی کی حقانیت اور اللہ تعالیٰ کے طرق رشد و ہدایت کی معرفت سے کوسون دور ہی رسولون کی بعثت اس لئے ہے کہ وہ غلط کار انسانون کو اُن کی غلطی سے نکال کر حق و صواب کی تعلیم دین، نہ اس لئے کہ اُن کے ذریعہ الٹے ہدایت کے بجائے مزید ضلالت کا اضافہ ہو، استغفر اللہ ثم استغفر اللہ، اس لئے ناممکن ہے کہ رسولون کے ہاتھون اور زبانون سے کوئی ایسا کام صادر ہو، جو حکمت الٰہی کے مطابق نہ ہو، اور پھر وہ اس کی تصحیح اور رہنمائی سے تغافل برتے، اور انسانون کو اپنے رسولون کے ذریعہ گمراہ ہونے دے،

پیغمبرانہ اجتہاد و رائے علم کا وہ کوثر ہے جس کی دھارین دماغ سے نہیں، بلکہ دل کے سرچشمہ سے بہتی ہیں، جو انسانی رائے و تجربہ سے نہیں، بلکہ الہام الٰہی، القاے ربانی، حکمت یزدانی، فہم رسالت، ملکۂ نبوت سے ماخوذ ہے، اور جس کی نسبت محرم اسرار شریعت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ برسر منبر فرماتے ہین،

| | |
|---|---|
| یَا اَیُّھَا النَّاسُ اِنَّ الرَّایَ اِنَّمَا کَانَ مِنْ رَسُوْلِ اللّٰہِ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ مُصِیْبًا لِاَنَّ | اے لوگو! آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی رائے غلطی سے پاک تھی کیونکہ اللہ تعالیٰ آپ کو دکھاتا تھا |

Marfat.com

اللہ کان یریہ وانما ھو منا | اور ہماری رائے ہمارا گمان اور
الظن والتکلف (ابو داؤد کتاب الاقضیہ) | از خود کہنا ہے،

وہ رائے نبوی جو خدا کے بتانے اور دکھانے سے قائم ہوئی ہو ظاہر ہے کہ بمنزلہ وحی کے ہی اور اس کا نام بشری اجتہاد اور انسانی رائے نہیں، بلکہ نبوی اجتہاد اور پیغمبرانہ رائے ہے جو عملاً وحی الہٰی کی ہم مرتبہ اور کلام ربانی کی ہم پایہ ہے حضرت عمرؓ نے اس خطبہ میں جو کچھ کہا ہی درحقیقت وہ خود کلام پاک سے مستنبط ہے قرآن پاک میں ہے،

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّآ اَنۡزَلۡنَآ اِلَیۡكَ الۡكِتٰبَ بِالۡحَقِّ | | ہم نے تجھ پر کتاب سچائی کے ساتھ اتاری، |
| لِتَحۡكُمَ بَیۡنَ النَّاسِ بِمَآ اَرٰىكَ اللّٰهُ ؕ | | تاکہ لوگوں کے درمیان جو اللہ تجھکو سوجھائے |
| وَلَا تَكُنۡ لِّلۡخَآئِنِيۡنَ خَصِيۡمًا (نساء ۱۶) | | فیصلہ کرے اور تو نہ ہو دغابازوں کی طرف |

اس سے ظاہر ہوا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو دکھایا، سوجھایا، اور رائے پیدا کرائی جاتی تھی وہ خدا کی طرف سے ہوتی تھی، یہی پیغمبرانہ رائے ہی جس کی نسبت خود آنحضرتؐ نے ارشاد فرمایا

| | | |
|---|---|---|
| انما اقضی بینکم برائی فیما لم | | میں تم لوگوں کے درمیان اس مسئلہ میں |
| ینزل علیّ (ابو داؤد، اقضیہ) | | جس کی نسبت مجھ پر وحی نہیں ہوئی اپنی |

یہ فیصلہ اگر غلط ہوتا، تو فوراً وحی الہٰی دست گیری کرتی، اور صحیح راستہ پر لے آتی، جیسا کہ گذشتہ پانچوں واقعات سے ظاہر ہے،

**ایک غلط استدلال** اس آیت پاک سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ مقدمات کے فیصلوں میں آپ کو ارادت الٰہی ہوتی تھی یعنی خدا کی طرف سے آپ کو رائے سوجھائی جاتی تھی، اور ظاہر ہے کہ

Marfat.com

ارادتِ الٰہی (خدا کی طرف سے سمجھایا جانا) تا کہ آپ کتابِ الٰہی کے مطابق فیصلہ کریں غلط نہیں ہو سکتی، لیکن ابوداؤد وغیرہ میں ایک حدیث ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اہلِ مقدمہ کو فرمایا،

"میں ایک بشر ہوں، تم لوگ میرے پاس اپنے جھگڑے لے کر آتے ہو اور شاید تم میں سے بعض زیادہ زبان آور ہوں جو اپنی دلیل کو خوبی سے بیان کر سکتے ہوں، تو میں جیسا سنتا ہوں ویسا فیصلہ کر دیتا ہوں، تو میں اگر کسی کو وہ حق دلا دوں جو اس کا نہیں، بلکہ اس کے بھائی کا ہے تو وہ نہ لے کہ میں اس کو آگ کا ٹکڑا کاٹ کر دے رہا ہوں۔ (کتاب الاقضیہ)

اس سے ایک غلط فہم یہ استدلال کر سکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے فیصلے ہمیشہ غلطی سے پاک نہیں ہوتے تھے، اس لئے اُمت آپ کے قضایا اور فیصلوں کی پیروی پر مجبور نہیں لیکن ایسا خیال کرنا سراسر مغالطہ ہے، اصل یہ ہے کہ مقدمات میں دو چیزیں ہوتی ہیں، ایک واقعہ کی اصلی روداد جس کو ہر مدعی اور مدعا علیہ اپنے دعوٰی کے مطابق بنا کر اپنے اپنے رنگ میں بیان کرتا ہو، اس کے بعد دوسری چیز اس بیان کردہ روداد کے مطابق صحیح اور عادلانہ حکم اور فیصلہ ہو جو تمام تر مقدمہ کی اس روداد پر مبنی ہوتا ہے، جو حاکم و قاضی کے سامنے بیانات اور شہادتوں کے ساتھ پیش ہوتی ہو، یہ بات کہ واقعہ کی اصلی روداد کیا ہے، اور ان میں سے کون صحیح کہہ رہا ہے، علمِ غیب سے تعلق رکھتی ہے جس کا دعوٰی کسی نبی کو نہیں، اور اگر ہو بھی تو یہ دعوٰی بجائے خود مسلّم ہے کہ قاضی کا ذاتی علم دو انسانوں کے درمیان فیصلہ کا مبنی نہیں قرار پا سکتا، اس کے لئے فریقین کے بیانات، شہادتیں، اور دلائل ہی بکار آمد ہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ارشاد سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ امرِ اول کے متعلق عموماً آپ کو غیب کا علم عطا نہیں ہوا، لیکن دوسری چیز یعنی جس روداد کو

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحیح باور کیا، اُس کے مطابق آپ کا فیصلہ کبھی کبھی صحیح و صواب اور عادلانہ نہیں ہوتا تھا، یہ کہنا رسول و نبی کی شان کی توہین و تحقیر ہے، اور اُس "ارادت الٰہی" کے خلاف ہے جس کا شرف مقدمات کے فیصلہ مین آپ کو بخشا جاتا تھا، اس لئے جو غلطی فیصلون میں آپ سے ہوسکتی تھی، وہ فریقین مین سے کسی ایک کی دلیل و شہادت کو سُن کر اُس کے صحیح یا غلط مطابق واقعہ یا مخالف واقعہ سمجھنے مین لیکن جس کو آپ نے صحیح باور فرمایا اس کے مطابق مناسب و صحیح حکم و فیصلہ کرنے مین آپ سے کبھی غلطی نہ ہوئی، اور نہ ہوسکتی تھی، اور امت آپ کی پیروی آپ کے اُن قضایا اور فیصلون میں کرتی ہے، نہ کہ نزاعِ مذکور کے گذشتہ واقعات اور گذشتہ مقدمات کے صحیح یا غلط باور کرنے میں فتثبتا بینهما،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس اعلان مین یہ نکتہ ہو کہ شاید فریقین میں سے کوئی غلط بیان یا برسر باطل جو اپنے مقدمہ کی روداد زیادہ خوبی سے بنا کر آپ کی عدالت سے موافق فیصلہ حاصل کرلے، یہ سمجھے کہ گو حقیقت میں میرا حق نہ تھا لیکن جب عدالتِ نبوی نے میرے حق مین فیصلہ کردیا تو میری ملکیت ثابت ہوگئی، اور غصبِ حق کے گناہ سے برأت ہوگئی تو اُس کا ایسا سمجھنا صحیح نہ ہوگا گو قانوناً حکم نافذ ہوجائے گا، مگر عند اللہ جو برسرِ حق تھا، وہ حق ہی پر رہے گا، اور جو برسر باطل تھا باطل ہی رہے گا، اور جو اصل مالک تھا، وہی مالک رہیگا، اور جو غاصب ہے وہ غاصب ہی تھا اسی اعلان کا اثر تھا کہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک مقدمہ میں فریقین کو اس حقیقت سے مطلع فرمایا تو دونوں رو پڑے اور دونوں ایک دوسرے کے حق مین دست بردار ہونے پر آمادہ[1]

[1] ابوداؤد کتاب الاقضیہ،

Marfat.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم، دواد مقدمہ کو سامنے رکھ کر جو فیصلے فرماتے تھے، وہ تمام تر حق، منصفانہ اور صحیح ہوتے تھے، اور ان کی اطاعت سے انحراف، کفر و نفاق تھا، اسی لئے ارشاد ہوا کہ

| | |
|---|---|
| فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى | سو قسم ہے تیرے رب کی وہ مومن نہ ہونگے |
| يُحَكِّمُوْكَ فِيْمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا | جب تک وہ تجھ کو حکم نہ مانیں، پھر اپنے دل |
| يَجِدُوْا فِيْ اَنْفُسِهِمْ حَرَجًا مِّمَّا | میں تیرے فیصلے سے تنگی نہ پاویں، اور مان کر |
| قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوْا تَسْلِيْمًا (نساء ۹) | قبول کریں۔ |
| وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَّلَا مُؤْمِنَةٍ | اور کسی ایماندار مرد، یا عورت کا یہ کام |
| اِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُوْلُهٗ اَمْرًا اَنْ | نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول کسی بات |
| يَّكُوْنَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ اَمْرِهِمْ | کا فیصلہ کر دے تو بھی اس کو اپنے کام کا |
| وَمَنْ يَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ | اختیار رہے، اور جو خدا اور اس کے رسول |
| ضَلَّ ضَلٰلًا مُّبِيْنًا۔ (احزاب ۵) | کے بے حکم چلا وہ صریح گمراہ ہوا۔ |

کیا امت کو رسول کی اطاعت اور اس کے فیصلہ کے بچون وچرا قبول کر لینے کا خدا کی طرف سے تاکیدی حکم، بر سر باطل پہلو پر ہو سکتا ہے؟ چنانچہ دوسری آیت میں اس کی تصریح کر دی گئی ہے کہ آپ کا کوئی فیصلہ کبھی ظالمانہ اور غلط نہیں ہو سکتا،

| | |
|---|---|
| وَاِذَا دُعُوْا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ | اور جب وہ اللہ اور اس کے رسول کی طرف بلائے |
| لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ | جائیں تاکہ رسول ان کے درمیان فیصلہ کر دے |

| | |
|---|---|
| مُعْرِضُونَ ، وَاِنْ یَکُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ | تو اُن میں کا ایک گروہ منہ پھیر لیتے ہیں اور اگر |
| یَاْتُوْا اِلَیْهِ مُذْعِنِیْنَ اَفِیْ قُلُوْبِهِمْ | اُن کو کوئی حق پہنچتا ہو تو قبول کر کے چلے آتے ہیں، |
| مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْا اَمْ یَخَافُوْنَ اَنْ | کیا اُن کے دلوں میں روگ ہے یا وہ ڈرتے |
| یَّحِیْفَ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ بَلْ | ہیں کہ خدا اور اُس کا رسول اُن کے ساتھ |
| اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ (نور ۶) | بے انصافی کریگا بلکہ وہی بے انصاف ہیں، |

**عقل بشری** اس میں بھی شک نہیں کہ وحی اور ملکۂ نبوت کے علاوہ نبی میں نبوت و رسالت کے فرائض سے باہر کی چیزوں میں وہی عقل ہوتی ہے، جو عام انسانوں کی ہوتی ہے، اور جس میں اجتہادی غلطی کا ہر وقت امکان ہے، شاہ ولی اللہ صاحب کے نزدیک اجتہاد کی یہی وہ دوسری قسم ہے، جس میں نبی سے کبھی غلطی ہوسکتی ہے کہ اُس کا مدار وحی و الہام اور ملکۂ نبوت پر نہیں بلکہ انسانی علم و تجربہ پر ہوتا ہے، اور یہی وہ قسم ہے جس کا اتباع پیرووں پر واجب نہیں، اور اس کی بہترین مثال کھجور کی کاشت کا واقعہ ہے،

صحیح مسلم میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ منورہ کے بعض باغوں میں گذرے تو دیکھا کہ کچھ لوگ کھجوروں کے درختوں پر چڑھ کر کچھ کر رہے ہیں، آپ نے دریافت فرمایا کہ یہ کیا کر رہے ہیں، ایک ہمراہی نے کہا کہ یہ مادہ کھجوروں میں نر کھجوروں کے پھول ڈالتے ہیں کہ پھل زیادہ آئیں فرمایا میں تو نہیں سمجھتا کہ اس سے کچھ فائدہ ہوگا؟ ایک روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ "اگر ایسا نہ کرتے تو بہتر ہوتا" اُس نے جا کر باغ والوں سے آپ کا یہ فقرہ بیان کر دیا، صحابہ نے جو سرتاپا اطاعت تھے اُس پر عمل کیا، اور ایسا کرنا چھوڑ دیا، پھل اس سال کم آئے، یا کم ٹھہرے، آپ کا پھر گذر ہوا تو اُن

لوگون نے صورتِ حال عرض کی، آپنے فرمایا میں نے تو یونہی ایک بات سمجھ سے کہدی تھی اگر اُن کو اس عمل سے فائدہ ہوتا ہے تو کریں، پھر فرمایا،

| | |
|---|---|
| انما انا بشر اذا امرتکم بشیءٍ من دینکم فخذوا بہ واذا امرتکم بشیءٍ من رای فانما انا بشر" | میں تو ایک آدمی ہی ہوں جب تمہارے دین کا کوئی حکم دوں تو اس کو قبول کرو اور جب اپنی رائے سے کچھ کہوں تو میں ایک آدمی ہوں، |

ایک روایت میں یہ الفاظ ہیں،

| | |
|---|---|
| انتم اعلم بامر دنیاکم، | تم اپنے دنیا کے کام کو زیادہ جانتے ہو، |

تیسری روایت کے یہ الفاظ ہیں[1]:

| | |
|---|---|
| انما ظننت ظناً فلا تاخذونی بالظن ولکن اذا حدثتکم عن اللہ شیئاً فخذوا بہ فانی لن اکذب علی اللہ | میں نے ایک گمان سا کیا تھا گمان پر مجھکو نہ پکڑو، ہاں جب خدا کی طرف سے کوئی بات کہوں تو اس کو لو کہ میں خدا پر |

ان تینوں روایتوں میں آپنے اپنے اس ارشاد کو ظن (گمان) رائے اور امر دنیا سے تعبیر فرمایا ہے، اس سے یہ کلیہ سمجھ میں آتا ہے کہ امور دین و شریعت میں آپ کا ہر حکم واجب اور منجانب اللہ ہے لیکن کھیتی باڑی، علاج و معالجہ وغیرہ خالص دنیاوی امور میں اگر آپنے کچھ کہا ہو تو اس کی حیثیت فقط مشورہ اور رائے کی ہے، یہی سبب ہے کہ صحابۂ کرام جن باتوں میں اپنا مشورہ

[1] یہ تینوں روایتیں صحیح مسلم باب وجوب امتثال ما قالہ شرعاً دون ما ذکرہ صلی اللہ علیہ وسلم من معایش الدنیا علی سبیل الرای ج ۲ صفحہ ۳۰۵ مصر میں ہیں،

آپ کو دینا چاہتے تھے، پوچھ لیتے تھے کہ یا رسول اللہ! یہ وحی سے ہے، یا رائے ہے، آپ جب فرما دیتے تھے کہ رائے سے ہے، تو وہ اپنا مشورہ پیش کرتے، اور آپ پسند فرماتے، تو قبول فرماتے
غزوۂ بدر میں آپ نے ایک مقام پر پڑاؤ ڈالنا چاہا، ایک صحابی نے آکر عرض کی یا رسول اللہ! اس مقام کا انتخاب وحی سے ہے یا رائے سے ہے، فرمایا محض رائے ہے، تو عرض کی کہ جنگی نقطۂ نظر سے یہ مقام بہتر نہیں، فلاں مقام بہتر ہے، آپ نے اُن کی رائے پسند کی، اور اس پر عمل فرمایا، اسی طرح صلح و جنگ اور حکومت کے دوسرے معاملات میں بھی صحابہؓ سے مشورہ لیا، اور عمل فرمایا، اور اسی میں خود حضور صلی اللہ علیہ وسلم کو وَشَاوِرْهُمْ فِی الْاَمْرِ (توبہ) یعنی امور حکومت یا عام امور میں صحابہ سے مشورہ لے لو، کا حکم خدا کی طرف سے ہے، چنانچہ غزوۂ احزاب میں خندق کھودنے میں سلمان فارسیؓ کی رائے پر عمل کیا، لیکن امورِ جنگ و سیاست میں بھی جس بات کا حکم عقلِ بشری سے نہیں، بلکہ وحی الٰہی یا فہم نبوی سے ہوا تھا، اُس میں آپ نے نہ کسی سے مشورہ لیا، اور نہ کسی کے مشورے کو قبول فرمایا، صلح حدیبیہ کے شرائط اور دفعات جو سراسر مصلحتِ الٰہی اور حکمت ربانی پر مبنی تھے اُن کے بدلنے پر حضرت عمرؓ اور دوسرے صحابہ نے کیا کیا زور نہیں لگایا، مگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ التفات نہ فرمایا، اور آخر مستقبل نے بتا دیا کہ فہم نبوت سراسر صحیح تھی، اسی طرح غزوۂ احد جیسے نازک موقع پر عبد اللہ بن اُبی سا تین سو آدمیوں کے ساتھ پھر جانا گوارا کیا، مگر مدینہ سے باہر جا کر صف آرا ہونے سے باز نہ آئے اور پھر مستقبل نے مصلحتِ الٰہی کے راز کو فاش کیا،
ایک ادنیٰ سا تأمل عقلی حیثیت سے بھی یہ راز بتا دے گا کہ دنیا میں ہر صاحب فن کی ایک نہیں دو عقلیں ہوتی ہیں، ایک اُس فن کے متعلق جس کی استعداد اُس کے اندر رکھی جاتی ہے

اور پھر تعلیم و تربیت، مشق اور کثرت عمل سے وہ اتنی بلند اور پختہ ہو جاتی ہے کہ وہ اس فن کے بڑے بڑے عمیق اور مشکل دقائق کو ایک نظر میں معلوم کر لیتی ہے، اور اس کے لاینحل عقدون کو اشارون مین حل کر دیتی ہے لیکن اس دائرہ کے باہر اس کی دوسری عقل عام انسانون ہی کی طرح معمولی ہوتی ہے، ایک شخص جو فن تعمیر کی مہارت اور ہندسہ اور انجینرنگ کی صناعی مین غیر معمولی عقل و ذہانت رکھتا ہے، بالکل ممکن ہے کہ کھجور کی کاشت مین اس کی عقل معمولی انسانون سے بھی کم درجہ ہو، ایک فلسفی جو اپنے زور فکر سے افلاطون و ارسطو کی غلطیان نکالتا ہو وہ تعمیر کے فن مین ایک معمولی مزدور سے بھی زیادہ کم عقل ہو، یہ روزمرہ کی پیش آنے والی مثالین ہین، اسی طرح وہ برگزیدہ انسان، جو روحانیات کے اسرار، معرفت ربانی کے حقائق، تزکیۂ نفس کے رموز، اخلاق و معاشرت کے آداب، حقوق و شریعت کے مسائل مین دقیقہ رس فہم اور نکتہ دان عقل رکھتا ہو، اس کو تعمیر و کاشتکاری کے مسائل مین محض معمولی درک ہو، بلکہ بالکل نہ ہو۔

اسی طرح انبیاء علیہم السلام امور دین و شریعت مین وحی اور ملکۂ نبوت سے جو کچھ فرماتے ہین وہ عین مصلحت عین حکمت خطا اور غلطی سے سرتاپا مبرا اور پاک ہوتا ہے لیکن دوسرے امور مثلاً پہننے اوڑھنے، کھانے پینے رہنے سہنے، سلطنت و سیاست، نظم و نسق، صلح و جنگ، سامان و اسلحہ، مرکب و سواری، صنعت و حرفت، طب و علاج وغیرہ دنیاوی امور کی نسبت کلی مصلحتین بتا کر جزئیات کی تفصیل سے انھون نے احتراز فرمایا اور کسی قطعی فیصلہ کا مسلمانون کو پابند نہیں کیا، پہننے اوڑھنے کے متعلق صرف تین باتین فرمائین، پہلی یہ کہ وہ لباس اور طرز لباس نہ اختیار کیا جائے جس سے ستر عورت نہ ہو، دوسری یہ کہ مرد وہ لباس اختیار نہ کرین، جو عورتون

کے لئے زیبا ہے نہ عورتیں وہ لباس اختیار کریں جو مردوں کے لئے مناسب ہو، تیسری بات یہ کہ کہ وہ لباس پسندیدہ نہیں جس سے غرور ونخوت نمایاں ہو، کھانے پینے میں چند حرام چیزوں کے سوا کسی کی ممانعت نہیں، نظم ونسق اور نظام حکومت وسلطنت میں چند کلی اصول تعلیم فرمائے، شہنشاہانہ اور جابرانہ حکومت نہ ہو، لوگوں میں مساوات ہو، اور اہم امور میں اہل حلّ وعقد کا باہمی مشورہ ہو، وعلیٰ ہذا القیاس،

الغرض یہی وہ امور ہیں جن میں زمانہ اور تمدن کی ترقی کے ساتھ ساتھ تغیر وانقلاب ہوتا رہتا اس لئے اُن کو ہمیشہ کے لئے محدود کردینا مصلحتِ الٰہی کے خلاف تھا،

**ملکۂ نبوت یا عقل نبوت کا شرعی ثبوت**

گذشتہ مباحث سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ نبی میں علم وفہم کے تین ذریعے ہیں وحی ملکۂ نبوت، اور عام عقلِ بشری، ان میں سے اول وآخر کے ثبوت کے لئے اب کسی استدلال کی ضرورت نہیں کہ اول تو یہ مسلّمات سے ہیں، اور دوسرے اوپر کی تشریحات میں مستقل طور سے اُن پر بحثیں ہوچکی ہیں لیکن اب تک ہم نے دوسری چیز یعنی ملکۂ نبوت کے لئے کوئی شرعی دلیل پیش نہیں کی ہے، اس سلسلہ میں سب سے پہلی بات یہ کہنی ہے کہ جن علماء نے اس کی حقیقت ظاہر کی ہے، انھوں نے اپنے اپنے مذاق کے مطابق اس کے لئے الگ الگ اصطلاحیں قائم کی ہیں، مگر مفہوم ومعنی کے لحاظ سے وہ دراصل ایک ہیں، سلف صالحین میں سے بعض نے اُسکو القاء فی الروع (دل میں ڈالنا) نبی کی حکمتِ قلبیہ، توفیق ازلی، اور قوتِ تبیین سے تعبیر کیا ہے[1] امام غزالی وامام رازی، اور دوسرے متکلمین نے اُس کو ملکۂ نبوت سے ادا

[1] یہ تمام الفاظ امام شافعی کی کتاب الرسالہ میں مذکور ہیں،

Marfat.com

کیا ہے، شاہ ولی اللہ صاحب اور علماے اصول نے اس کو "پیغمبرانہ قوتِ اجتہاد" کہا ہے اور صوفیہ کی عام پسند اصطلاح میں اس کو علمِ لدنی کہا جاتا ہے مگر ان سب کے معنی تقریبًا ایک ہی ہیں، یعنی نبی کے اندر کی وہ پیغمبرانہ عقلی قوت جو بشری عقل سے فوق ہے، اور جس کے ذریعہ سے وہ وحی کی تشریح، اسرارِ شریعت کا بیان، اور دقائقِ حکمت کی اپنی زبان سے توضیح کرتا ہے،

انبیاے کرام کے ان ربانی انعامات کی فہرست پڑھیے، جن کا تذکرہ قرآن نے جابجا کیا ہے، تو وحی کی مخصوص نعمت کے بعد فہرست میں جو چیز نظر آئے گی، وہ "علم نبوت" ہے جس کو کہیں ذکر (یادداشت) کہیں حکم (حق و باطل میں تمیز کا ملکہ) کہیں حکمت (دانائی) کہیں شرحِ صدر (سینہ کا کھول دینا) کہیں تفہیم (سوجھ بوجھ دینا) کہیں تعلیم (سکھا دینا) کہیں ارائت (دکھا دینا سوجھا دینا) کہا گیا ہے، ان سب مختلف الفاظ کا مفہوم وحی سے نیچے، اور عقلِ بشری سے اوپر عقلِ نبوی کے سوا اور کیا ہو، ان سے مراد وحی نہیں اسلئے نہیں کہ ان کا ذکر وحی سے الگ ہوتا ہے، اور عقلِ بشری اسلئے نہیں کہ عقلِ بشری خاص نبی پر کوئی انعام نہیں کہ یہ نعمت تو ہر انسان کو کچھ نہ کچھ ملی ہے، اس بنا پر اس سے مراد عقلِ نبوی اور حکمتِ نبوی کے سوا کچھ اور نہیں ہو سکتا،

**حکمت** انبیاء علیہم السلام کو اللہ تعالیٰ کی طرف سے جو نعمتیں عطا ہوتی ہیں، ان میں ایک خاص نعمت کا ذکر قرآن پاک میں بار بار آتا ہے، اور وہ حکمت ہے، آلِ ابراہیمؑ پر اللہ تعالیٰ نے جو احسانات کئے ان کا ذکر وہ ان الفاظ میں فرماتا ہے،

| | |
|---|---|
| ۱۔ فَقَدْ اٰتَيْنَا اٰلَ اِبْرٰهِيْمَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَاٰتَيْنٰهُمْ مُّلْكًا عَظِيْمًا (نسآء) | تو بے شبہ ہم نے ابراہیم کی اولاد کو کتاب اور حکمت دی، اور ان کو بڑی سلطنت بخشی |

Marfat.com

حضرت لقمانؑ کی نسبت ہے،

۲- وَلَقَدْ اٰتَیْنَا لُقْمٰنَ الْحِكْمَةَ (لقمان) | ۲- اور یقیناً ہم نے لقمان کو حکمت دی،

حضرت داؤدؑ کی شان میں ہے:

۳- وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ وَاٰتَیْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ، (ص-۲) | ۳- اور ہم نے داؤد کی سلطنت مضبوط کی اور اس کو حکمت اور قول فیصل عطا کیا،

۴- وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ مِمَّا یَشَآءُ. (بقرہ-۳۳) | ۴- اور داؤد نے جالوت کو مارا اور خدا نے داؤد کو سلطنت اور حکمت بخشی اور جو چاہا اس میں سے کچھ سکھایا،

حضرت عیسٰیؑ فرماتے ہیں:-

۵- قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَیِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِیْ تَخْتَلِفُوْنَ فِیْهِ (زخرف-۶) | ۵- میں تمہارے پاس حکمت لیکر آیا ہوں تاکہ جن باتوں میں تم باہم اختلاف رکھتے ہو کچھ باتیں اُن میں سے کھول دوں،

خود اللہ تعالیٰ حضرت عیسٰیؑ پر اپنا احسان جتاتا ہے، تو فرماتا ہے،

۶- وَاِذْ عَلَّمْتُكَ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِیْلَ (مائدہ-۱۵) | ۶- اور (یاد کر) جب میں نے تجھ کو کتاب اور حکمت اور توراۃ اور انجیل کی تعلیم دی،

عام انبیاء کے متعلق ہے،

۷- وَاِذْ اَخَذَ اللّٰهُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ | ۷- اور جب اللہ نے نبیوں سے وعدہ لیا کہ جو

لَمَّآ اٰتَیْتُکُمْ مِّنْ کِتٰبٍ وَّ حِکْمَۃٍ (آل عمران ۹) یعنی تم کو کوئی کتاب اور حکمت دوں،

حضرت ابراہیم علیہ السلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کی یہ دعا مانگی،

۸- رَبَّنَا وَابْعَثْ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ — ۸- ہمارے پروردگار! اور ان میں انہی میں سے
یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِکَ وَیُعَلِّمُهُمُ — ایک رسول بھیج، جو ان کو تیری آیتیں سنائے
الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ وَیُزَکِّیْهِمْ ط — اور کتاب و حکمت سکھائے اور ان کو سنوارے
اِنَّکَ اَنْتَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ (بقرة ۱۵) — بیشک تو غالب اور حکمت والا ہے،

اللہ تعالیٰ نے ان کی یہ دعا قبول فرمائی،

۹- کَمَآ اَرْسَلْنَا فِیْکُمْ رَسُوْلًا — ۹- جس طرح ہم نے تم میں تم ہی میں سے ایک
مِّنْکُمْ یَتْلُوْا عَلَیْکُمْ اٰیٰتِنَا وَ — رسول بھیجا، جو تم کو ہماری آیتیں سناتا اور
یُزَکِّیْکُمْ وَیُعَلِّمُکُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ — تم کو سنوارتا ہے اور تم کو کتاب اور حکمت سکھاتا
وَیُعَلِّمُکُمْ مَّا لَمْ تَکُوْنُوْا تَعْلَمُوْنَ (بقرة ۱۸) — ہے اور وہ سکھاتا ہے جو تم نہیں جانتے تھے،

اس دعائے ابراہیمی کے مطابق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ظہور کا احسان اللہ تعالیٰ نے سورۂ آل عمران میں ہم پر جتایا ہے،

۱۰- لَقَدْ مَنَّ اللّٰهُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ — ۱۰- یقیناً اللہ نے ایمان والوں پر احسان کیا
اِذْ بَعَثَ فِیْهِمْ رَسُوْلًا مِّنْ اَنْفُسِهِمْ — کہ ان میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا
یَتْلُوْا عَلَیْهِمْ اٰیٰتِهٖ وَیُزَکِّیْهِمْ — جو ان کو اس کی آیتیں پڑھ کر سناتا ہے اور
وَیُعَلِّمُهُمُ الْکِتٰبَ وَالْحِکْمَةَ (آل عمران ۱۷) — ان کو سنوارتا ہے اور ان کو کتاب اور حکمت

Marfat.com

وَاِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ، (اٰل عمران - ۱۷)

اگرچہ وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے،

اللہ تعالیٰ نے اپنا یہی احسان ان ہی الفاظ میں سورہ جمعہ میں دہرایا ہے،

۱۱- هُوَ الَّذِىْ بَعَثَ فِى الْاُمِّيّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ يَتْلُوْا عَلَيْهِمْ اٰيٰتِهٖ وَيُزَكِّيْهِمْ وَيُعَلِّمُهُمُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ وَ اِنْ كَانُوْا مِنْ قَبْلُ لَفِىْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ، (جمعہ-۱)

وہی اللہ جس نے ان پڑھ لوگوں میں انہی میں سے ایک رسول بھیجا جو ان کو اس کی آیتیں سناتا ہے اور ان کو پاک و صاف کرتا ہے اور کتاب و حکمت سکھاتا ہے اور وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے

خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کر کے اپنا یہ احسان ان پر ظاہر فرمایا ہے،

۱۲- وَلَوْلَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ مِنْ شَىْءٍ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ وَ الْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ

۱۲- اور اگر خدا کا فضل و کرم تجھ پر نہ ہوتا تو ان میں سے ایک جماعت ارادہ کر چکی تھی کہ وہ تجھے گمراہ کردے اور وہ گمراہ نہیں کرتے لیکن اپنے آپ کو، اور تجھے کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتے، خدا نے تجھ پر کتاب اور حکمت اتاری اور تجھ کو وہ سکھایا جو تو نہیں جانتا تھا،

وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ۝ (نساء-۱۷) اور تجھ پر خدا کا بڑا فضل تھا،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے خطاب ہے،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۱۳- ذٰلِكَ مِمَّآ اَوْحٰىٓ اِلَيْكَ | یہ وہ ہے جو خدا نے حکمت کی باتوں میں |
| رَبُّكَ مِنَ الْحِكْمَةِ (اسرائیل ۴) | سے تم پر وحی کی ہے، |

عام مسلمانوں سے ارشاد ہے،

| | |
|---|---|
| ۱۴- وَاذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ | ۱۴- اور اللہ کا جو احسان تم پر ہے، اور |
| وَمَآ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنَ الْكِتٰبِ وَ | اُس نے تم پر جو کتاب اور حکمت اتاری ہے |
| الْحِكْمَةِ يَعِظُكُمْ بِهٖ، (بقرہ ۲۹) | اُن کو یاد کرو، خدا تم کو اس سے سمجھاتا ہے، |

خاص طور پر ازواجِ مطہرات کو خطاب ہے،

| | |
|---|---|
| ۱۵- وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِىْ بُيُوْتِكُنَّ | ۱۵- اور تمھارے گھروں میں اللہ کی جو آیتیں |
| مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ (احزاب ۴) | اور حکمت کی جو باتیں سنائی جاتی ہیں اُن کو |

یہ نعمت حسبِ استعداد عام مسلمانوں کو بھی ملا کرتی ہے،

| | |
|---|---|
| ۱۶- يُّؤْتِى الْحِكْمَةَ مَنْ يَّشَآءُ وَمَنْ | اور خدا جس کو چاہتا ہے حکمت بخشتا ہے |
| يُّؤْتَ الْحِكْمَةَ فَقَدْ اُوْتِىَ خَيْرًا | اور جس کو حکمت بخشی گئی، اس کو بڑی دولت |
| كَثِيْرًا، (بقرہ ۳۷) | (بھلائی) دی گئی، |

اسی کے ذریعہ تبلیغ و دعوت کا حکم بھی ہوتا ہے،

| | |
|---|---|
| ۱۷- اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ | ۱۷- اپنے پروردگار کے راستہ کی طرف تو |
| وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ | حکمت اور اچھی نصیحت کے ذریعہ سے بلا |
| بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ، (نحل ۱۶) | اور اُن سے عمدہ طریقہ سے مناظرہ کر، |

ایک جگہ قیامت اور عبرت کے واقعات پر حکمت کا اطلاق ہوا ہے،

۱۸- وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْبَآءِ مَا فِيهِ مُزْدَجَرٌ حِكْمَةٌ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ النُّذُرُ. (قمر-۱)

۱۸- اور اُن کو اتنے احوال قصے میں ڈانٹ ہو سکتی ہے، پہونچ چکے ہیں، موثر حکمت تو اُن ڈر سُنانے والے فائدہ نہیں پہنچا سکے،

اوپر کی سطروں میں وہ تمام آیتیں لکھدی گئی ہیں جن میں حکمت کا لفظ آیا ہے اُن میں کہیں "حکمت" کا لفظ تنہا آیا ہے، اور کہیں "کتاب" کے بعد آیا ہے، کتاب کے دو معنی قرآن میں ہیں، "ایک صحیفۂ ربانی"، اور یہ اکثر آیا ہے، اور دوسرے نوشتۂ الٰہی اور علم الٰہی، جیسے لَوْلَا كِتٰبٌ مِّنَ اللّٰهِ سَبَقَ (اگر خدا کا نوشتہ، یا علم پہلے نہ ہوتا) مذکورۂ بالا آیتوں میں تو کتاب سے تو بے شبہہ آسمانی کتاب اور صحیفۂ ربانی، یا یوں کہو کہ وحی کتابی مراد ہے، جیسے تورات و قرآن وغیرہ، لیکن حکمت کا مفہوم ان آیتوں میں کیا ہے؟

حکمت کے لغوی معنی "دانائی کی بات اور کام" کے ہیں، مگر یہاں اس سے کیا مقصود ہے اس تحقیق کے لئے ضرورت ہے کہ مستند اہلِ لغت اور ماہرینِ قرآن کے اقوال نقل کرکے تبصرہ کیا جائے، سب سے قدیم لغت نویس ابن درید المتوفی ۳۲۱ھ اپنی کتاب "جمہرۃ اللغۃ" میں حکمت کے حسب ذیل معنی لکھتا ہے،

وَكُلُّ كَلِمَةٍ وَعَظَتْكَ اَوْزَجَرَتْكَ اَوْ دَعَتْكَ اِلَى مَكْرُمَةٍ اَوْ نَهَتْكَ مِنْ قَبِيحٍ فَهِيَ حِكْمَةٌ وَحُكْمٌ،

(جلد ۲ صفحہ ۱۷۸ حیدرآباد)

ہر وہ بات جو تجھ کو سمجھائے یا تجھ کو متنبہ کرے، یا کسی اچھی خصلت کی طرف بلائے یا کسی بُری چیز سے روکے، وہ حکمت اور حکم ہے،

Marfat.com

لغت کا امام جوہری، اپنی صحاح اللغۃ میں لکھتا ہے،

| | |
|---|---|
| الحکمۃ من العلم والحکیم العالم | حکمت یعنی علم، اور حکیم یعنی عالم، اور |
| وصاحب الحکمۃ والحکیم المتقن | حکمت والا، اور حکیم کاموں کو بخوبی |
| للامور، (جلد ۲ صفحہ ۲۷۶ مصر) | سے کرنے والا، |

عربی لغت کی بسوط و مستند کتاب لسان العرب میں ہے،

| | |
|---|---|
| والحکمۃ عبارۃ عن معرفۃ | اور حکمت بہترین چیز کو بہترین علم کے ذریعہ |
| افضل الاشیاء بافضل العلوم (ج ۱۵ صفحہ ۳۲ مصر) | سے جاننے کو کہتے ہیں، |

لغات قرآن کے مشہور امام راغب اصفہانی، مفردات القرآن میں کہتے ہیں،

| | |
|---|---|
| والحکمۃ اصابۃ الحق بالعلم و | اور حکمت، علم اور عقل کے ذریعہ سے سچی |
| العقل فالحکمۃ من اللہ تعالی معرفۃ | اور صحیح بات کو پہنچنا ہے، تو اللہ تعالی |
| الاشیاء وایجادھا علی غایۃ | کی حکمت، چیزوں کو جاننا، اور ان کو کمال |
| الاحکام ومن الانسان معرفۃ | خوبی پیدا کرنا ہے، اور انسان کی حکمت |
| الموجودات وفعل الخیرات (ص ۱۲۶ مصر) | موجودات کو جاننا اور اچھی باتوں کا کرنا ہے، |

یہ تو عربی لغت کے اماموں کی تصریحات تھیں، اب اُن بزرگوں کے اقوال پر غور کرنا ہے، جو زبان دانی کے ساتھ قرآن اور شریعت کے استدلالات اور محاوروں سے بھی کامل طور سے آگاہ تھے۔ ابن حیان اندلسی نے اپنی تفسیر بحر المحیط میں اُن کے اکثر اقوال کو یکجا کر دیا ہے،[1]

[1] زیر آیت وابعث فیھم رسولا منھم الآیۃ (ج ۱ ص ۳۹۳، مطبوعہ سعادت مصر،

۱۔ قال مالک و ابورزین :۔ الحکمۃ الفقہ فی الدّین والفھمُ الّذی ھُوَ سجیۃ و نورٌ مِّن اللّٰہ تعالیٰ ،

۱۔ امام مالک اور ابورزین کا قول ہے حکمت دین میں سمجھ اور اُس فہم کو کہتے ہیں جو ایک فطری ملکہ اور اللہ تعالیٰ کی طرف سے ایک نور ہے۔

۲۔ وقال مجاھد: الحکمۃ فھمُ القراٰن

۲۔ مجاہد کا قول ہے: حکمت یعنی قرآن کا فہم

۳۔ وَقال مقاتل : العلم والعمل بہ لا یکون الرّجل حکیمًا حتّٰی یجمعہما ،

۳۔ مقاتل کا قول ہے: حکمت علم اور اس کے مطابق عمل کو کہتے ہیں کسی شخص کو حکیم اس وقت تک نہیں کہا جاتا جب تک وہ علم اور عمل دونوں جمع نہ کرے

۴۔ وقیل : الحکمۃ وَ القضاء ،

۴۔ بعضوں کا قول ہے حکمت فیصلہ کرنا ہے

۵۔ وقیل : مالم یعلم الا من جھۃ الرّسول ،

۵۔ کسی کا قول ہے: حکمت وہ ہے جو رسول کے سوا کسی اور ذریعہ سے معلوم نہ ہو سکے

۶۔ وقال ابوجعفر محمّد بن یعقوب: کل صواب مِنَ القول ورث فِعلًا صحیحًا فھُوَ حِکمۃ ،

۶۔ ابوجعفر کا قول ہے: ہر وہ صحیح بات جو صحیح عمل پیدا کرے حکمت ہے

۷۔ وقیل وضع الاشیاء مواضعھا

۷۔ کسی کا قول ہے کہ چیزوں کو اپنی اپنی جگہ پر رکھنا حکمت ہے

۸۔ وقیل : کل قول وجب فعلہ ،

۸۔ ایک اور شخص کا قول ہے: ہر وہ بات جس کا کرنا ضروری ہو حکمت ہے

امام ابن جریر طبری نے اپنی تفسیر میں حسب ذیل اقوال لکھے ہیں :۔

١- قال (مالك): المعرفة بالدين والفقه في الدين والاتباع له

١- مالک کا قول ہی: دین کی معرفت اور دین میں سمجھ، اور اس کی پیروی حکمت ہی،

٢- قال ابن زيد: الحكمة الدين الذي لا يعرفونه الا به صلى الله عليه وسلم يعلمهم اياها، قال والحكمة العقل في الدين وقرء ومن يؤت الحكمة فقد اوتي خيرا كثيرا، وقال لعيسى ويعلمه الكتاب والحكمة والتوراة والانجيل وقرأ ابن زيد واتل عليهم نبأ الذي آتيناه آياتنا فانسلخ منها قال لم ينتفع بالآيات حين لم تكن معها حكمة قال الحكمة شيء يجعله الله في القلب ينور له به،

٢ ابن زید کا قول ہی حکمت دین کا وہ حصہ ہے، جو صرف رسول سے معلوم ہوتا ہے، وہی اس کو سکھاتا ہی، نیز انہی کا قول ہی کہ حکمت دینی عقل کا نام ہی اور اس پر یہ آیت پڑھی کہ جس کو حکمت دی گئی اس کو بڑی دولت دی گئی، اور خدا نے حضرت عیسیٰؑ کے متعلق کہا کہ خدا ان کو کتاب و حکمت اور توراۃ اور انجیل سکھاتا ہی، ابن زید نے یہ آیت بھی پڑھی کہ ان کو اس کا حال سناؤ جس کو ہم نے اپنی آیتیں دیں تو وہ ان سے الگ ہو گیا، یعنی ان آیتوں سے نفع نہیں اٹھایا کیونکہ ان کے ساتھ حکمت نہ تھی، انہی کا قول ہی کہ حکمت "وہ چیز ہے جس کو اللہ تعالیٰ بندہ کے قلب میں رکھتا ہی اور اس سے اس کو روشن کرتا ہے،

٣- عن قتادة: والحكمة اي السنة

٣- قتادہ سے مروی ہی: حکمت یعنی سنت نبوی

آخر میں امام طبری اپنا فیصلہ سناتے ہیں،

٤- قال ابن جرير الطبري: والصواب

٤- ہمارے نزدیک صحیح بات یہ ہی کہ حکمت ان

| | |
|---|---|
| مِن القول عند نا فی الحکمۃ انّھا | احکامِ الٰہی کے علم کا نام ہے جو صرف رسول کے |
| العلم باحکام اللہ التی لا یدرک | بیان (تشریح) سے معلوم ہوتے ہیں اور اُن کی |
| علمہا الا ببیان الرسول صلعم | اور جو اُن کی مثالیں اور نظیریں ہیں انکی معرفت |
| المعرفۃ بہا وما دلّ علیہ ذالک | کو کہتے ہیں اور "حکمت" کا لفظ میرے نزدیک |
| من نظائرہا وھو عندی ماخوذ | حکم سے ماخوذ ہے جس کے معنی حق و باطل |
| من الحکم الذی بمعنی الفصل[۲] | میں تمیز کرنے کے ہیں، |

(نہایہ ابن اثیر)

امام شافعی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی تصنیف کتاب الرسالہ میں قتادہ کے مسلک کو پسند کیا ہے، لکھتے ہیں،

| | |
|---|---|
| ۵۔ وسمعت من ارضی من اھل | ۵۔ میں نے قرآن کے اُن اہلِ علم سے جن کو |
| العلم بالقرآن یقول: الحکمۃ | پسند کرتا ہوں یہ سُنا کہ حکمت آنحضرت صلی اللہ |
| سنۃ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم (ص ۲۰) | علیہ وسلم کی سُنّت کا نام ہے، |

امام شافعی اسی کتاب میں آگے چل کر بعضوں کا قول نقل کرتے ہیں،

| | |
|---|---|
| وسنتہ الحکمۃ التی القی فی روعہ | اور آپ کی سنت وہ حکمت ہے جو آپ کے |
| عن اللہ عزوجل (صفحہ ۲۸) | دل میں خدا کی طرف سے ڈالی گئی، |

ائمہ لغت اور علمائے قرآن کے اُن تمام اقوال پر ایک غائر نظر ڈالو تو معلوم ہوگا کہ یہ کل کے کل ایک ہی مفہوم کی مختلف تعبیریں، اور ایک ہی حقیقت کی متعدد تفسیریں ہیں حکمت عقل و فہم کی اُس کامل ترین حقیقت کا نام ہے جس سے صحیح و غلط، صواب و خطا، حق و باطل، اور خیر و شر کے درمیان تمیز و فیصلہ، بذریعہ غور و فکر، دلیل و برہان اور تجربہ و استقرار کے نہیں، بلکہ

منکشفانہ طور سے ہوجاتا ہے، اور اسی کے مطابق اُس صاحبِ حکمت کا قول بھی ہوتا ہے،

ہر فن کے واقف کار دو قسم کے ہوتے ہیں، ایک وہ جو کسی فن کو باقاعدہ حاصل کرتے ہیں اسکی مشق کرتے اور اُس میں مہارت اور کمال بہم پہنچاتے ہیں، دوسرے وہ جو اُس فن کی فطری استعداد اور قابلیت رکھتے ہیں اور تجربہ و درس کے بغیر خود اپنی فطری صلاحیت صحیح وجدان اور سلیم ذوق سے اس فن کی کسی شئے کو دیکھنے کے ساتھ ہی اُس کے متعلق جچی تلی رائے دیتے ہیں اور حرف حرف صحیح دیتے ہیں، اسی کا نام آپ صحتِ وجدان اور سلامتِ ذوق رکھتے ہیں شاعری انشاء پردازی، اور دوسرے فنونِ لطیفہ میں اُس کی مثالیں بکثرت دیکھی اور سنی جاتی ہیں، اسی طرح بعض لوگوں میں اشیاء کے حق و باطل، اور اقوال کے خیر و شر کی تمیز کا صحیح وجدان اور صحیح ذوق ہوتا ہے، وہ ان امور کے دقیق سے دقیق مسئلہ کے متعلق اپنے ربانی ذوق و وجدان سے ایسی صحیح رائے دیتے ہیں، جو دوسرے لوگ وسیع مطالعہ اور غور و فکر کے بعد بھی نہیں دیکھتے ہیں، وہ معرفت اور نورِ الٰہی ہے جو جد و جہد اور سعی و محنت سے نہیں، بلکہ عطا و بخشش سے حاصل ہوتی ہے اور اسی کا نام حکمت ہے،

دوسری ربانی استعدادوں اور فطری بخششوں کی طرح حکمت کا عطیہ بھی سب کو یکساں نہیں ملتا، بلکہ حسبِ استعداد معمولی حکمت سے لیکر اعلیٰ ترین اور کامل ترین حکمت تک لوگوں کو عطا ہوتی ہے، اس کے مختلف درجے اور مرتبے عام انسانوں کو مل سکتے ہیں، اور ملتے ہیں، لیکن اُس کا اعلیٰ ترین اور کامل ترین درجہ اور مرتبہ صرف انبیاء علیہم السلام کو حاصل ہوتا ہے،

مگر یہ نکتہ یاد رکھنا چاہیے کہ جس طرح اس ربانی عطیہ، آسمانی فہم، دینی عقل اور نورانی قوت پر "حکمت" کا اطلاق ہوتا ہے اسی طرح اس قوت (حکمت) کے آثار و نتائج اور اس کی تعلیمات

بھی اُس کا اطلاق ہوتا ہے چنانچہ دوسری آیت جس میں حضرت لقمانؑ کو حکمت دیئے جانے کا بیان ہے اُس کے بعد اُس حکمتِ لقمانی کی حسب ذیل تعلیمات کا ذکر بھی آگیا ہے، اللہ کا شکر ادا کرنا شرک کی ممانعت، والدین کی خدمت، اچھوں کی پیروی، خدا کا ہمہ گیر علم، نماز کا حکم، صبر، فخر و غرور کی ممانعت، میانہ روی، آہستہ بولنا، اسی طرح تیرہویں آیت میں حکمتِ محمدی کی حسب ذیل تعلیمات کی تفصیل بھی کی گئی ہے، شرک کی ممانعت، والدین کے ساتھ احسان، قرابتداروں، اور مسکینوں سے نیک سلوک، اسراف کی برائی، نرمی کی بات کرنا، میانہ روی، اولاد کے قتل کی مذمت، کسی کی جان نہ لینا، مقتول کا بدلہ لینا، یتیم کے ساتھ اچھا برتاؤ، عہد پورا کرنا، ناپ تول ٹھیک رکھنا، بے جانی چیز کی پیروی نہ کرنا، فخر و غرور کی مذمت' ان تمام باتوں کو بیان فرماکر اللہ کہتا ہے،

ذالک مِمَّآ اَوحیٰ اِلَیکَ رَبُّکَ     یہ ہیں حکمت کی وہ بعض باتیں جو خدا

مِنَ الحکمَۃِ (اسراء-۴)     نے تجھ پر وحی کی ہیں،

حکمت کی ان بعض باتوں کی تفصیل سے اندازہ ہوتا ہے کہ حکمت کے مظاہر اور نتائج کس قسم کی باتیں ہوتی ہیں، یہ عموماً وہی باتیں ہوتی ہیں جن کی عالمگیر صداقت اور سچائی کو خود فطرت انسانی اور حسِ اخلاقی تسلیم کرتی ہے، یہی سبب ہے کہ تیسری اور چوتھی آیت میں حکمت کا اطلاق زبور پر، اور پانچویں اور چھٹی آیت میں انجیل پر ہوا ہے کہ ان میں اسی قسم کی دلآویز نصیحتوں، اور عالمگیر صداقتوں کی تعلیم ہے، اور خود قرآن پاک نے بھی اپنی صفت "حکمت والا قرآن" ظاہر کی ہے تِلکَ اٰیٰتُ الکتابِ الحکیم (لقمان و یونس)، والقرآنِ الحکیم (یٰسین) وَالذِّکرِ الحکیم، (آل عمران) ان آیتوں سے یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ حکمت' کی بعض اہم تعلیموں کو وحی الٰہی خود

اپنے اندر کبھی شامل کر کے اُن کو آب مقطر بنا دیتی ہے، یہ چیز انبیاء کو کتاب کی وحی کے ساتھ ساتھ عام طور پر ملتی ہے، فرمایا،

وَاِذْ اَخَذَ اللّٰہُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ — اور یاد کرو جب خدا نے پیغمبروں سے عہد

لَمَآ اٰتَیْتُکُمْ مِّنْ کِتٰبٍ وَّحِکْمَۃٍ (آل عمران ۹) لیا کہ البتہ جو میں تم کو کتاب اور حکمت دوں

بہرحال یہ حکمت کی قوت انبیاء علیہم السلام کو بدرجۂ اتم حاصل تھی، اور اسی کا نتیجہ تھا کہ اُن کی ہر بات دانائی اور اُن کا ہر کام دانشمندی پر مبنی ہوتا تھا، اور چونکہ یہ قوت ان کو حاصل تھی اس لئے اُس کے آثار اور نتائج بھی اقوال و اعمال کی صورت میں ظاہر ہوئے جن کا نہ صرف اقرار واعتراف بلکہ اُن پر عمل بھی نبوت کی تصدیق میں داخل ہوا، پندرھویں آیت میں ہے،

وَاذْکُرْنَ مَا یُتْلٰی فِیْ بُیُوْتِکُنَّ مِنْ — (اور اے محمد رسول اللہ کی بیویو!) تمھارے

اٰیٰتِ اللّٰہِ وَالْحِکْمَۃِ، — گھروں میں خدا کی جو آیتیں اور حکمت کی

(احزاب - ۴) — باتیں سُنائی جاتی ہیں، اُن کو یاد رکھو

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات کو آیاتِ الٰہی کے علاوہ کس حکمت کے یاد رکھنے کا حکم دیا گیا، ظاہر ہے کہ وہ خود محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی حکمت و دانائی کی باتیں تھیں، اب اگر وہ باتیں امور دین سے متعلق نہ ہوتیں، تو اُن کے لئے ان کا یاد رکھنا کیوں ضروری قرار دیا جاتا، اسی طرح آٹھویں، نویں، دسویں، اور گیارہویں آیت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صفت میں کہا

---

لہ لفظ یتلیٰ سے کسی کو شبہ نہ ہو کہ وہ کتاب کے لئے خاص ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کتاب کا کوئی صفحہ پڑھکر نہیں سُناتے تھے، بلکہ الفاظ الٰہی کو زبانی ادا فرماتے تھے،

يُعَلِّمُهُمُ الْكِتَابَ وَالْحِكْمَةَ (جمعہ ۱) — وہ مسلمانوں کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دیتا ہے

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کتاب کے بعد کس حکمت کی تعلیم دیتے تھے، ظاہر ہے کہ خود اپنی حکمت کی، تو جس حکمت کی تعلیم وہ دیتے تھے، وہ خود اُن کے اندر بھی تھی کہ جو چیز اُن کے اندر نہ تھی وہ دوسروں کو کیا بخش سکتے تھے، اور جب یہ قوت آپکے پاس تھی، تو اُس کے آثار و نتائج آپ کے اقوال و افعال کی صورت میں نمایاں ہوں گے جن کی آپ تعلیم فرماتے تھے، اور اپنے ان امورِ حکمت کی تعلیم سے آپ کا مقصد بھی یہی ہو سکتا تھا کہ مسلمان اُن پر عمل کریں،

پانچویں آیت میں ہے کہ حضرت عیسیٰؑ فرماتے ہیں،

قَدْ جِئْتُكُمْ بِالْحِكْمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَكُمْ بَعْضَ الَّذِيْ تَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ (زخرف-۶) — میں تمہارے پاس حکمت لیکر آیا ہوں اور جن باتوں میں تم باہم اختلاف رکھتے ہو کچھ باتیں اُن میں سے کھولدوں؛

اس سے معلوم ہوا کہ حکمت کا ایک فریضہ تبیین بھی ہے یعنی کسی مجمل ذو معنیین، اور مختلف فیہ مسئلہ کی تشریح و تفصیل جس سے وہ اجمال اور اختلاف جاتا رہے، اور اصل مقصود کی تشریح ہو جائے چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے تورات کے بعض احکام کی جن میں یہود مختلف الرائے تھے تفصیل فرمائی، اور اُن کی غلطی دور کی،

بارہویں آیت میں ہے،

وَلَوْ لَا فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَتُهٗ — اگر خدا کا فضل و کرم تجھ پر نہ ہوتا، تو اُن میں سے

---

[1] قرآن پاک میں حرفِ علت سے قبل واؤ آیا کرتا ہے جیسے وَلِيَكُوْنَ مِنَ الْمُوْقِنِيْنَ یہ حرف عطف نہیں،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لَهَمَّتْ طَّآئِفَةٌ مِّنْهُمْ اَنْ يُّضِلُّوْكَ | ایک گروہ نے چاہا تھا کہ تجھ کو گمراہ کر دے اور وہ |
| وَمَا يُضِلُّوْنَ اِلَّآ اَنْفُسَهُمْ وَمَا يَضُرُّوْنَكَ | گمراہ نہیں کرتے لیکن اپنے آپ کو اور تجھ کو ذرا |
| مِنْ شَيْءٍ وَاَنْزَلَ اللّٰهُ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ | بھی نقصان نہیں پہنچائیں گے اور اللہ نے تجھ پر |
| وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ وَ | کتاب و حکمت اتاری اور تجھ کو سکھایا جو تو |
| كَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا (نساء) | نہیں جانتا تھا اور اللہ کا فضل تجھ پر بڑا ہے |

ان آیتوں میں بیان ہے کہ منافقین کا ایک گروہ آپ کو غلط راستہ پر لگانا چاہتا تھا مگر اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ ان کی یہ چال کارگر نہ ہوئی، اور وہ تجھ کو بہکا نہ سکے، اس کی وجہ یہ تھی کہ اللہ کا تجھ پر فضل و کرم ہے، اور وہ فضل و کرم یہ ہے کہ اس نے تجھ پر کتاب اور حکمت اتاری، اور تجھے وہ علم بخشا جو پہلے نہ تھا" اس سے ظاہر ہوا کہ گمراہی سے آپ کی یہ حفاظت خطا سے یہ عصمت اور علم کی یہ بخشش آپ کو کتاب اور حکمت دونوں کے ملنے کے سبب سے حاصل ہوئی ہے، الغرض اس حفاظت و عصمت کے حصول میں کتاب الٰہی کے ساتھ حکمت ربانی کے انعام کو بھی دخل کامل ہے،

یہ تو وہ نبوی حکمت تھی جس کا سرچشمہ صرف سینۂ نبوت تھا، لیکن یہ فیض حسب استعداد پیغمبر کی اتباع میں دوسروں کو بھی ملتا ہے، جس کا یہ اثر ہوتا ہے کہ وہ سچی اور صحیح باتوں کو بہت آسانی سے سمجھ لیتے، قبول کر لیتے، اور اس پر عمل کرتے ہیں،

تبلیغ اسلام کے تین ذریعوں حکمت، موعظت اور حسن خلق میں سب سے اول حکمت کو جگہ دی گئی ہے،

Marfat.com

اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّکَ بِالْحِکْمَۃِ وَالْمَوْعِظَۃِ الْحَسَنَۃِ وَجَادِلْھُمْ بِالَّتِیْ ھِیَ اَحْسَنُ۔ (نحل) | تو اپنے رب کے راستہ کی طرف حکمت و اچھی نصیحت کیساتھ دعوت دے اور اُن سے مناظرہ بطریق احسن کر،

سچی، صحیح اور صاف بات دل تک پہنچ جاتی، اور بہت جلد اپنا اثر دکھاتی ہے فرمایا،

حِکْمَۃٌ بَالِغَۃٌ، (قمر-۱) | دل تک پہنچ جانے والی حکمت،

یہ حکمت ہر نیکی کی جڑ اور ہر بھلائی کی اصل ہے، پھر اس سے بڑھ کر دنیا میں اور کیا دولت ہو سکتی ہے اسی لئے ارشاد ہوا،

وَمَنْ یُّؤْتَ الْحِکْمَۃَ فَقَدْ اُوْتِیَ خَیْرًا کَثِیْرًا ط (بقرہ - ۳۷) | جس کو حکمت دی گئی، اس کو بہت نیکی (دولت) دی گئی،

اس سلسلہ میں دو مشہور اور مستند حدیثوں کا حوالہ بھی مناسب ہے جن سے حکمت کی حقیقت واضح ہوگی، اور کم از کم قرن اول میں اس لفظ کا مفہوم ظاہر ہوگا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے وفد کے ایک خطیب کا بیان سُن کر فرمایا،

اِنَّ مِنَ الشِّعْرِ الْحِکْمَۃَ وَاِنَّ مِنَ الْبَیَانِ لَسِحْرًا | بعض شعر حکمت ہوتے ہیں اور بعض تقریریں جادو ہوتی ہیں،

اس حدیث میں بعض اشعار کو حکمت اور بعض تقریروں کو جادو کہا گیا ہے، اس تقابل سے ظاہر ہے کہ حکمت کا عربی مفہوم اُس کے اُردو مفہوم سے بلند تر ہے، یعنی سحر و جادو کے مافوق انسانی تصور کی طرح حکمت کے عربی مفہوم میں کوئی مافوق بشری تخیل ضرور ہے، اسی سے سمجھ میں آسکتا ہے کہ عربی میں حکمت کے معنی عقل و فہم وغیرہ کے معمولی الفاظ سے کوئی بلند اور غیر معمولی

Marfat.com

حقیقت ہی، اور اردو میں اس حقیقت کو "حکمت" کے ساتھ لفظاً "الہامی" بڑھا کر ادا کیا جا سکتا ہے یعنی "الہامی حکمت"

حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ ایک موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: رشک وحسد اگر جائز ہے تو صرف دو شخصوں پر، ایک اس پر جس کو مال کی دولت ملی، تو وہ اس کو صحیح مصرف میں لٹاتا ہے دوسرے رجل آتاہ اللہ الحکمۃ فھو یقضی بھا و یعلمھا (صحیح بخاری کتاب العلم) اس شخص پر جس کو حکمت ملی ہے تو وہ اس کے ذریعہ سے فیصلہ کرتا ہے اور دوسروں کو سکھاتا ہے، اور اس میں معلم ہونے کی شان پیدا ہوتی ہے جب عام انسانوں کا یہ درجہ ہے تو انبیاء علیہم السلام کو یہ دولت کس بہتات سے ملی ہوگی، اور وہ یقیناً آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حصہ میں بھی آئی، اب اس حصول دولت یعنی عطائے حکمت کا نتیجہ بھی آپ سے ظاہر ہونا چاہئے، اور وہ فیصلہ اور تعلیم ہے آپ کے یہ الہامانہ فیصلے اور حکیمانہ تعلیمات تمامتر وحی ربانی کی عملی، اور زبانی شرح اور بیان ہیں،

کتاب وحکمت کی تعلیم | اوپر کی چار آیتوں ۸-۹-۱۰-۱۱ میں خفیف سے تغیر کیساتھ حسب ذیل آیت ہے

یتلوا علیھم آیتہ ویزکیھم — وہ رسول ان (ان پڑھوں) کو خدا کی

ویعلمھم الکتاب والحکمۃ ، — آیتیں سناتا، اور ان کو سنوارتا، اور

(جمعہ - ۱) — ان کو کتاب اور حکمت سکھاتا ہے،

ان آیتوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے تین کاموں کا ذکر ہے،

۱- خدا کی آیتوں کو پڑھنا، اور دوسروں کو سنانا،

Marfat.com

۲۔ اُن کو شرک اور بداخلاقی کی نجاستوں سے پاک صاف کرنا اور سنوارنا؛

۳۔ اُن کو کتاب اور حکمت کی تعلیم دینا؛

سوال یہ ہے کہ پہلی اور تیسری آیتیں ایک ہی معنی رکھتی ہیں یا دو۔ اگر ایک معنی رکھتی ہیں تو اس سے سوء تکرار کا فائدہ کیا؟ کیوں نہ دوسری جگہ بھی یتلوا (یعنی تلاوت کرتا ہے) ہی کا لفظ رکھ دیا گیا، اور اگر دو الگ الگ معنی رکھتی ہیں، جیسا کہ ہر صاحب نظر سمجھ سکتا ہے تو ان دونوں میں کچھ نہ کچھ فرق ضرور ہوگا۔ اگر رسول کا فرض محض وحی کی زبان سے سنی ہوئی آیتیں پڑھ کر دوسروں کو سنا دینا ہے، اور اسی پر اس کی تبلیغ کا فریضہ ختم ہو جاتا ہے، تو اس کا تیسرا فرض ان آیات کی تلاوت سے آگے بڑھ کر کتاب اور حکمت کے سبق کی تعلیم کیونکر قرار دیا جا سکتا ہے؟ بالکل ظاہر ہے کہ تعلیم کا مفہوم تلاوت سے بہت کچھ زیادہ ہے خصوصاً جب کہ تعلیم کا لفظ تلاوت کے بعد آیا ہو۔ وحی کے الفاظ سنا دینے سے تلاوت کا فرض ادا ہو جاتا ہے، مگر تعلیم کا فرض ہنوز باقی رہتا ہے۔ کتاب کی تعلیم کے معنی تلاوت کی طرح کتاب کے الفاظ کا سنا دینا اور پڑھا دینا یا دوسروں کو یاد کرا دینا نہیں، بلکہ الفاظ قرآنی کی تلاوت کے بعد جو آپ کا پہلا کام تھا، اس کے مشکل مطالب کو حل کرنے، مجمل معانی کو سمجھانے اور اپنی زبان اور عمل سے ان کی شرح و تفصیل کر دینے کا نام "کتاب و حکمت کی تعلیم" ہے اور یہ آپ کا دوسرا یا تیسرا فریضہ تھا، اور یہی وہ تعلیم تھی جس کا ان آیتوں میں بار بار ذکر ہے۔ اب جب ان مطالب و معانی کی شرح و تفسیر بھی آپ کے فرائض نبوت میں داخل تھی، تو اس پیغمبرانہ شرح و تفصیل کی حیثیت بھی دینی ہوگی، اور اس کی تعمیل بھی امت پر ضروری ہوگی۔ آپ کی اسی زبانی و عملی شرح و تفصیل کو صحابہؓ اور تابعین نے اپنی روایت و عمل کے ذریعہ

Marfat.com

سے محفوظ رکھا، اور وہ "احادیث و سنن" کے نام سے موسوم ہوا

اس تفصیل کے بعد "حکمت" کے ان معنوں پر ایک نظر دوبارہ ڈال لیجئے جو ائمہ لغت اور علمائے قرآن نے بیان کئے ہیں، تو آپ کو یقین آ جائے گا کہ وہ کل ایک ہی حقیقت کی مختلف تعبیریں اور ایک ہی معنی کی متعدد تفسیریں ہیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال و افعال جن کو اصطلاح میں احادیث و سنن کہتے ہیں، کتاب الٰہی کی عملی و زبانی تشریحات ہیں، کتاب الٰہی، وحی ربانی کا نتیجہ ہے اور احادیث و سنن، سینۂ نبوی کی طمانیت حکمت کا، اس مقام پر امام شافعی کی یہ تحقیق پیش نظر رہے:

وسنته الحكمة التي ألقي في روعه من الله عز وجل (كتاب الرسالة للشافعي) — اور آپ کی سنت وہ حکمت ہے جو آپ کے قلب میں خدا کی طرف سے ڈالی گئی۔

اور اسی مفہوم کو مجاہد اس طرح ادا کرتے ہیں کہ الحکمة فہم القرآن حکمت فہم قرآن کا نام ہے دوسری عبارت میں یوں کہو کہ قرآن کے معانی و مطالب کی تشریح حکمت ہے اور اس تشریح کا نام جو رسول کے قول و عمل سے ادا ہوئی سنت ہے، اور اس معنی کو امام مالک، ابو رزین اور ابن زید وغیرہ دوسری صدی کے علمائے قرآن ان عبارتوں میں ادا کرتے ہیں کہ حکمت معرفت دین، فقہ دین، اور اس علم دین کو کہتے ہیں جس کو رسول نے بیان کیا، اور حکمت اس نور کا نام ہے جو اللہ تعالیٰ کسی قلب میں پیدا کر کے اس کو منور کر دیتا ہے"

خلاصہ بحث یہ ہے کہ اصل حکمت نبوی وہ نور نبوت اور الہامی معرفت ہے جس کو اللہ تعالیٰ نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب و سینہ میں ودیعت کیا تھا اور جو کچھ تئیس برس تک آپ کی اسی ودیعت شدہ حکمت نبوی کی پیداوار اور آثار و نتائج میں [illegible]

حکمت کا اطلاق جائز ہے، اس تفصیل کے بعد ظاہر ہوگا کہ بعض اماموں اور عالموں نے حکمت کی تشریح میں اصل معنی کی طرف توجہ کی ہے، اور بعض نے ثانوی معنی کو بیان کیا ہے، اور دونوں حق پر ہیں،

**علم** علم کے لغوی معنی جاننے کے ہیں، مگر ہر فن کے تعلق سے جاننے کی نوعیت اور معلومات کی حیثیت مختلف ہوگی، انبیاء کے تعلق سے جب اس کا استعمال ہوگا تو اس سے طبعاً خدا کی توحید، ذات و صفات، دین و شریعت کے احکام اور اخلاقی تعلیمات مراد ہوں گی، حضرت ابراہیمؑ توحید پر استدلال کرکے اپنے باپ سے فرماتے ہیں،

يَا أَبَتِ إِنِّي قَدْ جَاءَنِي مِنَ الْعِلْمِ — اے میرے باپ! میرے پاس علم کا وہ
مَا لَمْ يَأْتِكَ (مریم) — حصہ آیا ہے، جو تیرے پاس نہیں آیا،

حضرت خضرؑ کے متعلق ہے،

وَعَلَّمْنَاهُ مِنْ لَدُنَّا عِلْمًا (کہف) — اور ہم نے اپنے پاس سے اس کو علم سکھایا،

خدا کے پاس سے تو ہر چیز ہے، پھر اپنے پاس سے "علم سکھانے" کا مفہوم کیا ہے؟ ہر وہ شے جو انسان کی ذاتی محنت، کوشش، اور جد و جہد وغیرہ معمولی ذرائع کے بغیر حاصل ہوتی ہے وہ منجانب اللہ کہی جاتی ہے، اسی طرح خدا کے پاس سے علم عطا ہونے کے معنی اس علم کے ملنے کے ہیں، جو انسان کے طبعی ذرائع علم و استدلال اور تلاش و تحقیق کے بغیر خود بخود عطا ہو، یہی علم خداداد ہے اور اسی لئے صوفیہ کی اصطلاح میں اس کو علم لدنی (پاس والا علم) کہتے ہیں،

حضرت داؤد اور سلیمان علیہما السلام کی نسبت ہے،

Marfat.com

وَلَقَدْ آتَيْنَا دَاوُدَ وَسُلَيْمَانَ عِلْمًا۔ (نمل ٢) اور بے شبہہ ہم نے داؤد اور سلیمان کو علم دیا،

حضرت یوسف کے آغاز نبوت کے موقع پر ہے،

وَكَذَٰلِكَ يَجْتَبِيكَ رَبُّكَ وَيُعَلِّمُكَ اور اسی طرح تیرا پروردگار تجھکو نوازیگا اور

مِنْ تَأْوِيلِ الْأَحَادِيثِ وَيُتِمُّ تجھکو باتوں کی حقیقت رسی (تاویل) سکھائیگا

نِعْمَتَهُ عَلَيْكَ، (یوسف-١) اور تجھ پر اپنا انعام پورا کریگا،

ان آیتوں میں اُس علم کا ذکر نہیں جس کا منشا وحی موقت ہے، کیونکہ ان میں سیاق کلام سے علم کے یکبارگی دیے جانے کا ذکر ہے، جو وحی موقت کی شان نہیں، خصوصًا آخری آیت میں تو تاویل احادیث کا علم یک دفعہ دے جانے کی تصریح ہے، اسی لئے حضرت یوسفؑ ایک خواب کی تعبیر بیان کرکے دوسرے موقع پر کہتے ہیں،

ذَٰلِكُمَا مِمَّا عَلَّمَنِي رَبِّي (یوسف ۵) یہ وہ ہے جو میرے پروردگار نے مجھے سکھایا ہے،

یہ کہیں بیان نہیں کیا گیا کہ خواب کی تعبیر بتلاتے وقت اُن پر وحی آکر حقیقت سے اُن کو مطلع کرتی تھی، بلکہ خود اُن کے اندر یہ قوت ہمیشہ کے لئے ودیعت کردی گئی تھی، اسی قسم کا وہ علم ہے جس کی نسبت سے بعض انبیاؑ کو بچپن ہی میں عَلِیم (جاننے والا) کا خطاب ملا،

وَبَشَّرُوهُ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ، اور فرشتوں نے اُس کو ایک بڑے صاحب علم

(ذاریات-٢) فرزند کی خوشخبری دی،

إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ، ہم تجھے ایک بڑے صاحب علم فرزند کی

(حجر-٤) خوشخبری دیتے ہیں،

Marfat.com

یہاں لفظ علیم اختیار کیا گیا ہے عالم نہیں، اور یہ لفظ عالم سے زیادہ علم پر دلالت کرتا ہے، ان آیتوں سے ظاہر ہوا کہ وحی نبوت جو گاہ گاہ آتی ہے اس کے علاوہ علم کا ایک دائمی عطیہ بھی نبی کی شان ہے،

علم و حکم | بہت سے انبیاء کے متعلق علم کے ساتھ حکم کا عطا ہونا بھی بیان ہوا ہے، حکم کے معنی لغت میں فیصلہ اور حق و باطل میں تمیز کرنے کے ہیں جس کا ترجمہ اردو میں سمجھ اور بوجھ کا نتیجہ (یعنی فیصلہ) کر سکتے ہیں، امام راغب اصفہانی مفردات القرآن میں لکھتے ہیں،

| | |
|---|---|
| وَالحکم بالشئ ان تقضی بالشئ | کسی شے پر حکم کرنا، یہ فیصلہ کرنا کہ شے |
| بانہ کذا اولیس کذا سواء الزمت | ایسی ہے یا ایسی نہیں ہے عام اس سے کہ اس |
| ذلک غیرہ اولم تلزمہ (۱۲۷ مصر) | فیصلہ کا تم دوسرے کو پابند کر سکو یا نہ کر سکو |

عربی لغت کی مشہور کتاب لسان العرب میں ہے،

الحکم العلم والفقہ والقضاء بالعدل (ج ۱۵ ص ۳۰) حکم کے معنی علم، سمجھ اور منصفانہ فیصلہ کرنا،

اُن انبیاء علیہم السلام کو جن پر کسی کتاب کا نازل ہونا ثابت نہیں، اس علم اور حکم کا عطا ہونا ثابت ہے، اس سے یہ معلوم ہوا کہ وحی کتاب کے علاوہ کسی اور عطیہ علم و حکم کی طرف اشارہ کیا گیا ہے، چنانچہ حضرت یوسفؑ کی شان میں ہے،

| | |
|---|---|
| وَلَمَّا بَلَغَ اَشُدَّهٗ اٰتَیْنٰهُ حُکْمًا | اور جب یوسف جوانی کی قوت کو پہنچا |
| وَّعِلْمًا ، (یوسف - ۳) | تو ہم نے اس کو حکم اور علم دیا، |

حضرت لوطؑ کے متعلق ہے،

Marfat.com

وَلُوطًا اٰتَيْنٰهُ حُكْمًا وَّعِلْمًا (انبیاء) — اور لوط کو ہم نے حکم اور علم دیا،

حضرت داؤد اور سلیمان کے ذکر میں ہے،

فَفَهَّمْنٰهَا سُلَيْمٰنَ ۚ وَكُلًّا اٰتَيْنَا — تو ہم نے سلیمان کو وہ فیصلہ سمجھا دیا اور

حُكْمًا وَّعِلْمًا (انبیاء ۶) — ہر ایک کو ہم نے حکم اور علم دیا تھا،

حضرت یحییٰ کی نسبت ہے،

يٰيَحْيٰى خُذِ الْكِتٰبَ بِقُوَّةٍ ۭ وَاٰتَيْنٰهُ — اے یحییٰ کتاب (توراۃ) کو مضبوطی سے پکڑ

الْحُكْمَ صَبِيًّا (مریم ۱) — اور ہم نے اس کو حکم بچپن میں عطا کردیا،

ایک جگہ اللہ تعالیٰ نے بنی اسرائیل پر اپنی نعمتیں ان الفاظ میں شمار کرائی ہیں

وَلَقَدْ اٰتَيْنَا بَنِيْٓ اِسْرَاۗءِيْلَ الْكِتٰبَ — اور بلاشک ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب

وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ (جاثیہ ۲) — اور حکم اور نبوت دی،

اس سے معلوم ہوا کہ کتاب اور حکم اور نبوت تین چیزیں ہیں، یہاں کسی کو یہ شبہ نہ ہو کہ ان آیتوں میں حکم سے مراد دنیاوی حکومت اور سلطنت ہے کہ اس معنی میں یہ لفظ خالص اور قدیم عربی میں نہیں آیا ہے، یہ اہل عجم کا محاورہ ہے، قرآن نے ہر جگہ اس کو فیصلہ اور قوت فیصلہ کے معنی میں استعمال کیا ہے جیسے

فَاحْكُمْ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ (ص) — ہمارے درمیان حق کیساتھ فیصلہ کر،

فَاحْكُمْ بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ (ص) — تم لوگوں کے درمیان حق کیساتھ فیصلہ کر،

وَاِنْ حَكَمْتَ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِالْقِسْطِ (مائدہ ۶) — اور اگر تو ان کے درمیان فیصلہ کرے تو انصاف

Marfat.com

حضرت داؤدؑ اور سلیمانؑ ایک مقدمہ کا فیصلہ کرتے ہیں،

| | |
|---|---|
| وَدَاوٗدَ وَسُلَيْمٰنَ اِذْ يَحْكُمٰنِ فِي | اور داؤدؑ اور سلیمانؑ کو جب وہ دونوں |
| الْحَرْثِ، (انبیاء - ۶) | کھیت کا فیصلہ کر رہے تھے، |
| وَمَا اخْتَلَفْتُمْ فِيهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗٓ | اور جس کسی چیز میں تم نے اختلاف کیا تو |
| اِلَى اللّٰهِ ط (شوریٰ - ۲) | اس کا فیصلہ اللہ کی طرف ہو، |

سب سے بڑھکر یہ کہ یہی تین باتیں سورۂ انعام میں بہت سے پیغمبروں کے نام گنا کر کہی گئی ہیں،

| | |
|---|---|
| اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ | یہ وہ لوگ تھے جن کو ہم نے کتاب |
| وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ج (انعام) | حکم اور نبوت بخشی، |

جن پیغمبروں کے نام اوپر گنائے گئے ہیں، اور جن کی طرف وہ لوگ کہکر اشارہ کیا گیا ہے، یہ ہیں، ابراہیم، اسحاق، یعقوب، نوح، داؤد، سلیمان، ایوب، یوسف، موسیٰ، ہارون، زکریا، یحییٰ، عیسیٰ، الیاس، اسماعیل، الیسع، یونس، لوط علیہم السلام، ان اٹھارہ ناموں میں حکم بمعنی حکومت سلطنت اگر ہو تو اس کے مستحق صرف دو ہیں، سلیمان اور داؤدؑ اور چاہے کسی طرح کسی تاویل سے یوسفؑ اور موسیٰؑ کو بھی شامل کر لیجئے، باقی چودہ نام ان پیغمبروں کے ہیں جن کو اس کا کوئی حصہ نہیں ملا تھا اس لئے لامحالہ حکم کا لفظ قرآن میں عربیت کے اصلی اور صریح معنی میں مستعمل ہوا اور اس لفظ سے خدا کا جو مقصود ہے وہ کتاب کے ساتھ ساتھ ان پیغمبروں کو برابر حیثیت میں ملا تھا،

غلط فہمی کا پردہ چاک کرنے کے لئے ایک اور آیت کریمہ پر نظر ڈالئے،

| | |
|---|---|
| مَا كَانَ لِبَشَرٍ اَنْ يُّؤْتِيَهُ اللّٰهُ الْكِتٰبَ | کسی بشر کے لئے یہ زیبا نہیں کہ اللہ اسکو |

| | |
|---|---|
| وَالْحُكْمَ وَالنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ | کتاب حکم اور نبوت دی، پھر وہ لوگوں |
| كُونُوا عِبَادًا لِّي مِن دُونِ اللَّهِ وَ | سے کہے کہ تم خدا کو چھوڑ کر میرے بندے بنو |
| لَٰكِن كُونُوا رَبَّانِيِّينَ بِمَا كُنتُمْ | بلکہ جو تم کتاب (توراۃ) سکھاتے تھے اور |
| تُعَلِّمُونَ الْكِتَابَ وَبِمَا كُنتُمْ | جو تم پڑھتے تھے اس کے ذریعہ سے تم |
| تَدْرُسُونَ۔ (آل عمران - ۸) | خدا والے بنو۔ |

ان آیتوں میں مخاطب اہل کتاب ہیں، اور جس مقدس بشر کا ان میں ذکر ہے بظاہر اس سے مراد حضرت عیسیٰؑ ہیں، ورنہ یوں تو خود محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، اور یہ اس وقت کی بات ہے جب یہود کی پوری قوت مدینہ کے اطراف اور حجاز میں موجود تھی اور اسلام ہنوز ان کے مقابلہ میں کمزور و ناتوان تھا، ایسی صورت میں جس حکم کے ملنے کا ذکر ان آیتوں میں ہے وہ کتاب اور نبوت ہی کی جنس کی کوئی چیز ہو سکتی ہے کہ حضرت عیسیٰؑ کو تو حکومت و سلطنت کا ادنیٰ شائبہ بھی عطا نہیں ہوا تھا، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اس وقت تک جب تک بنی اسرائیل اپنی ممتاز قوت کے ساتھ مدینہ اور حجاز میں موجود تھے یہ رتبہ نہیں ملا تھا۔ آیت اِنِ الْحُكْمُ اِلَّا لِلّٰهِ میں بھی حکم سے مراد وہی فیصلہ اور قضائے ربانی ہے، حکومت و سلطنت نہیں۔ تسکین کے لیے اس آیت کے آگے پیچھے کے الفاظ پر نظر ڈالو۔

| | |
|---|---|
| قُلْ إِنِّي عَلَىٰ بَيِّنَةٍ مِّن رَّبِّي وَ | کہہ دو (اے پیغمبر!) کہ میں اپنے پروردگار |
| كَذَّبْتُم بِهِ ۚ مَا عِندِي مَا | کی کھلی دلیل پر ہوں، اور تم اس کو جھٹلاتے |
| تَسْتَعْجِلُونَ بِهِ ۚ إِنِ الْحُكْمُ | ہو، میرے پاس وہ نہیں جس کی تم جلدی |

اِلَّا لِلّٰہِ ، یَقُصُّ الْحَقَّ وَھُوَ خَیْرُ الْفَاصِلِیْنَ ، (انعام - ۷)

کرتے ہو ، فیصلہ کسی کا نہیں لیکن اللہ کا وہ حق بیان کرتا ہے اور سب فیصلہ والوں سے وہ بہتر ہے ،

ان وجوہ سے اس میں کوئی شک نہیں رہتا کہ انبیاء علیہم السلام کو منصب نبوت اور وحی کتاب کے ساتھ حکم کی سند بھی ملتی ہے جس کے صاف و صریح معنی کلام عرب ، اور لغت اور قرآن کے قرینوں سے علم و فہم ، فیصلہ ، اور حق و باطل میں تمیز ہے ، اور اس لئے رسول کی اس قوت و طاقت کے نتائج بھی ہمارے لئے واجب العمل ہیں ،

شرح صدر | ربانی علم و معرفت کا ایک اور مقام شرح صدر ہے شرح صدر کے معنی سینہ کھول دینے کے ہیں ، عام خیال یہ ہے کہ سینہ کی تنگی ، ذہنی جہل و نادانی کی علامت ہے اور سینہ کی کشادگی اور فراخی علم کی وسعت اور معرفت کی فراوانی پر دلالت کرتی ہے ، اسی لئے شرح صدر کے اصطلاحی اور مجازی معنی علم کی کثرت اور آگاہی کی وسعت کے ہیں ، اور خاص طور سے اس علم و معرفت اور اطلاع و آگاہی پر بھی اس کا اطلاق ہوتا ہے جو کسی دقیق اور مشکل مسئلہ کے متعلق دفعۃً اور یک بیک قلب میں وارد ہو جاتی ہے ، اور اس حل سے اس کی تسلی و تسکین ہو جاتی ہے اور اس کے شکوک و شبہات دور ہو کر اس کو یقین کی راحت و مسرت حاصل ہو جاتی ہے جوہری نے

ابن دریہ میں ہے ،

وَالشَّرْحُ مِنْ قَوْلِهِمْ شَرَحْتُ لَكَ الْاَمْرَ ...... اَیْ اَوْضَحْتُهٗ كَشَفْتُهٗ

شرح ، اہل عرب کے اس محاورہ سے ہے کہ میں نے تیرے لئے بات کی شرح کر دی یعنی اسکو واضح

| | |
|---|---|
| وَشرح اللہ صدرہٗ فانشرح اذا | کردیا، اور کھول دیا، اور اللہ نے اس کے |
| انسع لقبولِ الخیرِ | سینہ کو کھول دیا، تو وہ کھل گیا یعنی جب |
| (۲ - ۱۳۴) | نیکی کے قبول کرنے کے لئے وسیع ہوگیا، |

صحاح جوہری میں ہے،

| | |
|---|---|
| الشرح الکشف تقول شرحت | شرح یعنی کشف (کھولنا) تم کہتے ہو میں نے |
| الغامض اذا فسرتہ، | اس پوشیدہ مسئلہ کی شرح کردی یعنی اس کی |

لسان العرب میں ہے،

| | |
|---|---|
| الشرح الکشف یقال شرح فلان | شرح یعنی کشف ہے کہا جاتا ہے کہ فلاں نے |
| امرہ ای اوضحہ وشرح مسئلۃ | اس کی بات کی شرح کردی یعنی اس کو واضح |
| مشکلۃ بیّنھا، وشرح الشیٔ یشرحہ | کردیا اور مشکل مسئلہ کی شرح کردی یعنی اسکو |
| شرحًا وشرحہ فتحہ بیّنہ وکشفہ | بیان کردیا، اور کسی چیز کی شرح کردی یعنی |
| وکل ما فتح من الجواھر فقد شرح | تفصیل کردی، اور کھول دیا، اور جواہرات میں |
| تقول شرحت الغامض اذا فسرتہ | جو کھولا جائے تو اسکی شرح کی گئی، تم کہتے ہو |
| ..........وشرح | پوشیدہ مسئلہ کی شرح کردی یعنی تفسیر کردی.... |
| اللہ صدرہٗ لقبول الخیر یشرحہ | ....اور خدا نے اس کے سینہ کو کھول دیا کسی نیک |
| شرحًا فانشرح وسّعہ لقبول | بات کے قبول کرنے کے لئے تو وہ کھل گیا یعنی |
| الحق فاتسع، | اسکو قبول حق کیلئے وسیع کردیا تو وہ وسیع ہوگیا |

قال ابن الاعرابی: الشرح الحفظ والشرح الفتح والشرح البیان والشرح الفهم

ابن اعرابی نے کہا: شرح کے معنی ہیں، یاد رکھنا، کھولنا، بیان کرنا، سمجھنا،

قرآن مجید میں ہے کہ حضرت موسیٰ علیہ السلام نے نبوت کا منصب ملتے وقت دعا مانگی،

رَبِّ اشْرَحْ لِي صَدْرِي وَيَسِّرْ لِي أَمْرِي وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّن لِّسَانِي يَفْقَهُوا قَوْلِي، (طٰہٰ - ۲)

اے میرے رب! میرے سینہ کو میرے لئے کھول دے اور میرے کام کو میرے لئے آسان کر دے اور میری زبان کی گرہ کھول دے تاکہ لوگ سمجھیں میری بات کو

دعا کے پہلے جملہ میں حضرت موسیٰؑ نے اپنے لئے شرح صدر کی استدعا کی ہے اور آخر میں فصاحت بیان کی، یعنی اول میں صحیح معانی کے القاء اور آخر میں اُن کے لئے صحیح الفاظ کے انتخاب کی ہے تاکہ اُن کی دعوت و تبلیغ کو مخاطب سمجھ سکیں لیکن یہ دولت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو بن مانگے ملی، خدا نے فرمایا،

أَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ وَوَضَعْنَا عَنكَ وِزْرَكَ، (انشراح - ۱)

کیا ہم نے (اے محمدؐ) تیرے لئے تیرے سینہ کو کھول نہیں دیا، اور تیری بوجھ کو تجھ سے اتار لیا

شرح صدر اور سینہ کھولنے کی جو تشریح احادیث صحیح میں مذکور ہے[۱] اس کے لئے عام اصطلاح شق صدر ہے یعنی عالم رویا یا بیداری میں فرشتوں نے آکر سینہ مبارک کو شگاف کیا اور آب زمزم سے دھویا، اور سونے کے طشت میں ایمان اور حکمت بھر کر لائے، اور اُن سے سینہ مبارک کو معمور کر کے شگاف کو برابر کر دیا، اگر یہ واقعہ اپنی ظاہری حقیقت پر محمول کیا جائے

---

[۱] صحیح بخاری صحیح مسلم و نسائی ابواب معراج و امام ذرنیؒ تعلوٰۃ و مسند احمد بروایت انس بن مالک و سنن ترمذی تفسیر سورۂ انشراح،

تو بالکل کھلی ہوئی بات ہے کہ سینۂ مبارک کو واقعتاً چاک کر کے اور زمزم کے پانی سے پاک و صاف کر کے ایمان اور حکمت اس میں بھری گئی، اور اگر تمثیل کے رنگ میں لیا جائے تو بھی حقیقت نہیں بدلے گی کہ سینۂ صافی ایمان و حکمت سے معمور کیا گیا، بہرحال شرحِ صدر کی حقیقت ایمان اور حکمت کی ربانی بخشش ہے۔

شرحِ صدر کے ان مذکورہ بالا معنی کو جو شقِ صدر کے واقعہ کی تفصیل سے واضح ہیں اگر کوئی تسلیم کرنے پر آمادہ نہ ہو تو بھی بحمداللہ کہ اس کی تسکین کا سرمایہ قرآن پاک میں موجود ہے سورۂ زمر میں ہے:

| | |
|---|---|
| اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ | بھلا جس کا سینہ اللہ نے اسلام کیلئے کھول دیا |
| فَهُوَ عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ (زمر-۳) | تو وہ اپنے پروردگار کی طرف سے ایک روشنی میں ہے |

اسلام کے لئے سینہ کے کھول دینے سے مقصود یہ ہے کہ اسلام کی حقیقت مومن پر اس طرح کھل گئی کہ اس کو اسلام کی سچائی کا پوری طرح یقین آگیا اور اس کو اپنے اس یقین پر کامل تسکین حاصل ہو گئی۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ اس کو اپنی منزلِ مقصود کے ہر قدم پر ہدایت کی روشنی حاصل ہے۔ ۔ ۔ ۔ یہی شرحِ صدر کی حقیقت ہے۔ اور اس روشنی کی کمی و بیشی درجوں اور منصوبوں کے مطابق ہوتی ہے۔

اس سلسلہ میں حدیث کے دو ایسے موقعوں کا ذکر کرنا ہے جن سے لفظ شرحِ صدر کے معنی کی پوری تشریح ہو جاتی ہے یہاں یہ نکتہ پیشِ نظر ہے کہ ان حدیثوں سے معنوی احتجاج یہاں مقصود نہیں بلکہ صرف اہلِ زبان کے کلامِ عرب سے شرحِ صدر کے محاورہ کی تشریح مقصود ہے۔

۱۔ پہلا واقعہ یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد عرب کے بعض قبیلے زکوٰۃ ادا کرنے سے انکار کرتے ہیں، حضرت ابو بکر صدیقؓ اُن پر فوج کشی کا ارادہ کرتے ہیں، حضرت عمر فاروقؓ آکر عرض کرتے ہیں کہ یا خلیفۂ رسول اللہ! اُن سے جہاد کیونکر ممکن ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا، اس نے اپنی جان و مال کو مجھ سے بچا لیا، حضرت صدیقؓ جواب دیتے ہیں، خدا کی قسم! میں اس سے لڑوں گا، جو زکوٰۃ اور نماز میں فرق کرتا ہے، نماز خدا کا حق ہے، اور زکوٰۃ بندوں کا حق ہے، اگر وہ بکری کا ایک بچہ بھی جس کو وہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں دیتے تھے، اب نہ دیں گے تو میں اُن سے لڑوں گا

اس کے بعد حضرت عمرؓ فرماتے ہیں،

فواللہ ما ھو الا ان قد شرح اللہ صدر ابی بکر فعرفت انہ الحق، (بخاری، کتاب الزکوٰۃ)

تو خدا کی قسم، نہ تھا یہ لیکن یہ کہ کھول دیا تھا اللہ نے ابو بکر کے سینہ کو، تو میں نے جان لیا، وہی حق ہے،

۲۔ دوسرا واقعہ یہ ہے کہ جنگ یمامہ میں قرآن کے بہت سے حافظ شہید ہوئے اُس وقت حضرت عمرؓ نے آکر حضرت ابو بکر صدیقؓ کو مشورہ دیا کہ قرآن پاک کو ایک ترتیب سے کاغذ پر لکھ لیا جائے، حضرت ابو بکرؓ نے جواب دیا کہ میں وہ کام کیونکر کروں جس کو خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے نہیں کیا، لیکن حضرت عمرؓ اپنے مشورہ کے بہتر ہونے پر اصرار کرتے رہے، یہاں تک کہ حضرت ابو بکرؓ کی سمجھ میں بھی بات آگئی، اس موقع پر حضرت ابو بکرؓ کہتے ہیں،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فلم یزل عمر یراجعنی حتی شرح اللہ | تو عمرؓ بار بار مجھ سے کہتے رہے یہانتک کہ خدا نے |
| صدری لذٰلک ورأیتُ فی ذٰلک | اس کے لئے میرے سینہ کو کھولدیا، اور میں نے |
| الذی رای عمرؓ (صحیح بخاری جمع القرآن) | بھی وہی دیکھا، جو عمرؓ دیکھتے تھے، |

ان دونوں موقعوں پر لفظ شرحِ صدر اپنے استعمال کا محل اور اپنی حقیقت کو ظاہر کوظاہر کررہا ہے، یہی شرحِ صدر ہے جس کو قرآن نے جیسا کہ اوپر سورۂ زمر کے حوالہ سے گذرا نورِ ربانی یا نورِ بصیرت کہا ہے،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو شرحِ صدر کی جو وسعت عطا ہوئی تھی اُس کے سمجھنے سے پہلے بلاغت کا ایک مسئلہ سمجھ لینا چاہئے، جب کوئی لفظ متعلقات کے صلہ اور مفعول کیساتھ مقید ہوکر بولا جاتا ہے، تو اس سے معنی کی تخصیص و تحدید ہوجاتی ہے لیکن وہی لفظ جب متعلقات کے صلہ اور مفعول کی قید کے بغیر بولا جائے گا، تو وہ عموم کے ساتھ فعل کے ثبوت کا فائدہ دیگا، مثلاً علم (جاننا) مفعول کو چاہتا ہے، جس چیز کا علم ہوتا ہے اسکو عبارت میں مفعول بناتے ہیں، اور اس عبارت میں اس علم سے مقصود اسی خاص شی کا علم ہوتا ہے جسکو مفعول بنایا ہے لیکن اگر مفعول کو حذف کردیں تو اُس کا مقصد کسی خاص چیز کے علم کے بجائے مطلق اور عام علم کا ثبوت ہوگا، ایک جگہ قرآن میں ہے، یَعۡلَمُوۡنَ ظَاهِرًا مِّنَ الۡحَيٰوةِ الدُّنۡيَا (روم) وہ حیاتِ دنیا کا ظاہری پہلو جانتے ہیں، ظاہر ہے کہ اس علم کا تعلق صرف ایک چیز کے علم سے ہے یعنی دنیا کا ظاہری زندگی کے علم سے، عام علم سے نہیں لیکن دوسری جگہ ہے، هَلۡ يَسۡتَوِى الَّذِيۡنَ يَعۡلَمُوۡنَ وَالَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ کیا جو جانتے ہیں اور جو نہیں جانتے (یعنی جو علم رکھتے ہیں اور جو علم نہیں رکھتے)

دونون برابر ہو سکتے ہیں" یہان یہ ذکر نہین کہ کس خاص بات کو جانتے ہین، بلکہ مقصود عام علم ہوا تو یہان معنی یہ ہون گے، کہ جو ہر طرح کے علم والے ہیں، اور جو مطلق بے علم ہین، دونون برابر نہیں ہو سکتے بلاغت کی کتابون میں ھُوَ یا مرُ ویعطی ویمنع ھُوَ اضحک وابکی کی مثالون سے اس مفہوم کی توضیح کی گئی ہے،

اس تمہید کے بعد شرحِ صدر کے گذشتہ استعمالوں اور مثالوں پر نظر ڈالئے، ہر جگہ آپ کو یہ معلوم ہوگا کہ جس بات کے سمجھنے کے لئے سینہ کھولا جاتا ہے، اُس پر لام آتا ہے، یا قرینہ سے سمجھا جاتا ہے کہ مثلاً اسلام کے لئے سینہ کھول دیا، جمع قرآن کے لئے سینہ کھول دیا، مانعین زکوٰۃ کے قتال کے لئے سینہ کھول دیا، مگر حضرت موسیٰؑ اور آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کیلئے قرآن میں جس شرحِ صدر کا ذکر ہے، اس میں اُس بات کا ذکر نہیں ہے جس کے لئے اُن انبیا علیہم السلام کے سینے کھولے گئے، اس سے یہ مقصود ہے کہ اُن انبیا کو امورِ دین میں مطلق اور عمومی شرحِ صدر عنایت ہوا اور یہیں سے عام اُمّت اور انبیاءؑ کے فرقِ مراتب کا اظہار ہوتا ہے، کہ امّت کے عام افراد کو خاص خاص امور کے سمجھنے کے لئے شرحِ صدر ملتا ہے، اور انبیاء کو اپنے دائرہ مین کلی، اور عمومی حیثیت سے یہ چیز عنایت ہوتی ہے،

ایک اور لطیف پہلو بھی یہاں ذکر کے قابل ہے حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا، اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم پر احسان دونون موقعون پر الگ الگ ہے، حضرت موسیٰؑ کہتے ہین "میرے لئے میرے سینہ کو کھول دے" اور آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کے لئے خدا نے تعالیٰ فرماتا ہے کہ کیا مین نے تیرے لئے تیرے سینہ کو کھول نہین دیا، سوال یہ ہو کہ میرے لئے" اور تیرے لئے"

اضافہ کی ضرورت، اور اس "لام" کی حاجت کیا تھی؟ مفسرین میں امام زمخشری نے اس سوال کے جواب دینے کی کوشش کی ہے، اور لکھا ہے کہ یہ صرف تاکید کے لئے ہے، حالانکہ لام تملیک کے بجائے لام افادہ ہے، جیسا کہ خَلَقَ لَكُمْ مَّا فِي الْأَرْضِ جَمِيعًا میں ہے، مقصد یہ ہے کہ یہ شرح صدر کی دولت تجھکو تیرے لئے ملی ہے یعنی تیرے کشف علم کے لئے یا تائید کے لئے، یا فائدہ کے لئے اور یہ کشف علم اور شرح صدر خود تیری ذات کے لئے ہے کہ وہ کامل سے کامل تر ہوکر ظاہر ہو،

اب آخری سوال یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو دین کا جو یہ عمومی شرح صدر عنایت ہوا، اس کا کوئی اثر و نتیجہ بھی تو رہا ہو گا، تو در اصل اسی کے یہ آثار و نتائج ہیں جو افعال و اقوال اور احادیث و سنن کی صورت میں ہمارے سامنے ہیں،

**تبیین کتاب** آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم دنیا میں جس شریعت کو لیکر آئے، وہ آخری اور ابدی تھی اور ایسی آخری اور ابدی شریعت کے لئے یہ ضروری تھا کہ وہ زیادہ تر زور شریعت کے کلی اور ابدی اصول و مبادی پر دے، چنانچہ اس آخری وحی الٰہی نے اپنی کتاب کو صرف اصول و کلیات تک محدود رکھا، اور جزئیات کے لئے اپنی آیتوں میں ایسے اشارے رکھے جن کے سہارے سے وہ دل جو علم و معرفت سے پُرنور اور حکم و حکمت سے معمور اور شرح صدر اور تائید ربانی سے فیضیاب ہوں وہ علیٰ قدر مراتب جزئیات کو صحیح طور سے جان لیں، چنانچہ یہ رتبہ سب سے پہلے خود نبی کو ملا، اور چونکہ وہ خطا سے معصوم ہے، اس لئے اس کے اس منصب کے نتائج بھی خطا سے محفوظ ہیں پھر رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے وسیلہ سے یہ منصب خلفائے راشدین، اکابر صحابہ، ائمہ تابعین، تبع تابعین و مجتہدین عظام اور علمائے اعلام کو ہمیشہ ملتا رہا، اسی کا اصطلاحی نام اجتہاد ہے جس کو ہر زمانہ

Marfat.com

فیضیاب علوم نبوت، اور حاملین اسرار شریعت، خدا کی دی ہوئی بصیرت کے مطابق اس کی وحی کی روشنی میں ہمیشہ انجام دیتے رہے ہیں، اور دیتے رہیں گے یہی سبب ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قرآن کی توضیح و تفسیر کی ذمہ داری بھی خود اپنے اوپر لی ہے فرمایا،

لَا تُحَرِّكْ بِهِ لِسَانَكَ لِتَعْجَلَ بِهِ إِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهُ وَقُرْآنَهُ فَإِذَا قَرَأْنَاهُ فَاتَّبِعْ قُرْآنَهُ، ثُمَّ إِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهُ، (قیامہ-۱)

تو قرآن کی وحی کے ساتھ اپنی زبان کو اس غرض سے حرکت نہ دے تاکہ تو اس کی (تلاوت و اشاعت میں) جلدی کرے، بے شک ہم پر قرآن کو جمع کرنا اور اس کا پڑھانا اور جب ہم نے اس کو پڑھا دیا تو تو اس کی پڑھائی کی پیروی کر، پھر ہمارے ذمہ اس کا بیان ہے

اس بیان اور شرح کی ذمہ داری کبھی بذریعۂ وحی ادا ہوئی ہے، جو قرآن میں مذکور ہے، اور کبھی رسول کی تقریر و عمل سے پوری ہوئی ہے، جو عملی تواتر سے منقول اور احادیث و سنن کے دفتر میں موجود ہے،

یہ امر کہ اس بیان و شرح کی طاقت، اور اس شرح و بیان کا اختیار رسول کو خدا کی طرف سے عطا ہوا تھا حسب ذیل آیت سے ثابت ہے،

وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الذِّكْرَ لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ إِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ (نحل-۶)

اور ہم نے تیری طرف یہ نصیحت (کی کتاب) اتاری تاکہ لوگوں کی طرف جو اتارا گیا ہے تو اُس کو کھول کر دے تاکہ شاید وہ سوچیں،

"بیان" اور "تبیین" کے لفظی معنی کھولنے اور واضح کرنے کے ہیں، اور ان کا استعمال دو

Marfat.com

معنوں میں ہوتا ہے، ایک اعلان اور اظہار کے معنی میں یعنی اخفا کے مقابل دوسرے توضیح و تفسیر کے معنی میں، قرآن پاک میں یہ لفظ "تبیین" اپنے دونوں معنوں میں آیا ہے، اب یہ تمیز کہ کس آیت میں کیا معنی مراد ہیں، سیاق وسباق اور موقع و محل سے ہوسکتی ہے، مثلاً ایک جگہ قرآن پاک میں ہے،

| | |
|---|---|
| یٰٓاَھْلَ الْکِتٰبِ قَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلُنَا | اے کتاب والو! تمہارے پاس ہمارا رسول |
| یُبَیِّنُ لَکُمْ کَثِیْرًا مِّمَّا کُنْتُمْ تُخْفُوْنَ | آیا کہ کتاب کی جو باتیں تم چھپاتے تھے، وہ |
| مِنَ الْکِتٰبِ وَیَعْفُوْا عَنْ کَثِیْرٍ | اُن کو تمہارے لئے ظاہر کردے، اور بہت سی |
| (مائدہ - ۳) | باتوں سے درگذرے، |

یہاں "تبیین" صریح طور سے اخفاء کے مقابلہ میں ہے، اس لئے یہاں "تبیین" کے معنی یقینی طور پر "اظہار و اعلان" کے ہیں لیکن یہی لفظ دوسری جگہ سورہ نحل میں اس طرح آیا ہے،

| | |
|---|---|
| وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلَیْکَ الْکِتٰبَ اِلَّا لِتُبَیِّنَ | اور ہم نے تجھ پر کتاب نہیں اتاری لیکن اسلئے |
| لَھُمُ الَّذِی اخْتَلَفُوْا فِیْہِ وَھُدًی | تاکہ تو واضح کردے، اُس کو جس میں انھوں |
| وَّرَحْمَۃً لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ، | نے اختلاف کیا، اور ایمان والوں کے لئے |
| (نحل - ۸) | رہنمائی اور رحمت بناکر اُس کو اُتارا، |

اختلاف کے مقابلہ میں اظہار و اعلان کی نہیں، بلکہ توضیح و تشریح کی ضرورت ہے کہ جس امر میں اختلاف ہو، وہ اس توضیح و تفسیر کے بعد دور ہوجائے، اب پہلی آیت پر غور کرنا چاہئے، جو اسی سورہ میں ایک اور مقام پر ہے،

| | |
|---|---|
| وَاَنْزَلْنَآ اِلَیْکَ الذِّکْرَ لِتُبَیِّنَ | اور ہم نے (اے پیغمبر!) تیری طرف نصیحت |

Marfat.com

لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيْهِمْ وَلَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ،

کی کتاب (قرآن) کو اُتارا تاکہ لوگوں کی طرف جو اُتارا گیا، تو اُس کو اُن کے لئے کھول کر بتادے شاید کہ وہ سوچیں،

(نحل - ۶)

سوال یہ ہے کہ اس آیتِ پاک میں بیان کرنے کے معنی ظاہر کرنے کے ہیں یا تشریح و تفصیل کرنے کے؟ ہمارا دعویٰ ہے کہ ظاہر کرنے کے معنی سے یہاں غور و فکر کی مناسبت اور قرینہ کے سبب سے تشریح و تفصیل کے معنی لینا صحیح ہے، امرِ مخفی کا اظہار سننے اور ماننے کے تو مناسب ہو سکتا ہے مگر سوچنے کے نہیں، سوچنے اور غور و فکر کرنے کے لئے یہاں تشریح و تفصیل کی ضرورت ہے نہ کہ اظہار و اعلان کی، اب جب کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے تفصیل و تبیین کا منصب خدا کی طرف سے ثابت ہے تو اُس تفصیل و تبیین کی پیروی اور اتباع بھی خدا ہی کے احکام کی پیروی ہوگی، اور آپ کی یہ تبیین و تشریح آپ کے نورِ حکمت کا فیضان ہوگا جس کے اشارے خود کتابِ الٰہی کے اندر آپ کو موجود نظر آتے تھے،

ارارت | انسانی الفاظ میں یہ قدرت نہیں کہ اُن کے ذریعہ سے کوئی ایسا قانون وضع کیا جاسکے جو ایک طرف اختلافِ فہم سے محفوظ رہے، اور دوسری طرف اُس میں یہ وسعت ہو کہ تمام آیندہ پیش آنے والے واقعات جن کے جزئیات کی کوئی حد نہیں پوری طرح حاوی ہوسکے لیکن فہمِ انسانی کے اختلاف کے جو نقائص قانون میں ہوتے ہیں گو اُن کو تمام تر دور نہیں کیا جاسکتا تاہم اُن کو کم کیا جاسکتا ہے، اسلام نے اپنے قانونِ الٰہی سے جو بہر حال انسانی بول چال کے الفاظ میں ہے، اس اختلافِ فہم کے نقص کو کم کرنے کے لئے یہ کیا کہ اپنے رسول کی معرفت زبانی اور عملی طور سے اُس کی تشریح و تبیین کرادی گو انسانی ذرائع حفظ و روایت کی فطری کمزوریاں

کے سبب سے اس تشریح و تبیین میں بھی اختلاف فہم پیدا ہوگیا، مگر یہ تسلیم کرنا پڑے گا کہ اگر یہ تشریح و تبیین نہ ہوتی، تو اختلافات کی خلیج اس سے بھی زیادہ عمیق اور وسیع ہوتی،

روزمرہ کے پیش آتے رہنے والے جزئیات کے فیصلہ کی یہ صورت رکھی گئی کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی عدالت میں روزانہ اس قسم کے واقعات اور مقدمات پیش ہوتے رہتے، اور آپ وحی کتاب کے اصول و کلیات کے ماتحت اپنے نور بصیرت اور فہم حکمت سے اُن کے فیصلے فرماتے رہتے، خلفائے راشدین نے اپنے اپنے عہد میں ان نو بنو اور تازہ بتازہ واقعات کے فیصلوں کے لئے اوّلاً وحی کتابی کو اور اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اُن قضایا اور فیصلوں کو جو فہم نبوت، نور بصیرت، اور ارادتِ الٰہی کے ذریعہ فیصل ہوئے تھے، اپنا ماخذ قرار دیا، اور یہی اصول بعد کے فقہا، اور مجتہدین نے اختیار کیا، اور ہر نئے واقعہ کو وحی کتاب، اور فیصلۂ نبوی کے معصوم و مسلّم معیار پر جانچ کر اُن میں سے کسی نہ کسی مماثل اور مشابہ فیصلہ پر قیاس کرکے اپنے فیصلے دیئے، اور جو چیزیں اُن میں نہ ملیں اُن کو معمولی عدل و انصاف، رسم و رواج، عقل و فکر، و استحسان وغیرہ کے اصول پر جانچ کر اُن کا فیصلہ کیا، یہی مجموعہ آج فقہ اسلامی کہلاتا ہے،

وحی الٰہی قرآن پاک میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قضایا اور فیصلے احادیث و سنن کی صحیح روایتوں میں محفوظ ہیں، وحی الٰہی کی صداقت میں تو کلام نہیں ہوسکتا، اب رہ گئی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے قضایا اور فیصلوں کی پیروی تو اس کے متعلق بھی وحی الٰہی ناطق ہے،

| | |
|---|---|
| إِنَّا أَنزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ | ہم نے (اے پیغمبر!) تیری طرف سچائی کیساتھ |
| لِتَحْكُمَ بَيْنَ النَّاسِ بِمَا أَرَاكَ اللَّهُ | کتاب اتاری تاکہ لوگوں کے درمیان جو تجھکو |

Marfat.com

اللہ سوجھائے اُس کے ذریعہ فیصلہ کرو، (نساء - ۱۶)

اس کتاب الٰہی کے نزول کی غرض ہی یہ بتائی گئی ہے کہ تو اے پیغمبر! اس کے احکام اور قوانین کو لیکر اُس فہم کے ذریعہ جو کچھ اللہ تعالیٰ تجھ کو سوجھائے اور دکھائے تو لوگون کے درمیان فیصلہ اور انصاف کرے۔ اللہ تعالیٰ کا اپنے پیغمبر کو یہی سوجھانا اور دکھانا جو کچھ تھا، وہ آپ کے عمل اور قضایا، اور فیصلون کی صورتون میں محفوظ ہے، اور اسلام کے قانون کا وحی الٰہی کے بعد دوسرا ماخذ ہے،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے عدل و انصاف پر خود منافقین تک کو بھروسہ تھا، چنانچہ اُن کا قاعدہ تھا کہ جب اُن کا حق کسی پر ہوتا، تو وہ دوڑے ہوئے عدالتِ نبوی میں حاضر ہوتے، کیونکہ سمجھتے تھے کہ یہ حق آپ ہی کی عدالت سے ہم کو ملے گا لیکن جب اُن پر کسی کا حق نکلتا تو وہ ٹال جاتے، اور دوسرے طریقہ سے فیصلہ چاہتے اس پر اللہ تعالیٰ نے اُنکی سرزنش کی

وَاِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ
وَاِنْ يَّكُنْ لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ
مُذْعِنِيْنَ ، اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ
اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ
اللّٰهُ عَلَيْهِمْ وَرَسُوْلُهٗ ؕ بَلْ اُولٰٓئِكَ
هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ، اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ

اور جب وہ اللہ تعالیٰ اور رسول کی طرف
بلائے جائین کہ رسول اُن کے درمیان فیصلہ کر دے
تو اُن مین سے کچھ لوگ منھ موڑتے ہین اور اگر اُنکو
کچھ حق پہنچتا ہو تو فرمانبردار بن کر رسول کے
پاس چلے آئین کیا اُن کے دل میں بیماری ہے یا
وہ شک میں ہیں، یا وہ ڈرتے ہیں کہ خدا اور
اُس کا رسول اُن کے ساتھ بے انصافی کریگا بلکہ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| إِذَا دُعُوا إِلَى اللّٰهِ وَرَسُولِهِ لِيَحْكُمَ | وہی لوگ بے انصاف ہیں ایمان والوں کی بات |
| بَيْنَهُمْ أَنْ يَقُولُوا سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا | یہ تھی کہ جب اُن کو خدا اور رسول کی طرف بلایا |
| وَأُولٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ وَمَنْ | جائے تاکہ وہ اُن کے درمیان فیصلہ کردے |
| يُطِعِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَ | تو وہ کہیں کہ ہم نے سُنا اور مان لیا، انہی لوگوں |
| يَتَّقْهِ فَأُولٰئِكَ هُمُ الْفَائِزُونَ، | کا بھلا ہوا اور جو کوئی اللہ کا اور اسکے رسول کے |
| (نور - ۷) | حکم پر چلا اور اللہ سے ڈرتا رہا اور اللہ سے بچکر چلے |

اِن آیات سے معلوم ہوا کہ رسول کے تمام فیصلے منصفانہ ہوتے تھے، اور رسول کے فیصلوں کی اطاعت خود خدا کے حکم کی اطاعت ہے بلکہ ایمان کی دلیل اور نشانی ہے،

| | |
|---|---|
| فَلَا وَرَبِّكَ لَا يُؤْمِنُونَ حَتّٰى يُحَكِّمُوكَ | تو قسم ہے تیرے رب کی وہ مومن نہ ہوں گے |
| فِيمَا شَجَرَ بَيْنَهُمْ ثُمَّ لَا يَجِدُوا فِي أَنْفُسِهِمْ | جب تک وہ تجھے اپنے جھگڑوں کا منصف |
| حَرَجًا مِمَّا قَضَيْتَ وَيُسَلِّمُوا تَسْلِيمًا، | بنائیں، اور پھر جو تو فیصلہ کرے اس سے اپنے دل |
| (نساء - ۹) | میں خفگی نہ پائیں اور پوری طرح تسلیم کریں، |
| وَمَا كَانَ لِمُؤْمِنٍ وَلَا مُؤْمِنَةٍ | اور مومن مرد، یا مومن عورت کا یہ کام |
| إِذَا قَضَى اللّٰهُ وَرَسُولُهُ أَمْرًا أَنْ | نہیں کہ جب اللہ اور اس کا رسول فیصلہ |
| يَكُونَ لَهُمُ الْخِيَرَةُ مِنْ أَمْرِهِمْ وَ | کردے تو اُن کو اپنے کام کا اختیار رہے، |
| يَعْصِ اللّٰهَ وَرَسُولَهُ فَقَدْ ضَلَّ | جس نے اللہ اور اُس کے رسول کی نافرمانی |
| ضَلَالًا مُبِينًا، (احزاب ۵) | کی وہ کھلا گمراہ ہوا، |

یہ طاعت اور مطلقاً سرافگندگی اور تمام فیصلوں کے قطعی حق اور منصفانہ فیصلہ ہونے کی ربانی ذمہ داری ہر حاکم وقت اور سلطان زمانہ کے لئے نہیں، یہ انبیاء کے لئے خاص ہے، دو شخصوں کے باہمی جزئی و شخصی مقدمات کا فیصلہ ظاہر ہے کہ خود اللہ تعالیٰ وحی قرآنی کے ذریعہ نہیں کرتا تھا، بلکہ رسول کے فہم نبوت، نور نبوت، فیض حکمت، شرح صدر، تبیین حقیقت اور ارائت (دکھانا اور سوجھانا) کے ذریعہ فرماتا تھا، لیکن کلیات کی حیثیت سے وہ یقیناً وحی قرآنی کے مطابق ہوتا تھا، اور ان کلیات کے مطابق ان جزئیات کا فیصلہ خود اللہ تعالیٰ آپکو سوجھاتا تھا۔ آپ کے ان قضایا اور فیصلوں کی رضامندانہ اطاعت ہر مسلمان پر قیامت تک ضروری ہے، آپ کی زندگی کے بعد ان فیصلوں کی اطاعت یہ ہے کہ اس قسم کے مقدمات اور معاملات میں ہم وہی فیصلے جاری کریں جو آپ نے اپنی زندگی میں ان کے متعلق کئے کہ آپ کے فیصلے بحکم خدا غلطی سے پاک، ظلم سے بری، اور بے انصافی سے منزہ تھے، اور دنیا میں رسول کے سوا کسی انسان کو اس بے گناہی اور عصمت کا درجہ اور رتبہ حاصل نہیں،

رسول کا وجود مستقل ہدایت ہے | اللہ تعالیٰ نے پیغمبروں کو امام و پیشوا اور ہادی و رہنما فرمایا ہے، یعنی نبوت اور وحی سے سرفراز ہونے کے بعد ان کی ذات مجسّم ہدایت و رہنمائی اور امامت و پیشوائی کے لئے خاص ہو جاتی ہے، ان کی بعثت اسی لئے ہوتی ہے کہ وہ لوگوں کی رہنمائی فرمائیں اور ان کو ضلالت و گمراہی سے بچائیں جس امت میں مبعوث ہوتے ہیں اس کے سامنے ہدایت و رہنمائی کے دو چراغ روشن ہوتے ہیں ان دونوں کی روشنی مل کر ایک ہوتی ہے، اللہ تعالیٰ مسلمانوں کو جنھیں یہود اپنی شرارت اور سازش سے گمراہ بنانا چاہتے تھے خطاب کر کے فرماتا ہے،

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنْ تُطِيعُوا فَرِيقًا مِّنَ الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ يَرُدُّوكُم بَعْدَ إِيمَانِكُمْ كَافِرِينَ وَكَيْفَ تَكْفُرُونَ وَأَنتُمْ تُتْلَىٰ عَلَيْكُمْ آيَاتُ اللَّهِ وَفِيكُمْ رَسُولُهُ ، (آل عمران ۱۰)

اے مومنو! اگر تم اہل کتاب کے کسی گروہ کا کہا مانو گے تو وہ ایمان لا چکنے کے بعد تمھیں مرتد کرکے کافر بنا دین گے اور تم کو کیونکہ کفر کرنا چاہیے درانحالیکہ تم کو اللہ کی آیتین سُنائی جاتی ہین، اور تم مین اللہ کا رسول

آیت کے آخری ٹکڑے سے ثابت ہوا کہ کفر سے بچانے والی وہ مستقل چیزین مسلمانون کے پاس تھین ایک تو آیات الٰہی جو اُن کو سُنائی جاتی تھین، اور دوسری خود رسول کا مستقل وجود جو اپنی تعلیم و تلقین، فیض صحبت اور اثر سے اُن کو بھٹکنے نہ دیتا، اور ضلالت سے مانع آتا تھا اگر صرف کتاب الٰہی اس کام کو انجام دے سکتی، تو رسول کے ذکر کی حاجت بلکہ خود بعثت کی ضرورت کیا تھی، اِس سے یہ واضح ہوا کہ اللہ کی کتاب صامت (قرآن) اُس کی کتاب ناطق (رسول) سے مل کر اپنے فریضہ کو انجام دیتی ہے اور غالباً اس حدیث صحیح کے بھی یہی معنی ہین، جس کا اعلان آپ نے حجۃ الوداع سے واپسی میں اپنی وفات سے کچھ مہینون پہلے فرمایا،

انی تارک فیکما الثقلین کتاب اللہ وسُنّتی ، (حدیث)

مسلمانو! میں تمھارے درمیان دو چیزین چھوڑے جاتا ہوں، اللہ کی کتاب اور اپنی سنت، یعنی

ظاہر ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد آپ کا ظاہری وجود مٹ گیا مگر آپ کی عملی زندگی جس کو سنت کہتے ہیں، قائم و باقی ہے، اور وہی قرآن کے بعد ہماری ہدایت کا دوسرا سرچشمہ ہے،

Marfat.com

تزکیہ | انبیاء علیہم السلام کا عموماً اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خصوصاً ایک اور امتیازی وصف تزکیہ ہے، تزکیہ کے معنی پاک وصاف کرنے کے ہیں، نبوت محمدیہ کے اس وصف کا ذکر ان آیتوں میں ہے جن میں آپ کی یہ توصیف کی گئی ہے "ایک رسول جو لوگوں پر خدا کی آیتیں تلاوت کرتا ہے اور اُن کو کتاب وحکمت کی تعلیم دیتا ہے، اور اُن کو پاک وصاف کرتا ہے" ظاہر ہے کہ آپ کا یہ تیسرا وصف دو پہلے اوصاف سے الگ ہے، یہ پاک صاف کرنا، آیات الٰہی کی تلاوت، اور کتاب وحکمت کی تعلیم کے بعد نبی کی عملی کیفیت کو ظاہر کرتا ہے، کہ آپ کی تعلیم وتربیت فیضان صحبت حسن اخلاق پند وموعظت اور تبلیغ ودعوت کی تاثیر سے بُرے اچھے، بد نیک اور اشرار اخیار بن جاتے ہیں انبیاء علیہم السلام کی ہر تاریخ اس واقعہ کو ظاہر کرتی ہے کہ وہ گمراہ اور بدکار قوموں میں مبعوث ہوئے، ہر طرح کی اذیتیں اٹھائیں تکلیفیں سہیں مصیبتیں جھیلیں، اور آخر تاریکی کو روشنی سے، جہالت کو علم سے اور کفر کو توحید سے، بدل کر رہے اور مدت تک اُن کی تاثیر کا فیض جاری رہا اُن کا یہ وصف تزکیہ وحی والہام کے علاوہ اُن کے جسم وجان اور زبان ودل کی کیمیا اثری کا نام ہے خواہ اُن کی زبان اس وقت وحی الٰہی سے مترنم ہو، یا خاموش، ہر آن آفتاب حق کی کرنیں مطلع نبوت سے نکل نکل کر دلوں کی سرزمین کو روشن کرتی رہتی تھیں،

نور | اسی لئے نبوت کا سینہ صدق وصفا کا آئینہ ہوتا ہے، نبی کا مجسم پیکر ظلمت کدہ عالم کا چراغ اور علم وہدایت کا مطلع النور ہوتا ہے، جس طرح اس کا صحیفۂ الہامی اور وحی ربانی نور ہوتی ہے، وہ خود بھی سراپا نور ہوتا ہے جس سے اندھے دیکھتے، گمراہ راہ پاتے، اور حق کے طالب روشنی حاصل کرتے ہیں، خود آپ کو مخاطب کرکے فرمایا گیا،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| يَا أَيُّهَا النَّبِيُّ إِنَّا أَرْسَلْنَاكَ شَاهِدًا | اے نبی! ہم تجھ کو بتانے والا خوشخبری سنانیوالا، |
| وَمُبَشِّرًا وَنَذِيرًا وَدَاعِيًا إِلَى اللَّهِ | چوکنا کرنے والا، خدا کی طرف اس کے حکم سے |
| بِإِذْنِهِ وَسِرَاجًا مُنِيرًا (احزاب ۶) | بلانیوالا، اور روشن کرنے والا چراغ بناکر بھیجا |

یہ آس پاس کی چیزون کو روشن کرنے والا چراغ خود رسول ؐ کی ذات ہے، سوال یہ ہے کہ اگر آپ کے جسم و جان زبان و دل خلق و عمل علم و فہم میں روشنی نہین، تو آپ کی ذات جو ان ہی چیزون کا مجموعہ ہے، روشن چراغ کیونکر ثابت ہو گی، اور جب آپ کی ذاتِ مبارک کی یہ تمام چیزیں انوار الٰہی ہیں، تو ان انوار مین سے ہر نور کی روشنی میں چلنا ہدایت ہے اور ان میں سے کسی سے قطع نظر کرنا بھی ظلمت کے ایک گوشہ مین قدم دھرنا ہے،

**آیات و ملکوت کی رویت** جس طرح انبیاء علیہم السلام اپنی قوتِ سامعہ سے ندائے غیب کو سنتے اور صدائے وحی کی سماعت کرتے ہیں، اسی طرح اُن کی آنکھیں بہت کچھ دیکھتی ہیں، جو عام انسان نہیں دیکھتے حضرت ابراہیمؑ کے ذکر مین ہے،

| | |
|---|---|
| وَكَذَٰلِكَ نُرِي إِبْرَاهِيمَ مَلَكُوتَ | اور اسی طرح ہم ابراہیم کو آسمانون اور |
| السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلِيَكُونَ | زمین کی مملکت دکھاتے تھے تاکہ وہ |
| مِنَ الْمُوقِنِينَ، (انعام - ۹) | یقین کرنے والون میں ہو، |

استعداد نبوت کی تربیت اور نشو و نما کے لئے یہ رویت و بصیرت کی مافوق قوت اُن کو عطا ہوئی،

حضرت موسیٰ کو طور پر جو کچھ نظر آیا وہ جلوہ گری حسن و عشق کی مشہور کہانی ہے، آنحضرت

صلی اللہ علیہ وسلم کے مشاہداتِ روحانی کا تذکرہ معراج کے تعلق سے ان الفاظ میں کیا گیا ہے،

لِنُرِيَهُ مِنْ آيَاتِنَا (اسرائیل-۱) — تاکہ ہم اس (رسول بندہ) کو اپنی نشانیاں دکھائیں

دوسری جگہ ہے،

مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ مَا رَأَى أَفَتُمَارُونَهُ عَلَى مَا يَرَى، وَلَقَدْ رَآهُ نَزْلَةً أُخْرَى (نجم-۱) مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغَى لَقَدْ رَأَى مِنْ آيَاتِ رَبِّهِ الْكُبْرَى، (نجم-۱) — دل جھوٹا نہیں بولا جو اس نے دیکھا کیا اس پر اس سے جھگڑتے ہو؟ اور دوسری بار اس کو اترتے دیکھا، نگاہ نہ بہکی اور نہ سرکش ہوئی، اس نے اپنے رب کی بڑی نشانیاں دیکھیں،

ایک اور مقام پر ہے،

وَلَقَدْ رَآهُ بِالْأُفُقِ الْمُبِينِ (تکویر) — اور اس نے یقیناً اسکو آسمان کے کھلے کنارے میں دیکھا

یہ مشاہدہ وحی والہام کے علاوہ نبوت کے دوسرے حاسۂ بصارت کے امتیاز کو ظاہر کرتا ہے،

**سماعِ غیب** جس طرح آیات وملکوت کا مشاہدہ انبیاء کے حاسۂ بصارت کا امتیازی وصف ہے اسی طرح غیب کی آواز اور وحی کی صدا کو سننا بھی ان کے حاسۂ سماعت کا خصوصی امتیاز ہے قرآن پاک میں اس کی تصریحات موجود ہیں کہ انبیاء خدا سے ہم کلام ہوتے تھے، اور وحی کو پاتے تھے، وَكَلَّمَ اللَّهُ مُوسَى تَكْلِيمًا (نساء-۲۳) اور خدا نے موسیٰ سے بات کی،

حضور کو حکم ہوا

وَلَا تَعْجَلْ بِالْقُرْآنِ مِنْ قَبْلِ أَنْ يُقْضَى إِلَيْكَ وَحْيُهُ (طہ-۶) — اور اس سے پہلے کہ قرآن کی وحی تجھ پر پوری ہو قرآن کے پڑھنے میں جلدی نہ کر

Marfat.com

خدا نے پیغمبروں کو پکارا، اور انھوں نے اُس کی آواز سنی "نادینا" ہم نے پکارا "بار بار"

یہ الفاظ قرآن میں پیغمبروں کے متعلق آئے ہیں،

**تبلیغ و دعوت** نبی کا سب سے پہلا اور اہم فرض تبلیغ اور دعوت ہے یعنی جو سچائی اس کو خدا سے ملی ہے اس کو دوسروں تک پہنچا دینا، اور جو علم اُس کو عطا ہوا ہے اس سے اوروں کو بہرہ مند کرنا، خدا کا جو پیغام اس تک پہنچا ہے، وہ لوگوں کو سنا دینا، اُس نے اُس کو جس صداقت سے آگاہ کیا ہے اُس سے اپنے ہم جنسوں کو باخبر کرنا، جو مالی، جانی، زبانی، دماغی، روحانی، اور اخلاقی طاقتیں اُس کو بخشی گئی ہیں، اُن کو اس راہ میں صرف کرنا، اور اس سمجھانے بجھانے اور راہ راست پر لانے میں صداقت کی ہر تاثیر سے کام لینا اس اعلان اور دعوت میں جو تکلیف بھی پیش آئے، اُس کو راحت جاننا جو مصیبت بھی درپیش ہو، اُس کو آرام سمجھنا جو کانٹے بھی اس وادی میں اس کے تلووں میں چبھیں، اُن کو رگِ گل سمجھنا، اس حق کی آواز کو دبانے کیلئے جو قوت بھی سر اُٹھائے اس کو کچل دینا، اور مال و منال، اہل و عیال، غرض جو چیز بھی اس سفر میں سنگِ راہ ہو کر سامنے آئے، اُس کو ہٹا دینا، اور اُس کی اس ساری کوشش و کاوش کا مقصد خدا کی رضامندی، مخلوق کی خیر خواہی اور اپنے فرضِ رسالت کی ادائگی کے سوا کچھ نہیں ہوتا،

یہ ہے انبیاؑ کی تبلیغ و دعوت کا مفہوم، دنیا میں جس قدر پیغمبر آئے انھوں نے اپنے فرض کو اسی ایثار اور قربانی کے ساتھ انجام دیا، اور ایک لمحہ بھی اپنے فرض کے ادا کرنے میں کوتاہی نہ کی، اور آج دنیا میں جو کچھ خدا کی محبت، بھائیوں کا پیار، انسانوں کی ہمدردی، بیکسوں کی مدد، غریبوں کی اعانت، اور دوسری نیکیوں کا اس سطحِ زمین پر وجود ہے وہ سب بواسطہ یا بلاواسطہ

Marfat.com

دانستہ یا نادانستہ انہی کی دعوت و تبلیغ اور جد وجہد کا اثر اور نتیجہ ہے،

دنیا کے بڑے بڑے سے بڑے مفکر، بڑے سے بڑے شاعر، بڑے سے بڑے حکیم اپنا فرض خود سمجھ لینا یا زیادہ سے زیادہ دوسروں کو سمجھا دینا سمجھتے ہیں لیکن انبیاء علیہم السلام جس صداقت کو پاتے ہیں، اُس کو دوسروں کے سمجھانے اور ہر ممکن طریق سے اُس کے پھیلانے اور اہلِ دنیا کو اس کے باور کرانے میں اپنی پوری قوت صرف کر دیتے ہیں، وہ ہر مشکل کو جھیل کر نافہموں کو حقیقت سمجھاتے اور اندھوں کو راہِ راست دکھاتے ہیں،

انبیاء علیہم السلام کی تعریف میں خدا فرماتا ہے،

| | |
|---|---|
| نِ الَّذِيْنَ يُبَلِّغُوْنَ رِسٰلٰتِ اللّٰهِ | جو اللہ کے پیغاموں کو پہنچاتے ہیں، اور |
| وَيَخْشَوْنَهٗ وَلَا يَخْشَوْنَ اَحَدًا | اُسی سے ڈرتے ہیں، اور اُس کے سوا کسی |
| اِلَّا اللّٰهَ وَكَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا، | سے نہیں ڈرتے، اور اللہ بس ہے حساب |
| (احزاب - ۵) | (اعمال) کے لئے، |

حضرت موسیٰ کو حکم ہوتا ہے،

اِذْهَبْ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى (طٰہٰ) فرعون کے پاس جا کہ اُس نے سرکشی کی۔

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوتا ہے کہ پیغامِ ربانی کی بے محابا تبلیغ کریں، اور دشمنوں سے نہ ڈریں کہ اُن کی حفاظت کا خود شہنشاہِ عالم ذمہ دار ہے،

| | |
|---|---|
| يٰۤاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَاۤ اُنْزِلَ اِلَيْكَ | اے پیغمبر! تیرے رب کے پاس سے جو تیری طرف |
| مِنْ رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ | اُترا ہے اُس کو پہنچا دے، اور اگر تو نے نہ کیا تو |

رِسٰلَتَهٗ ؕ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ (مائدہ - ۱۰)

اس کے پیغام کے پہنچانے کا فرض ادا نہیں کیا، اور اللہ تجھکو لوگوں سے بچائے گا۔

انبیاء کی تبلیغ و دعوت میں تبشیر اور انذار دونوں ہوتے ہیں، تبشیر یعنی بشارت دینا اور خوشخبری سنانا، اور انذار یعنی خدا کے جلال سے ڈرانا، عذاب الٰہی کا خوف دلانا، اور لوگوں کو انکے انجام بد سے آگاہ کرنا، اور انبیاءؑ کی آمد اس شان سے اس لئے ہوئی تاکہ خدا کی حجت بندوں پر تمام ہو جائے

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ ۢ بَعْدَ الرُّسُلِ ؕ (نساء - ۲۳)

یہ سب پیغمبر خوشخبری سنانے اور ڈرانے والے بیدار کرتے ہوئے آئے تاکہ پیغمبروں کے آنے کے بعد لوگوں کے لئے خدا پر کوئی حجت (نہ رہے)

ان سچے پیغام الٰہی پہنچانے کے ساتھ اپنی خیر خواہی، دلسوزی و اخلاص مندی کا اعلان کیا

اُبَلِّغُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَاَنَا لَكُمْ نَاصِحٌ اَمِيْنٌ ، (اعراف - ۹)

میں تم کو اپنے رب کے پیغام پہنچاتا ہوں میں تمہارا امانت دار خیر خواہ ہوں۔

يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسَالَةَ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ وَلٰكِنْ لَّا تُحِبُّوْنَ النّٰصِحِيْنَ ، (اعراف - ۹)

اے میرے لوگو! میں نے اپنے رب کا پیغام تم کو پہنچا دیا، اور تمہاری خیر خواہی کر چکا لیکن تم خیر خواہوں کو پیار نہیں کرتے

يٰقَوْمِ لَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ رِسٰلٰتِ رَبِّيْ وَنَصَحْتُ لَكُمْ فَكَيْفَ اٰسٰى عَلٰى قَوْمٍ كٰفِرِيْنَ (اعراف - ۱۱)

اے میرے لوگو! میں نے اپنے رب کے پیغام تم کو پہنچا دیئے اور تمہاری خیر خواہی کر چکا تو پھر کیسے نہ ماننے والے لوگوں پر غم کھاؤں

Marfat.com

یہ بھی فرمایا کہ،

| | |
|---|---|
| لَا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ اَجْرًا اِنْ اَجْرِيَ | میں اپنی نصیحت کی تم سے مزدوری نہیں مانگتا |
| اِلَّا عَلَى الَّذِيْ فَطَرَنِيْ (هود - ۵) | میری مزدوری تو اس پر ہے جس نے مجھے پیدا کیا |
| لَا اَسْئَلُكُمْ عَلَيْهِ مَالًا اِنْ اَجْرِيَ | میں اپنی تبلیغ کے بدلہ تم سے مال و دولت کا |
| اِلَّا عَلَى اللّٰهِ (هود - ۳) | خواہاں نہیں ہوں میری مزدوری تو خدا پر ہے |

**ایک شبہہ کا ازالہ**

اس سلسلہ میں ہم کو ایک اور غلط فہمی کو دور کرنا ہے، جو بعضوں کو حضورؐ کی صفت تبلیغ کے سمجھنے میں پیش آئی ہے، قرآن مجید میں متعدد آیتیں اس معنی کی آئی ہیں کہ رسول کا فرض صرف پیغام پہنچا دینا (ابلاغ) ہے، اس سے آج کل کے بعض کوتاہ بینوں کو یہ دھوکا ہوا کہ رسول کا فرض صرف وحی الٰہی کی تبلیغ ہے یعنی قرآن پاک کے الفاظ کو انسانوں تک بعینہٖ پہنچا دینا اُس کا کام ہے، اُس کے معانی کی تشریح اور مطالب کی توضیح نہ اس کا منصب ہے اور نہ اُس کا اُس کو حق ہے، اُن کے نزدیک مبلّغ رسول کی حیثیت صرف ایک قاصد اور نامہ بر کی ہے جو ایک جگہ سے دوسری جگہ خط تو پہنچا دیتا ہے، مگر اُس خط کے مفہوم و معنی کی تشریح کا اُس کو حق نہیں ہوتا، بلکہ اس کو یہ بھی نہیں معلوم ہوتا کہ اس بند لفافہ میں کیا ہے،

شاید اُن کو یہ دھوکا اس آیت کے علاوہ لفظ "رسول" سے بھی ہوا ہے، جس کے لفظی معنی پیغامبر اور قاصد کے ہیں، لیکن وہ لوگ یہ خیال نہیں کرتے کہ جہاں اُس کو رسول کہا گیا ہے "نبی (خبر پانے والا) بھی تو کہا گیا ہے، "مبشر (خوشخبری سنانے والا) "نذیر (ڈرانے والا) سراج منیر (روشن کرنے والا چراغ) صاحب حکمت، صاحب خلق عظیم، صاحب مقام محمود، مجتبیٰ

Marfat.com

مقبول) مصطفیٰ (برگزیدہ) مبین) (بیان اور شرح کرنے والا) معلم (سکھانے والا) مزکی (پاک کرنے
صاف کرنے والا)، داعی الی اللہ (اللہ کی طرف بلانے والا) حاکم (فیصلہ کرنے والا) مُطاع (واجب
الاطاعہ) آمر (حکم دینے والا) اور ناہی (روکنے والا) بھی تو کہا گیا ہے، کیا یہ اوصاف والقاب آپ
کی اسی حیثیت کو ظاہر کرتے ہیں کہ وہ صرف ایک پیغام پہنچانے والا قاصد ہے جس کو اس پیغام کے
مفہوم ومعنی سے ایک معمولی قاصد اور نامہ بر کی طرح کوئی سروکار نہیں؟ اس کے پیغام کے مفہوم
ومعنی کی تشریح وتفسیر کا آج تو ہر عربی دان کو حق حاصل ہے، اور اس کی اصل حقیقت تک پہنچ
جانے کا ہر مدعی کو دعویٰ ہے، مگر خود صاحب پیغام کو اپنی پیغامبری کے وقت نہ مفہوم ومعنی
کا علم تھا، اور نہ اسکی تشریح کا اس کو حق تھا، اِنّ هٰذا لشئ عجاب، ہم نے پچھلے صفحات میں جو
لکھا ہے، اس سے اس غلط خیال کی پوری تردید ہو جاتی ہے،

اُن کے اشتباہ کی ایک اور وجہ یہ ہے کہ اسلام میں شرع اور وضع قانون کا حق صرف
اللہ تعالیٰ کے لئے تسلیم کیا گیا ہے کہ وہی اصلی شارع ہے، اب اگر رسول کے لئے بھی وحی کتابی
سے الگ شرع بنانے کا حق تسلیم کیا جائے تو خدا کے سوا ایک اور شارع تسلیم کرنا ہوگا، اس
کا پہلا جواب تو یہ ہے کہ ہم رسول کو شارع نہیں شارح قرار دیتے ہیں کیا عدالت کی کرسی
پر بیٹھ کر جج جب حکومت کے قانون کی توضیح وتشریح کرتا ہے، تو وہ اپنے اس عمل سے سلطان
وقت بن کر وضع قانون کا منصب حاصل کرتا ہے، یا صرف قانون کے مفہوم کا شارح ہوتا ہے،
یہی حیثیت آسمانی عدالت کے اس قاضی کی ہے، جس کو ہم نبی اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم
کہتے ہیں،

Marfat.com

دوسرا جواب یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے ہر پیام اور مقصد، اور مفہوم اور فیصلہ سے صرف وحی کے اسی طریقۂ خاص کے ذریعہ اپنے پیغمبر کو مطلع نہیں فرماتا جس طریق خاص سے قرآن مجید نازل ہوا ہے، بلکہ وہ اپنی تینوں قسموں کے ذریعہ سے اپنے اغراض اس رسول پر واضح کرتا ہے، اور ان میں سے ہر طریق کی وحی کی اطاعت تمام اُمّت پر فرض ہے، خواہ وہ وحی ہو جو الفاظِ الٰہی کی قید کے ساتھ آئی ہو جس کو قرآن کہتے ہیں یا ربّانی مفہوم و معنی رسول کے الفاظ میں ادا ہوں جس کو حدیث و سنّت کہتے ہیں، الغرض خواہ وہ کتابِ الٰہی کے ذریعہ سے ہو یا حکمتِ ربّانی کے فیض سے ہوا

قرآن مجید کی وہ آیتیں جن کے معنی یہ ہیں کہ ”ہمارے رسول پر صرف پیغام پہنچا دینا ہے“ ان کا یہ منشا نہیں کہ وہ صرف پیغام پہنچانے والا ہے، خوشخبری سنانے والا نہیں، ہشیار و بیدار کرنے والا نہیں، پیغامِ الٰہی کے الفاظ سنانے کے بعد اُن کی تعلیم دینے والا نہیں، آیاتِ الٰہی کی تبیین و تشریح کرنے والا نہیں، رہنما و ہادی نہیں، نجاستوں سے پاک و صاف کرنے والا نہیں، ایسا کہنا قرآن کا انکار، اور عقل و فہم کا ماتم ہے، قرآن میں کئی جگہ ہے،

اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرٌ (رعد، نازعات) — تو تو صرف ڈر سنانے والا ہے،

ایک جگہ ہے،

اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۔ (ص - ۵) — میں تو صرف ڈر سنانے والا ہوں،

کیا ان آیتوں کا مفہوم یہی ہے کہ ڈر سنانے کے سوا، رسول کا کام بشارت اور خوشخبری سنانا نہیں اور وہ صرف منذر ہے، مبشر نہیں، اصل یہ ہے کہ اس قسم کی آیتوں

اِنَّمَا عَلٰی رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِیْنُ (مائدہ ۱۲) — ہمارے رسول پر صرف پیغام پہنچا دینا ہے،

Marfat.com

کا مفہوم یہ نہیں ہے کہ وہ صرف پیغام رساں اور قاصد ہے مبلغ اور شارح نہیں، بلکہ یہ ہے کہ اس کا کام صرف خدا کا پیغام پہنچا دینا ہے، زبردستی لوگوں کے دلوں میں اس پیغام کا اتار دینا نہیں، لوگوں کو مسلمان بنا دینا نہیں، جبراً منوا لینا نہیں، وہ پیغام پہنچا دینے کے بعد لوگوں کے کفر و انکار اور عدم ایمان کی ذمہ داری اس پر ہے، قرآن میں جہاں جہاں اس معنی کی آیتیں آئی ہیں ان کا منشا یہی اور صرف یہی ہے قرآن پاک کی تیرہ مختلف آیتوں میں یہ بات کہی گئی ہو اور ہر جگہ یہی ایک مفہوم ہے،

۱۔ وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَ
الْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ فَاِنْ
اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا وَاِنْ
تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَ
اللّٰهُ بَصِيْرٌ بِالْعِبَادِ (آل عمران ۲)

کتاب والوں اور ان پڑھوں سے کہہ
کیا تم نے اسلام قبول کیا، اگر کیا تو ہدایت
پائی، اور اگر منہ پھیرا تو تجھ پر (صرف)
صرف پیغام پہنچانا ہے، اور اللہ بندوں
کا دیکھنے والا ہے،

مفہوم بالکل ظاہر ہے کہ اسلام کی ہدایت قبول کرنے میں کوئی زبردستی نہیں، اگر لوگ قبول کریں تو انھوں نے حق کی راہ پائی، اور اگر انکار کریں تو رسول کا کام صرف پیغام پہنچا دینا تھا وہ اس نے پہنچا دیا، اس کا فرض ادا ہو چکا، اب خدا جانے اور اس کے بندے جانیں،

فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَعَلَيْنَا الْحِسَابُ
(رعد - ۴۰)

تیرا فرض صرف پیغام پہنچا دینا ہے اور
ہمارا فرض ان سے حساب لینا ہے،

اس کی مزید تفصیل سورۂ غاشیہ میں ہے،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فَذَكِّرْ إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ لَسْتَ | تو اے پیغمبر، تو نصیحت کر، تو تو صرف نصیحت |
| عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ إِلَّا مَنْ تَوَلَّى | کرنے والا ہے اُن پر داروغہ نہیں، لیکن |
| وَكَفَرَ فَيُعَذِّبُهُ اللَّهُ الْعَذَابَ | جس نے منہ پھیرا اور انکار کیا تو خدا اس |
| الْأَكْبَرَ إِنَّ إِلَيْنَا إِيَابَهُمْ ثُمَّ | کو بڑی سزا دیگا، بیشک پھر ہماری ہی طرف |
| إِنَّ عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ (غاشیہ-۱) | لوٹ کر آنا ہے اور پھر ہم پر ان کا حساب لینا ہے |

یہی مفہوم سورۂ شوریٰ میں ہے کہ رسول کا کام صرف سمجھانا اور تبلیغ کرنا ہے، وہ سلطان کی طرح داروغہ اور قہرمان بنا کر نہیں بھیجا گیا کہ لوگوں سے بزور اپنی بات منوالے،

| | |
|---|---|
| فَإِنْ أَعْرَضُوا فَمَا أَرْسَلْنَاكَ عَلَيْهِمْ | تو اگر وہ انکار کریں تو ہم نے تجھ کو ان پر |
| حَفِيظًا إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلَاغُ (شوریٰ-۵) | نگہبان بنا کر نہیں بھیجا، تیرا کام صرف پہنچا دینا ہے |

کافروں نے جب کبھی رسولوں کو جھٹلایا، انھوں نے یہی کہا کہ ہمارا کام پہنچا دینا ہے، ماننے نہ ماننے کا تمھیں اختیار ہے،

| | |
|---|---|
| قَالُوا مَا أَنْتُمْ إِلَّا بَشَرٌ مِثْلُنَا وَمَا | کافروں نے کہا تم تو ہماری ہی طرح آدمی |
| أَنْزَلَ الرَّحْمَٰنُ مِنْ شَيْءٍ إِنْ أَنْتُمْ | ہو خدا نے کچھ نہیں اتارا، تم جھوٹ کہتے ہو، رسولوں |
| إِلَّا تَكْذِبُونَ. قَالُوا رَبُّنَا يَعْلَمُ | نے جواب دیا، ہمارا پروردگار خوب جانتا ہے کہ |
| إِنَّا إِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُونَ، وَمَا عَلَيْنَا | ہم بے شبہ تمھاری طرف بھیجے گئے ہیں، اور |
| إِلَّا الْبَلَاغُ الْمُبِينُ. (یٰسین-۲) | ہمارا فرض صرف کھول کر پہنچا دینا ہے، |

خود اللہ تعالیٰ نے بھی رسولوں کو تسلی دی ہے کہ ان منکروں کے انکار سے دل شکستہ

Marfat.com

نہ ہون، اگلے پیغمبرون کے منکرون نے بھی یہی کیا تھا پیغمبرون کا فرض لوگون سے منوانا نہین ، بلکہ اُن تک خدا کا پیام پہنچانا ہے ،

| | |
|---|---|
| وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْشَآءَ | اور مشرکون نے کہا اگر خدا چاہتا تو ہم اُس کے |
| اللهُ مَا عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ | سوا کسی اور کو نہ پوجتے نہ ہم اور نہ ہمارے |
| نَحْنُ وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ | باپ دادا ، اور نہ اُس کے حکم کے بغیر کسی چیز |
| دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ كَذٰلِكَ فَعَلَ | کو حرام کرتے ، (خدا کہتا ہے کہ) ایسا ہی کیا |
| الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ فَهَلْ عَلَى | تھا اُن کے پہلون نے تو کیا ہے پیغمبرون |
| الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (نحل ۵) | پر کھول کر پہنچا دینے کے سوا کچھ ہے |
| وَاِنْ تُكَذِّبُوْا فَقَدْ كَذَّبَ اُمَمٌ | اگر تم جھٹلا دو تو کیا ہے ، تم سے پہلے |
| مِّنْ قَبْلِكُمْ وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا | بھی قومین جھٹلا چکی ہین ، اور رسول پر |
| الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ، (عنکبوت ۲) | نہین لیکن کھول کر پہنچا دینا ، |

رسول کا کام پہنچا دینا ہے ، باقی علام الغیوب جو چاہتے سو کر سکے ،

مَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ وَاللهُ — رسول پر نہیں ہے لیکن پہنچا دینا ، اور اللہ

يَعْلَمُ مَا تُبْدُوْنَ وَمَا تَكْتُمُوْنَ ۝ (مائدہ ۱۲) جانتا ہے جو تم ظاہر کرتے ہو اور جو چھپاتے ہو

بعینہ یہی سب زبان مین ، جو ایک ہی مفہوم کو ادا کرتی ہین ،

| | |
|---|---|
| وَاَطِيْعُوا اللهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ وَ | اور اللہ کا فرمان اور رسول کی بات مانو اور |
| احْذَرُوْا فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاعْلَمُوْا اَنَّمَا | بچو ، اور اگر تم نے منہ پھیرا تو جان لو کہ ہمارے |

عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (مائدہ ۱۲)

رسول پر صرف کھول کر پہنچا دینا ہے۔

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ
فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ
وَعَلَيْكُمْ مَّا حُمِّلْتُمْ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ
تَهْتَدُوْا وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا
الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (نور - ۷)

کہدے اے پیغمبر اللہ کی اطاعت کرو اور رسول
کی اطاعت کرو، پھر اگر وہ منہ پھیریں تو رسول
پر وہی جس کا بوجھ اس پر ڈالا اور تم پر وہ جس کا
بوجھ تم پر ہے اور اگر اس کی اطاعت کرو گے تو
ہدایت پاؤ گے اور رسول پر نہیں لیکن کھول کر

كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ عَلَيْكُمْ
لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ فَاِنْ تَوَلَّوْا
فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (نحل)

اسی طرح اللہ تم پر اپنا احسان پورا کریگا تاکہ
تم مسلمان ہو جاؤ، اور اگر انھوں نے منہ پھیرا تو
تجھ پر کچھ نہیں ہے مگر کھول کر پہنچا دینا۔

وَاَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ
فَاِنْ تَوَلَّيْتُمْ فَاِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا
الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (تغابن - ۲)

اور خدا کا کہا مانو اور رسول کی فرمانبرداری
کرو، اگر تو نے منہ پھیرا تو ہمارے رسول پر
صرف کھول کر پہنچا دینا ہے۔

پیغمبر کا قول ہے،

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُكُمْ مَّا
اُرْسِلْتُ بِهٖ اِلَيْكُمْ (ھود ۵)

تو اگر تم منہ پھیرو تو میں جو پیغام دیکر بھیجا گیا تھا وہ میں نے تم کو پہنچا دیا (یعنی

اس سے معلوم ہوا کہ [illegible] تعلق نبوت کے منکروں سے ہے ایمان پر مجبور کرنا بھی نہ تھا کے واسطے
کہ جو لوگ نبوت کے منکر ہوں ان سے رسول کا تعلق صرف تبلیغ و نصیحت و پند و موعظت

Marfat.com

سمجھانے کا ہے، لیکن جو خوش قسمت اقرار نبوت کی سعادت حاصل کرلیں، تو پھر ان کا تعلق رسول سے اتباع، پیروی اور اطاعت کا ہو جاتا ہے، اور اس کے بعد رسول ان کو تبلیغ ہی نہیں، بلکہ امر و نہی بھی کرتا ہے، کوئی حکومت دوسرے ملک کے کسی باشندے کو زبردستی اپنی رعایا نہیں بناتی، لیکن اگر کوئی شخص از خود اس حکومت کی رعایا بنجائے، تو پھر اس کو اس کے قانون کی پیروی پر زبردستی مجبور کیا جائے گا کہ رعایا بننے کے معنی ہی اس کے قانون کے قبول کرنے کے ہیں،

**انبیا کی تعلیم کا امتیازی عقیدہ**

دنیا میں جس قدر پیغمبر آئے وہ ایک ہی دین اور ایک ہی عقیدہ لیکر آئے، وہی توحید، وہی نبوت، وہی عبادت، وہی اخلاق، وہی جزا و سزا، اور عمل کی پرسش، اس لحاظ سے انبیا کی تعلیم میں کوئی اصولی فرق نہیں، اسی لئے فرمایا کہ شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوْحًا الآیۃ، یعنی خدا نے تمہارے لئے وہی دین مشروع کیا جو نوح وغیرہ دوسرے پیغمبروں کو دیا تھا، اور اسی کا نام اسلام ہے، لیکن انبیاء کی تعلیم کا اہم الاصول اور سب سے ضروری جزء توحید ہے، اور وہی نبوت کے ساتھ کا آغاز اور اولی تعلیم ہے،

ممکن ہے کہ دنیا میں اسلام سے پہلے بہت سے اچھے لوگ گذرے ہوں اور ان کی دعوت بھی مفید ہو، ان کے اخلاقی وعظ بھی دلپسند ہوں، وہ یونان کے حکیم ہوں یا ہندوستان کے اوتار، لیکن ان کی تعلیم میں اگر توحید کی دعوت شامل نہیں، تو وہ نبوت کے رتبہ تک [illegible] پیغمبرانہ تعلیم کی پہچان ہی توحید کی دعوت ہے، اگر یہ نہیں تو نبوت بھی نہیں، فرمایا،

وَمَا اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا نُوْحِيْٓ اِلَيْهِ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا — اور ہم نے تجھ سے پہلے کوئی رسول نہیں بھیجا، لیکن اس کی طرف یہ وحی کی کہ میرے سوا کوئی معبود نہیں

فَاعْبُدُوْنِ۔ (انبیاء ۲۰) میری ہی پرستش کرو،

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِیْ کُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ (نحل ۵) اور ہر قوم میں ہم نے ایک رسول بھیجا کہ خدا کی عبادت کرو، اور بتوں سے پرہیز کرو،

اس سے معلوم ہوا کہ تعلیمی حیثیت سے نبوت کی شناخت اسی سے ہو سکتی ہے، اسلام سے پہلے جس مدعیِ نبوت کی تبلیغ کا اہم ترین جزو توحید نہیں اس کو دعوائے نبوت کا کوئی حق نہیں،

نبوت کی غرض وغایت | انبیاء (علیہم السلام) کی آمد کی غرض وغایت کو شاعرانہ زبان اور خطیبانہ جوش بیان میں بہت کچھ بتایا جا سکتا ہے، لیکن یہاں مقصود یہ ہے کہ ان اغراض کو گنایا جائے، جو محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی وحیِ مبارک کی زبان سے ادا ہوئے ہیں اور اصل دعوی وہی ہے، جس کو مدعی ظاہر کرتا ہو نہ کہ گواہ،

انبیاء کی بعثت کی سب سے پہلی غرض اس روزِ الست کے بھولے ہوئے ازلی عہد وپیمان بندگی کی یاددہانی ہے،

وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْۢ بَنِیْۤ اٰدَمَ مِنْ ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ عَلٰۤی اَنْفُسِهِمْ ۚ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ ؕ قَالُوْا بَلٰی ۛۚ شَهِدْنَا ۛۚ اَنْ تَقُوْلُوْا یَوْمَ الْقِیٰمَةِ اِنَّا كُنَّا عَنْ هٰذَا غٰفِلِیْنَ ۙ (اعراف ۲۲) اور جب تیرے رب نے بنی آدم کی پیٹھوں سے ان کی نسلوں کو عہد لیا اور ان کو خود اپنے اوپر آپ گواہ کیا کہ کیا میں تیرا پروردگار نہیں ہوں؟ انھوں نے کہا کیوں نہیں تو نے ہم نے گواہی دی کہ قیامت کے دن یہ کہو کہ ہم اسکو

اس سے ضرور ہوا کہ ان کو موقع بموقع ان کا یہ وعدہ یاد دلایا جائے،

Marfat.com

یہی وجہ ہے کہ رسول کی بعثت کی ایک غرض یہ بھی بتائی گئی ہے کہ اس کا وجود بنی آدم پر اتمام حجت ہے، ممکن ہے کہ آدم کے فرزند یہ بجا عذر کریں کہ ہمارے پاس کوئی یاد دلانے والا نہیں آیا، اس لئے فرمایا،

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا — رسول خوشخبری سنانے اور ڈرانے والے

يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ — تاکہ رسولوں کی آمد کے بعد لوگوں کے لیے

الرُّسُلِ، (نساء - ۲۳) — خدا پر کوئی حجت باقی نہیں رہے۔

تذکیر کے بعد نبی کا فرضِ اولین **ہدایت** اور رہنمائی ہے کہ وہ درحقیقت اللہ تعالیٰ کی **صفت** ہادی کا مظہر اور مورد ہے، اسی لیے ایک آیت میں نبی اور رسول کیلئے ہادی کا لفظ آیا ہے، فرمایا،

وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ، (رعد-۱) — اور ہر قوم کے لئے ایک راہ دکھانے والا آیا

سورہ شوریٰ میں فرمایا،

وَاِنَّكَ لَتَهْدِيْ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ (شوریٰ ۵) اور تو سیدھے رستے کی راہ دکھاتا ہے۔

سورہ انبیاء میں بہت سے پیغمبروں کے ذکر کے بعد ہے۔

وَجَعَلْنٰهُمْ اَئِمَّةً يَّهْدُوْنَ بِاَمْرِنَا — اور ہم نے اُن پیغمبروں کو ایسا پیشوا بنایا

(انبیاء - ۵) — جو ہمارے حکم سے راہ دکھاتے تھے،

اسی طرح اُن آسمانی کتابوں کو جو اُن کو دی گئی تھیں، بار بار ہدیٰ (ہدایت) کہا گیا اور کہیں اُن کو ضیا اور نور (روشنی) کے الفاظ سے ادا کیا گیا ہے،

اس ہدایت اور رہنمائی کا دوسرا مفہوم یہ ہے کہ وہ بندگانِ الٰہی کو باطل کے اندھیرے

Marfat.com

سے نکال کر حق کی روشنی میں لاتے ہیں، لوگ جب فاسد خیالات، بیہودہ افکار، بے سود اعمال کی تاریکیوں میں پھنس کر فطری بصیرت اور روحانی معرفت کے نور سے محروم ہو جاتے ہیں، انبیاء ان اندھوں کے ہاتھ پکڑ کر ان کو ظلمات سے انوار میں لاتے ہیں، اُن کو شک کی جگہ یقین، جہل کی جگہ علم، باطل کی جگہ حق، اور ظلمت کے بجائے نور عطا کرتے ہیں،

هُوَ الَّذِیْ یُنَزِّلُ عَلٰی عَبْدِهٖۤ اٰیٰتٍۭ بَیِّنٰتٍ — وہی اللہ جو اپنے بندہ پر کھلی آیتیں اتارتا ہے

لِّیُخْرِجَكُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَی النُّوْرِ (حدید-۱) — تاکہ وہ تم کو تاریکیوں سے نور میں لائے

اس دنیا کی نجات صرف اعتدال میں ہے جب کبھی مزاج انسانی کی طرح اُس کے ان عناصر میں جن سے اس کی ترکیب ہوئی ہے، افراط و تفریط پیدا ہوگی، روئے زمین پر فساد رونما ہوگا، انسانی جماعتوں اور قوموں میں بھی یہ ترازو جب اعتدال کے معیار پر پوری نہ ہوگی، کبھی دونوں پلے برابر نہ ہوں گے آسمان سے زمین تک ایک ایک ذرہ اعتدال کی ترازو میں تلا ہوا ہے کیمسٹری اور علم الافلاک کا واقف کار اس ترازو کو اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے اور حیرت کرتا ہے کہ کہیں ایک ذرہ کی کمی بیشی نہیں ہے، جس طرح اس مادی دنیا میں حیرت انگیز توازن ہے ٹھیک اُسی طرح روحانی اور اخلاقی دنیا میں بھی اس توازن کی ضرورت ہے، عقائد ہوں کہ عبادات، اخلاق ہوں کہ معاملات، اسی توازن کا نام حق اور عدل ہے، فرمایا،

وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ اَلَّا — اور آسمان کو اونچا کیا اور ترازو رکھی کہ اس

تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ — ترازو میں کمی بیشی نہ کرو اور تول کو ٹھیک رکھو

بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ (رحمٰن) — اور ترازو کو گھٹاؤ نہیں،

Marfat.com

یہ توازن اور برابر تول جو بے ارادہ اور بے اختیار دنیا کے ذرّہ ذرّہ اور اس کی ایک ایک حرکت اور ایک ایک کام میں خالق فطرت کے انداز اور تقدیر سے قائم ہے، یہی توازن اور برابر کی تول رسولوں کے ذریعہ آئی ہوئی میزانِ شریعت کے مطابق ذی ارادہ اور خود اختیار انسانوں کی ایک ایک حرکت اور ایک ایک جنبش میں ہونی چاہئے، بے ارادہ دنیا کی میزان کا نام قانونِ فطرت ہے، اور با ارادہ دنیا کی میزان کا نام قانونِ شریعت ہے، بے ارادہ دنیا کا تمام نظامِ عدل اسی خدائی میزانِ فطرت سے چل رہا ہے، اگر اس میزان میں ایک ذرہ بھی کمی بیشی ہو جائے، تو عالم کا نظام درہم برہم ہو جائے، اسی طرح انسانی دنیا کی سکینت، طمانیت، امن و امان کا نظام اسی میزانِ شریعت کے ذریعہ قائم ہو سکتا ہے، اگر یہ نہ ہو تو اس کے نظام کا درہم برہم ہونا بھی لازمی ہے فرمایا،

| | |
|---|---|
| لَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلَنَا بِالْبَيِّنٰتِ وَ | ہم نے بے شبہ اپنے پیغمبروں کو کھلی دلیلیں |
| اَنْزَلْنَا مَعَهُمُ الْكِتٰبَ وَالْمِيْزَانَ | دے کر بھیجا اور ان کے ساتھ کتاب اور |
| لِيَقُوْمَ النَّاسُ بِالْقِسْطِ (حدید-۳) | میزان اتاری تاکہ لوگ عدل کو قائم کریں |

انبیاء کی بعثت کی یہ غرض و غایت کہ لوگ شریعت کی میزان کے مطابق عدل اور توازن کو قائم رکھیں اس موجودہ دنیا ہی کے نظام کی امن و سلامتی کے لئے ہے، آج یورپ کے الحادی گروہ نے دنیا کے گوشہ گوشہ کو پرشور بنا دیا ہے، آج رسولوں کی اہمیت اور ان کی تعلیمات کی ضرورت پر شکوک و شبہات کی ژالہ باری ہو رہی ہے، لیکن دینی و دنیاوی مباحث سے قطع نظر کرکے عملی حیثیت سے دنیا کی ایک ایک اقلیم اور ایک ایک آبادی کا جائزہ لو آج جہاں کہیں بھی سچائی کی کوئی

روشنی اور حقیقت کی کوئی کرن چمکتی ہے، وہ اسی مطلعِ خورشید سے چھن کر نکلی ہے، کوئی دیندار ہو یا ملحد، خوش عقیدہ ہو یا بے عقیدہ، یونان کا حکیم ہو یا افریقہ کا جاہل، یورپ کا متمدن ہو یا صحرا کا وحشی، روسی ہو یا زنگی، عیسوی ہو یا موسوی، بت پرست ہو یا موحد مجوسی ہو یا ہندو، مسلم ہو یا غیر مسلم، شہری ہو یا دیہاتی، ہمالیہ کی چوٹی پر آباد ہو یا زمین کی گہرائی میں، کہیں بھی ہو کوئی بھی ہو اگر وہ اللہ کے نام کی عظمت سے واقف ہے اور نیکی اور بدی کی تمیز سے آشنا ہے، تو وہ خدا کے ان رسولوں اور ربانی پیغمبروں کے علاوہ کس معلم کی کوششوں کا ممنون ہے، آج جہاں بھی عدل و میزان کا وجود ہے، وہ کسی یونانی حکیم یا یورپین فلاسفر کی تعلیم و تصنیف اور تقریر و خطبہ کا اثر نہیں بلکہ بلاشبہ انبیاء ہی کی بے واسطہ یا بواسطہ تعلیمات کا نتیجہ ہے، آج دنیا کے گوشہ گوشہ میں کیسے ہی بے دین مبلغ سہی مگر نیکی، عدل، احسان، ہمدردی، نکوکاری حسن خلق کی تعلیم تبلیغ اور دعوت ان ہی کی زبانوں سے ہو رہی ہے، جو رسولوں کے پیرو اور پیغمبروں کے تابع ہیں، جو عقیدہ کے ملحدوں کی بھی نکوکاری ان ہی پیغمبروں کے نادانستہ فیضان تعلیم کا نتیجہ ہے، اس بنا پر جو لوگ ذہنی طور سے پیغمبروں کے منکر ہیں، وہ بھی عملی طور سے ان کی تعلیم کے مقر اور معترف ہیں، اس لئے انبیاء کا وجود تمام دنیا کے لئے رحمت بن کر ظاہر ہوا ہے، اور قرآن نے آسمانی کتابوں کو بار بار رَحْمَةً وَّ هُدًى یعنی رحمت اور رہنمائی کی غرض سے بھیجنے کا جو اعلان کیا ہے، وہ تمام تر اسی غرض و غایت کی تشریح ہے، اور اسی لئے خاتم نبوت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات والا صفات تمام عالم کے لئے رحمت بن کر آئی، خدا نے فرمایا،

وَمَا أَرْسَلْنٰكَ إِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ — اور ہم نے تجھکو (اے محمد) تمام دنیا کیلئے

رحمت بنا کر بھیجا ہے (انبیاء - ۷)

**تائید و نصرت**

انبیاء علیہم السلام جو مقصد لے کر آتے ہیں، خواہ کسی قدر مشکلات پیش آئیں کتنی ہی رکاوٹیں ہوں کتنی ہی تکلیفوں اور زحمتوں کا سامنا ہو، بالآخر وہ مقصد کامیاب ہی ہوتا ہے پیغمبروں کی سیرت اور اُن کی دعوت کی تاریخ خود اس دعویٰ پر گواہ صادق ہے قرآن نے کہا،

وَلَقَدْ سَبَقَتْ كَلِمَتُنَا لِعِبَادِنَا — اور ہماری بات اپنے رسول بندوں کیلئے

الْمُرْسَلِينَ إِنَّهُمْ لَهُمُ الْمَنْصُورُونَ — پہلی ہی طے ہو چکی ہے کہ یقیناً انہی کی مدد

وَإِنَّ جُنْدَنَا لَهُمُ الْغَالِبُونَ (الصّٰفّٰت) — ہوتی ہے اور ہمارا ہی لشکر غالب ہوتا ہے

نہ صرف اس دنیا میں بلکہ حشر کے دن بھی اُنہی کو اور اُن کے ذریعہ اہل ایمان کو کامیابی ہوگی،

إِنَّا لَنَنْصُرُ رُسُلَنَا وَالَّذِينَ آمَنُوا — بے شبہہ ہم اپنے رسولوں کی اور ایمان والوں

فِي الْحَيَاةِ الدُّنْيَا وَيَوْمَ يَقُومُ — کی مدد اس دنیا میں کرتے ہیں اور اس

الْأَشْهَادُ يَوْمَ لَا يَنْفَعُ الظَّالِمِينَ — دن بھی جب گواہ کھڑے ہوں گے جس دن

مَعْذِرَتُهُمْ وَلَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ — گنہگاروں کو اُن کے بہانے کام نہ دیں گے

سُوءُ الدَّارِ (مومن - ۶) — ان پر پھٹکار ہوگی اور اُن کیلئے بُرا گھر ہوگا

پیغمبروں پر ایسے بھی سخت وقت آتے ہیں جب اُن کو اپنی قوم کے قبولِ ہدایت کی طرف سے پوری مایوسی ہو جاتی ہے، اور امید کی روشنی کسی طرف سے دکھائی نہیں دیتی، اور عذاب میں دیر ہونے کے سبب سے اُن کے منکر یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ اُن کو عذاب کی دھمکی جھوٹ دی گئی، تو دفعۃً امید کا دروازہ کھلتا ہے، اور خدا کی تائید و نصرت کے پردے اس طرح

Marfat.com

آتے دکھائی دیتے ہیں کہ صالح لوگوں کے دل قبول کے لئے کھول دیئے جاتے ہیں، اور معاندوں پر کسی نہ کسی طرح عذاب آکر اُن کا استیصال ہو جاتا ہے، فرمایا،

| | |
|---|---|
| حَتّٰی اِذَا اسْتَایْئَسَ الرُّسُلُ وَظَنُّوْا | یہاں تک کہ جب پیغمبروں کو (اپنی قوم کے ایمان سے) |
| اَنَّهُمْ قَدْ كُذِبُوْا جَآءَهُمْ نَصْرُنَا | مایوسی ہونے لگی اور اُن کے منکروں کو خیال |
| (یوسف - ۱۲) | ہونے لگا کہ اُن سے جھوٹ کہا گیا تو ہماری |

اللہ تعالیٰ کی اسی تائید و نصرت اور حفاظتِ دعوت کا یقین اُن کو ہوتا ہے کہ وہ ہر مشکل کو اس راہ میں جھیل لیتے ہیں، اور اپنے سروں کو ہتھیلیوں پر لئے پھرتے ہیں، مخالفوں کی فوج و لشکر، تیغ و خنجر اور خوف و خطر کے باوجود، اپنی دعوت و تبلیغ کے فریضہ سے باز نہیں آتے، اور کسی دام پر بھی مخالفوں سے صلح پر آمادہ نہیں ہوتے، منکروں کو شروع شروع میں اُن کی ظاہری بیچارگی اور تنہائی کو دیکھ کر، اُن کی ناکامی کا گمان ہوتا ہے لیکن اللہ تعالیٰ اُن کے سوءظن کی تردید کر کے فرماتا ہے،

| | |
|---|---|
| فَلَا تَحْسَبَنَّ اللّٰهَ مُخْلِفَ وَعْدِهٖ | سو مت خیال کر کہ اللہ اپنے رسولوں سے |
| رُسُلَهٗ ؛ (ابراھیم - ۷) | وعدہ خلافی کرے گا، |

ازل کے دن ہی یہ قانون بن چکا ہے کہ سچائی کے اُن پکارنے والوں ہی کی آخر جیت ہوگی؛

| | |
|---|---|
| كَتَبَ اللّٰهُ لَاَغْلِبَنَّ اَنَا وَرُسُلِىْ (مجادلہ) | اللہ لکھ چکا کہ میں ہی غالب ہونگا اور میرے رسول |

**خاتمہ** اس تفصیل اور تشریح سے مقصود ناظرین کو نبوت کے اصلی کمالات کا ایک جلوہ دکھانا تھا

فلسفی را از پیمبر وا شناس     آبگینہ را ز گوہر وا شناس

Marfat.com

آبگینه را نه پنداری بدست — جز دمے که گوہرے آری بدست
چون گہر آمد بدستت شب چراغ — آبگینه شد سیه چون پرّ زاغ
فلسفی اندر بنِ چاهِ نژند — نردبان دارد بخورشید بلند
نردبانش می برد تا چند راش — پس بچاه افتد نگون گشته سرش
وان پیمبر خود ز بام آسمان — رشته را افگنده سوے خاکیان
رشتهٔ جان را بدین رشته بتاب — پس برآ تا بارگاه آفتاب
ز آسمان پیغمبر آوازت دهد — فلسفی از خاک پروازت دهد

این ز دورت ره نماید سوے جان
وان بخواند خود ترا از کوے جان[له]

---

له از دیوانِ فارسی مولینا حمید الدین رحمة الله علیه المتوفی ۱۹ جمادی الثانیه سنه ۱۳۴۹ھ / ۱۹۳۰ء

# شبِ ظلمت

## پیمبرِ اسلام کی بعثت کے وقت دنیا کی مذہبی اور اخلاقی حالت

اگر یہ سچ ہے کہ دنیا کی ہر شے اپنے ضد سے پہچانی جاتی ہے، بارش کی خنکی سخت امس کے بعد ہی زیادہ خوشگوار معلوم ہوتی ہے، روشنی کی پوری قدر شب تار ہی میں ہوتی ہے اور فضا جس قدر تاریک ہو، بجلی کی چمک اتنی ہی زیادہ درخشان نظر آتی ہے تو اس میں شبہ نہیں کہ ہر اصلاحی تحریک کی وقعت اور عظمت کے جانچنے میں یہ لحاظ رکھنا چاہیے کہ دنیا اس وقت کتنی گمراہی میں مبتلا اور اصلاح کی محتاج تھی، اور ایسی اصلاح کی محتاج تھی جس کے لیے پیغمبرانہ دست و بازو کی حاجت تھی اور وہ بھی ایک ایسے پیغمبر کے دست و بازو کی جس کے متعلق خود خدا یہ فرما سکے'

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِيْنَ يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ | جو تیرے ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں وہ خدا کے |
| اللّٰهَ يَدُ اللّٰهِ فَوْقَ اَيْدِيْهِمْ، | ہاتھ پر بیعت کرتے ہیں، اور ان کے ہاتھوں |
| (فتح - ۱) | کے اوپر خدا کا ہاتھ ہے |

اسلام یا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پیغام اور تعلیم کے متعلق ہمارا دعویٰ ہے کہ وہ دنیا کی ایک عظیم الشان روحانی و اخلاقی و معاشرتی دعوت تھی، اس بنا پر ہمیں دیکھنا چاہیے کہ ظہورِ اسلام کے وقت دنیا کی کیا حالت تھی؟ اس وقت کی دنیا کے متعلق اگر یہ کہا جائے کہ وہ ایک ایسا کرۂ ارضی تھا

Marfat.com

جس پر آفتاب نہیں چمکتا تھا، تو بالکل سچ ہوگا، تمام دنیا میں سچے اور صحیح عقیدہ کا کہیں وجود نہ تھا، توحید کی روشنی سے دنیا کا ذرہ ذرہ محروم تھا، مصر و یونان و روم میں سورج چاند اور مختلف سیاروں اور ستاروں کی خدائی تھی، اُن ہی کے معبد تھے، اور انہی کے ناموں پر بے گناہ انسانوں اور جانوروں کی قربانیاں چڑھائی جاتی تھیں، ہر جگہ پتھر کی مورتوں، اور مٹی کی صورتوں اور سونے چاندی اور جواہرات کے بتوں کی پوجا کی جاتی تھی،

اس وقت کی دنیا میں اخلاق کے تین معلم تھے، زرتشتی، عیسائی اور بودھ مت کے پیرو، اور یہ تینوں کے تینوں تجرد، رہبانیت اور جوگی پن میں مبتلا ہو کر اس طرح عضو معطل ہو گئے تھے کہ دنیا کا دستِ ترقی شل ہو کر رہ گیا تھا، اور ایسی سخت سنگدلانہ ریاضتوں کو نیکی اور عبادت کا مرادف سمجھ رکھا تھا کہ آج اُن کی تفصیلات سننے سے بھی رونگٹے کھڑے ہوتے ہیں،

یہ سچ ہے کہ مسیحؑ نے چھ صدی قبل تزکیۂ نفس کے کچھ درس دیے تھے لیکن مدت ہوئی دنیا اس سبق کو بھلا چکی تھی، یہ بھی سچ ہے کہ موسیٰؑ نے اس سے بھی پیشتر ہدایت و نجات کی ایک شمع جلائی تھی، لیکن فتنوں اور ہنگاموں کی آندھی میں یہ چراغ طور بھی جل کر گل ہو گیا تھا، اور یہ بھی سچ ہے کہ مدتِ مدید ہوئی کہ زرتشت نے روحانیت کی آگ سلگائی تھی لیکن یہ شعلہ بھی انسانی خون کے چھینٹوں سے سرد ہو چکا تھا، یہ بھی سچ ہے کہ اس سے بھی پہلے بودھ نے آریہ ورت کے پہاڑوں اور غاروں میں روح کا دار الامن ڈھونڈ نکالا تھا، مگر حوادث کے طوفان نے ان پہاڑوں کو بے نام و نشان صحرا، اور ان غاروں کو دردمندوں کا مدفن بنا دیا تھا، ہر قوم دوسری قوم سے برسر پیکار، اور ہر قبیلہ دوسرے قبیلہ کے خون کا پیاسا تھا، حرص و طمع اور کشت و خون

کی گرم بازاری تھی نفس انسانی کی ملکوتی طاقت جذباتِ خبیثہ کے دیوتا کے سامنے پامال ہو چکی تھی، عدل وراستی اور پاکبازی و پارسائی کے عطرِ معنبر کی خوشبو، انسان کے جامۂ خاکی سے اڑ چکی تھی، توحید اور خدا پرستی کا نور دیوتاؤں، دیبیوں، ستاروں، شہیدوں، ولیوں اور مجسموں کی پرستش کی عالمگیر تاریکی میں چھپ گیا تھا، غرض دنیا کے حالات ہر طرح سے اس ضرورت کے متقاضی تھے، کہ کوئی عالم کا مصلح، اخلاق کا معلم، حق کا داعی، بنی نوع کا نجات دہندہ آخری بار وجود میں آئے، اور انسانیت کے شیرازہ میں جو عرصۂ درازسے پراگندہ و منتشر ہو رہا تھا، پھر نظم و انتظام پیدا کردے، اور روحانیت و خدا پرستی کے خزاں رسیدہ باغ کو از سرِ نو رشکِ بہار، بلکہ سدا بہار، اور دنیا کے ظلمت کدہ کو پھر مطلعِ انوارِ ربانی بنادے۔

یہ اس عہد کی دنیا کی حالت کا ایک اجمالی خاکہ تھا، تفصیل کے لئے ہمیں مختلف قوموں اور اُن کے مذہبوں کی تاریخ پر ایک ایک کر کے نظر کرنی چاہیئے،

ظہورِ اسلام کے وقت دنیا کی تمدنی اور مذہبی حالت کیا تھی؟

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت کے وقت مصر، یونان، کلدانیا، اسیریا اور بابل کی عظمت افسانۂ پارینہ بن چکی تھی، خود عرب و مضافاتِ عرب میں جو نامور حکومتیں کبھی تھیں مثلاً نابتی، حمیری، سبائی وغیرہ مدت گذری کہ ان کا خاتمہ ہو چکا تھا،

اس موقع پر صرف یہ دیکھنا مقصود ہے کہ صبحِ سعادت کے طلوع کے وقت کون کون قومیں دنیا میں حکمران تھیں اور اُن کی مذہبی و اخلاقی حالت کیا تھی، اور دنیا کے مذاہب اس وقت کی روحانی حالت کے سنبھالنے کی کہاں تک استطاعت رکھتے تھے، اس وقت روئے زمین کی اہم طاقتیں دو ہی تھیں، فارس اور روم، فارس کا مذہب مجوسیت تھا جس کا دائرہ عراق سے لیکر ہندوستان کی سرحد تک محیط تھا، اور روم کا مذہب عیسوی تھا، جو یورپ، ایشیا اور افریقہ کے تینوں براعظموں

کو گھیرے تھا لیکن مذہبی حیثیت سے دو اور قومیں بھی ذکر کے قابل ہیں جن میں سے ہر ایک کو اپنی اپنی جگہ قدامت کا دعویٰ ہے، اور وہ یہود اور ہنود ہیں،

مجوسِ فارس

عرب کی پہلی ہمسایہ سلطنت فارس تھی جس کے تمدن کا ستارہ ایک زمانہ میں اوجِ کمال پر تھا، مگر عہدِ بعثت سے سو ڈیڑھ سو برس پہلے سے ساسانی شان و شوکت اور کیانی جاہ و جلال مٹتے مٹتے سایہ سا رہ گیا تھا، مسلسل بغاوتوں، سفاکانہ خونریزیوں اور سیاسی بدنظمیوں نے اس کو تہ و بالا کر دیا تھا، بادشاہوں کے ظلم و ستم اور امرا کی عیاشیوں اور خود غرضیوں نے صداقت، اخلاص اور ہر قسم کے اخلاقی جوہر کو جس کے خمیر سے قوم کی زندگی تعمیر ہوتی ہے، فنا کر دیا تھا،

ایران میں بابل کے اثر سے ستارہ پرستی بہت عام تھی، اسی کا اثر ہے کہ فارسی لٹریچر میں افلاک اور ستاروں کی کارفرمائی آج تک نمایاں ہے، زردشت نے اس تاریکی میں اپنی آگ روشن کی، اور نور و ظلمت یا خیر و شر کے دو خالق یزدان و اہرمن اس کے دو خدا اور آگ اس کی مسجود بنی، اسلام سے کچھ صدیاں پیشتر مانی نے مسیحیت اور مجوسیت کی آمیزش سے مذہب کا ایک مرقع تیار کیا تھا جس میں نور و ظلمت کے فلسفہ کا ایسا گورکھ دھندا بنایا تھا جس سے آخیر تک اس قوم کو نکلنا نصیب نہ ہوا، اس کی تعلیم یہ تھی کہ دنیا سے گوشہ گیری کر کے اس کو ویران و برباد اور ترکِ ازدواج سے نسلِ انسانی کو منقطع کر دیا جائے تاکہ بدی کا خاتمہ ہو جائے[1] اخلاقی حیثیت سے محرمات کا وجود ہمیشہ ان کے ہاں مختلف فیہ رہا، باپ کی بیٹی کا اور بھائی کا بہن کو اپنی زوجیت

---

[1] کتاب الفہرست ابن ندیم ذکر مانی و کتاب البدء و التاریخ مقدسی، فرقہ مانویہ ج ۵ تاریخ غرر اخبار الفرس ثعالبی مطبوعہ پیرس ص ۵۰۲،

کوئی غیر معمولی بات نہ تھی[1]، یہ سن کر کس قدر حیرت ہوگی کہ یزدگرد ثانی جو پانچویں صدی عیسوی کے وسط میں وہاں کا بادشاہ تھا، اس نے اپنی بیٹی سے اپنا عقد کیا، اور پھر اس کو قتل کر ڈالا[2]، عورتوں کو اس قوم اور اس مذہب میں جو حیثیت حاصل تھی، وہ ان افسانوں اور مقولوں سے ظاہر ہے، جو ایرانی ادبیات کا اب بھی جزو ہیں، اور جو شاہنامہ کے اوراق میں اب بھی ہر شخص کو نظر آسکتی ہے، عورتوں کی بیوفائی، بداخلاقی اور ان پر عدم اعتماد ایرانی تمدن کا سب سے بڑا جزو تھا، سلاطین اور امراء درجہ بدرجہ رعایا کے خدا اور دیوتا تھے، جن کو سجدے کئے جاتے تھے[3]، ان کی الوہیت کے گیت گائے جاتے تھے، ان کے دربار میں کوئی بیٹھ نہیں سکتا تھا، ان کے خلاف کوئی لب کشائی کی جرأت نہیں کرسکتا تھا، ان کے جرائم پر ان کو سزا نہیں دیجا سکتی تھی، عایا ان کے مظالم کے سامنے دم نہیں مار سکتی تھی

ملک کا بڑا حصہ رومی عیسائیوں کی دائمی جنگ سے پریشان حال تھا، اور گرجاؤں اور آتشکدوں کی باہمی آویزش کا غیر مختتم سلسلہ قائم تھا، جب رومی فاتح ہوتے، تو آتش خانے ٹوٹ کر کلیسے بن جاتے، اور جب ایرانی غالب آتے تو کلیسے ٹوٹ کر آفتاب دیوتا کے معبد اور آتش خانے تعمیر ہوجاتے، یہودیوں پر جو مظالم توڑے جاتے تھے، اس کا ایک مختصر سا نقشہ توراۃ کے قصۂ ایستر میں نظر آتا ہے، اور بعد کو مفتوح عیسائیوں پر وہ جس جس طرح ظلم کرتے تھے، اسکی تفصیل گبن کے اوراق

---

[1] تاریخ غرر اخبار الفرس ثعالبی، مطبوعہ پیرس صفحہ ۱۲، ابوداؤد میں ہے کہ حضرت عمرؓ نے اپنے زمانہ میں حکم دیا کہ مجوسیوں کو اس فعل شنیع سے باز رکھا جائے، (کتاب الخراج والامارۃ والفئی جلد دوم ص ۲۶ [2] مورخین کی تاریخ عالم ج۱ ص۱۰۸ [3] غرر اخبار الفرس ثعالبی ص ۵۰۰، پیرس،

میں منتشر طور پر ملے گی،

بعثت سے پہلے جہانبانی کا قرعہ قباد اوّل بن فیروز کے نام پڑا، بیرونی حملوں اور اندرونی بدنظمیوں کا سلسلہ روز بروز بڑھتا گیا، آخر رعایا نے قباد کو قید کردیا[1]، قباد نے قیدخانہ سے بھاگ کر تاتاریوں کے پاس پناہ لی، اور اُن کی اعانت سے دوبارہ تاج حاصل کیا، لیکن ملک پر اس سے بھی زیادہ مصیبت یہ نازل ہوئی کہ اُس کے عہد میں مزدک نام ایک شخص پیدا ہوا، جو اس امر کی تعلیم دیتا تھا کہ دولت اور عورت کسی خاص شخص کی ملک نہیں، بلکہ اُن کو تمام جماعت میں مشترک ہونا چاہئے، چنانچہ ایک شخص کی بیوی مزدک کے عقائد کی رو سے، ہر شخص کے ساتھ ہم بستر ہوسکتی تھی، عیش پرست اور ہوس ران امرا اور عوام دونوں نے اسکو خوشی خوشی قبول کیا[2]، اس مذہب نے بہت جلد شاہی سایہ میں ترقی حاصل کی، اور خود قباد نے اس دین کی ترویج و اشاعت میں نمایاں حصہ لیا، قوم کی اخلاقی حالت پر اس تعلیم کا جو اثر پڑ سکتا ہے، وہ ظاہر ہے، نتیجہ یہ ہوا کہ سارا ملک عیش پرستی اور ہوس رانی کے نشہ میں سرشار ہوگیا،

۵۳۱ء میں قباد کی جگہ خسرو نوشیرواں نے لی، ایرانیوں میں اس کی عدل پروری تک مشہور ہے، مگر اُس کو یہ مبارک لقب اپنے عزیزوں اور اقربوں اور ہزاروں بے گناہوں کے قتل کے بدولت ملا، مزدکی فتنہ کو اُس نے تلوار کے زور سے دبایا اور کیش زردشتی کو دوبارہ فروغ دینا چاہا، مگر خود اس کا بیٹا نوشزاد تثلیث پرستی کی طرف مائل تھا، اُس کے پاداش میں قید ہوا، قید سے بھاگ کر ایک عیسائی فوج لیکر زردشتیوں سے صف آرا ہوا اور مارا گیا،

---

[1] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا طبع یازدہم جلد ۲۱ ص ۲۲۴، [2] غرر اخبار الفرس ثعالبی ص ۵۹۰ پیرس،

۵۷۹ء میں نوشیروان نے وفات پائی، اور ایران کا پایۂ تخت، ہرمز چہارم کے حصہ میں آیا، اغیار کی دست اندازیوں کے ساتھ اندرونی بدنظمی، اور باہمی خانہ جنگی، بادشاہوں کی تغافل شعاری، امرا کی عیش پرستی اور عوام کے اخلاقی انحطاط میں برابر ترقی ہی ہوتی گئی، یہانتک کہ ۶۳۲ء میں مجاہدین اسلام کی فتحمندی کے طوفانی صرصر کے سامنے ملک فارس کی ٹمٹماتی ہوئی شمع ہمیشہ کے لئے بجھ گئی۔

اوپر کے بیانات سے معلوم ہوا ہوگا کہ ایران کی سرزمین نغمۂ توحید سے کبھی گوش آشنا نہیں ہوئی، اخلاق کے متعدد ابواب ہیں، جو اُن کے آئین میں کبھی داخل نہیں ہوئے، یزدان واہرمن، نور وظلمت اور خیر وشر کی بھول بھلیوں نے اُن کو ہمیشہ سرگردان رکھا، حکومت اور شاہی کے متعلق اُن کا تخیل خدائی کا ہمرتبہ تھا، اسلام و فارس کی جنگ میں مغیرہ بن شعبہ مسلمانوں کی طرف سے سفیر بن کر جب سپہ سالار ایران کی بارگاہ میں گئے، اور آزادی کے ساتھ جاکر اُس کے برابر بیٹھ گئے، تو ایرانی امیروں کو اس میں اپنے نائب السلطنت کی توہین نظر آئی، اور مغیرہؓ کو سامنے سے ذلت کے ساتھ اٹھا دیا، انھوں نے جواب میں کہا، ہم عربوں کا یہ دستور نہیں کہ ایک خدا بن کر بیٹھے، اور دوسرے اُس کے سامنے غلامی اور بندگی کریں[1]،"

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت سے تقریباً ڈیڑھ صدی پیشتر سے ایران میں جس قسم کا سیاسی انحطاط شروع ہوگیا تھا، وہ روز بروز بڑھتا ہی گیا، اس سے بخوبی واضح ہوتا ہے کہ فارس کے روحانی آتشکدہ میں اب زندگی کی کوئی چنگاری باقی نہیں رہ گئی تھی، اسی لئے جب اسلام کا نور طلوع ہوا، تو اس کے شیوع کے لئے کوئی دوسرا پردہ بیچ میں حائل نہ ہوا، سرجان ملکم جن کا مسیحی تعصب

[1] تاریخ طبری واقعات ۱۴ھ ص ۴، ۲۲۷، مطبع بریل،

عساکر اسلامی کو اُن کی زبان سے "قزاقانِ عرب" کا لقب دلواتا ہو، فتحِ فارس کے متعلق حسبِ ذیل رائے دیتے ہیں،

"یزدجرد ثالث کا عہدِ حکومت اسلئے یادگار ہو کہ اسی زمانہ میں فارس کی قدیم شہنشاہی کا تختہ برہنہ تن "سوسمار خوارون" کے ایک ستہ نے الٹ دیا کہ اسی تحقیر آمیز لقب کیساتھ عرب قبائل کے یہ مغرور ہمسایہ اُن کا ذکر کرتے تھے، اس انقلابِ عظیم کی علت کوئی معمولی سبب نہیں ہوسکتا (مسلمان) فارسی مورخین کچھ تو اپنے حُبِ وطن اور کچھ اپنی وہم پرستی کی بنا پر اس واقعہ کو ایک معجزۂ عظیم خیال کرتے ہیں جس کے ذریعہ سے خدا نے محمد کی صداقت کو ظاہر کر دیا، لیکن جو لوگ دنیاوی حیثیت سے اس واقعہ پر غور کرتے ہیں، انھیں فوراً نظر آجاتا ہے کہ فارس کی ایسی سلطنت جو عیش پرستی کے ہاتھوں لاغر و نحیف ہو چکی ہو جس میں اندرونی مناقشات کے باعث بدنظمیاں پھیلی ہوئی ہوں، جو بیرونی محاربات سے یکسر خستہ و ناتوان ہو اور جو اپنی کبر سنی اور نقاہت سے قعرِ زوال کی جانب خمیدہ پشت ہو، اس کے لئے پُر جوش قزاقانِ عرب کی مدافعت کرنا سخت دشوار تھا"[۱]

مگر سوال یہ ہے کہ پاک نژاد ساسانیوں کی خستگی و ناتوانی، نقاہت و کمزوری "قزاقانِ عرب" ہی کی ترقی کی کیوں تمہید بنی؟ کیا دفعتہ عربوں کے پاس اس سے زیادہ سامان جنگ اور سپاہی تھے جو عراق و ایران کے اخیر اخیر معرکوں میں بھی ایرانی عربوں کے مقابلہ میں لاتے رہے، واقعہ یہ ہے کہ زرتشت کی آگ میں اب گرمی نہیں باقی رہی تھی، نور و ظلمت، خیر و شر، نیکی و بدی کے فلسفہ نے ایران کی ہر قسم کی عملی طاقت فنا کر دی تھی، "یزدان اور اہرمن" کی دو عملی حکومت نے روحانی امن و امان کی سلطنت برباد کر دی تھی، بیسیوں چھوٹے بڑے فلسفیانہ مذہبی فرقے

(۱) علامہ صاحب کی تاریخ ایران جلد اول ص ۱۲۲

پیدا ہوگئے تھے جن میں سب سے اہم مانوی فرقہ تھا، جو عیسائیت اور مجوسیت کا معجون مرکّب تھا، آخر میں مزدک کے فرقہ کی بہیمانہ تعلیم نے ایران کی اخلاقی روح کو اور بھی موت سے قریب کر دیا، نوشیروان نے تلوار کی نوک سے اس فتنہ کو دبایا، اور اس کے صلہ میں "بادشاہ عادل و دادگر" کا خطاب بھی پایا، تاہم ایران کی روحانی زندگی ان خون کے چھینٹوں کے بعد بھی اسی طرح تشنہ لب رہی جس طرح پہلے تھی، اور منتظر تھی کہ دنیا کے خشک صحرائے عرب سے چشمہ اُبل کر ادھر آئے، تو وہ اپنی پیاس بجھائے

**عیسائی روم**

آغاز اسلام کے وقت جس قدر ایران کے جسمانی و روحانی شہنشاہی کے اوراق منتشر و پراگندہ تھے، روم کی قبائے سلطنت اس سے کچھ کم کرم خوردہ نہ تھی، حالانکہ یہ وہی روما الکبریٰ ہے جو یونان کے زوال کے بعد دنیا کی سب سے بڑی سلطنت سمجھی جاتی تھی، اور جس کے ایک تاجدار جولیس سیزر کا نام ہمیشہ کے لئے قیصر کی صورت میں بادشاہ و شہنشاہ کے مرادف بن گیا، حضرت عیسیٰ علیہ الصلوٰۃ والسلام اسی سلطنت میں مبعوث ہو کر دنیا کو امن و سلامتی کا پیام سنا کر رخصت ہوئے، اُن کے رفع و صعود کے بعد ہی اُن کے شاگردوں میں فرقہ آرائیاں شروع ہوئیں، اور بالآخر پال نے جو ایک نو عیسائی یہودی تھا، اس طرح عیسائیوں پر غلبہ پایا کہ اس کے بدعات کی تاریکی میں اصلی عیسویت ہمیشہ کے لئے دفن ہو گئی، اور باپ بیٹے روح القدس کا مشرکانہ عقیدہ اس میں داخل ہو گیا، اور توراۃ جس کا کوئی نقطہ خود حضرت عیسیٰؑ بھی مٹا نہیں سکتے تھے[2]، وہ اُن کی روحانی شاگردی کے مدعی (پال) کے ہاتھوں ہمیشہ کے لئے لعنت[3] قرار پائی، ۳۲۵ء میں رومی سلطنت کے مشرقی و مغربی

---

[1] تفصیل کے لئے فہرست ابن ندیم دیکھو صفحہ ۴۴۲، [2] انجیل متی ۵-۱۷-۱۸، [3] یہ مضامین عیسائیوں کی انجیل کے مختلف بیانات و خطوط میں جابجا بتصریح مذکور ہے،

دو حصے ہوگئے، مشرقی حصہ کے تاجدار قسطنطین اعظم نے عیسائی مذہب اختیار کیا، اور رفتہ رفتہ پوری رومی حکومت میں یہ مذہب پھیل گیا، مگر درحقیقت اس مشرقی تاجدار روم کے اس قبول مذہب کا جذبہ اخلاص و صداقت سے زیادہ سیاست اور سلطنت کی مصلحت پر مبنی تھا، نتیجہ یہ ہوا کہ اب باپ بیٹے اور روح القدس کی تثلیثی الوہیت میں ہر نیا ملک جو فتح ہوتا اس کا دیوتا کسی نہ کسی نام اور رسم سے اس مذہب میں شامل ہو جاتا، تخت سلطنت کے غیر متوقع حصول نے مذہبی خاکساروں میں یہ حوصلہ پیدا کر دیا کہ کلیساؤں نے مذہبی شہنشاہی کا خواب دیکھنا شروع کر دیا، اس کے لئے عقائد کی وہ لڑائیاں کھڑی کی گئیں کہ شاہانہ سایہ میں بیٹھکر نسلوں نے خدا کے دین کا خاکہ تیار کیا، اتحاد اور اجتماع کی ہر نئی کوشش نئی مذہبی تفرق کا پیش خیمہ ثابت ہوئی، اور ایک عیسوی مذہب ایک صدی کے اندر اندر بیسیوں فرقوں میں تقسیم ہو گیا،

۳۳۷ء میں قسطنطین کی وفات پر مذہبی خانہ جنگیوں کے ساتھ ساتھ رومیوں کی سیاسی خانہ جنگیوں کی زیر خاکستر آگ بھی زور شور سے شعلہ زن ہوئی، اعیان سلطنت میں مختلف گروہ بن گئیں، اور باہمی نفاق اور فتنہ و فساد کا بازار گرم ہو گیا، بالآخر سلطنت روم مختلف صوبوں میں تقسیم ہو کر مختلف دعویداروں حکومت کے حصہ[1] میں آئی، ناقابل فرمانرواؤں کی کمزوری دیکھکر ایک طرف گوتھ، ونڈال وغیرہ بعض وحشی قوموں نے حملے شروع کئے، اور دوسری طرف خود دور افتادہ صوبوں کی رعایا بغاوت پر آمادہ ہو گئی، نتیجہ یہ ہوا کہ پانچویں صدی عیسوی کے خاتمہ تک سلطنت روم کا مغربی بازو جو برطانیہ، فرانس وغیرہ پر مشتمل تھا، بالکل کٹ گیا، اور خود روم کا

---

[1] گبن کی تاریخ زوال و انحطاط سلطنت روم جلد اول ص ۴۸۸ و ۴۹۱،

Marfat.com

دار الحکومت دشمنوں کے حملوں سے محفوظ نہ رہ سکا۔[1] اس وقت یعنی پانچویں صدی کے بیچ میں لوگوں کو صاف نظر آ رہا تھا کہ اُن کے مورثِ اعلیٰ نے جو بارہ کرگسوں کو خواب میں دیکھا تھا اور جس کی بنا پر اس زمانہ کے کاہنوں نے یہ پیشینگوئی کی تھی کہ یہ سلطنت بارہ صدیوں تک قائم رہے گی، اب اس پیشینگوئی کے پورا ہونے کا وقت آگیا، مورخ گبن اس زمانہ کی تصویر ان لفظوں میں کھینچتا ہے :-

"اس پیشینگوئی نے جس پر اس قوم نے اپنے عروج و اقبال کے زمانہ میں کبھی اعتنا بھی نہ کی تھی، اب بارہ صدیوں کے خاتمہ پر جب کہ ہر طرف سے ذلت اور بدقسمتی کا سامنا تھا اہلِ روم کو یاس آمیز جذبات سے پُر کر دیا... لیکن اُن کے زوال کی علامتیں کرگسوں کے خواب سے زیادہ واضح و نمایاں موجود تھیں، رومن حکومت مخالفین کی نظروں میں روز بروز زیادہ مکروہ اور خود اپنی رعایا کی نظر میں زیادہ ظالمانہ اور ناقابلِ برداشت ہوتی جاتی تھی، کفایت شعاری جتنی زیادہ ضروری ہوتی جاتی تھی، اُسی نسبت سے اُسکی جانب سے بے اعتنائی بڑھتی جاتی تھی، اور جس نسبت سے رعایا کے مصائب روز افزوں تھے، اسی نسبت سے ٹکس میں اضافہ ہوتا جاتا تھا"[2]

امراء نے اپنے مصارف کا بار بھی عام رعایا پر ڈالنا شروع کیا، جس کے باعث وہ اپنی قلیل آمدنی سے بھی محروم ہوگئی، محصول کی عدم ادائگی کی صورت میں رعایا پر اس قدر جبر کیا جاتا تھا کہ اس کے دل میں حکومت کی طرف سے نفرت و عداوت پیدا ہوگئی، یہاں تک کہ وہی رومن قوم جو کبھی اپنے اس لقب پر فخر کرتی تھی، اب اپنے کو اس قوم کی طرف منسوب کرتے شرمانے لگی، اور رومن حکومت پر سرِ وحشی سے وحشی سلطنت کی محکومیت کو ترجیح دینے لگی، امراء، وزراء، اور سلاطین خود

---

[1] گبن کی تاریخ زوال و انحطاط سلطنت روم" جلد دوم باب ۳۶ و باب ۳۰ [2] ایضاً ۱۶۴،

اپنی ناعاقبت اندیشیوں سے رعایا کو اپنا دشمن بناتے، اور جب بغاوت ہوتی تو فوج کشی کرتے، اور ناکام رہتے، غرض اندرونی بدنظمیوں سے ملک کی یہ نوبت پہنچ گئی تھی کہ گبن کے الفاظ میں

"اگر اس وقت روم کے تمام بیرونی وحشی مخالفین فنا بھی ہو جاتے، تو اُن کی مجموعی معدومیت بھی سلطنت کے مغربی بازو کو زوال و بربادی سے نہیں بچا سکتی تھی"[۱]

پانچویں صدی کے خاتمہ پر مغربی حصہ کے نکل جانے کے بعد مشرقی صوبوں تک یعنی ڈینوب سے لیکر دجلہ و نیل تک کی سرزمین روم کے ماتحت رہ گئی تھی لیکن اس کی حالت بھی روز بروز نازک سے نازک تر ہوتی جاتی تھی، مورخین کا بیان ہے کہ رومن فوج کی مجموعی تعداد، جو ایک زمانہ میں ۶۴۵۰۰۰ تھی، اب شاہ جسٹینین کے زمانہ میں (یعنی سنہ ۵۲۷ء) گھٹکر ایک چوتھائی سے بھی کم یعنی کل ۱۵۰۰۰۰ رہ گئی تھی، اور وہ بھی نہایت متفرق و ابتر حالت میں (رعایا کی جیبیں خالی تھیں فوج کی تنخواہیں چڑھی ہوئی تھیں) اور امراء و اعیانِ سلطنت اپنے ذاتی مصارف کے لئے ہر طرح کے جعل و فریب، رشوت ستانی، اور لوٹ مار کو جائز رکھتے تھے، فوج میں یوں تو بہت سے سپاہیوں کے نام لکھے ہوئے تھے لیکن میدانِ جنگ میں جانے کے وقت بہت تھوڑے لوگ تیار ہوتے، فوجی افسرانِ جنگ کے بجائے اپنا وقت باہمی حسد و رقابت میں صرف کرتے اور ہر افسر کی یہ کوشش رہتی کہ دوسرے افسر کی بدنامی و ذلت سے فائدہ اٹھا کر خود ترقی و منصب حاصل کرتے[۲]

اندرونی بدنظمیوں پر مستزاد یہ تھا کہ بیرونی غنیم اہلِ روم کو ایک دم کے لئے چین نہ لینے دیتے

---

۱؎ گبن کی تاریخ زوال و انحطاط سلطنتِ روم، جلد دوم ص ۴۶۱ ۲؎ حوالہ مذکور جلد ۳ ص ۱۱۳

Marfat.com

نہیں دیتے تھے، روم و فارس کے درمیان مدت سے لڑائیوں کا ایک غیر منقطع سلسلہ جاری تھا، پھر لومبارڈس، گوتھس، ونڈالس وغیرہ کے پیہم حملے، روم کی رہی سہی قوت کو اور بھی پامال کررہے تھے،

الغرض چھٹی صدی عیسوی کے خاتمہ پر یعنی خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کی ولادت کو دو چار سال ہی، روم بقول گبن کے، اپنے زوال کے پست ترین نقطہ تک پہنچ گیا تھا، اور گبن کی زبان میں، اس کی مثال بعینہٖ اس عظیم الشان درخت کی ہوگئی تھی جس کے سایہ میں ایک وقت تمام اقوامِ عالم آباد تھیں، مگر اس پر ایسی خزان آئی، کہ برگ و بار کے ساتھ اسکی شاخیں، اور ٹہنیاں بھی رخصت ہوگئی تھیں، اور اب خالی تنہ خشک ہورہا تھا خود پایہ تخت کے اندر غنیم کے گھس آنے کا ایسا خوف تمام آبادی پر چھایا ہوا تھا کہ تقریباً کل کاروبار بند ہوگئے تھے، وہ بازار اور تماشا گاہیں جہاں دن رات چہل پہل رہتی تھی، اب ویران اور سنسان پڑی تھیں، عیش پرستی کا یہ عالم تھا کہ لوگ ایک عرصہ سے تاہل کے بجائے تجرد کی زندگی زیادہ پسند کرتے تھے، تاکہ زیادہ آسانی اور آزادی کیساتھ اپنے شہوانی جذبات کی تشفی کرسکیں،

ملک کی عام سیاسی و اخلاقی حالت سے قطع نظر کرکے جب ہم مذہبی پہلو پر نظر کرتے ہیں تو اس سے بھی زیادہ دلخراش تصویر نظر آتی ہے، بُت پرست، عایا کو چھوڑ کر جو ستاروں، دیوتاؤں اور بتوں کی پوجا میں بدستور مصروف تھی، اور لوگ جنھوں نے عیسائیت قبول بھی کرلی تھی، وہ بھی باپ، بیٹا، روح القدس، اور مریم کی خدائی کے معتقد تھے، حضرت عیسیٰؑ اور مریمؑ اور روح القدس کی شخصیت و مرتبہ کی تعیین نے بیسیوں فرقے پیدا کردیئے تھے، جن میں زبانی مناظروں سے گذر کر

گبن جلد ۴ ص ۳۱۳

جنگ وجدل کی نوبت آگئی تھی، یہانتک کہ ۵۱۴ئہ میں خود عیسائیون کے دوگروہون کے درمیان ایک عظیم الشان مذہبی جنگ چھڑی جس میں ۵۰۰۰ عیسائیون کو خارج البلد ہونا پڑا[1] اس جنگ عظیم کے علاوہ ہمہ وقت ہر فریق دوسرے فریق کے خون کا پیاسا رہا کرتا، اور بار ہا چھوٹی چھوٹی باتون پر کشت وخون کی نوبت آجاتی، پادریون نے اپنے منصب مذہبی کو حصول جاہ کا ایک ذریعہ قرار دے لیا تھا، اس بنا پر محض حب جاہ کی خاطر وہ ہر طرح کی ناجائز کوششون میں مصروف رہتے پادریون کے ایک اسقف اعظم، سینٹ سرل نے جو جو سفاکیان کی ہیں، اُن کی تفصیل کیلئے ایک پوری کتاب درکار ہے[2] ایک مرتبہ اُس نے اپنے مریدون کو ہمراہ لیکر غیر مسلح یہودیون پر دھاوا کیا، اور ان سب کو جلاوطن کردیا، ان کا مال اسباب سرل کے مریدون کے ہاتھ لگا اور اُن کے معابد زمین کے برابر کردیئے گئے، سرل کا حریف ارسٹس نامی پادری تھا، ایک روز جب ارسٹس راستہ سے گذر رہا تھا تو ۵۰۰ راہبون کی جماعت اس پر ٹوٹ پڑی اور اپنی سنگ باری سے اس کو خون میں نہلا دیا[3] سرل کی ایک خاتون دوست ہیشیا نامی تھی، ایک روز وہ اپنی درسگاہ سے واپس آرہی تھی کہ راہبون کے ایک بہت بڑے گروہ نے اس پر حملہ کردیا گاڑی سے اُتار کر برہنہ کی گئی، اور اس حالت مین تمام شہر کی سڑکون پر گھسیٹتے ہوے اُسے کلیسا میں لائے، جہان پہنچکر پادری پیٹر کے گرزسے اس کا خاتمہ کردیا گیا قتل کے بعد اس کا گوشت ہڈیون سے جدا کیا گیا، پھر ٹکڑے ٹکڑے کرے گئے، اور لاش جسم کو آگ میں ڈالدیا گیا[4] ایسے ہیں جن کے ذکر سے آج قلم لرزتا ہے، مگر عیسائی مذہب کے علمبردارون کا سب سے روشن کارنامہ تو

[1] گبن جلد ۳ صفحہ ۳۴۴ [2] ایضاً صفحہ ۳۴۲ [3] ایضاً ۵۳ [4] ایضاً نیز ڈریپر تاریخ معرکہ آرائی مذہب وسائنس صفحہ ۵۵

یہی حالت اُن تمام ملکوں کی تھی، جہاں رومیوں کے زیر سایہ عیسوی مذہب پھیلا ہوا تھا، یعقوبی، نسطوری، اور دوسرے فرقے جو سرکاری عیسوی مذہب سے الگ تھے، وہ دور دراز صوبوں اور ملکوں میں اپنی پناہ ڈھونڈھتے تھے، نائیس کی کونسل کے بعد آریوس اور اُس کے حریفوں میں جو معرکہ آرائیاں ہوئیں، انھوں نے اس حقیقت کو واضح کر دیا کہ "شہزادۂ امن" کا مذہب ان جنگجویوں کے ہاتھوں تباہ و برباد ہونے سے بچ نہیں سکتا،

مسٹر مارس، جو پیغمبر اسلام کو نعوذ باللہ، بہت بڑا مکار قرار دیتے ہیں اپنی تاریخ ہندوستان میں ضمناً ایک موقع پر تحریر کرتے ہیں :-

"اس نازک موقع پر (یعنی ظہور اسلام کے وقت) ان بے باکانہ بدعات کے درمیان جو چرچ کو نجس کر رہے تھے، اور اختلافات کے اس غیر منقطع سلسلہ کے درمیان جو چرچ میں ایک تہلکہ ڈالے ہوئے تھی، اگرچہ مشرق میں اصلی مسیحیت کی شعاع نظر آتی تھی لیکن بہت ہی مدھم، روم کے قیصروں کی قوت کچھ تو اندرونی نزاعوں اور کچھ بیرونی حملوں کے باعث اپنی بنیاد سے اکھڑ کر فنا کی طرف تیز رفتاری کے ساتھ جا رہی تھی، یہود بے صبری کے ساتھ گلیلی کے اس حقیر شخص کے مذہب پر نظر کر رہے تھے جس کے دین کو اب شاہ قسطنطین کے مسیحی ہو جانے کے بعد پوری شان و شوکت اور شاہی عظمت حاصل ہو گئی تھی، اور ہر اس تحریک کی مدد کیلئے تیار تھے، جو ایسے قابل نفرت مذہب کا خاتمہ کرنا چاہے..... اہل فارس نہایت غیظ و غضب کیساتھ ان پر جوش و نادار ختمند عیسائیوں کو دیکھ رہے تھے جنھوں نے انکے معبود آتش شمسی کی بے حرمتی کی تھی، اور شرک کی ساری دنیا اپنے برباد شدہ معبودوں اور ڈھے ہوئے معبدوں

ماتم کر رہی تھی، اُن کے انتقام کے لئے آمادہ اور مستعد تھی۔"[1]

مارس صاحب واقعات کی نقشہ کشی میں خواہ کتنا ہی مسیحی رنگ بھریں لیکن نفس واقعات کی صحت اُن کو شاید ہم سے بھی زیادہ مسلّم ہے۔

بہرحال مورخین کا بیان ہے کہ تیسری صدی سے لے کر ساتویں صدی تک مسیحیت کی جو حالت رہی ہے، وہ اس کے لئے باعثِ ننگ ہے، مشرکانہ رسوم نے مذہب کی جگہ لے لی تھی، اصل رومی بت پرستانہ عقیدوں نے مسیحی مذہب کا روپ بھر لیا تھا۔ حضرت مسیح کے ناسوتی اور لاہوتی دو عنصروں کی تحلیل، عصر کو قابو میں لا کرنے کے لئے کی گئی جس سے حضرت مسیح کی مذہبی ایک ہو کی تعلیم ہمیشہ کے لئے اُن کے مذہب سے مٹ گئی، ضعیف الاعتقادی اس درجہ بڑھ گئی تھی کہ قبر پرستی عام ہو گئی تھی، اور ہر بڑے پادری سے اس کی دولت کے بعد دعا مانگی جاتی تھی، ملک شام میں جو بڑے پادری اور بطریق تھے، اُن کے معتقد اُن کو سجدہ کرتے تھے،[2] مسیح و مریم، روح القدس اور حواریین اور مسیحیت کے دیگر اساطین کے مجسمے بنا کر اُن کی پرستش اس کثرت سے ہونے لگی کہ اُس کی نظیر زمانۂ مابعد کے رومن کیتھولک فرقہ کی بت پرستی میں بھی نہیں ملتی۔[3]

سیل صاحب ترجمۂ قرآن کے دیباچہ میں لکھتے ہیں:۔

گرجا کے پادریوں (CLERG) نے مذہب کے ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالے تھے اور امن محبت اور نیکی کو مفقود کر دیا تھا اصل مذہب کو بھول گئے تھے اور اُس کے متعلق اپنی خیال آرائیوں

---

۱؎ مارس کی تاریخ ہندوستان جلد اول صفحہ ۱۶۱ ۲؎ سنن ابن ماجہ باب حق الزوج علی المرأۃ ۳؎ سیل صاحب کا انگریزی ترجمہ قرآن، مقدمہ ص ۵۲ و ۵۳)

Marfat.com

پر جھگڑتے تھے، اسی تاریک زمانہ مین اکثر وہ توہمات جو رومن چرچ کے لئے باعثِ ننگ ہیں، مذہبی صورت میں قائم کئے گئے، خصوصًا ولیون اور مجسموں کی پرستش نہایت بے شرمی سے ہونے لگی"۔

نیس کی کاؤنسل کے بعد مشرقی چرچ روزانہ کے مناظرات مین مشغول ہوگیا، اور ایرینس سیلینس نسطورنیس، اور یوٹیکینیس کے جھگڑون مین ٹکڑے ٹکڑے ہوگیا، انصاف علانیہ فروخت کیا جاتا تھا، اور ہر طرح کی بدعنوانیان ہوتی تھین،

مغربی چرچ میں ڈمیسس اور ارسیی نس نے بشپ کی جگہ حاصل کرنے کیلئے قتل تک نوبت پہنچا دی، اور آخر ڈمیسس کی فتح ہوئی، اس موقع پر کہا جاتا ہے کہ سسی نینس (Sicininus.) کے گرجا میں ۔۔۔۔ ایک دن میں ۱۳۷ آدمی قتل کئے ہوئے پائے گئے، اور کوئی حیرت نہیں کہ یہ لوگ ان جگھون کے اس قدر خواہان ہوتے تھے، اسلئے اس ذریعہ سے اُن کو گران بہا تحفے ملتے تھے، اپنی گاڑیون پر نہایت تزک و احتشام سے نکلتے تھے، اور اُن کے دسترخوان پر بادشاہون سے زیادہ شان و شوکت ہوتی تھی"۔

ان مناقشات کا سبب زیادہ تر شہنشاہ ہوا کرتے تھے، جسٹینین کے وقت مین حالت اور زیادہ خراب ہوگئی، اُس کے نزدیک اپنے عقیدہ کے مخالفون کو مار ڈالنا کوئی جرم ہی نہ تھا، بادشاہون اور پادریون میں عقائد اور اخلاق کی جو خرابیاں پھیلی ہوئی تھیں اُس کا لازمی نتیجہ تھا کہ عوام کی حالت بھی مبتذل ہوگئی اُن کا مقصد صرف روپیہ پیدا کرنا رہ گیا، خواہ کسی ذریعہ سے ہو اور اس روپیہ کو وہ نفاست اور عیاشی مین اُڑاتے تھے"

عقائد کی خرابی کے علاوہ روم اور فارس کی سلطنتیں بھی کمزور ہو گئی تھیں شہنشاہ قسطنطین کے بعد روم کی سلطنت روز بروز کمزور ہوتی گئی، عام طور سے اس کے جانشین بزدلی اور مظالم کیلئے مشہور تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وقت تک ملک کا مغربی حصہ گاتھ لوگون (GOTHS) نے روند ڈالا تھا...... یونانیون کی عیش پسندی اور اخلاقی خرابیوں نے ان کی قوت کو زائل کر دیا تھا رومیون نے عیسوی مذہب کو جس صورت میں قبول کیا تھا اس کی تصویر ڈریپر کے الفاظ مین حسب ذیل ہے،

"دونون (عیسائیت اور بت پرستی) کی باہمی کشمکش کا یہ نتیجہ ہوا کہ دونون کے اصول شیر و شکر ہو گئے اور ایک نیا مذہب پیدا ہو گیا جس مین بت پرستی و عیسائیت دونون کی شانین پہلو بہ پہلو جلوہ گر تھین[1]...... جون جون زمانہ گذرتا گیا، وہ مذہبی عقائد جن کی تفصیل مسیح نے بیان کی ہی متغیر ہو کر ایک عام پسند گر بایۂ اخلاق سے گرے ہوئے مذہب کی شکل اختیار کرتے گئے، ان عقائد مین قدیم یونانی اصنام پرستی کا عنصر مخلوط ہو گیا...... عقیدۂ تثلیث، قدیم مصری روایات کے سانچہ مین ڈھال لیا گیا...... مریم عذرا کو خدا کی مان کا لقب دیا گیا اسی زمانہ مین ایک گروہ مریمی کے نام سے پیدا ہوا، جو حضرت مریم کو بھی شریک توحید کر کے بجائے اقانیم ثلاثہ کے اقانیم اربعہ کا اعتقاد رکھتا تھا جس کی تردید قرآن پاک نے سورۂ آل عمران میں فرمائی ہی اسی کے ساتھ اور بہت سے معتقدات رومی بت پرستون سے لیکر عیسائیت میں داخل کئے گئے، اور نام بدل بدل کر رومی بت پرستون کے دیوتا ان کے رسوم

[1] معرکۂ مذہب و سائنس، ڈریپر ص ۶۲، [2] ایضاً ص ۶۵ : ۶۶،

Marfat.com

مقدس عیسائی کلیساؤں میں جگہ پانے لگے، اور ان مسائل میں نکتوں کے اختلافات باہمی نہایت شدومد سے پیدا ہوئے، یہاں تک کہ ان مذہبی مناقشات کے تصفیہ کے لئے حکومت کو بار بار دست اندازی کرنا پڑتی تھی، رفتہ رفتہ رشوت ستانی کا بازار گرم ہوگیا، اور یہ حالت ہوگئی کہ جو شخص کسی بڑے دنیاوی عہدہ دار کے پاس جتنا رسوخ و تقرب حاصل کرسکتا، اسی نسبت سے اس کو بڑی دینی خدمت مل جاتی۔[1]

یہ تو مسیحی دنیا کے مشرقی حصہ کا حال تھا، مغربی حصہ کی حالت اس سے بھی زیادہ خراب تھی، یہاں رومن امپائر کی ماتحتی میں مذہبی مناصب کے لئے کشت و خون ایک عام معمولی واقعہ تھا، یہانتک کہ بعض دفعہ مقتولین کی تعداد کسی سخت خونریز جنگ کے مقتولوں کے مساوی پہنچ جاتی، چنانچہ ایک مرتبہ جب ایک اعلیٰ مذہبی عہدہ کے لئے دو پادریوں کے درمیان مقابلہ ہوا، تو صرف ایک دن میں ۱۳۷ آدمی کام آئے[2] اس سفاکانہ جدوجہد کا باعث صرف یہ تھا کہ اس زمانہ کے مذہبی عہدے، اکتساب زر، حصول لذائذ اور کسب جاہ کے بہت بڑے ذرائع تھے، چنانچہ نفیس غذائیں پادریوں کے دسترخوان پر رہتی تھیں، اتنی بادشاہوں کو بھی نصیب نہیں ہوتی تھیں۔[3]

سلاطین اور مذہب کے حامیین کے اخلاق کا پرتو عام رعایا اور پیروؤں پر لازمی طور پر پڑا، نتیجہ یہ ہوا کہ بداخلاقی، اسراف اور ہوس پرستی مسیحی دنیا کی آب ہوا میں سرایت کرگئی، لوگ ہر طرح کے ناجائز وسائل سے روپیہ کماتے اور کمال بیدردی کیساتھ اپنے مسرفانہ لہو ولعب اور عیاشی میں اڑا دیتے[4]

---

[1] سیل صاحب کا انگریزی ترجمۂ قرآن مقدمہ صفحہ ۲۶، [2] ایضاً ص ۲۶ [3] ایضاً [4] ایضاً صفحہ ۲۶، ۶۸،

Marfat.com

پوپون نے اور اُن کے بعد درجہ بدرجہ مذہبی عہدہ دارون نے اپنی اپنی جگہ پر شہنشاہانہ بلکہ خدائی کے اختیارات اپنے ہاتھ میں لے لئے تھے جو وہ زمین پر کھولتے تھے، وہ آسمان پر کھولا جاتا تھا اور جو یہان بند کرتے تھے، وہ وہان بھی بند ہو جاتا تھا، قرآن مجید نے اُن کی اسی حالت کا ذکر اس آیت مین کیا ہے کہ اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ انھون نے خدا کو چھوڑ کر اپنے عالمون اور درویشون کو اپنا خدا بنا لیا تھا،

دینداری کا سب سے اہم جزء تجرد کی زندگی اور رہبانیت تھی، ہر قسم کے آرام و آسائش سے جسم کو محروم کرکے ہر قسم کی تکلیف و عذاب مین اپنے کو تمام عمر مبتلا رکھنا بہترین عبادت تھی کسی نے تمام عمر غسل نہ کرنے کی قسم کھائی تھی، کسی نے اپنے کو دلدل میں ڈال دیا تھا، کوئی اپنے کو بوجھل زنجیرون مین جکڑے ہوئے تھا، کسی نے سایہ میں بیٹھنے کو اپنے اوپر حرام کر لیا تھا کسی نے اپنے کو اندھیری کوٹھری میں بند کر لیا تھا، ماں باپ، عزیز و قریب اہل و عیال دینداری و تقوی شعاری کی راہ کے کانٹے تھے، اُن سے پرہیز، بلکہ اُن سے نفرت کمال تقوی سمجھا جاتا تھا اُس پر فخر کیا جاتا تھا[1]

ہندوستان | دنیا کے اُن متمدن ملکون میں جہان کوئی با اثر مذہب قائم تھا، ایک ہندوستان بھی ہے، ہندوستان کے تمدن کے پانچ مختلف دور گذرے ہین، ایک اصلی ہندو، ویدک عہد جو دو ہزار سال ق م سے لیکر تقریبًا چودہ سو سال ق م تک رہا، دوسرا دور جنگ یعنی جس مین کورون اور پانڈون وغیرہ کے مناقشات رہے، اور جو چودہ سو ق م سے لیکر تقریبًا ایک ہزار قبل مسیح تک رہا، تیسرا دور عقلیت جس میں حکما و عقلیین کا دور دورہ تھا، اور جو ایک ہزار قبل

[1] تاریخ اخلاق یورپ لیکی کی دوسری جلد میں یہ واقعات مفصل لکھے ہین۔

مسیح سے لیکر تقریباً تیسری قبل مسیح کے نصف تک رہا، چوتھا دور بودھ جس میں اس مذہب کا عروج تقریباً دو سو پچاس قبل مسیح سے لیکر پانچویں صدی عیسوی کے خاتمہ تک رہا، پانچواں دور پُرانک جس میں بجائے وید یا گوتم بدھ کی تعلیمات کے پرانوں کی تلقین پر عمل درآمد تھا اور یہ عہد تقریباً پانچویں صدی عیسوی کے اواخر سے لیکر مسلمانوں کے داخلۂ ہند تک قائم رہا،

مورخین کا اجماع ہے کہ قدیم ہندوستان کی تاریخ میں سب سے زیادہ تاریک اور نقائص سے معمور آخری دور ہی ہے جو تقریباً سنہ ۵۰۰ء سے شروع ہوتا ہے اس دور کے نمایاں خصوصیات حسب ذیل تھے

۱- شرک جو ابتدا ہی سے ہندوستان کے خمیر میں داخل تھا، اب وہ حدِ اعتدال سے باہر ہوگیا چنانچہ ویدوں میں جو ۳۳ دیوتاؤں کی تعداد تھی، وہ اب بڑھتے بڑھتے ۳۳ کرور دیوتاؤں تک پہنچ گئی،[۱]

۲- ویدک عہد میں اصنام کی پرستش کا رواج نہ تھا لیکن اس زمانہ میں مندروں کے اندر بُت پرستی علی العموم رائج ہوگئی،[۲]

۳- مندروں کے محافظین، بد اخلاقی کے سرچشمے تھے، جو لاکھوں کروروں ناواقف پرستش کرنے والوں کو مذہب کے نام سے خوب لوٹتے،[۳]

۴- ویدک عہد میں ساری ہندو قوم میں یگانگی تھی لیکن اب ذات پاک کی تفریق شروع ہوگئی جو نظام معاشرت کی تباہ کن تھی،[۴]

۵- عورتوں کو محکومیت و غلامی کا درجہ دیا گیا،[۵]

۶- قوانین اس قدر غیر معقول و نا منصفانہ وضع کئے گئے جن سے علانیہ بعض ذاتوں کی پاسداری

---

[۱] آر سی دت کی ہندوستانِ قدیم جلد ۳ صفحہ ۲۷۶ [۲] ایضاً صفحہ ۲۸۱ [۳] ایضاً صفحہ ۲۸۳ [۴] ایضاً صفحہ ۳۰۶ ، [۵] ایضاً صفحہ ۲۲

وحمایت اور بعض پر جبر و ستم مقصود تھا، مثال کے لئے چند قوانین درج ذیل ہیں،

(الف) برہمن کو کسی حالت میں خواہ وہ کتنے ہی سنگین جرم کا مرتکب رہ چکا ہو، سزائے موت نہیں دیجا سکتی،

(ب) کسی اونچی ذات کے مرد کا کسی نیچی ذات کی عورت کیساتھ زنا کرنا کوئی جرم نہیں،

(ج) کسی بودھ راہبہ کیسے کسی عصمت دری کی سزا میں کچھ جرمانہ کافی تھا،

(د) اگر کوئی اچھوت ذات کا شخص کسی اعلیٰ ذات والے کو چھولے تو اُسکی سزا موت تھی،

(ہ) اگر کوئی نیچی ذات والا اپنے سے اونچی ذات والے کو مارے تو اُسکا اعضا قطع کر دینا چاہیے، اگر اُسے گالی دے تو اُس کی زبان کاٹ ڈالنی چاہئیے اور اگر اُسے تعلیم دینے کا دعویٰ کرے تو گرم تیل اُس کے منہ میں ڈالنا چاہئے[1]،

۷۔ راجاؤں کے محل میں بادہ نوشی کثرت سے رائج تھی اور رانیاں اسی حالت میں جامۂ عصمت اتار ڈالتی تھیں[2]،

۸۔ شاہراہوں پر آوارہ گرد جرائم پیشہ افراد کا مجمع لگا رہتا تھا[3]،

۹۔ خدا کی تلاش آبادیوں اور بازاروں میں کرنے کے بجائے جنگلوں اور پہاڑوں میں کیجاتی تھی، جسم کو سخت سے سخت ایذا و تکلیف اُن کی بہترین عبادت تھی،

۱۰۔ اوہام و خیالاتِ فاسدہ، بھوتوں، پلیتوں اور سینکڑوں قسم کے ظنون واوہام اُنکا مذہب تھا اور آسمان سے لیکر زمین تک ہر چیز اُن کا خدا تھی اور ہر ایک سامنے سر جھکا دیتا تھا

---

[1] آریہ ورت کی ہندوستانِ قدیم صفحہ ۳۴۲، ۳۴۳ [2] ایضاً [3] ۲۶۹

اُن کا دھرم تھا، بتون، دیوتاؤن، دیبیون کا شمار اندازہ و قیاس سے باہر تھا، اور اُن کے افسانونکا گیت اُن کا ترانۂ حمد تھا، ظہورِ اسلام کے بعد بھی جو عرب سیاح یہان آتے رہے، انھون نے تیشیا کرنے والے جوگیون کے وہ دردناک حالات لکھے ہین، جن کو پڑھ کر اُن کی حالت پر رحم و افسوس آتا ہے[۱]، اور اسی طرح وہ عرب سیاح جو سندھ اور دکن کے شہرون اور ساحلون سے گذرے ہین، انھون نے معبدون مین پجاری عورتون اور دیوداسیون کی جو اخلاقی کیفیتین لکھی ہین[۲]، وہ حد درجہ شرمناک ہین، اور اس سے زیادہ شرمناک یہ ہے، کہ یہ سب خدا کی خوشنودی، اور مذہبی عقیدہ کے رو سے انجام دیا جاتا تھا،

عورتین جوؤن مین ہاری جاتی تھین ایک عورت کے کئی شوہر ہوتے تھے[۳]، بیوہ ہوکر زندگی کی ہر لذت سے عمر بھر کے لئے قانوناً محروم کردیجاتی تھین، اور اسی لئے شوہر کے مرنے پر بعض عورتین زندہ در آتش ہونا پسند کرتی تھین، لڑائی مین شکست کے خوف کی صورت مین اُن کو خود اُن کے باپ بھائی اپنے ہاتھون سے قتل کرڈالتے تھے، یہان کے بعض فرقون مین عورتین مرد کو، اور مرد عورتون کو ننگا کرکے اُن کی پوجا کرتے تھے[۴]، اور مذہبی تہوارون مین شراب پی پیکر ایسے بدمست ہوتے تھے کہ پھر انھین مان بہن بیٹی اور اپنی پرائی کی تمیز باقی نہین رہتی تھی، اور اس کو وہ نیکی کا کام سمجھتے تھے، شودرون کے نام سے ایک پوری قوم کی قوم ایسی غلامی مین مبتلا تھی کہ تعلیم و تربیت، تہذیب و اخلاق، اور دین و ایمان ہر چیز سے محروم رہنا اس کا فرض تھا،

---

[۱] دیکھو ابوزید سیرافی کا سفرنامہ ص۱۱۵، ۱۸۸۱ء پیرس و آثار البلاد قزوینی ص۸۳ [۲] سفرنامہ ابوزید ص۱۲۸ و احسن التقاسیم مقدسی ص۴۸۳ [۳] مہابھارت کے قصہ کا آغاز پڑھو [۴] ستیارتھ پرکاش سمولاس گیارہ صفحہ ۳۲۶، ۳۲۷ مطبوعہ سید کی پریس لاہور ۱۹۱۰ء

وید کی آواز بھی اس کے کان میں پڑ جائے تو اس میں سیسہ پگھلا کر ڈال دینے کا حکم تھا،
راجاؤں کی بیویوں کی کوئی تعداد قانوناً مقرر نہ تھی، قانون کی بنیاد مساوات انسانی
پر نہیں بلکہ ذاتوں پر تھی، عورتیں فروخت کی جاتی تھیں،

اس مختصر خاکہ سے معلوم ہوا ہوگا کہ بڑا اسلام سے ایک صدی پیشتر سے دیوتاؤں
کی جہنم بھوی بھی شیطانوں کے اس جال میں گرفتار تھی، جس کے شکار فارس روم ہو رہے تھے،

یہود — دنیا کی آبادی اور اصلاح کی سب سے زیادہ اُمید اس قوم سے ہو سکتی ہے، جو سام کی اولاد
میں سب سے پہلے وحی الٰہی کی امانت دار تھی، اسی نے قرآن نے ان سے کہا، وَلَا تَکُوْنُوْا اَوَّلَ
کَافِرٍ بِهٖ (بقرہ - ۵) اور سب سے پہلے تم ہی پیغام الٰہی کے منکر نہ بنو، مگر یہ قوم سخت جانی کے
ساتھ سنگدل بھی ثابت ہوئی، اس نے پتھروں کے سینوں کو پھٹتے اور ان کی چھاتیوں سے
میٹھے پانی کا دودھ بہتے دیکھا اور رہا، مگر پھر بھی اس کے سینہ کا دل پتھر ہی رہا، قرآن نے اپنے زمانہ میں سکو طعنہ دیا

فَهِيَ كَالْحِجَارَةِ اَوْ اَشَدُّ قَسْوَةً — ان کے دل پتھروں کے مانند بلکہ ان سے
(بقرہ - ۹) — بھی بڑھ کر سخت ہیں،

اس نے مختلف زمانوں میں اپنے پیغمبروں کو جھٹلایا، ان کو تکلیفیں دیں، بلکہ ان کو قتل تک
کر ڈالا، حضرت موسیٰؑ اور ان کے بعد کوئی پیغمبر ان میں ایسا نہ آیا جس نے ان کی سنگدلی کا ماتم
نہ کیا ہو، اور ان کی سرکشی پر ان کے حق میں بددعا نہ کی ہو، چنانچہ قرآن مجید نے کہا،

لُعِنَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْۢ بَنِيْٓ — بنی اسرائیل میں سے جنہوں نے کفر کیا ان
اِسْرَآءِيْلَ عَلٰي لِسَانِ دَاوٗدَ وَعِيْسَى — پر داؤد اور مریم کے بیٹے عیسیٰ کی زبان سے لعنت

Marfat.com

ابن مريم ذلك بما عصوا وكانوا يعتدون ۝ كانوا لا يتناهون عن منكر فعلوه لبئس ما كانوا يفعلون ۝ (مائدہ ع - ۱۱)

کی گئی، یہ اس لئے کہ انھون نے نافرمانی کی اور حد سے آگے بڑھتے تھے، اور ایک دوسرے کو اس برائی سے جو وہ کرتے تھے منع نہین کرتے اُن کا کام کتنا بُرا ہے!

حضرت داؤد نے زبور مین کئی دفعہ بنی اسرائیل کی سرکشی اور نافرمانی کا ماتم اپنے سوز وگداز کی لَے مین کیا ہے، زبور ۷۸ مین ہے،

"اے میرے گروہ! میری تعلیم پر کان رکھ، میرے منھ کی باتین کان دھر کے سنو...... تاکہ آنے والی پشت سے وہ فرزند پیدا ہون جو سیکھین، اور وہ خدا پر توکل کرین اور خدا کے کامون کو بھلا نہ دین، بلکہ اُس کے حکمون کو حفظ کرین، اور اپنے باپ دادون کی طرح ایک شریر اور سرکش نسل نہ ہون، نہ ایسی نسل کہ جس نے اپنا دل مستعد نہ کیا اور اُن کی روح خدا سے لگی نہ رہی ............ باوجود اس سب کے پھر انھون نے گناہ کئے اور اُس کے عجائب قدرتون کے سبب اعتقاد نہ کیا...... لیکن انھون نے اپنے منھ سے اُس کے (خدا کے) ساتھ ریاکاری کی، اور اپنی زبانون سے اس سے جھوٹ بولے، اور وہ اُس کے عہد مین وفادار نہ رہے کیونکہ انکے دل انکے ساتھ قائم نہ رہے.... کتنی بار انھون نے بیابان مین اس (خدا) سے بغاوت کی اور وہ ویرانہ مین اُسے بیزار کیا.... تس پر بھی انھون نے خدا تعالیٰ کو آزمایا اور اُسے بیزار کیا، اور اُس کی شہادتون کو حفظ نہ کیا بلکہ برگشتہ ہوئے اور اپنے باپ دادون کے مانند بے وفائی کی، وہ ٹیڑھی کمان کے مانند ایک طرف پھر گئے"

Marfat.com

زبور ۸۱ میں ہے،

"اے میرے لوگو! سنو کہ میں تجھ پر گواہی دوں گا، اے اسرائیل اگر تو میری سنے گا تو تیرے درمیان کوئی دوسرا معبود نہ ہو تو کسی اجنبی معبود کو سجدہ نہ کرنا، خداوند تیرا خدا میں ہوں جو تجھے مصر کی سرزمین سے باہر لایا، اپنا منہ کھول کہ اسے بھر دوں گا، پر میرے لوگوں نے میری آواز پر کان نہ دھرا، اور اسرائیل نے مجھے نہ چاہا تب میں نے اُن کے دلوں کی سرکشی کے بس میں چھوڑ دیا"

بہت سے بنی اسرائیل جو حضرت داؤدؑ سے باغی ہو کر لڑنے پر آمادہ تھے حضرت داؤدؑ نے اُن کے متعلق یہ بددعا کی کہ

" تو وہ خدا نہیں جو شرارت سے خوش ہو، شریر تیرے ساتھ رہ نہیں سکتا، وہ شیخی باز ہیں تیری آنکھوں کے سامنے کھڑے نہیں رہ سکیں گے تو سب بدکرداروں سے عداوت رکھتا ہے تو ان کو جو جھوٹ بولتے ہیں نابود کرے گا ............ اے خداوند اپنی صداقت میں میرا رہبر ہو، میرے دشمنوں کے سبب سے میرے سامنے اپنی راہ کو سیدھا کر ....... اُن کے باطن میں سراسر کھوٹا پن ہے ......... اے خدا تو انھیں ملزم ٹھہرا، ایسا ہو کہ وہ اپنی مشوروں سے آپ ہی گر جائیں ہاں اُن کو اُن کے گناہوں کی کثرت کے سبب نکال پھینک کہ انھوں نے تجھ سے سرکشی کی ہے" (زبور ۔ ۵)

حضرت عیسیٰؑ نے بھی انجیل میں بنی اسرائیل کو لعنت کی اور فرمایا،

"اے ریا کار فقیہو اور فریسیو! تم پر افسوس کہ تم سفیدی پھیری ہوئی قبروں کے مانند ہو جو باہر سے بہت اچھی معلوم ہوتی ہیں پر بھیتر مردوں کی ہڈیوں اور ہر طرح کی ناپاکی سے بھری ہیں"

Marfat.com

اسی طرح تم بھی ظاہر میں لوگوں کو راست باز دکھائی دیتے ہو مگر باطن میں ریاکاری اور شرارت سے بھرے ہو"

اے ریاکار فقیہو اور فریسیو! تم پر افسوس کیونکہ نبیوں کی قبریں بناتے اور راست بازوں کی گوریں سنوارتے ہو اور کہتے ہو کہ اگر ہم اپنے باپ دادوں کے دنوں میں ہوتے تو نبیوں کے خون میں اُن کے شریک نہ ہوتے اسی طرح تم اپنے اوپر گواہی دیتے ہو کہ تم نبیوں کے قاتلوں کے فرزند ہو پس اپنے باپ دادوں کا پیمانہ بھر دو اے سانپو! اور اے سانپوں کے بچو! تم جہنم کے عذاب سے کیونکر بھاگو گے"۔ (متی ۲۳-۲۷-۳۳)

بعینہٖ یہی الزام قرآن نے بھی اُن کو دیا ہے،

| | |
|---|---|
| وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ الْحَقِّ ذٰلِكَ | اور وہ ناحق پیغمبروں کو مار ڈالتے ہیں |
| بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوا يَعْتَدُونَ (بقرہ) | اسلئے کہ وہ نافرمان اور حد سے بڑھنے والے ہیں، |
| قُلْ فَلِمَ تَقْتُلُونَ أَنْبِيَاءَ اللّٰهِ مِنْ | کہہ کہ پھر کیوں اللہ کے نبیوں کو پہلے |
| قَبْلُ إِنْ كُنْتُمْ مُؤْمِنِينَ (بقرہ ۱۱) | تم قتل کرتے رہے اگر تم مومن تھے، |

آل عمران میں اس سے بھی بڑھ کر ہر حق کے داعی اور خیر کے مبلغ کے قتل کر دینے کا اُن پر بجا الزام ہے،

| | | |
|---|---|---|
| إِنَّ الَّذِينَ يَكْفُرُونَ بِآيَاتِ اللّٰهِ | دردناک عذاب کی خوشخبری سنا دو | بیشک وہ لوگ جو اللہ کی آیتوں کا انکار |
| وَيَقْتُلُونَ النَّبِيِّينَ بِغَيْرِ حَقٍّ وَّيَقْتُلُونَ | | کرتے اور پیغمبروں کو ناحق قتل کرتے اور |
| الَّذِينَ يَأْمُرُونَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ | | ہر اس شخص کی زندگی کے دشمن بنجاتے ہیں |
| فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ أَلِيمٍ (آل عمران ۳) | | جو اُن کو عدل و نیکی کی بات سمجھائے تو اُن کو |

Marfat.com

سورۂ بقرہ وآل عمران مین یہودیون کے ایک ایک عیب کو کھول کھول کر بیان کیا گیا ہے، جس سے معلوم ہوتا ہے کہ اُن کے دین وملت کا قوام کتنا بگڑ گیا تھا، اُن کی مذہبی سنگدلی اور تعصب کا سب سے دردناک سانحہ وہ ہے جو اسلام سے ۱۰۰ برس پہلے یمن میں پیش آیا کہ یہودی حمیریوں نے نجران کے عیسائیوں کو گڈھوں مین آگ جلا کر اُن میں جھونک دیا اور وہ کنارے بیٹھے اس حسرتناک منظر کا تماشا دیکھتے رہے چنانچہ قرآن مجید نے اس پر درد داستان کو ان لفظوں مین اُنھین یاد دلایا

| | |
|---|---|
| قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ النَّارِ ذَاتِ | گڈھے والے لوگ مارے گئے، بھڑکتی آگ کے |
| الْوَقُوْدِ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ وَّهُمْ | گڈھے جب وہ ظالم اُن کے کنارے بیٹھے ایمان |
| عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ شُهُوْدٌ | والون کے ساتھ جو کر رہے تھے اسکو دیکھ رہے تھے |
| وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ يُّؤْمِنُوْا | ان کا گناہ یہی تھا کہ وہ غالب اور خوبیون |
| بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۔ (بروج-۱) | والے خدا پر ایمان رکھتے تھے، |

جزئیات کو چھوڑ کر کلی طریقہ سے اُن مین حسب ذیل نقائص تھے،

۱۔ اُن کو اپنے محبوب خدا اور خاص خدا کے کنبہ ہونے پر بے انتہا غرور تھا، وہ سمجھتے تھے کہ ہم کچھ کرین ہم سے قیامت میں مواخذہ نہ ہوگا،

| | |
|---|---|
| نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ (مائدہ) | ہم اللہ کے بیٹے اور اس کے پیارے ہیں |
| وَقَالُوْا لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا | اور کہا کہ ہم کو دوزخ کی آگ ہرگز نہیں |
| مَّعْدُوْدَةً ، (بقرہ-۹) | چھوئے گی لیکن چند روز، |

وہ سمجھتے تھے کہ جنت کی نعمتیں صرف انھی کے لیے خاص ہیں، قرآن نے کہا،

قُلْ اِنْ كَانَتْ لَكُمُ الدَّارُ الْآخِرَةُ عِنْدَ اللّٰهِ خَالِصَةً مِّنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا الْمَوْتَ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ۔ (بقرہ ۱۱)

کہدے کہ اگر آخرت کا گھر تمام لوگوں کو چھوڑ کر صرف تمھارے ہی لئے ہے، تو موت کی آرزو کیوں نہیں کرتے، اگر تم سچے ہو،

وہ سمجھتے تھے کہ نبوت اور رسالت صرف اُن کے گھر کی چیز ہے، کسی دوسرے کا اس میں حق نہیں، قرآن نے اُن کے جواب میں کہا،

ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ (جمعہ ۱) یہ خدا کی مہربانی ہے، وہ جس کو چاہے دے

جو ان میں پڑھے لکھے عالم تھے، وہ خدا کے احکام کو اپنے منشا اور دولتمندوں کی خوشنودی کے لئے اپنی باطل تاویلوں سے اولتے بدلتے رہتے تھے، اور اپنی تصنیفات اور اجتہادات کو کتاب الٰہی کا درجہ دیتے تھے،

يُحَرِّفُوْنَ الْكَلِمَ مِنْ بَعْدِ مَوَاضِعِهٖ (مائدہ ۶) وہ لفظوں کو اپنی مناسب جگہ سے ہٹا دیتے تھے

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ يَكْتُبُوْنَ الْكِتٰبَ بِاَيْدِيْهِمْ ثُمَّ يَقُوْلُوْنَ هٰذَا مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ لِيَشْتَرُوْا بِهٖ ثَمَنًا قَلِيْلًا ۔ فَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا كَتَبَتْ اَيْدِيْهِمْ وَوَيْلٌ لَّهُمْ مِّمَّا يَكْسِبُوْنَ ۔ (بقرہ ۹)

تو پھٹکار ہو اُن پر جو اپنے ہاتھوں سے کتاب لکھتے ہیں، پھر کہتے ہیں، یہ خدا کی طرف سے ہے تاکہ وہ اس سے دنیا کا معمولی فائدہ اٹھائیں تو پھٹکار ہے ان پر جو وہ لکھتے ہیں اور پھٹکار ہو اُن پر جو وہ کماتے ہیں،

جو ان میں ان پڑھ تھے، جاہل تھے، وہ اپنے سنے سنائے قصوں پر ایمان رکھتے تھے

وَمِنْهُمْ اُمِّيُّوْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ الْكِتٰبَ

اور ان میں بعض ان پڑھ ہیں جن کو توراۃ کا

| | |
|---|---|
| اِلَّآ اَمَانِیَّ وَاِنْ هُمْ اِلَّا یَظُنُّوْنَ | علم نہیں لیکن بناوٹی باتیں معلوم ہیں |
| (بقرہ - ۹) | صرف اُن کے خیالات ہیں۔ |

احکام الٰہی میں سے جو آسان اور ضرورت کے مطابق ہوتا، اس کو قبول کرتے اور دوسرے حکموں کو پس پشت ڈالتے۔

| | |
|---|---|
| نَبَذَ فَرِیْقٌ مِّنَ الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ | جن کو خدا کی کتاب دی گئی تھی ان میں |
| کِتٰبَ اللّٰهِ وَرَآءَ ظُهُوْرِهِمْ کَاَنَّهُمْ | سے ایک فریق اللہ کی کتاب پس پشت |
| لَا یَعْلَمُوْنَ (بقرہ - ۱۲) | ڈالتا ہے گویا کہ وہ جانتا ہی نہیں۔ |
| اَفَکُلَّمَا جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ بِمَا لَا | کیا جب جب کوئی رسول تمہارے پاس |
| تَهْوٰٓی اَنْفُسُکُمُ اسْتَکْبَرْتُمْ | وہ لیکر آیا جو تمہاری نفسانی خواہش |
| فَفَرِیْقًا کَذَّبْتُمْ وَفَرِیْقًا تَقْتُلُوْنَ | کے موافق نہ ہوا تم نے غرور کیا تو کچھ |
| (بقرہ - ۱۱) | کو جھٹلایا، اور کچھ کو مار ڈالتے ہو۔ |

ایک دفعہ جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لا چکے تھے، اور یہود نے بھی آپ کی ملکی سرداری کو یک گونہ قبول کر لیا تھا، تو ایک زنا کا مقدمہ آپ کی عدالت میں آیا۔ آپ نے پوچھا کہ تمہارے مذہب میں اس جرم کی سزا کیا ہے، بولے ہم مجرم کو کوڑے مارتے ہیں اور اس کی تشہیر کرتے ہیں، آپ نے اُن سے توراۃ طلب فرمائی، جب وہ لائے اور اس میں سے حکم کی آیتوں کو پڑھ کر سنانے لگے تو بیچ سے سنگ ساری کا حکم چھپا دیا، مگر ایک نو مسلم یہودی عالم نے اس کو پڑھ کر بتا دیا۔ آپ نے فرمایا، خدا وندا میں پہلا شخص ہوں گا جو تیرے مردہ حکم کو زندہ کرے گا۔

(صحیح بخاری و مسلم کتاب الحدود، و ابو داؤد، باب رجم الیہودیین)

آپس میں قتل و خونریزی کا بازار اُن میں گرم تھا، ایک طاقتور قبیلہ دوسرے کمزور قبیلہ کو گھر سے بے گھر کر دیتا تھا، اور پھر کوئی گرفتار ہو جاتا تو فدیہ دیکر اسکو چھڑا بھی لیتے تھے قرآن نے کہا

| | |
|---|---|
| ثُمَّ اَنْتُمْ هٰٓؤُلَآءِ تَقْتُلُوْنَ اَنْفُسَكُمْ | پھر تم ہی لوگ آپس میں ایک دوسرے کو قتل |
| وَتُخْرِجُوْنَ فَرِيْقًا مِّنْكُمْ مِّنْ دِيَارِهِمْ | کرتے اور ایک گروہ کو اُن کے گھروں سے |
| تَظٰهَرُوْنَ عَلَيْهِمْ بِالْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ | نکالتے ہو اُن کے برخلاف گناہ اور ظلم سے |
| وَاِنْ يَّاْتُوْكُمْ اُسٰرٰى تُفٰدُوْهُمْ | مدد کرتے ہو، اور اگر وہ تمہارے پاس قیدی |
| وَهُوَ مُحَرَّمٌ عَلَيْكُمْ اِخْرَاجُهُمْ اَفَتُؤْمِنُوْنَ | بنکر آتے تو تم فدیہ دیکر چھڑاتے ہو حالانکہ اُن |
| بِبَعْضِ الْكِتٰبِ وَتَكْفُرُوْنَ بِبَعْضٍ، | کا نکالنا تم پر حرام تھا، کیا تم کتاب کے کچھ حصہ |
| (بقرہ - ۱۰) | کو مانتے اور کچھ کا انکار کرتے ہو، |

۲- دوسری چیز مال و دولت کی حرص و طمع تھی، اُس کی وجہ سے اُن میں ہر قسم کا اخلاقی اور اخلاقی کمزوری پیدا ہو گئی تھی، کسی بڑے کام کی خاطر وہ اپنی راحت و آرام اور جسم و جان کو قربان نہیں کر سکتے تھے،

| | |
|---|---|
| وَلَتَجِدَنَّهُمْ اَحْرَصَ النَّاسِ عَلٰى | اُن کو سب لوگوں سے زیادہ زندگی کا لالچی |
| حَيٰوةٍ ۚ وَمِنَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا ۚ يَوَدُّ | پاؤ گے، مشرکوں سے بھی زیادہ اُن میں ایک |

اَحَدُهُمْ لَوْ يُعَمَّرُ اَلْفَ سَنَةٍ ۚ (بقرہ-۱۱) ایک چاہتا ہے کہ اسکو ہزار برس کی زندگی ملے

عربوں کے ساتھ اُن کے لین دین کے تجارتی تعلقات قائم تھے، گمروہ سخت نادہند

تھے، اور سمجھتے کہ عربوں کے ساتھ جس قدر سختی اور بددیانتی کا برتاؤ کیا جائے وہ مذہباً منع نہیں، قرآن نے اس معاملہ میں عیسائی اہل کتاب کی تعریف کے بعد اسرائیلی اہل کتاب کی نسبت فرمایا،

وَمِنْهُمْ مَّنْ إِنْ تَأْمَنْهُ بِدِينَارٍ لَّا يُؤَدِّهٖٓ
إِلَيْكَ إِلَّا مَا دُمْتَ عَلَيْهِ قَآئِمًا ۗ ذٰلِكَ
بِأَنَّهُمْ قَالُوْا لَيْسَ عَلَيْنَا فِى الْأُمِّيّٖنَ
سَبِيْلٌ ۚ وَيَقُوْلُوْنَ عَلَى اللّٰهِ الْكَذِبَ
وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ، (آل عمران - ۸)

کتاب والوں میں بعض ایسے ہیں، کہ اگر اُن کو ایک دینار بھی امانت رکھنے کو دو، وہ تم کو اس وقت تک واپس نہ دیں جب تک تم اُن کے سر پر کھڑے نہ رہو، یہ اس لئے کہ وہ کہتے ہیں کہ ان جاہل عربوں کا ہم پر حق نہیں اور وہ جان بوجھ کر

توراۃ میں "اپنے بھائی" کے علاوہ "اجنبی" سے سود لینے کی اجازت کا مطلب وہ یہ لیتے تھے کہ یہود یہود سے نہ لیں، اور اہل عرب جو یہود نہ تھے، اُن سے بھاری بھاری شرح سود وصول کرنا جائز سمجھتے تھے، تعجب پر تعجب یہ تھا کہ اُن کے علما، اُن کو اس سے باز نہیں رکھتے تھے، اس حرام خوری اور اُن کے علما کی اس خاموشی پر اُن کو قرآن نے یوں ٹوکا،

وَتَرٰى كَثِيْرًا مِّنْهُمْ يُسَارِعُوْنَ فِى
الْإِثْمِ وَالْعُدْوَانِ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۗ
لَبِئْسَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ، لَوْلَا يَنْهٰهُمُ
الرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْأَحْبَارُ عَنْ قَوْلِهِمُ
الْإِثْمَ وَأَكْلِهِمُ السُّحْتَ ۗ لَبِئْسَ
مَا كَانُوْا يَصْنَعُوْنَ ، (مائدہ - ۹)

اور اُن میں سے بہتوں کو تو دیکھے گا کہ وہ گناہ اور ظلم کرنے میں اور ایک دوسرے سے بڑھ جانے کی کوشش کرتے ہیں، اُن کے کرتوت کتنے برے ہیں، اُن کے درویش اور عالم گناہ کی بات بولنے اور حرام کھانے سے کیوں نہیں باز رکھتے، اُن کے کام واقعی نہایت خراب ہیں،

Marfat.com

سَمّٰعُوْنَ لِلْکَذِبِ اَکّٰلُوْنَ لِلسُّحْتِ (مائدہ) — جھوٹ کو سننے والے اور حرام کھانے والے ہین،

وَاَخْذِہِمُ الرِّبٰوا وَقَدْ نُھُوْا عَنْہُ وَ — اور اُن کے سود لینے کے سبب حالانکہ وہ

اَکْلِھِمْ اَمْوَالَ النَّاسِ بِالْبَاطِلِ، — اس سے روکے گئے تھے اور لوگون کا مال ناجائز

(نساء - ۲۲) — طریقون سے کھا جانے کی وجہ سے،

اسی لئے وہ توراۃ کی آیتون مین تحریف، اور اُن کے معنون مین تاویل کرکے ایسے فقہی حیلے تراشتے تھے کہ اُن سے ہر حکم کو اپنے مطلب کے مطابق بنا لیتے تھے، خدا نے فرمایا،

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِیْھَا ھُدًی وَّنُوْرٌ — ہم نے توراۃ اُتاری جس میں ہدایت اور روشنی ہے،

یَحْکُمُ بِھَا النَّبِیُّوْنَ الَّذِیْنَ اَسْلَمُوْا — اسی کے مطابق نبی جو تابعدار تھے یہودیون کا فیصلہ

لِلَّذِیْنَ ھَادُوْا وَالرَّبّٰنِیُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ — کرتے تھے، اور اُن کے درویش و عالم بھی خدا کی

بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ کِتٰبِ اللّٰہِ، — کتاب کے جن حصون کو انھون نے بچا رکھا تھا

(مائدہ - ۷) — ان میں سے فیصلہ کرتے،

اس کے بعد اس کے احکام کے اجرا اور خاص کر قصاص کا ذکر کیا، اور فرمایا،

وَمَنْ لَّمْ یَحْکُمْ بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ — اور جو خدا کے اُتارے ہوئے حکم کے مطابق فیصلہ

فَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْکٰفِرُوْنَ، (مائدہ - ۷) — نہ کرے، وہی لوگ کافر ہین،

اُن میں مشرکانہ بت پرستی کے بعض اثرات پیدا ہوگئے، وہ جبت اور طاغوت کی پرستش میں مبتلا تھے، قرآن ان کو خطاب کرکے کہتا ہے،

یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اُوْتُوا الْکِتٰبَ اٰمِنُوْا — اے کتاب والو ہم نے جو اُتارا جو تمھاری کتاب

Marfat.com

بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ..... کی تصدیق کرتا ہے، اس پر ایمان لاؤ،.....

اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَ یَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ، (نساء-۷) خدا شرک کو معاف نہین کرتا، اور اس کے سوا جس کو چاہے معاف کر دے،

.......اَلَمْ تَرَ اِلَی الَّذِیْنَ اُوْتُوْا نَصِیْبًا مِّنَ الْکِتٰبِ یُؤْمِنُوْنَ بِالْجِبْتِ وَالطَّاغُوْتِ وَیَقُوْلُوْنَ لِلَّذِیْنَ کَفَرُوْا هٰۤؤُلَآءِ اَهْدٰی مِنَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا سَبِیْلًا (نساء-۸) .........کیا تو نے اُن کو نہین دیکھا جن کو کتاب کا ایک حصہ دیا گیا، وہ بتون اور شیطانون پر ایمان رکھتے ہیں، اور کہتے ہین کہ یہ کافر مسلمانون سے زیادہ صحیح راستہ پر ہین،

اوہام و خرافات پر اُن کا ایمان تھا، تعویذ، گنڈا، جادو، اور عملیات پر فریفتہ تھے، اور سمجھتے تھے کہ یہ حضرت سلیمانؑ کی تعلیم ہے، (بقرہ-۱۲) لبید اعصم وغیرہ مدینہ میں بہت سے عامل تھے، جو کنگھیون اور بالون مین منتر پڑھ کر پھونکتے تھے[1]،

عرب سے باہر یہودی، یونانی اور رومیون کی حکومتون مین یورپ، افریقہ اور ایشیا کے مختلف ملکون اور شہرون مین اس طرح پراگندہ اور منتشر تھے کہ عرب سے باہر دنیا کی قومون میں اُن کا کوئی شمار نہ تھا، عرب کے اندر جو یہود زمانہ دراز سے آباد تھے، اُن کا بڑا شغل زراعت اور تجارت تھا، سودی کاروبار کرتے تھے، غریب عربون کو اپنے گران شرح سود اور قرضون کے بار میں اس طرح دبائے تھے کہ اُن کی حالت اُن کے سامنے غلامون کی سی تھی، اس سلسلہ میں صرف ایک واقعہ کا ذکر پوری حالت کے اندازہ کے لئے کافی ہوگا،

---

[1] صحیح بخاری جلد دوم کتاب الطب باب السحر ص ۸۵۰،

محمدؓ بن مسلمہ انصاری اور اُن کے رفقا جو مدینہ کے یہودی سردار کعب بن اشرف کے قتل پر مامور ہوئے تھے، وہ اس سے ملنے اور بات چیت کرنے گئے، انھون نے اس سے کہا: اے کعب! اس شخص (محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) نے تو صدقہ وصول کر کر کے ہم کو دق کر ڈالا، اب مین تم سے کچھ قرض لینے آیا ہون، اُس نے کہا خدا کی قسم مجھے معلوم تھا کہ تم اس سے آخر بیزار ہو جاؤ گے، انھون نے کہا میں نے اسکی پیروی اختیار کی ہے لیکن مین اس کو چھوڑنا نہیں چاہتا مجھ کو انتظار ہے کہ معاملہ کی صورت کس رُخ پلٹتی ہے؟ مین تم سے کچھ غلہ قرض لینے آیا ہون اُس نے کہا مگر تم کفالت میں کیا چیز رہن رکھو گے، انھوں نے کہا تم بتاؤ کہ کیا چاہتے ہو اس نے کہا اپنی بیویاں گرو رکھو، انھون نے جواب دیا ہم اپنی بیویان کیسے گرو رکھ سکتے ہیں کہ تمام عرب مین تمھارے حسن کا جواب نہیں، بولا اچھا تو اپنے لڑکون کو گرو رکھو، کہا ہم اپنے لڑکون کو کیسے گرو رکھیں انکی کوئی بے عزتی نہ کرے، یہ ہمارے لئے بڑی شرم کی بات ہے ہان ہم اپنے ہتھیار گرو رکھ سکتے ہین۔[1]

اس سوال وجواب سے اندازہ ہوگا کہ یہود کی اخلاقی حالت کتنی پست اور ذلیل ہو چکی تھی، کوئی غیر عورت اگر اُن کے بازار کی طرف جا نکلتی تو اس کی عزت بچنی مشکل ہو جاتی،[2] کسی بچہ کو ذرا سے زیور کی لالچ میں موقع پا لیتے تو بیدردی سے قتل کر کے زیور اتار لیتے،[3] علمار اور مشیوان میں وہی کیفیت تھی جس کا ماتم اس وقت سے کچھ سو برس پیشتر حضرت عیسیٰ نے کیا تھا یعنی لفظی موشگافیون اور ظاہری دینداری کے سوا روح و اخلاق کا جوہر اُن کے کھو دیا تھا، اسلام جو ابراہیم حنیف کے

---

[1] صحیح بخاری جلد دوم قتل کعب بن اشرف صفحہ ۵۷۶، [2] دیکھو کتب سیر میں غزوۂ بنی نضیر کے اسباب

[3] صحیح بخاری جلد دوم باب من اقاد بالحجر صفحہ ۱۰۱۶،

Marfat.com

ترانۂ توحید اور موسیٰ کی صدائے طور کی آواز بازگشت تھا، وہ اُن کے نزدیک بت پرستوں کے جاہلانہ مذہب سے زیادہ برا تھا، وہ کہتے تھے کہ ان مسلمانوں سے یہ مشرک زیادہ راہ راست پر ہیں[1]

اسلام کی اس مصالحانہ دعوت،

| | |
|---|---|
| يٰۤاَهۡلَ الۡكِتٰبِ تَعَالَوۡا اِلٰى كَلِمَةٍ | اے کتاب والو آؤ اس ایک بات پر سب |
| سَوَآءٍۢ بَيۡنَنَا وَبَيۡنَكُمۡ اَلَّا نَعۡبُدَ اِلَّا | متحد ہو جائیں جو ہم میں تم میں یکساں ہے کہ ہم |
| اللّٰهَ وَلَا نُشۡرِكَ بِهٖ شَيۡـًٔـا وَّلَا يَتَّخِذَ | خدا کے سوا کسی کو اپنا معبود نہ بنائیں اور اس کے |
| بَعۡضُنَا بَعۡضًا اَرۡبَابًا مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ | ساتھ کسی چیز کو شریک نہ ٹھہرائیں اور ہم |
| (آل عمران - ۷) | خدا کو چھوڑ کر ایک دوسرے کو اپنا رب نہ بنائیں |

میں بھی عداوت و دشمنی ہی کی جھلک نظر آتی تھی، اسی طرح مدینہ میں اسلام کی [illegible] کو وہ ٹھکراتے تھے کیونکہ وہ اپنی عظمت کے منافی اس دعوت کے قبول کرنے میں اپنی قومی و مالی و تجارتی عظمت کی بربادی نظر آتی تھی،

جیسا یوں کی نقل میں وہ بھی عزیر (عزرا) کو خدا کا بیٹا کہتے تھے، (وقالت الیہود عُزَیۡرُ ابۡنُ اللّٰہِ (توبہ - ۵) اپنی دولت و ثروت کے غرور میں وہ کہتے تھے [illegible] (مائدہ - ۹) خدا کے ہاتھ بندھے ہوئے ہیں. قرآن کی وہ [illegible] جواب [illegible] اس دعوت کا اثر نہیں ہو سکتا کہ [illegible] ان فقروں سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ وہ اب دنیا میں [illegible] عرب کے یہودیوں کی پراگندہ ٹولیاں [illegible]

[1] سورۂ نساء ۔

مرکز اُن کے ہاتھ سے نکل چکا تھا، سیاسی اہمیت وہ مدت ہوئی کہ کھو چکے تھے، ابراہیمؑ ویعقوبؑ کے خدا کے بجائے، ہر جگہ وہ سونے چاندی کے ڈھیر ہی کو خدا بنائے تھے اُن کے مذہبی فرقوں کی تعداد بڑھتی جاتی تھی جن میں باہم عداوت قائم تھی، اور اس وقت سے چھ سو برس پیشتر بنی اسرائیل اب پھر ایک نبی اعظم کی بعثت کا بیتابانہ انتظار کر رہے تھے، (بقرہ - ۱۱) خود عرب میں یہود اس وقت اس نبی کے جلد پیدا ہونے کی بشارت کا اپنی مجلسوں میں تذکرہ کرتے جس کی پیشنگوئیوں سے توراۃ کے صحیفے بھرے تھے، اور اُن ہی سے سُن سُن کر یثرب کے اوس خزرج ایک نبی کی آمد کی پیشین گوئی سے[1] باخبر تھے،

دنیا کی ان مختلف قوموں کے حالات پر ایک اجمالی نظر ڈالنے کے بعد ضرورت ہے کہ اس قوم کے حالات پر ایک تفصیلی نظر ڈالی جائے جس کے افق نبوت سے صبح سعادت طلوع ہونے والی تھی،

## ظہور اسلام کے وقت عرب کی مذہبی واخلاقی حالت،

یمن میں جب وہ مشہور سیلاب آیا جس کی بلندی سطح زمین سے ایک سو بیس فٹ تھی، تو پائے تخت یعنی مآرب اور اس کے اضلاع دفعۃً برباد ہوگئے، یہ دوسری صدی عیسوی کا واقعہ ہے،[2] قرآن مجید نے اسی سیلاب کو سَیْلَ عَرِمِ کہا ہے، اس سیلاب کا ایک یہ نتیجہ ہوا کہ آٹھ بڑے بڑے

---

[1] سیرۃ ابن ہشام ذکر بیعت عقبہ [2] اس بند کے انہدام کی تاریخ کی تعیین مشکل ہے اور اسی لئے اس کی تعیین میں کئی نظریے ہیں، ایک اس کو دوسری صدی عیسوی کا واقعہ بتاتا ہے تو دوسرا پانچویں صدی عیسوی کا، اصلیت یہ معلوم ہوتی ہے کہ اس بند کے مختلف حصے مختلف زمانوں میں منہدم ہوتے رہے، اور بنتے رہے، آخری دفعہ پانچویں صدی عیسوی میں بالکل برباد ہوگیا، (سلیمان)

خاندان جلا وطن ہوکر ادھر ادھر نکل گئے جس سے نظام سلطنت میں ضعف آگیا، چھٹی صدی عیسوی میں یہاں کے فرمانروا ذونواس سے جو مذہباً یہودی تھا، رعایا نے بغاوت کی اور شاہ حبش سے اعانت چاہی، اس نے ۵۲۹ء میں ایک فوج بھیجی جس نے ذونواس کو معزول کردیا، اور اس خاندان کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا، ۶۰۳ء میں قبیلہ حمیر کے ایک باحوصلہ شخص ذویزن نے فارس کی مدد سے اپنا ملک واپس لیا، لیکن چند روز کے بعد وہ قتل کردیا گیا، اور یمن شاہنشاہی فارس کا ایک معمولی صوبہ رہ گیا،

جو قبیلے یمن سے نکلے،[۱] ان میں سے ایک نے دوسری صدی عیسوی میں حیرۃ میں جہاں اب کوفہ آباد ہے، ایک سلطنت قائم کی لیکن وہ فارس کے زیر اثر اور مذہبی خیالات میں مجوس سے متاثر تھی، دوسرا قبیلہ شام میں جاکر آباد ہوا جو غسانی خاندان کہلاتا ہے، چونکہ یہ خاندان رومیوں کے زیر اثر تھا، اس لئے رفتہ رفتہ عیسائی ہوگیا، اور اسلام کے زمانہ تک عیسائی رہا،

غرض عرب کے اصلی تمدن پر بیرونی اثر جو کچھ پڑا تھا، وہ مجوسیت یا نصرانیت کا تھا، یہودی معتقدات اور خیالات کا اثر بھی بہت کچھ تھا جس کی وجہ یہ تھی کہ عرب کا ایک بڑا حصہ یعنی وادی القریٰ اور خیبر و فدک تمامتر یہودی آبادی تھی، اور خود مدینہ میں یہودی ہی صاحب اقتدار اور حکومت تھے، باقی تمام ملک میں مشرکانہ رسوم جاری اور جاہلانہ مذاہب پھیلے تھے، لوگ بتوں، پتھروں، درختوں، ستاروں، فرشتوں اور جنوں کی پرستش کرتے تھے،

**خدا کا اعتقاد** | تاہم اس میں شبہہ نہیں کہ عرب زمانہ دراز سے ایک خدائے برتر پر اعتقاد رکھتے تھے،

---

[۱] اکثر علمائے انساب کا بیان ہے کہ یہ قبائل یمن سے آئے تھے لیکن میں نے ارض القرآن میں بدلائل اس سے اختلاف کیا ہے، (سلیمان)

Marfat.com

آج کل عرب کے جو قدیم کتبات دستیاب ہوئے ہیں، ان پر اللہ کا لفظ خدا کے معنی میں لکھا ہوا ہے، البتہ اس کا املا اللہ نہیں بلکہ ھلّہ ہے، عرب شمال کے عرب جو نابتی کہلاتے ہیں، انکے ناموں کے ساتھ اللہ کا لفظ بھی شامل ہوتا تھا، مثلاً زید اللّٰہی، عبد اللّٰہی، خود قرآن مجید میں خدا کفار کی نسبت کہتا ہے

| | |
|---|---|
| وَلَئِن سَأَلْتَهُم مَّنْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ | اور جو تم ان سے پوچھو کہ آسمانوں اور زمین کو کس نے |
| وَالْأَرْضَ لَيَقُولُنَّ اللّٰهُ قُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ (لقمٰن) | پیدا کیا تو بول اٹھیں گے کہ خدا نے تم کہو کہ خدا کا شکر ہے |

یہ اصل میں حضرت ابراہیمؑ کی تعلیم تھی لیکن رفتہ رفتہ شرک کا اعتقاد پیدا ہوا یعنی یہ کہ خدا عظیم کے سوا اور بھی چھوٹے چھوٹے خدا ہیں، گو اللہ ان سب میں بڑا ہے، یہ اعتقاد اس قدر راسخ ہو گیا کہ اور معبودوں کے انکار سے اُن کو اسی قدر رنج ہوتا تھا جس قدر خود خدا کے انکار سے ہو سکتا تھا، بلکہ چونکہ ان کے نزدیک دنیا کا کاروبار اور روزمرّہ کی ضرورتیں انہی چھوٹے چھوٹے خداؤں سے انجام پاتی تھیں، اور کام اکثر انہی خداؤں سے پڑتا تھا، اس لئے اللہ کا خیال کچھ یونہی سے رہ گیا تھا، انہی خداؤں کی پرستش کرتے تھے، ان ہی پر قربانی چڑھاتے تھے، انہی سے حاجتیں مانگتے تھے، اللہ تو زمین آسمان بنا کر بے کار سا ہو چکا تھا، جو کچھ کرتے تھے یہی خدا انجام کرتے تھے، یہی سبب تھا کہ کوئی شخص اللہ کا خالی نام لیتا تھا تو لوگ بہت کبیدہ ہوتے تھے

| | |
|---|---|
| وَإِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَأَزَّتْ | اور جب خالی خدا کا نام لیا جاتا ہے تو جو لوگ |
| قُلُوبُ الَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ | کہ قیامت کے معتقد نہیں ہیں ان کے جی |
| وَإِذَا ذُكِرَ الَّذِينَ مِن دُونِهِ إِذَا | کڑھ جاتے ہیں لیکن خدا کے سوا اوروں (معبودوں) |

۱؎ مذاہب و اخلاقیات کی انسائیکلوپیڈیا جلد اول صفحہ ۶۶۴ بحوالہ پروفیسر نولڈکی۔

يَسْتَبْشِرُوْنَ ۝ (سورۂ زمر - ۵) کا بھی ذکر کیا جاتا تو دفعۃً وہ کھل جاتے ہیں،

اور سمجھتے تھے کہ ان چھوٹے معبودوں کی نذر و نیاز و قربانی سے خدا خوش ہوگا، اور وہ اُس کے دربار میں سفارش کریں گے چنانچہ وہ کہتے تھے،

مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى، (زمر - ۱) اور ہم ان بتوں کو اس لئے پوجتے ہیں کہ وہ ہم کو خدا کے قریب کر دیں،

ملائکہ کی الوہیت

شرک کے علاوہ حضرت اعظم کی نسبت یہ مانتے تھے کہ اُس کے بال بچے بھی ہیں چنانچہ فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے تھے،

اِنَّ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ تَسْمِيَةَ الْاُنْثٰى، (سورۂ نجم) جو لوگ قیامت پر ایمان نہیں لاتے وہ فرشتوں کو خدا کی بیٹیاں کہتے ہیں،

اَلَكُمُ الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ۝ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ ضِيْزٰى ۝ (سورۂ نجم - ۱) تمہارے تو لڑکے ہوں اور خدا کے لڑکیاں یہ تو کچھ اچھی تقسیم نہیں:

اس لئے جس طرح بعض یہود عزیر کو اور نصاری حضرت عیسیٰ کو خدائی کا مستحق سمجھتے تھے، وہ فرشتوں کو خدا کی اولاد سمجھ کر ان کی الوہیت کے بھی قائل تھے،

وَلَا يَاْمُرَكُمْ اَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ وَالنَّبِيّٖنَ اَرْبَابًا ۚ (آل عمران - ۸) اور نہ خدا تم کو اس کا حکم دیتا ہے کہ فرشتوں اور پیغمبروں کو خدا ٹھہراؤ،

وَجَعَلُوْا لَهٗ مِنْ عِبَادِهٖ جُزْءًا ۚ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَكَفُوْرٌ مُّبِيْنٌ، اور ان مشرکین نے خدا کے بندوں میں سے خدا کا ایک حصہ بنا لیا بیشک انسان کھلا ناشکرا ہے

| | |
|---|---|
| اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا يَخْلُقُ بَنٰتٍ وَّاَصْفٰكُمْ | کیا خدا جو پیدا کرتا ہے، وہ اپنے لیے لڑکیاں لے |
| بِالْبَنِيْنَ ........ وَجَعَلُوا الْمَلٰٓئِكَةَ | تم کو لڑکے دے کر عزت دی...... اور ان مشرکون |
| الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ۭ اَشَهِدُوْا | نے فرشتون کو جو رحمت والے خدا کے بندے ہین لڑکیان |
| خَلْقَهُمْ ۭ سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْـَٔلُوْنَ | قرار دیا، کیا وہ اُن کی پیدائش کے وقت موجود |
| وَقَالُوْا لَوْ شَاۗءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ۭ | تھے؟ اُن کی گواہی لکھی اور باز پرس کیجائیگی، اور |
| (زخرف - ١-٢) | کہتے ہیں کہ اگر خدا نہ چاہتا تو ہم اُن کی پرستش نہ کرتے، |
| فَاسْتَفْتِهِمْ اَلِرَبِّكَ الْبَنٰتُ وَلَهُمُ | تو اُن سے پوچھ کہ کیا تیرے رب کی لڑکیان ہون |
| الْبَنُوْنَ ، اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّ | اور اُن کے لڑکے ہون کیا ہم نے فرشتون کو لڑکیان |
| هُمْ شٰهِدُوْنَ ، اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ | پیدا کیا اور وہ حاضر تھے، ہان یہ ان مشرکون کی |
| لَيَقُوْلُوْنَ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ لَكٰذِبُوْنَ | بناوٹ ہے، وہ کہتے ہیں کہ خدا کے اولاد |
| (صٰفّٰت - ٥) | ہوئی، اور وہ جھوٹے ہین، |

اُن کا یہ بھی اعتقاد تھا کہ یہ فرشتے خدا کے ہان اپنے پرستارون کے سفارشی بنین گے خدا نے اس کی تردید مین کہا،

| | |
|---|---|
| وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ | اور آسمانون میں کتنے فرشتے ہیں کہ اُن کی |
| شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا اِلَّا الآیہ (نجم ٢) | سفارش خدا کی اجازت کے بغیر کچھ فائدہ نہین |

قیامت مین فرشتون سے پرسش ہوگی کہ یہ مشرک تمھاری پوجا کرتے تھے،

| | |
|---|---|
| ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اَهٰٓؤُلَاۗءِ اِيَّاكُمْ | پھر خدا فرشتون سے کہے گا کہ کیا یہ انسان تمھین کو |

كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ (سبا-۵) پوجتے تھے،

جنات کی الوہیت | فرشتوں کی طرح وہ جنات کو بھی خدا کا عزیز و قریب سمجھتے تھے، اور خدا کے اُن سے رشتے لگاتے تھے،

وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَ بَيْنَ الْجِنَّةِ اور مشرکوں نے خدا اور جنوں کے درمیان

نَسَبًا (صٰفّٰت-۵) رشتہ داری بنائی،

اسی لئے وہ جنات کو خدا کی خدائی میں شریک کرتے تھے،

وَجَعَلُوْا لِلّٰهِ شُرَكَآءَ الْجِنَّ وَ انھوں نے جنوں کو خدا کا شریک بنایا

خَلَقَهُمْ وَخَرَقُوْا لَهٗ بَنِيْنَ وَبَنٰتٍ اور وہ خدا کی مخلوق ہیں اور بن جانے خدا

بِغَيْرِ عِلْمٍ (انعام-۱۲) کے لئے بیٹے اور بیٹیاں گھڑیں،

اور جب وہ خدا کے رشتہ دار اور خدائی کے شریک ٹھہرے، تو اُن کی، عبادت اور پرستش بھی ضروری ہوئی، چنانچہ جاہلیت میں اہلِ عرب ان جنوں کی بھی پوجا کرتے تھے، بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ اَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ (سبا) بلکہ یہ جن کو پوجتے تھے، اور ان میں کے اکثر ان ہی پر ایمان رکھتے تھے" مسافر جب راستہ میں کہیں قیام کرتے تھے، تو پہلے وہاں کے جنوں کی دہائی پکار لیتے تھے قرآن میں ہے وَاَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْاِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا (جن-۱) اور بات یہ تھی کہ کچھ انسان بعض کی دہائی پکارا کرتے تھے، اور انھوں نے اُن کو اور مغرور بنا دیا، چنانچہ بعض خوفناک مقامات میں خاص طور سے ان کے نام کی قربانی کی جاتی تھی[1] ان میں سے ایک

[1] صحیح مسلم کتاب التفسیر،

مشہور مقام دراہم تھا جہاں کے رہنے والے جنوں (سکان الدراہم) پر جانور ذبح کرکے چڑھائے جاتے تھے تاکہ قربانی کرنے والے اُن کی شرارت سے محفوظ رہیں۔ قبیلہ خزاعہ کی شاخ بنو ملیح خاص طور سے جنوں کی پوجا کرتی تھی اور کلبی کا بیان ہے کہ ان ہی کے متعلق یہ آیت اتری ہے[1]

إِنَّ الَّذِينَ تَدْعُونَ مِنْ دُونِ اللَّهِ عِبَادٌ أَمْثَالُكُمْ (اعراف ۲۴) — خدا کو چھوڑ کر تم جن کو پکارتے ہو وہ تمھاری ہی طرح بندے ہیں۔

**بت پرستی** — جن خداؤں کو یہ لوگ مانتے تھے اُن کے بُت بنائے تھے اور جا بجا عظیم الشان بتکدے قائم ہو گئے تھے، یہ رواج اس قدر عام ہو گیا تھا کہ جہاں کوئی خوبصورت پتھر مل گیا اٹھا لیا اور اس کی پرستش شروع کردی، اس سے زیادہ خوبصورت مل گیا تو اسکو پھینک دیا اور اس کی پرستش کرنے لگے، جہاں کوئی پتھر نہ ملا تو خاک کا ایک تودہ بنا لیا، ایک بکری لا کر اس کا دودھ اس پر دوہا، پھر اس کے گرد طواف کیا اور اب وہ ایک معبود بن جاتا تھا، چنانچہ صحیح بخاری کتاب المغازی باب وفد بنی حنیفہ میں یہ پوری تفصیل مذکور ہے۔

اس بت پرستی کی ابتدا یوں ہوئی کہ قبیلہ خزاعہ کا ایک شخص جس کا نام عمرو بن لحی تھا اور جو قبیلہ جرہم کو شکست دے کر کعبہ کا متولی بن گیا تھا، ایک دفعہ بلقاء گیا، وہاں لوگوں کو بت پرستی کرتے دیکھ کر بت پرستی کی طرف مائل ہوا اور وہاں سے ایک بت لاکر کعبہ میں نصب کیا، چونکہ اس کا اثر تمام عرب پر تھا اس لئے تمام عرب نے بت پرستی قبول کرلی اور گھر گھر بتخانے بن گئے، ان میں ہبل سب سے بڑا تھا، اس سے اتر کر منات، لات اور عزیٰ تھے۔

[1] لسان العرب مادہ سکن، کتاب الاصنام ہشام الکلبی مطبوعہ مصر ص ۳۴

**منات** مدینہ منورہ سے سات میل پر تھا، انصار کے قبیلے یعنی اوس و خزرج اور آس پاس کے قبائل اسی کا حج کرتے تھے، کعبہ کا حج بھی جب یہ لوگ کرتے تھے تو احرام یہیں کر اُتارتے تھے، حلفیہ معاہدے بھی یہیں ہوتے تھے، عبد العزیٰ مزنی کہتا ہے،[1]

إنّي حلفت يمين صدق برّة — میں نے منات کی سچی قسم کھائی

بمناة عند محلّ آل الخزرج — آل خزرج کے احرام اتارنے کی جگہ کے پاس

**لات** قبیلۂ ثقیف کا معبود تھا، جو مقام طائف میں نصب تھا، اہلِ طائف[2] اُس کو کعبہ کے برابر تسلیم کرتے تھے،

**عُزّیٰ** ایک درخت تھا، اُس کے پاس ایک بت تھا، قبیلۂ غطفان کا بت تھا، لیکن قریش بھی اُس کی نہایت عزت کرتے تھے، اور اُس کی زیارت کو جاتے تھے، قریش جب کعبہ کا طواف کرتے تھے، تو یہ پڑھتے تھے،[3]

وَاللات والعزّى ومَناة الثالثة — لات عزیٰ اور تیسرا منات یہ بڑے برگزیدہ

الأخرى فإنّهنّ الغرانيق العُلى — ہیں اور اُن کی سفارش کی خدا کے

وإنّ شفاعتهنّ لترتجى، — یہاں امید ہے

**بُت پرستی** نے رفتہ رفتہ اور بہت سی رسمیں پیدا کر دیں، جانوروں سے گذر کر انسانی قربانیاں اُن پر چڑھائی جانے لگیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے جد عبد المطلب نے جو اپنے صاحبزادہ عبد اللہ کی قربانی کرنی چاہی تھی اسی رسم کی تقلید تھی،

[1] یہ پوری تفصیل معجم البلدان لفظ مناۃ میں ہے، [2] معجم البلدان لفظ عزیٰ [3] کتاب الاصنام کلبی مطبوعہ دار الکتب المصریہ ص ۱۹

Marfat.com

بحیرۃ، سائبۃ، حام کے نام سے بتون کے نام پر سانڈ چھوڑتے تھے، کعبہ کے سامنے جو قربانی کرتے تھے، اس کا خون، کعبہ کی دیوارون پر ملتے تھے[1]، بتون کے سامنے شگون کے تیر رہتے تھے، ان مین سے ایک پر "ہان" ایک پر "نان" لکھا رہتا تھا، جو کام کرنا چاہتے پجاری سے کہتے کہ فال نکالے، ہان کا تیر نکلتا تو اس کام کو کرتے، ورنہ باز رہتے،

جاہلیت مین جن چیزون کی پرستش کی جاتی تھی، وہ مختلف قسمون کی تھیں، اصنام اوثان انصاب اور بیوت، اصنام واوثان جن کا واحد صنم اور وثن ہے، یہ انسانی شکل وصورت کے بت تھے اگر وہ لکڑی کے ہوتے، تو نعیم کہلاتے، اور اگر رنگ اور مسالہ سے بنتے تو ان کو دُمیہ کہتے انصاب نصب بن گھڑے پتھر ہوتے تھے، جن کو کھڑا کرکے ان پر چڑھاوے چڑھاتے، اور جانور ذبح کرتے تھے، بیوت جس کا واحد بیت ہے، چند گھر تھے، جیسے رضا، ذوالکعبات، قلیس وغیرہ جن مین بت پرستانہ رسوم ادا کئے جاتے تھے، جن بتون کے ارد گرد چکر لگاتے تھے، ان کو دوار کہتے تھے، اور ان پر جو قربانی کی جاتی تھی اس کو عتیرہ کہتے تھے، پتھرون کا ڈھیر لگا کر اس کے چارون طرف چکر لگاتے تھے، اس ڈھیر کو رجمہ کہتے تھے، جاہلی شاعر کہتا ہے،

کما طاف بالرجمۃ المرتجع | جیسے پتھروں کے ڈھیر کا طواف کرنیوالا طواف کرتے[2]

جن بتون کی پرستش کی جاتی تھی، ان کی کوئی انتہا نہ تھی ع

"قبیلہ قبیلہ کا اک بت جدا تھا"

خاص خانۂ کعبہ اور اس کے اطراف مین تین سو ساٹھ بت تھے[3]، ان مین قرآن پاک میں جن کے

[1] نیل المرام فی تفسیرایات الاحکام صفحہ ۱۱۰، ۱۱۱ [2] ان الفاظ کے لئے دیکھو لسان العرب [3] صحیح بخاری کتاب فتح مکہ

نام بتائے گئے ہین، وہ یہ ہین لات، عزّیٰ، مناۃ، یغوث، یعوق، نسر، وُدّ، سواع، ہبل، لیکن جاہلیت کے پُرانے مورخون اور لغت نویسون نے جاہلیت کے شخصی نامون اور شعراء کے اشعار سے بہت سے نام ذکر کئے ہین، ہشام کلبی کی کتاب الاصنام مین جو اس موضوع پر پہلی کتاب ہے اور جو اب مصر مین چھپ بھی گئی ہو تقریباً تیس بتوں کے نام ہین، علامہ زکی پاشا جنھون نے کلبی کی اس کتاب کو ۱۳۴۳ھ ۱۹۲۴ء مین تحشیہ اور تکملہ کے بعد شائع کیا ہے، اپنے تکملہ مین چھیالیس نام اور بڑھائے ہین، یمن اور حجاز مین آثار قدیمہ کے محققوں نے عہد جاہلیت کے جو کتبے پڑھے ہین، ان مین المقہ، عشتار، نکرہ، قینان وغیرہ بہت سے اور نامون کا پتہ لگایا ہے، ہم نے ارض القرآن کی دوسری جلد مین جو ۱۳۳۶ھ ۱۹۱۸ء مین چھپی ہے، ان معلومات کو یکجا کر دیا ہے،

ذیل مین ہم ان بتون کی فہرست درج کرتے ہیں، جن کے نام اب تک معلوم ہو چکے ہین :-

| بتوں کے نام | قبیلوں کے نام جو ان کو خاص طور سے پوجتے تھے |
|---|---|
| لات | ثقیف |
| عزّیٰ | قریش، و بنو شیبان بن جابر |
| مناۃ | اوس و خزرج اور دیگر عام عرب، |
| یغوث | بنو مذحج، و اہل جرش |
| یعوق | بنو ہمدان و اہل خیوان، |
| نسر | حمیر، |
| وُدّ | بنو کلب، |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| سواع | بنو لحیان |
| اساف | بُت جس پر حج میں قربانی ہوتی تھی، |
| نائلہ | بُت جس پر حج میں قربانی ہوتی تھی، |
| اُقیصر | قضاعہ و لخم و جذام و عاملہ و غطفان، |
| باجر | ازد و طی و قضاعہ، |
| ذوالخلصہ، | بنو امامہ خثعم بجیلہ، ازد والسراۃ، |
| رُضا، یا رُضی، | بنو ربیعہ کا بتخانہ |
| رئام | حمیر کا بتخانہ |
| سبحہ | |
| سعد | بنی ملکان بن کنانہ، |
| سُعیر | عنزہ |
| ذوالشریٰ. | بنو حارث |
| عائم | ازد والسراۃ |
| عم انس (یا) عمیانس | خولان |
| فلس | طی |
| ذوالکفین، | بنو دوس |
| مناف | قریش، |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| نُہم | مزینہ |
| ہُبل | قریش |
| بَعل | قبائل بنی عدنان |
| یعبوب | جدیلہ (بنی طی) |
| اشہل | بنو عبد الاشہل |
| اوال | بکر و تغلب |
| بس | غطفان کا بُت خانہ |
| بعیم | ایک لکڑی کا بُت |
| بلج | ایک بُت |
| جبہ | |
| جُریش یا جَرِیش | ایک بُت جس کی طرف عبد جریش کی نسبت ہے، |
| جلسد | ایک بُت کا نام |
| جہار، | ہوازن کا معبود، |
| دار | بنو عبد الدار |
| دوار | ایک بُت کا نام، |
| ذوالرجل | حجاز کا ایک بُت |
| شارق | ایک بت کا نام جس کی طرف عبد الشارق کی نسبت ہے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| شمس | بنو عبد شمس |
| صدا | عاد کا بت |
| صمودا | " |
| ضمار | عباس بن مرواس سلمی کا قبیلہ، |
| ضیزن | منذر اکبر |
| عبعب | قضاعہ |
| عوض | بکر بن وائل، |
| عوف | ایک بت کا نام |
| غبغب | اس پر جانور ذبح کئے جاتے تھے، |
| فراض | سعد العشیرہ |
| کثریٰ | جدیس و طسم |
| کسعہ | ایک بت کا نام |
| محرق | بکر بن وائل، |
| مدان | عبد المدان |
| مرحب | حضرموت |
| منہب | ایک بت کا نام |
| ہبا | عاد |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ذات الودع | ایک بت کا نام |
| یالیل | عبد یالیل |

**ستارہ پرستی** عرب میں ستارہ پرستون کا بھی ایک گروہ تھا، مختلف قبیلے مختلف ستارون کی پوجا کرتے تھے، اُن میں سب سے اہم سورج اور چاند تھے، اسی لئے قرآن پاک نے خصوصیت کیساتھ کہا

لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ (حم سجدہ ۵) نہ سورج کو سجدہ کرو، نہ چاند کو،

یمن میں سبا کی قوم سورج ہی کو دیوی مانتی تھی (نمل - ۳) یمن کے بادشاہ شمر یرعش نے سورج دیوی کا مندر بنوایا تھا[1] سورج اور چاند کے بعد ستارون میں شعری کی بڑی قدر و منزلت تھی، اسی لئے قرآن پاک نے کہا:

وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى (نجم - ۳) اور وہی خدا شعری کا مالک ہے،

صاعد اندلسی المتوفی سنہ ۴۶۲ھ نے اپنی کتاب طبقات الامم میں عرب کے حسب ذیل قبیلوں کو مختلف ستارون کا پرستار بتایا ہے،

قبیلہ حمیر سورج کو پوجتا تھا، کنانہ چاند کو، تمیم دبران کو، لخم اور جذام مشتری کو، طی سہیل کو، قیس شعری العبور کو، اور اسد عطارد کو[2]

**جن اور شیاطین اور بھوت پریت** جن اور شیطان کی نسبت عرب کے عجیب عجیب عقائد تھے، وہ جن شیطان، اور بھوت پریت، سب کو ایک ہی جنس سمجھتے تھے، گو اختلاف صورت اور اشغال کی وجہ سے اُن کے الگ الگ نام پڑ گئے تھے، جو جنگلون اور میدانون میں رہتے تھے

---

[1] تاریخ ملوک الارض حمزہ اصفہانی ص ۱۱۸ کلکتہ [2] طبقات الامم قاضی صاعد اندلسی ص ۴۳ بیروت،

Marfat.com

اور مسافروں کو اپنی صورتین یا لباس، بدل بدل کر دھوکا دیتے تھے، اُن کا نام غول تھا، یہ مذکر بھی ہوتے تھے، اور مؤنث بھی،

عبید بن ایوب العنبری،

| | |
|---|---|
| وغولا قفرة ذكر وانثى | اور بیابان کے دو غول مرد بھی اور عورت بھی |
| كان عليهما قطع البجاد | گویا کہ اُن دونون پر کمل کے ٹکڑے پڑے ہین |

مؤنث کو سعلاۃ کہتے تھے،

| | |
|---|---|
| اذل وسعلاة وغول بقفرة | مین پھسلتا ہون اور چڑیل اور غول بیابان |
| اذا الليل وارى الجن فيه ارنت | مین جب رات پردہ پوش ہوتی تھی، تو اُسمین آواز |

عمرو بن یربوع ایک ممتاز شخص تھا، اس نے سعلاۃ سے نکاح بھی کیا تھا، اور اس سے اولاد بھی ہوتی تھی، راجز کہتا ہے،

| | |
|---|---|
| یا قاتل الله بنی السعلاة | خدا سعلاۃ کے فرزندوں کو مارے، |

بلقیس، ملکۂ مین (اُن کے زعم مین) سعلاۃ ہی کے پیٹ سے تھی،

یہ اکثر گاتے بجاتے تھے، اور اہل عرب اُن کے نغمون سے محفوظ ہوتے تھے،

| | |
|---|---|
| كم جبت دونك من بهماء مظلمة | کتنی اندھیری گھپ راتون مین مین نے صحرا کو |
| تيه اذا ما مغنى جنه سمرا | قطع کیا، جب اُن کے جنات کا مغنی افسانہ گوئی |

یہ صحرانشین بدوون کی صحبتون مین شریک ہوتے تھے، جاڑون مین جب بدو آگ جلا کر بیٹھے تھے تو یہ بھی آگ تاپنے کو آجاتے تھے لیکن جب اُن کو کھانے پر بلاتے تھے، تو وہ عذر کرتے تھے کہ

ہم آدمیون کی غذا نہیں کھا سکتے،

| | |
|---|---|
| اتوا ناری فقلت منون انتم | وہ لوگ رات کو میرے پاس آئے تو میں نے کہا تم کون ہو |
| فقالوا الجن قلت عموا ظلاماً | انھون نے کہا ہم جن ہیں، میں نے کہا اس تاریکی میں خوش رہو |
| دعوتهم الی الطعام فقال منهم | میں نے انکو کھانے کیلئے بلایا، تو ان میں سے ایک سردار نے کہا |
| زعیم نحسد الانس الطعاما | ہم انسانون کے کھانے پر حسد کرتے ہیں، |

یہ زیادہ تر جہان آباد تھے ان موضعوں کے نام بدی، بقار، اور عبقر تھے،

| | | |
|---|---|---|
| ع: | جن البدی رواسیا قدامها | بدی کے جن، جن کے قدم جمے تھے |
| ع: | تحت السنور جنة البقار | زرہوں کے نیچے بقار کے بھوت تھے |
| ع | علیهن فتیان کجنة عبقر | اور ان شہسوار جوان عبقر کے بھوت معلوم ہوتے تھے |

اُن کے اقسام حسب ذیل تھے،

جو آدمیون کے ساتھ مل جل کر رہتے تھے، اُن کو عامر کہتے تھے،

جو بچون کو ستاتے تھے، اُن کا نام روح تھا،

جو زیادہ شریر تھے اُن کو شیطان کہتے تھے،

اس درجہ سے بڑھ کے جو شریر ہوتا تھا اُس کو عفریت کہتے تھے،

یہ اکثر بچون اور جوانون کو اٹھا لیجاتے تھے، حضرت علیؓ کے ایک بھائی طالب تھے انکو یہ اٹھالے گئے اور پھر اُن کا پتہ نہ لگا، عمرو بن عدی لخمی جو عرب کا بادشاہ تھا اس کو بھی اٹھالے گئے تھے لیکن کئی برس کے بعد جذیمہ ابرش کو لا کر دے گئے،

Marfat.com

اسی طرح خرافہ کا قصہ ہے جس کو جن اٹھالے گئے تھے، مدت کے بعد وہ واپس آیا، تو عجیب عجیب باتیں بیان کرتا تھا[1]،

ان اجنہ یا شیاطین سے جن لوگوں کے تعلقات زیادہ بڑھ گئے تھے، ان میں سے تابط شرًا اور ابو البلاد طہوی زیادہ مشہور ہیں طہوی نے ایک دفعہ ایک بھوت کو مار ڈالا تھا اس کے واقعات ایک نظم میں لکھے ہیں،

| | |
|---|---|
| لقیت الغول تسری فی ظلام | میں غول بیابانی سے ملا جو رات کو اندھیرے میں چلتے ہیں |
| ............ | ............ |
| فصدت وانتحیت لہا بعضب | کو اس نے روکا اور میں یمن کی بنی ہوئی اصیل تلوار |
| حسام غیر مؤتشب یمانی | لے کر اسکی طرف بڑھا، |
| فقد سراتہا والبرد منہا | تو اس نے اس کے سر کو اور اس کی اندھوں کو کاٹ ڈالا، |
| فخرت للیدین وللجران[2] | اور وہ دونوں ہاتھوں اور سینہ کے بل گر پڑا، |

انہی اجنہ اور شیاطین کا زور توڑنے کے لئے قرآن نے قیامت کے اس سوال وجواب کا انداز اختیار کیا کہ ان کے دوست انسان وہاں بھی ان کی دوستی کا دم بھرتے جائیں گے، اس سے اندازہ ہوگا کہ جاہل عربوں پر ان کا کس قدر استیلاء تھا،

يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ قَدِ اسْتَكْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ اے جنوں کے گروہ تم نے انسانوں سے بہت کچھ

---

[1] شمائل ترمذی باب السمر [2] یہ تمام تفصیل کتاب الحیوان جاحظ سے ماخوذ ہے اس نے کئی ورق میں نہایت تفصیل سے یہ واقعات لکھے ہیں، دیکھو کتاب مذکور از ص ۲۰۰ تا صفحہ ۶۰ جزء ششم مطبوعہ مطبع سعادت، مصر،

وَقَالَ اَوْلِيٰٓـؤُهُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ بَعْضُنَا بِبَعْضٍ (انعام - ۱۵)

اور اُن کے دوست ار انسان بولے اے ہمارے رب ہم میں سے ایک نے دوسرے کام نکالا،

کہانت

کہانت ایک سخت بلا تھی جو تمام ملک میں پھیلی ہوئی تھی، ہر جگہ ایک یا کئی کاہن ہوتے تھے، جو آئندہ واقعات کی پیشین گوئیاں کرتے، اور آسمانی خبریں بتاتے تھے۔ اہل عرب کا اعتقاد اور خود کاہنوں کا دعویٰ تھا کہ اُن کے ساتھ ایک ایک جن رہتا ہے، اور وہی اُن کو القا کرتا ہے، وہ اپنی شکل وصورت ایسی بناتے تھے کہ پہچان لئے جاتے تھے، چنانچہ ایک بار حضرت عمرؓ کے پاس سے ایک آدمی گذرا، انھوں نے قیافہ سے پہچان لیا کہ وہ کاہن ہے، اس کو بلا کر پوچھا کہ تیرے جن نے تجھ سے سب سے عجیب تر بات کیا بیان کی"، اس نے کہا میں ایک روز بازار میں پھر رہا تھا کہ میرا جن گھبرایا ہوا آیا اور کہا،

الم تر الی الجن وابلاسها، و یاسها من بعد انکاسها ولحوقها بالقلاص واحلاسها،

کیا تم جنوں کی سراسیگی، اُن کی ناامیدی اور اُن کے کاروبار کی ابتری نہیں دیکھتے،

حضرت عمرؓ نے فرمایا سچ کہتا ہے میں ایک روز زمانۂ جاہلیت میں بتوں کے پاس سوتا ہوا تھا کہ میں نے خواب میں دیکھا کہ ایک آدمی نے ایک گوسالہ لاکر ذبح کیا، اس کے بعد ایک شخص زور سے چلایا:

یا جلیح امر نجیح رجل فصیح یقول

اے جلیح، کامیاب امر، ایک فصیح شخص

---

لہ کتاب البیان والتبیین للجاحظ جلد اول ص ۱۱۳ مطبوعہ مطبع علمیہ مصر،

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ۔ لاالہ الا اللہ کہتا ہے ،

اس کے چند ہی دنوں کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت ہوئی [1] صحیح بخاری (تفسیر سورۂ والضحٰی) میں روایت ہے کہ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کچھ علیل ہو گئے ، اور دو تین دن رات کو عبادت کے لئے نہیں اٹھے ، اس پر ایک عورت (یہ ابولہب کی زوجہ تھی) نے آکر آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) سے کہا

اِنِّیْ لَاَرْجُوْ اَنْ یَّکُوْنَ شَیْطَانُکَ — میرا خیال ہے کہ تیرے شیطان نے تجھکو

قَدْ تَرَکَکَ ، — چھوڑ دیا

یہ وہی خیال تھا چونکہ کفار آپ کو کاہن خیال کرتے تھے ، اس لئے ان کا خیال تھا کہ آپ کے ساتھ کوئی جن یا شیطان رہتا ہے ، قرآن پاک نے اسی کی تردید اس آیت میں کی ہے :

هَلْ اُنَبِّئُكُمْ عَلٰى مَنْ تَنَزَّلُ — کیا میں تمھیں بتاؤں کہ شیطان کس پر اترتے

الشَّيٰطِيْنُ تَنَزَّلُ عَلٰى كُلِّ اَفَّاكٍ — ہیں ؟ شیطان ہر جھوٹے گنہگار پر اترتے

اَثِيْمٍ يُلْقُوْنَ السَّمْعَ وَاَكْثَرُهُمْ — ہیں ، وہ سنی سنائی بات القا کرتے

كٰذِبُوْنَ ؕ (شعراء - ۱۱) — ہیں ، اور اکثر وہ جھوٹے ہوتے ہیں ،

یہ کاہن تمام مقدمات اور نزاعات کا فیصلہ بھی کرتے تھے ، اور اس بنا پر تمام ملک پر ان کا اثر چھایا ہوا تھا ، ان میں سے حازی ، شق ، سطیح ، عزی ، بہت مشہور تھے ، جاحظ نے کاہنانہ فقرے کتاب البیان میں نقل کئے ہیں ،

---

[1] صحیح بخاری جلد اول صفحہ ۷۴۶ ،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَالْاَرض وَالسَّماء ۔ وَالعقاب | قسم ہے زمین اور آسمان کی اور عقاب اُ |
| وَالصّقعاء ۔ وَاقعة ببقاء ، لقد | آفتاب کی ، ایک واقعہ میدان میں اقع |
| نفر المجد بنی العشراء ، للمجد و | ہوا کہ بزرگی بنو عشرا ر پر غالب آگئی بوجہ |
| السناء ، | بڑائی اور بلندی کے ، |

یہ کاہن جو خبریں بتاتے یا تلقین کرتے وہ بڑے تکلف کے مقفّٰی اور مسجع فقرے ہوتے اس لئے جب ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے ایک ساقط الحمل بچہ کا مقدمہ پیش اور آپ نے اسکی دیت کا فیصلہ کیا تو ایک شخص نے عرب کے دستور کے مطابق اعتراضاً کہا :

| | |
|---|---|
| ارأیت من لا شرب ولا اکل و لا | غور فرمائیے کہ جس بچہ نے نہ کھایا نہ پیا نہ |
| صَاحَ فاستهل الیس دمه یطلّ | چیخا ، نہ رویا کیا اُس کا خون معاف نہ ہوگا ، |

آپ نے فرمایا یہ کاہنوں کے بھائیوں میں سے ہے (صحیح مسلم و دیۃ الجنین وصحیح بخاری باب الکہانۃ)

یہ کاہن تبخانوں میں رہتے تھے ، اور کسی خاص بت کے پجاری ہوتے تھے ، جب لوگ اُن سے غیب کی بات پوچھتے ، یا وہ خود آئندہ کے متعلق پیشین گوئی کرنے لگتے ، تو ایک خاص کیفیت اپنے اوپر طاری کرتے ، مرد بھی کاہن ہوتے تھے ، او بعض عورتیں بھی ہوتی تھیں جو کاہنہ کہلاتی تھیں ، یہ مصیبتوں اور بلاؤں کے دور کرنے کے لئے بُت پرستانہ علاج اور تدبیر بتاتے تھے ، یہ اپنی کہانت کی اجرت میں بڑی بڑی رقمیں اور نذرانے وصول کرتے تھے اسلام ان میں جو مسلمان ہوگئے تھے وہ علانیہ اپنے خدع و فریب کا اعتراف کرتے تھے[۱] اُن کو نذر و نیاز

[۱] بخاری جلد اول ص ۵۴۲ ۔ کتاب الطب باب الکہانۃ ،

Marfat.com

اجرت کی جو رقم یا تحفہ ملتا، اس کا نام حلوان الکاہن[1] کے منہ میٹھا کرنے کے لئے تحفہ، اسلام نے آکر اس کو روک دیا،

غرض ان کاہنوں نے عوام فریبی کا بڑا جال پھیلا رکھا تھا، اور یہ انہی کا اثر تھا کہ ملک کا ملک سیکڑوں قسم کی وہم پرستیوں میں مبتلا ہو گیا تھا،

شعرار کی نسبت بھی عرب کا خیال تھا کہ ہر شاعر کے ساتھ ایک شیطان رہتا ہے اور وہی اس کو اشعار القار کرتا ہے، چنانچہ مخبل شاعر کی شیطانہ عمرو کی بیٹی تھی، اور اعشیٰ جو عرب کا مشہور شاعر تھا، اس کے شیطان کا نام مسحل تھا، اعشیٰ خود کہتا ہے،

دعوت خلیلی مسحلا ودعوا لہ — میں نے اپنے دوست مسحل کو پکارا اور انھوں نے اس کیلئے

جہنام جدعا للھجین المذمم[2] — جہنام کو پکارا، اور یہ کمینہ بد اطوار کیلئے بلایا جاتا ہے

حبانی اخی الجنی نفسی فداءہ — مجھکو میرے جن دوست نے میری جان اسی پر فدا ہو،

بافیح جیاش العشیات مرجم — شاعروں کے وقت سب سے بڑے جوش مارنے والے اور

جو اعلیٰ درجہ کا شاعر ہوتا تھا، اس کا نام شیطان یا جن مذکور ہوتا تھا، ابو النجم کہتا ہے،

انی وکل شاعر من البشر — ہر شاعر کا شیطان تو مونث ہے

شیطانہ انثی وشیطانی ذکر — مگر میرا شیطان مذکر ہے،

شنقنان اور شیصبان، رؤساے شیاطین تھے، جو شاعری سکھلاتے تھے، ایک شاعر کو

---

[1] صحیح بخاری جلد اول ص ۷۲۴ کتاب الطب باب الکہانۃ، [2] اعشیٰ کے دیوان مطبوعہ ویانا ص ۹۵ میں صرف پہلا شعر ہے اور اس کا بھی دوسرا مصرعہ اس طرح ہے، جھنام جدعا للھجین المذمم

Marfat.com

اس پر فخر تھا کہ اس کا معلم اسی شیصبان کی اولاد سے ہے،

ولی صاحب من بنی الشیصبان — میرا ساتھی شیصبان کی اولاد ہے،
فطوراً اقول وطوراً ھوہ — تو کبھی میں شعر کہتا ہوں کبھی وہ

اوہام پرستی

سانپ کو قتل نہین کرتے تھے، یہ اعتقاد تھا کہ سانپ مارا جائے تو اُس کا جوڑا آکر بدلہ لیتا ہے، یہ اعتقاد تھا کہ مرنے کے بعد روح ایک پرندین کر اُڑتی رہتی ہے، اس کو ہامہ کہتے تھے، یہ اعتقاد تھا کہ پیٹ میں ایک سانپ رہتا ہے، جو بھوک کے وقت کاٹتا ہے، جو کام کرنا چاہتے تھے، پہلے شگون لے لیتے تھے، مثلاً اس وقت کوئی پرند داہنی جانب سے اڑا تو مبارک سمجھتے تھے، اور بائین جانب سے اڑا تو اس وقت اُس کام سے باز رہتے تھے، بکری کے جب بچہ پیدا ہوتا تو اگر نر ہوتا تو بُت پر چڑھا دیتے، اونٹنی جب دس بچے جن لیتی اس کو چھوڑ دیتے، وہ سانڈ کی طرح چھوٹی پھرتی،

کسی شخص کے پاس جب اونٹون کی تعداد ہزار تک پہنچ جاتی تو ایک اونٹ کی ایک آنکھ پھوڑ دیتے کہ نظر نہ لگ جائے، جب کبھی قحط پڑتا تو بھیڑ یا دنبہ کی دم مین گھانس پھونس باندھ کر آگ لگا دیتے، اور سمجھتے کہ اس سے پانی برسیگا، سفر میں چلتے تو کسی درخت میں ڈورا وغیرہ باندھ کر گرہ لگا دیتے، واپس آکر دیکھتے، اگر گرہ کھل گئی ہو تو سمجھتے کہ اُن کی بیوی نے بدکاری کی، سفر مین راستہ بھول جاتے، تو کپڑے الٹ کر پہن لیتے، اور سمجھتے کہ اس سے راستہ مل جاتا ہے، یہ خیال تھا کہ جو شخص لات و عزیٰ کو گالی دیتا ہے، اس کو برص یا جذام ہو جاتا ہے، ہاتھوں میں پیتل کی انگوٹھی پہنتے تھے اور سمجھتے تھے کہ اس سے ضعف جاتا رہتا ہے۔

له ابو داؤد [illegible]
[illegible] دیکھو [illegible]

Marfat.com

اس قسم کے سیکڑون اوہام پھیلے ہوئے تھے جن کا شمار نہین ہوسکتا،

یہ تو اُن کے مذہبی حالات وخیالات تھے، ان کی اخلاقی کیفیت بھی ویسی ہی پست تھی، اُن کے اخلاقی معائب مین سب سے نمایان چیز اُن کی جنگجوئی تھی جس نے اُن کو حد درجہ خونخوار سنگدل اور سفاک بنا دیا تھا،

**جنگجوئی**

ذرا ذراسی بات پر لڑ مرنا، اور ایک دوسرے کا سر کاٹ لینا اُنکے نزدیک کوئی بات ہی نہ تھی، ہر قبیلہ دوسرے قبیلہ سے اور ہر خاندان دوسرے خاندان سے برسرپیکار رہتا تھا، ہر بچہ اپنے باپ اور عزیزون کے قاتل سے انتقام لینے کے جذبہ مین پرورش پاتا تھا، اور جوان ہو کر اس مقدس فرض کو انجام دیتا تھا، اور اس طرح ایک ایک لڑائی کا سلسلہ برسون تک قائم رہتا تھا، ان ہی لڑائیون کو مورخین اور اہل ادب ایام العرب کہتے ہین جن کی تعداد سیکڑون سے متجاوز ہے، میدانی نیشاپوری، المتوفی ۵۱۸ھ نے کتاب الامثال مین ان مین سے ۱۳۲ لڑائیون کے نام بتانے کے بعد یہ لکھا ہے،

| | |
|---|---|
| ھذا الفن لا یتقصاہ الاحصا | یہ فن شمار کا استقصا نہیں کرسکتا، |
| فاقتصرت علی ما ذکرت، | اس لئے جو کچھ میں نے بیان کیا ہو |
| (جلد ۲ صفحہ ۳۱ خیریہ مصر) | اسی پر میں نے قناعت کی، |

یہ تمام لڑائیان وہ ہین جو اسلام سے چالیس پچاس برس پیشتر سے اسلام تک ہوئین، ان مین سب سے مشہور لڑائی عبس و ذبیان کی ہے، جس کا واقعہ یہ ہو کہ ان دو قبیلون کے دو گھوڑے داحس اور غبرا کا باہمی مقابلہ تھا، ان میں سے ایک فریق نے گھوڑدوڑ کے قواعد کی خلاف ورزی

کی، اور لڑائی ہوپڑی، یہ لڑائی ان دونون قبیلون میں پورے چالیس برس تک قائم رہی، دوسری مشہور لڑائی حرب بسوس ہے، اس کا واقعہ یہ ہے کہ بسوس نامی ایک قبیلہ کی عورت کی اونٹنی کلیب بن وائل کے چراگاہ میں جا پڑی، کلیب نے اپنے تیر سے اس کے تھن کو زخمی کیا، اس بات نے قبیلہ مین آگ لگا دی، کلیب جان سے مارا گیا، اور بکر و تغلب میں خونریز جنگ ہوئی عکاظ کے میلہ مین سلیم اور غطفان کے سردارون مین کچھ مناقشہ ہوا، چند روز کے بعد موقع پاکر ایک قتل کر دیا گیا، اُس کے انتقام میں خون کی ندیان بہ گئیں، بکر و تمیم مین ایک چراگاہ کے معاملہ مین خونریز لڑائی ہوئی، اوس و خزرج مدینہ کے دونون قبیلون مین جو ہولناک لڑائیان ہوتی رہیں، اُن میں سب سے مشہور یوم بُعاث ہے جس مین دونون قبیلون کے اکثر سردار کام آئے اس لڑائی کا انضا بہ مدینہ کی بیعت پر ہوا، قریش کی مشہور لڑائیون کا نام ایّام فجار ہے، ایک اور مشہور لڑائی کا نام ذی قار ہے[1]

الغرض معمولی سے اشتعال سے قتل تک نوبت پہنچتی تھی، قتل سے انتقام کا جذبہ پیدا ہوتا تھا، اور لڑائیون کا ایک غیر منقطع سلسلہ قائم ہو جاتا تھا، ان مین لڑنا، اور مرنا، اور مارنا جاہلیت کا شرف اور قبیلہ کی آن سمجھی جاتی تھی، اور اس خون آشامی کا ذوق اُن کی فطرت ثانیہ بن گئی تھی، ان لڑائیون مین سفاکی، بیرحمی، اور قتل و غارت کی بدترین مثالین پیش آتی رہتی تھین،

**شراب خواری** شراب جو ہر قسم کے فسق و فجور اور مظالم اور بدکاری کا سرچشمہ ہے عربون میں اسکا اس قدر رواج تھا کہ ہر گھر ایک میکدہ بنگیا تھا، اس کا نہ پینا اسقدر نامانوس بات تھی کہ جن چند

[1] ان لڑائیون کے مفصل حالات کے لئے دیکھو عقد الفرید ابن عبد ربہ جلد ۳، اور امثال میدانی لفظ یوم"

آدمیون نے اسلام سے پہلے اس کے پینے سے پرہیز کیا تھا اُن کے نام یاد رکھے گئے ہین، دوست واحباب کسی گھر مین جمع ہوتے، شراب کا دور چلتا، ساتھ ہی جوا کھیلتے اُس مین اونٹون کی بازی جیت ہوتی، جو جیتتا وہ جیتے ہوئے اونٹون کو اُسی وقت ذبح کر کے لوگون کو کھلا دیتا کبھی نشہ مین سرشار ہو کر خود صاحبِ خانہ اُٹھ کھڑا ہوتا اور اپنے اونٹون کو کاٹ کر ڈھیر کر دیتا لوگ گوشت بھونتے کباب لگاتے اور کھاتے کھلاتے، اور اپنی اسی بیجا فیاضی پر فخر کرتے رہتے ناشتہ مغنیہ عورتین گاتی بجاتین اور وہ اُسی مخموری کے عالم مین بے شرمی کی باتین کرتے جاہلیت کا مشہور شاعر طرفہ کہتا ہے،

| | |
|---|---|
| فان تبغنی فی حلقة القوم تلقنی | وان تقتنصنی فی الحوانیت تصطد |
| پس اگر تو مجھے لوگون کے حلقہ مین ڈھونڈیگا تو پائیگا | اور اگر شرابخانون مین مجھے شکار کرنا چاہے تو کر سکتا ہے |
| متی تاتنی اصبحک کاسا رویة | وان کنت عنها غانیا فاغن وازدد |
| جب کبھی تو میرے پاس آئیگا مین تجھے شراب کا سیراب پیالہ پلاؤنگا | اور اگر تو اس سے بے نیاز ہو کر آئے تو جا اور بے نیازی کر |
| ندامای بیض کالنجوم وقینة | تروح الینا بین برد ومجسد |

میرے ہمنشیں شراب کے ہمنشیں ستارون کی طرح گورے چٹے ہین اور ایک مغنیہ ہے جو شام کو ہمارے پاس یمنی چادر اور زعفرانی کپڑون مین آتی ہے

| | |
|---|---|
| رحیب قطاب الجیب منها رفیقة | بجس الندامی بضة المتجرد |

اس کے گریبان کا شگاف بڑا ہے، شرابی رفیقوں کی دست درازی سے مانوس اور اُس کے بدن کے برہنہ حصے لطیف ہین

| | |
|---|---|
| اذا نحن قلنا اسمعینا انبرت لنا | علی رسلها مطروفة لم تشدد |

جب ہم کہتے ہیں کہ ہمیں سناو تو آہستہ آہستہ ...... نزاکت کے ساتھ آگے بڑھتی ہے

وَمَا زَالَ تَشْرَابِي الخُمورَ وَلَذَّتِي — وَبَيْعِي وَانفَاقِي طَرِيفِي وَمُتْلَدِي

اور میری شراب نوشی، اور لذت اندوزی، اور اپنی حاصل کردہ اور موروثی دولت کو خرچ کرنا میرا مشغلہ رہا

فَلَوْلَا ثَلَاثٌ هُنَّ مِنْ لَذَّةِ الفَتَى — وَجَدِّكَ لَمْ أَحْفِلْ مَتَى قَامَ عُوَّدِي

اور اگر تین باتیں نہ ہوتیں جو ایک شریف کا لطف و ذوق ہیں، تو تیری قسم میں اپنی موت کی پروا نہ کرتا

فَمِنْهُنَّ سَبْقِي العَاذِلَاتِ بِشَرْبَةٍ — كُمَيْتٍ مَتَى مَا تُعْلَ بِالمَاءِ تُزْبِدِ

ان میں سے ایک تو نصیحت کرنے والیوں کی بات کا خیال کیے بغیر سرخ سیاہ رنگ کا پیالہ پی لینا جس میں پانی ملانے سے جوش آ جائے

وَتَقْصِيرُ يَوْمِ الدَّجْنِ وَالدَّجْنُ مُعْجِبٌ — بِبَهْكَنَةٍ تَحْتَ الخِبَاءِ المُعَمَّدِ

اور دوسری بات گھنگھور گھٹا کے دن کو اور وہ کیسا پر لطف دن ہوتا ہے کسی بلند خیمے کے نیچے حسین شوخ و سو نازنین کی صحبت میں گزار دینا

كَرِيمٌ يُرَوِّي نَفْسَهُ فِي حَيَاتِهِ — سَتَعْلَمُ إِنْ مُتْنَا غَدًا أَيُّنَا الصَّدِي

یعنی وہ فیاض ہوں جو اپنی زندگی میں اپنے آپ کو شراب پلا کر سیراب کرتا ہے موت کے بعد معلوم ہوگا کہ ہم میں پیاسا کون ہے

وَبَرْكٍ هُجُودٍ قَدْ أَثَارَتْ مَخَافَتِي — بَوَادِيَهَا أَمْشِي بِعَضْبٍ مُجَرَّدِ

اور کتنے بیٹھے ہوئے سوتے اونٹ تھے کہ میرے خوف نے ان کے اگلوں کو بھڑکا دیا جن میں ننگی تلوار لیکر چلا

فَمَرَّتْ كَهَاةٌ ذَاتُ خَيْفٍ جُلَالَةٌ — عَقِيلَةُ شَيْخٍ كَالوَبِيلِ يَلَنْدَدِ

تو ایک موٹی اونٹنی جو ایک بڈھے کی، جو ایک لٹھ کی طرح جھگڑالو تھا قیمتی چیز تھی سامنے آگئی

وَقَالَ أَلَا مَاذَا تَرَوْنَ بِشَارِبٍ — شَدِيدٍ عَلَيْنَا بَغْيُهُ مُتَعَمِّدِ

(جب میں نے تلوار سے کونچیں کاٹ کر اونٹنی کو گرا دیا) تو اس بڈھے نے کہا کہ اس بدمست کو دیکھو جو جان بوجھ کر ہم پر ظلم کرتا ہے

فَظَلَّ الإِمَاءُ يَمْتَلِلْنَ حُوَارَهَا — وَيُسْعَى عَلَيْنَا بِالسَّدِيفِ المُسَرْهَدِ

Marfat.com

تو لونڈیاں، دشمن کے بچہ کو (جو اس کے پیٹ سے نکلا تھا) بھوننے لگیں اور چربی دار کوہان کا گوشت لیکر ہمارے پاس دوڑا جاتا تھا

لبید بن ربیعہ جو عرب کا مشہور شاعر اور سبعہ معلقہ کی محفل کا چوتھا ممبر ہے، کہتا ہے:

بل انت لا تدرین کم من لیلۃٍ　　طلقٍ لذیذٍ لھوھا وندامھا

بلکہ تو نہیں جانتی کہ کتنی کھلی ہوئی راتیں، جن کی دلچسپی اور ہم نوشی پرلطف تھی،

قد بت سامرھا وغایۃ تاجر　　وافیت اذ رفعت وعز مدامھا

میں ان کا قصہ گو تھا، اور شراب فروش کی منزل میں آتا جاتا رہا جب اس کا جھنڈا بلند ہوا اور اس کی شراب گران ہو گئی

اغلی السباء بکل ادکن عاتقٍ　　او جونۃٍ قدحت وفض ختامھا

میں اس کی قیمت کو اور گران کرتا تھا، پرانی خاکی رنگ کی مشک یا خم کو خرید کر جو بیابوں میں رکھی جاتی اور اس کی مہر توڑی جاتی

وصبوح صافیۃٍ وجذب کرینۃٍ　　بموترٍ تأتالہ ابھامھا

اور کتنی صبح کی صاف شراب، اور مغنیہ کا عود کھینچکر اپنے انگوٹھے سے دبانا،

باکرت حاجتھا الدجاج بسحرۃٍ　　لاُعلّ منھا حین ھب نیامھا

میں نے شراب کی ضرورت مرغ سحر کی آواز سے پہلے پوری کی تاکہ میں اس کے سونیوالوں کے جاگنے سے پہلے دہرا لوں

تغلب ان قبیلوں میں تھا جنھوں نے عیسائی مذہب قبول کرلیا تھا لیکن اس مذہب نے بھی عربوں کو اس بری عادت سے باز نہیں رکھا تھا، بلکہ شراب کی درآمد زیادہ تر ان ہی عیسائیوں کے ملک شام سے ہوتی تھی۔ تغلب کا سب سے بڑا شاعر اپنے فخریہ میں کہتا ہے،

الا ھبی بصحنک فاصبحینا　　ولا تبقی خمور الاندرینا

ہاں اپنا پیالہ لیکر اٹھ جا، اور مجھے صبح کی شراب پلا، اور اندرین (شامی گاؤں) کی کوئی شراب چھوٹنے نہ پائے

Marfat.com

مشعشعة کانّ الحص فیہا | اذا ما الماء خالطہا سخینا

پانی میں ملی ہوئی گویا اس میں کسم کے پھول پڑے ہیں، جب گرم پانی اس میں ملاؤ

تجور بذی اللبانۃ عن ہواہٗ | اذا ما ذاقہا حتی یلینا

غرضمند کو اس کی غرض بھلا دے اگر اس کو چکھ لے، یہاں تک کہ اُس کو نرم کردے

تری اللحز الشحیح اذا اُمرّت | علیہ لمالہ فیہا مہینا

تنگ دل بخیل پر بھی اگر اس کا ایک دور گذار دیا جائے تو وہ اپنی دولت کو لٹا دے

صبنت الکاس عنّا امّ عمرٍو | وکان الکاس مجراہا الیمینا

اے عمرو کی ماں! تونے ہم سے پیالہ ہٹا لیا حالانکہ پیالہ کا دور داہنی طرف تھا

وما شر الثلثۃ ام عمرٍو | بصاحبک الذی لا تصبحینا

حالانکہ تیرا وہ ہم نشیں جس کو تو نہیں پلاتی، تین میں سب سے بدتر نہیں

وکاسٍ قد شربت ببعلبکٍ | واخری فی دمشق وقاصرینا

اور کتنے پیالے بعلبک میں پیئے، اور کتنے دمشق اور قاصرین میں

ان اشعار سے اندازہ ہوگا کہ جاہلیت میں شراب نوشی کا کیا عالم تھا، شراب فروشوں کی دوکانیں کسی ممتاز مقام پر ہمیشہ کھلی رہتی تھیں، اور نشان کے لئے وہاں جھنڈا اُڑا کرتا تھا جس کو غایۃ کہتے تھے، (دیکھو اوپر لبید کا دوسرا شعر) انتہا یہ ہے کہ تجارت کا لفظ "شراب فروشی" کا مرادف بن گیا تھا، ایک جاہلی شاعر عمرو بن قمۂ کہتا ہے،

اذا سحب الریط والمروط الی | ادنی تجاری وانفض اللمما

(حماسہ)

یاد ہے وہ دن جب میں اپنی چادر گھسیٹتا ہوا قریب ترین شرابخانہ میں جاتا تھا، اور اپنے گیسوؤں کو جھاڑتا تھا بدر میں قریش کے دولتمند رؤسا مارے گئے تھے، اُن کے مرثیہ مین قریش کا ایک شاعر خاص طور سے ان کی بزم شراب اور مجلس رقص وسرود کی بربادی کا ماتم کرتا ہے،

وماذا بالقلیب قلیب بدرٍ — مِن القینات والشرب الکرام[1]

بدر کے گڈھے مین (جس میں مقتولین کی لاشیں ڈالی گئی تھیں) ناچنے والیوں اور فیاض شرابیوں کا ماتم ہو

شراب کے رواج عام کا اندازہ اس سے ہوسکتا ہو کہ عربی زبان مین شراب کے ڈھائی سو نام ہیں، اور علامہ مجد الدین فیروز آبادی نے خاص ان نامون پر ایک مستقل کتاب لکھی ہے تمام گھرون مین شراب کی مجلسیں قائم ہوتین، گھر کی عورتین اور چھوٹے بچے ساقی بنتے تھے، یہ شعر اوپر گذر چکا ہے جس مین شاعر اپنی بیوی سے کہتا ہے،

| | |
|---|---|
| صبنت الکاس عنّا امّ عمرو | اے ام عمرو! تونے شراب کا پیالہ ہم سے ہٹالیا |
| وکان الکاس مجراھا الیمینا | حالانکہ پیالہ کی گردش داہنی طرف سے تھی |

حضرت ابن عباسؓ کہتے ہین کہ اسلام لانے سے پہلے مین اپنے باپ (عباس) کی زبان سے کمسنی میں یہ سنا کرتا تھا، اسقنا کاسًا دھاقًا شراب کا ایک لبریز پیالہ ہم کو پلا،[2]

صحیح بخاری کتاب الاشربۃ میں حضرت انسؓ سے روایت ہو کہ جب شراب حرام ہوئی ہو تو اُس وقت ایک مجلس قائم تھی جس مین حضرت ابو دجانہؓ، ابو طلحہ، سہیل بن بیضا، شریک تھے، اور میں جو کہ سب سے کمسن تھا، ساقی گری کی خدمت انجام دے رہا تھا،

---

[1] صحیح بخاری باب الہجرۃ، جلد اول ص ۵۵۸ [2] صحیح بخاری باب ایام الجاہلیۃ جلد اول ۵۴۱،

شراب کس بے تکلفی سے پی جاتی تھی، کس درجہ کے لوگ پیتے تھے، کس قسم کے افعال اُس حالت میں سرزد ہوتے تھے، اس کا اندازہ صحیح بخاری کی ایک روایت[1] سے ہوگا، جو حرمت شراب سے قبل کا واقعہ ہے،

غزوۂ بدر میں حضرت علیؓ کو مالِ غنیمت میں سے ایک اونٹنی ملی تھی خمس میں سے ایک اور اونٹنی آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) نے عطا فرمائی، حضرت علیؓ کا نکاح حضرت فاطمہؓ سے ہوچکا تھا، اور وہ دعوتِ ولیمہ کی تیاری کر رہے تھے، ارادہ تھا کہ جنگل میں جاکر اذخر (ایک گھانس کا نام ہے) لائیں، اور زرگروں کے ہاتھ فروخت کریں، اس ارادہ سے باہر نکلے، تو دیکھا کہ ان کی اونٹنیوں کے کوہان کسی نے کاٹ لئے ہیں، اور پیٹ چاک کرکے کلیجہ نکال لیا ہے لوگوں سے پوچھا کہ یہ کس کا کام ہے؟ معلوم ہوا کہ پاس ہی ایک گھر میں حضرت حمزہؓ چند انصاری کے ساتھ شراب پی رہے تھے، ایک مغنیہ نے گاتے گاتے یہ مصرع لگایا،

الا یا حمز للشرف النواء، اے حمزہؓ! موٹی اونٹنیوں کے لئے،

حضرت حمزہؓ تلوار لے کر اٹھے، اور اونٹنیوں کے پیٹ چاک کرکے اُن کے کلیجے نکال لیے حضرت علیؓ نے جاکر آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) کو خبر کی، اور یہ ماجرا بیان کیا، آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) نے چادر اوڑھی، اور حضرت علیؓ اور زیدؓ کو لیکر، حضرت حمزہؓ کے پاس گئے، حضرت حمزہؓ مخمور تھے، آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا، اور کہا "تم سب میرے باپ کے غلام ہو" آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) یہ حالت دیکھ کر چلے آئے،

[1] صحیح بخاری کتاب المغازی، غزوۂ بدر ص ۵۷۱،

Marfat.com

حضرت حمزہؓ نے ۳ھ میں شہادت پائی ہے اسوقت تک شراب حرام نہیں ہوئی تھی، شراب کی حرمت جس تدریج سے نازل ہوئی ہے اس سے اندازہ ہوگا کہ تمام ملک کس طرح اسمیں مبتلا تھا کس طرح وہ مقبول عام ہوچکی تھی کہ اسکی حرمت کی طرف ذہن منتقل نہیں ہوتا تھا، اور کنایہ اور اشارہ سے گذر کر جب تک صاف صاف ممانعت نہیں کردی گئی، لوگ سمجھ نہیں سکے،

ابوداؤد، کتاب الاشربہ میں روایت ہے کہ جب شراب کی ممانعت نازل ہوئی، تو حضرت عمرؓ نے کہا اے خدا! شراب کے بارہ میں ہم کو صاف صاف بتادے" ان کے اصلی الفاظ یہ ہیں،

| | |
|---|---|
| اَللّٰھُمَّ بَیِّنْ لَنَا فِی الْخَمْرِ بَیَانًا | اے خدا! شراب کے بارہ میں ہمارے لئے |
| شِفَاءً، | شافی بیان کردے، |

اس پر سورۂ بقرہ کی یہ آیت اُتری،

| | |
|---|---|
| یَسْئَلُوْنَکَ عَنِ الْخَمْرِ وَالْمَیْسِرِ | لوگ تم سے شراب اور قمار بازی کی |
| قُلْ فِیْھِمَآ اِثْمٌ کَبِیْرٌ وَّمَنَافِعُ | نسبت سوال کرتے ہیں، تو کہدو کہ ان |
| لِلنَّاسِ وَاِثْمُھُمَآ اَکْبَرُ مِنْ | دونوں میں بڑا گناہ ہے اور لوگوں کے لئے فائدے |
| نَّفْعِھِمَا، (بقرہ ۲۷-۲۷) | بھی ہیں، لیکن فائدے سے گناہ بڑھکر ہے، |

اس آیت کے اُترنے کے بعد بھی لوگ شراب پیتے پلاتے رہے، یہانتک کہ ایک انصاری نے حضرت علیؓ اور حضرت عبدالرحمن بن عوفؓ وغیرہ کی دعوت کی، شراب کا دور چل رہا تھا کہ مغرب کی نماز کا وقت آگیا، ایک[1] صاحبؓ نے امامت کی، مگر نشہ کے خمار میں قُلْ

[1] شراب کی حرمت کی یہ تدریجی صورت حضرت عمرؓ (ترمذی تفسیر مائدہ و ابوداؤد کتاب الاشربہ) حضرت

يَا يُّهَا الْكَافِرُوْنَ کے سورہ کو کچھ کا کچھ پڑھ گئے، اس پر یہ آیت اتری،

| | |
|---|---|
| لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكَارٰى | نشہ کی حالت میں نماز نہ پڑھو، یہانتک کہ |
| حَتّٰى تَعْلَمُوْا مَا تَقُوْلُوْنَ (نساء-۷) | تم جو کہو اس کو سمجھ بھی سکو، |

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۷۶) ابوہریرہؓ (مسند احمد جلد ۲ صفحہ ۳۵۱) اور حضرت علیؓ (ابوداؤد کتاب الاشربہ) سے مروی ہے، یہ بات کہ وہ کون صحابی تھے جنھوں نے نشہ کی حالت میں غلط سلط سورہ پڑھ دی تھی، روایات سے صاف طور سے ظاہر نہیں ہوتی، ایک روایت میں حضرت علیؓ کا نام ہے اور دوسری میں عبدالرحمن بن عوفؓ کا نام اور تیسری میں کوئی مہاجر مذکور ہے، حضرت الاستاذ نے سیرت جلد دوم (تاریخ احکام ذکر حرمت شراب) میں ابوداؤد کتاب الاشربہ کے حوالہ سے حضرت علیؓ کا نام لکھدیا تھا، مگر مزید تحقیق سے یہ نسبت مشکوک معلوم ہوتی ہے، اس خاص روایت کا مرکزی راوی عطاء بن السائب عن ابی عبدالرحمن السلمی ہے، ابوعبدالرحمن سلمی حضرت علیؓ سے روایت کرتا ہے، اس سے یہ روایت مختلف طریقوں سے آتی ہے، اور ہر ایک میں شراب پینے والوں اور حالتِ نشہ میں نماز پڑھانیوالے کے نام کا اختلاف ہے، چنانچہ ہر روایت کے اصل الفاظ یہ ہیں،

وہ روایتیں جن میں حضرت علیؓ کا نام ہے،

۱- عَنْ ابی جعفر الرّازی عَنْ عَطَاء بن السائب عَنْ ابی عبد الرّحمٰن السّلمی عَنْ عَلی بن ابی طالب قال صنع لنا عبد الرّحمٰن بن عوف طعاماً فدعانا وسقانا من الخمر فاخذت الخمر منّا وحضرت الصّلوٰة فقدّموني فقرأت قُلْ يا ايّها الكافرون لا اعبد ما تعبدون ونحن نعبد ما تعبدون فانزل اللّٰه يا ايّها الّذين آمنوا لا تقربوا الصّلوٰة وانتم سكارى،

(ترمذی تفسیر نساء)

ابوجعفر رازی نے عطاء بن سائب سے، عطاء نے ابوعبدالرحمن سلمی سے، ابوعبدالرحمن سلمی نے حضرت علی بن ابی طالب سے روایت کی ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ عبدالرحمن بن عوف نے ہمارے لئے کھانا تیار کرایا اور ہم کو مدعو کیا، اور شراب پلائی جب ہم شراب کے نشہ میں چور ہو گئے، اور نماز کا وقت آیا تو لوگوں نے مجھ کو امام بنایا، اور میں نے قُلْ يَا اَيُّهَا الْكَافِرُوْنَ لَا اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ وَنَحْنُ نَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ پڑھی اس پر خدا نے یہ آیت اتاری يَا اَيُّهَا الَّذِيْنَ آمَنُوْا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَاَنْتُمْ سُكَارٰى یعنی مسلمانو نشہ کی حالت میں

اس کے بعد جب نماز کا وقت آتا تو منادی اعلان کرتا کہ کوئی مخمور نماز میں شامل نہ ہونے پائے لیکن چونکہ اب بھی ممانعت کا کوئی عام حکم نہ تھا اس لئے نماز کے علاوہ اور اوقات میں لوگ پیتے پلاتے رہتے تھے حضرت عمرؓ نے پھر دعا کی، اتفاق سے اسی زمانہ میں بعض انصار نے حضرت سعدؓ

(بقیہ حاشیہ ص ۲۷۷) ۲۔ عن سفیان حدثنا عطاء بن السائب عن ابی عبد الرحمن السلمی عن علی علیہ السلام ان رجلا من الانصار دعاہ وعبد الرحمن بن عوف فسقاھما قبل ان تحرم الخمر فامھم علی فی المغرب فقرء قل یا ایھا الکافرون فخلط فیھا فنزلت لا تقربوا الصلوۃ وانتم سکاری حتی حتی تعلموا ما تقولون۔ (ابوداؤد کتاب الاشربہ)

۲۔ سفیان نے عطا بن سائب، عطا نے ابو عبد الرحمن سلمی سے، ابو عبد الرحمن سلمی نے حضرت علی علیہ السلام سے یہ روایت کی ہے کہ انصار کے ایک شخص نے ان کو اور عبد الرحمن بن عوفؓ کو مدعو کیا، اور تحریم شراب سے پہلے ان دونوں کو شراب پلائی، پھر علیؓ نے نماز مغرب کی امامت کی، اور قل یا ایھا الکافرون پڑھی لیکن اس میں گڈمڈ کر دیا، اس پر یہ آیت اتری لا تقربوا الصلوۃ وانتم سکاری حتی تعلموا ما تقولون (نشے کی حالت میں نماز کے پاس نہ جاؤ یہاں تک کہ جو کچھ کہتے ہو اسکو جان لو)

وہ روایتیں جن میں عبد الرحمن بن عوفؓ کا نام ہے

۳۔ عن سفیان عن عطاء بن السائب عن ابی عبد الرحمن السلمی عن علی رضی اللہ عنہ قال دعانا رجل من الانصار قبل ان تحرم الخمر فتقدم عبد الرحمن بن عوف وصلی بھم المغرب فقرء قل یا ایھا الکافرون فالتبس علیہ فنزلت لا تقربوا الصلوۃ وانتم سکاری (مستدرک حاکم کتاب الاشربہ)

۳۔ سفیان نے عطا بن سائب، عطا نے ابو عبد الرحمن سلمی سے، ابو عبد الرحمن سلمی نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی ہے کہ تحریم شراب سے پہلے انصار کے ایک شخص نے ہم کو مدعو کیا تو عبد الرحمن بن عوفؓ نے امامت کی اور ان کو مغرب کی نماز پڑھائی، اور قل یا ایھا الکافرون پڑھی لیکن اس میں غلط ہو گیا، اس پر یہ آیت اتری لا تقربوا الصلوۃ وانتم سکاری الآیۃ (نشے کی حالت میں نماز نہ پڑھو)

Marfat.com

وقاص کی دعوت کی، اس میں شراب کا دور بھی چلا، یہ پی کر بدمستی میں کہنے لگے کہ مہاجر انصار سے بہتر ہیں، اس پر بات بڑھی اور مار پیٹ تک نوبت پہنچی، اس پر حکم آیا (صحیح مسلم فضائل سعد وقاص رض)

(بقیہ حاشیہ ص ۲۷۸) ۴ - سفیان عن عطاء بن السائب عن بن (؟) عبد الرحمن عن علی رضی اللہ عنہ انہ کان ھو و عبد الرحمن و رجل آخر یشربون الخمر فصلی بھم عبد الرحمن بن عوف فقرء قل یا ایھا الکافرون فخلط فیھا فنزلت لا تقربوا الصلوٰۃ (مستدرک حاکم کتاب الاشربہ)

۴ - سفیان نے عطاء بن السائب سے عطاء نے ابن عبد الرحمن سے ابن عبد الرحمن نے حضرت علی رضی اللہ عنہ سے روایت کی کہ وہ اور عبد الرحمن بن عوف اور ایک دوسرے آدمی شراب پی رہے تھے، اور ان کو عبد الرحمن بن عوف نے نماز پڑھائی، اور قل یا ایھا الکافرون پڑھی جس میں غلط ملط کر دیا، اس پر یہ آیت اتری (لا تقربوا الصلوٰۃ)

۵ - خالد بن عبد اللہ عن عطاء بن سائب عن ابی عبد الرحمن ان عبد الرحمن صنع طعاما فدعا ناسا من اصحاب النبی صلی اللہ علیہ وسلم فیھم علی ابن ابی طالب رضی اللہ عنہ فقرء قل یا ایھا الکافرون لا اعبد ما تعبدون ونحن عابدون ما عبدتم فنزلت لا تقربوا الصلوٰۃ الآیہ (مستدرک حاکم کتاب الاشربہ)

۵ - خالد بن عبد اللہ عطاء بن سائب سے، عطاء ابی عبد الرحمن سے روایت کرتے ہیں کہ عبد الرحمن رض نے کھانا تیار کرایا، اور صحابہ میں سے چند لوگوں کو جن میں علی بن ابی طالب رض بھی تھے، بلایا پھر انھوں نے قل یا ایھا الکافرون لا اعبد ما تعبدون ونحن عابدون ما عبدتم پڑھی، اس پر یہ آیت اتری کہ لا تقربوا الصلوٰۃ الآیۃ،

وہ روایت جس میں نام کی تعیین نہیں،

۶ - سفیان عن عطاء بن السائب عن ابی عبد الرحمن عن علی رضی اللہ عنہ

۶ - سفیان عطاء بن سائب سے، عطاء ابو عبد الرحمن سے وہ حضرت علی رض سے روایت کرتے ہیں کہ انھوں نے

يَآيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا اِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْاَنْصَابُ وَالْاَزْلَامُ رِجْسٌ مِّنْ عَمَلِ الشَّيْطٰنِ فَاجْتَنِبُوْهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ، (مائدہ - ۱)

اے ایمان والو! بیشک شراب، جوا، بت اور پانسے ناپاک اور شیطان کے کام ہیں، تو اُن سے بچو، تاکہ فلاح پاؤ،

اس کے بعد شراب قطعاً حرام ہو گئی، حرمت شراب کی یہ آخری آیت جس وقت

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۷۹) قال دعانا رجل من الانصار قبل تحریم الخمر فحضرت صلوٰۃ المغرب فتقدم رجل فقرء قُلْ يَآيُّهَا الْكَافِرُوْنَ فالتبس علیہ فنزلت لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ الآیۃ (مستدرک حاکم تفسیر نساء)

فرمایا تحریم شراب سے پہلے ہم کو انصار کے ایک شخص نے مدعو کیا، نماز مغرب کا وقت آیا تو ایک آدمی نے امامت کی اور قُلْ يَآيُّهَا الْكَافِرُوْنَ پڑھی لیکن اس میں خلط ملط کر دیا، اس پر آیت اتری لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ، (الآیۃ)

ان چھ روایتوں میں مختلف قسم کے اختلافات ہیں،

۱ - پہلی اور پانچویں روایت میں ہے کہ داعی عبد الرحمن بن عوفؓ تھے دوسری تیسری، اور چھٹی میں ہے کہ داعی کوئی انصاری تھے، چوتھی میں دعوت کے بغیر مجلس شراب کا ذکر ہے،

۲ - پہلی اور دوسری میں ہے کہ امام حضرت علیؓ تھے جنہوں نے نشہ میں کچھ کا کچھ پڑھ دیا، تیسری، چوتھی اور پانچویں میں ہے کہ وہ امام عبد الرحمن بن عوفؓ تھے، اور چھٹی میں حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ کوئی آدمی امام تھا،

۳ - اور روایتوں میں ہے کہ اس دعوت کی مجلس میں شراب تھی، چھٹی میں شراب کا مطلق ذکر نہیں ہے بلکہ وہ شخص جو امام بنا تھا، وہی شاید کہیں سے پی کر آیا ہو، اگرچہ حرمت شراب سے پہلے پینا کوئی شرعی جرم نہیں تاہم حضرت علی رضی اللہ کا پینا جو بچپن سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی صحبت و تربیت میں پل کر جوان ہوئے قیاس کے خلاف ہے، خصوصاً اس آیت کے بعد قُلْ فِيْهِمَا اِثْمٌ كَبِيْرٌ (کہدے کہ شراب اور جوے میں بڑا گناہ ہے) حضرت علیؓ کا پینا اور بھی زیادہ واقعہ کی صحت میں شک پیدا کرتا ہے، پھر جب یہ دیکھا جاتا ہے کہ اس روایت میں مختلف قسم کے ایسے اختلافات ہیں، جو ناقابل تطبیق ہیں،

Marfat.com

اُتری ہے حضرت ابو عبیدۃ امینؓ، اورابی بن کعبؓ جو سید القرا تھے، ابوطلحہؓ کے گھر مین مہمان تھے اور شراب کا دور چل رہا تھا، ساقی گری کی خدمت حضرت انسؓ سے متعلق تھی، چنانچہ صحیح بخاری کتاب الاشربہ میں خود حضرت انسؓ کی زبانی روایت ہی؛

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۰۰) ان اختلافات کا راز اس وقت کھل جاتا ہی جب اُن کے راویون پر نظر ڈالی جاتی ہی، سب سے پہلا راوی ابو عبدالرحمن سلمی جس کا نام عبداللہ بن حبیب ہی وہ پہلے حضرت علیؓ کا طرفدار وحامی (شیعہ) تھا، بعد کو عثمانی (بنی امیہ کا طرفدار) اور حضرت علیؓ کا مخالف ہوگیا، پھر اس کا یہ دعوی کہ اُس نے حضرت علیؓ سے سنا ہی محدثین مین مسلم ہنیں بخاری نے اس کو مانا ہی لیکن ابن ابی حاتم نے اس سے انکار کیا ہی، روایت کے دوسرے راوی عطاء بن سائب کا حافظہ خراب ہوگیا تھا اس لئے لوگون نے اس کو چھوڑ دیا تھا گو سفیان کی اس سے روایتیں حافظ کی خرابی سے پہلے کی سمجھی جاتی تھیں، مگر اوپر کی روایتون مین دیکھو کہ خود سفیان کی دو متون مین بھی وہی ناقابل تطبیق اختلاف موجود ہی، ان وجوہ سے یہ ظاہر ہوتا ہی کہ مختلف فیہ جزئیات غیر مسلم ہیں، اور واقعہ کی اصلی صورت وہی ہے جو چھٹی روایت میں ہی کہ وہ مجلس محض دعوت کی تھی جس میں حضرت علیؓ اور دوسرے صحابہ موجود تھے کہ نماز کا وقت آگیا، اور ایک صاحب جو مخمور تھے نماز پڑھانے کھڑے ہوگئے، اور آیتیں غلط سلط پڑھ دین چونکہ اس واقعہ کے راوی حضرت علیؓ تھے، اور وہ دعوت میں بھی شریک تھے اس لئے یا تو ابو عبدالرحمن سلمی عثمانی نے فرقہ داری کے جذبہ مین یا عطا نے ذراسی بھول میں واقعہ کی نسبت ادھر ادھر کر دی۔

اس آخری چھٹی روایت کی تائید مین حضرت ابوہریرہؓ کی روایت پیش ہوتی ہی جسکی سند اس پہلے سلسلہ سے الگ اور مستقل ہی

٧- عن ابی هریرة قال حرمت الخمر ثلاث مرات قدم رسول الله صلی الله علیه وسلم المدینة وهم یشربون الخمر ویأکلون المیسر فسألوا رسول الله صلی الله علیه وسلم عنهما فانزل الله علی نبیه صلی الله علیه وسلم یسئلونک عن الخمر والمیسر قل فیهما اثم کبیر

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہی کہ انھون نے کہا کہ شراب تین بار میں حرام کی گئی، رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مدینہ تشریف لائے تو لوگ شراب پیتے تھے اور جوا کھاتے تھے، لوگون نے آپ سے ان دونون کے متعلق سوال کیا تو خدا نے آپ پر آیت نازل فرمائی یسئلونک عن الخمر والمیسر قل فیهما اثم کبیر

كنت اسقي ابا عبيدة وابا طلحة وأبي بن كعب فجاء هم آت فقال ان الخمر حرمت

میں، ابو عبیدہ اور ابی بن کعب اور ابو طلحہ کو شراب پلا رہا تھا کہ ایک شخص نے آکر کہا کہ شراب حرام ہو گئی،

حافظ ابن حجر نے اس حدیث کی شرح میں صحیح مسلم اور دیگر حدیث کی کتابوں کے حوالہ سے

(بقیہ حاشیہ ص ۲۰۱) وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا الآية فقال الناس ما حرم علينا انما قال فيهما اثم كبير وكانوا يشربون الخمر حتى اذا كان يوم من الايام صلى رجل من المهاجرين امّ اصحابه في المغرب خلط في قراته فانزل الله فيهما اية اغلظ منها يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَىٰ حَتَّىٰ تَعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ وكان الناس يشربون حتى ياتي احدهم الصلوٰة وهو مفيق ثم انزلت اية اغلظ من ذالك يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ فقالوا انتهينا ربنا (مسند احمد جلد ۲ ص ۳۵۱)

وَمَنَافِعُ لِلنَّاسِ وَإِثْمُهُمَا أَكْبَرُ مِنْ نَفْعِهِمَا الآية لیکن لوگوں نے کہا خدا نے ہم پر حرام نہیں کی صرف یہ کہا کہ "ان دونوں میں بہت بڑا گناہ ہے" اب بھی لوگ شراب پیتے رہے یہانتک کہ ایک دن ایک مہاجر نے نماز مغرب پڑھائی، اور اپنی قرأت میں خلط کر دیا، اس لئے خدا نے شراب کے متعلق اس سے زیادہ سخت آیت اتاری "يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَقْرَبُوا الصَّلٰوةَ وَأَنْتُمْ سُكَارَىٰ حَتَّىٰ تَعْلَمُوا مَا تَقُولُونَ" اب بھی لوگ شراب پیتے رہے البتہ جب کوئی نماز پڑھنے جاتا تھا تو ہوش کی حالت میں جاتا تھا، پھر اس سے زیادہ سخت آیت نازل ہوئی، يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِنَّمَا الْخَمْرُ وَالْمَيْسِرُ وَالْأَنْصَابُ وَالْأَزْلَامُ رِجْسٌ مِنْ عَمَلِ الشَّيْطَانِ فَاجْتَنِبُوهُ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ، اب لوگوں نے کہا کہ خداوندا ہم باز آئے

اس میں حضرت علیؓ کا کہیں ذکر بھی نہیں، حضرت علیؓ جیسے قرآن کے صاحب فہم کی نسبت یہ خیال کرنا کہ پہلی آیت کے اشارے سے وہ شراب کی حرمت کو نہ سمجھ سکے تھے، قبول کے قابل نہیں، محدثین میں حاکم نے مستدرک میں جس روایت کو نقل کر

کہ اس جلسہ میں گیارہ بزرگ شریک تھے جن مین حضرت معاذ بن جبلؓ بھی تھے، اس موقع پر لحاظ کے قابل یہ بات ہو کہ اگرچہ یہ مدتون کی عادت تھی، اور اس وقت بھی سب خمار مین جھوم رہے تھے تاہم جون ہی یہ آواز آئی کہ رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) نے شراب کی ممانعت کردی کسی نے پوچھا گچھا تک نہین، اور دفعۃً جام وسبو توڑ ڈالے، یہ صرف ابو طلحہؓ کے گھر کا حال نہ تھا، بلکہ تمام مدینہ کے گلی کوچون میں شراب کی ندیان بہ گئین، بخاری باب المظالم مین ہو:-

جرت فی سکک المدینۃ — مدینہ کی گلیون میں شراب بہتی پھرتی تھی،

ان ندیوں کی روانی سے اندازہ ہوگا کہ عرب مین شراب نوشی کی کثرت کا کیا عالم تھا،

**قماربازی** شرابخوری کے ساتھ ساتھ ان میں قماربازی کا بھی عام رواج ہوگیا تھا، عرب کے

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۲۸۲) بیان کیا ہو کہ اس واقعہ مین حضرت علیؓ کا نام شامل کرنا خوارج کی کارستانی ہو، جسکی تردید اس روایت سے ہوجاتی ہو جس کو خود حضرت علیؓ روایت فرماتے ہیں، حاکم کہتے ہیں،

| | |
|---|---|
| وفی هذا الحدیث فائدۃ کثیرۃ وهی ان الخوارج تنسب هذا السکر وهذه القراءۃ الی امیرالمومنین علی بن ابی طالب دون غیرہ وقد براہ اللہ منها فانه راوی هذا الحدیث | اور اس حدیث میں بہت بڑا نکتہ ہو، اور وہ یہ ہو کہ خوارج نے اس نشہ اور اس غلط قراءت کو امیرالمومنین علیؓ بن ابی طالب ہی کی طرف منسوب کیا تھا تو خدا نے ان کو اس الزام سے بری کردیا کہ وہی اس حدیث کے راوی ہین، |

(مستدرک حاکم، جلد ۲ ص ۳۰۷)

درحقیقت وہ واقعہ کے صرف راوی تھے لیکن عثمانی اور خارجی راویوں نے خود حضرت علیؓ کو صاحب واقعہ بنا دیا،

لہ فتح الباری جلد (۱۰) مطبوعہ مصر طبع اول صفحہ ۳۱ بحوالہ روایت ابی عاصم

Marfat.com

مال و دولت کا تمامتر سرمایہ اونٹوں کے چند گلوں تک محدود تھا، اس لئے جوا بھی ان ہی کے ذریعہ سے کھیلا جاتا تھا، چنانچہ ایک جاہلی شاعر اپنے حریف سے کہتا ہے،

أَعَيَّرتَنا أَلبانَها ولُحُومَها ... وَذَلِكَ عارٌ يا ابنَ رَيطةَ ظاهِرُ

کیا تو ہم پر عیب لگاتا ہو کہ ہم اونٹ کا دودھ اور گوشت کھاتے ہیں، اے ابن ریطہ ہم پر یہ عیب نہیں لگ سکتا

نُحابي بها أكفاءَنا ونُهينُها ... ونَشرَبُ في أثمانِها ونُقامِرُ

ہم اُن کو اپنے ہمسروں کو بطور عطیہ کے دیتے ہیں اور اُن کو مہمانی میں صرف کرتے ہیں اور انکی قیمت سے شراب پیتے اور جوا کھیلتے ہیں

اس غرض سے اونٹوں کو ذبح کرکے ان کے گوشت کو دس ٹکڑوں میں تقسیم کر دیتے تھے اور ان ہی ٹکڑوں پر پانسے ڈالتے تھے، ان پانسوں کی صورت یہ تھی کہ دس تیر مقرر کر لئے تھے جن کے نام یہ ہیں، فذ، توام، رقیب، حلس، مسبل، معلی، منافس، نیح، سفیح، وغد، ان میں ہر تیر کے مختلف حصے معین کر دیئے تھے، اور جب جوا کھیلتے تھے، تو ان کو ایک تھیلے میں ڈالکر ایک منصف شخص کے ہاتھ میں دیتے تھے، وہ ان کو گڈمڈ کرکے ایک ایک تیر کو ایک ایک شخص کے نام پر نکالتا جاتا تھا جن کے نام پر وہ تیر نکلتے تھے جن جن کے حصے مقرر تھے، وہ کامیاب ہوتے تھے، اور جن تین تیروں کا کوئی حصہ نہ تھا، وہ جن کے نام پر نکلتے، ان کو ناکامیابی ہوتی تھی، اس طرح گوشت کے جو ٹکڑے جمع ہو جاتے تھے اُن کو فقیروں اور محتاجوں اور دوستوں میں تقسیم کر دیتے تھے، چونکہ یہ فیاضی کے اظہار کا ایک طریقہ تھا، اس لئے قماربازی کی مجلسوں میں شریک نہ ہونا ایک قومی عار تھا، اور اس قسم کے لوگوں کو نہایت بخیل خیال کرتے تھے، اور اُن کو "برم" کا خطاب دے رکھا تھا[1] جو لوگ یہ خطاب حاصل

---

[1] یہ پوری تفصیل تفسیر کبیر جلد ۲ صفحہ ۳۳۱ میں ہے۔

Marfat.com

کر لیتے تھے، اُن سے شادی بیاہ ننگ و عار خیال کیا جاتا تھا، چنانچہ ایک جاہلی شاعر اپنی بی بی کو وصیت کرتا ہے[1]

وَاِذَا ھلکت فلا تریدی عاجزا      عنسًا ولا برمًا ولا معزالا

اور اگر میں ہلاک ہو جاؤں تو عاجز، کمزور، اور جوئے میں نہ شریک ہونے والے اور سفر میں قوم کی علیحدہ ہو جانے والے سے نکاح نہ کرنا

جوئے کی ایک صورت جس کو رہان کہتے تھے یہ بھی کہ کسی شرط پر بازی لگاتے تھے، اور جب وہ شرط پوری نہیں ہوتی تھی، تو جس چیز پر بازی لگائی جاتی تھی، اس کو لے لیتے تھے، چنانچہ جب رومیوں اور ایرانیوں میں جنگ ہوئی اور باوجود رومیوں کی شکست کے قرآن مجید نے پیشین گوئی کی کہ اُن کو چند سال میں ایرانیوں پر غلبہ حاصل ہو جائے گا، تو کفار نے حضرت ابوبکرؓ سے اسی قسم کی شرط لگائی، اور اس فتح کے لئے چھ برس کی مدت مقرر کی، چنانچہ جب یہ مدت گذر چکی اور رومیوں کو فتح و ظفر نصیب نہیں ہوئی، تو حضرت ابوبکرؓ کو بازی ہار جانا پڑی[1]، رفتہ رفتہ اس قماربازی کا مذاق اُن میں اس قدر عام ہو گیا تھا کہ لوگ مال و دولت کھو چکنے کے بعد بی بی اور بال بچوں پر بازی لگا دیتے تھے[2]، یہ قماربازی اور وہ بھی شراب کی بدمستی کے عالم میں اکثر مار پیٹ اور لڑائی پر ختم ہوتی تھی، عبس و ذبیان کی چہل سالہ جنگ گھوڑ دوڑ کی قماربازی کا نتیجہ تھی حصول دولت اور کسب شہرت کے اس غلط طریقہ سے خاندان کے خاندان تباہ ہو جاتے تھے،

**سود خواری** | عرب میں سود خواری کا عام رواج تھا تمام دولتمند سود پر لین دین کرتے تھے حضرت عباسؓ بن عبدالمطلب نے جو قریش کے سردار اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے چچا تھے تجارت کا کاروبار نہایت وسیع پیمانے پر پھیلا رکھا تھا، اور اس تعلق سے سود خواری میں نہایت شہرت رکھتے تھے چنانچہ

---

[1] ترمذی سنہ ۱۲، جوئے کی اس صورت کو رہان کہتے تھے، اور اس وقت تک وہ حرام نہیں ہوئی تھی [2] تفسیر کبیر جلد ۲ ص ۳۳۱،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب حجۃ الوداع مین سود کی حرمت کا اعلان کیا تو سب سے پہلے ان ہی کے سود کو باطل قرار دیا، حضرت عثمانؓ اور خالد بن ولیدؓ سود پر قرض دیتے تھے، مسعود ثقفی طائف کا مشہور رئیس تھا، اور اس کے بھائی عبد یالیل، حبیب بن ربیعہ نہایت دولتمند تھے، بنو مغیرہ ان ہی لوگون میں سود پر داد و ستد کرتے تھے، چنانچہ جب طائف فتح ہوا، اور یہ چارون بھائی اسلام لائے، تو انھون نے مغیرہ سے سود کا تقاضا کیا، اس پر یہ آیت نازل ہوئی[1]

یٰاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِیَ مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ، (بقرہ ۳۸) مسلمانو! خدا سے ڈرو، اور بقیہ سود کو اگر تم مسلمان ہو تو چھوڑ دو،

ان کے علاوہ طائف ایک سرسبز اور دولتمند شہر تھا، اس لئے وہان کے لوگ عموماً سود پر بیوپار کرتے تھے، چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سے جن شرائط پر مصالحت کی، ان مین ایک ضروری شرط یہ بھی تھی کہ وہ لوگ سود خواری نہ کرین گے، اسی طرح یمن کے نجرانی سوداگر بھی سودی کاروبار کرتے تھے، ان سے بھی یہی شرط کی گئی[2]

سود کا عام اور متداول طریقہ تو یہ تھا کہ ایک معین شرح پر قرض دیتے تھے، اور راس المال کے ادا کرنے کے لئے میعاد مقرر کر دیتے تھے، جب میعاد گذر جاتی تھی، تو اس کا تقاضا کرتے تھے، اگر مدیون اس کو ادا نہین کر سکتا تھا تو میعاد مین اور اضافہ کر دیتے تھے، اور اس کے عوض میں شرح سود بڑھا لیتے تھے، لیکن اس نے ترقی کرکے ایک نہایت ظالمانہ صورت اختیار کرلی تھی، جو سود در سود سے بھی زیادہ خطرناک تھی یعنی ایک میعاد متعینہ کے لئے کسی کو مثلاً سو دیتے تھے

[1] تفسیر کبیر جلد ۲ صفحہ ۳۵۹ [2] فتوح البلدان بلاذری فتح طائف [3] ابوداؤد کتاب الامارت،

گذر چکتی اور تقاضا کرنے پر مدیون اس رقم کو ادا نہین کر سکتا تھا، تو میعاد اور بڑھا دیتے تھے لیکن اُس کے معاوضہ مین راس المال مین بھی اضافہ کروا لیتے تھے، یہان تک کہ کبھی کبھی یہ اضافہ دوگنی چوگنی مقدار تک پہنچ جاتا تھا، اس طرح اضافہ ہوتے ہوتے مدیون کی کل جائداد مستغرق ہوجاتی تھی، یہ معاملہ زیادہ تر غریبون اور کاشتکارون کیساتھ پیش آتا تھا جس کا نتیجہ یہ تھا کہ غریبون[١] اور کاشتکارون کا تمام طبقہ چند دولتمندون اور خصوصًا یہودیون کے ہاتھ مین گرو تھا، قرآن مجید کی یہ آیت اسی طریقہ سود کو مٹانے کے لیئے نازل ہوئی،

| | |
|---|---|
| يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تَأْكُلُوا الرِّبَا | مسلمانو! دونا، چارگنا سود نہ کھاؤ |
| أَضْعَافًا مُضَاعَفَةً وَاتَّقُوا اللَّهَ | اور خدا سے ڈرو یقین ہے کہ تم کامیاب |
| لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ، (آل عمران ١٤) | ہوجاؤ، |

سود کے علاوہ قرض کے متعلق اور بھی مختلف قسم کی ناجائز سختیان پیدا ہوگئی تھین مثلًا اگر راہن میعاد متعینہ پر مال مرہونہ کو چھڑا نہ سکتا تھا، تو مرتہن اس کا مالک ہوجاتا تھا[٢] مال و دولت سے گذر کر عورتون اور بال بچون تک کو رہن رکھواتے،

**لوٹ مار** عرب مین روز کی لوٹ مار نے اگرچہ ہر قبیلہ کو غارتگر اور راہزن بنا دیا تھا، تاہم بعض قبائل مین اس قسم کے خاص خاص جتھے قائم ہوگئے تھے، جنھون نے راہزنی کو اپنا ذریعہ معاش اور عام مشغلہ بنا لیا تھا، اس قسم کے لوگون کو "لصوص" کہتے تھے، اور قبیلہ طے کو عرب مین عام طور پر جو شہرت حاصل تھی، وہ اسی گروہ کی بدولت تھی،

---

[١] موطا امام مالک ص ۲۰۰ [٢] بخاری قتل کعب بن اشرف،

یہ گروہ شہر سے باہر میدانون مین جنگلون مین، پہاڑ کے کھوؤن مین رہتا تھا، اور ادھر سے جو مسافر یا قافلے گذرتے تھے، ان کو لوٹ لیتا تھا، اس کا استیصال صرف ایک پُرزور نظام حکومت ہی سے ہو سکتا تھا جو عرب میں مفقود تھا، چنانچہ قبیلۂ طے کے عیسائی سردار عدی بن حاتم مسلمان ہو کر جب آپ سے ملنے آئے، اور آپ نے اُن سے پیشینگوئی کی کہ "وہ دن آئے گا جب حیرہ سے ایک پردہ نشین عورت بے خوف و خطر حضرموت کا سفر کریگی"، تو چونکہ وہ قبیلۂ طے کے ایک رئیس تھے اور اُن اس قبیلہ کے ڈاکوؤں کا حال معلوم تھا اس لئے اُن کو تعجب ہوا کہ ہماے طے کے لصوص کیا ہو جائین گے؟

ہر قبیلہ دوسرے قبیلہ کے مال و دولت، مویشی بلکہ اہل و عیال تک پر ڈاکہ ڈالنے کیلئے تیار رہتا تھا، تاجرون اور سوداگرون کے قافلے بغیر کسی بھاری انعام کے کسی میدان سے بسلامت گذر نہین سکتے تھے، ایک قبیلہ دوسرے قبیلہ کی عورتون اور بچون کو پکڑ کر کسی دوسرے کے ہاتھ فروخت کر دیتا تھا، اور مویشیون کو ہانک لیجاتا تھا، صبح کا وقت جب کہ رات بھر چلنے کے بعد مسافر آرام کرتے تھے، اس کام کے لئے مخصوص ہو گیا تھا، چنانچہ "صبح" کا لفظ عربی مین لوٹنے کے معنی مین جاہلیت مین عام طور سے بولا جاتا تھا، کامیاب ڈاکو اپنے کارنامون کو نظم کرتے تھے، اور فخریہ پڑھتے تھے، ایک قبیلہ کا شاعر حارث نامی ڈاکو کے سلامت نکل جانے پر کہتا ہے؛

یا لهف زیابة للحارث      الصابح فالغانم فالآئب

اے زیابہ کا افسوس حارث کے لئے جو صبح کو ڈاکہ ڈالنے والا، پھر لوٹنے والا، پھر سلامت واپس جانیوالا ہے،

حج کے تین مہینون مین البتہ وہ اس پیشہ سے باز رہتے تھے لیکن اس سے زیادہ مدت پر وہ صبر نہیں کرتے تھے، اور چونکہ ہر قبیلہ دوسرے قبیلہ کے مال و دولت اور مویشی پر موقع پاکر اسی طرح

تصرف کرتا تھا، اس لئے وہ اُس کو عیب نہیں، بلکہ بہادری کا کام سمجھتے تھے، اور اس طرح ملک میں مسلسل قتل وغارت اور لوٹ مار کا طریقہ جاری تھا،

**چوری** ڈاکہ کے علاوہ اقتصادی حالات کی مجبوری سے بدوؤں میں چوری کا رواج بھی تھا، مختلف قبیلوں کے ایسے بہادر جو قبیلہ میں کوئی نمایاں حیثیت نہیں رکھتے تھے، وہ خصوصیت کیساتھ اس پیشہ کو اختیار کرتے تھے، وہ تنہا بڑے بڑے خطرناک موقعوں پر جا کر اس کام کو انجام دیتے تھے اور اس پر فخر کرتے تھے، اُن میں سے سلیک بن السلکہ اور تابط شرّاً شہرت عام رکھتے تھے تابط شرّاً کا ایک قطعہ حماسہ میں ہے جس میں اپنی چوری اور حیلہ گری کا ذکر بڑے فخر سے کیا ہے،

قریش میں تجارت کے سبب سے دولت بھی تھی اور خود خانہ کعبہ میں تحفوں اور نذرانوں کا خزانہ جمع رہتا تھا، اس لئے اُن میں چوری کے مواقع بھی زیادہ تھے، چنانچہ کلبی نے متعدد و نمایاں قریشیوں کے نام بتائے ہیں جنھوں نے اس خزانہ سے سونے کا ہرن چرا لیا تھا[1]، بلکہ اس میں خاص طور سے ابولہب کا نام لیا جاتا ہے[2]،

عام بدو عربوں میں یہ برائی جتنی عام ہوگئی تھی، اس کا اندازہ اس سے ہوگا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان مردوں اور عورتوں سے جو اسلام قبول کرنے آتے تھے، دوسری باتوں کے ساتھ یہ معاہدہ بھی لیتے تھے کہ وہ آئندہ چوری نہ کریں گے[3]" بلکہ خود قرآن پاک نے آپ کو اس کا معاہدہ لینے کا حکم دیا تھا[4]،

چوری کرنے کے عجیب عجیب طریقے ایجاد کر لیے تھے، ایک شخص نے اپنی چھڑی کے کنارے

---

[1] فتح الباری جلد ۱۲ ص ،، [2] کتاب المعارف لابن قتیبہ [3] صحیح بخاری کتاب الحدود ص ۱۰۰۳ و ۱۰۰۴ [4] سورہ ممتحنہ رکوع ۲

ایک ٹیڑھا لوہا (محجن) لگا رکھا تھا حج کے زمانہ میں آتا اور جب حاجیوں کو غافل پاتا تو اس لوہے کے سہارے سے اُن کے اسباب کو کھینچ لیتا،[1]

جس طرح عرب میں لٹے کے ڈاکو لوٹ مار میں مشہور تھے، اسی طرح بعض قبائل چوری میں شہرت عام رکھتے تھے، چنانچہ اسلم، غفار، مزینہ اور جہینہ کے قبیلے تمام عرب میں اس بنا پر بدنام تھے کہ وہ خاص طور پر حاجیوں کے مال واسباب کی چوری کیا کرتے تھے[2]

چونکہ یہ چوری عربوں کی اقتصادی کمزوری کا نتیجہ تھی، اس لئے اس کے لئے غیر و بیگانہ کی تخصیص نہ تھی، بلکہ اس کا اثر اعزہ واقارب، ہمسایہ دوست و آشنا، خاندان غرض سب پر پڑتا تھا، چنانچہ مدینہ میں بشر، بشیر، مُبشر تین آدمی تھے جن کو بنو ابیرق کہا جاتا تھا، ان میں بشر منافق تھا، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجو میں شعر لکھکر دوسرون کی طرف منسوب کر دیتا تھا، یہ لوگ نہایت تنگدست اور فاقہ مست تھے، انھوں نے رفاعہ نامی ایک شخص کے بالاخانہ سے جس میں ہتھیار، تلوار اور زرہ وغیرہ بھی رکھی ہوئی تھی، نقب لگا کر چوری کی، آپ نے رفاعہ کے ہتھیار واپس دلائے لیکن رفاعہ نے انکو خدا کی راہ میں وقف کر دیا، اور بشیر بھاگ کر مشرکین سے جا ملا[3]

مردون کے علاوہ عورتین بھی اس مرض میں گرفتار تھیں، اسی لئے قرآن پاک نے عورتون سے بیعت لیتے وقت یہ عہد لینے کی بھی تاکید کی کہ وَلَا یَسْرِقْنَ (ممتحنۃ ۲) یعنی وہ چوری نہ کرینگی شرفا اگر اس الزام میں پکڑ جاتے تو وہ چھوڑ دیئے جاتے تھے، اسلئے یہ برائی رکنے نہیں پاتی تھی، چنانچہ اسلام کے بعد بھی جب قبیلۂ مخزوم کی ایک عورت نے چوری کی تو اُس پر قریش کو سخت تردد ہوا،

[1] مسلم باب فی صلوٰۃ الکسوف [2] مسلم و بخاری، کتاب المناقب باب اسلم و غفار [3] ترمذی ص ۴۹۵ کتاب التفسیر سورہ نساء

اور لوگون نے کہا اس کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں کون سفارش کریگا؟ لوگون نے اسامہ بن زیدؓ کو منتخب کیا جن کو آپ بہت پیار کرتے تھے، انھون نے سفارش کی تو آپنے فرمایا تم حدود اللہ کے متعلق سفارش کرتے ہو؟ پھر کھڑے ہو کر خطبہ دیا، اور اس مین فرمایا کہ گذشتہ قومین صرف اسی لئے ہلاک ہوگئین کہ جب شریف آدمی چوری کرتا تھا، تو اس کو چھوڑ دیتے تھے، اور ضعیف چوری کرتا تھا، تو اس کو سزا دیتے تھے، خدا کی قسم اگر فاطمہ بنت محمد بھی چوری کرتی تو مین اس کا ہاتھ بھی کاٹ لیتا[۱] خود شہر کے اندر اس قسم کی وارداتون کی یہ حالت تھی کہ صفوان بن امیہ ایک روز ایک بیش قیمت چادر اوڑھ کر سو رہے تھے، ایک شخص نے موقع پا کر اُس کو اڑا لیا، وہ گرفتار کر کے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لایا گیا، تو آپنے اُس کے ہاتھ کاٹنے کا حکم دیا، صفوان کو اس پر رحم آیا، اور آکر عرض کی کہ یارسول اللہ! ایک چادر کے لئے ایک عرب کا ہاتھ کاٹا جائیگا؟ آپنے فرمایا میرے پاس لانے سے پہلے ہی اس کا خیال رکھنا تھا، حاکم تک معاملہ پہنچنے کے بعد کسی کو سفارش کا حق حاصل نہیں[۲]

سفاکی بیرحمی و وحشت | رات دن کی لوٹ مار اور کشت و خون سے ان مین درندون کے تمام اوصاف پیدا ہوگئے تھے زندہ اونٹ اور دنبے کے کوہان اور چکیان کاٹ کر کباب لگاتے اور یہ انکی بڑی مرغوب غذا تھی، زندہ جانورون کو درخت وغیرہ سے باندھ دیتے، اور ان پر تیر اندازی کی مشق کرتے لڑائیون مین حاملہ عورتون کے پیٹ چاک کر ڈالتے، مقتولون کے ناک کان کاٹ لیتے اور عورتین اُن کے ہار بنا کر پہنتیں، منت مانتے کہ دشمن کو قتل کرین گے، تو اس کی کھوپڑی میں شراب پئیں گے،

سزا دینے کا ایک یہ طریقہ تھا کہ مجرم کو دو درختون کی ٹہنیان جھکا کر اسکے اعضا ان مین باندھ

---

[۱] بخاری جلد ۲ ص ۱۰۰۳ کتاب الحدود [۲] دارقطنی صفحہ ۳۶۲ کتاب الحدود

اور پھر ٹہنیوں کو چھوڑ دیتے، مجرم کا بدن چر کر ٹہنیوں کے ساتھ رہ جاتا،

کبھی کبھی عورتوں کو گھوڑے کی دم سے باندھ کر گھوڑے کو سرپٹ ڈال دیتے، اُن کے بدن کے ٹکڑے اڑ جاتے، اس قسم کی سزائیں اکثر عرب کے سلاطین اور رؤسا دیا کرتے تھے،

کبھی آدمی کو کسی کوٹھری میں قید کر کے اس کا کھانا پانی بند کر دیتے تھے، یہانتک کہ وہ اسی طرح بھوک اور پیاس سے تڑپ تڑپ کر مر جاتا تھا، اس طریقۂ سزا کا نام اُن کے ہاں صبر تھا، مردوں کی قبر پر اونٹ باندھ دیتے تھے، اور اس کو کھانے کو نہیں دیتے تھے، وہ چند روز میں مر جاتا تھا، سمجھتے تھے کہ یہ مردے کی سواری بنے گا، اس اونٹ کو 'بلیۃ' کہتے تھے،

زنا اور فواحش | زنا اور فسق و فجور عام تھا، اور یہ واقعات فخریہ اشعار میں بیان کئے جاتے تھے، امرؤ القیس عرب کا سب سے بڑا شاعر تھا، اس کے ساتھ شاہزادہ اور والی ملک بھی تھا، اُس نے اپنی پھوپھی زاد بہن عنیزہ اور اور عورتوں کے ساتھ جو افعال شنیعہ اور بیحیائیاں کین، قصیدۂ لامیہ میں فخر کے ساتھ تفصیل سے لکھی ہیں، باوجود اس کے اس قصیدہ کے اشعار عرب میں بچہ بچہ کی زبان پر تھے،

ابن عباس رضؓ سے روایت ہے کہ اہل جاہلیت گو بالاعلان زنا کو جائز نہیں سمجھتے تھے لیکن چھپے چوری کرنے کو جائز سمجھتے تھے، اور کہتے تھے کہ کھلم کھلا کرنا تو کمینہ پن ہے لیکن چھپکر کرنے میں مضائقہ نہیں[1]، فاحشہ عورتیں، گھروں کے سامنے جھنڈیاں لگا کر بیٹھتی تھیں[2] اور صاحب الرایات کہلاتی تھیں، اُن کی اولاد صلی اور حلالی اولاد کے برابر سمجھی جاتی تھی، اسلام سے پہلے ایسی عورتیں خود مکہ معظمہ میں تھیں ان میں سے ایک کا نام عناق تھا، مرثد غنوی رضؓ نے آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) سے اجازت مانگی کہ

---

[1] تفسیر طبری آیت محصنٰت غیر مسافحات، جلد ۵ صفحہ ۱۳ [2] صحیح بخاری کتاب النکاح جلد ۲ صفحہ ۷۶۹،

Marfat.com

عناق سے نکاح کرلوں؟ اس پر یہ آیت اُتری[1]

وَالزَّانِيَةُ لَا يَنكِحُهَا إِلَّا زَانٍ أَوْ مُشْرِكٌ (نور-۱) اور زانیہ عورت سے زانی یا مشرک ہی نکاح کرتے ہیں

بڑے بڑے رؤسا گھر کی لونڈیوں کو یہ حکم دیتے تھے کہ بدکاری کے ذریعہ سے جاکر کچھ کما لائیں اور اُن کی نذر کریں عبداللہ بن اُبی مدینہ کا رئیس تھا اور اس درجہ کا شخص تھا کہ ہجرت سے پہلے تمام انصار نے تاج بنوالیا تھا کہ اس کو بادشاہ بناکر پہنائیں گے، چنانچہ صحیح بخاری میں یہ واقعہ منقول ہے

عبداللہ بن ابی کی دو لونڈیاں تھیں، ایک کا نام مسیکہ اور دوسرے کا نام امیمۃ تھا، وہ ان دونوں کو زناکاری کرانے پر مجبور کرتا تھا، اس پر قرآن مجید کی یہ آیت اُتری[2]

وَلَا تُكْرِهُوا فَتَيَاتِكُمْ عَلَى الْبِغَاءِ (سورۂ نور-۴) اپنی لونڈیوں کو زنا پر مجبور نہ کرو،

موجودہ طریقہ کے علاوہ نکاح کی اور چند قسمیں جاری تھیں، جو حقیقت میں بدکاری ہی کی قسمیں تھیں مثلاً ایک یہ کہ کوئی شجاع اور بہادر شخص ہوتا تو اپنی عورت کو اُس کے پاس بھیجتے کہ اس سے جو بہتر بچہ پیدا ہوتا تھا تو سمجھتے تھے کہ اس میں بھی وہی اوصاف آجائیں گے جس کا یہ نطفہ ہے

دوسرا طریقہ یہ تھا کہ چند آدمی جن کی تعداد ایک وقت میں دس سے زیادہ نہیں ہوتی تھی کسی عورت کے پاس جاتے، اور سب اس سے ہم صحبت ہوتے، جب وہ حاملہ ہوجاتی اور بچہ جنتی تو سب کو بلا بھیجتی اور کسی ایک سے کہتی کہ یہ بچہ تمہارا ہے اس کو قبول کرنا پڑتا، اور پھر وہ اس کا بیٹا سمجھا جاتا

تیسرا طریقہ یہ تھا کہ فاحشہ عورتیں جو سر بازار جھنڈیاں لگاکر بیٹھتی تھیں اُن کے لڑکا پیدا ہوتا تو قیافہ شناس کو بلوا بھیجتیں، وہ صورت شکل دیکھ کر بتاتا کہ فلاں شخص نطفہ ہے عورت اسکو بلاکر کہتی کہ

---

[1] ابوداؤد کتاب النکاح [2] صحیح مسلم، باب تفسیر

تمھارا بچہ ہے صحیح بخاری کتاب النکاح میں یہ تینوں طریقے تفصیل سے مذکور ہیں،

ایک اور قسم عارضی نکاح کی جاری تھی، اور وہ یہ تھی کہ کسی عورت سے مدت متعینہ کے لئے نکاح کر لیتے تھے، اس مدت کے گذرنے کے بعد اسکی اجرت دیکر اسکو الگ کر دیتے تھے اسکو متعہ کہتے تھے، اسلام نے شروع میں اس کو ضرورۃً چندے باقی رکھا، پھر ہمیشہ کے لئے اس کو حرام کر دیا،

بے شرمی و بیحیائی | شرم وحیا کا وجود نہ تھا، حج کعبہ میں ہزاروں لاکھوں آدمی جمع ہوتے لیکن (قریش کے سوا باقی) سب مادرزاد ننگے ہو کر کعبہ کا طواف کرتے، عورتیں جب ننگی ہو کر طواف کرتیں تو لوگوں سے کہتیں کہ کوئی ہم کو اتنا کپڑا دیتا کہ ستر عورت ہو جاتا، پھر یہ شعر پڑھتیں،

اليوم يبدو بعضه او كله ❊ آج بدن کا کچھ حصہ کھلے گا یا سارا

فما بدا منه فلا احله ❊ اور جو کھلا ہے اس سے لطف اٹھانے کی میں اجازت[۱] نہیں دیتی

صحیح مسلم باب التفسیر میں حضرت عبداللہ بن عباسؓ سے یہ روایت نقل کی ہے،

نہاتے وقت اوٹ نہیں کرتے تھے، کھلے میدان میں بے ستر ہو کر نہاتے تھے[۱]،

پاخانہ پیشاب کے وقت پردہ نہیں کرتے تھے[۲]، جلسوں میں بیٹھتے تو بیویوں سے ہم صحبتی کے تمام واقعات بیان کرتے[۳]،

سوتیلی ماؤں پر وراثۃً قبضہ کر کے ان کو بیوی بناتے،

عورتوں پر ظلم | عورتوں کی حالت نہایت خراب تھی مورث کے متروکہ میں سے انکو کچھ نہیں ملتا تھا،

---

[۱] نسائی باب لاستتار عند الغسل [۲] ابوداؤد کتاب الطہارۃ [۳] ابوداؤد کتاب النکاح باب مایکرہ من ذکر الرجل مایکون من اصابتہ اہلہ،

Marfat.com

عرب کا قول تھا کہ میراث اس کا حق ہے، جو تلوار پکڑ سکتا ہو، اسی بنا پر چھوٹے بچے بھی وراثت سے محروم رہتے تھے،

لڑائیوں میں مفتوحہ قبیلہ کی عورتیں عین میدان جنگ میں فاتحین کے تصرف میں آجاتیں اگر صلح ہوجاتی، اور عورتیں واپس دیدی جاتیں، تو باوجود اس کے کہ سب کے ناموس برباد ہوچکے ہوتے، بدستور گھروں میں لیجاتیں، اور یہ کوئی عیب نہیں خیال کیا جاتا تھا، فاتحین اس تصرف پر فخر کرتے، اور اس کو اشعار میں ظاہر کرتے، بنو ضبّہ نے جب بنو عامر پر فتح پائی، تو ان کی عورتوں کو عین میدان جنگ میں رسوا کیا، فرزدق نے اس شعر میں اسی واقعہ کی طرف اشارہ کیا ہے،

فظلت وظلت یرکبون ھبیرھا — تو لوگ عورتوں پر متصرف ہوگئے،

ولیس لھم الا عوالیھا ستر — اور اگر کوئی پردہ بیچ میں تھا تو صرف نیزے تھے

قبیلۂ قیس اور بنو دارم میں جو معرکہ ہوا جو رحرحان کے نام سے مشہور ہے اس کی نسبت جریر کہتا ہے،

نکحت نساءھم بغیر مھور — اُن کی عورتوں سے بغیر مہر کے نکاح کیا

عمرو معدیکرب، عرب کے مشہور بہادر اور شاعر تھے، اُن کی بہن ریحانہ کی عصمت اسی طرح جب برباد ہوئی تو عمرو نے کہا،

امن ریحانۃ الداعی السمیع — کیا ریحانہ کی طرف سے کوئی پکارنیوالا سننے والا ہے

یؤرقنی واصحابی ھجوع — جس نے کو مجھے بیخواب کر رکھا ہے لیکن میرے احباب سوتے ہیں

اذا لم تستطع امرا فدعہ — اور اگر تم کسی کام کو نہ کرسکو تو اس کو چھوڑ

وجاوزہ الی ما تستطیع — دو کرو جو کرسکتے ہو،

طلاق کے لئے کوئی مدت اور عدت نہ تھی، یعنی جب تک شوہر چاہے عورت نہ شوہر کے پاس رہ سکتی تھی نہ کسی اور سے شادی کرسکتی تھی،

نکاح کی کوئی حد نہ تھی، غیلانؓ بن سلمہ ثقفی جب اسلام لائے تو ان کی دس بیویاں تھیں[1] وہب اسدیؓ نے اسلام قبول کیا، تو آٹھ بیویاں اُن کے عقدِ نکاح میں تھیں[1]،

دو حقیقی بہنوں سے ایک ساتھ نکاح کرتے، باپ مرجاتا تو اُس کی کل بیویاں (بجز حقیقی ماں کے) بیٹے کے تصرف میں آتیں اور اس کی جائز بیویاں سمجھی جاتیں،

ایام کے زمانہ میں عورتوں کو الگ کر دیتے اور اُن کے ساتھ کھانا پینا چھوڑ دیتے،

عورت جب بیوہ ہو جاتی، تو گھر سے باہر ایک نہایت تنگ کوٹھری رہنے کو اور خراب سے خراب کپڑے پہننے کو دیئے جاتے، خوشبو وغیرہ کی قسم کی کوئی چیز استعمال نہ کرسکتی، اس حالت کے ساتھ جب پورا سال گذر جاتا تو ایک بکری یا گدھا لاتے، اس سے وہ اپنے جسم یا ..... کو مس کرتی پھر کوٹھری سے باہر نکلتی اور اسکے ہاتھ میں مینگنی دیجاتی، وہ مینگنی کو پھینک دیتی، اس وقت سوگ سے نکل آتی اور قدیمی حالت ... قائم ہوتی، عورت کا جو مہر مقرر ہوتا وہ باپ کو ملتا، عورت اس مہر کا نام ...

غرض مجموعی حیثیت سے عورت، بدترین مخلوق، اور ہر قسم کی جبر و تعدی کا تختہ مشق تھی، رفتہ رفتہ یہاں تک نوبت پہنچی کہ جس کے گھر میں لڑکی پیدا ہوتی، اس کو سخت رنج ہوتا، اور شرم کے مارے لوگوں سے چھپتا پھرتا،

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى — اور جب اُن میں سے کسی کو لڑکی کی خوشخبری

---

[1] ابوداؤد کتاب النکاح [2] ابوداؤد کتاب النکاح، باب اجداد المتوفی عنہا زوجہا،

Marfat.com

ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا وَّهُوَ كَظِيْمٌ — سنائی جاتی ہے تو اُس کا منہ کالا پڑ جاتا ہے اور غصہ
يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ سُوْٓءِ مَا — کے گھونٹ پی کر رہ جاتا ہے اس خوشخبری کے
بُشِّرَ بِهٖ ط اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ اَمْ — رنج سے لوگوں سے چھپتا پھرتا ہے اور سوچتا ہے
يَدُسُّهٗ فِي التُّرَابِ ، — کہ ذلت کے ساتھ اس کو قبول کرے یا زندہ
(سورہ نحل - ۷) — زمین میں دفن کر دے ،

ابو حمزہ ایک رئیس تھا اُس کے لڑکی پیدا ہوئی ، تو اُس نے گھر میں رہنا چھوڑ دیا ، اس پر
اس کی بیوی یہ اشعار پڑھ پڑھ کر بچی کو لوریاں دیتی تھی ،

مالابی حمزۃ لا یاتینا — ابو حمزہ کو کیا ہو گیا ہے کہ ہمارے پاس نہیں آتا
یظل فی البیت التی تلینا — اور ہمسایہ کے گھر میں رات بسر کرتا ہے ،
غضبان ان لا نلد البنینا — اس پر ناراض ہے کہ ہم بیٹے نہیں جنتے
تاللہ ما ذاک بایدینا — خدا کی قسم یہ ہمارے اختیار کی بات نہیں
ونحن کالزرع لزارعینا — ہم بطور کھیت کے ہیں ،
ننبت ما قد زرعوہ فینا — ہم میں جو بویا جائے گا وہی اُگے گا ،

رفتہ رفتہ دختر کشی کی رسم جاری ہو گئی ، لڑکی پیدا ہوتی تو اُس کو میدان میں لیجا کر زمین کھودتے ، اور زندہ گاڑ دیتے ، اس کو عربی میں واد کہتے ہیں ،

ایک صاحب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں آکر ظاہر کیا تھا کہ انھوں نے اپنے ہاتھ سے آٹھ لڑکیاں زندہ دفن کیں [1]

عورت کو وراثت کا کوئی حصہ نہیں ملتا تھا، اُن کا قانون تھا کہ وراثت کا حق اسی کو ہے جو تلوار چلائے[1]، عورت بیوہ ہونے کے بعد اپنے شوہر کے وارثوں کی ملک سمجھی جاتی تھی، وارث اگر بیوہ پر چادر ڈال دیتا، تو وہ اس کی جائز مدخولہ بنجاتی[2]۔

وحشت وجہالت | حرام حلال کی کوئی تمیز نہ تھی، ہر چیز اور ہر جانور کھا سکتے تھے کھاتے تھے، حشرات الارض عام غذا تھی، چھپکلی تک کھا جاتے تھے، خون کو جما لیتے اور قاشیں تراش تراش کر کھاتے، مردا جانور کھانا عام بات تھی[3]، چمڑے کو آگ میں بھون کر کھاتے، زندہ جانور کا گوشت کاٹ کر کھا لیتے تھے[4]، گردن مروڑ کر ڈنڈے سے مار کر درندوں کا مارا ہوا سب کھاتے[5]، گدھے کا گوشت بھی کھاتے تھے[6]۔

عرب کا مشہور جاہلی شاعر اعشیٰ میمون جس نے آغاز اسلام کا زمانہ پایا ہے، اور اہل ادب نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مدح میں اس کا ایک قصیدہ نقل کیا ہے، اس میں وہ اسلام کی تائید میں اہل عرب کو جن باتوں کی طرف متوجہ کرتا ہے، وہ یہ ہیں،

وایاک والمیتات لا تاکلنھا ۔ ولا تاخذن سھما حدیدا لتفصدا

مرداروں سے پرہیز کر اور ان کو نہ کھا ۔ اور نہ تیز تیر سے جانور کو فصد دیکر مار کر کھا

وذا النصب المنصوب لا تنسکنہ ۔ ولا تعبد الاوثان واللہ فاعبدا

اور نہ کھڑے کئے ہوئے بتوں پر قربانی کر ۔ اور نہ بتوں کی پوجا کر بلکہ اللہ کی عبادت کر

---

[1] تفسیر یوصیکم اللہ فی اولادکم للذکر مثل حظ الانثیین [2] تفسیر ولا تعضلوھن [3] اسباب النزول سیوطی آیت وحرمت علیکم المیتۃ [4] تفسیر طبری سورۂ مائدہ بیان ماکولات [5] صحیح نسائی کتاب الصید والذبح [6] دیوان اعشیٰ مطبوعہ ویانا ۱۹۲۷ء ص ۱۰۲

ولا السائل المحروم لا تترکنّہٗ | لعاقبة ولا الاسیر المقیّدا
اور محروم بھیک مانگنے والے کو کسی اور انجام کیلئے مت چھوڑ | اور نہ زنجیر میں بندھے قیدی کو

ولا تسخرن من بائس ذی ضرارة | ولا تحسبنّ المرء یوماً مخلدا
اور نہ کسی مصیبت زدہ مفلس سے ٹھٹھا کر | اور نہ کبھی یہ سمجھ کہ آدمی ہمیشہ رہنے والا ہے

ولا تقربنّ جارة ان سرّها | علیک حرام فانکحن او تابدا
اور نہ اپنی ہمسایہ خاتون سے بدکاری کر | وہ تجھ پر حرام ہے تو یا نکاح کر اور یا کنوارا رہ جا

Marfat.com

# عربوں کے خصوصیات

## خیر الامم بننے کی اہلیت

لیکن ان تمام مفاسد اور برائیوں کے باوجود اہل عرب مین کچھ ایسی خصوصیات بھی تھین جو دنیا کی تمام قوموں میں ان ہی کے ساتھ مخصوص تھیں، اور ان کی ان ہی فطری اور طبعی خصوصیات وامتیازات کا اثر تھا کہ خلاق فطرت نے اُن کو اپنی نبوت و رسالت اور تعلیم و شریعت کا اہل سمجھا، اور ان کو اپنے اس خلعت خاص سے سرفراز کیا،

صحت نسب | ان خصوصیات مین سب سے پہلی چیز اُن کی صحت نسبی ہے، شمالی عرب کے تمام قبیلے حضرت ابراہیم کی اولاد اور اُن کی نسل سے تھے، اور یہ بات ایسی مشہور و متواتر روایتون سے ثابت تھی کہ کسی نے انکی تردید کی ہمت نہین کی، توراۃ نے حضرت ابراہیم کی جن اولادون کے نام بتائے ہین اُن میں سے ایک ایک نام کا سُراغ عرب کی پرانی آبادیوں میں ملتا ہے، چنانچہ ریورنڈ فارسٹر نے ۱۸۴۴ء مین عرب کا جو تاریخی جغرافیہ لکھا ہے، اس میں پوری دلیل اور تفصیل اور شہادتون کے ساتھ ان آبادیون کا پتہ لگایا ہے، اور اُن کی جگہین متعین کی ہین، قدیم یہودی مورخ یوسیفوس نے بھی یہی لکھا ہے[1]، اور آج کل ایک یہودی فاضل ڈاکٹر اسرائیل ولفنسون نے تاریخ الیہود فی بلاد العرب

[1] ترجمہ انگریزی ۱۸۶۲ء جلد اول صفحہ ۲۵،

ایک کتاب لکھی ہے اس مین بھی اس نے اس واقعہ کو تسلیم کیا ہے، اور اس کی صحت پر دلیلین پیش کی ہین[۵] اور بعض حال کے مناظر عیسائیوں کے علاوہ اس واقعہ کے تواتر مین کسی نے شک نہین کیا ہو" اور غالباً اسی لئے سینٹ پال نے اپنے خطوط مین "عرب کی ہاجرہ" کی تمثیل استعمال کی ہے[۶] اور قرآن پاک نے اہل عرب اور قریش کو خطاب کر کے صاف کہا ہے،

مِلَّةَ اَبِيۡكُمۡ اِبۡرٰهِيۡمَ (حج) تمھارے باپ ابراہیم کا مذہب،

حضرت ابراہیمؑ تک نام بنام سلسلۂ نسب کے پہنچنے مین پشتون کی کمی بیشی، یا ناموں کا گھٹنا بڑھنا ممکن ہے، مگر مجموعی حیثیت سے یہ دعویٰ کہ یہ حضرت ابراہیمؑ کی اولاد تھے کسی حیثیت سے مشکوک نہیں ہے خصوصاً جب اس کے ساتھ خارجی قرائن پر بھی نظر کر لیجائے کہ وہی تمدن اور طرز معاشرت جو توراۃ مین حضرت ابراہیمؑ اور اُن کے اہل و عیال کا نظر آتا ہے اسلام کے عہد تک بلکہ آج تک وہ اسی طرح عربوں میں قائم و باقی ہے، وہی خیمے ہیں، وہی صحرا ہین، وہی مویشی ہین، وہی بدویانہ زندگی ہے، وہی رسوم و رواج ہیں جن کو اسلام نے آکر اور زیادہ نکھار دیا، وہی بیت اللہ، حج اور قربانی کی عادتیں ہیں، در یہ ایسا کھلا قرینہ ہے، جو آج بھی یورپ کے محققوں کی نگاہوں کی سامنے ہے، مشہور جرمن محقق نولڈیک کہتا ہے،

اور نیز عربوں میں قدیم سامی کیرکٹر اپنے خالص رنگ مین باقی سمجھا جاتا ہے، اور اُن کی زبان اصل زبان کے بہت قریب ہے[۷]"

---

[۵] تاریخ الیہود فی بلاد العرب لاسرائیل ولفنسون مطبوعہ مطبعۃ الاعتماد مصر ص ۵، ۶، ۷۔ [۶] سینٹ پال گلیتون کے نام باب ۴ - ۲۵ [۷] انسائیکلوپیڈیا برٹانیکا، طبع یازدہم مضمون السنۂ سامیہ میں نے ارض القرآن جلد اول ص ۱۰۰، سے صفحہ ۱۱۶ تک اس پر مدلل بحث کی ہے، اور علمائے یورپ کے حوالے کجا کر دیئے ہیں،

Marfat.com

اہلِ عرب کو اپنے حسب و نسب کی حفاظت کا خیال و لحاظ تھا، اس کے ذکر سے عرب کی تاریخین معمور ہیں، چنانچہ نسب پر فخر کرنا اُن کی شاعری کا اور نسبی مفاخرت اُن کی تقریر کا سب سے بڑا موضوع تھا، اپنے باپ دادون کے مسلسل نامون کو یاد رکھنا ان کا خاندانی فرض سمجھا جاتا تھا یہان تک کہ انسانون سے ہٹ کر جانورون (گھوڑون) تک کے نسب نامے وہ محفوظ رکھتے تھے قبائل کے نسبی تعلقات کو یاد رکھنے والے خاص خاص لوگ ہر قبیلہ مین موجود رہتے تھے، اور یہی سبب ہے کہ آج بھی اُن کے اکابر اور مشاہیر کا سلسلۂ نسب آپ کو معلوم ہو سکتا ہے، اور اس پر بہت سی اہم کتابین لکھی گئی ہین، اور یہ وہ خصوصیت ہے جو دنیا مین صرف اہل عرب کے ساتھ مخصوص ہے یہود در بنی اسرائیل بھی گو حضرت ابراہیمؑ ہی کی نسل سے تھے، مگر وہ بھی اس خصوصیت مین ان کی برابری نہین کر سکتے کہ دوسری قومون کے اختلاط اور میل جول، اور کسی خاص وطن نہ ہونے کے سبب سے انکی اکثر خاندانی خصوصیتین مٹ گئیں،

نسب بجائے خود کوئی فخر کی چیز نہیں، اسی لئے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عمل کے مقابلہ مین نسبی فخر کا ہمیشہ کے لئے خاتمہ کر دیا، لیکن حضرت ابراہیم علیہ السلام نے اپنی اولاد کی ہدایت کے لئے جو دعا کی تھی، اور اُن کو جس بیت اللہ کی پاسبانی سپرد کی تھی، اور اُن مین ایک نبی کی بعثت کی جو دعا مانگی تھی اور خدا نے اُن کی نسل کو دینی اور دنیاوی برکات کے عطا کرنے کا اُن سے جو عہد کیا تھا، ان سب کے پورا ہونے اور اُن کے حقیقی مصداق بننے کے لئے نسلِ ابراہیمؑ کی صحیح النسبی کی ضرورت تھی، اور اسی لئے اللہ تعالیٰ نے ان کو اس شرف کیساتھ مخصوص کیا، اسی طرح اُن کو اُن تمام اثرات سے محفوظ رکھا جو قومون کے عادات و اخلاق

کسی مذہب مین داخل تھی

اور استعدادات کو بدل دیتے ہیں، مثلاً وہ باوجود اس کے کہ ہر چہار طرف سے مختلف بڑے بڑے مذہبوں سے ٹکرا رہے تھے، مگر کوئی مذہب اُن کو فتح نہین کرسکا تھا، مجوسیت خلیج فارس سے لیکر یمن تک حکمران تھی، یہودیت یمن اور حجاز کے تجارت گاہوں پر قابض تھی، عیسائیت اپنی فوج و لشکر اور راہبون اور قسیسون کے دل بادل کیساتھ یمن سے لیکر شام کے حدود تک پھیلی تھی اور بعض افراد اور بعض قبیلوں کو وہ برائے نام عیسائی بنا بھی چکی تھی، مگر پورا عرب ہنوز اپنی خالص حالت پر باقی تھا، عرب میں جو نیک طبع اور دیندار لوگ ہوتے تھے، وہ مجوسی یا یہودی یا عیسائی ہونے کے بجائے اپنے کو دینِ ابراہیمی کا پیرو کہتے تھے، اور اسی لئے اپنے مذہب کا نام دینِ حنیفی رکھتے تھے، یہ سب اس لئے ہو رہا تھا کہ خاتم الانبیا صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ دینِ ابراہیمی کی دعوت و تجدید کا راستہ کھلا رہے،

محکوم نہ تھے

عرب کا ملک تخلیقِ عالم کے آغاز سے اسلام تک ہر غیر قوم کی حکومت سے ہمیشہ آزاد رہا۔ شمالی عرب نے کبھی کسی قوم کی غلامی نہیں کی، بابل کے بخت نصر نے بنی اسرائیل کو زیر و زبر کر دیا، مگر عرب کی طرف آنکھ نہ اٹھا سکا، یونانیوں اور رومیوں نے مصر سے لیکر عراق کی سرحد تک صدیون تک حکومت کی، مگر خاص عرب کے اندر قدم نہ رکھ سکے، سکندر نے اور اُس کے بعد کے رومی سپہ سالارون نے جب ادھر نظر اٹھائی تو فطرت نے ہمیشہ اُن کو شکست دی، عرب کا ملک دنیا کی دو عظیم الشان حکومتون یعنی ایران اور روم کی سرحد پر واقع تھا، مگر وہ دونوں اپنی حرص و آز کا ہاتھ اسکی طرف بڑھانے سے قاصر رہیں، گستاخ عیسائی حبشیون نے یمن فتح کرنے کے بعد ہاتھیوں کے ریلے کیساتھ مکہ معظمہ پر چڑھائی کی، مگر قدرتِ الٰہی نے اُن کو تباہ کر دیا، یہ تمام اہتمام انتظام اسلئے تھا

Marfat.com

کہ کوئی دوسری جابرانہ قوت اُن کے دل و دماغ کی استعداد کو برباد نہ کر سکے، اُن کی آزادی کی روح برقرار اور اُن کی فاتحانہ طاقت بدستور قائم رہے، تاکہ یہ مخفی خزانہ خدا کے آخری مذہب کی حکومت کے قیام و بقا میں کارآمد ہو۔

**کتابی فاسد تعلیم سے ناآشنا تھے**

جس طرح وہ خارجی اثرات سے پاک تھے، اسی طرح صحیفۂ فطرت کے سوا ہر قسم کے کتابی علم سے وہ ناآشنا تھے، یعنی اس ذریعہ سے بھی وہ دوسری قوموں کے دماغی اثرات سے محفوظ تھے، اور علم کی جاہلانہ اور کج بحثانہ ذہنیت سے پاک تھے، وہ اُمّی تھے، تاکہ ایک امی معلم کی ربانی تعلیم کے قبول کرنے کے لئے ہر طرح تیار رہیں،

**وہ زمین کے وسط میں آباد تھے**

عرب کا ملک پرانی دنیا کے وسط میں واقع ہے، ایک طرف ایشیا، دوسری طرف افریقہ اور تیسری طرف یورپ کا راستہ اس سے قریب ہی، پھر بحری جائے وقوع اس کو جزائر اور دور دراز ملکوں سے قریب کر دیا تھا، اس لئے عرب نے نکل کر وہ ایک طرف عراق ہو کر ایران، ترکستان، خراسان، سیستان، کابل، ہندوستان تک پہنچ گئے، اور دوسری طرف شام ہو کر مصر، افریقہ، الجزائر، ٹیونس، مراکش، اور اسپین تک جا پہنچے، اور بحری راستوں سے ایک طرف تمام جزائر افریقہ، حبشہ، زنجبار، پھر اور صرف جزائر ہند، جاوہ، سماٹرا، اور چین تک ان کا گذر ہوا، اور دوسری طرف سائپرس، اکریٹ، اور سسلی تک اُن کا پرچم لہرایا، یہ تمام مواقع اس لئے میسر آئے کہ عرب کا جائے وقوع اس دعوت کے لئے مناسب مرکز تھا، فرض کرو کہ اگر اس دعوت کی جگہ ہندوستان یا چین ہوتی تو اسپین اور سسلی تک پہنچنے کے لئے کتنا عرصہ درکار ہوتا، پھر یہ کہ اس وقت تک دنیا جن دو مشرقی اور مغربی طاقتوں کے زیر فرمان تھی، ان دونوں کے زور کو برابر طور سے اور ایک ساتھ توڑنے کیلئے

Marfat.com

عرب کے سوا دنیا میں کوئی جگہ موزون نہ تھی، جہان سے دونوں پر ایک ساتھ حملہ کرنا، اور دنیا کو اُن کے خون آشام پنجوں سے نجات دینا آسانی ممکن ہوا،

**بعض اخلاقی خوبیان**

اُن کے علاوہ اہلِ عرب کو خیر الامم بننے اور عالم کے لئے شاہد، نمونہ اور مصلح ہونے کے لئے کچھ اور اخلاقی خوبیون کی بھی ضرورت تھی، اور وہ اُن میں بدرجہ اتم موجود تھیں، ان خوبیوں کے بغیر وہ اسلام کی عظیم الشان تحریک کے علم بردار نہیں ہوسکتے تھے، اور نہ وہ دنیا کی رہنمائی کا فرض انجام دیسکتے تھے،

**شجاع وبہادر تھے**

وہ حد سے زیادہ شجاع وبہادر تھے، وہ خطرات سے بےخوف تھے، وہ لڑائی کو کھیل سے زیادہ وقعت نہیں دیتے تھے یہی سبب ہو کہ وہ تمام دنیا کی قومون اور سلطنتون کے مقابلہ میں تنہا کھڑے ہوئے، اور کسریٰ اور قیصر کو انھون نے ایک ساتھ چیلنج دیا، اور اس تحریک کے پھیلانے میں تھوڑی تھوڑی غیر مسلح جمعیتوں سے ہزاروں اور لاکھون کی فوج کا بےخطر مقابلہ کیا، اور کامیاب ہوئے،

**پرجوش تھے**

ساتھ ہی وہ پرجوش بھی تھے اس لئے جس دعوت اور تحریک کو لیکر اٹھے اس کو پوری کوشش، عزم اور جوش کے ساتھ دنیا کے گوشہ گوشہ میں پھیلا دیا اُن کے عزم اور جوش کو نہ پہاڑ روک سکا، اور نہ سمندر اس سے ٹکرا سکا، ہر جگہ وہ توحید کا علم لئے بحر و بر، دشت و جبل میں پھیل گئے، اور اپنے عزم راسخ سے ارکانِ عالم کو متزلزل کر دیا،

**حق گو تھے**

اُن کی جسمانی شجاعت و بہادری نے اُن کو دل کا شجاع اور بہادر بھی بنا دیا تھا، جو بات اُن کے دل میں ہوتی تھی، وہی اُن کی زبان پر تھی، اہل مدینہ میں جو نفاق کا عنصر پیدا ہو گیا

تھا، وہ یہود کے اثر کا نتیجہ تھا، اور نہ قریش اور عام اہل عرب میں یہ بات نہ تھی، یا تو وہ کھلے دشمن تھے، یا کھلے دوست، اپنے نزدیک وہ جس کو حق سمجھتے تھے، اس کے ظاہر کرنے میں اُن کو کسی کا باک نہیں ہوتا تھا

**عقل و دانش والے تھے** باوجود اس کے کہ وہ عموماً ظاہری نوشت و خواند سے عاری تھے مگر فطرت کے عطیۂ عقل و دانش سے وہ کافی طور پر بہرہ مند تھے، حضرت ابوبکر صدیق رضی، عمر فاروق رضی، عثمان غنی رضی، علی مرتضیٰ رضی، طلحہ رضی، زبیر رضی، خالد رضی، ابوعبیدہ رضی بن جراح، وغیرہ سینکڑوں، ہزاروں صحابہ نے علم، مذہب، اخلاق، اور سیاست میں جو نکتہ سنجیاں کیں، وہ خود اُن کی عقل و دانش کی گواہ ہیں، روم و ایران کی متمدن قوموں سے جس طرح انھوں نے معاملہ، مراسلہ اور نامہ و پیام کیا، اور علم و سیاست کے اُلجھے سے اُلجھے ہوئے مسئلہ کو جس طرح سلجھایا، وہ خود اسی نتیجہ کو ظاہر کرتا ہے اُن کے شعراء کے کلام، اُن کے مقرروں کی تقریریں، اُن کے فصحاء کے مقولے سنیئے، تو اُن کی اس فطری صلاحیت کا اندازہ ہوگا کہ ظاہری تعلیم کے بغیر کیونکر یہ لعل و گہر وہ اپنے منہ سے اُگل سکے،

**ذہن اور حافظہ کے تیز تھے** فطرت کا قاعدہ ہے کہ اگر اس کے بعض قویٰ بیکار رہیں، تو اُن کی قوت دوسرے زیر عمل قویٰ کو وہ منتقل کر دیتی ہے، اور جس عضو سے زیادہ کام لیا جاتا ہے اسکی قوت کو وہ ترقی دیتی رہتی ہے، اسی اصول کے موافق ظاہری تعلیم اور نوشت و خواند سے محروم ہونے کے سبب سے جہاں عرب کے بعض قویٰ بیکار ہو رہے تھے، وہاں اُن کو اپنی یادداشت کے لئے تحریری اوراق اور سفینوں پر بھروسہ کرنے کے بجائے خود اپنے دل و دماغ پر بھروسہ کرنے کی عادت تھی، اس کا نتیجہ تھا کہ اُن کا ذہن اور حافظہ بہت قوی تھا، یہی سبب ہے کہ اُن کے شعراء اپنے بڑے بڑے قصیدوں

Marfat.com

کو زبانی پڑھتے تھے، اور جو کچھ کہتے تھے اس کو برزبان یاد رکھتے تھے، اور اُن کی اسی قوت کا یہ فیض تھا کہ اُن میں کا بڑا طبقہ تحریر کے بغیر قرآن پاک کی بڑی بڑی سورتوں کو یاد رکھتا تھا، اور بہتیرے ایسے تھے، جو پورے قرآن کو یاد رکھتے تھے، اور یہ ان ہی کی تقلید ہے کہ دنیا کے ہر حصہ میں ایسے ہزاروں مسلمان پائے جاتے ہیں، جو پورے قرآن کے حافظ ہوتے ہیں، اور اہل عرب کی اسی خصوصیت کا مظہر یہ بھی تھا کہ احادیث، سیر اور واقعات کا بڑا سرمایہ تحریر کے علاوہ زبانی ایک دوسرے کو پوری ذمہ داری اور حفاظت کے ساتھ منتقل ہوتا رہا، اور سینکڑوں اصحاب ایسے تھے، جو ہزاروں لاکھوں احادیث کو حرف حرف اور لفظ لفظ کی پابندی کے ساتھ یاد رکھتے تھے، اہل عرب کی اس خصوصیت نے اسلام کی حفاظت اور اشاعت کا نہایت اہم فرض انجام دیا،

**فیاض تھے** اہل عرب کی ایک خاص امتیازی صفت اُن کی فیاضی تھی، مہمان نوازی اُنکی سب سے بڑی خصوصیت تھی، ہمسایوں اور پناہ گزینوں کی امداد میں وہ اپنی جان تک لڑا دیتے تھے، اپنی شہرت اور ناموری کے لئے اونٹوں کو ذبح کرکے کھلا دینا یا جوئے میں جیتی ہوئی دولت کو احباب کے جلسۂ دعوت میں اڑا دینا اور بکھیرنا اُنکی قومی رسم تھی، اور یہی اوصاف اُن کی شاعرانہ مدح میں سب سے زیادہ نمایاں نظر آتے ہیں، اسلام نے اُن کی اسی صفت کو تھوڑی سی اصلاح کے بعد خدا کی راہ میں خیرات و صدقات و زکوٰۃ سے بدل دیا، اور اسلام کی مشکل کشائی میں اُس نے سب سے زیادہ مدد دی

**مساوات پسند تھے** چونکہ وہ کبھی کسی دوسری قوم کے محکوم نہیں ہوئے تھے اور نہ کسی ایک مطلق العنان شخصی بادشاہ کے تابع فرمان بنے تھے، اس لئے ان میں خودداری کا جذبہ بیدار تھا، وہ غلامی نہیں جانتے تھے، وہ اپنے کو ذلیل کرنا پسند نہیں کرتے تھے، اور وہ بڑے سے بڑے شخص کے سامنے

برابری کے ساتھ بے باکانہ بیٹھکر باتین کرتے تھے،

عرب مین بیسیون لڑائیان صرف اسی خودداری کی حفاظت مین پیش آئی تھین جس کا ایک منظر سبعہ معلقہ کے آخری قصیدہ مین نظر آتا ہے، اہلِ عرب کے اس جذبہ نے حق گوئی، مساوات اور جمہوریت پسندی وغیرہ اسلامی تعلیمات کے پھیلانے میں بڑی مدد دی،

عملی تھے | اہلِ عرب کے فطری اخلاق وکردار کی آخری دفعہ یہ ہے کہ وہ طبعًا عملی اور عملیت پسند تھے، وہ اہلِ ایران اور اہلِ ہند کی طرح محض تخیل پسند، خیال آرا اور نظریہ باز نہ تھے، وہ مجسم عمل تھے اور عملیت کو پسند کرتے تھے، وہ چون وچرا اور کیسے اور کیونکر کی فلسفیانہ الجھنوں سے پاک تھے، وہ دنیا کے کاروباری آدمیون اور سپاہیون کی طرح چند اچھی باتون کو قبول کرکے اُن پر فورًا عامل بنجاتے تھے یہی سبب ہے کہ عجمیانہ نکتہ آفرینی اور بال کی کھال نکال کر اسکی الجھن کے سلجھانے میں وہ کبھی گرفتار نہین ہوئے، وہ ہمہ تن عمل اور صرف عمل تھے، اسی بنا پر شارع علیہ السلام نے اُن کے سامنے ایک عملی مذہب کو پیش کرکے اُن کو سراپا عملی بنادیا، اور جو کچھ وہ تعلیم لائے تھے اس کا مجسم پیکر بناکر چند سال میں دنیا کے سامنے پیش کردیا، دور سے بدوی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین آتے تھے اور فلسفہ وحجت، اور مناظرہ وقیل وقال کے بغیر فرائض اخلاق کی عملی تعلیم حاصل کرکے اپنے قبیلہ مین واپس چلے جاتے تھے، اور بالآخر اپنی عملی دعوت سے اپنے پورے قبیلہ کو مسلمان بنالیتے تھے، وہ اگر مگر اور ممکن وناممکن کی بحث میں نہیں پڑتے تھے، وہ تعلیم کو دیکھتے تھے، اور سنتے تھے، وہ اچھی معلوم ہوتی تو اسکو قبول کرتے، اور اُس پر عمل کرکے دینی ودنیاوی فوائد اور نتائج کے حصول کا یقین کرتے تھے، اور اسی غیر متزلزل یقین اور ایمان کے بھروسہ پر وہ مشکل اور خطرناک کام کرگذرتے تھے، اہلِ عرب

Marfat.com

کی اسی خصوصیت نے اسلام کی سادگی کو برقرار، اور عجمی فلسفیت و نظریت سے پاک مبرا رکھا، اور تھم
چند ہی سال کے اندر اندر مغرب و مشرق، شمال و جنوب مین اسلام کا پھریرا آسمان پر اڑنے لگا،

ان اوصاف کی مصلحت

اہلِ عرب کے ان تمام فطری و طبعی اوصاف و اخلاق کو دیکھکر یہ یقین کرنا پڑتا ہی کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے آخری دین کی اشاعت اور حفاظت کے لئے جس قوم کا انتخاب کیا تھا، وہ ازل سے اُس کے لئے منتخب ہو چکی تھی، باوجود اُن کی ہر قسم کی گمراہیون کے یہ چند اچھے اوصاف اسلیے اُن میں ودیعت کئے گئے تھے تاکہ جب خدا کی بادشاہی کا دن آئے، تو اُن کی فطری استعداد کا یہ سرمایہ اسکی امداد و اعانت کیلئے خزانۂ غیب کا کام دی یہی وہ سرمایہ تھا، جو اس وقت نہ ہند و عجم مین تھا، نہ روم و فرنگ مین، نہ ترک مین تھا، نہ تاتار مین، بلکہ صرف عرب میں تھا، اسی لئے اللہ تعالیٰ نے اپنی آخری نبوت کے لئے اسی قوم کو برگزیدہ کرکے یہ امانت اُسکے سپرد کی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک موقع پر ارشاد فرمایا، "اللہ تعالیٰ نے ابراہیم کی اولاد مین اسمٰعیل کو پسند کیا، اور اسمٰعیل کی اولاد مین بنی کنانہ کو، اور بنی کنانہ مین سے قریش کو اور قریش مین سے بنو ہاشم کو اور بنو ہاشم مین سے مجھکو" ایک اور روایت مین ہے کہ آپ نے فرمایا کہ مین عبدالمطلب کے بیٹے عبداللہ کا بیٹا ہون، اللہ نے تمام لوگون کو پیدا کیا تو مجھے اُس نے ان سب مین سب سے بہتر نسل مین رکھا، ان کو دو حصون (عرب و عجم) مین تقسیم کیا تو مجھے اس حصہ مین (یعنی عرب مین) بنایا، جو سب سے بہتر تھا، اس حصے کو بھی قبیلون مین تقسیم کیا تو مجھے اس قبیلہ مین پیدا کیا، جو سب سے بہتر تھا، پھر اُس قبیلہ کو گھرانون مین تقسیم کیا، تو مجھے سب سے بہتر گھرانے میں پیدا کیا، پھر اس گھرانے کو افراد پر تقسیم کیا، تو مجھے اس گھرانے کا سب سے بہتر فرد بنایا،[1]

[1] یہ دونون حدیثین ترمذی باب المناقب مین ہین،

# صبحِ سعادت

دنیا اور عرب کی سرزمین اس ظلمت میں تھی کہ صبحِ سعادت نمودار ہوئی، اور خورشیدِ نبوت کے طلوع کا غلغلہ برپا ہوا، ظلمتِ شب کافور ہوئی، اور تھوڑی دیر میں ذرہ ذرہ سورج کی کرنوں سے پُرنور ہوگیا، یہ ظاہر ہے کہ یہ سورج گو دنیا کو روشن کرنے نکلا تھا لیکن وہ نکلا عرب ہی کے اُفق سے تھا، اس لئے ضروری تھا، کہ اس کے نور سے پہلے اسی ملک کی سرزمین روشن ہو،

ایک قوم کا انتخاب | سرورِ کائنات کو گو خدا نے تمام عالم کی اصلاح کے لئے بھیجا تھا، اور اس بنا ایک ایسی شریعت کامل عطا کی جو نہ صرف عرب بلکہ تمام عالم کے لئے ابد تک کافی ہو، لیکن کوئی شریعت کوئی قانون، کوئی دستور العمل، اس وقت تک مفید اور کارآمد نہیں ہوسکتا جب تک اُس کے ساتھ ایسا گروہ موجود نہ ہو، جو اس شریعت کی عملی تصویر ہو، اور جس کی ہر بات، ہر ادا، ہر جنبش، عملی خطیب بنکر گردوپیش کو اپنا ہم زبان اور ہم عمل بنالے،

اس بنا پر خاتم انبیاء کا سب سے اہم مقصد ایک خاص قوم کو تربیت دیکر اصلاحِ عالم کے لئے تیار کرنا تھا[1]، دنیا کی اور قومیں باری باری اس منصب پر ممتاز ہوچکی تھیں، ایک زمانہ تھا جب بنی اسرائیل جیسی قوم جو آج تمام دنیا میں خوار و ذلیل ہے، اِنِّی فَضَّلْتُكُمْ عَلَى الْعَالَمِيْنَ (ہم نے تم کو تمام دنیا

[1] شاہ ولی اللہ صاحب لکھتے ہیں کہ جو پیغمبر تمام عالم کیلئے مبعوث ہوتا ہے وہ علاوہ ان اصول کے جو اور مذاہب میں ہیں

قوموں پر فضیلت دی، کا آج یہیں چکی تھی، لیکن اوپر یہ تفصیل گذرچکی کہ اب تمام قوموں میں صلاحیت کا مادہ مفقود ہوچکا تھا، ایران تین ہزار برس تک ناز و نعمت میں پل کر ترقی کی روح فنا کرچکا تھا رومیوں کے تمام قوائے عمل بوسیدہ ہوچکے تھے، ہندوؤں کا دل و دماغ صرف وہم پرستی کا کام دینے کے قابل رہ گیا تھا، صرف ایک عرب تھا، جو بن جتی زمین کی طرح مادہ ہائے نشو و نما سے لبریز تھا اور ایک لوحِ سادہ کی طرح ہر قسم کی نقش آرائیوں کے قابل تھا، مشیتِ ایزدی نے اسی کو تاکا اور چند روز میں وہی عرب جو سرتاپا جہل، سرتاپا وحشت، اور سرتاپا درندہ پن تھا، کُنْتُمْ خَيْرَ أُمَّةٍ أُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَأْمُرُونَ بِالْمَعْرُوفِ وَتَنْهَوْنَ عَنِ الْمُنْكَرِ[1] کا مظہر بن گیا،

ان لوگوں کا حلیہ وجمال اور خط و خال یہ تھا،

| | |
|---|---|
| اَلَّذِيْنَ اِنْ مَّكَّنّٰهُمْ فِي الْاَرْضِ | ایسے لوگ کہ ہم اگر ان کو دنیا میں اقتدار دیں |
| اَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ وَاَمَرُوْا | تو وہ نماز قائم کریں، زکوٰۃ دیں، اچھی باتوں |
| بِالْمَعْرُوْفِ وَنَهَوْا عَنِ الْمُنْكَرِ (حج-۶) | کا حکم دیں اور بری باتوں سے روکیں، |

**اصلاح وہدایت کی مشکلات** ہر قوم کی اصلاح وہدایت میں اول سخت اور متعدد مشکلات پیش آتی ہیں لیکن اُن کی نوعیت ایک دوسرے سے زیادہ نہیں ہوتی، لیکن عرب کی اصلاح میں ہر نوع و ہر حیثیت

---

(بقیہ حاشیہ صفحہ ۳۱۰) چند امور نے اصول اختیار کرتا ہے جن میں سے ایک یہ ہے،

يدعو اقوامالى السنة الراشدة ويزكيهم ويصلح شأنهم ثم يتخذهم بمنزلة جوارحه يجاهد بهم اهل الارض ويفرقهم في الآفاق وهو قوله تعالى كنتم خير امة اخرجت للناس (حجة الله البالغة صفحہ ۱۲۳ مطبوعہ ہند)

وہ ایک قوم کو سنت راشدہ کی طرف دعوت دیتا ہے اُن کا تزکیہ اور درست کرتا ہے پھر اُن کو اپنا دست و بازو بناتا ہے اور ان کو دنیا میں پھیلا دیتا ہے اور اُن کے ذریعہ سے جہاد کرتا ہے، جب کہ خدا نے کہا "تم بہترین امت ہو جو دنیا کے لئے پیدا کئے گئے ہو"،

[1] تم بہترین قوم ہو جو انسانوں کے لئے (پیدا کی گئی ہو) تم لوگوں کو نیکیوں کا حکم دیتے ہو اور برائیوں سے روکتے ہو،

ہر جہت کی گوناگون اور لاعلاج مشکلات تھیں، اور ایسی تھیں جن میں سے ایک کا حل کرنا بھی قدرت انسانی سے بالاتر تھا، بنواسرائیل ایک مدت سے مصر مین، قبطیوں کی غلامی کر رہے تھے، اور قبطیون کے جور وظلم کا طوفان اُن کے سر سے گذر چکا تھا، حضرت موسیٰ علیہ السلام نے ان پر یہ احسان عظیم کیا کہ فرعون کے پنجۂ ستم سے اُن کو چھڑا کر مصر سے نکال لائے، لیکن غلامی مین رہتے رہتے اُن کی طبیعت مین اس قدر ذلت پسندی آگئی تھی کہ جب ان سے کہا گیا کہ آگے کنعان کی زمین ہے: اُس کو لڑ کر لو اور اُسی پر تخت سلطنت بچھاؤ، تو انھون نے حضرت موسیٰؑ سے صاف کہدیا کہ تم اور تمھارا خدا دونون جا کر لڑو، ہم تو یہان سے آگے قدم نہین بڑھاتے، یہ ایک امتداد معاشرت کا اثر تھا جو مرتے مرتے ان لوگون کی طبیعت سے نہین گیا، اور جب تک یہ نسل پوری اپنی موت سے مر کر منقرض نہین ہو گئی بنواسرائیل کو کنعان کی زمین میں قدم رکھنا نصیب نہیں ہوا،

یہ صرف ایک مشکل کی مثال تھی، اب عرب کی مشکلات کا اندازہ کرو،

جہالت | عرب کی قوم امی محض تھی، الوہیت، رسالت، کتاب، معاد، عبادت ان مین سے کوئی چیز ایسی نہ تھی جس سے اُن کے کان آشنا ہون، اسلام کا ہر لفظ جو اُن کے کان میں پڑتا تھا اُنکو ایک تعجب انگیز اور بالکل بیگانہ آواز معلوم ہوتی تھی، قرآن مجید نے اُن کی اس جاہلانہ حیرت و استعجاب کو متعدد آیتون مین ذکر کیا ہے،

| | |
|---|---|
| یٰسٓ ۚ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ۙ اِنَّكَ لَمِنَ | قرآن حکیم کی قسم، تو بے شبہ پیغمبرون میں ہے، |
| الْمُرْسَلِيْنَ ۙ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۭ | راہ راست پر ہے، یہ قرآن رحمت والے غالب |
| تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ۙ لِتُنْذِرَ | خدا کے پاس سے اترا ہے، تاکہ تو اس قوم کو آگاہ |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ | کرے جن کے اسلاف کو آگاہ نہیں کیا |
| غٰفِلُوْنَ ۝ (یٰسٓ-۱) | گیا، اور اس لئے وہ غفلت میں پڑی ہیں |

یہ نبوّت کے شرف سے محروم قوم ایک آسمانی مذہب کے تمام خصائص سے محض بیگانہ تھی،

| | |
|---|---|
| وَعَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ | اور انھوں نے تعجب کیا کہ ان میں ایک پیغمبر |
| وَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ | ہو کر ان کے پاس آیا، کافروں نے کہا یہ دروغگو |
| اَجَعَلَ الْاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا اِنَّ | جادوگر ہے، اس نے اتنے خداؤں کو ایک خدا بنا دیا |
| هٰذَا لَشَیْءٌ عُجَابٌ ۝ وَانْطَلَقَ الْمَلَاُ | یہ عجیب بات ہے، ان کے پنچ اٹھ کھڑے ہوئے |
| مِنْهُمْ اَنِ امْشُوْا وَاصْبِرُوْا عَلٰٓی | کہ چلو اور اپنے معبودوں پر جمے رہو اس میں اسکی |
| اٰلِهَتِكُمْ اِنَّ هٰذَا لَشَیْءٌ یُّرَادُ مَا | (پیغمبر کی) کوئی غرض ہے، ہم نے تو سابق |
| سَمِعْنَا بِهٰذَا فِی الْمِلَّةِ الْاٰخِرَةِ | مذہب میں یہ نہیں سنا، یہ سب گھڑی |
| اِنْ هٰذَآ اِلَّا اخْتِلَاقٌ ۔ (ص-۱) | ہوئی بات ہے، |
| بَلْ عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ | بلکہ ان کو تعجب ہوا کہ ان ہی میں سے |
| مِّنْهُمْ فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَیْءٌ | ایک ان کے پاس پیغمبر بن کر آیا، کافروں |
| عَجِیْبٌ ، (ق-۱) | نے کہا یہ تو بڑی تعجب کی بات ہے، |

صفاتِ الٰہی، آثارِ نبوت، احوالِ معاد، ان میں سے ہر بات کو سن کر وہ اسی طرح حیرت بجاتے تھے، نبوت کے متعلق یہ سمجھتے تھے کہ انسان تو اس کے سزاوار نہیں، اس منصب پر تو فرشتوں کو ممتاز ہونا چاہیے تھا،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَقَالَ الَّذِيْنَ لَا يَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا لَوْلَآ | جو ایک دن ہمارے سامنے آنے کے منکر ہیں، وہ کہتے |
| اُنْزِلَ عَلَيْنَا الْمَلٰٓئِكَةُ (فرقان - ۳) | ہیں کہ فرشتے پیغمبر بنا کر ہم پر کیوں نہ اتارے گئے |
| اِذْ جَآءَتْهُمُ الرُّسُلُ مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ | پیغمبر جب اُن کے پاس سامنے سے اور پیچھے سے آتے |
| وَمِنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا تَعْبُدُوْٓا اِلَّا اللّٰهَ قَالُوْا | ہیں کہ ایک خدا کے سوا کسی اور کو نہ پوجو تو وہ کہتے |
| لَوْ شَآءَ رَبُّنَا لَاَنْزَلَ مَلٰٓئِكَةً فَاِنَّا بِمَآ | ہیں کہ خدا اگر کسی کو پیغمبر بنا کر بھیجنا چاہتا تو فرشتوں |
| اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ (فصلت ۲) | کو اتارتا، ہم تو تمہاری باتوں کا انکار ہی کریں گے |
| وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ يُّؤْمِنُوْٓا اِذْ جَآءَهُمُ | ہدایت آنے کے بعد صرف اس شبہ نے لوگوں کو |
| الْهُدٰٓى اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ اللّٰهُ بَشَرًا | ایمان لانے سے باز رکھا ہے کہ کیا خدا نے آدمی کو پیغمبر بنا کر |
| رَّسُوْلًا، قُلْ لَّوْ كَانَ فِي الْاَرْضِ | بھیجا ہے؟ جواب میں کہہ دو کہ اگر زمین میں فرشتے |
| مَلٰٓئِكَةٌ يَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّيْنَ لَنَزَّلْنَا | چلتے پھرتے بستے ہوتے تو البتہ ہم آسمان سے |
| عَلَيْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا رَّسُوْلًا (بنی اسرائیل) | کسی فرشتہ کو پیغمبر بنا کر بھیجتے، |

نبی کا تخیل اگر اُن کے ذہن میں کبھی آتا تھا، تو بشریت سے ماورا صورت میں، یعنی یہ کہ وہ انسانی ضروریات سے منزہ ہو، اُس کے پیچھے خدا کا اور فرشتوں کا پہرا ہو، آسمان اور زمین کے خزانے اُس کے دستِ قدرت میں ہوں،

| | |
|---|---|
| وَقَالُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ | انھوں نے کہا اے پیغمبر! ہم تجھ پر اس وقت تک ایمان |
| لَنَا مِنَ الْاَرْضِ يَنْۢبُوْعًا، اَوْ تَكُوْنَ | نہ لائیں گے جب تک زمین سے ہمارے لیے چشمہ |
| لَكَ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ | بہا دو، یا تیری ملکیت میں کھجوروں اور انگوروں |

خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا، اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ
كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ
بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا، اَوْ يَكُوْنَ
لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى
فِي السَّمَآءِ ط (بنی اسرائیل ـ ۱۰)

کا کوئی باغ نہ ہو جس میں نہریں جاری کردی
ہوں یا جیسا کہ تو نے کہا ہے ہم پر بادل کا کوئی
ٹکڑا نہ گرادے، یا خدا اور فرشتوں کو آنا کر
نہ لے آئے، یا تیرے پاس کوئی سونے کا گھر
ہو، یا تو آسمان پر نہ چڑھ جائے،

وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ
الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي الْاَسْوَاقِ لَوْلَآ
اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ فَيَكُوْنَ مَعَهٗ
نَذِيْرًا، اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ
لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا، (فرقان ـ ۱)

انھوں نے کہا عجیب پیغمبر ہے یہ تو کھانا کھاتا ہے
بازاروں میں چلتا پھرتا ہے اس پر کوئی فرشتہ کیوں
نہ اترتا جو اس کے ساتھ مل کر لوگوں کو ڈراتا
یا اس کے پاس کوئی خزانہ کیوں نہیں ڈال دیا گیا
یا اس کے لئے خاص کوئی باغ کیوں نہ ہوا جس سے یہ کھاتا،

پیغمبر کے لئے اُن کے خیال میں یہ بھی ضروری بات تھی کہ وہ بڑا دولت مند ہو، اُس کے قبضہ میں کوئی بڑی جائداد ہو، میووں کے ہرے بھرے باغ اور سونے چاندی کے خزانے اس کے پاس ہوں، چنانچہ گذشتہ آیت میں کفار کے اس خیال کی طرف بھی اشارہ ہے، اسی لئے مکہ اور طائف کے جو رؤسا و دولتمند تھے، وہ اس منصب کے سب سے زیادہ مستحق سمجھے جاتے تھے،

وَقَالُوْا لَوْلَا نُزِّلَ هٰذَا الْقُرْاٰنُ
عَلٰى رَجُلٍ مِّنَ الْقَرْيَتَيْنِ عَظِيْمٍ (زخرف ۲)

وہ کہتے ہیں کہ یہ قرآن مکہ یا طائف کے کسی
بڑے آدمی پر کیوں نہیں اترا،

کسی کتاب کے نازل ہونے کے معنی اُن کے خیال میں یہ تھے کہ آسمان سے کاغذوں میں

Marfat.com

ایک لکھی لکھائی، ترشی ترشائی جلد بندھی ہوئی ایک کتاب سب کے سامنے مجمع میں اتر آئے،

| | |
|---|---|
| وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَیْہِ الْقُرْاٰنُ جُمْلَۃً وَّاحِدَۃً (فرقان ۳) | کافرون نے کہا اس پر قرآن یکبارگی کیون نہین اترا، |
| وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِیِّكَ حَتّٰی تُنَزِّلَ عَلَیْنَا کِتٰبًا نَّقْرَؤُہٗ (بنی اسرائیل ۱۰) | اور (کافرون نے کہا) ہم تیرے آسمان پر چڑھ جانے کے بھی اس وقت تک قائل نہیں ہونگے جب تک ہم پر کوئی ایسی کتاب نہ اتار لائے جس کو ہم پڑھیں |
| وَلَوْ نَزَّلْنَا عَلَیْكَ کِتٰبًا فِیْ قِرْطَاسٍ فَلَمَسُوْہُ بِاَیْدِیْھِمْ لَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْٓا اِنْ ھٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِیْنٌ، (انعام ۱) | اور اگر کاغذون مین لکھی ہوئی کوئی کتاب ہم آسمان سے تم پر اتارتے جس کو وہ اپنے ہاتھون سے چھو بھی سکتے تو کافر یہی کہتے کہ یہ تو کھلا ہوا جادو ہے |

غرض ایک آسمانی مذہب کی کیفیت سے بالکل بے خبر تھے، الوہیت اور صفات الٰہی کے اسرار، نبوت کے خصائص، نزول کتاب کی حقیقت، ہر چیز اُن کیلئے حیرت و استعجاب کا سرمایہ تھی

| | |
|---|---|
| اَفَلَمْ یَدَّبَّرُوا الْقَوْلَ اَمْ جَآءَھُمْ مَّا لَمْ یَاْتِ اٰبَآءَھُمُ الْاَوَّلِیْنَ اَمْ لَمْ یَعْرِفُوْا رَسُوْلَھُمْ فَھُمْ لَہٗ مُنْکِرُوْنَ (مومنون ۴) | کیا انھون نے بات پر غور نہیں کیا، یا اُن کے پاس وہ تعلیم آئی ہے، جو اُن کے اسلاف کے پاس نہیں آئی، یا انھون نے اپنے رسول کو نہین پہچانا تو اس کے منکر ہیں، |

اس بنا پر عرب کے مشرکین اور کفار کو ایک مدت تک صدائے نبوت سے گوش آشنا ہونے کی حاجت تھی، اور اس میں کئی برس صرف ہو گئے، لیکن وہ لوگ جو اس صدا سے نامانوس نہ تھے

Marfat.com

ان تک آواز پہنچنے کی دیر تھی کہ وہ سرتاپا لبیک تھے، حصۂ اول میں گذرچکا ہے کہ سابقین اسلام عموماً وہی لوگ تھے، جو اہل کتاب یا حنفاء کے آغوش پروردہ تھے، اشخاص کے علاوہ قبائل کا بھی یہی حال تھا، مشرکین کلام الٰہی کا جواب خندۂ تحقیر سے دیتے تھے، اور رموز نبوت کے دانا چشم پرنم اور دل پرکیف سے

اِنَّ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ
اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ
سُجَّدًا وَّيَقُوْلُوْنَ سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ
كَانَ وَعْدُ رَبِّنَا لَمَفْعُوْلًا وَيَخِرُّوْنَ
لِلْاَذْقَانِ يَبْكُوْنَ وَيَزِيْدُهُمْ خُشُوْعًا
(بنی اسرائیل - ۱۲)

جن کو اس سے پہلے علم دیا گیا ہے (یہود و نصاری)
جب اُن کو قرآن کی آیتیں سنائی جاتی ہیں تو
منہ کے بل وہ سجدہ میں گر پڑتے ہیں اور کہتے ہیں
کہ پاک ہے، ہمارا پروردگار، ہم سے (ایک پیغمبر ان
کے بھیجنے کا) جو وعدہ کیا تھا، وہ ضرور پورا ہو کر
وہ منھ کے بل گر پڑتے ہیں، اور یہ اُن کے خشوع کو

وَلَتَجِدَنَّ اَقْرَبَهُمْ مَّوَدَّةً لِّلَّذِيْنَ
اٰمَنُوا الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّا نَصٰرٰى، ذٰلِكَ
بِاَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيْسِيْنَ وَرُهْبَانًا وَّ
اَنَّهُمْ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ، وَاِذَا سَمِعُوْا
مَآ اُنْزِلَ اِلَى الرَّسُوْلِ تَرٰٓى اَعْيُنَهُمْ
تَفِيْضُ مِنَ الدَّمْعِ مِمَّا عَرَفُوْا مِنَ
الْحَقِّ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اٰمَنَّا فَاكْتُبْنَا
مَعَ الشّٰهِدِيْنَ (مائدہ - ۱۱)

اُن میں سب سے زیادہ مسلمانوں کیساتھ محبت
رکھنے والے وہ ہیں، جو اپنے کو نصاری کہتے
ہیں، سبب یہ ہے کہ اُن میں قسیس اور راہب ہیں
اور وہ تکبر نہیں کرتے، اور جب وہ کلام سنتے
ہیں جو پیغمبر پر اترا ہے، تو اُن کی آنکھوں کو
تو دیکھے گا، کہ حق کو پہچان کر آنسو بہاتی ہیں،
اور کہتے ہیں کہ خدایا ہم ایمان لائے، ہم کو بھی
شہادت دینے والوں میں لکھ لے،

Marfat.com

مدینہ کے یہود جو اسلام سے سیاسی اور دینی کینہ اور تعصب رکھتے تھے، اور اس بنا پر اسلام کے مقابلہ میں زبان سے اپنی کور باطنی کا اظہار وہ اپنا فرض سمجھتے تھے، وہ بھی چشم دل کو بینش حق سے باز نہیں رکھ سکتے تھے،

| | |
|---|---|
| اَلَّذِيْنَ اٰتَيْنٰهُمُ الْكِتٰبَ يَعْرِفُوْنَهٗ كَمَا يَعْرِفُوْنَ اَبْنَآءَهُمْ وَاِنَّ فَرِيْقًا مِّنْهُمْ لَيَكْتُمُوْنَ الْحَقَّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ (بقرہ - ۱۷) | جن کو ہم کتاب دے چکے ہیں، وہ اس پیغمبر کو اسی طرح پہچانتے ہیں جس طرح وہ اپنے بیٹوں کو پہچانتے ہیں، اُن میں سے کچھ لوگ جان کر حق پوشی کرتے ہیں، |
| وَلَمَّا جَآءَهُمْ كِتٰبٌ مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ وَكَانُوْا مِنْ قَبْلُ يَسْتَفْتِحُوْنَ عَلَى الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَلَمَّا جَآءَهُمْ مَّا عَرَفُوْا كَفَرُوْا بِهٖ، (بقرہ - ۱۱) | اور جب خدا کے پاس سے پیغمبر وہ کتاب لیکر آیا جو خود اُن کی آسمانی کتابوں کو سچ کر رہی ہے، تو باوجود اس کے کہ وہ کافروں کو اس سے پہلے اسی کے نام سے دباتے تھے، اب حق پہچان کر اس کا انکار کرتے ہیں، |

قرآن مجید کی شہادتوں سے قطع نظر کرکے، اگر واقعات پر غور کیا جائے تب بھی یہ حقیقت منکشف ہو جائے گی، مجرد دعوت حق سننے کے ساتھ جن اشخاص اور جن قبائل نے اسلام کو لبیک کہا، اُن کے حالات پیش نظر کرلینے کے بعد صاف ثابت ہوتا ہے کہ اسلام اپنے لئے صرف اثر پذیر دل، اور ذوق آشنا نگاہ کا جویاں تھا حضرت سعید بن زید، عثمان بن مظعونؓ صہیب رومیؓ، ابوذر غفاریؓ، سلمان فارسیؓ وغیرہ جو سابقین اسلام ہیں، اسی قسم کے لوگ تھے

ابوجہل، ولید بن مغیرہ، عاص بن وائل وغیرہ قریش کے مشرکین، خدا کا کلام تیرہ برس تک متصل سنتے رہے، لیکن اُن کے دل کی سنگینی مین کوئی فرق نہ آیا، ورقہ مکہ کا قریشی عیسائی، صرف ایک بار قرآن سنتا ہے، اور ناموس اکبر کی آواز پہچان لیتا ہے، مکہ کے مشرک ترپن۵۳ برس تک آپکے چہرہ کو دیکھتے رہے لیکن نور الٰہی کو نہ پہچان سکے، اور عبد اللہ بن سلام یہودی عالم نے صرف ایک دفعہ جمال پُرانوار کو دیکھا، اور پکار اُٹھے کہ یہ حق کی تجلی ہے، رؤسائے قریش ہر روز اپنی آنکھون سے نزول وحی کا تماشا دیکھتے ہین، اور جنبش نہین کرتے، اور نجاشی حکومت کی مسند پر، اور ہرقل شہنشاہی کے تخت پر بیٹھکر غائبانہ کلام اللہ کی چند آیتیں سنتے ہیں، اور تڑپ جاتے ہین، قریش کے گھر یہ دولت خود اُترتی ہے، اور وہ اس کو ٹھکرا دیتے ہین، لیکن مدینہ سے بنی اسرائیل کے پڑوسی جو اُن کی زبان سے آخری نبوت کی بشارت سن چکے تھے، اتفاقاً مکہ آتے ہین، اور اس دولت ابدی کو اپنے گھر اٹھا لیجاتے ہیں، طائف کے سنگدل جاہل نبی پر پتھر برساتے ہین، اور اسکی ہنسی اُڑاتے ہین، اور نجران کے عیسائی عالم مناظرہ کی غرض سے مدینہ آتے ہین لیکن چہرۂ پیغمبری کی معصومیت دیکھکر دہل جاتے ہیں، اور صلح کا ہدیہ پیش کرتے ہیں،

قریش اور حجاز کے ماخذ نبوت کے نامحرم دعوت حق کا جواب اکیس برس تک تیغ وسنان سے دیتے ہین لیکن یثرب، بحرین، یمن، عمان اور بحرین کے بڑے بڑے اور عظیم الشان قبائل جو یہود ونصاریٰ، اور مجوسیون کے اثر سے ان رموز سے کسی قدر آگاہ ہو چکے تھے، وہ آوازِ حق کے ساتھ دفعۃً مسلمان ہو گئے،

**آبائی دین ورسوم کی پابندی** ہر نئی تحریک کو غور سے دیکھو تو معلوم ہو گا کہ اس کے قبول کرنے مین جو

چیز سب سے پہلے عائق ہوتی ہے، وہ قومی رسم ورواج اور آبائی دین و مذہب کی پابندی ہے انسانیت
کے پاؤن مین اس سے بھاری کوئی زنجیر نہین، دوست آشنا کا چھوٹنا، ماں باپ سے علٰحدگی،
آل و اولاد سے کنارہ کشی، مال و جائداد سے دست برداری، جماعت کی مخالفت، قوم سے انقطاع
وطن سے دوری، ایسی چیزین نہین ہیں جن کو ہر انسان آسانی سے برداشت کر سکے ملکی رسم و
رواج کی دیرینہ محبت، اور آبائی کیش و آئین کی موروثی الفت، حق و باطل کی تمیز، اور نیک و بد
کی پہچان کی حس مٹا دیتی ہے، عام دنیا کی فطری حالت کے علاوہ عرب کی قوم قدامت پسندی
اور قدیم حالت پر بقا اور استحکام مین خاص شہرت رکھتی ہے، دنیا کہان سے کہان بدلتی چلی گئی،
پرانی سامی نسل کی بدویانہ خصوصیتیں جو توراۃ مین پڑھتے ہین، وہ تمام سامی قومون سے مٹ گئین،
مگر عرب مین اس وقت بھی نمایان تھین، اور آج بھی نظر کے سامنے ہیں، دین ابراہیم کے چند اصول
حج، ختنہ اور قربانی وغیرہ ہزارون برس کے بعد بھی عرب مین مٹ مٹا کر باقی رہ گئے تھے، اور
اُن سے نہیں چھوٹے تھے، اُن کے شعر و شاعری اور فخر و مباہات کا سب سے پرجوش مضمون آبا و اجداد
اور نام و نسب پر فخر و غرور تھا، جس کو چھوڑنا اُن کے نزدیک اپنی پرانی عزت و عظمت کی دیوار
کو خود گرا دینا تھا،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب مکہ مین دین حق کی منادی شروع کی، تو اس کی شدید
مخالفت جس بنا پر سب سے زیادہ کی گئی، وہ یہی دین آبائی کے ترک کا مسئلہ تھا، اور یہی دین جدید
کے بطلان کی سب سے مستحکم دلیل اُن کے پاس تھی، چنانچہ قرآن مجید نے بار بار اُن کے اس قول کو دہرایا
ہے، اور اسکی لغویت ظاہر کیا ہے،

وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَاۤ اَنْزَلَ اللّٰهُ
قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَاۤ اَلْفَیْنَا عَلَیْهِ اٰبَآءَنَا
اَوَلَوْ كَانَ اٰبَآؤُهُمْ لَا یَعْقِلُوْنَ شَیْـًٔا
وَّلَا یَهْتَدُوْنَ ؎

(بقرہ — ۲۱)

بَلْ قَالُوْۤا اِنَّا وَجَدْنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤی اُمَّةٍ
وَّاِنَّا عَلٰۤی اٰثٰرِهِمْ مُّهْتَدُوْنَ وَكَذٰلِكَ
مَاۤ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ فِیْ قَرْیَةٍ مِّنْ
نَّذِیْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَاۤ اِنَّا وَجَدْنَاۤ
اٰبَآءَنَا عَلٰۤی اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰۤی اٰثٰرِهِمْ
مُّقْتَدُوْنَ ۝ قٰلَ اَوَلَوْ جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰی
مِمَّا وَجَدْتُّمْ عَلَیْهِ اٰبَآءَكُمْ قَالُوْۤا
اِنَّا بِمَاۤ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝

(زخرف — ۲)

وَاِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً قَالُوْا وَجَدْنَا
عَلَیْهَاۤ اٰبَآءَنَا وَاللّٰهُ اَمَرَنَا بِهَا قُلْ
اِنَّ اللّٰهَ لَا یَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ اَتَقُوْلُوْنَ

اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اللہ نے جو اُتارا ہے
اُس کی پیروی کرو، کہتے ہیں، (نہیں) بلکہ ہم
اسکی پیروی کریں گے جس پر اپنے باپ دادوں
کو ہم نے پایا، کیا اگرچہ اُن کے باپ دادا نہ کچھ
سمجھتے ہوں اور نہ راہ راست پر ہوں (تب بھی)
بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے بزرگوں کو ایک
روش پر پایا ہے اور ہم انہی کے نقش قدم پر چلکر
رہنمائی پائیں گے اور اسی طرح ہم نے اے پیغمبر تم
سے پہلے کسی آبادی میں کوئی پیغمبر نہیں بھیجا لیکن
لیکن اُس کے دولتمند رہنے یہی کہا کہ ہم نے اپنے
بزرگوں کو ایک روش پر پایا ہے اور ہم انہی کے
نقش قدم کے پیرو ہیں، انکو اے پیغمبر کیا اگرچہ
میں اس روش سے جس پر تم نے اپنے بزرگوں کو پایا
زیادہ سیدھا راستہ لیکر تمہارے پاس کیوں نہ آؤں
اور جب وہ کوئی بے شرمی کی بات کرتے ہیں
تو کہتے ہیں کہ ہم نے اپنے بزرگوں کو اسی پر پایا اور
اللہ نے ہم کو اسی کا حکم دیا ہے کہدو اے پیغمبر کہ

[illegible]

| | |
|---|---|
| عَلَى اللّٰهِ مَا لَا تَعْلَمُوْنَ ۝ | اللہ تو بے شرمی کی بات کا کبھی حکم نہیں دیتا کیا |
| (اعراف - ۳) | تم اللہ پر وہ تہمت باندھتے ہو جو تم نہیں جانتے |
| وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ تَعَالَوْا اِلٰى مَآ اَنْزَلَ | اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اللہ نے جو اتارا ہے |
| اللّٰهُ وَاِلَى الرَّسُوْلِ قَالُوْا حَسْبُنَا مَا | اُس کے پاس اور رسول کے پاس آؤ تو کہتے ہیں ہم |
| وَجَدْنَا عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا اَوَلَوْ كَانَ | نے اپنے باپ دادوں کو جس پر پایا ہے وہی ہم کو کافی |
| اٰبَآؤُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا وَّلَا | ہے کیا اُن کے باپ دادا کچھ نہ جانتے ہوں اور |
| يَهْتَدُوْنَ (مائدہ - ۱۴) | نہ سیدھی راہ پر ہوں (تب بھی وہ ان ہی کی پیروی) |
| وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يُّجَادِلُ فِي | کچھ لوگ ایسے ہیں جو علم و ہدایت اور روشن |
| اللّٰهِ بِغَيْرِ عِلْمٍ وَّلَا هُدًى وَّلَا كِتٰبٍ | کتاب کے بغیر اللہ کے بارے میں جھگڑا کرتے ہیں اور |
| مُّنِيْرٍ ۝ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّبِعُوْا مَآ | جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اللہ نے جو اتارا ہے اسکی |
| اَنْزَلَ اللّٰهُ قَالُوْا بَلْ نَتَّبِعُ مَا وَجَدْنَا | پیروی کرو تو کہتے ہیں بلکہ ہم اسی کی پیروی کریں گے |
| عَلَيْهِ اٰبَآءَنَا اَوَلَوْ كَانَ الشَّيْطٰنُ | جس پر ہم نے اپنے باپ دادوں کو پایا کیا اگرچہ |
| يَدْعُوْهُمْ اِلٰى عَذَابِ السَّعِيْرِ | اُن کو شیطان دوزخ کے عذاب ہی کی طرف |
| (لقمان - ۳) | کیوں نہ پکارے (تو وہ اسی کی پیروی کریں گے) |

کفار کے یہ سوال وجواب خود ظاہر کرتے ہیں کہ اُن کو اپنے آبائی رسوم کا چھوڑنا کس درجہ محال نظر آتا تھا، آپ نے بعثت کے تین برس بعد جب بُت پرستی کی علانیہ مذمت شروع کی، تو قریش کی عدالت میں آپ پر سب سے بڑا جرم یہی قائم کیا گیا کہ یہ خاندانی دیوتاؤں کی تحقیر بزرگوں کی توہین

Marfat.com

اور آبائی رسم و رواج کی مذمت کرتے ہیں، مکہ میں جب آپ نے علی الاعلان لوگوں کو اسلام کی دعوت دی اور بہت سے نیک لوگوں نے اس دعوت پر لبیک کہا، تو قریش کے بڑے بڑے رئیسوں نے ابوطالب کے پاس جاکر آپ کے خلاف جو الزامات قائم کئے، وہ یہ تھے "اے ابوطالب! تمہارا بھتیجا ہمارے دیوتاؤں کو برا کہتا ہے، ہمارے مذہب کی توہین کرتا ہے، ہم کو بے وقوف اور نادان کہتا ہے، اور ہمارے باپ دادوں کو گمراہ بتاتا ہے۔ تو یا تو تم اس کو روکو، یا ہم کو اور اس کو چھوڑ دو کہ باہم سمجھ لیں"،

یہ اُن کی عدالت کا پہلا مطالبہ تھا، ابوطالب نے ان کو سمجھا بجھا کر واپس کیا، تو کچھ دنوں کے بعد انھوں نے پھر اپنا مطالبہ ان الفاظ میں پیش کیا، "اے ابوطالب! تم نے اپنے بھتیجے کو اب تک منع نہیں کیا، اب خدا کی قسم ہم اپنے بزرگوں کی برائی، اپنی نادانی، اور اپنے دیوتاؤں کی ہجو نہیں سن سکتے، تو یا تو اس کو باز رکھو، اور یا ہم سے لڑنے پر آمادہ ہو جاؤ"، اس اعلانِ جنگ سے کام نہ چلا، تو وہ تیسری دفعہ ابوطالب کے پاس جاتے ہیں، اور کہتے ہیں "اے ابوطالب! ولید کا بیٹا عمارہ کیسا خوشرو نوجوان ہے، تم اس کو متبنی بنالو، اور اپنے بھتیجے کو قتل کے لئے ہمارے حوالہ کردو کہ اُس نے تمہارے اور تمہارے بزرگوں کے دین و مذہب کی مخالفت کی ہے، تمہاری قوم کی جماعت کو پراگندہ کر دیا ہے۔ اور اُن کو بیوقوف اور نادان کہتا ہے" سب سے آخری دفعہ قریش کے رئیسوں نے خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے مل کر گفتگو کی اور کہا کہ "اے محمد! تمہارے سوا کسی قوم میں ایسا آدمی نہیں گذرا جو اپنی قوم پر مصیبت لایا ہو، جو تم لائے ہو، تم نے باپ دادوں کو برا کہا، ہمارے مذہب کی تنقیص کی، دیوتاؤں کو گالی دی، ہم کو بے وقوف اور نادان بنایا، اور جماعت میں تفرقہ ڈالا، الغرض

کوئی برائی نہ تھی، جو تم نے ہمارے ساتھ نہیں کی[1]

ان الزامات کی فہرست کی ایک ایک دفعہ پڑھو، معلوم ہوگا کہ آبائی دین، موروثی رسم ورواج اور خاندانی دیوتاؤن کی غلامی سے آزاد ہونا، ان پر کتنا بار تھا، اور وہ اس جرم کو کتنا سنگین سمجھے تھے، موسم حج مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب لوگون کے پاس جا جا کر توحید کا پیغام سناتے تھے تو ابو لہب آپ کے اثر کو باطل کرنے کے لئے آپ کی تقریر کے بعد آپکے پیچھے پیچھے صرف یہ کہتا جاتا تھا "لوگو! یہ وہی ہے، جو تم کو تمھارے باپ دادون کے مذہب سے برگشتہ کرتا پھرتا ہے"

ابو طالب جنھون نے ہر موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حمایت کی تھی، اور وہ آپ کو اپنے جان و دل سے زیادہ عزیز رکھتے تھے، وہ بھی آپ کی دعوتِ حق کو اپنے دینِ آبائی کے مقابلہ مین پذیرائی کے قابل نہ سمجھے، بھتیجے نے بار بار کہا "چچا جان! کلمۂ شہادت ایک دفعہ پڑھ لیجئے کہ قیامت میں آپ کی شفاعت کی ایک سند مجھے ہاتھ آجائے" ابو طالب نے جواب دیا "جانِ پدر سب کچھ تم پر نثار، لیکن بزرگوں کے مذہب کو نہیں چھوڑ سکتا" عین اس وقت جب ابو طالب دنیا سے رخصت ہو رہے تھے، اور نزع کی حالت تھی آپ اُن کے پاس تشریف لے گئے اور فرمایا کہ "چچا جان! اب تو لا الہ الا اللہ کہدیجئے کہ مین خدا کے ہان آپکے ایمان کی شہادت دون" ابو جہل اور عبد اللہ بن امیہ نے جو اُن کے پاس بیٹھے تھے کہا "ابو طالب کیا تم (اپنے باپ) عبد المطلب کے دین سے پھر جاؤ گے" آپ بار بار لا الہ الا اللہ پڑھنے کی درخواست کرتے تھے، اور یہ دونون اُن کو وہی عبد المطلب کے دین سے علحدگی پر شرم دلاتے تھے، بالآخر ابو طالب نے یہی کہا کہ "مین عبد المطلب کے دین پر مرتا ہون"

[1] یہ تمام واقعات ابن اسحٰق اور سیرۃ کی تمام کتابون مین تفصیل مذکور ہیں [2] مستدرک حاکم جلد ا صفحہ ۱۵ کتاب الایمان

Marfat.com

اور لا الٰہ الا اللہ نہین کہا۔ صحیح بخاری کی روایت ہے[1] صحیح مسلم میں اس کے بعد ہے کہ ابو طالب نے کہا کہ بھتیجے! جو فقرہ تم کہتے ہو مین کہکر تمھاری آنکھیں ٹھنڈی کر دیتا لیکن قریش کہین گے کہ ابو طالب موت سے ڈر گیا[2]، ابن اسحاق میں ہے کہ انھون نے آہستہ آہستہ وہ فقرہ کہدیا[3]، بہرحال اس واقعہ نے دکھایا ہے وہ یہ ہے کہ اس حالت مین بھی مخالفین کے پاس اسلام سے باز رکھنے کے لئے اس سے زیادہ پر زور اور پُر اثر دلیل نہ تھی کہ ابو طالب کیا آبائی مذہب کو چھوڑ دو گے"؟ اس سے معلوم ہوگا کہ اسلام کی اشاعت کے راستہ مین یہ تخیل کتنا بڑا پتھر تھا،

**توہم پرستی**

عرب کی اصلاح و ہدایت کی راہ مین ایک اور عائق عرب کی توہم پرستی تھی ہر قوم مین جاہلون کا جس طرح یہ اعتقاد ہوتا ہے کہ فلان دیوتا یا فلان پیر کے خلاف اگر کچھ بات منہ سے نکلا تو فوراً بلائین آکر ہم کو لپٹ جائین گی، عرب مین گھر گھر سیکڑون بت اور سیبیون صنم خانے تھے، دنیا کے تمام کام ان ہی اصنام اور بتون سے متعلق سمجھے جاتے تھے، مدتون سے یہ خیال راسخ چلا آتا تھا کہ فلان بت کی پرستش یا خدمت گذاری میں اگر کوتاہی کی گئی تو آسمان سے پانی برسنا بند ہو جائے گا، فرزند نرینہ پیدا نہ ہوگا، باغون مین پھل نہ آئیں گے، اسی بنا پر اسلام کے نام سے ان کو لرزہ آتا تھا، اور یہ تخیل صرف اسی وقت پیدا نہین ہوا تھا، بلکہ ایک مدت سے عرب مین چلا آتا تھا، حضرت ہود کی دعوت کے جواب مین ثمود نے کہا،

اِنْ نَّقُوْلُ اِلَّا اعْتَرٰىكَ بَعْضُ ۔۔۔ ہم تو اس کے سوا کچھ اور نہ کہین گے کہ ہمارے

---

[1] کتاب الجنائز باب اذا قال المشرک عند الموت لا الٰہ الا اللہ [2] صحیح مسلم کتاب الایمان، باب ۹۔ [3] ابن ہشام، وفات ابی طالب؛

اَلِهَتِنَا بِسُوْءٍ[۱] (ھود ۵) کسی دیوتا نے تم کو آکے ستایا ہے،

ابتداءً جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بتوں کے خلاف وعظ کہنا شروع کیا تو اکثر لوگوں نے (نعوذ باللہ) پاگل سمجھ لیا[۲] جاہلیت کے زمانہ کے بعض کافر احباب ہمدردی کی راہ سے جھاڑ پھونک کرنے آئے[۳] ضمام بن ثعلبہؓ ایک صحابی تھے، وہ مسلمان ہو کر اپنے قبیلہ میں جب واپس گئے اور لات وعزّی کی مذمت شروع کی، تو تمام قبیلہ خوف سے کانپ گیا کہ "ضمام! ان کو برا نہ کہو، دیکھو کہیں تم کو برص، جنون یا جذام نہ ہو جائے[۴]" حضرت زنیرہؓ مسلمان ہونے کے بعد بصارت سے محروم ہو گئی تھیں، کفار نے کہنا شروع کیا کہ "لات وعزّی نے ان کو اندھا کر دیا ہے[۵]" حضرت طفیل بن عمرو دوسیؓ مسلمان ہو کر جب اپنے وطن تشریف لے گئے، اور اپنی بیوی کو اسلام کی دعوت دی، تو انھوں نے کہا "دیکھو ذوالشری (رب) کہیں برباد نہ کر دے[۶]"

فتح مکہ کے بعد جب کہ دیوتاؤں کے زور و قوت کا راز افشا ہو چکا تھا، اور اکثر قبائل نے اسلام قبول کر لیا تھا، تاہم لات، عزّی، مناۃ، ذی الکفین، سواع کے بتخانوں کو وہ اپنے ہاتھوں سے نہ توڑ سکے، خاص مدینہ سے راسخ الایمان مسلمان بھیجے گئے جنھوں نے اس فرض کو انجام دیا، پوجاریوں نے کوئی مزاحمت نہ کی، وہ سمجھتے تھے کہ ان دیوتاؤں کو کون توڑ سکتا ہے جو اس گستاخی کا ارادہ کرے گا وہ خود تباہ و برباد ہو جائے گا[۷]،

---

[۱] ابن کثیر، زمخشری، ابن حبان، بغوی وغیرہ تمام مفسرین نے لکھا ہے، [۲] دیکھو تفسیر آیۃ بنعمۃ ربک بمجنون ونیز ما بصاحبھم من جنۃ [۳] صحیح مسلم باب تخفیف الصلوٰۃ والخطبہ [۴] مسند دارمی کتاب الصلوٰۃ [۵] اسد الغابہ ترجمہ حضرت زنیرہؓ و سیرۃ ابن ہشام ذکر مستضعفین مسلمین [۶] اسد الغابہ ذکر طفیل بن عمرو دوسی [۷] ابن سعد، طبری ذکر ہدم اصنام

توہم پرستوں میں کسی مذہب کی صحت و بطلان کی دلیل شواہد عقلی نہیں، بلکہ دنیا کے ظاہری مادی فوائد، اور جانی و مالی خیر و برکت ہوتی ہے لیکن توہم پرستوں کی نگاہ عالم میں ایک مذہب پرست بھی اسی طرح آلام و مصائب میں گرفتار ہو سکتا ہے جس طرح ایک غیر مسلمان، عرب کے بدو اور اعراب ابتداءً مسلمان ہونے کی ہمت بھی کرتے تھے، تو معاً یہ توقع بھی کر لیتے تھے کہ اب وہ ہر قسم کے آفاتِ ارضی و سماوی سے محفوظ ہیں، اس بنا پر اگر کبھی ان کی اس توقع کو صدمہ پہنچتا، تو دفعۃً وہ متزلزل ہو جاتے تھے، صحیح بخاری کتاب التفسیر میں ہے[1]

| | |
|---|---|
| کان الرجل یقدم المدینۃ فان | باہر کا جو شخص مسلمان ہو کر مدینہ آتا تھا اس |
| ولدت امرأتہ غلاماً ونتجت | کی یہ حالت تھی کہ اگر اس کی بیوی لڑکا جنتی |
| خیلہ قال ھذا دین صالح و | اور اس کی گھوڑی بچہ دیتی تو وہ کہتا کہ یہ |
| ان لم تلد امرأتہ ولم تنتج خیلہ | نہایت عمدہ مذہب ہے لیکن اگر ایسا |
| قال ھذا دین سوء۔ | نہ ہوتا، تو وہ کہتا کہ یہ نہایت برا مذہب ہے |

قرآن مجید کی یہ آیت اسی قسم کے لوگوں کی شان میں نازل ہوئی ہے[2]

| | |
|---|---|
| وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَعْبُدُ اللّٰهَ | اور بعض لوگ وہ ہیں جو خدا کی بندگی کنارے کھڑے |
| عَلٰى حَرْفٍ فَاِنْ اَصَابَهٗ خَيْرُ ۨ | ہو کر کرتے ہیں (یعنی دل سے نہیں کرتے) اگر ان کو |
| اطْمَاَنَّ بِهٖ وَاِنْ اَصَابَتْهُ | فائدہ پہنچا تو ان کو اطمینان ہو جاتا ہے لیکن اگر |
| فِتْنَةُ ۨانْقَلَبَ عَلٰى وَجْهِهٖ (حج ۲) | ابتلاء و مصیبت آئی تو فوراً رو برگشتہ ہو جاتے ہیں |

[1] تفسیر سورۂ حج جلد ثانی ص ۷۰۴ [2] صحیح بخاری تفسیر سورہ حج۔

Marfat.com

ہجرت کے بعد جب مسلمان مدینہ آئے، اور اتفاق سے ایک عرصہ تک کسی مسلمان گھرانے میں کوئی لڑکا نہ پیدا ہوا تو دشمن اس واقعہ کو اپنی بد دعاؤں کا نتیجہ سمجھتے تھے اور خوش ہوتے تھے، آخر چھ مہینے کے بعد عبداللہ بن زبیرؓ پیدا ہوئے، تو مسلمان بے انتہا مسرور ہوئے[1] سوء اتفاق یہ کہ اوّل اوّل جو لوگ مدینہ مین آتے تھے، ان کو وہاں کی آب و ہوا راس نہیں آتی تھی، ابتدائے ہجرت مین جب حضرت ابو بکرؓ و حضرت بلالؓ آئے، تو سخت بیمار ہوگئے[2]، حضرت طفیل بن عمرو دوسیؓ نے جب مدینہ کو ہجرت کی تو اُن کو بھی مدینہ کی آب و ہوا ناموافق ہوئی[3]، اگرچہ مخلصین اور ارباب فہم پر اس قسم کی عارضی ناگواریون کا کوئی اثر نہین پڑسکتا تھا، تاہم عام لوگ جن کی وہم پرستی فطرت ثانیہ ہوگئی تھی، وہ اس قسم کے اتفاقی واقعات سے بیحد متاثر ہوتے تھے، چنانچہ جب عکل وعرینہ کے چند لوگوں نے مدینہ مین آکر اسلام قبول کیا، اور آب و ہوا کی ناموافقت کے سبب سے بیمار ہوگئے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تبدیل آب و ہوا کی غرض سے ان کو اونٹون کی چراگاہ میں بھیج دیا تو گو وہ صحیح ہوگئے، تاہم مرتد ہوگئے[4]، اسی طرح ایک بدو نے آکر آپ کے دستِ مبارک پر بیعت کی، لیکن سوء اتفاق سے دوسرے دن بخار مین مبتلا ہوا، تو اپنی بیعت توڑنی چاہی، آپ نے تین بار منع فرمایا لیکن اس کے اصرار سے آخر بیعت فسخ کردی، اور فرمایا[5]،

المدینۃ کالکیر تنفی خبثہاد — مدینہ آگ کی بھٹی ہے جو میل کو الگ کردیتا ہے،

---

[1] مستدرک حاکم جلد ۳ و اصابہ ذکر عبداللہ بن زبیرؓ [2] صحیح بخاری کتاب المرضیٰ و باب مقدم النبی صلی اللہ علیہ وسلم المدینۃ [3] صحیح مسلم کتاب الایمان [4] صحیح بخاری کتاب المحاربین [5] بخاری جلد ۱ ص ۲۵۳ کتاب الحج فضائل مدینۃ، و باب عقام البنۃ،

| | |
|---|---|
| تنصع طیبہا، | اور حقیقی جوہر کو خالص کر دیتا ہے، |

ان ہی اسباب کی بناپر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مدینہ کے متعلق یہ دعا فرمائی

| | |
|---|---|
| اللھم حبب الینا المدینۃ کحبنا | خداوندا مکہ کی طرح یا اس سے زیادہ ہمارے |
| مکۃ او اشد، اللھم وصححھا | لئے مدینہ کو محبوب بنا دے، اس کو امراض سے |
| وبارک لنا فی مدھا وصاعھا | صحیح کر دے، اس کے پیمانے میں برکت دے |
| وانقل حماھا فاجعلھا بالجحفۃ[1] | اور اس کے بخار کو جحفہ میں منتقل کر دے، |

**قبائل کی خانہ جنگیاں** اسلام کی اشاعت کا ایک بڑا مانع عرب کی باہمی خانہ جنگیاں تھیں جو عرب کے خصائص قومی کا عنصر اعظم بن گئی تھیں، یہ خانہ جنگیاں ہزاروں برس سے چلی آتی تھیں اور اُن کی وجہ سے قبائل میں ایسے مستمر اور ثابت الاساس انتقامی جذبات پیدا ہو گئے تھے، جن کا مٹنا قریبًا محال تھا، ان ہی لڑائیوں نے ثار (انتقام خون) کی رسم پیدا کر دی تھی جس کا ذکر اوپر گذر چکا ہے، یہ رسم ایسی سخت اور شدید الاثر تھی کہ ایک شخص کے خون کے لئے قبیلہ کا قبیلہ مٹ جاتا تھا، ہزاروں برس کے خون قومی قرض کی طرح باقی چلے آتے تھے جو دفتر رجسٹر ہوتے چلے تھے، اور بچہ بچہ کی زبان پر ہوتے تھے، جو بچہ پیدا ہوتا تھا، وہ ہوش سنبھالنے کے وقت سب سے پہلے ثار کا لفظ سنتا تھا یعنی خاندان میں فلاں شخص قتل کیا گیا ہے اور اس کے خون کا انتقام اب تک باقی ہے، اس لئے بچہ بچہ کا نصب العین ابتدائے زندگی سے یہی ثار ہوتا تھا،

اس بنا پر ایک شخص یا ایک خاندان جس خلوص اور عقیدتمندی کے ساتھ اسلام کی طرف

---

[1] صحیح بخاری باب مقدم النبی صلعم المدینۃ،

جھکتا تھا، معاسی زور اور قوت کے ساتھ دوسرا فریق اسلام کی مخالفت اور اس سے سرکشی پر آمادہ ہوجاتا تھا، مکہ میں اسلام کی مخالفت کا صرف یہی راز تھا کہ خدا نے نبوت کے لئے ہاشم کا گھرانا چن لیا تھا، بنوامیہ کی مخالفت اس کے لئے لامحالہ ہونی تھی،

مدینہ میں اوس و خزرج دو قبیلے تھے، اسلام سے پہلے دونوں لڑلڑ کر تھک گئے تھے اسلام کی آواز آئی تو گو دونوں نے ایک ساتھ لبیک کہا، تاہم قبیلۂ اوس کا ایک ایک فرد اگر ہمہ تن اخلاص و جوش تھا، تو خزرج میں بیسیوں منافق تھے، انتہا یہ ہے کہ ابتدائے اسلام میں ہجرت سے پہلے دونوں قبیلوں کی نماز کی امامت کے لئے باہر سے ایک تیسرے قبیلہ کا آدمی بلوایا گیا تھا کہ خدا کے سامنے بھی ایک کو دوسرے کے پیچھے کھڑے ہونے سے عار تھا،¹

خزاعہ اور بنوبکر باہم شدید دشمن تھے، اور ان میں باہم پرانی عداوت چلی آتی تھی، مدینہ آنے کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کو صلح کا پیام اور اسلام کی دعوت دی، خزاعہ نے اسلام کی دعوت قبول کی، اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوا کہ بنوبکر قریش کے حلیف بن گئے،

خوب غور کرو، انصار اسلام لا کر ہمہ تن نیکوکاری اور پاکیزہ نفسی کے پیکر بن گئے، لیکن تاہم ان کے جذبات کس طرح آسانی سے دفعۃً مشتعل ہوجاتے تھے، ایک موقع پر ایک یہودی نے جنگ بعاث کا تذکرہ چھیڑ دیا، تو انصار کے دونوں قبیلوں (اوس و خزرج) کی تلواریں میان سے نکل آئیں، اور بڑی مشکل سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے جوش کو فرو کیا،

---

¹ ابن ہشام ذکر بیعت عقبہ ۲، اصابہ جلد ۱، مطبوعہ مصر ص ۸۰، معجم صغیر طبرانی میں بھی ایک اور اسی قسم کا واقعہ مذکور ہے، معجم عبداللہ،

Marfat.com

حضرت عائشہؓ کے واقعۂ افک میں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منبر پر کھڑے ہو کر اس کی شکایت کی، اور حضرت سعد بن معاذؓ نے کہا یا رسول اللہ! اگر وہ (تہمت لگانیوالا) ہمارے قبیلہ کا ہے تو میں اسکی گردن اڑا دیتا ہوں اور اگر ہمارے بھائی خزرج کے قبیلہ سے ہے تو آپ حکم دیں میں بجا لاؤں گا" اس پر سعد بن عبادہ جو قبیلۂ خزرج کے رئیس تھے، دفعۃً کھڑے ہو گئے اور کہا

| | |
|---|---|
| كذبت لعمر الله لا تقتله ولا | خدا کی قسم تو جھوٹ کہتا ہے تو اس کو قتل |
| تقدر على قتله ولو كان من | نہ کریگا، نہ کر سکتا ہے اور وہ شخص اگر تیرے |
| رهطك ما احببت ان يقتل[1] | قبیلہ کا ہوتا تو تو اس کو قتل کیا جانا |

اس پر اوس اور خزرج دونوں قبیلوں کے لوگ اٹھ کھڑے ہوئے، یہاں تک کہ قریب تھا کہ جنگ چھڑ جائے، چنانچہ صحیح بخاری حدیث افک میں ہے،

| | |
|---|---|
| فثار الحيان الاوس والخزرج | پس دونوں قبیلے اوس و خزرج مشتعل |
| حتى هموا ان يقتتلوا ورسول | ہو گئے یہاں تک کہ دونوں کشت و خون |
| الله قائم على المنبر[1] | پر آمادہ ہو گئے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم منبر |

ایک بار محلم بن جثامہ لیثی نے عہد اسلام میں قبیلۂ اشجع کے ایک شخص کو قتل کر ڈالا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے مقدمہ پیش ہوا، قبائل کے تعلقات کی بنا پر عیینہ نے مقتول اور اقرع ابن حابس نے قاتل کی طرف سے وکالت کی، بات بڑھی، اور سخت شور و شغب ہوا تو آپ نے عیینہ سے فرمایا، "دیت کیوں نہیں قبول کر لیتے" اس نے کہا خدا کی قسم اس وقت تک دیت نہ

[1] صحیح بخاری کتاب المغازی باب حدیث الافک،

Marfat.com

قبول کروں گا جب تک اس کی بیویوں کو اس قدر نہ ستالوں جس قدر اس نے ہماری بیویوں کو ستایا ہے اس پر اور شور وغل ہوا آپ نے پھر یہی الفاظ فرمائے، اور عیینہ نے وہی پہلا جواب دیا چونکہ یہ اسلام کا ابتدائی زمانہ تھا، اور قتل کا یہ پہلا مقدمہ تھا، جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش ہوا تھا، اس لئے قبیلۂ بنو لیث کے ایک شخص نے جو مسلح کھڑا تھا، کہا کہ ابتداے اسلام میں اس واقعہ کی مثال بکری کے اس ریوڑ کی سی ہے کہ اس کے پہلے حصہ کو تیر مارا گیا، تو دوسرا بدک کر بھاگ گیا یعنی اگر قاتل کے موافق فیصلہ کیا گیا تو لوگ سمجھیں گے کہ اسلام قصاص کو دیت سے بدل دینا چاہتا ہے اور چونکہ دلوں میں اب تک انتقام کے جذبات تازہ ہیں، اور لوگ دیت لینا پسند نہیں کرتے اس لئے ان کو اسلام کے قبول کرنے میں تامل ہوگا لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم چونکہ سفر میں تھے اس لئے دیت میں پچاس اونٹ اسی وقت دیئے، اور مدینہ پہنچکر ۵۰ اونٹ کا وعدہ فرمایا[1]

اہل عرب میں یہ جذبہ اس قدر ترقی کر گیا تھا کہ گو آپ نے فتح مکہ میں امن عام کی منادی کردی اور تلوار کے میان میں کر لینے کا حکم دیا، تاہم انتقام کا جوش اب تک تازہ تھا،

قبیلۂ ہذیل کا ایک شخص اسلام لانے کی غرض سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں جارہا تھا اس نے زمانۂ جاہلیت میں قبیلۂ خزاعہ کا کوئی جرم کیا تھا، اور وہ لوگ انتقام کے لئے اس کو ڈھونڈ رہے تھے، سو اتفاق سے وہ راہ میں مل گیا، اور ان لوگوں نے اس کو فوراً قتل کردیا کہ اگر بارگاہ نبوت میں پہنچ گیا، تو پھر اس کا موقع ہاتھ نہ آئے گا، آپ کو اس واقعہ کی خبر ہوئی تو سخت برہم ہوئے ان لوگوں نے حضرت عمر، حضرت ابوبکر، حضرت علی رضی اللہ عنہم سے

[1] ابوداؤد جلد ۲ صفحہ ۱۵۵ کتاب الدیات،

Marfat.com

سفارش کی درخواست کی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نماز کے بعد ایک خطبہ دیا جس کے الفاظ یہ تھے

"خدا نے مکہ کو دار الحرام بنایا ہے آدمیوں نے نہیں بنایا ہے۔ خدا نے کل چند گھنٹوں کے لئے اس کو میرے لئے حلال کر دیا تھا لیکن آج اس کی قدیم حرمت دوبارہ لوٹ آئی ہے اور خدا کے سب سے نافرمان بندے تین آدمی ہیں، ایک وہ جس نے حدود حرم میں کسی کو قتل کیا، دوسرا وہ جس نے اپنے قاتل کے سوا کسی دوسرے شخص کو مار ڈالا، تیسرا وہ جس نے زمانۂ جاہلیت کا انتقام لیا، تم نے جس شخص کو قتل کر ڈالا ہے میں اس کی دیت دوں گا"

چنانچہ آپ نے اس کی دیت ادا فرمائی۔[۱]

بنو ثعلبہ کے ایک آدمی نے جاہلیت میں اوس و خزرج کے ایک آدمی کو قتل کر دیا تھا، بنو ثعلبہ اسلام لا کر جب مدینہ آئے تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خطبہ دے رہے تھے، ایک انصاری بے اختیار چلا اٹھے کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یہ ہمارے مجرم ہیں، ان سے قصاص لو آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہاتھ اٹھا کر فرمایا، الا لا یجنی والد علی ولد[۲] یعنی لڑکے کے جرم کا بدلہ باپ سے نہیں لیا جائے گا۔

ان واقعات سے اندازہ ہو سکتا ہے کہ ثار کا جذبہ کس طرح رگ رگ میں سرایت کر گیا تھا، اور اس جذبہ کا مشتعل ہو جانا کس قدر آسان ہوتا تھا،

خانہ جنگیوں پر ختم نہیں، یوں بھی تمام قبائل رقیب اور حریف مقابل تھے، دو مختلف قبیلوں کے آدمیوں میں کسی ذاتی معاملہ پر بھی نزاع ہو جاتی تھی، اور ان میں کوئی اپنے قبیلہ کا نام پکارتا تھا

---

[۱] مسند امام احمد بن حنبل جلد ۴ صفحہ ۳۲ [۲] دار قطنی جلد ۲ صفحہ ۳۰۸،

Marfat.com

تو قومی جنگ کا سامان ہو جاتا تھا، ایک دفعہ ایک مہاجر نے ایک انصاری کو تھپڑ مار دیا، انصاری نے یاللانصار (انصار کی دہائی) پکارا، مہاجر نے بھی یاللمہاجرین کا نعرہ مارا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خبر ہوئی آپ نے نکل کر فرمایا کہ "یہ کیا جاہلیت کی پکار ہے"،

مابال دعوی الجاہلیۃ ۔ یہ کیا جہالت کا دعوی ہے

لوگوں کو معلوم تھا کہ اسلام اس فعل شنیع کا سخت دشمن ہے، اس لئے جب تک وہ اپنا انتقام نہ لے لیتے اُن کو اسلام لانے میں تامل ہوتا تھا، عمرو بن اقیش ایک صاحب تھے، وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے، اور اسلام سے متاثر اور اس کے قبول کرنے کیلئے سر طرح آمادہ تھے لیکن ایک عائق تھا، جو اس راہ میں حائل تھا یعنی ثار، وہ جانتے تھے کہ اسلام لا کر اس خاندانی فرض کے ادا کرنے کی اُن کو اجازت نہیں مل سکتی۔ ابن مندہ نے اُن کے حال میں لکھا ہے،

وکان لہٗ ثار فی الجاہلیۃ و کرہ ان یسلم حتی یاخذہ ۔ اُن کا انتقام زمانہ جاہلیت میں باقی رہ گیا تھا، جب تک وہ نہ لیں انہوں نے مسلمان ہونا پسند نہ کیا۔[۲]

اسی طرح حضرت عمرو بن مالک جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں اسلام لا کر اپنے قبیلہ میں واپس گئے اور اسلام کی دعوت دی تو قبیلہ والوں نے کہا بنو عقیل پر ہمارا ثار (انتقام) باقی ہے، وہ لے لیں تو اسلام لائیں، چنانچہ انہوں نے اسی وقت بنو عقیل پر جو مسلمان ہو چکے تھے حملہ کیا اور اس فرض سے سبکدوش ہوئے۔[۳]

سیاسی مشکلات | جہالت، وحشت، پابندی رسوم، آبائی اثر وغیرہ وغیرہ ان میں سے ایک چیز بھی مانع اصلاح نہ ہوتی تاہم صرف سیاسی اسباب ایسے جمع تھے کہ قریش یا دیگر قبائل عرب کبھی اسلام

[۱] صحیح بخاری جلد ۱ ص ۴۹۹ ذکر نہی دعوت جاہلیہ [۲] اسد الغابہ ص ۵۰ جلد ۴ [۳] اصابہ فی احوال الصحابہ ذکر عمرو بن مالک

آگے سر نہیں جھکا سکتے تھے، مکّہ میں دو خاندان برابر کے رقیب تھے، امیہ اور ہاشم، اور آنحضرت ؐ کی بعثت سے پہلے امیہ کا پلّہ ترجیح علانیہ گران ہو چکا تھا، آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے جب نبوّت کا اظہار کیا تو سب سے پہلے امیہ کے خاندان نے سرکشی کی، اور فتح مکّہ تک یہی خاندان تھا، جو تمام لڑائیوں اور معرکہ آرائیوں کا علمبردار تھا، بنوامیہ کے بعد اور خاندان تھے، اور وہ بھی حرم کے مناصب وہ گانہ (رفادہ وغیرہ) کے ممتاز حصّہ دار تھے، ان میں سے ہر ایک دیکھ رہا تھا کہ اس جدید انقلاب مین ان فوائد اور اقتدار کا بالکل خاتمہ ہے ابوجہل سے جب ایک شخص نے کہا کہ "محمد کی دعوتِ اسلام کی نسبت تمھاری کیا رائے ہے" تو اُس نے صاف کہا کہ مین کیا کہوں، محمد کے خاندان نے عزّت و شرف مین برتری کا دعویٰ کیا اور ثبوت میں دعوتین کھلائین، اسی کے جواب مین ہم نے اسی شان کی دعوتیں دین، انھون نے خون بہا دیئے، ہم نے بھی دیئے، انھوں نے زرپاشیاں کیں، ہم نے بھی کیں، ہم دونوں دوش بدوش ہو چکے تھے کہ دفعۃً اُن کی طرف سے یہ دعویٰ پیش ہوا کہ ہمارے خاندان میں نبوّت اور آسمان سے وحی بھی آگئی، اب ہم کہاں تک برداشت کریں، خدا کی قسم ہم کبھی محمد پر ایمان نہیں لا سکتے [1]، یہی ابوجہل جب انصار کے ہاتھ سے قتل ہوا تو اس نے مرتے وقت حسرت سے کہا کہ کاش مجھکو کاشتکاروں کے سوا کسی اور قوم نے قتل کیا ہوتا [2]،

خوب غور سے دیکھو بدر، اُحد، حمراء الاسد، احزاب وغیرہ تمام لڑائیوں میں یہی اموی عنصر تھا، جو کام کر رہا تھا، قریش کے قبیلہ سے باہر جو بڑے بڑے قبیلے تھے مثلاً غطفان، اسد وغیرہ

---

[1] ابن ہشام حصہ اوّل ص ۱۰۰ مطبوعہ مصر طبع اوّل [2] صحیح بخاری واقعہ بدر،

یا اہلِ مکہ ہی کے خاندان کی کوئی شاخ تھی، یا قریش کے حلیف و ہمعہد تھے، خیبر میں یہود تھے جو قوم کے لحاظ سے قریش سے الگ تھے لیکن عرب تجارتی حیثیت سے تمامتر ان ہی کے زیر بار تھے ان ہی سے قرض وام لیتے تھے ان ہی کے ہاں مال و متاع رہن رکھتے تھے، خیبر اور غطفان ایک مدت دراز سے باہم حلیف تھے[1]، اس طرح مکہ سے لیکر خیبر اور نجد تک ایک سلسلۂ اتحاد میں مربوط تھا،

کعبہ۔ تمام عرب میں قبلہ گاہِ اعظم تھا، ہر سال تمام ملک حج کرنے کے لئے آتا تھا، اور آستانۂ کعبہ پر سر جھکاتا تھا، کعبہ کے مجاور معمولی پنڈوے نہ تھے، بلکہ خیمہ و خرگاہ، تیغ و سپر، جاہ و حشم غرض ریاست و امارت کے تمام سروسامان رکھتے تھے، اس لئے تمام عرب میں ان کی شہنشاہی قائم تھی، یہی بات ہے کہ جب تک مکہ فتح نہیں ہوا، اسلام چین سے نہیں بیٹھ سکا، لیکن اسلام کی مخالفت صرف قریش کی متابعت تک محدود نہ تھی، بلکہ بڑا سبب یہ تھا کہ اسلام سے خاص قریش کو جو نقصان پہونچ سکتا تھا، براہِ راست وہی تمام رؤساے قبائل کو پہنچتا تھا، عرب کا ملکی نظام یہ تھا کہ تمام ملک میں قبائل پھیلے ہوئے تھے، اور ہر قبیلہ کا ایک رئیسِ اعظم ہوتا تھا جو تمام قبیلہ پر حکمران ہوتا تھا، اور مالِ غنیمت سے چوتھ وصول کرتا تھا جس کو مرباع کہتے تھے، اس کے علاوہ غنائم میں سے جو عورت، یا اور کوئی عمدہ چیز اس کو پسند آتی تھی، اس کو چھانٹ لیتا تھا، اس کا نام صفی تھا یہ گویا چھوٹی چھوٹی حکومتیں تھیں، جو تمام ملک میں پھیلی ہوئی تھیں، یہ ریاست خاندانی اصول پر چلتی تھی باپ کے مرنے کے بعد بیٹا رئیس منتخب ہوتا تھا، قبیلہ کے تمام معاملات، ذاتی نزاعیں، قصاص یا خون بہا کے فیصلے سب رئیس کے ہاتھ سے فیصل ہوتے تھے، یہ رؤسا عام قوم سے بہت سے

---

[1] طبری واقعۂ خیبر

حقوق میں ممتاز ہوتے تھے،

قبائل میں یہی امتیاز مراتب تھا کہ جو قبائل زیادہ شریف مانے جاتے تھے، اُن میں سے ایک آدمی کو اگر کوئی دوسرا قبیلہ قتل کر دیتا تھا، تو اس کا خون دوسرے قبیلہ کے دو خون کے برابر سمجھا جاتا تھا، اور اس لئے ایک کے بدلے میں دو کو قتل کرتے تھے، یہ امتیاز اور فرق مراتب اس حد تک پہونچ گیا تھا کہ جب غزوہ بدر میں قریش کی فوج میں سے عتبہ و شیبہ میدان میں آئے، اور مبارز طلب ہوئے، اور انصار اُن کے مقابلہ کو نکلے، تو عتبہ نے اس بنا پر اُن کے مقابلہ سے انکار کر دیا کہ قریش اور انصار کا جوڑ نہیں،

حضرت عمرؓ کے زمانہ میں جبلہ بن الایہم خاندان غسان کا اخیر فرمانروا اسلام لایا، اور مکہ میں آیا، ایک دن طواف میں اس کی چادر کسی شخص کے پاؤں کے نیچے آگئی، جبلہ نے اس کے گال پر تھپڑ کھینچ مارا، اُس نے بھی برابر کا جواب دیا، جبلہ نے حضرت عمرؓ کے پاس جا کر شکایت کی حضرت عمرؓ نے واقعہ سُن کر کہا، اس کا کیا قصور ہے، تم نے جو کیا اس کی جزا پائی، جبلہ نے کہا میرا یہ رتبہ ہے کہ کوئی مجھ پر ہاتھ اٹھاتا، تو قتل کر دیا جاتا، حضرت عمرؓ نے کہا کہ ہاں زمانہ جاہلیت میں یہی قاعدہ تھا لیکن اسلام نے اس کا خاتمہ کر دیا، جبلہ نے کہا جو مذہب شرفا کو ذلیل کر دیتا ہے، میں اس سے باز آتا ہوں، یہ کہکر چوری سے روم چلا گیا، اور عیسائی ہو گیا،

عرب کا ہر رئیس قبیلہ درحقیقت جبلہ تھا، اور اسلام قبول کرنے کے وقت اس کو یہی منظر نظر آتا تھا، اسلام ان تمام واقعات، اور خصوصیات کو مٹاتا تھا، اس کے دربار میں شاہ و گدا رئیس و عامی، شریف و حقیر کا ایک درجہ تھا، اس لئے عرب میں تمام رؤسائے قبائل کو صاف

Marfat.com

نظر آتا تھا کہ اسلام کا پھیلنا اُن کے ہر قسم کے فخر و امتیاز کا مٹ جانا ہے،

عرب میں ایک دوسری حریف طاقت یہودیون کی تھی، جو حجاز سے لیکر شام کے دروازون تک پھیلے تھے، اُن کے ہاتھ میں بڑے بڑے مضبوط قلعے تھے، فنِ جنگ سے واقف تھے، سامان واسلحہ وافر رکھتے تھے، دولت کی بہتات تھی، باغون اور زمینوں پر اُن کا قبضہ تھا، عرب کے تمام مادی ذرائعِ معاش کے وہ تنہا اجارہ دار تھے، پھر اسلام آیا، تو اس طرح کہ اُس نے یہودیون کی ایک ایک بُرائی کو طشت از بام کیا، اور اُن کے مذہبی وقار کے کھوکھلے پن کو علی الاعلان ظاہر کیا، اس لئے انھین صاف نظر آتا تھا کہ یہ نئی طاقت ملک میں جڑ پکڑ کر اُن کو بیخ و بنیاد سے اکھاڑ دے گی، چنانچہ قریظہ، بنی نضیر، بنی قینقاع، اور یثرب، خیبر، فدک، تیما، وادی القری وغیرہ کے یہودی زمیندار، سوداگر، مہاجن اور قلعہ نشین دل سے چاہتے تھے کہ اس قوت کو کسی طرح ابھرنے نہ دین، اور آخر لڑائیاں پیش آئین، اور دین توحید کے مقابلہ میں انھون نے اہلِ شرک کا ساتھ دیکر، خندق و احزاب و غطفان کے معرکے پیش کئے، عرب کے مختلف قبیلون اور سرحدی صوبون پر ایران اور روم کی سلطنتین فرمانروائی کرتی تھیں، عراق، یمن اور بحرین پر ایران کی حکومت تھی، اور حجاز کے شامی حدود پر قیصر کا قبضہ تھا، عرب کے مختلف ہمسایہ قبیلے ان ہی دو مین کسی ایک سلطنت کی حفاظت کا دم بھرتے تھے، اور یہ دونون سلطنتیں اس بیچ کے سرحدی ملک کی ایک ایک حرکت اور جنبش پر نظر رکھتی تھیں، اس لئے اس ملک مین ایک اتنی بڑی عظیم الشان تحریک کا قوت پکڑنا، اُن کو کسی طرح پسند نہیں آسکتا تھا، اسی لئے عرب میں اسلام کی قوت کا اُن کو جب احساس ہوا تو انھون نے اس کی دار و گیر کرنی چاہی، کسریٰ ایران نے یمن کے

اپنے ایرانی گورنر کو لکھا کہ اس نئے مدعی کو پکڑ کر ہمارے سامنے حاضر کرو، اور قیصر نے تو کھلم کھلا حملہ کی تیاری ہی کر دی تھی جس کے باعث تبوک کی فوج کشی ہوئی، اور آخر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد اسلام کو ان دونوں ہمسایہ طاقتوں سے نبرد آزما ہونا پڑا،

ذریعۂ معاش — اسلام لانے کا ایک بڑا مانع یہ تھا کہ عرب کا ذریعۂ معاش عموماً قافلوں پر حملہ آوری در سلبِ اموال اور رہزنی تھا، اور ہم امالی قالی سے نقل کر آئے ہیں کہ عرب کا ذریعۂ معاش غارتگری تھا، اور چونکہ حج کے چار مہینوں میں جنگ و غارت سے باز رہتے ہیں اُن کے ذرائعِ معاش مسدود ہو جاتے تھے، اس ضرورت سے وہ حج کے مہینوں کو ادل بدل کر لیا کرتے تھے،

اندرونی عرب تمامتر دشت و صحرا اور بالکل ویرانہ ہے، زراعت یا تجارت کی کوئی صورت نہیں، باوجود اس کے لاکھوں نفوس آباد ہیں، اس لئے اُن کو غارتگری کرنی پڑی، اور امتدادِ زمانہ سے یہ عادت اُن میں راسخ ہو گئی تھی، رفتہ رفتہ ٹھگی، رہزنی، اور سرقہ تمام ملک میں پھیل گیا تھا، یہانتک کہ بڑے بڑے نامور شعراء چور اور رہزن ہوتے تھے،

اکثر بڑے بڑے جتھے اس لئے قائم ہوتے تھے کہ بنجارے جو ملک میں پھر کر غلہ کی تجارت کرتے تھے، اُن کو لوٹ لیا کریں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دومۃ الجندل پر جو سریہ بھیجا تھا، اسی کے انسداد کی غرض سے بھیجا تھا، دومۃ الجندل مدینہ منورہ سے پندرہ منزل کے فاصلہ پر تھا، تاہم یہ لوگ اس قدر فاصلہ سے خود مدینہ پر چھاپہ مارنے کی تدبیر کر رہے تھے کہ آپ کو خبر ہو گئی اور خود بنفس نفیس خود وہاں تک گئے، اور چند روز قیام کر کے ان اطراف کا بندوبست کیا۔

حضرت مغیرہ بن شعبہؓ نے اسلام لانے سے پہلے چند شخصوں کو قتل کر کے اُن کا مال چھین

لیا تھا، چنانچہ جب اسلام لائے اور اس واقعہ کا اظہار کر کے لوٹ کا مال بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

کی خدمت میں پیش کیا تو آپ نے فرمایا کہ

اما الاسلام فاقبل واما المال فلست منہ فی شئی (صحیح بخاری کتاب الشروط ذکر صلح حدیبیہ) | اسلام تو میں نے قبول کیا لیکن مال سے مجھکو کسی قسم کا واسطہ نہیں،

ایک نکتہ یہاں خاص طور پر لحاظ کے قابل ہے حدیثوں میں جو یہ وارد ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اکثر بیعتِ اسلام کے وقت جن باتوں کا اقرار لیتے تھے، ان میں ایک یہ بھی ہوتا تھا کہ "چوری نہ کریں گے" اس کی یہی وجہ تھی کہ ان جرائم کا رواج تھا، ورنہ آج اگر شرفاء سے بیعت کے وقت یہ اقرار لیا جائے تو لوگوں کو تعجب ہوگا کہ یہ بیعت لینے کی کیا چیز ہے،

اسلام قبول کرنے کیساتھ ان تمام جرائم سے توبہ کرنا ہوتا تھا، اس لئے عرب کو اسلام قبول کرنے کے وقت یہ نظر آتا تھا کہ وہ تمام ذرائعِ معاش سے مجبور ہو جاتے ہیں، یعنی وہ قافلوں پر حملہ نہیں کرسکتے، کہیں ڈاکہ نہیں ڈال سکتے، کسی کا مال نہیں چھین سکتے، تو اب اُن کے لئے کیا باقی رہ جاتا ہے،

قریش خود رہزن اور غارتگر نہ تھے، وہ شہر کی متمدن زندگی بسر کرتے تھے تاہم دیگر اسباب کے ساتھ ان کے اسلام قبول کرنے کی وجہ یہ بھی تھی کہ قبول اسلام کا اثر اُن کے وسائلِ معاش پر بھی پڑسکتا تھا، قریش کا ذریعۂ معاش صرف ان تجارتی تعلقات تک محدود تھا جو انھوں نے باضابطہ طور پر دوسرے قبائل اور ممالک سے قائم کر رکھے تھے، اور یہ تمام قبائل اور ممالک مذہبی حیثیت سے اسلام کے دشمن اور حریف مقابل تھے، اسی بنا پر قریش کو خوف تھا کہ اگر وہ اسلام کے حلقہ میں داخل

Marfat.com

ہوجائیں گے تو دفعۃً یہ تمام تجارتی تعلقات منقطع ہوجائیں گے، چنانچہ علامہ ابن تیمیہ الجواب الصحیح لمن بدل دین المسیح (صفحہ ۱۳۰ جلد ۴) میں امام شافعی کی روایت سے لکھتے ہیں،

قال الشافعی کانت قریش تنتاب الشام انتیاباً کثیراً وکان کثیر من معائشها منه، وتاتی العراق فیقال لما دخلت فی الاسلام ذکرت للنبی صلی اللہ علیہ وسلم خوفها من انقطاع معائشها بالتجارة من الشام والعراق اذا فارقت الکفر ودخلت فی الاسلام وخلاف ملک الشام والعراق لاهل الاسلام، فقال النبی صلی اللہ علیہ وسلم اذا هلک کسری فلا کسری بعده فلم یبق بارض العراق کسری یثبت له امر بعده وقال اذا هلک قیصر فلا قیصر بعده فلم یکن بارض الشام قیصر فاجابهم علی ما قالوا،

امام شافعی کا بیان ہے کہ قریش شام پر اکثر تجارتی حیثیت سے آمد و رفت رکھتے تھے، اور ان کی معاش کا تعلق زیادہ تر اسی سے تھا، اور اس غرض سے وہ عراق میں بھی آتے جاتے تھے، تو کہا جاتا ہے کہ جب قریش کے لوگ اسلام لائے تو آنحضرتؐ سے ان ذرائع معاش کے منقطع ہوجانے کا خوف ظاہر کیا اور شام و عراق کے بادشاہوں کی اس مخالفت کا ذکر کیا جو ان کو اہل اسلام کے ساتھ تھی، اس پر آپ نے فرمایا کہ جب کسریٰ ہلاک ہوجائیگا تو پھر اس کے بعد دوسرا کسریٰ نہ ہوگا، چنانچہ عراق سے کسریٰ کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا، اور آپ نے فرمایا کہ جب قیصر ہلاک ہوجائیگا تو پھر دوسرے قیصر کا وجود نہ ہوگا، چنانچہ ارض شام میں پھر کوئی قیصر نہیں ہوا جس کی وہاں حکومت ہو، اس لحاظ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ان کے کہنے کے موافق ہوا

رفع شک | اس موقع پر ایک غلطی کا ذکر کرنا ضرور ہے جو عام طور پر یورپ مین پھیلی ہوئی ہے، اہل مغرب کا خیال ہے کہ اسلام کی اشاعت کی وجہ زیادہ تر یہ ہوئی کہ اس مین عرب کی ہر قسم کی خواہش ہائے نفسانی کے پورے کرنے کا سامان موجود تھا، عرب جنگ وجدل اور لوٹ مار کے شائق تھے، اسلام نے ان ہی چیزون کو جہاد و غنیمت کی صورت میں بدل دیا، عرب سخت نفس پرست تھے، اسلام نے چار بیویان اور غیر محدود لونڈیون کی اجازت دیدی، اہل عرب اہدانہ زندگی سے بالکل آشنا نہ تھے، اسلام نے بھی رہبانیت کی تحقیر کی، اب کیا چیز تھی جو اہل عرب کو اسلام سے روک سکتی تھی،

لیکن یہ خیال تمامتر غلط ہے، جہاد اور تعدد ازدواج، اور سراری کی بحث کتاب کے دوسرے حصون میں آئیگی، یہان اس قدر بیان کر دینا کافی ہے کہ جہاد یا تعدد ازدواج جو کچھ بھی تھا قدیم آزادی سے کوئی نسبت نہیں رکھتا تھا، جہاد صرف کافرون سے جائز تھا، فرض کرو ایک قبیلہ نے اسلام قبول کر لیا تو اس پر کوئی شخص ہتھیار نہیں اٹھا سکتا تھا، اور اس کے مال و متاع سے تعرض نہین کر سکتا تھا، لیکن قدیم رسم کے لحاظ سے اتحاد مذہب کوئی روک نہ تھی، تمام قبائل بت پرستی مین متحد تھے لیکن ہمیشہ ایک دوسری کو لوٹتے رہتے تھے، جہاد کیلئے اور بہت سی پابندیان تھیں، جو پہلے بالکل نہ تھین، جہاد مین صرف پاس پاس کے قبائل شریک ہوتے تھے، دور دور کے قبائل اس سے کیا فائدہ اٹھا سکتے تھے، جہاد مین جو لونڈیان گرفتار ہوتی تھیں، اُن سے اس وقت تمتع جائز ہوتا تھا جب ایک مہینہ کی مدت گذر جائے یا اگر حاملہ ہے تو بچہ پیدا ہو چکے لیکن اسلام سے پہلے فتح کیا تھا ہی عورتون کو تصرف میں لے آتے تھے، اور اس پر فخر کرتے تھے پہلے نکاح کے لئے تعداد کی کوئی

قید نہ تھی، ایک ساتھ آٹھ آٹھ دس دس شادیاں کرتے تھے، اب چار کی قید ہو گئی، اور وہ بھی اس سخت شرط کے ساتھ کہ سب میں عدل اور مساوات رہے، اس لئے یہ کہنا کہ اسلام عرب کے مرغوبات کو قائم رکھتا تھا، تمامتر غلط ہے، برخلاف اس کے عرب کی ایک ایک چیز روایاتِ قدیمہ جہالت عادات و رسوم، نفس پرستی، ہر چیز اسلام کے قبول کرنے کی مانع تھی،

ہر قوم پر جو چیز سب سے زیادہ سختی کے ساتھ حکمران ہے، وہ قدیم عادات اور رسوم اور خیالات ہیں آج یورپ علوم و فنون اور آزادیِ خیال میں اس حد تک ترقی کر گیا ہے لیکن جو بیہودہ تعجب انگیز رسمیں پہلے قائم تھیں اب بھی قائم ہیں، یا تو تعود کی وجہ سے ان کی برائیاں سرے سے نظر ہی نہیں آتیں یا آتی ہیں، تو عادت کی حکومت کے مقابلہ میں آزادیِ خیال اور علوم و فنون سب عاجز ہو کر رہ جاتے ہیں،

عرب میں جس قدر رسمیں قومی عادتیں تھیں، جو اُن کی ہستی کی عناصر بنگئی تھیں، اسلام ایک ایک کا دشمن تھا، ثار یعنی انتقامِ خون، عرب کے جذبات کا سب سے بڑا مظہر تھا، اسلام نے ان کو بالکل مٹا دیا، خاندانی فخر و مباہات اُن کی قومی زندگی کی روح تھی جو فنا کر دی گئی، ابو سفیان رئیس العرب کو بلالؓ (جو حبشی غلام تھے) کے ساتھ بیٹھنا پڑا یا تو قریش کو انصار کے مقابلہ میں تلوار اٹھانے سے بھی عار تھا، یا اب قریش کی لڑکیاں غلاموں (زید و سالم وغیرہ) کے گھر میں گئیں عکاظ وغیرہ کے میلے جہاں عرب سال کے سال جمع ہو کر اپنے مفاخر کی داستانیں سناتے تھے، سرد پڑ گئے،

اسلام ایک طرف تو عرب کے تمام مفاخر کو خاک میں ملاتا تھا، دوسری طرف خود اس میں ہوائے نفس اور تفریحِ طبع کا کوئی سامان نہ تھا، اسلام قبول کرنے کے ساتھ پانچ وقت کی نماز

Marfat.com

گلے کا ہار بنجاتی تھی، جو آزاد مزاجوں پر سخت گران تھی،

وَاِنَّهَا لَكَبِيْرَةٌ اِلَّا عَلَى الْخَاشِعِيْنَ — اور وہ (نماز) خاشعین کے سوا، اوروں پر یقیناً گران ہے، (بقرہ - ۵)

روزہ یعنی تیس دن تک متصل کھانا چھوڑ دینا کوئی آسان کام نہ تھا، زکوٰۃ ایسا سخت ٹکس تھا کہ محض اس کے ادا کرنے پر حضرت ابوبکرؓ کے زمانہ میں عام بغاوت ہوگئی، صرف حج ایک ایسا فرض تھا جو بظاہر زندہ دلی کا سامان رکھتا تھا، لیکن اب حج وہ جاہلیت کا حج نہیں رہا تھا، طوافِ عریان کی اجازت نہیں رہی تھی، بڑی دلچسپی کی چیز بت تھے، وہ ایک ایک کرکے حرم سے نکال دیئے گئے مقامِ منیٰ میں خاندانی واقعات کی رجز خوانی کا جو طریقہ چلا آتا تھا، بند کر دیا گیا، یہ فرائض اور اوامر کا حال تھا اسی کے ساتھ محرمات اور نواہی کی وہ عالمگیری تھی کہ اُن کے جاہلانہ خیال کے مطابق زندگی، زندگی نہیں بلکہ زندان بن گئی تھی، زنا حرام، شراب حرام، قمار حرام، سونا چاندی حرام اطلس وحریر حرام، چنگ وعود حرام، تصویر حرام، پھر زندہ دلی، اور لطفِ زندگی کیلئے باقی کیا بچا؟

خوب غور سے دیکھو، تمام دیگر مذاہب نے عبادتوں میں بھی دلچسپی کا سامان رکھا ہے عیسائیوں کی نماز گا کر ادا کیجاتی ہے، پارسیوں میں زمزمہ ہوتا ہے، ہندو بھی عبادت کے وقت بھجن گاتے ہیں، اور سامنے دلفریب بت ہوتے ہیں لیکن اسلام میں بظاہر دلآویزی اور دلفریبی کی ایک چیز بھی نہیں

مذکورۂ بالا واقعات کی بنا پر یورپ کا یہ اعتراض کس قدر غلط اور تمام تر بے سروپا ہے کہ اسلام اس لئے پھیلا کہ وہ نفس پرستی کی ترغیب دلاتا اور اس کے سامان مہیا کرتا تھا،

پھر کیا تھا؟ اس کا جواب آگے آتا ہے،

Marfat.com

# تبلیغ نبویؐ

اور

# اُس کے اُصول اور اس کی کامیابی کے اسباب

تمام گذشتہ موانع، عوائق، مشکلات اور دشواریوں کی دیواریں آہستہ آہستہ ایک ایک کرکے ٹوٹتی گئیں، اسلام پھیلا اور اس طرح پھیلا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب دنیا کو چھوڑا تو تمام عرب میں ایک بھی بُت پرست نہ تھا، اس لئے پہلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ اُس کے اسباب کیا تھے؟ مخالفین کے نزدیک تو اس کا جواب صرف تلوار ہے لیکن کارلائل کے بقول تنہا اور یکہ و تنہا اسلام کے ہاتھ میں یہ تلوار کس تلوار کے زور سے آئی؟ لیکن واقعہ یہ ہے کہ یہ تلوار صرف اسلام کی تبلیغی دعوت تھی، اس سے پہلے کہ ہم آگے بڑھیں، اسلام کی اس طاقت کی تشریح کر دینا مناسب ہے۔

فریضۂ تبلیغ "تبلیغ" کے لفظی معنی پیغام پہنچانے کے ہیں، اور اصطلاح میں اس کے معنی یہ ہیں کہ جس چیز کو ہم اچھا سمجھتے ہیں اُس کی اچھائی اور خوبی کو دوسرے لوگوں اور دوسری قوموں اور ملکوں تک پہونچائیں، اور اُن کو اس کے قبول کرنے کی دعوت دیں، قرآن پاک میں تبلیغ کے ہم معنی

---

۵ سیروز اینڈ ہیرو ورشپ (محمدؐ)

Marfat.com

چند اور الفاظ بھی ہیں جن میں سے ایک لفظ انذار ہے جس کے معنی ہشیار اور آگاہ کرنے کے ہیں، دوسرا لفظ دعوۃ ہے جس کے معنی بلانے اور پکارنے کے ہیں، اور تیسرا لفظ تذکیر ہے جس کے معنی یاد دلانے اور نصیحت کرنے کے ہیں، بعثتِ نبویؐ کے وقت دنیا میں دو قسم کے مذہب تھے، وہ جو تبلیغی تھے، یعنی عیسائیت اور بودھ مت، باقی زیادہ تر ایسے ہی تھے، جو تبلیغی نہیں، جیسے یہودیت، مجوسیت، ہندوئیت، جو دو تبلیغی سمجھے جاتے تھے، اُن کی نسبت یہ فیصلہ مشکوک ہے کہ آیا یہ تبلیغ اُن کے اصل مذہب کا حکم تھا، یا بعد کے پیروُں کا عمل ہے؟ کیونکہ اُن کے مذہبی صحیفوں میں اس تعمیم دعوت کی کھلی ہوئی ہدایتیں، اور اُن کے بانیوں کی زندگی میں اس کی عملی مثالیں نہیں ملتیں، تمام مذاہب میں صرف اسلام ایک ایسا مذہب ہے جس نے تبلیغ کی اہمیت کو سمجھا، اور اس کے متعلق اپنے صحیفہ میں کھلے احکام دیے، اور اس کے داعی و حامل علیہ السلام نے اپنی زندگی میں اس کی عملی مثالیں پیش کیں،

جن مذہبوں نے تبلیغ کو اپنا اصول نہیں ٹھہرایا، اُن کے ایسا کرنے کی اصلی وجہیں دو ہیں، ایک یہ کہ اُن کے نزدیک اس حق کے قبول کرنے کی عزت کا استحقاق پیدائش سے حاصل ہوتا ہے کوشش سے نہیں، دوسرا سبب یہ ہے کہ جو حق اُن کے پاس ہے، وہ اُن کے نزدیک اتنا پاک و مقدس ہے کہ اُن کی خاص پاک و بزرگ و محترم نسل و قوم کے علاوہ دوسری تمام قومیں جو ناپاک و نجس و کمتر ہیں، اُن تک اپنے پاک مذہب کو لیجانا خود اس مذہب کی پاکی کو صدمہ پہنچانا ہے یہی سبب ہے کہ حضرت مسیح علیہ السلام نے ایک دفعہ جب ایک کنعانی (متی ۱۵) یا یونانی (مرقس) عورت نے اُن سے برکت چاہی تو فرمایا، میں اسرائیل کے گھر کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے سوا اور کسی کے

پاس نہین بھیجا گیا، (متی ۱۵-۲۵) پھر فرمایا "مناسب نہین کہ لڑکوں کی روٹی (بنی اسرائیل کا مذہب) کتوں (غیر اسرائیلی قوموں) کو پھینک دیں" (۲۷) پھر فرمایا "غیر قومون کی طرف نہ جانا، اور سامریوں کے کسی شہر میں داخل نہ ہونا، بلکہ پہلے اسرائیل کی کھوئی ہوئی بھیڑون کے پاس جاؤ، اور چلتے ہوئے منادی کرو" (متی ۱۰-۶) پھر ارشاد فرمایا "وہ چیز جو پاک ہو کتون کو مت دو، اور اپنے موتی سورون کے آگے نہ پھینکو" (متی ۷-۶)

ہندوؤن نے اپنے مذہب کو تمام قوموں سے جو چھپا کر رکھا، اس کا بھی یہی سبب تھا کہ وہ اپنا پاک دھرم ملیچھون اور اچھوتوں کو سکھا کر اس کو ناپاک نہیں کرنا چاہتے تھے" یہودیون کا بھی یہی خیال تھا کہ نامختون اس نعمت کے اہل نہیں،

تبلیغ کی اہمیت | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کی تمام قومون کو برابری اور مساوات کی ایک ہی سطح پر لا کر کھڑا کیا، اور خدا کے پیغام کی منادی کا سب کو یکسان مستحق قرار دیا، اس لئے اپنی تبلیغ کے لئے قریش وغیر قریش، حجاز و یمن، عرب و عجم، ہند و روم کی تخصیص نہیں فرمائی بلکہ دنیا کی ہر قوم، ہر زبان اور ہر گوشہ مین صدائے الٰہی کا پہنچانا فرض قرار دیا، ابتدائی وحی میں انجانون کو ہشیار اور بیخبرون کو آگاہ کرنا سب سے پہلا حکم تھا، یٰاَیُّھَا الْمُدَّثِّرُ قُمْ فَاَنْذِرْ (مدثر) اے چادر پوش! اٹھ کھڑا ہو، اور ہشیار و آگاہ کر" پھر بار بار حکم ہوتا رہا کہ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ (جو تیری طرف اتارا گیا اس کو اورون تک پہنچا، فَادْعُ وَاسْتَقِمْ کَمَآ اُمِرْتَ (شوری) لوگون کو دعوت دے، اور مضبوطی سے قائم رہ جس طرح تجھے حکم دیا گیا، فَذَکِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ الذِّکْرٰی (اعلیٰ) لوگوں کو نصیحت کر اگر نصیحت فائدہ مند ہو، وَذَکِّرْ فَاِنَّ الذِّکْرٰی تَنْفَعُ الْمُؤْمِنِیْنَ (ذاریات) اور نصیحت کر

Marfat.com

کہ نصیحت اہل ایمان کو فائدہ پہنچاتی ہے"، فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ يَّخَافُ وَعِيْدِ (ق ۳) قرآن سے سمجھا اُس کو جو میری دھمکی سے ڈرتا ہو"۔ اوران کے علاوہ بیسیوں آیتوں میں اس فرض کی اہمیت ظاہر کی گئی، حضرت علیؓ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اے علی! تمھاری کوشش سے ایک آدمی کا بھی دینِ حق کو قبول کرلینا دنیا کی بڑی سے بڑی دولت سے بھی بڑھکر ہے[۵]"

اس سے زیادہ یہ کہ اسلام نے اپنے ہر پیرو پر خیر کی دعوت، امر بالمعروف، نہی عن المنکر اور تواصی بالحق، یعنی باہم ایک دوسرے کو سچائی کی نصیحت کرنا، ضروری قرار دیا ہے اور مسلمانوں کا یہ فرض بتایا ہو کہ وہ اپنے ساتھ دوسروں کو بھی تاریکی سے نکالنے کی جد وجہد کریں،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوتا ہو کہ ہر قسم کے خطرات سے بے پروا ہوکر پیامِ الٰہی لوگوں تک پہنچایئے، اور اگر ایسا نہ کیا تو رسالت کا فرض انجام نہیں دیا،

| | |
|---|---|
| يٰٓاَيُّهَا الرَّسُوْلُ بَلِّغْ مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ | اے خدا کے پیام پہنچانے والے تیری پروردگار کے |
| رَّبِّكَ ۭ وَاِنْ لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ | پاس سے جو کچھ تیری طرف اترا ہو اس کو پہنچادے |
| رِسَالَتَهٗ ۭ وَاللّٰهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ | اگر تونے ایسا نہیں کیا تو تونے خدا کا پیام نہیں |
| (مائدہ ۶ - ۱۰) | پہنچایا اور تجھکو خدا لوگوں سے بچا لیگا، |

**اس کی وسعت** اس کے بعد اس فریضۂ تبلیغ کی وسعت کی بحث ہو، پیامِ الٰہی سچائی کا ایک بہتا چشمہ ہے جو آہستہ آہستہ قدرتی رفتار سے پہلے اپنی قریب کی زمین کو پھر آگے کو پھر اُس سے آگے کو سیراب کرتا چلا جاتا ہو، یہانتک کہ وہ زمین کے کناروں تک پہنچ جاتا ہے آنحضرت

---

[۵] صحیح مسلم باب خیبر،

صلی اللہ علیہ وسلم کو اس تبلیغ کا حکم اسی تدریج کے ساتھ ہوا، سب سے پہلے خاص اپنے گھر اور خاندان کے لوگوں کو سمجھانے کا حکم ہوا،

وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ (شعراء ۱۱) — اور اپنے سب سے نزدیک اہل خاندان کو آگاہ وہشیار کر

اس کے بعد یہ دائرہ بڑھ کر شہر مکہ اور اس کے اطراف کی آبادیوں تک پہنچتا ہے،

لِتُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى وَمَنْ حَوْلَهَا (شوریٰ -۱) — "تاکہ تو مکہ اور جو اس کے آس پاس (کے بڑی) ہیں اُن کو آگاہ وہشیار کرے،

اب تبلیغ کا دائرہ اس سے بھی آگے بڑھتا ہے، اور ہر زندہ روح یعنی سمجھ بوجھ، احساس وعقل وغیرہ حقیقی زندگی کی علامتیں جس میں موجود ہوں اس کی مخاطب ہوتی ہے،

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا (یٰسین ۵) — یہ قرآن تو صرف ایک نصیحت اور صاف صاف خدا کا کلام ہے تاکہ وہ اُس کو ہشیار کرے جو زندہ ہے

پھر جس حد تک بھی وہ آواز پہنچ جائے سب سے اس کا خطاب ہے،

لِاُنْذِرَكُمْ بِهٖ وَمَنْ بَلَغَ (انعام -۲) — تاکہ میں تمہیں آگاہ وہشیار کردوں اور اُن کو جن تک میری یہ آگاہ وہشیار کرنیوالی آواز پہنچے،

پھر تمام انسانوں تک اس کی وسعت ہوتی ہے،

هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ (ابراهیم-۷) — یہ قرآن تمام انسانوں کے لئے پیغام ہے

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب ہوا،

وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا كَآفَّةً لِّلنَّاسِ — اور ہم نے تم کو تمام انسانوں کے لئے خوشخبری

بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا ۝ (سبا - ۳) سنانے والا اور ہشیار کرنے والا بنا کر بھیجا،

آپ کو حکم ہوا کہ تمام انسانوں کو خطاب کر کے یہ اعلان فرمادیں،

قُلْ يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اِنِّيْ رَسُوْلُ اللّٰهِ — اے لوگو! میں تم سب کی طرف خدا کا پیغام

اِلَيْكُمْ جَمِيْعًا ۝ (اعراف - ۲۰) — دیکر بھیجا گیا ہوں،

اس سے زیادہ یہ ہے کہ تمام کائنات آپ کی دعوت و تبلیغ کے دائرہ میں داخل فرمادی،

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى — برکت والا ہے وہ خدا جس نے حق اور باطل میں

عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا — امتیاز بتانیوالی کتاب اپنے بندہ (محمدؐ) پر نازل

الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ — کی تاکہ وہ دنیا جہان کے لوگوں کو ہشیار و آگاہ کر دیا

(فرقان - ۱) — ہو، وہ خدا جس کی ملکیت میں آسمانوں کی اور زمین کی سلطنت ہے

اس سے بھی زیادہ اہم بات یہ ہے کہ اس تبلیغ و دعوت کی وسعت اور اس میں کامیابی کی خوشخبری عین اسی وقت دیدی گئی تھی، جب مسلمانوں کے دلوں میں ایک قسم کی مایوسی چھائی ہوئی تھی، چنانچہ آیت ذیل نازل ہوئی،

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ۝ وَلَتَعْلَمُنَّ — یہ قرآن تو دنیا کے لئے نصیحت ہے اور تم ایک

نَبَاَهٗ بَعْدَ حِيْنٍ ۝ (ص - ۵) — زمانہ کے بعد اس کی خبر جانو گے،

انبیاء اور بانیانِ مذاہب کے عملی نمونوں اور ہدایتوں کی تلاش اور جستجو کرو تو یہ حقیقت اور زیادہ واضح ہو جائے گی کہ اسلام کے سوا اور جو مذہب تبلیغی سمجھے جاتے ہیں، وہ حقیقت میں تبلیغی نہیں، خود بودھ نے ہندوؤں کے علاوہ کسی کو اپنی نجات کا راستہ نہیں بتایا، اور نہ اس کا

Marfat.com

حکم دیا، حضرت عیسیٰؑ نے اسرائیل کے علاوہ کسی دوسری قوم کو نہ اپنا وعظ سنایا، اور نہ ان کو اپنا مخاطب بنایا، اور نہ ان میں سے کسی کو اپنا شاگرد کیا، نہ کسی دوسری قوم میں اپنی زندگی میں اپنا واعظ اور مبلغ بھیجا، حالانکہ فلسطین میں رومیوں اور یونانیوں کی بڑی جماعت موجود تھی،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ میں رہ کر مکہ اور اس کے پاس کے لوگوں کو بیدار و ہشیار کیا، حج کے موسم میں عرب کے ایک ایک قبیلہ کے پاس جا کر حق کا پیغام پہنچایا، اور اسی زمانہ میں یمن اور حبشہ تک آپ کی آواز پہونچ گئی، اور لوگ تلاش حق کے لئے آپ کے پاس آئے، مدینہ منورہ آئے تو قریش گو برسوں تک دوسرے قبیلوں تک اسلام کے پہنچنے میں سدراہ بنے رہے، پھر بھی مبلغ اور داعی بھیج کر قبیلوں تک آواز پہنچائی گئی، اور بالآخر قریش کے خلاف اسلئے تلوار اٹھائی گئی کہ اسلام کو تبلیغ کی پرامن آزادی ملے، چھ برس کے جنگ و جدل کے بعد حدیبیہ میں قریش نے اسلام کے اس مطالبہ کو تسلیم کیا، اور تبلیغ کی آزادی عطا کی، قرآن نے اسلام کی اس روحانی فتح کو **فتح مبین** قرار دیا، اور اِنَّا فَتَحۡنَا لَكَ فَتۡحًا مُّبِينًا، نازل ہوئی[1]، اس کے بعد ہی عرب اور بیرون عرب میں اسلام کے داعی، قاصد، اور مبلغ بھیجے گئے، دربار ہائے امراء و سلاطین کو دعوت اسلام کے خطوط لکھے گئے، اور عرب کے علاوہ دیلم، ایران، حبش، اور روم کے باشندے آئے، اور فیضان حق سے سیراب ہوئے، مشرکین عرب، یہود، عیسائی، اور پارسی سب نے آپ کے زمانہ ہی میں آپ کے نور سے روشنی حاصل کی،

لیکن نفس تبلیغ کی فرضیت و اہمیت سے بھی زیادہ اہم چیز تبلیغ کے اصول ہیں،

---

[1] صحیح مسلم باب صلح الحدیبیہ،

تبلیغ کے اصول | یہ نکتہ کہ کس طرح لوگوں کو کسی سچائی کے قبول کی دعوت دینی چاہیئے دنیا میں پہلی دفعہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان وحی ترجمان سے ادا ہوا، وہ مذہب بھی جو تبلیغی ہونے کا دعویٰ رکھتے ہیں، یہ نہیں کہہ سکتے کہ اُن کے صحیفوں نے ان کے لیے تبلیغ کے اہم اصول کی تشریح کی ہے لیکن صحیفہ محمدی نے نہایت اختصار لیکن پوری تشریح کیساتھ اپنے پیرووں کو یہ بتایا ہو کہ پیغامِ الٰہی کو کس طرح لوگوں تک پہنچایا جائے اور اُن کو قبولِ حق کی دعوت کس طرح دیجائے

| | |
|---|---|
| اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ | اپنے پروردگار کی راہ کی طرف لوگوں کو دانائی |
| وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ | اور عمدہ نصیحت کے ذریعہ سے بلا، اور اُن سے |
| بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ، (نحل - ۱۶) | مناظرہ خوش آیند طریق سے کر، |

تبلیغ و دعوت کے یہ تین اصول مسلمانوں کو سکھائے گئے، عقل و حکمت، موعظۂ حسنہ اور مناظرہ بطریق احسن، مسلمان متکلموں نے بیان کیا ہے کہ تبلیغ و دعوت کے یہ تینوں اصول وہی ہیں، جو منطقی استدلال میں عموماً کام میں لائے جاتے ہیں یعنی ایک تو برہانیات جن میں یقینی مقدمات کے ذریعہ سے دعوی کے ثبوت پر دلیلیں لائی جاتی ہیں، دوسرے خطابیات جن میں مؤثر اور دلپذیر اقوال سے مقصود کو ثابت کیا جاتا ہے، اور تیسرے جدلیات جن میں مقبول عام اقوال اور فریقین کے مسلّم مقدمات سے استدلال کیا جاتا ہے، قرآن پاک نے پہلے طریقہ کو حکمت دوسرے کو موعظتِ حسنہ اور تیسرے کو جدال سے تعبیر کیا ہے اور استدلال کے یہی وہ تین طریقے ہیں جن سے ایک شخص دوسرے کے سامنے اپنے مدعا کو ثابت کرتا ہے،

خیر یہ تو فلسفیانہ نکتہ آفرینی ہے مگر حقیقت یہ ہے کہ جب ہم کسی کے سامنے کوئی نئی بات

پیش کرکے اُس کے قبول کی دعوت دیتے ہیں تو عموماً تین طریقے برتتے ہیں، یا تو اُس بات کے ثبوت اور تائید میں کچھ دلنشیں دلیلیں پیش کرتے ہیں، یا اس کو مخلصانہ نصیحت کرتے ہیں، اور مؤثر انداز سے اس کو نیک و بد اور نشیب و فراز سے آگاہ کرتے ہیں، یا یہ کرتے ہیں کہ اس کی دلیلوں کو مناسب طریقہ سے رد کرکے اس کی غلطی کو اس پر واضح کرتے ہیں، پہلے طریقہ کا نام حکمت ہے، دوسرے کا نام موعظہ حسنہ اور تیسرے کا نام جدال بطریق احسن ہو تبلیغ و دعوت کے یہی تین طریقے ہیں،

قول لین | حکیمانہ استدلال ہو، یا وعظ و نصیحت ہو یا جدال و مناظرہ ہو، ضرورت یہ ہے کہ داعی نرمی اور خیر خواہی سے باتیں کرے کہ سختی اور شدت کا طریق دوسرے کے دل میں نفرت عداوت کے جذبات پیدا کرتا ہے، اور کیسی ہی اچھی اور سچی بات ہو لیکن اس قسم کے جذبات اس کے قبول کی استعداد اس سے سلب کرلیتے اور سننے والے میں اپنی غلطی پر ضد اور ہٹ پیدا کردیتے ہیں، جس سے دعوت کا فائدہ اور نصیحت کا اثر باطل ہوجاتا ہے، اسی لئے قرآن پاک نے اپنے پیغمبروں کو اپنے مخالف سے مخالف دشمن سے بھی نرمی ہی سے باتیں کرنے کی تاکید کی ہے حضرت موسیٰؑ اور حضرت ہارونؑ کو، فرعون جیسے سرکش کے سامنے پیغام ربانی لے کر جانے کی ہدایت ہوتی ہے تو ساتھ ارشاد ہوتا ہے،

| | |
|---|---|
| اِذْهَبَآ اِلٰى فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰى | تم دونوں، فرعون کے پاس جاؤ، اس نے |
| فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّيِّنًا لَّعَلَّهٗ | سرکشی کی ہے، تو اس سے نرم گفتگو کرنا، شاید وہ |
| يَتَذَكَّرُ اَوْ يَخْشٰى (طٰہٰ ۲) | نصیحت قبول کرے یا (خدا سے) ڈرے، |

دعوت وتبلیغ میں رفق ونرمی اور لطف وتحمل کی تعلیم کی اس سے بہتر مثال نہیں ہوسکتی، کہ نہ کوئی داعی اور واعظ پیغمبرون سے بہتر ہوسکتا ہی، اور نہ فرعون سے بڑھکر کوئی مجرم ہوسکتا ہی، پھر ایسے مجرم کے سامنے اس لطف ونرمی سے وعظ ونصیحت کی تعلیم جب پیغمبرون کو ہوتی ہی، تو عام داعیون ، مبلغون اور واعظوں کو عام مخالفون، مجرمون، اور سرکشون کے ساتھ بدرجہا زیادہ رفق وملاطفت سے اپنا فرض ادا کرنا چاہیئے،

اعراض وقول بلیغ | آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو اُن منافقوں کے بارہ میں جو آپ کی نافرمانی کے جرم کے مرتکب ہوتے تھے، یہ حکم ہوتا ہے،

فَاَعْرِضْ عَنْهُمْ وَعِظْهُمْ وَقُلْ لَّهُمْ فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ قَوْلًاۢ بَلِیْغًا ، (نساء ۹) | تو اُن سے درگذر کر، اور اُن کو نصیحت کر، اور اُن سے ایسی بات کہہ جو اُن کے دلون میں اثر کرے،

اس تعلیم میں تین ہدایتیں ہیں، اول یہ کہ دعوت وتبلیغ میں مخالف کی بدسلیقگی، بدتہذیبی اور درشتی سے درگذر اور اُن کو برداشت کرنا چاہیئے، دوسری یہ کہ اُن کو نصیحت کرنا اور سمجھانا چاہیئے اور تیسری یہ کہ گفتگو کا وہ موثر طرز وانداز اختیار کرنا چاہیئے جو دل میں گھر کرے،

تیسیر وتبشیر | ان ہی ربانی ہدایتون کی تعمیل میں جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت معاذ ابن جبل رض اور ابو موسیٰ اشعری کو یمن میں اسلام کی دعوت وتبلیغ کے لئے متعین فرمایا، تو رخصت کرتے وقت یہ نصیحت فرمائی یَسِّرا ولا تعسّرا وبشّرا ولا تنفّرا[1] دین الٰہی کو آسان کرکے پیش کرنا سخت بنا کر نہیں، لوگون کو خوشخبری سنانا، نفرت نہ دلانا، یہ وہ تبلیغی اصول ہیں جو ایک داعی و مبلغ کی

[1] صحیح بخاری بعث معاذ الی الیمن جلد دوم صفحہ ۶۲۲

Marfat.com

کامیابی کی جان ہین، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہؓ کے سامنے، اور صحابہؓ نے عام مسلمانون کے سامنے اسی اصول کے مطابق دین الٰہی کو پیش کیا، اور کامیابی حاصل کی، دین کی جائز آسانی اور سہولت کو پیش کرنا، اور اس کو سخت درشت اور مشکل نہ بنانا ہی اس کے قبول عام کی راہ ہے بشارتین ہی اللہ تعالیٰ کے لطف و شفقت، رحم و کرم اور مہر و محبت کی دلنواز صداؤن سے دلون کو پُرامید اور مسرور بنانا اس سے بہتر ہے، کہ بات بات پر خدا کی قہاری و جباری، اور ہیبت و جلال کا ذکر کرکے دلون کو خوفزدہ اور مایوس بنایا جائے،

تدریج | تبلیغ کا ایک اور اصول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ تعلیم فرمایا کہ کسی نئی قوم کو دعوت دیتے وقت شریعت کے تمام احکام کا بوجھ ایک دفعہ اس کی گردن پر نہ ڈالا جائے، بلکہ رفتہ رفتہ وہ اس کے سامنے پیش کئے جائین، پہلے توحید اور رسالت کو پیش کرنا چاہئے، اس کے بعد عبادات کو، عبادات مین بھی اہم پھر اہم کے اصول کو پیش نظر رکھنا چاہئے، عبادات مین سب سے اہم نماز ہے، پھر زکوٰۃ اور پھر دوسرے فرائض ہین، حضرت معاذؓ بن جبل کو یمن بھیجتے وقت آپ نے فرمایا تم یہودیون اور عیسائیون کی ایک قوم کے پاس جاؤگے تو انکو پہلے اس کی دعوت دینا کہ خدا کے سوا کوئی خدا نہین، اور محمدؐ اس کا رسول ہے، جب وہ یہ مان لین تو اُن کو بتاؤ کہ اللہ تعالیٰ نے اُن پر دن رات مین پانچ وقت کی نمازین فرض کی ہین، اور جب وہ یہ بھی مان لین تو انکو بتاؤ کہ خدا نے اُن پر صدقہ فرض کیا ہے، یہ صدقہ اُن کے دولتمندون سے لیکر اُن کے غریبوں کو دیا جائیگا، جب وہ اس کو تسلیم کرلین تو دیکھو صدقہ مین چن چنکر اُن کے بڑھیا مال کو نہ لینا، اور ہان مظلوم کی بدعا سے ڈرتے رہنا کہ اُس کے اور خدا کے درمیان کوئی پردہ نہین[1]،

---

[1] صحیح بخاری باب مذکور جلد دوم ص ۶۴۳،

Marfat.com

تالیف قلب | تبلیغ ودعوت کے سلسلہ میں اسلام نے ایک اور طریقہ بھی پیش کیا ہے جس کو تالیف قلب کے نام سے تعبیر کیا جاتا ہے، وَالْمُؤَلَّفَةِ قُلُوبُهُمْ (توبہ۔۸) اس کے لفظی معنی ہیں، "دلوں کو ملانا" اور اس سے مقصود اس شخص کے ساتھ جس کو اسلام کی طرف مائل کرنا ہو، لطف ومحبت امداد واعانت، اور غمخواری وہمدردی کرنا ہے کیونکہ انسان طبعًا شریفانہ جذبات کا ممنون ہوتا ہے، اور یہ ممنونیت عناد اور ضد کے خیالات کو دور کرکے قبول حق کی صلاحیت پیدا کردیتی ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بہت سے لوگوں کو اپنے اس اعجاز سے اسلام کا حلقہ بگوش بنالیا تھا چنانچہ مکہ کے بعض رئیس اسی جذبہ سے متاثر ہوکر اسلام لائے تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حنین کی غنیمت کا سارا مال ان ہی میں تقسیم کردیا تھا، نتیجہ یہ نکلا کہ پھر حق کے خلاف اُن کی گردنیں نہ اٹھ سکیں، صفوان رضؓ جو اسلام کے سخت مخالف اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے نہایت بغض رکھتے تھے، وہ کہتے ہیں کہ مجھکو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دیا، جتنا دیا، اور مجھے اُن سے سخت بغض تھا، لیکن آپ کے ان احسانات نے مجھے ایسا متاثر کیا کہ اب میری نگاہ میں اُن سے زیادہ کوئی پیارا نہیں[۵۱]، ایک دفعہ ایک بدو نے آکر کہا کہ ان دونوں پہاڑوں کے درمیان بکریوں کے جتنے ریوڑ ہیں مجھکو عنایت کیجئے، آپ نے اُس کو وہ سب دیدیے، یہ فیاضی دیکھکر ایسا اُس پر اثر پڑا کہ اُس نے اپنے پورے قبیلہ سے جاکر کہا "بھائیو! اسلام قبول کرو، محمد اتنا دیتے ہیں کہ اُن کو اپنے فقر وافلاس کا ڈر ہی نہیں رہتا[۵۲]،"

ایک یہودی کا لڑکا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت کرتا تھا، وہ بیمار پڑا تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

[۵۱] صحیح مسلم باب جود صلی اللہ علیہ وسلم جلد ۲ ص۲۹۰۔ [۵۲] ایضًا،

Marfat.com

اس کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے، اور جاکر اس کے سرہانے بیٹھے، پھر فرمایا کہ لڑکے اسلام قبول کرلے، اُس نے مستفسرانہ نگاہ سے باپ کیطرف دیکھا اس نے کہا ابوالقاسم (آپ کی کنیت) کی بات مان لے، چنانچہ وہ مسلمان ہوگیا، اور جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم وہاں سے اٹھے تو زبان مبارک پر یہ فقرہ تھا کہ اُس خدا کی حمد جس نے اس کو دوزخ سے بچا لیا۔[1]

**دعوتِ عقل** اسلام نے تبلیغ دعوت کے جو اصول بنائے ہیں، اُن کا لازمی نتیجہ یہ ہونا چاہیے کہ وہ ایک استدلالی، اور عقلی مذہب ہو کہ بغیر اس کے حکمت و دانشمندی، وعظ و نصیحت اور جدال و مناظرہ کی بنیاد قائم نہیں رہ سکتی، اس بنا پر مذاہب عالم کی تاریخ میں نبوت محمدؐ یہ سب سے پہلی ربانی آواز ہے جس نے حاکمانہ قانون (توراۃ) یا صرف لفظوں کے الٹ پھیر (انجیل) یا راجاؤن کے احکام (وید) کے بجائے عقل انسانی کو مخاطب کیا، غور و فکر کی دعوت دی، فہم و تدبر کا مطالبہ کیا، اُس نے اپنی ہر تعلیم کے ساتھ اپنی تعلیم کی خوبی مصلحت اور حکمت خود ظاہر کی، اور بار بار مخالفون کو آیاتِ الٰہی میں غور و فکر کی ہدایت کی، فرمایا،

| | |
|---|---|
| قُلْ هَلْ عِنْدَكُمْ مِنْ عِلْمٍ فَتُخْرِجُوهُ | کہہ اے پیغمبر کہ تمھارے پاس کوئی (یقینی) |
| لَنَا إِنْ تَتَّبِعُونَ إِلَّا الظَّنَّ وَإِنْ | علم ہے کہ اس کو تم ہمارے لئے ظاہر کرو تم تو |
| أَنْتُمْ إِلَّا تَخْرُصُونَ، قُلْ فَلِلَّهِ الْحُجَّةُ | گمان ہی کے پیچھے چلتے ہو اور تم تو اٹکل ہی |
| الْبَالِغَةُ، ج (انعام - ۱۸) | کرتے ہو، کہہ کہ اللہ ہی کی ہے پہنچی ہوئی دلیل |

نیز ارشاد ہوا،

[1] صحیح بخاری کتاب الجنائز

| | |
|---|---|
| لِيَهْلِكَ مَنْ هَلَكَ عَنْ بَيِّنَةٍ وَّ | تاکہ جو ہلاک ہو وہ دلیل سے ہلاک ہو، اور |
| يَحْيٰى مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ ط وَاِنَّ اللّٰهَ | جو جیتا رہے، وہ دلیل سے جئے اور اللہ |
| لَسَمِيْعٌ عَلِيْمٌ (انفال-۵) | ہے سننے والا جاننے والا، |

غفلت شعار کافروں کی نسبت فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَكَاَيِّنْ مِّنْ اٰيَةٍ فِي السَّمٰوٰتِ وَ | اور آسمانوں میں اور زمین میں (خدا کی توحید |
| الْاَرْضِ يَمُرُّوْنَ عَلَيْهَا وَهُمْ | کی) کتنی نشانیاں (دلیلیں) ہیں جن پر |
| عَنْهَا مُعْرِضُوْنَ . (یوسف-۱۲) | وہ گذر جاتے ہیں اور اُن پر غور نہیں کرتے |

غور و فکر کرنے والے اہلِ ایمان کی تعریف میں فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ | بے شبہہ آسمانوں اور زمین کی بناوٹ اور |
| وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰيٰتٍ | رات، اور دن کے الٹ پھیر میں عقلمندوں |
| لِّاُولِي الْاَلْبَابِ الَّذِيْنَ يَذْكُرُوْنَ | کے لئے نشانیاں ہیں، جو اللہ کو کھڑے بیٹھے |
| اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّعَلٰى جُنُوْبِهِمْ | اور اپنی کروٹوں پر یاد کرتے ہیں، آسمانوں |
| وَيَتَفَكَّرُوْنَ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَ | اور زمین کی بناوٹ میں غور کرتے ہیں (اور |
| الْاَرْضِ ج رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا | کہتے ہیں کہ) اے ہمارے پروردگار تو نے |
| بَاطِلًا، (آل عمران-۲۰) | (یہ عالم) بیکار نہیں بنایا، |

اس سے زیادہ عقلی، اور علمی استدلال کی دعوت اور کیا ہوگی، مگر بہرحال یہ خارجی استدلال تھا، اندرونی استدلال کی بھی اس نے دعوت دی فرمایا،

وَفِیۡۤ اَنۡفُسِکُمۡ ؕ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ (ذاریات۱) — اور خود تمھارے اندر نشانیاں ہیں تم دیکھتے نہیں

صحیفہ محمدی کی نسبت ہر جگہ یہ الفاظ فرمائے،

تَبۡصِرَۃً وَّ ذِکۡرٰی لِکُلِّ عَبۡدٍ مُّنِیۡبٍ (ق۔۱) — یہ بصیرت اور نصیحت ہے، ہر رجوع ہونیوالے بندہ کے لئے،

هٰذَا بَصَآئِرُ مِنۡ رَّبِّکُمۡ (اعراف ۲۴) — یہ تمھارے پروردگار کی طرف سے بصیرتیں ہیں

هٰذَا بَصَآئِرُ لِلنَّاسِ (جاثیہ ۲) — یہ لوگوں کے لئے بصیرتیں ہیں،

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوۡنَ الۡقُرۡاٰنَ (نساء۔۱۱) — کیا یہ قرآن میں تدبر نہیں کرتے،

اَفَلَا یَتَدَبَّرُوۡنَ الۡقُرۡاٰنَ اَمۡ عَلٰی قُلُوۡبٍ اَقۡفَالُهَا، (محمد۔۳) — کیا یہ قرآن میں غور نہیں کرتے، یا دلوں پر قفل لگے ہوئے ہیں،

وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَکِیۡمِ (یٰسین۔۱) — حکمت والے قرآن کی قسم،

تِلۡکَ اٰیٰتُ الۡکِتٰبِ الۡحَکِیۡمِ (یونس، لقمان) — یہ حکمت والی کتاب کی آیتیں ہیں،

نہ صرف اسی قدر بلکہ خدا کا وجود، توحید، رسالت، قیامت، جزا و سزا، عبادت، نماز، روزہ، زکوٰۃ، حج، اخلاق وغیرہ ہر تعلیم کی تلقین کرتے وقت اس نے اس کی صداقت کی عقلی دلیلیں پیش کی ہیں، اور ہر مسئلہ کی مصلحتیں اور حکمتیں علی الاعلان ظاہر کی ہیں، آیندہ صفحوں میں ہر قدم پر اس کی دلیلیں آپ کو ملیں گی،

**مذہب میں زبردستی نہیں**

یہ وہ حقیقت ہے جس کی صدا آج ہر در و دیوار سے آتی ہے، لیکن شاید لوگوں کو معلوم نہیں کہ دنیا میں اس حقیقت کا اعلان سب سے پہلے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم

ہی کی زبانِ مبارک سے ہوا، اور ظاہر ہے کہ جو مذہب اپنی اشاعت کے لئے صرف دعوت و تبلیغ
کا راستہ رکھتا ہو جس نے اس کے اصول بتائے ہوں جس نے عقل و بصیرت، اور فہم و تدبر کا ہر معاملہ
میں لوگوں سے مطالبہ کیا ہو، ہر قدم پہ عقلی استدلال اور مصلحت و حکمت کا اظہار کیا ہو، وہ کیونکر جبر و
اکراہ اور زبردستی کے طریقہ کو اختیار کر سکتا تھا، اسلام نے نہ صرف یہ کہ مذہب کی جبری اشاعت کو
ناپسند کیا، بلکہ اس کا فلسفہ بتایا کہ مذہب زبردستی کی چیز نہیں، اسلام میں مذہب کا اولین جز ایمان
ہے، ایمان یقین کا نام ہے اور دنیا کی کوئی طاقت کسی کے دل میں یقین کا ایک ذرہ بھی بزور پیدا نہیں
کر سکتی، بلکہ تیز سے تیز تلوار کی نوک بھی کسی لوحِ دل پر یقین کا کوئی حرف نقش نہیں کر سکتی، فرمایا،

| | |
|---|---|
| لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ | دین میں کوئی زبردستی نہیں، ہدایت گمراہی |
| الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ (بقرہ - ۳۴) | سے الگ ہو چکی، |

یہ وہ عظیم الشان حقیقت ہے جس کی تلقین انسانوں کو صرف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
کے ذریعہ سے ہوئی، دوسری جگہ فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَقُلِ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّكُمْ فَمَنْ شَآءَ | اور کہدے کہ حق تمہارے پروردگار کی |
| فَلْيُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ، | طرف سے ہے تو جو چاہے قبول کرے اور |
| (کہف - ۴) | جو چاہے انکار کرے، |

ایمان اور کفران دونوں سے کسی ایک کو اختیار کرنے پر کوئی زبردستی نہیں ہے عقل و
بصیرت والے اسے خود قبول کریں گے، اور نافہم اس سے محروم رہیں گے، اسی لئے بار بار تصریح
کیا گیا کہ رسول کا کام لوگوں تک خدا کا پیغام پہنچا دینا ہے، زبردستی منوانا نہیں،

إِنَّمَا عَلٰى رَسُوْلِنَا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ (مائدہ - ۱۲)
ہمارے رسول پر تو یہی فرض ہے کہ وہ صاف صاف ہمارا پیغام پہنچا دے،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو جو قریش کے اعراض و مخالفت سے حد درجہ غمگین تھے تسکین دی گئی

إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلٰغُ (شوریٰ - ۵)
اے پیغمبر تیرا فرض صرف پیام پہنچا دینا ہے،

إِنَّمَا أَنْتَ مُذَكِّرٌ. لَسْتَ عَلَيْهِمْ بِمُصَيْطِرٍ، (غاشیہ - ۱)
اے پیغمبر تو تو نصیحت کرنے والا ہے، تو اُن داروغہ بنا کر نہیں بھیجا گیا،

فَإِنْ أَعْرَضُوْا فَمَا أَرْسَلْنٰكَ عَلَيْهِمْ حَفِيْظًا، إِنْ عَلَيْكَ إِلَّا الْبَلٰغُ، (شوریٰ - ۵)
پھر اگر وہ اسلام کی دعوت سے انکار کریں تو اے پیغمبر ہم نے تجھکو اُن پر نگاشتہ بنا کر نہیں بھیجا، تیرے ذمہ صرف پیغام پہنچا دینا ہے،

کسی دین کو زبردستی پھیلانا اسلام کی نگاہ میں ایک ایسا فعل ہے جس سے رسول کی شان کو اُس نے بہت بلند سمجھا ہے، فرمایا،

وَلَوْ شَاءَ رَبُّكَ لَاٰمَنَ مَنْ فِي الْأَرْضِ كُلُّهُمْ جَمِيْعًا، أَفَأَنْتَ تُكْرِهُ النَّاسَ حَتّٰى يَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ، (یونس - ۱۰)
اگر تیرا پروردگار چاہتا کہ (لوگوں کو زبردستی مومن بنا دے) تو زمین کے سب لوگ ایمان لے آتے تو کیا اے پیغمبر تو لوگوں پر زبردستی کریگا کہ وہ ایمان لے آئیں،

اسلام میں حق کی حمایت اور باطل کی شکست کے لئے لڑنا جائز ہوا اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو بھی مجبوراً لڑنا پڑا، اس سے مخالفوں نے یہ نتیجہ نکالا ہے کہ یہ لڑائی صرف اسلئے تھی کہ اسلام کو تلوار

کے زور سے لوگوں میں پھیلایا جائے، حالانکہ قرآن میں ایک آیت بھی ایسی نہیں جس میں کسی کافر کو زبردستی مسلمان بنانے کا حکم ہو، اور نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی سیرت میں کوئی واقعہ ایسا ہے جس میں کسی کافر کو زبردستی تلوار کے زور سے مسلمان بنایا گیا ہو، بلکہ اگر ہے تو یہ ہے،

| | |
|---|---|
| وَإِنْ أَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِينَ اسْتَجَارَكَ | اور اگر (لڑائی میں) کوئی مشرک تجھ سے پناہ کا |
| فَأَجِرْهُ حَتَّىٰ يَسْمَعَ كَلَامَ اللَّهِ ثُمَّ | طالب ہو تو اس کو پناہ دے یہاں تک کہ |
| أَبْلِغْهُ مَأْمَنَهُ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمْ قَوْمٌ | خدا کا کلام سن لے، پھر اس کو وہاں پہنچا دے |
| لَّا يَعْلَمُونَ (توبہ - ۱) | جہاں وہ بخوف ہو کہ یہ بے علم لوگ ہیں، |

یہ نہیں کہا کہ جب تک وہ مسلمان نہ ہو جائے، اس کو پناہ نہ دو، بلکہ یہ فرمایا کہ اس کو پناہ دو پھر اس کی جائے پناہ تک پہنچا دیا جائے، اور اس کو کلام الٰہی سنایا جائے تاکہ اس کو غور و فکر کرنے کا موقع ملے، ظاہر ہے کہ جو مشرک اس طرح مسلمان ہوگا، اس کے تبدیلِ مذہب کا محرک تلوار کے بجائے کوئی اور چیز (پیامِ حق) ہوگی،

حقیقت یہ ہے کہ جہاد کی مشروعیت مظلوموں کی حمایت، جلاوطنوں کے حق دلانے، حج کا راستہ کھولنے، اور عقیدہ کی آزادی حاصل کرنے کے لئے ہوئی تھی، جیساکہ اس کا مفصل بیان کتاب میں کہیں آئیگا، قرآن کی اس آیت میں،

| | |
|---|---|
| وَقَاتِلُوهُمْ حَتَّىٰ لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ | اور ان کافروں سے لڑو یہاں تک کہ فتنہ نہ |
| وَيَكُونَ الدِّينُ كُلُّهُ لِلَّهِ (انفال ۵) | رہے اور دین پورا اللہ کے لئے ہو جائے، |

"فتنہ سے مراد عقیدہ اور مذہب کی آزادی نہ ہونا ہے، حضرت ابن عمرؓ صحابہ کی خانہ جنگیوں میں

شریک نہ تھے، ایک شخص نے اُن سے آکر کہا کہ کیا خدا نے فتنہ کے مٹانے کے لئے لڑنے کا حکم نہیں دیا اور اوپر کی آیت پیش کی، انھوں نے جواب دیا کہ "ہم یہ فرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں ادا کرچکے، جب مسلمان کم تھے، تو انسان اپنے دین کے سبب سے فتنہ میں مبتلا کیا جاتا تھا، اس کو لوگ مار ڈالتے تھے، یا قید کر لیتے تھے، یہانتک کہ مسلمانوں کی تعداد بہت بڑھ گئی، تو پھر فتنہ باقی نہ رہا۔"[۱]

میدان جنگ میں تبلیغ | ناواقفوں نے ایک اور مسئلہ کی بھی غلط تعبیر کی ہے۔ اسلام کی امن پسندی نے یہ قانون بنایا ہے کہ اگر کسی مخالف قوم سے لڑائی آپڑے، تو میدان جنگ میں پہنچ کر بھی صلح و آشتی کا خیال دور نہ کیا جائے، بلکہ تلوار کے فیصلہ سے پہلے وہ باتیں اُن کے سامنے پیش کرنی چاہئیں اول کہ تم کلمہ شہادت پڑھکر مسلمان ہو جاؤ، اور لڑائی سے ہاتھ اٹھا کر ہمارے بھائی بن جاؤ، اگر ایسا کرو تو تم دین، حکومت اور عزت کے تمام حقوق میں ہمارے برابر ہو جاؤ گے، اگر یہ منظور نہ ہو تو اپنے مذہب پر قائم رہ کر ہماری سیاسی حکومت کو قبول کر لو، اس حالت میں تمھاری حفاظت کی ہر قسم کی ذمہ داری ہمارے سر ہوگی، اگر وہ ان دو میں سے کوئی بات قبول کرلیں تو اُن سے لڑا جائے، تاریخ اسلام کی تاریخ میں ایسے کتنے منظر ہیں کہ کسی دشمن سے دشمن قوم نے اسلام یا محض اطاعت قبول کرلی ہے، اور خونریزی رک گئی ہے، اور لڑائی کا میدان محبت و آشتی کی بزم بن گئی ہے۔

یہ قانون جو سرتاپا امن پسندی، سلامت طلبی اور خونریزی سے بچنے کی آخری کوشش پر مبنی ہے، اس کو مخالفوں نے اس صورت میں پیش کیا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگوں کو تلوار کے زور سے مسلمان بنانے کی تعلیم دی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دستور تھا کہ جب کسی فوج کو متعین کرتے تو

---

[۱] صحیح بخاری جلد دوم تفسیر انفال صفحہ ۶۷۰

سردار کو یہ ہدایت فرماتے،

"جب تو مشرکوں میں سے کسی دشمن قوم سے مقابل ہو تو اس کو تین باتوں میں سے کسی ایک بات کے قبول کرنے کی دعوت دے، اُن میں سے جو بات بھی وہ مان لے اُس کو قبول کرے اور اس پر حملہ کرنے سے رُک جا، اُس کو اسلام کی دعوت دے، اگر وہ قبول کرلے تو پھر اس سے رُک جا، اس کے بعد اس سے خواہش کر کہ وہ مسلمانوں کے ملک میں آ جائے تو اُس کا وہی حق ہوگا جو مسلمانوں کا ہے، اگر وہ نہ مانے تو اس کی حالت بدو مسلمانوں کی سی ہوگی، قانون اس پر مسلمانوں کا جاری ہوگا، لیکن غنیمت اور فیٔ میں اس کا حصہ نہ ہوگا، جب تک وہ جہاد میں شرکت میں نہ کرے، اگر وہ اسلام قبول نہ کرے، تو اس کو جزیہ دیکر ذمی بننے کو کہہ، اگر وہ اس کو مان لے تو اس سے بھی رُک جا، اگر وہ اس کو بھی نہ مانے تو پھر خدا کی مدد مانگ، اور لڑائی شروع کردے[1]"

یہ وہ اصولِ جنگ ہے جس سے خونریزی کی روک تھام مقصود تھی، نہ یہ کہ کسی کو مجبور کر کے بزور شمشیر مسلمان بنا لینا، صحابۂ کرامؓ کے زمانہ میں ایرانیوں سے جب لڑائی شروع ہوئی تو مسلمانوں نے تین روز تک میدانِ جنگ میں تلوار نہیں اٹھائی، حضرت سلمان فارسیؓ تین روز تک اُن کو سمجھاتے رہے، اور کہتے رہے کہ میں تمہاری قوم سے ہوں لیکن دیکھتے ہو کہ عرب میرے زیرِ فرمان ہیں اگر تم بھی مسلمان ہو جاؤ تو تم کو بھی وہی حقوق ملیں گے جو ہمارے ہیں، اور اگر تم اپنے ہی مذہب پر رہنا چاہو تو جزیہ دیکر رہ سکتے ہو، لیکن محکوم ہو کر رہو گے[2] اس سے معلوم ہوا کہ جنگ میں

[1] صحیح مسلم کتاب الجہاد والسیر [2] جامع ترمذی ابواب السیر

دشمن کو بھی تبدیلِ مذہب پر مجبور نہین کیا گیا، بلکہ اس کے سامنے دوسری راہیں بھی کھلی تھین،

ثمامہ بن اثال قبیلہ بنی حنیفہ میں سے تھے، اور یمامہ کے رئیس تھے، یہ وہ قبیلہ ہے جو آخر تک سرکش رہا، اور اسی میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے آخر زمانہ مین مسیلمہ پیدا ہوا تھا، ثمامہ اتفاق سے مسلمانون کے ایک لشکر کے ہاتھ میں گرفتار ہو گئے، اور مدینہ لاکر مسجد نبوی کے کھمبے میں باندھ دئیے گئے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے تشریف لائے تو پوچھا کہ ثمامہ تمھاری کیا رائے ہے؟ جواب دیا، محمد! میری رائے اچھی ہے، اگر مجھے قتل کروگے تو ایک خون والے کو قتل کروگے، اور اگر احسان کروگے تو ایک شکر گذار پر احسان ہوگا، اور اگر زرِ فدیہ چاہتے ہو تو جو مانگوگے دیا جائے گا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کچھ نہین فرمایا، پھر اسی طرح دوسرے دن سوال وجواب ہوا، پھر تیسرے دن ہوا تیسرے دن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ ثمامہ کو چھوڑ دو، لوگوں نے کھولدیا، وہ رسی سے کھل کر آزاد ہو گئے، مگر سچائی کی زنجیر اُن کے پاؤن مین پڑ گئی، مسجد نبوی کے قریب ایک نخلستان مین جا کر غسل کیا، اور پھر مسجد میں آکر کلمۂ شہادت[1] پڑھ کر مسلمان ہو گئے، کیا کسی کو زبردستی مسلمان بنانے کے لئے اس سے بہتر موقع مل سکتا تھا؟ بدر کے قیدی گرفتار ہو کر آئے، لیکن اُن سے یہ نہین کہا گیا کہ تلوار یا اسلام، اسی طرح جنگ کے دوسرے قیدیون کیساتھ بھی یہی برتاؤ رہا، قرآن پاک نے جنگ کے قیدیون کے متعلق کہا فَاِمَّا مَنًّا بَعْدُ وَاِمَّا فِدَاءً (محمد - ۱) لڑائی ختم ہونے کے بعد ان قیدیون کو احسان دھر کر چھوڑ دو، یا فدیہ لے کر چھوڑ دو۔ یہ ارشاد نہ ہوا کہ اسلام یا تلوار!

غزوۂ خیبر مین مسلمان روزانہ بعض قلعوں پر حملہ کرتے ہیں اور ناکام رہتے ہیں بالآخر شیرِ خدا

۱ صحیح بخاری و سنن ترمذی ربط الاسیر ۲ صحیح بخاری غزوۂ خیبر،

Marfat.com

علی مرتضیٰ رضؓ کو حکم ہوتا ہے کہ فوج لیکر جائیں، وہ پوچھتے ہیں یا رسول اللہ کیا میں اُن سے لڑوں، یہانتک کہ وہ ہماری طرح ہو جائیں؟ فرمایا، آہستگی سے روانہ ہو، یہانتک کہ اُن کے میدان میں پہنچ جاؤ، پھر اُن کو اسلام کی طرف بلاؤ، اور اس میں اُن کا جو حق ہوگا، وہ اُن کو بتاؤ خدا کی قسم اگر ایک شخص کو بھی خدا تمھارے ذریعہ سے ہدایت دیدے تو اُس سے بہتر ہے کہ تمھاری ملکیت میں سُرخ اونٹ ہوں"[1] لیکن خیبر کے یہودنے اسلام کا مذہب قبول نہیں کیا، بلکہ اسلام کی حکومت قبول کرلی اور مصالحت ہوکر تلوار نیام میں کرلی گئی،

اسی طرح ایک مسلمان کو کسی دوسرے مسلمان پر ہتھیار اٹھانا جائز نہیں، بلکہ کفر کا موجب ہے کفار کو مسلمانوں کا یہ طرزِ عمل معلوم تھا، اکثر لڑائیوں میں جب مشرک حملہ آور اپنی کمزوری محسوس کرتا تھا تو اپنی جان بچانے کے لیے کلمۂ توحید پڑھ دیتا تھا، اور ایک بپھرے ہوئے مسلمان کو مجبوراً اپنے غصہ کو ضبط کرکے ہاتھ روک لینا پڑتا تھا،

ایک دفعہ ایک صحابیؓ نے پوچھا کہ اگر لڑائی میں میرا حریف اپنی تلوار سے میرا ہاتھ اڑادے اور جب میرے حملہ کی باری آئے تو درخت کی آڑ پکڑ کر کہے میں مسلمان ہوتا ہوں" تو اے خدا کے رسول میں کیا کروں، اس کو قتل کروں؟ فرمایا نہیں، اس کا قتل جائز نہیں، عرض کی یا رسول اللہ میرا ہاتھ اُس نے کاٹ ڈالا، فرمایا، پھر بھی اس کا قتل جائز نہیں کہ اگر تم نے اب اس کو قتل کیا تو وہ وہ ہوگیا جو تم اُس کے قتل سے پہلے تھے، اور تم وہ ہو جاؤ گے جو وہ اس اقرار توحید سے پہلے تھا[2] حضرت اسامہ بن زیدؓ آپ کے بڑے چہیتے خادم تھے، وہ ایک فوجی دستہ کے سپہ سالار بنا کر ایک لڑائی

---

[1] صحیح بخاری غزوہ خیبر [2] صحیح مسلم کتاب الایمان،

Marfat.com

میں بھیجے گئے جب گھمسان کا رن پڑا تو ایک کافر اُن کی زد میں آیا، انھوں نے حملہ کا قصد کیا تو وہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ پکار اٹھا، ایک انصاری جو پہلے اُس پر جھپٹے تھے، وہ تو رُک گئے، مگر اسامہؓ نے اس کافر کے اس کلمہ پڑھنے کو اس کی جان بچانے کے فریب پر محمول کر کے کچھ خیال نہ کیا، اور نیزہ سے کام تمام کر دیا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ خبر معلوم ہوئی تو اسامہؓ سے سخت آزردہ ہوئے، اسامہؓ نے عرض کی یا رسول اللہ! (صلی اللہ علیہ وسلم) اُس نے صرف تلوار کے ڈر سے کلمہ پڑھا تھا، فرمایا، اور کتنا بلیغ فقرہ فرمایا "اے اسامہ! تم نے کیا اس کا دل چیر کر دیکھ لیا تھا" پھر بار بار یہ فرماتے رہے، اے اسامہ تم قیامت میں اس کے لا الہ الا اللہ کا کیا جواب دو گے، اسامہ کہتے ہیں کہ مجھ کو اتنی ندامت تھی کہ میں نے دل میں آرزو کی کہ کاش میں آج ہی مسلمان ہوا ہوتا۔[1]

دیکھو کہ واقعہ کی تصویر کتنی الٹ دی گئی ہے، واقعہ تو یہ تھا کہ اپنی حملہ آوری اور لڑائی کے گھمسان میں بعض کفار و مشرکین جن کو یہ معلوم تھا کہ کسی کلمہ گو کو مسلمان اپنے مذہب کے حکم کے سبب سے قتل نہیں کرتے، جب وہ مسلمانوں کی زد میں پڑتے تھے، تو اپنی جان بچانے کے لئے فوراً کلمہ توحید پڑھ دیتے تھے، اور بیان اس صورت میں کیا جاتا ہے کہ اسلام نے کفار کو تلوار کی نوک سے کلمہ پڑھنے پر مجبور کیا، یہ صداقت ہے؟

اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک اور اعلان ہے جس کو اکثر غلط معنی میں پیش کیا گیا ہے، آپ نے فرمایا امرت ان اقاتل الناس حتی یقولوا لا الہ الا اللہ، مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ میں لوگوں سے اس وقت تک لڑائی کروں جب تک وہ توحید کا اقرار نہ کریں اور جب وہ اقرار

---

[1] صحیح مسلم کتاب الایمان ص ۵۲ مصر

Marfat.com

کرلین تو انھون نے اپنے جان و مال کو مجھ سے بچا لیا، اور اُن کی نیت کی پرسش خدا کا کام ہے۔ اس حدیث کا مقصد صرف اسی قدر ہے کہ مسلمان سے لڑنا تو جائز نہین لیکن کسی غیر مسلم قوم سے بھی لڑنا اُسی وقت تک جائز ہے جب تک وہ توحید کا اقرار نہ کرے اور جب اُس نے یہ کرلیا تو پھر اس سے بھی لڑنا روا نہین، خواہ وہ حملہ کے ڈر سے لا الہ الا اللہ پڑھے یا سچے دل سے اُس نے یہ اقرار کیا ہو اُس کی تحقیق کہ کس نیت سے اُس نے کلمہ پڑھا، انسان کا فرض نہین، خدا کا ہے، یہ بالکل ایک مصالحانہ اعلان ہے، لیکن لوگ اس کو اس معنی مین پیش کرتے ہیں کہ گویا اسلام کا حکم یہ تھا کہ مسلمان دیوانہ وار تلوار لئے پھرتے اور جس کو پاتے، اس کو ڈرا دھمکا کر کہتے کہ کلمہ پڑھو، ورنہ سر قلم کردین گے، غور کرو، اگر یہ حکم ہوتا تو قیدی اقرارِ توحید کئے بغیر اس آسانی سے چھوڑے جاتے اور ہاری ہوئی قومون سے اسلام نہین، صرف چند درہم کا جزیہ لیکر اُن کو آزاد کردیا جاتا؟ اور کیا مسلمانون کو یہ اجازت ملتی کہ

وَاِنْ جَنَحُوْا لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا (انفال - ۸)

اگر کفار کا محارب فریق صلح کے لئے جھکے تو تو بھی جھک جا،

بلکہ اس کے بجائے یہ حکم ہوتا کہ جب تک وہ مسلمان نہ ہوجائین اُن سے صلح نہ کرنا، اور نیز کیا مسلمانون کو یہ حکم ہوسکتا تھا کہ

وَاِنْ اَحَدٌ مِّنَ الْمُشْرِكِيْنَ اسْتَجَارَكَ فَاَجِرْهُ حَتّٰى يَسْمَعَ كَلَامَ اللّٰهِ ثُمَّ اَبْلِغْهُ مَاْمَنَهٗ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَعْلَمُوْنَ، (توبہ - ۱)

اور اگر (لڑائی کے میدان میں) مشرکون میں سے کوئی تجھ سے پناہ مانگے تو اس کو پناہ دے، یہانتک کہ وہ خدا کا کلام سن لے پھر اُس کو اُس کے امن کی جگہ پہنچا دے، یہ اس لئے

بلکہ یہ ہوتا کہ پناہ ملنے اور کلام الٰہی سننے کے بعد وہ مسلمان نہ ہو تو اس کو اس کی امن کی جگہ پہنچانے کے بجائے اس کو قتل کرکے جہنم میں پہنچا دو، مگر ایسا نہیں ہے، اس سے معلوم ہوا کہ اسلام کی امن پسندی اور رواداری کے مفہوم کو کس طرح الٹ کر بیان کیا جاتا ہے، حالانکہ اسلام نے ان مشرکوں سے بھی جو ہمارے کسی دوست مشرک قبیلہ کے دوست ہوں، اور ہم سے صلح و آشتی کے ساتھ رہنا چاہتے ہوں لڑنے کو منع کیا ہے،

| | |
|---|---|
| فَإِنِ اعْتَزَلُوكُمْ فَلَمْ يُقَاتِلُوكُمْ | تو اگر وہ تم سے کنارہ پکڑیں، پھر نہ لڑیں اور |
| وَأَلْقَوْا إِلَيْكُمُ السَّلَمَ فَمَا جَعَلَ | تمھارے سامنے صلح کی طرح ڈالیں تو اللہ نے |
| اللَّهُ لَكُمْ عَلَيْهِمْ سَبِيلًا ۔ (النساء ۱۲) | تم کو ان پر حملہ کرنے کی راہ نہیں دی۔ |

یعنی پھر ان پر تلوار اٹھانا درست نہیں، حالانکہ اگر اسلام کی مذہبی جنگجوئی کے وہی معنی ہوتے کہ یا تلوار یا اسلام" تو کیا اس امن پسندی اس صلح جوئی اور اس ترک جنگ کی صورت ممکن ہو سکتی تھی

**مسلح تبلیغی جماعتیں** غلط فہمی پھیلانے کا ایک اور واقعہ یہ ہے کہ تبلیغ و دعوت کیلئے جو جماعتیں ملک میں بھیجی جاتی تھیں، وہ مسلح ہوتی تھیں لیکن حقیقت بھلا دی جاتی ہے کہ یہ عرب کا واقعہ ہے جہاں کوئی منتظم اور باضابطہ حکومت نہ تھی جس پر تمام رعایا کی حفاظت کی ذمہ داری ہو ایک ایک وادی میں ایک ایک قبیلہ اپنی الگ الگ ریاست قائم کئے ہوئے تھا اور ہر قبیلہ دوسرے قبیلہ سے برسرپیکار تھا، راستوں پر رہزنوں اور ڈاکوؤں کا قبضہ تھا جن سے اکا دکا آدمی کا صحیح و سالم رہنا ناممکن تھا، اسی لئے جب کوئی تبلیغی مہم بھیجی جاتی تھی، تو بدامنی کے ملک میں رہنے والوں کے عام دستور کے مطابق وہ اپنی حفاظت کے لئے مسلح جاتی تھی، اور اس بات کی دلیل کہ اس مسلح جماعت کا تبلیغ و دعوت کے سوا کوئی مقصد نہ تھا

اس سے ظاہر ہے کہ اُن کی تعداد تھوڑی ہوتی تھی، جو فوجی حملہ کے لئے کافی نہین ہوسکتی تھی،

غزوہ بدر کے بعد جب قریش کا زور ٹوٹ گیا، اور ملک مین اسلام بھی ایک قوت شمار ہونے لگا، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے بعض بعض قبیلوں کی درخواست پر مسلمانون کی مختلف جماعتون کو تبلیغ و تعلیم کے لئے ادھر ادھر بھیجا، تب بھی وہ اکثر راستہ مین جان سے ماری گیئن، واقعہ رجیع مین دس داعیون کا مارا جانا، واقعہ بیر معونہ مین چھ یا دس داعی مسلمانون کا قتل ہونا، سریہ ابن ابی العوجا مین پچاس مسلمانون کی شہادت، واقعہ ذات اطلاح مین پندرہ داعی مسلمانون کا تیرون سے مارا جانا، عروہ بن مسعود ثقفی کا تیرون سے چھد جانا اس دعوی کی شہادت ہے،

تبلیغ و دعوت کی تنظیم۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب تک مکہ معظمہ مین تشریف فرما رہے بنفس نفیس اس فرض کو انجام دیتے رہے، ایک ایک کے پاس جاتے، اور حق کا پیغام سُناتے، شہر سے نکل کر مکہ کے آس پاس جاتے، اور آنے جانے والون کو بشارت سُناتے، مکہ سے نکل کر طائف گئے، اور وہان بھی اپنا فرض ادا کیا، یہ بھی خدا کی مصلحت تھی کہ اُس نے اپنے آخری دین کا مرکز مکہ معظمہ کو قرار دیا، جو عرب کا مرکزی شہر تھا، اور حج کے موسم مین تمام قبیلے خود یہان آجاتے تھے، آپ سالہا سال حج کے موسم مین ایک ایک قبیلہ کے پاس جاتے، اور خدا کی دعوت پیش کرتے، اسی سالانہ تبلیغ سے اسلام کو وہ جماعت ہاتھ آئی جس کا نام انصار ہے،

الغرض ان تبلیغی سرگرمیوں سے مکہ مین سینکڑوں آدمی مسلمان ہوچکے تھے، مگر قریش کے ظلم سے وہ ملک چھوڑنے پر مجبور ہوئے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے مشورہ سے وہ حبشہ کی طرف روانہ ہوئے، اس سفر کی مصلحت بھی عجیب غریب تھی، ان مظلوم مسلمانون کی ہجرت نے یہ موقع بہم پہنچایا

کہ وہ اس مسافرت میں جہان جہان سے گذرے اسلام کی آواز پہنچاتے گئے، اور اس طرح مین اور حبشہ دونوں ملکوں میں اسلام کی تحریک روشناس ہوئی،

مکہ مین آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد عام مسلمانون مین سب سے پہلے مبلغ اور داعی حق حضرت ابوبکرؓ تھے، مکہ کے بہت سے معزز گھرانون کے پرجوش نوجوان انہی کی تبلیغ سے اسلام کے حلقہ بگوش ہوئے، حضرت عثمانؓ، حضرت علیؓ، حضرت زبیرؓ حضرت ابوبکرؓ ہی کی کوششون سے دائرۂ اسلام مین آئے، حضرت ابوبکرؓ کے بعد اسلام کے دوسرے مبلغ حضرت مصعب بن عمیرؓ ہین جن کے مؤثر وعظون کو سُن کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت سے پہلے ہی مدینہ کے گھرانے کے گھرانے توحید کے پرستار ہوگئے تھے،

مدینہ منورہ آکر اسلام نے امن واطمینان کی سانس لی، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان نومسلمون کی تعلیم کے لئے جو اطرافِ ملک سے دارالاسلام مین آتے تھے، نیز ملک کے مختلف گوشون میں اسلام کی تبلیغ کے لئے ایک جماعت قائم کی جس کا نام عام طور سے اصحابِ صفہ (چبوترہ والے) مشہور ہے، اس میں بعض اوقات سو سے زیادہ آدمی داخل رہے ہین، یہ لوگ ملک میں اسلام کی دعوت کے لئے بھیجے جاتے، اور خود نومسلموں کو تعلیم دیتے، بیرمعونہ میں ستر کے قریب جو داعی اور مبلغ راہ میں بیدردانہ قتل ہوئے تھے، وہ اسی جماعت کے ارکان تھے،

ان کے علاوہ وہ اکابر صحابہ جو وقتاً فوقتاً مختلف ملکون، بادشاہون قومون اور قبیلون مین اسلام کی دعوت لیکر پھیلے، احادیث وسیر کی کتابون مین ان کے نام متفرق طور سے ملتے ہیں، میں نے تھوڑی سی کوشش سے اس قسم کے پینتیس ۳۵ صحابیون کے نام جمع کئے ہین جنھون نے

Marfat.com

از خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے حکم سے اس فرض کو انجام دیا اُن کے نام یہ ہیں، ابوذر غفاریؓ، طفیل ابن عمرو دوسیؓ، جعفر طیارؓ، عمرو بن عبسہ سلمیؓ، ضماد بن ثعلبہؓ، خالد بن ولیدؓ، علی بن ابی طالبؓ، مہاجر بن ابی امیہؓ، زیاد بن لبیدؓ، خالد بن سعیدؓ، عدی بن حاتمؓ، علاء بن حضرمیؓ، ابو موسی اشعریؓ، معاذ بن جبلؓ، جریر بن عبداللہ بجلیؓ، دحیہ کلبیؓ، عمرو بن امیہ ضمریؓ، مغیرہ بن شعبہؓ، عمرو بن العاصؓ، وبر بن یحنسؓ، عروہ بن مسعود ثقفیؓ، عامر بن شہرؓ، منقذ بن حبانؓ، ثمامہ بن اثالؓ، محیصہ بن مسعودؓ، احنفؓ، ابو زید انصاریؓ، عمرو بن مرہؓ، عیاش بن ربیع مخزومیؓ، واثلہ بن اسقعؓ، عبداللہ بن حذافہ سہمیؓ، حاطب بن ابی بلتعہؓ، سلیط بن عمروؓ بن عبد شمس، شجاع بن وہبؓ اسدی ان ہی مبلغوں اور داعیوں اور قاصدوں کی پکار تھی جس نے یمن، یمامہ، بحرین، حجاز، نجد، غرض پورے عرب کو بیدار کردیا، اور عرب سے باہر ایران، شام، مصر، حبش، ہر جگہ اسلام کا پیغام پہنچ گیا،

**مبلغوں کی تعلیم و تربیت** سیرۃ کی دوسری جلد کے آغاز میں اشاعت اسلام کی تاریخ اور دعاۃ مبلغین کی تعلیم و تربیت کا حال لکھا جا چکا ہے، سلسلۂ بیان کے لئے یہاں صرف اس قدر کہنا ہے کہ ان کو سب سے پہلے قرآن پاک کی سورتیں یاد کرائی جاتی تھیں، لکھنا پڑھنا بھی سکھایا جاتا تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شب و روز کے ارشادات سننے کا موقع بھی اُن کو ملتا تھا لیکن حقیقت یہ ہے کہ اسلامی تبلیغ کا درس اولین قرآن اور صرف قرآن تھا،

**دعوت بالقرآن** قرآن پاک اسلام کے دعوی اور دلیل دونوں کا مجموعہ ہے اور وہی اس کے مذہب کا صحیفہ ہے، خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور دوسرے مبلغ صحابہ بھی تبلیغ دعوت میں صرف قرآن کی سورتیں پڑھ کر سناتے تھے، اور جہاں اُن کو اس کا موقع مل جاتا، وہاں اسکی تاثیر اپنا

Marfat.com

کام کرجاتی تھی، اور یہ فرض خود قرآن نے اپنا آپ قرار دیا تھا، اسکی تبلیغ کے لئے جہاد کی ضرورت تھی، مگر اس جہاد کا ہتھیار لوہے کی تلوار نہین، بلکہ قرآن کی تلوار تھی جس کی ضرب کی روک خود اور سپر سے بھی ممکن نہ تھی، اللہ تعالیٰ نے اپنے پیغمبر کو اسی تلوار سے جہاد کا حکم دیا، فرمایا،

| | |
|---|---|
| فَلَا تُطِعِ الْكَافِرِينَ وَجَاهِدْهُمْ بِهِ جِهَادًا كَبِيرًا (فرقان-٥) | تو اے پیغمبر منکرون کا کہا نہ مان، اور اس قرآن سے اُن کے ساتھ بڑے زور کا جہاد کر |

اس پیغام الٰہی کے زمین مین اترنے کی غرض ہی یہ تھی کہ وہ خدا کے بھولے ہوئے بندون کو اُن کا عہد یاد دلائے، فرمایا،

| | |
|---|---|
| فَذَكِّرْ بِالْقُرْآنِ مَنْ يَخَافُ وَعِيدِ۔ (ق-٣) | تو اے پیغمبر اُن کو جو میری دھمکی سے ڈرتے ہین مون قرآن کے ذریعہ سے یاد دلا، |

قرآن رحمت عالم کا پیام عمومی ہے، اور یہی اس کے نزول کی غرض وغایت ہے، فرمایا

| | |
|---|---|
| تَبَارَكَ الَّذِي نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلَىٰ عَبْدِهِ لِيَكُونَ لِلْعَالَمِينَ نَذِيرًا (فرقان-١) | برکت والا ہے وہ جس نے حق و باطل مین امتیاز کرنے والی کتاب اپنے بندون پر اسلیے اتاری تاکہ وہ تمام دنیا کو بیدار اور ہشیار کرے |

یہی قرآن اسلام کی طاقت اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا اصلی ہتھیار تھا جس کی کاٹ نے کبھی خطا نہ کی،

**اشاعت اسلام کی قدرتی ترتیب**

عرب میں صرف تین قومیں تھین جن کا اسلام لانا گویا تمام جزیرہ نمائے عرب کا اسلام لانا تھا، یعنی مشرکین، یہود اور نصاریٰ، مشرکین عرب کا مرکز خانہ کعبہ تھا

Marfat.com

اور اُن کے مذہبی پیشوا قریش تھے، یہود کا صدر مقام مدینہ اور خیبر تھا، نصاری اور مجوس شام اور یمن کے اطراف مین پھیلے ہوئے تھے،

اس بنا پر الاقرب فالاقرب کے لحاظ سے اشاعتِ اسلام کی قدرتی ترتیب یہ تھی کہ قریش اور کفارِ مکہ کو پہلے دعوتِ توحید دیجاتی، پھر یہود کو حلقہ بگوشِ اسلام بنایا جاتا، اس کے بعد نصاریٰ اور مجوس کو دعوت دیجاتی، چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی ترتیب کے ساتھ اسلام کی اشاعت کی، اور اسی بنا پر قرآن مجید کا طریق ۔۔۔۔ دعوت مختلف نظر آتا ہے، تمام مکی سورتون کے مخاطب کفارِ مکہ تھے، اس لئے ان مین بت پرستی کی مذمت، توحید کی ترغیب، عجائبِ قدرت کا بیان، عذابِ الٰہی سے تخویف، اور صنادیدِ قریش کی مخالفت کے جواب کے سوا کچھ نہین لیکن جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم مکہ سے ہجرت کرکے مدینہ تشریف لائے، تو یہود سے سابقہ پڑا، اور اب قرآن مجید کا طرزِ خطاب بدل گیا، چنانچہ ابتدائی مدنی سورتین زیادہ تر یہود کی مذہبی تاریخ، اُن کی تحریفات، اُن کی اخلاقی کمزوریون اور قصصِ بنی اسرائیل پر مشتمل ہیں، سب سے اخیر مین نصاری کی باری آئی، اور فتح مکہ کے بعد قبائلِ عرب کے وفود کے سلسلہ مین نجران کے عیسائیون کا وفد آیا اسی زمانہ مین سورۂ آل عمران نازل ہوئی جس میں نصاری کا ذکر ہے،

مجوس عرب میں بہت کم تھے، بحرین اور یمن میں خال خال وہ پائے جاتے تھے، وہ بھی ایرانی النسل تھے، خالص عرب نہ تھے، اس لئے قرآن مجید نے خاص طور پر کسی سورہ مین ان سے خطاب نہین کیا ہے، البتہ جا بجا مناسب موقعون پر اُن کا نام لیا ہے، اور اُن کے عقائد کی تردید کی، اور اُنکو ثنویت یعنی دو خداؤن کی پرستش کے بجائے توحید کی دعوت دی ہے،

**قبولِ اسلام کے لئے کیا چیز درکار تھی؟** اگرچہ یورپ کا یہ عام دعویٰ ہے کہ عرب میں اسلام صرف تلوار کے زور سے پھیلا لیکن ابتداء میں جن اشخاص اور جن قبائل نے اسلام کو قبول کیا، ان کے اوصاف کے پیشِ نظر کر لینے کے بعد صاف ثابت ہوتا ہے کہ اسلام اپنے لئے صرف اثر پذیر دل کا جویان تھا، اور جب یہ شیٔ مل جاتا تھا، تو اس کے سامنے یہ طائرِ قدس اپنے پر ڈال دیتا تھا، چنانچہ ابتدائے بعثت میں جن اشخاص نے اسلام قبول کیا، وہ وہی تھے جو نیک طبع، ایماندار، راستی پسند اور حق جو تھے، اور جو نبوت کے اوصاف وخصائص سے واقف تھے، گذشتہ آسمانی مذاہب سے کچھ نہ کچھ آگاہ تھے، اور معاشرت و تمدن سے بہرہ ور تھے، اشخاص کے علاوہ جن قبائل اور آبادیوں نے اسلام کے قبول کرنے میں پیش دستی کی وہ بھی وہی تھیں جن میں یہ خصوصیتیں پائی جاتی تھیں، عرب کے دو مختلف حصوں جنوبی وشمالی میں سب سے زیادہ اسلام کو کامیابی عرب کے جنوبی حصہ یعنی یمن، عمان، بحرین، یمامہ میں ہوئی، اور شمالی حصہ میں سے مدینہ منورہ اور اس کے اطراف میں ہوئی، کیونکہ وہ تمدنی حیثیت سے دنیا کی ممتاز متمدن قوموں ایرانیوں اور رومیوں سے متاثر تھے، اور مذہبی حیثیت سے یہودیوں اور عیسائیوں سے ان کا میل جول اور خلا ملا تھا، اہلِ مدینہ بھی یہودیوں کے تمدن و معاشرت، روایات اور رسم و رواج سے بہت کچھ متاثر تھے[1]

اسلام کو عربوں سے جس قدر لڑائیاں پیش آئیں، وہ سب نجد اور حجاز میں پیش آئیں لیکن مسلمانوں کی کوئی جرار فوج مدینہ، یمن، یمامہ اور بحرین کو فتح کرنے کے لئے نہیں بھیجی گئی، انصارِ مدینہ نے خود مکہ میں آکر اسلام کو لبیک کہا، اطرافِ مدینہ کے قبائل میں غفار نے خود مکہ آکر قریش کی تلوار کی آگ میں کھڑے ہوکر لا الٰہ الا اللہ پڑھا، یمن سے دوس کے قبیلہ کے آدمیوں نے خود مکہ معظمہ پہنچ کر ایمان کی دولت حاصل کی، اور اس کے سردار نے اپنا قلعہ اسلام کی پناہ کے لئے پیش

Marfat.com

کیا، اشعر کا قبیلہ بھی اسی زمانہ میں غائبانہ مشرف باسلام ہوا، ہمدان کا قبیلہ حضرت علیؓ کی دعوت پر ایک دن میں مسلمان ہوگیا،

عمان کا بھی یہی حال ہوا، وہاں بھی اسلام نے صرف اپنی تبلیغی کوششوں کے ذریعہ سے اقتدار حاصل کیا، ایک بار آپ نے عرب کے کسی قبیلے کے پاس ایک آدمی بھیجا، وہ لوگ اس کے ساتھ سختی سے پیش آئے، اور اس کو زدوکوب کیا، اس نے آکر آپ سے یہ واقعہ بیان کیا، تو آپ نے فرمایا کہ اگر اہل عمان ہوتے، تو تم کو نہ گالیاں دیتے، نہ مارتے، (مسلم فضائل اہل عمان)

یمامہ کے رئیس ثمامہ قید ہوکر مدینہ آئے، یہاں آزاد کردیے گئے، مگر مدینہ کی مسجد میں جو جلوہ انھوں نے دیکھا، اپنی ظاہری مادی آزادی کے بعد بھی اس کی نورانی زنجیر سے انھوں نے رہائی نہ پائی، خودبخود مسلمان ہوگئے، اور اپنے قبیلہ میں جاکر اسلام کے داعی بن گئے، اور آخر خون کا ایک قطرہ گرے بغیر اسلام نے وہاں اکثریت حاصل کرلی،

دیہاتوں میں سب سے پہلے قریہ جواثی نے صدائے توحید پر لبیک کہا جو مضافات بحرین میں تھا، اسی قریہ جواثی کے باشندے فتح مکہ سے پہلے اسلام قبول کرچکے تھے، چنانچہ مسجد نبویؐ کے بعد عرب کے دیہاتوں میں سب سے پہلا جمعہ اسی گاؤں میں پڑھا گیا[1]، بارگاہ نبوت میں عرب کے وفود اگرچہ فتح مکہ کے بعد حاضر ہوئے لیکن بحرین کے لوگوں نے اس میں تمام قبائل عرب پر پیش دستی کی، چنانچہ ۵ھ میں سب سے پہلا وفد جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، وہ قبیلہ عبد القیس کا تھا، جو بحرین[2] میں سکونت گزیں تھا،

---

[1] صحیح بخاری باب الجمعۃ فی القریٰ والمدن، [2] صحیح مسلم کتاب الایمان،

اہلِ یمن کا شمار اگرچہ مہاجرین اولین میں نہیں کیا جاتا لیکن جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ہجرت کا حال معلوم ہوا اسی وقت حضرت ابو موسیٰ اشعری رضی بھی یمن سے ۵۲ آدمیوں کو لیکر مدینہ کی طرف ہجرت کی غرض سے روانہ ہوگئے، بحری سفر تھا، وہ لوگ کشتی میں سوار ہوئے تو باد مخالف کے جھونکوں نے اس کو حبشہ میں پہنچادیا جو مسلمانوں کا سب سے پہلا دار الہجرت تھا، وہاں حضرت جعفر بن ابی طالب رضی سے ملاقات ہوئی، تو انھوں نے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ہم کو یہیں اقامت کا حکم دیا ہے، تم لوگوں کو بھی یہیں ٹھہر جانا چاہئے، چنانچہ وہ لوگ وہیں مقیم ہوگئے، اور فتح خیبر کے زمانے میں مہاجرین حبشہ کے ساتھ آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے[١]

یہ حقیقت کہ اسلام کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ جہالت اور وحشت اور اس کی اشاعت کی سب سے بڑی محرک چیز تمدن، معاشرت اور اخلاق کی بلندی، اور کتب آسمانی اور دیگر مذاہب سے واقفیت تھی، خود قرآن مجید نے اس کو ظاہر کیا ہے،

| | |
|---|---|
| اَلْاَعْرَابُ اَشَدُّ كُفْرًا وَّنِفَاقًا | دیہاتی بدوی کفر اور نفاق میں سخت زیادہ |
| وَّاَجْدَرُ اَلَّا يَعْلَمُوْا حُدُوْدَ | سخت ہیں اور زیادہ اس کے لائق ہیں کہ وہ |
| مَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ عَلٰي رَسُوْلِهٖ ۭ وَ | احکام کو نہ جانیں جو خدا نے اپنے رسول پر اتارے |
| اللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ۝ (توبہ-۱۲) | ہیں، اور خدا جاننے والا حکمت والا ہے |

اور بھی اس قسم کی آیتیں ہیں جو لوگ بادیہ سے آکر اسلام لاتے تھے، اور ... واپس چلے جاتے تھے، ان سے جو ... پہنچائی گئی ہیں، ان کا نام ... اعراب رکھا جو قرآن میں بھی ...

[١] صحیح مسلم فضائل جعفر بن ابی طالب و اسماء بنت عمیس

تھی اس بنا پر بادیہ میں الگ تھلگ رہنا صحابہ کے زمانہ میں معیوب سمجھا جاتا تھا، بلکہ بعض لوگ اس کو ارتداد کی علامت سمجھتے تھے،[1]

اشاعتِ اسلام کے اسباب و ذرائع | گذشتہ مباحث پر ایک غائر نظر ڈالنے کے بعد خود بخود یہ عقدہ کھل جاتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دینِ حق کو عربوں میں کس طرح پھیلایا، اور آپ کو کیونکر کامیابی ہوئی تاہم اگر واقعات کی روشنی میں ایک ایک صحابی کے قبولِ اسلام کے اسباب کی تلاش کی جائے تو حسبِ ذیل اسباب سامنے آئیں گے،

۱ - اسلام کے نشر و اشاعت کا سب سے مقدم اور اصلی سبب معجزۂ قرآنی تھا، قرآن مجید جس مؤثر اور دل کو کیمیا دینے والے طریقہ سے عقائد و معارف و اخلاق کی تلقین کرتا تھا اس کے سامنے وہ تمام عوائق، اور موانع جن کا ذکر اوپر ہو چکا، فنا ہو جاتے تھے، جو لوگ سرے سے خدا کے وجود کے منکر تھے، قرآن مجید اُن کے سامنے عالم کی بوقلمونی، مظاہرِ قدرت کی بوالعجبی، کائنات کی نیرنگی، اجرامِ فلکی کی جلوہ گری، اور عناصر کی نگار آرائی سے اس طرح استدلال کرتا تھا،

| | |
|---|---|
| كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ | تم خدا کا انکار کس طرح کرتے ہو حالانکہ تم |
| اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ | کبھی بیجان تھے تو اس نے تم کو زندگی بخشی پھر |
| يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ، | ایک دن تم کو مردہ بنا دیگا، پھر زندہ کریگا، |
| (بقرۃ - ۳) | اور پھر اسی کے پاس واپس کئے جاؤ گے، |
| اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ | آسمان و زمین کی پیدائش میں شب و روز |

---

[1] صحیح مسلم کتاب الامارۃ اور سنن نسائی کتاب البیعۃ،

وَاخْتِلَافِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ
الَّتِي تَجْرِي فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ
وَمَا أَنْزَلَ اللَّهُ مِنَ السَّمَاءِ مِنْ مَاءٍ
فَأَحْيَا بِهِ الْأَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَ
بَثَّ فِيهَا مِنْ كُلِّ دَابَّةٍ وَتَصْرِيفِ
الرِّيَاحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ
السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ لَآيَاتٍ لِقَوْمٍ
يَعْقِلُونَ ، (بقرة - ٢٠)

کے اختلاف میں اُن کشتیوں میں جو سمندر میں
میں انسانوں کے لئے سود مند چیزوں کو لیکر
چلتی ہیں، بادلوں سے پانی برسانے میں اس
پانی سے مردہ زمین کو زندہ کرنے میں، اور اس
زمین میں ہر قسم کے جانداروں کے پھیلانے
میں ہواؤں کے چلانے میں، ان بادلوں میں
جو فضائے آسمانی میں مسخر ہیں، دانشمندوں
کے لئے یقیناً بڑی نشانیاں ہیں،

وَلَهُ أَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ
وَالْأَرْضِ طَوْعًا وَكَرْهًا وَإِلَيْهِ
يُرْجَعُونَ ، (آل عمران - ٩)

آسمان وزمین میں جو بھی ہے، برضا یا مجبوراً
اسی کا اطاعت گذار ہے، اور اسی کی طرف ایک
دن سب لوٹائے جائیں گے،

إِنَّ فِي خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَاخْتِلَافِ
اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ لَآيٰتٍ لِأُولِي الْأَلْبَابِ
الَّذِينَ يَذْكُرُونَ اللَّهَ قِيَامًا وَقُعُودًا
وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمْ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلْقِ
السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ
هٰذَا بَاطِلًا ، (آل عمران - ٢٠)

آسمان وزمین کی خلقت اور شب وروز کے
الٹ پھیر میں ان ارباب عقل کے لئے بے شبہہ
بڑی نشانیاں ہیں، جو اٹھتے بیٹھتے لیٹتے (ہر حال میں)
خدا کو یاد کرتے ہیں، اور آسمان وزمین کی
خلقت پر غور کرتے ہیں کہ خدایا تو نے یہ بیکار
پیدا نہیں کیا،

Marfat.com

هُوَ الَّذِیْ یُسَیِّرُکُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ
حَتّٰۤی اِذَا کُنْتُمْ فِی الْفُلْکِ وَجَرَیْنَ
بِهِمْ بِرِیْحٍ طَیِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا
جَآءَتْهَا رِیْحٌ عَاصِفٌ وَّجَآءَهُمُ
الْمَوْجُ مِنْ کُلِّ مَکَانٍ وَّظَنُّوْۤا اَنَّهُمْ
اُحِیْطَ بِهِمْ دَعَوُا اللّٰهَ مُخْلِصِیْنَ لَهُ
الدِّیْنَ ۔ (یونس - ۳)

وہ وہ ہے جو تم کو خشکی اور دریا میں سفر کراتا ہے
یہاں تک کہ جب تم کشتی میں ہوتے ہو اور ہوا موافق
ہو کشتی والوں کے لیے جاری ہو اور لوگ خوش
ہو رہے ہیں کہ (دفعۃً) زور کا جھکڑ آیا اور
ہر طرف سے موجیں آگئیں اور لوگوں کو
یقین ہو چلا کہ اب وہ گھر گئے۔ اس وقت وہ
خدا کو مخلص ہو کر پکارنے لگتے ہیں۔

وَمِنْ اٰیٰتِهٖۤ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ
اَنْفُسِکُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْۤا اِلَیْهَا
وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً
اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ
وَمِنْ اٰیٰتِهٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِکُمْ وَاَلْوَانِکُمْ
اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ وَمِنْ
اٰیٰتِهٖ مَنَامُکُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَ
ابْتِغَآؤُکُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ
لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ (روم - ۳)

اور خدا کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ تمہارے لیے
تم ہی میں سے جوڑے بنائے کہ تم کو اُن سے تسلی
ہو اور تم میں باہمی محبت اور ہمدردی پیدا کی اس
بات میں سوچنے والوں کے لیے نشانیاں ہیں اور
اُس کی نشانیوں میں سے آسمان اور زمین کا پیدا
کرنا ہے اور تمہاری زبانوں اور رنگوں کا مختلف
ہونا ہے اس بات میں جاننے والوں کے لیے نشانیاں
ہیں اور خدا کی نشانیوں میں سے تمہارا رات اور
دن میں سونا اور خدا کے فضل (روزی) کو
ڈھونڈنا ہے اس میں سننے والوں کے لیے

Marfat.com

خدا یا ایک قوتِ اعظم کا اعتراف خود انسان کی فطرت ہے لیکن غفلت شعاری، آباؤ اجداد اور دیگر اسباب سے یہ فطرت کبھی کبھی مردہ اور بے حس ہو جاتی ہے، قرآن مجید اسی خفتہ حس کو بیدار کرتا تھا،

| | |
|---|---|
| اَفِی اللّٰہِ شَکٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (ابراھیم-۲) | کیا خدا میں شک ہے جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، |
| کَیْفَ تَکْفُرُوْنَ بِاللّٰہِ وَکُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْیَاکُمْ ثُمَّ یُمِیْتُکُمْ ثُمَّ یُحْیِیْکُمْ ثُمَّ اِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ، (بقرۃ-۳) | اور کیسے تم خدا کا انکار کرتے ہو حالانکہ تم بیجان تھے تو اس نے تم کو زندگی دی، پھر وہ تم کو موت دیگا، پھر وہ تم کو زندہ کریگا، پھر تم اس کی طرف لوٹائے جاؤگے، |

عرب میں ملحد کم تھے، زیادہ تر بلکہ قریباً تمامتر مشرکین تھے، جو خدا کو اگرچہ مانتے تھے لیکن یہ بھی مانتے تھے کہ اس کے سوا اور بھی خدا ہیں جو خدا کے شریک ہیں اور نظام عالم ان ہی کے ہاتھ سے انجام پاتا ہے، انسان کی فطرت ہے کہ جس سے براہ راست اسکو کام پڑتا ہے اسکو زیادہ مانتا ہے اسی سے زیادہ محبت کرتا ہے اسی کی زیادہ پرستش کرتا ہے، چونکہ مشرکین کا اعتقاد تھا کہ بادلوں کی بارش، غلہ کی پیداوار، نباتات کی روئیدگی، سب اجرام فلکی یا اصنام کا کام ہے، اس لئے اُن کو عبودیت کا جو تعلق تھا، ان ہی معبودوں سے تھا، وہ انہی کی عبادت کرتے تھے، اُن ہی سے محبت رکھتے تھے، ان ہی پر نظر چڑھاتے تھے، انہی کے سامنے قربانیاں کرتے تھے معرکوں میں انہی کے نام کی جے پکارتے تھے، اس بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا اصلی کا

Marfat.com

اسی شرک اور اصنام پرستی کو مٹانا تھا، یہی وجہ ہے کہ قرآن مجید مین اصل وجود باری کے متعلق بہت کم استدلال ہی، زیادہ تر شرک کا ابطال اور اس کی تحقیر اور تہجین ہے،

قرآن مجید طرح طرح سے نہایت موثر پیرایون مین شرک کی لغویت کا اظہار کرتا تھا،

| | |
|---|---|
| أَمَّنْ جَعَلَ الْأَرْضَ قَرَارًا وَجَعَلَ | کیا وہ جس نے زمین کو قرارگاہ بنایا، اور اُس کے |
| خِلَالَهَا أَنْهَارًا وَجَعَلَ لَهَا رَوَاسِيَ | بیچ مین نہرین بہائین اور اس کے لئے پہاڑون |
| وَجَعَلَ بَيْنَ الْبَحْرَيْنِ حَاجِزًا، أَإِلَٰهٌ | کی میخین گاڑین اور دونوں دریاؤن میں |
| مَعَ اللَّهِ بَلْ أَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ | اوٹ رکھا، کیا خدا کے ساتھ کوئی اور بھی خدا ہے، |
| أَمَّنْ يُجِيبُ الْمُضْطَرَّ إِذَا دَعَاهُ | بلکہ واقعہ ہی کہ ان مین اکثر لوگ جانتے نہین، |
| وَيَكْشِفُ السُّوءَ وَيَجْعَلُكُمْ | کیا وہ جو پریشان خاطروں کی سنتا ہی جب وہ |
| خُلَفَاءَ الْأَرْضِ أَإِلَٰهٌ مَعَ اللَّهِ | اس کو پکارتے ہیں اور بلا کو ہٹا دیتا ہی اور تمکو دنیا |
| قَلِيلًا مَا تَذَكَّرُونَ أَمَّنْ يَهْدِيكُمْ | کا حکمران بناتا ہی کیا خدا کیساتھ کوئی اور بھی خدا ہی، |
| فِي ظُلُمَاتِ الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَنْ يُرْسِلُ | تم بہت کم سوچتے ہو کیا وہ جو تم کو خشکی اور تری کی |
| الرِّيَاحَ بُشْرًا بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهِ | اندھیریون میں راستہ دکھاتا ہی اور وہ جو کہ اپنی |
| أَإِلَٰهٌ مَعَ اللَّهِ تَعَالَى اللَّهُ عَمَّا | رحمت (بارش) کے آگے ہواؤن کو بھیجتا ہی کیا |
| يُشْرِكُونَ، أَمَّنْ يَبْدَأُ الْخَلْقَ | خدا کے ساتھ کوئی اور بھی خدا ہی، مشرکین جنکو خدا کا |
| ثُمَّ يُعِيدُهُ وَمَنْ يَرْزُقُكُمْ مِنَ | شریک کہتے ہیں خدا اُن سے برتر ہے آیا کون ہی جو |
| السَّمَاءِ وَالْأَرْضِ، أَإِلَٰهٌ مَعَ اللَّهِ | آفرینش کا آغاز کرتا ہی پھر اسکو لوٹالاتا ہی اور وہ کون ہے |

Marfat.com

قُلْ ھَاتُوْا بُرْھَانَکُمْ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ، (نمل - ۵)

جو تم کو آسمان و زمین سے روزی دیتا ہو کیا خدا کے سوا کوئی اور ہی؟ تو کہدے کہ اگر سچے ہو تو دلیل لاؤ

کفار اور مشرک عموماً قیامت کے منکر تھے، اور کہتے تھے کہ مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَھِیَ رَمِیْمٌ یعنی جب ہڈیاں سڑ گل چکیں تو اب کون ان کو جلائیگا، قرآن مجید ان سے خطاب کرتا تھا،

اَلَمْ یَکُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِیٍّ یُّمْنٰی ثُمَّ کَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰی فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَیْنِ الذَّکَرَ وَالْاُنْثٰی اَلَیْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓی اَنْ یُّحْیِیَ الْمَوْتٰی، (قیامة - ۲)

کیا انسان پہلے منی نہین تھا، پھر گوشت کا لوتھڑا بنا، پھر خدا نے اس کو ٹھیک کیا اور اس سے دو جوڑ، مرد اور عورت بنائے، کیا وہ اس پر قادر نہیں کہ مردے کو زندہ کر دے،

غرض عقائد، عبادات، اخلاق، اعمال ہر چیز کو قرآن اس مؤثر اور دل نشین طرز سے ادا کرتا تھا کہ دل مین گھر کر جاتا تھا، اور رسم و عادت کا بند اس سیلاب کو کسی طرح روک نہیں سکتا تھا، اس پر بھی جو کفر پر ثابت قدم رہے، وہ ذاتی اغراض کا اثر تھا حقیقی جہود اور انکار نہ تھا،

تمام بڑے بڑے صحابہ، بڑے بڑے رؤسائے قبائل، بڑے بڑے شعرا اور خطبا قرآن ہی سُن کر ایمان لائے، حضرت عمرؓ کس ارادہ سے چلے تھے لیکن جب قرآن مجید کی آیتین سنین تو کانپ اُٹھے، اور اسلام قبول کر لیا، عتبہ جو رئیس قریش اور علوم عرب کا ماہر تھا، جب اس نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت مین آکر کہا کہ تم نبوت کی دعوت سے

Marfat.com

باز آؤ، ہم تمھارے لئے سب کچھ مہیا کر دیتے ہیں، آپ نے حٰمٓ کی ابتدائی آیتیں پڑھیں جب یہ آیت آئی،

| | |
|---|---|
| فَاِنْ اَعْرَضُوْا فَقُلْ اَنْذَرْتُکُمْ | تو اگر وہ منہ پھیریں تو کہدے کہ میں تم کو |
| صَاعِقَةً مِّثْلَ صَاعِقَةِ عَادٍ وَّ | اس کڑک سے ڈراتا ہوں جو عاد و ثمود |
| ثَمُوْدَ، (حٰمٓ۔ فصلت۔۲) | کی کڑک کی طرح ہے، |

تو عتبہ نے بیتاب ہو کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے منہ پر ہاتھ رکھدیا، اور کہا خدا کے لئے بس، تم کو قرابت کی قسم دلاتا ہوں، پھر واپس جا کر قریش سے کہدیا کہ محمد جو کلام پیش کرتے ہیں، وہ نہ تو شعر ہے، نہ جادو ہے، اور نہ کہانت ہے[۱]، (بلکہ کوئی اور چیز ہے) حضرت ابوذرؓ نے اسلام لانے سے پہلے اپنے بھائی انیس کو جو شعرائے عرب میں تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں تحقیق حال کے لئے بھیجا تھا، وہ خدمت اقدس میں حاضر ہوئے اور قرآن مجید سنا تو جا کر حضرت ابوذرؓ سے کہا کہ لوگ اُن کو کاہن اور شاعر کہتے ہیں لیکن میں کاہنوں اور شاعروں دونوں کے کلام سے واقف ہوں، اُن کا کلام دونوں سے الگ ہے، انیس کے بعد حضرت ابوذرؓ خود گئے، اور واپس آئے تو اُن کا آدھا قبیلہ اسی وقت مسلمان ہو گیا[۲]،

ولید بن مغیرہ (حضرت خالدؓ کا باپ) جو اسلام کا سب سے بڑا دشمن تھا جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا، اور آپ نے یہ آیتیں پڑھیں،

---

[۱] علامہ ابن تیمیہ نے الجواب الصحیح جلد چہارم ص ۴۴ میں مسند ابو یعلی وغیرہ سے روایت نقل کی ہے، نیز یہ روایت مستدرک حاکم میں بھی ہے۔ [۲] صحیح مسلم فضائل حضرت ابوذرؓ

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰہَ یَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ | خدا عدل کا، احسان کا اور رشتہ داروں کو |
| وَاِیْتَآئِ ذِی الْقُرْبٰی وَیَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ | عطا کرنے کا حکم دیتا ہے، اور فحش سے، بُری بات |
| وَالْمُنْکَرِ وَالْبَغْیِ یَعِظُکُمْ لَعَلَّکُمْ تَذَکَّرُوْنَ | سے اور ظلم سے منع کرتا ہے، وہ تم کو سمجھاتا ہے |
| (نحل - ۱۳) | کہ شاید تم سمجھ جاؤ، |

ولید نے کہا پھر پڑھنا آپ نے دوبارہ پڑھا، وہ واپس گیا اور قریش سے جا کر کہا کہ یہ انسان کا کلام نہیں[1]،

عثمان بن مظعونؓ بڑے پایہ کے صحابی اور سابقین اسلام میں ہیں یہی آیتیں ہیں جن کو سن کر اُن کے دل نے سب سے پہلے اسلام کا جلوہ دیکھا، وہ خانہ کعبہ کو جا رہے تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے راستہ میں اپنے پاس بٹھالیا، پھر فرمایا کہ ابھی مجھ پر یہ کلام اترا ہے، یہ کہکر آپ نے اوپر والی آیتیں پڑھیں، وہ کہتے ہیں کہ یہ پہلا موقع تھا کہ اسلام نے میرے دل میں گھر کیا[2]،

جبیر بن مطعم نے کفر کے زمانہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سورہ طور پڑھتے سنا جب اس آیت پر پہنچے،

| | |
|---|---|
| اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَیْرِ شَیْءٍ اَمْ ھُمُ | کیا یہ لوگ از خود پیدا ہو گئے یا یہ خود خالق ہیں کیا |
| الْخَالِقُوْنَ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ | آسمان اور زمین کو انہی لوگوں نے پیدا کیا بلکہ |
| بَلْ لَّا یُوْقِنُوْنَ اَمْ عِنْدَھُمْ خَزَآئِنُ | (واقعہ یہ ہے کہ) ان میں ایمان نہیں کیا ان کے پاس |
| رَبِّکَ اَمْ ھُمُ الْمُصَیْطِرُوْنَ (طور-۲) | خدا کے خزانے ہیں کیا یہی لوگ سربراہ کار ہیں |

[1] الجواب الصحیح جلد ۴ ص ۶۴ بحوالہ عبد الرزاق [2] مسند ابن حنبل جلد اول ص ۳۱۸ و ادب المفرد امام بخاری باب البغی

تو خود جبیر کا بیان ہے کہ مجھکو یہ معلوم ہوتا تھا کہ میرا دل اڑنے لگا،[1]

طفیل بن عمرو الدوسی مشہور شاعر اور شرفائے عرب میں تھے، ہجرت سے پہلے وہ مکہ گئے لوگون کو آنے کی خبر ہوئی تو ان کے پاس گئے، اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نسبت کہا کہ ان کے پاس نہ جانا، وہ لوگون پر جادو کردیتے ہیں، لیکن جب حرم میں اتفاقیہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے قرآن سنا تو ضبط نہ کرسکے، اور مسلمان ہوگئے،[2]

ہجرت سے پہلے جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے طائف کا سفر کیا، اور مشرکین کو اسلام کی دعوت دی، تو اگرچہ ادھر سے اس کا جواب ڈھیلا اور پتھر تھا تاہم خالد العدوانی نے جو طائف کے رہنے والے تھے، آپ کو

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ (طارق) قسم ہے آسمان کی اور رات کے چلنے والے ستارہ کی،

پڑھتے سنا تو وہ اس قدر متاثر ہوئے کہ انھون نے اسی حالت کفر میں پوری سورہ یاد کرلی[3]، اور آخر اسلام لائے،

حضرت ابو بکرؓ کو قیام مکہ کے زمانہ مین بعض مشرکین نے اپنے پناہ مین لے لیا تھا اسی زمانہ مین انھون نے ایک مسجد بنوالی تھی، اور اس میں نماز پڑھا کرتے تھے لیکن نماز بلند آواز سے پڑھتے تھے جس کو سن کر محلہ کے نوجوان اور عورتین جمع ہوجاتین، اور قرآن سنتین، تو ان کا دل خود بخود اسلام کی طرف کھنچتا، چنانچہ اسی بنا پر کفار نے حضرت ابو بکرؓ سے شکایت کی کہ قرآن پکار کر نہ پڑھا کرو اس سے

---

[1] صحیح بخاری کتاب التفسیر سورہ طور [2] ان کے اسلام کا حال ابن القیم (زاد المعاد) نے بتفصیل لکھا ہے، اور ابن اسحاق کے حوالہ سے لکھا ہے، [3] مسند ابن حنبل جلد ۴ ص ۳۳۵،

Marfat.com

ہمارے نیچے اور عورتیں مفتون ہوتی جاتی ہیں[1]، انصار اول اول جب مقام عقبہ میں اسلام لے آئے تو قرآن ہی سن کر لائے تھے، جو لوگ داعی بنا کر بھیجے جاتے اُن کو قرآن یاد کرایا جاتا، اور وہ جہاں جاتے یہی کارگر آلۂ تسخیر لے کر جاتے، نجاشی کے دربار میں کفار قریش جب سفیر بنکر گئے، اور اُن کی شکایت پر نجاشی نے مسلمانوں کو بلا کر باز پرس کی، تو حضرت جعفر طیارؓ نے قرآن مجید کی چند آیتیں پڑھیں نجاشی بے اختیار رو پڑا اور کہا کہ خدا کی قسم یہ کلام اور انجیل ایک ہی چشمہ سے نکلے ہیں[2]،

حبش میں جب آپ کی بعثت کا چرچا ہوا، تو بیس شخص جو مذہباً عیسائی تھے تحقیق حال کے لئے مکہ میں آئے، اور آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپؐ نے اُن کے سامنے قرآن مجید کی آیتیں پڑھیں اُن کی آنکھوں سے بے اختیار آنسو جاری ہوگئے، اور اسی وقت اسلام لائے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس سے یہ لوگ اٹھے تو ابوجہل نے اُن سے مل کر کہا کہ تم سخت احمق ہو، اتنی دور سے سفر کر کے آئے اور دم بھر میں اپنا مذہب بدل لیا، انھوں نے کہا ہم تم سے لڑنا نہیں[3] چاہتے لَکُمْ دِیْنُکُمْ وَلَنَا دِیْنُنَا،

قرآن کی پیشین گوئیوں کی صداقت نے بھی لوگوں کے دلوں کو کھینچا، چنانچہ اہل ایران کے مقابلہ میں رومیوں کی فتح کی جو پیشینگوئی کی تھی، جس دن یہ پیشینگوئی حرف بحرف پوری ہوئی صد کافر مسلمان[4] تھے،

**ایک ضروری نکتہ** | عام خیال یہ ہے کہ اہل عرب جو قرآن مجید سن کر اسلام قبول کر لیتے تھے وہ صرف فصاحت و بلاغت کا کرشمہ تھا، یعنی چونکہ عرب میں شعر و خطابت کا بہت چرچا تھا

[1] بخاری شریف ذکر ہجرت [2] مسند ابن حنبل جلد ۵ صفحہ ۲۹۱ [3] ابن ہشام جلد اول صفحہ ۲۱۲ مطبوعہ مصر ذکر ہجرت حبش [4] صحیح ترمذی تفسیر سورۂ روم،

Marfat.com

اور تمام ملک مین شاعری کا مذاق سرایت کر گیا تھا اس لئے جب وہ دیکھتے تھے، کہ کسی اور شاعر یا خطیب کا کلام ایسا فصیح و بلیغ نہین ہے تو وہ اسلام قبول کر لیتے تھے،

بے شبہہ قرآن مجید فصاحت و بلاغت کے لحاظ سے معجز ہے لیکن اس کا اعجاز جس قدر عبارت و انشا میں ہے اس سے کہیں زیادہ معانی و مطالب میں ہے،

فرض کرو کہ قرآن مجید فصاحت و بلاغت کے لحاظ سے ایسا ہی معجز ہوتا جیسا اب ہے لیکن اس میں صرف تاریخی واقعات یا اسی قسم کی اور کوئی بات ہوتی تو کیا یہی اثر پیدا ہو سکتا تھا قرآن مجید ایک طرف تو فصاحت و بلاغت کے بنا پر اعجاز کا کام دیتا تھا، دوسری طرف جو مطالب اور مقاصد ادا کرتا تھا، وہ اسلام ہی کے مقاصد اور مطالب تھے، وہ خدا کی عظمت و جلالت اصنام کی تحقیر، انسان کا عجز و تعبد، سزا و جزا، بعثت و نشر، جور و ظلم کی تقبیح، اخلاق حسنہ کی تحسین ان مطالب کو اس طرح ادا کرتا تھا کہ خود بخود دلون مین گھر کرتے جاتے تھے، اور ان کو یہ نظر نہین آتا تھا کہ وہ ان باتون کو اس لئے مان رہے ہین، کہ مسلمان ہو چکے ہیں، بلکہ یہ باتین براہ راست اُن کے دل مین اتر جاتی تھین، اور وہ مسلمان ہوتے جاتے تھے،

موانع کا ازالہ

عرب کو جو چیزین اسلام سے روکتی تھین، اُن مین سب سے اہم (جیسا کہ ہم اوپر لکھ آئے ہین) اُن کے اوہام و اعتقادات باطلہ تھے، جو سینکڑون، ہزارون برس سے چلے آتے تھے، یا سیاسی و معاشی ضرورتین تھین، مقدم الذکر باتون کا قرآن مجید اور اعجاز نبوی نے استیصال کر دیا عرب مین جو لوگ صاحب فہم اور ذی اثر تھے، اور سیاسی اسباب سے مجبور نہ تھے، یہ ناممکن تھا کہ وہ قرآن سنتے، اور اُن کے تمام عقائد اور اوہام دفعۃً فنا نہ ہو جاتے، یہ ارباب اثر جب خود متاثر ہو جاتے تھے تو

اُن مین سے ایک ایک شخص کے اثر سے ہزارون اشخاص مسلمان ہو جاتے تھے، کیونکہ قبائل پرستی کی بنا پر قبیلہ کا ہر معزز رئیس اپنے پورے قبیلہ کے دل و دماغ کا مالک ہوتا تھا،

البتہ جو لوگ سیاسی اسباب سے مطلقاً دعوتِ اسلام کی طرف متوجہ ہی ہونا نہیں چاہتے تھے، انھوں نے بار بار دارالنبوۃ (مدینہ منورہ) پر چڑھائیان کین لیکن نصرتِ ایزدی نے اُن کو اسقدر شکستین دین کہ بالآخر مجبور ہو کر بیٹھ گئے، ان مین سے کچھ فنا ہو گئے، کچھ چار و ناچار اسلام کے حلقہ مین داخل ہوئے، جن مین سے اکثر رفتہ رفتہ بالآخر دل سے مسلمان بن گئے،

قبائل کی ریاست سیاسی حیثیت سے گو اسلام کے مخالف تھی، لیکن بعض وجوہ سے اسلام کو تائید بھی پہنچاتی تھی، اسلام کی جمہوریت جس قدر ریاست کی مخالف تھی اسی قدر عام جماعت کی حامی تھی، اسلام سے اگر ایک رئیس کی شانِ ریاست و خودسری کو نقصان پہنچتا تھا، تو ہزارون آدمیون کو نظر آتا تھا، کہ اسلام قبول کر لینے سے ہر شخص رئیس کا ہمسر ہو جاتا ہے، غرض اسلام اگر ایک رئیس کو مٹاتا تھا، تو سینکڑون کو رئیس بنا دیتا تھا،

اس کے ساتھ رؤسا کی ریاست بالکل زائل نہیں ہو جاتی تھی، بلکہ اسلام قبول کرنے پر وہ اپنے قبیلہ کے رئیس باقی رہتے تھے، صرف اتنا ہوتا تھا کہ اُن کی بے قید مطلق العنانی قائم نہیں رہتی تھی اور اسلامی احکام کا پابند رہنا پڑتا تھا، اس لئے اگر کوئی خود غرضی بھی کرنا چاہتا تھا تو اسکو بھی یہ سودا گران نہیں پڑتا تھا، مؤلفۃ القلوب کا گروہ اس کی ایک صریح نظیر تھا،

اب صرف معاش کی ضرورت سدِ راہ ہو سکتی تھی، لیکن لوگون کو نظر آتا تھا کہ جن حدود مین اسلام کی حکومت قائم ہو جاتی ہے وہان امن و امان قائم ہونے کی وجہ سے تجارت اور دیگر ذرائع معاش کثرت

Marfat.com

سے ترقی کر جاتے ہیں،

۲۔ نبوّت کے متعلق اُن کو جو شکوک تھے، مشاہدہ اور تجربہ نے ان کا پردہ چاک کر دیا، بڑی سے بڑی انسانیت اور پاک سے پاک زندگی کا جو تخیل ایک انسان کے ذہن میں آسکتا تھا، محمد رسول اللہ کی زندگی اس سے بھی بدرجہا بالاتر اور ارفع تھی، اُن کو نظر آتا تھا کہ گو مدعی نبوت بظاہر جامۂ بشریت میں ہے لیکن اپنی معنوی زندگی، اپنے معجزانہ اخلاق، اپنے مافوق الفطرت علم و معرفت اپنے ربانی کرشموں کی بنا پر بشریت سے کوئی بالاتر مخلوق ہے مَاهٰذَا بَشَرًا اِنْ هٰذَا اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ قرآن مجید نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صدقِ نبوت پر اسی مقدس اور معصوم زندگی سے استدلال کیا

| | |
|---|---|
| فَقَدْ لَبِثْتُ فِيْكُمْ عُمُرًا مِّنْ قَبْلِهٖ | اے قریش! نبوت سے پہلے بھی میں نے تم میں |
| اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ (یونس - ۲) | ایک مدت دراز تک زندگی بسر کی ہے کیا تم نہیں سمجھتے |

زندگی کا یہی اعجاز تھا جس نے ظہور نبوت سے پہلے ہی امین کا خطاب آپ کے لئے حاصل کر لیا تھا، بیوی کے برابر انسان کے اصلی حالات و اخلاق کا واقفکار کوئی اور نہیں، نبوتِ محمدی کا معتقد اولین دنیا میں کون تھا، ام المومنین خدیجہؓ بنت خویلد لیکن اُن کی اس زود اعتقادی کا راز کیا تھا ۱۵ برس کے معجزانہ اخلاق اور مافوق الفطرت اوصاف و حالات کا تجربہ! وہ خود پیغمبر کو خطاب کر کے نبوت کی تسکین ان الفاظ میں دیتی ہیں "محمدؐ! خدا کبھی تمھیں رسوا نہ کریگا، تم رشتہ داروں کیساتھ احسان کرتے ہو، ناداروں کی طرف سے قرض ادا کرتے ہو، محتاجوں کی خبر لیتے ہو، مہمانوں کیساتھ مدارات پیش آتے ہو جو لوگ حقیقت میں مبتلائے آلام ہیں، اُن کی اعانت کرتے ہو"[1]

---

[1] صحیح بخاری بدء الوحی۔

Marfat.com

سن چکے ہو کہ عرب میں آپ کی نبوت کا جب چرچا پھیلا تو ابو ذر غفاریؓ نے انیس اپنے بھائی کو تحقیق حال کے لئے بھیجا، انھوں نے واپس آکر پیکر نبوت کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچا میں نے ایسے شخص کو دیکھ کر آیا ہوں جو بھلائیوں کا حکم دیتا ہے اور برائیوں سے روکتا ہے۔

نبوت کے بعد قریش نے ذات نبویؐ کے ساتھ گو عداوت اور کینہ پروری کا کوئی پہلو اٹھا نہیں رکھا تاہم کوئی ادنیٰ اخلاقی جرم بھی آپ کی طرف منسوب نہ کر سکے، اسلام کے سب سے اول اعلانِ دعوت کے موقع پر جب آپ نے ایک پہاڑ پر کھڑے ہو کر قریش کے مجمع کو مخاطب کیا، اور پوچھا کہ اگر میں یہ کہوں کہ اس پہاڑ کی پشت پر ایک فوج گران تم پر حملہ آور ہونے کو تیار ہے تو کیا سچ مانو گے؟ سب نے بیک آواز کہا محمدؐ! تیری بات آج تک ہم نے جھوٹ نہ پائی۔ ابو سفیان جو ہجرت کے آٹھویں سال تک اسلام کے سخت ترین دشمن تھے، سنہ ھ میں ہرقل قیصر روم کے دربار میں کفار قریش کی ایک جماعت کے ساتھ محمد رسول اللہ کے اخلاق و اوصاف کے متعلق اپنی شہادتیں پیش کر رہے تھے تاہم وہ ایک حرف بھی صداقت کے خلاف نہ پیش نہ کر سکے، انھوں نے شہادت دی کہ "محمد کبھی جھوٹ نہیں بولے، انھوں نے کبھی بد عہدی نہ کی، شرک سے روکتے ہیں، توحید کی تعلیم دیتے ہیں، عبادت، صدق، عفت، صلہ رحمی کی تاکید کرتے ہیں" ہرقل ہر فقرہ پر کہتا جاتا تھا کہ نبوت کے یہی آثار و دلائل ہیں، یہ سب سے پہلا دن تھا کہ ابو سفیان کے دل نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی کامیابی کا یقین کیا۔

---

۱؎ صحیح بخاری جلد اول ص ۵۴۴ قصۂ اسلام ابی ذرؓ ۲؎ صحیح بخاری تفسیر سورۂ تبت و صحیح مسلم کتاب الایمان باب و انذر عشیرتک الاقربین ۳؎ صحیح بخاری بدء الوحی۔

Marfat.com

کتاب کی دوسری جلد میں آپ کے تمام محاسن اخلاق یعنی رفق و ملاطفت حسن معاملت، جود و سخا عدم تشدد، عفو، درگذر وغیرہ کی جو تفصیل بیان کی گئی ہے، اس پر مجموعی طور پر نگاہ ڈالنے سے معلوم ہو سکتا ہے کہ وہ درحقیقت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا ایک معجزہ تھا اور یہ معجزہ تسخیر قلوب ہی کے لئے عطا ہوا تھا، قرآن مجید اس نکتہ کو خود بتاتا ہے۔

| | |
|---|---|
| وَلَوْ كُنْتَ فَظًّا غَلِيظَ الْقَلْبِ لَا | اور محمد اگر تم درشت خو اور سخت دل ہوتے تو |
| نْفَضُّوا مِنْ حَوْلِكَ (آل عمران) | لوگ تمہارے پاس سے چل دیتے۔ |

آپ کی یہی معجزانہ کشش تھی جو لوگوں کو کھینچ کھینچ کے دائرہ اسلام میں داخل کرتی تھی، اور کفار کے جاہلانہ شکوک واوہام کو دم کے دم میں مٹا دیتی تھی، صحیح مسلم میں ہے، کہ ایک شخص نے آپ سے بہت سی بکریاں مانگیں، آپ نے دیدیں، اس پر آپ کی فیاضی کا اس قدر اثر پڑا کہ اپنے قبیلے میں جاکر اس نے کہا لوگو مسلمان ہوجاؤ کیونکہ محمد اس قدر دیتے ہیں کہ ان کو خود اپنے تنگدست ہونے کا مطلق خوف نہیں ہوتا۔[1]

فتح مکہ میں جب صفوان بن امیہ مجبوراً اسلام لایا، تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسکو تین سو اونٹ دیدیئے، خود صفوان کا بیان ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے مجھکو اس قدر دیا کہ آپ پہلے میرے نزدیک مبغوض ترین خلق تھے لیکن اس فیاضی سے محبوب ترین شخص بن گئے۔[2] ہند خاندان نبوت کی قدیم ترین دشمن تھی، جنگ اُحد میں قوت بازوے اسلام حضرت حمزہؓ کے شکم کو اُسی نے چاک کیا تھا اُسی نے اُن کا جگر نکال کر چبایا تھا جس کو نگل نہ سکی، اور پھر اُگل دیا تھا، اور اُسی نے بعض شہیدوں کے

[1] صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۲۹۰ باب ماسئل رسول اللہ شیئاً قط فقال لا، وصحیح بخاری باب حسن الخلق والسخا۔ [2] صحیح مسلم باب کور

ناک کان کاٹ کر گلے کا ہار بنایا تھا، وہ فتحِ مکہ میں بھیس بدل کر آپ کی خدمت میں اسلام لانے کے لئے حاضر ہوئی، اور اب بھی گستاخی سے باز نہیں آئی لیکن دربارِ رسالت میں پہنچکر آپ کے حسنِ خلق سے اس قدر متاثر ہوئی کہ بے اختیار بول اٹھی، یا رسول اللہ! سطحِ زمین پر آپ کے گھرانے سے زیادہ کوئی گھرانا مجھے مبغوض نہ تھا لیکن آج آپ کے گھرانے سے زیادہ کوئی گھرانا محبوب نہیں ہے آپ نے یہ سُنکر فرمایا کہ خدا کی قسم ہمارا بھی یہی حال تھا۔[1]

آپ پر ایک یہودی عالم کا قرض آتا تھا، اُس نے تقاضا کیا تو آپ نے فرمایا کہ اس وقت میرے پاس کچھ نہیں ہے اس نے کہا کہ "میں تو لے ہی کے ٹلوں گا" آپ نے کہا "تو اب میں تمھارے ساتھ بیٹھتا ہوں"، چنانچہ آپ ظہر سے لیکر فجر کی نماز تک اُس کے ساتھ بیٹھے رہے۔ صحابہ نے اُس کی اس گستاخی پر ناراضی ظاہر کی، اور خدمتِ اقدس میں عرض کی کہ یا رسول اللہ آپ کو ایک یہودی نے روک رکھا ہے" آپ نے فرمایا ہاں لیکن مجھے خدا نے اس سے منع کیا ہے، کہ میں کسی ذمی یا اور کسی شخص پر ظلم کروں" دن چڑھا تو یہودی نے کلمہ پڑھا اور کہا کہ "میرا نصف مال خدا کی راہ میں صدقہ ہے میں نے یہ گستاخی صرف اس لئے کی کہ توراۃ میں پیغمبر کے جو اوصاف مذکور ہیں، اُن کا تجربہ کروں"[2]

ثمامہ بن اثال یمامہ کا ایک رئیس تھا، جو اسلام کا مجرم تھا، صحابہ کا ایک دستہ نجد کے اطراف میں بھیجا گیا تھا حسنِ اتفاق سے وہ راہ میں مل گیا گرفتار ہوکر مدینہ آیا، اور مسجد نبوی کے ایک ستون میں باندھ دیا گیا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نماز کے لئے تشریف لائے، تو اس پر نظر پڑی، آپ نے دریافت کیا کہ ثمامہ تمھارے ساتھ کیا برتاؤ کیا جائے، ؟ اُس نے کہا کہ اگر قتل کرنا چاہیں تو ایک خونی مجرم کو آپ

---

[1] مسلم جلد ۲ صفحہ ۵۵ باب قضیۂ ہند [2] مشکوۃ صفحہ ۵۲۱، کتاب الفتن فی اخلاق صلی اللہ علیہ وسلم،

قتل کریں گے، اور اگر عفو فرمائیں تو یہ احسان ایک احسان شناس کی گردن پر ہوگا اگر مال کی خواہش ہو تو فرمایئے جو ارشاد ہوگا حاضر کیا جائے گا، یہ سن کر آپ اسی حالت میں اُس کو چھوڑ کر چلے گئے، دوسرے دن پھر اسی قسم کا سوال وجواب ہوا تیسرے دن پھر یہی گفتگو کی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے دست مبارک سے اس کے بندگرہ کھولدیئے اور رہا کر دیا، اس پر اس واقعہ کا یہ اثر ہوا کہ مسجد سے نکل کر ایک کھجور کے درخت کی آڑ میں گیا، اور وہاں غسل کیا، غسل کرکے مسجد میں آیا اور کلمۂ توحید پڑھ کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی طرف مخاطب ہوا محمد! زمین پر آپ کے چہرے سے زیادہ کوئی چیز مجھ کو مبغوض نہ تھی لیکن آج وہ مجھکو سب سے زیادہ محبوب ہے، مجھکو آپ کے دین سے زیادہ کسی دین سے عداوت نہ تھی لیکن آج وہ میرے لئے تمام مذاہب سے عزیز تر ہوگیا ہے، مجھے آپ کے شہر سے زیادہ کسی شہر سے دشمنی نہ تھی لیکن وہ آج مجھکو تمام شہروں سے زیادہ خوش نما نظر آتا ہے۔[1]

ایک بار آپ کسی سفر میں تھے، اور پانی ہاتھ نہ تھا صحابہ نے پیاس کی شکایت کی، آپ نے ایک صحابی کے ساتھ حضرت علیؓ کو پانی کی جستجو میں روانہ فرمایا، راہ میں ایک عورت اونٹ پر پانی کی دو مشکیں بھرے ہوئے لئے جارہی تھی، دونوں صاحب اس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں لے آئے آپ نے برتن منگوائے، اور مشکوں کے منھ کھول دیئے، صحابہ نے باری باری سے پانی پینا شروع کر دیا، وہ کھڑی یہ تماشا دیکھتی رہی، فراغت کے بعد اس کی محنت کے صلہ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کھجور، آٹا، اور ستو تھوڑا تھوڑا لوگوں سے جمع کرکے ایک کپڑے میں بندھوا کر اسکے اونٹ پر رکھوا دیا وہ گھر پہنچی تو لوگوں نے تاخیر کا سبب پوچھا، اس نے کہا راہ میں مجھکو دو آدمی ملے، اور وہ مجھکو اس

---

[1] صحیح مسلم جلد ۲ صفحہ ۹۰، کتاب الجہاد والسیر

شخص کے پاس لے گئے جس کو لوگ بددین کہا کرتے ہیں، خدا کی قسم وہ یا تو اس آسمان و زمین کے درمیان سب سے بڑا جادوگر ہے، اور یا واقعی خدا کا رسول ہے،

لیکن اسلام کا یہ اثر صرف ان کی ذات تک محدود نہ رہا، بلکہ تربیت یافتگان نبوت کے فیض اثر سے اُس کے تمام قبیلے تک وسیع ہو گیا،

نبی کے امتیاز و شناخت کا ذریعہ صرف اخلاق ہی کا اعجاز نہیں، اس کی زبان کا ایک ایک حرف اس کی معصوم شکل و صورت کی ایک ایک ادا اعجاز در سرتا پا اعجاز ہوتی ہے،

روے و آواز پیمبر معجزہ است (رومی)

آپ کی صداقت سے لبریز تقریر کا ایک ایک حرف دل میں اتر جاتا تھا، اور نبوت کا اصلی معیار سامع کے سامنے روشن ہو جاتا تھا،

جب آپ ہجرت کر کے مدینہ تشریف لائے تو تمام مدینہ میں غل پڑ گیا، حضرت عبد اللہ بن سلام جو مدینہ کے مشہور یہودی عالم تھے، اپنے نخلستان میں کھجور توڑ رہے تھے، آمد کی خبر ان کے کان میں پہنچی تو فوراً آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے، آپ فرما رہے تھے، افشوا السلام، واطعموا الطعام، وصلوا الارحام، وصلوا والناس نیام، تدخلوا الجنة بسلام[۱]، واپس گئے تو اس قدر متاثر تھے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت ابو ایوب انصاریؓ کے مکان میں جونہی پہنچے حضرت عبد اللہ بن سلامؓ بھی آئے، اور کہا کہ میں آپ کی رسالت کی گواہی دیتا ہوں، اور نیز یہ شہادت دیتا ہوں کہ آپ ایک حق مذہب لیکر آئے ہیں۔[۲]

[۱] بخاری جلد ۱ صفحہ ۵۹۴ کتاب التیمم [۲] مسند ابن حنبل جلد ۵ صفحہ ۴۵۱، بخاری جلد ۱ صفحہ ۵۵۶ باب ہجرۃ النبی صلعم الی المدینة

Marfat.com

ضمادؓ ایک شخص تھے جن کے ساتھ زمانۂ جاہلیت مین آپ کے دوستانہ تعلقات رہ چکے تھے وہ جنون کا علاج کرتے تھے، اتفاق سے وہ مکہ مین آئے، تو کفار سے سنا کہ آپ (نعوذ باللہ) مجنون ہو گئے ہین، وہ آپ کے پاس آئے اور کہا محمد! مین جنون کا علاج کرتا ہون، اس کے جواب مین آپ نے ایک تقریر کی، اور اس کو ان الفاظ سے شروع کیا،

| | |
|---|---|
| اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ نَحْمَدُهٗ وَنَسْتَعِيْنُهٗ مَنْ | تمام تعریفین خدا کے لئے ہین مین اسکی حمد کرتا ہون |
| يَهْدِهِ اللّٰهُ فَلَا مُضِلَّ لَهٗ وَمَنْ | اور اس سے مدد چاہتا ہون خدا جس کو ہدایت دیتا |
| يُضْلِلْهُ فَلَا هَادِيَ لَهٗ وَاَشْهَدُ | ہو اس کو کوئی شخص گمراہ نہین کر سکتا جسکو گمراہ کرتا |
| اَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ | ہو اس کو کوئی ہدایت نہین کر سکتا مین گواہی دیتا |
| وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ | ہون کہ خدا کے سوا کوئی خدا نہین ہے وہ تنہا ہے اور |
| وَرَسُوْلُهٗ | اس کا کوئی شریک نہین ہے اور مین گواہی دیتا ہون |

کہ محمد خدا کا بندہ اور اس کا رسول ہے،

ان پران فقرون کا یہ اثر پڑا کہ وہ مکرر سننے کے مشتاق ہوئے آپ نے تین بار ان کلمات کا اعادہ فرمایا، انھون نے کہا کہ مین نے کاہنون، جادوگرون اور شاعرون کا کلام سنا ہے لیکن آپ کے اس کلام کی طرح موثر کلام کبھی نہین سنا، وہ سمندر تک پہنچ جائیگا، ہاتھ لائیے مین اسلام پر بیعت کرتا ہون[1]،

حضرت حلیمہؓ کے شوہر حارث یعنی آپ کے رضاعی باپ جب مکہ مین تشریف لائے تو قریش نے کہا کچھ سنا ہے، تمھارا بیٹا کہتا ہے کہ لوگ مرکر پھر زندہ ہون گے انھون نے آپ سے کہا، بیٹا یہ کیا کہتے ہو

[1] مسلم باب تخفیف الصلوٰۃ والخطبہ،

آپ نے نہایت زور دار لہجہ میں فرمایا، ہاں اگر وہ دن آیا تو آپ کا ہاتھ پکڑ کر بتا دوں گا، کہ جو کچھ میں کہتا تھا، سچ تھا، اُن پر اس کا یہ اثر پڑا کہ فوراً مسلمان ہوگئے، اور یہ اثر اس قدر دیرپا ہوا کہ وہ کہا کرتے تھے کہ اگر میرا بیٹا ہاتھ پکڑے گا تو جنت میں پہنچا ہی کر چھوڑے گا[۵۱]۔

انسان کا چہرہ حقیقت کا آئینہ ہے آپ کی ایک ایک ادا صداقت اور معصومیت کا آئینہ تھی، آپ کی شکل نہایت پرجلال تھی، چہرہ پرنور تھا، آواز موقر اور پُررعب تھی، اور ان تمام چیزوں کا مجموعی اثر پیغمبرانہ اعجاز کے ساتھ دلوں کو اپنی طرف کھینچ لیتا تھا، حضرت عبد اللہ بن سلام نومسلم یہودی عالم آپ کے چہرۂ مبارک کو دیکھ کر اسی اثر سے متاثر ہوئے، اور بے اختیار بول اٹھے تھے،

وجہ لیس بوجہ کذاب (ترمذی ص۴۰۹) جھوٹے آدمی کا یہ چہرہ نہیں ہوسکتا،

اور یہی کشش تھی جس کا اظہار حجۃ الوداع میں اعراب بادیہ کی زبان سے ان الفاظ میں ہوا تھا

ھذا وجہ مبارک (ابوداؤد ج جلد ۱ ص۲۴۳) یہ مبارک چہرہ ہے،

بارگاہِ نبوت میں پہنچنے کے ساتھ ہی یہ اثر آنکھوں کی راہ سے دل میں پہنچ جاتا تھا ابورافع نام ایک شخص قریش کی طرف سے قاصد بنکر آپ کی خدمت میں آئے تھے، جوں ہی چہرۂ اقدس پر نظر پڑی وہ بہزار جان شیدا ہوگئے، اسلام قبول کیا[۵۲]، اور آپ کی غلامی کو فخر سمجھا[۵۳]،

---

[۵۱] اصابہ جلد ۱ صفحہ ۶۰۲ تذکرہ حارث [۵۲] ابوداؤد کتاب الجہاد باب یستجن بالامام فی العہود [۵۳] اصابہ استیعاب

# اسلام

## یا

## محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کا پیغمبرانہ کام

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جس عظیم الشان پیغام کو لیکر آئے تھے، اور جس مہتم بالشان کام کو انجام دینے کے لئے بھیجے گئے تھے، نیک دل اور حقیقت شناس لوگ تو سننے اور دیکھنے کے ساتھ اس کے قبول کرنے پر آمادہ ہوگئے لیکن وہ بھی جن کے دل کے آئینے زنگ آلود تھے، پیغام کی سچائی، وحی کی تاثیر، پیغمبر کی پراثر دعوت، اعجاز معصومیت اور اخلاق کے پرتو سے صاف وشفاف ہوتے گئے، اور عوائق، موانع، شبہات اور شکوک کی تو بر تو ظلمتیں اور تاریکیاں رفتہ رفتہ چھٹتی چلی گئیں اور اسلام کا نور روز بروز زیادہ صفائی اور چمک کے ساتھ عرب کے اُفق پر درخشان اور تابان ہوتا گیا، یہاں تک کہ ۲۳ برس کی مدت میں ایک متحدہ قومیت، ایک متحدہ سلطنت، ایک متحدہ اخلاقی نظام، ایک کامل قانون، ایک مکمل شریعت، ایک ابدی مذہب اور عملی جماعت، خدا پرستی، اخلاق، ایثار، تدین، تقوی، ایمانداری، اخلاق اور سچائی کا ایک مجسم عہد یعنی ایک نئی زمین اور ایک نیا آسمان پیدا ہوگیا، اور گویا یہی حقیقت تھی جس کی طرف آپ نے اپنی امت کے سب سے بڑے مجمع میں (حجۃ الوداع) اپنی

Marfat.com

وفات سے تقریباً دو ماہ پیشتر یہ ارشاد فرمایا

| | |
|---|---|
| الا انّ الزمان قد استدار کھیئتہ | ہاں اب زمانہ کا دور اپنی اسی حالت پر آگیا |
| یوم خلق اللہ السّمٰوات والارض | جس حالت پر اس دن تھا جس دن خدا |
| (بخاری) | نے آسمان و زمین کو پیدا کیا، |

اور یہی حقیقت تھی جس کی نسبت آپ نے اپنی وفات سے کچھ دنوں پیشتر ایک نہایت پُردرد وداعی تقریر کے آخر میں یہ الفاظ فرمائے[۱]

| | |
|---|---|
| قد ترکتم علی البیضاء لیلہا | میں تم کو ایک روشن راستہ پر چھوڑ جاتا ہوں جس کی |
| کنہارہا | روشنی کا یہ حال ہے کہ اس کی رات بھی دن کے مانند ہے، |

اور آخری حجۃ الوداع کے مجمع عام میں تکمیل کی بشارت آئی کہ

| | |
|---|---|
| اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَاَتْمَمْتُ | آج میں نے تمہارا دین کامل کر دیا، اور اپنی |
| عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ، (مائدہ - ۱) | نعمت تم پر تمام کر دی؛ |

پروفیسر مارگولیتھ جن کی تائیدی شہادت بہت کم مل سکتی ہے، لکھتے ہیں

"محمد کی وفات کے وقت اُن کا سیاسی کام غیر مکمل نہیں رہا، آپ ایک سلطنت کی جس کا ایک سیاسی و مذہبی دارالسلطنت مقرر کیا گیا تھا، بنیاد ڈال چکے تھے، آپ نے عرب کے منتشر قبائل کو ایک قوم بنا دیا تھا، آپ نے عرب کو ایک مشترک مذہب عطا کیا، اور اُن میں ایک ایسا رشتہ قائم کیا، جو خاندانی رشتوں سے زیادہ مستحکم اور مستقل تھا،[۲]

[۱] سنن ابن ماجہ ابواب سنت و بدعت، مستدرک حاکم جلد اوّل صفحہ ۹۶ و مسند ابن حنبل جلد ۴ ص ۱۲۶ [۲] لائف آف محمد مارگولیتھ ص ۴۷۱

ایک دور (یورپ) کے بیگانہ مستشرق کی بہ نسبت جس کا علم عرب اور اسلام کے متعلق صرف چند کتابوں سے مستعار ہے، خود ایک عرب عیسائی اہل قلم کو فیصلہ کا زیادہ حق حاصل ہے، بیروت کے مسیحی اخبار الوطن نے ۱۹۱۱ء میں لاکھوں عرب عیسائیوں کے سامنے یہ سوال پیش کیا تھا کہ دنیا کا سب سے بڑا انسان کون ہے؟ اس کے جواب میں ایک عیسائی عالم (داور مجاعص) نے لکھا،

"دنیا کا سب سے بڑا انسان وہ ہے جس نے دس برس[1] کے مختصر زمانہ میں ایک نئے مذہب، ایک نئے فلسفہ، ایک نئی شریعت اور ایک نئے تمدن کی بنیاد رکھی، جنگ کا قانون بدل دیا، اور ایک نئی قوم پیدا اور ایک نئی طویل العمر سلطنت قائم کردی لیکن ان تمام کارناموں کے باوجود وہ اُمّی اور ناخواندہ تھا، وہ کون؟ محمد بن عبد اللہ قریشی، عرب اور اسلام کا پیغمبر اس پیغمبر نے اپنی عظیم الشان تحریک کی ہر ضرورت کو خود ہی پورا کردیا، اور اپنی قوم اور اپنے پیروؤں کے لئے اور اس سلطنت کے لئے جس کو اُس نے قائم کیا، ترقی اور دوام کے اسباب بھی خود مہیا کردیئے اس طرح کہ قرآن اور احادیث کے اندر وہ تمام ہدایات موجود ہیں جن کی ضرورت ایک مسلمان کو اُس کے دینی یا دنیاوی معاملات میں پیش آسکتی ہے، حج کا ایک سالانہ اجتماع فرض قرار دیا تاکہ اقوام انسانی میں اہل استطاعت ایک مرکز پر جمع ہوکر اپنے دینی و قومی معاملات میں باہم مشورے کرسکیں، اپنی امت پر زکوٰۃ فرض کرکے قوم کے غریب طبقہ کی حاجت پوری کی، قرآن کی زبان کو دنیا کی دائمی اور عالمگیر زبان بنا دیا کہ وہ مسلمان اقوام کے باہمی تعارف کا ذریعہ بنجائے، قوم کے ہر فرد کو ترقی کا موقع اس طرح عنایت کیا کہ یہ کہدیا کہ ایک مسلمان کو کسی دوسرے مسلمان پر صرف تقویٰ کی بزرگی حاصل ہے، اس بنا پر اسلام

[1] مدینہ منورہ میں آپ دس برس زندہ رہے تھے،

Marfat.com

ایک حقیقی جمہوریت بن گیا جس کا رئیس قوم کی پسند سے منتخب ہوتا ہے مسلمانون نے ایک مدت تک اس اصول پر عمل کیا یہ کہکر کہ عرب کو عجم پر اور عجم کو عرب پر کوئی فوقیت نہیں، اسلام میں داخل ہونا ہر شخص کے لئے آسان کر دیا، نامسلمون کے لئے اسلامی ملکون میں عیش و آرام اور امن و اطمینان سے سکونت کی ذمہ داری یہ کہکر اپنے اوپر لے لی کہ "تمام مخلوق خدا کی اولاد ہے، تو خدا کا سب سے زیادہ محبوب وہ ہے جو اس کی اولاد کو سب سے زیادہ فائدہ پہونچائے"، خاندانی اور ازدواجی اصلاحات بھی اس کی نظر سے پوشیدہ نہ رہیں، اُس نے نکاح و وراثت کے احکام مقرر کئے، عورت کا مرتبہ بلند کیا، نزاعات اور مقدمات کے فیصلے کے قوانین بنائے، بیت المال کا نظام قائم کرکے قومی دولت کو بیکار نہ ہونے دیا، علم کی اشاعت اور تعلیم اس کی کوششون کا بڑا حصہ رہی، اُس نے حکمت کو ایک مومن کا گمشدہ مال قرار دیا، اسی سبب سے مسلمانون نے اپنی ترقی کے زمانہ میں ہر دروازہ سے علم حاصل کیا، کیا ان کارنامون کا انسان دنیا کی سب سے بڑی ہستی قرار نہ پائے گا"؟

انگلستان کے مشہور انشاپرداز کارلائل نے اپنے "ہیروز اینڈ ہیرو ورشپ" میں لاکھون پیغمبرون اور مذہب کے بانیون میں صرف محمد عربی (صلی اللہ علیہ وسلم) ہی کے وجود گرامی کو اس قابل سمجھا کہ وہ آپ کو نبوت کا ہیرو قرار دے، انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا کا مضمون نگار "محمد" آپ کی نسبت کہتا ہے،

"قرآن سے اس شخص کے روحانی ارتقاء کا پتہ چلتا ہے، جو تمام نبیون اور مذہبی لوگون میں سب سے زیادہ کامیاب رہا"[1]

الغرض دوست دشمن سب کو اس کا اعتراف ہے کہ انبیاء میں یہی برگزیدہ ہستی ہے جس نے

---

[1] انسائیکلو پیڈیا برٹانیکا طبع یازدہم مضمون "قرآن" جلد ۱۵ ص ۸۹۸،

Marfat.com

کم سے کم مدت میں اپنی بعثت اور رسالت کے زیادہ سے زیادہ فرائض ادا کئے، اور اصلاحات انسانی کا کوئی گوشہ ایسا نہ چھوڑا جس کی تکمیل اس کی تعلیم اور عمل سے نہ ہو گئی ہو، اور یہ اس لئے کہ تمام انبیاء میں خاتم نبوت، اکمل دین، اور آخری معلم کی حیثیت آپ ہی کو عطا ہوئی تھی، اگر انسان کی علمی و اخلاقی و دینی ضرورتوں کا کوئی گوشہ آپ کے فیض سے محروم رہ کر تکمیل کا محتاج ہوتا تو آپ کے بعد بھی کسی آنے والے کی حاجت باقی رہجاتی، حالانکہ آپ نے فرما دیا کہ "میرے بعد کوئی نبی نہیں، میں نبوت کی عمارت کی آخری اینٹ ہوں[۱]"،

آپ کی تعلیمات کی یہی ہمہ گیری ہے جس پر کوتاہ بینوں کو آج نہیں بلکہ خود صحابہؓ کے عہد میں بھی تعجب ہوتا تھا، بعض مشرکوں نے حضرت سلمان فارسیؓ سے مذاقاً کہا کہ تمہارے پیغمبر تم کو ہر چیز کی تعلیم دیتے ہیں، یہان تک کہ اس کی بھی کہ تم کو قضائے حاجت کیونکر کرنی چاہئے، حضرت سلمانؓ نے کہا "ہاں یہ سچ ہے، آپ نے ہم کو یہ حکم دیا ہے کہ ہم ایسی حالت میں قبلہ رخ نہ بیٹھیں، نہ اپنے داہنے سے طہارت کریں، اور نہ تین ڈھیلوں سے کم استعمال کریں جن میں کوئی ہڈی اور گوبر نہ ہو[۲]" نبوت محمدیؐ کی تعلیمات کی یہ ہمہ گیری ہی اسکی تکمیل کی دلیل ہے، اور یہ معلوم ہوتا ہے کہ وہ پست سے پست اور غیر متمدن سے غیر متمدن اقوام سے لے کر بلند سے بلند اور متمدن سے متمدن قوموں تک کے لئے یکساں تعلیمات اور ہدایات رکھتی ہے، عرب کے بدویوں اور قریش کے رئیسوں دونوں کے لئے آپؐ کی بعثت تھی، اس لئے آپ کی تعلیمات میں پست کو بلند، اور بلند کو بلند تر بنانے کی برابر کی ہدایت ہیں، آج یہی چیز ہے کہ افریقہ کے وحشیوں میں اسلام اپنی تعلیمات کے ساتھ تنہا جا تا ہے اور

[۱] صحیح بخاری جلد اول باب خاتم النبیین و جامع ترمذی کتاب الامثال، [۲] جامع ترمذی و سنن ابن ماجہ کتاب الطہارت

اُن کو متمدن اور مہذب بنانے کے لئے مذہب سے باہر کسی تعلیم کی اس کو ضرورت پیش نہیں آتی ہے
لیکن عیسوی مذہب کو چند اخلاقیات کو چھوڑ کر جن کا ماخذ انجیل ہے، عقائد پادریوں کی کونسلوں سے
دعائیں اور عبادات کلیساؤں کے حکمرانوں سے، اور تہذیب و تمدن کی تعلیمات یورپ کے بے دینوں
اور ملحدوں سے حاصل کرنی پڑتی ہیں، لیکن اسلام میں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے علاوہ کچھ نہیں
عقائد ہوں کہ عبادات اور دعائیں، اخلاق ہوں کہ آداب تمدن، خانگی معاملات ہوں، یا دین
کے کاروبار، انسانوں کے ساتھ معاملہ ہو یا خدا کے ساتھ، سب کا ماخذ محمد رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کی ہمہ گیر تعلیمات ہیں،

آپ کی ان ہمہ گیر تعلیمات کی کتاب جو انسانی زندگی کے ہر شعبہ پر حاوی ہے، چار ابواب
پر منقسم ہے اور ان ہی کے مجموعہ کا نام اسلام ہے،

آپؐ نے بتایا ہے کہ ہر انسان کا تعلق تو اپنے خالق کے ساتھ ہے اور دوسرا اپنے خالق کی
دوسری مخلوقات کے ساتھ، اسی مفہوم کو دوسری عبارت میں یوں کہو کہ اس کا ایک تعلق اپنے آقا
اور مالک کے ساتھ ہے اور دوسرا اپنے آقا اور مالک کے غلاموں کے ساتھ، یا یوں کہو کہ اس کا ایک
رُخ تو آسمان کی طرف ہے، اور دوسرا زمین کی سمت، اس کو ایک لگاؤ تو عالم غیب سے ہے اور دوسرا
عالم شہود سے، پہلے کے ساتھ اس کا تعلق ایک مہربان آقا اور فرمانبردار غلام کا ہے اور دوسروں کے
ساتھ اس کا تعلق برادری اور بھائی چارے کا ہے، خالق اور مخلوق یا خدا اور بندہ کے درمیان جو علاقہ
اور رابطہ ہے، اس کا تعلق اگر صرف ہمارے ذہنی قویٰ اور قلبی حالات سے ہے، تو اس کا نام
عقیدہ ہے اور اگر ان قلبی حالات کے ساتھ ہمارے جسم و جان اور مال و جائداد سے بھی ہے تو اس کا

Marfat.com

نام عبادت ہے، باہم انسانوں انسانوں مین، یا انسانوں اور دوسری مخلوقات میں جو علاقہ و ر…
اس کی حیثیت سے جو احکام ہم پر عائد ہیں اگر اُن کی حیثیت محض قانون کی ہے، تو اُس کا نام معاملات…
اور اُن کی حیثیت قانون کی نہیں بلکہ روحانی نصیحتوں اور برادرانہ ہدایتوں کی ہے تو اُس کا نام اخلاق ہے

قرآن پاک کی اصطلاح مین پہلے تعلقات کی مضبوطی اور استحکام کا نام ایمان ہے، اور دوسرے
تیسرے اور چوتھے کی بجاآوری کا نام عملِ صالح ہے، اور ان ہی دونوں کے مجموعہ پر کامل نجات
کا انحصار ہے، عمل صالح کی تین قسمیں ہیں، خدا کے سامنے اپنی عبودیت کا اظہار اور اُس کے احکام
کی تعمیل، بندوں کے ساتھ کاروبار اور معاملہ مین قانونِ الٰہی کی پابندی، اور اُن کے ساتھ محبت
الفت، اور نیکی اور بھلائی کا برتاؤ، اور گو اس لحاظ سے کہ اُن میں سے ہر ایک عمل کو جس میں خدا کی
خوشنودی اور رضامندی مقصود ہو، اسلام عبادت کہتا ہے لیکن اصطلاح میں پہلے کا نام
عبادات، دوسرے کا نام معاملات اور تیسرے کا نام اخلاق ہے، الغرض محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم
جو عالمگیر شریعت اور دائمی ہدایت لیکر آئے، وہ ان ہی چاروں عنوانوں کا مجموعہ ہے یعنی عقائد، عبادات
معاملات اور اخلاق، ان ہی کی اصلاح، تعلیم اور تکمیل کے لئے آپ کی بعثت ہوئی، اور یہی آپ کے
پیغمبرانہ فرائض کے اصلی کارنامے ہیں،

Marfat.com

# عقائد

**عقائد کی حقیقت اور اہمیت** انسان کے تمام افعال، اعمال اور حرکات کا محور اس کے خیالات ہیں، یہی اس کو بناتے اور بگاڑتے ہیں، یہ عام خیالات درحقیقت اس کے چند پختہ، غیر متزلزل اور غیر مشکوک اصولی خیالات پر مبنی ہوتے ہیں، ان ہی اصولی خیالات کو عقائد کہتے ہیں یہی وہ نقطہ ہے جس سے انسانی عمل کا ہر خط نکلتا ہے، اور اس کے دائرۂ حیات کا ہر خط اسی پر جاکر ختم ہوتا ہے، ہمارے تمام افعال اور حرکات ہمارے ارادہ کے تابع ہیں' ہمارے ارادہ کا محرک، ہمارے خیالات اور جذبات ہیں، اور ہمارے خیالات اور جذبات پر ہمارے اندرونی عقائد حکومت کرتے ہیں' عام بول چال میں ان ہی چیزوں کی تعبیر ہم "دل" کے لفظ سے کرتے ہیں، اسلام کے معلم نے بتایا کہ انسان کے تمام اعضاء میں اس کا دل ہی نیکی اور بدی کا گھر ہے' فرمایا،

| | |
|---|---|
| الا وان فی الجسد مضغۃً اذا صلحت | انسان کے بدن میں گوشت کا ایک ٹکڑا ہے |
| صلح الجسد کلہ واذا فسدت فسد | جو اگر درست ہے تو تمام بدن درست ہے اور |
| الجسد کلہ الا وھی القلب، | اگر وہ بگڑ گیا، تو تمام بدن بگڑ گیا، ہاں! وہ |
| (صحیح بخاری کتاب الایمان) | ٹکڑا دل ہے، |

قرآن پاک نے دل (قلب) کی تین کیفیتیں بیان کی ہیں، سب سے پہلے قلبِ سلیم (درست رو

دل) جو ہر گناہ سے پاک رہ کر بالطبع نجات اور سلامت روی کے راستہ پر چلتا ہے، دوسرا اس کے مقابل قَلْبٌ اٰثِمٌ[1] (گنہگار دل) یہ وہ ہے جو گناہوں کی راہ اختیار کرتا ہے اور تیسرا قَلْبٌ مُّنِيبٌ (رجوع ہونے والا دل) یہ وہ ہے: جو اگر کبھی بھٹکتا اور بے راہ بھی ہوتا ہے، تو فوراً نیکی اور حق کی طرف رجوع ہو جاتا ہے، غرض یہ سب نیرنگیاں اسی ایک بے رنگ ہستی کی ہیں جس کا نام دل ہے ہمارے اعمال کا ہر محرک، ہمارے اسی دل کا ارادہ اور نیت ہے، اسی بھاپ کی طاقت سے اس مشین کا ہر پرزہ چلتا اور حرکت کرتا ہے، اسی لئے آپ نے فرمایا:-

اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّيَّات (صحیح بخاری آغاز کتاب) تمام کاموں کا مدار نیت پر ہے،

اسی مطلب کو دوسرے الفاظ میں آپ نے یوں ادا فرمایا،

| | |
|---|---|
| انما لامرئ ما نوى فمن كانت | ہر شخص کے کام کا ثمرہ وہی ہے جس کی وہ نیت |
| هجرته الى دنيا يصيبها اوالى | کرے، تو جس کی ہجرت کی غرض دنیا کا حصول |
| امرأة ينكحها فهجرته الى ما | یا کسی عورت سے نکاح کرنا ہے، تو اسکی |
| هاجر اليه، | ہجرت اسی کے لئے ہے جس کے لئے اس نے |
| (صحیح بخاری آغاز کتاب) | ہجرت کی (یعنی اس سے اس کو ثواب حاصل نہ ہوگا) |

آج کل علم نفسیات نے بھی اس مسئلہ کو بداہتہً ثابت کر دیا ہے کہ انسان کی عملی اصلاح کے لئے اس کی قلبی اور دماغی اصلاح مقدم ہے اور انسان کے دل اور ارادہ پر اگر کوئی چیز حکمران ہے تو وہ اس کا عقیدہ ہے، اب صحیح اور صالح عمل کے لئے ضروری یہ ہے کہ چند صحیح اصول و مقدمات

[1] قرآن پاک کی آیت میں یہ ہے فَاِنَّهٗ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ (بقرہ ۳۹ - ۳۹)

کا ہم اس طرح تصور کریں کہ وہ دل کا غیر مشکوک یقین اور غیر متزلزل عقیدہ بنجائیں، اور اسی صحیح یقین اور مستحکم عقیدہ کے تحت میں ہم اپنے تمام کام انجام دیں،

جس طرح اقلیدس کی کوئی شکل چند اصول موضوعہ اور اصول متعارفہ کے مانے بغیر نہ بن سکتی ہے نہ ثابت ہو سکتی ہے، اسی طرح انسان کا کوئی عمل صحیح و درست نہیں ہو سکتا، جب تک اس کے لئے بھی چند مبادی اور چند اصول موضوعہ ہم پہلے تسلیم نہ کرلیں،

بظاہر عقل ہمارے ہر کام کے لئے ہم کو رہنما نظر آتی ہے لیکن غور سے دیکھو کہ ہماری عقل بھی آزاد نہیں، وہ ہمارے دلی یقین، ذہنی رجحانات اور اندرونی جذبات کی زنجیروں میں جکڑی ہوئی ہے اس لئے اس پابز نجیر عقل کے ذریعہ ہم اپنے دلی خیالات، ذہنی رجحانات، اور اندرونی جذبات پر قابو نہیں پا سکتے، اگر پا سکتے ہیں تو اپنے صحیح دلی یقینیات اور چند مضبوط دماغی و ذہنی تصورات کے ذریعہ، یہی وجہ ہے کہ قرآن پاک نے ایمان کا ذکر ہمیشہ عمل صالح کے ذکر سے پہلے لازمی طور سے کیا ہے، اور ایمان کے بغیر کسی عمل کو قبول کے قابل نہیں سمجھا ہے کہ ایمان کے عدم سے، دل کے ارادہ اور خصوصًا اس مخلصانہ ارادہ کا بھی عدم ہو جاتا ہے جس پر حسن عمل کا دار و مدار ہے عبد اللہ ابن جدعان ایک قریشی تھا جس نے جاہلیت میں بہت سے نیکی کے کام کئے تھے، مگر باایں ہمہ مشرک تھا اس کی نسبت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے حضرت عائشہؓ نے ایک دفعہ دریافت کیا، کہ یا رسول اللہ! عبد اللہ بن جدعان نے جاہلیت میں جو نیکی کے کام کئے کیا ان کا ثواب اسکو ملیگا؟ فرمایا نہیں اے عائشہؓ کیونکہ کسی دن اس نے یہیں کہا کہ بار الہا میرے گناہوں کو قیامت میں بخشدے[1]"

[1] مصنف ابن ابی شیبہ غزوات نسخہ قلمی دار المصنفین و ابن حنبل جلد ۶ صفحہ ۱۲۰، مصر،

Marfat.com

بدر کی لڑائی کے موقع پر ایک مشرک نے جس کی بہادری کی دھوم تھی، حاضر ہوکر کہا کہ
اے محمد! میں بھی تمہاری طرف سے لڑنے کے لئے چلنا چاہتا ہون کہ مجھے بھی غنیمت کا کچھ مال ہاتھ آئے
فرمایا "کیا تم اللہ عزوجل اور اس کے رسول پر ایمان رکھتے ہو"، اس نے جواب دیا "نہیں" فرمایا واپس
جاؤ کہ مین اہلِ شرک سے مدد کا خواستگار نہیں" دوسری دفعہ وہ پھر آیا، اور وہی پہلی درخواست پیش
کی، مسلمانوں کو اُس کی شجاعت وبہادری کی وجہ سے اس کی درخواست سے بڑی خوشی ہوئی،
اور وہ دل سے چاہتے تھے کہ وہ اُن کی فوج میں شریک ہو جائے لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم
نے اس سے پھر وہی سوال کیا "کہ کیا تم کو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول پر ایمان ہے" اُس نے
پھر نفی میں جواب دیا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پھر وہی فرمایا "کہ مین کسی مشرک سے مدد نہ لونگا"
غالباً مسلمانون کی تعداد کی کمی، اور اس کی بہادری کے باوجود اس سے آپ کی بے نیازی کی
کیفیت نے اس کے دل پر اثر کیا، تیسری دفعہ جب اُس نے اپنی درخواست پیش کی، اور آپ نے دریافت
فرمایا "کہ تم کو خدا اور رسول پر ایمان ہے"، تو اُس نے اثبات میں جواب دیا، اور نور اسلام سے منور ہوکر
لڑائی کی صف مین داخل ہوا،[1]

قرآن پاک نے ان لوگون کے کامون کی مثال جو ایمان سے محروم ہیں، اُس راکھ سے دی
ہے جس کو ہوا کے جھونکے اڑا اڑا کر فنا کر دیتے ہین، اور اُن کا کوئی وجود نہیں رہتا، اسی طرح اُس شخص کے
کام بھی جو ایمان سے محروم ہو بے بنیاد اور بے اصل ہین،

مَثَلُ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِرَبِّهِمْ اَعْمَالُهُمْ — جنھوں نے اپنے پروردگار کا انکار کیا، اُن کے

[1] صحیح مسلم باب غزوات جلد دوم صفحہ ۱۰۲ مصر،

كَرَمَادِ ۨاشْتَدَّتْ بِهِ الرِّيْحُ فِيْ يَوْمٍ عَاصِفٍ ۭ لَا يَقْدِرُوْنَ مِمَّا كَسَبُوْا عَلٰي شَيْءٍ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الضَّلٰلُ الْبَعِيْدُ (ابراھیم - ۳)

کاموں کی مثال راکھ کی ہے، جس پر آندھی والے دن زور سے ہوا چلی، وہ اپنے کاموں سے کوئی فائدہ نہیں اٹھا سکتے، یہی سب بڑی گمراہی ہے۔

سورۂ نور میں ایمان کی دولت سے محروم لوگوں کے اعمال کی مثال سراب سے دی گئی ہے کہ اس کے وجود کی حقیقت فریب نظر سے زیادہ نہیں۔

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۢ بِقِيْعَةٍ يَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَاۗءً ۭ حَتّٰٓي اِذَا جَاۗءَهٗ لَمْ يَجِدْهُ شَيْــــًٔا (نور - ۵)

اور جنہوں نے خدا کا انکار کیا، اُن کے کام اس سراب کی طرح ہیں جو میدان میں ہو، جس کو پیاسا پانی سمجھتا ہے، یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچے، تو وہاں کسی چیز کا وجود نہ پایا۔

اس کی ایک اور مثال ایسی سخت تاریکی سے دی گئی ہے جس میں ہاتھ کو ہاتھ سوجھائی نہیں دیتا، اور جس میں ہوش وحواس اور اعضاء کی سلامتی کے باوجود اُن سے فائدہ اٹھانا ناممکن ہو۔

اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰـىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ۭ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ۭ اِذَآ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ۭ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ (نور - ۵)

یا اُن کے کاموں کی مثال ایسی ہے جیسے کسی گہرے سمندر میں سخت اندھیرا ہو، اُس کے اوپر موج اور موج پر پھر موج ہو اور اُس کے اوپر بادل گھرا ہو، اندھیرے میں ایک اوپر ایک، ایسے میں ہاتھ نکالے تو وہ بھی سوجھائی نہ دے، جس کو خدا نے نور نہ دیا، اس کے لئے کہیں نور نہیں۔

الغرض ایمان کے بغیر عمل کی بنیاد کسی بلند اور صحیح تخیل پر قائم نہین ہو سکتی، اسی لئے ریا، نمائش اور خود غرضی کے کامون کو کوئی عزت نہین دیجا سکتی، وہ کام جو گو بظاہر نیک ہون لیکن نیکی کرنے والے کا اُن سے اصلی مقصد نام و نمود پیدا کرنا ہوتا ہے، تو اخلاقی نقطۂ نظر سے، تمام دنیا اُن کو بے وقعت اور ہیچ سمجھتی ہے، اس بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ نے مسلمانون کو متنبہ کیا، اور فرمایا،

| | |
|---|---|
| يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا لَا تُبْطِلُوا صَدَقَاتِكُمْ | اے ایمان والو! اپنی خیراتون کو احسان رکھکر |
| بِالْمَنِّ وَالْأَذَىٰ كَالَّذِي يُنْفِقُ مَالَهُ | اور لینے دینے اس طرح نہ برباد کرو جس طرح وہ |
| رِئَاءَ النَّاسِ وَلَا يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ | برباد کرتا ہے جو لوگون کے دکھانے کے لئے اپنا مال |
| الْآخِرِ ۖ فَمَثَلُهُ كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ | خرچ کرتا ہے اور خدا پر (جو نیکیون کی جزا دیتا ہے) |
| تُرَابٌ فَأَصَابَهُ وَابِلٌ فَتَرَكَهُ | اور قیامت پر (جس مین نیکیون کی جزا ملیگی) |
| صَلْدًا ۖ لَا يَقْدِرُونَ عَلَىٰ شَيْءٍ | یقین نہیں کرتا، پس اس کی خیرات کی مثال |
| مِمَّا كَسَبُوا ۗ وَاللَّهُ لَا يَهْدِي | اس چٹان جیسی ہے جس پر کچھ مٹی پڑی ہو، زور کا |
| الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ | اس پر پانی برسا، اور مٹی دھل کر پتھر رہ گیا، جس |
| (بقرہ - ۳۶) | جو کچھ بویا جائے گا وہ اُگے گا نہیں، اور خدا |

غرض ایمان ہمارے تمام اعمال کی اساس ہے جس کے بغیر عمل بے بنیاد ہے، وہ ہماری سیرابی کا اصلی سرچشمہ ہے جس کے فقدان سے ہماری کامون کی حقیقت سراب سے زیادہ نہین رہتی، کیونکہ وہ دیکھنے مین تو کام معلوم ہوتے ہین، مگر روحانی اثر و فائدہ سے خالی اور بے نتیجہ

ہوتے ہیں، خدا کے وجود کا اقرار اور اس کی رضامندی کا حصول ہمارے اعمال کی غرض وغایت ہو، یہ نہ ہو تو ہمارے تمام کام بے نظام اور بے مقصد ہو کر رہ جائیں ، وہ ہمارے دل کا نور ہے، وہ نہ ہو تو پوری زندگی تیرہ و تاریک نظر آئے، اور ہمارے تمام کاموں کی بنیاد ریا، نمایش، جاہ پسندی خود غرضی اور شہرت طلبی وغیرہ کے دلی جذبات اور پست محرکات کے سوا کچھ اور نہ رہجائے،

توراۃ میں بعض عقیدوں کا ذکر ہے، مگر ایمان کی حقیقت اور اسکی اہمیت کی تعلیم سے وہ خالی ہے، انجیل میں ایمان کی ضرورت پر زور دیا گیا ہے، مگر اخلاق کی سچائی، اعمال کی راستی، اور دل...... کے اخلاص کے لئے نہیں، بلکہ معجزوں اور کرامتوں کے ظاہر کرنے کے لئے اور خوارق عادت پر قدرت اور اختیار پانے کے لئے[1]، اس کے برخلاف فلسفہ یونان کے بہت سے پیروؤں اور ہندوستان کے بہت سے مذہبوں نے محض ذہنی جولانی، مراقبہ، تصور، دھیان اور علم کو انسان کی نجات کا ذریعہ قرار دیا، اور اخلاق و عمل سے کوئی تعرض نہیں کیا، عیسائیوں، زردشتیوں اور برہمنوں نے عقائد کو یہ وسعت دی، اور اُن کی ایسی تفصیل کی کہ وہ سرتاپا خیالی فلسفہ بن گئے جس سے تصوریت عملیت پر غالب آگئی، اور انسان کے قوائے عملی سرد ہو گئے،

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم نے علم و عمل، تصور اور فعل، عقلیت اور عملیت میں لزوم ثابت کیا، مگر اصلی زور انسان کی عملیت پر صرف کیا، اور عقائد کے اتنے ہی حصہ کا یقین و اقرار ضروری قرار دیا جو دل کی اصلاح کرے، اور عمل کی بنیاد، اخلاق و عبادات کی اساس قرار پاسکے، عقائد کے فلسفیانہ الجھاؤ، اور تصورات و نظریات کی تشریح و تفصیل کر کے عملیت کو برباد نہیں کیا، چند سیدھے سادے

[1] متی - ۱۷ - ۲۰،

اصول جو تمام ذہنی سچائیون اور واقعی حقیقتوں کا جوہر اور خلاصہ ہیں، ان کا نام عقیدہ، اور ان پر یقین کرنے کا نام ایمان رکھا، آپ نے صریح الفاظ مین عقائد کے صرف پانچ اصول ملقین کئے، خدا پر ایمان، خدا کے فرشتون پر ایمان، خدا کے رسولوں پر ایمان، خدا کی کتابوں پر ایمان اور اعمال کی جزا اور سزا کے دن پر ایمان،

یہ تمام وہ حقائق ہیں جن پر دل سے یقین کرنا، اور زبان سے ان کا اقرار کرنا ضروری ہے، اُن کے بغیر خالص عمل کا وجود نہیں ہوسکتا، اللہ تعالیٰ پر ایمان کہ وہ اس دنیا کا تنہا خالق اور مالک اور ہر ظاہر و باطن سے آگاہ ہے تاکہ وہی ہمارے کامون کا قبلہ مقصود قرار پاسکے، اور اسی کی رضاجوئی اور اسی کی مرضی کی تعمیل ہمارے اعمال کی تنہا غرض و غایت ہو، اور ہم جلوت کے سوا خلوت مین بھی گناہون اور برائیون سے بچ سکیں، اور ہر نیکی کو اس لئے کریں، اور ہر برائی سے اس لئے بچین کہ یہی ہمارے خالق کا حکم اور یہی اسکی مرضی ہے، اس طرح ہمارے اعمال ناپاک اغراض اور ناجائز خواہشون سے مبرّا ہوکر خالص ہوسکیں، اور جس طرح ہمارے جسمانی اعضار گناہون سے پاک ہون، ہمارا دل بھی ناپاک خیالات اور ہوا و ہوس کی آمیزش سے پاک ہو اور اُس کے احکام اور اُس کے پیغام کی سچائی پر دل سے ایسا یقین ہو کہ ہماری ناپاک جذبات ہماری غلط استدلالات ہماری گمراہ خواہشیں بھی اس یقین مین شک اور تذبذب پیدا نہ کرسکین،

خدا کے رسولون پر بھی ایمان لانا ضروری ہے کہ خدا کے ان احکام اور ہدایات اور اسکی مرضی کا علم ان ہی کے واسطہ سے انسانون کو پہنچا ہے، اگر ان کی صداقت سچائی اور راستبازی کو کوئی تسلیم نہ کرے، تو پیغام ربانی اور احکام الٰہی کی صداقت اور سچائی بھی مشکوک و مشتبہ ہوجائے اور انسانون

کے سامنے نیکی، نزاہت اور معصومیت کا کوئی نمونہ موجود نہ رہے، جو انسانوں کے قوائے عملی کی تحریک کا باعث بن سکے، پھر اچھے اور بُرے، صحیح اور غلط کاموں کے درمیان ہماری عقل کے سوا جو ہمارے جذبات کی محکوم ہے، کوئی اور چیز ہمارے سامنے ہماری رہنمائی کے لئے نہیں ہوگی،

خدا کے فرشتوں پر بھی ایمان لانا واجب ہے کہ وہ خدا اور اس کے رسولوں کے درمیان قاصد اور سفیر ہیں، مادیت اور روحانیت کے مابین واسطہ ہیں، مخلوقات کو قانونِ الٰہی کے مطابق چلاتے ہیں، اور ہمارے اعمال و افعال کے ایک ایک حرف کو ہر دم اور ہر لحظہ کرتے جاتے ہیں تاکہ ہم کو ان کا اچھا یا برا معاوضہ مل سکے،

خدا کے احکام و ہدایات جو رسولوں کے ذریعہ انسانوں کو پہنچائے گئے، ان کو دور دراز ملکوں اور آئندہ نسلوں تک پہنچانے کے لئے ضروری ہوا کہ وہ تحریری شکلوں یعنی کتابوں اور صحیفوں میں یا لفظ و آواز سے مرکب ہو کر ہمارے سینوں میں محفوظ رہیں، اس لئے خدا کی کتابوں اور صحیفوں کی صداقت پر اور جو کچھ ان میں ہے، اس کی سچائی پر ایمان لانا ضروری ہے، ورنہ رسولوں کے بعد خدا کے احکام اور ہدایتوں کے جاننے کا ذریعہ مسدود ہو جائے اور ہمارے لئے نیکی و بدی کی تمیز کا کوئی ایسا معیار باقی نہ رہے جس پر تمام ادنیٰ و اعلیٰ، جاہل و عالم، بادشاہ اور رعایا سب متفق ہو سکیں،

اعمال کی بازپرس، اور جوابدہی کا خطرہ نہ ہو اور اس کے مطابق جزا اور سزا کا خیال نہ ہو تو دنیاوی قوانین کے باوجود دنیائے انسانیت سراپا درندگی اور بہیمیت بن جائے یہی عقیدہ جو انسانوں کو جلوت اور خلوت میں اُن کی ذمہ داری محسوس کراتا ہے، اس لئے روزِ جزا اور

یوم آخرت پر ایمان رکھے بغیر انسانیت کی علاج و فلاح ناممکن ہے، اسی لئے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم نے اس پر بیحد زور دیا ہے، بلکہ کی وحی کا بیشتر حصہ اسی کی تلقین اور تبلیغ پر مشتمل ہے،

یہی پانچ باتیں اسلام کے ایمانیات کے اصلی عناصر ہیں یعنی اللہ تعالیٰ پر اس کے تمام رسولوں پر، اس کی کتابوں پر، اس کے فرشتوں پر، اور روز جزا پر ایمان لانا، یہ عقائد خمسہ یکجا طور پر سورہ بقرہ میں متعدد دفعہ کہیں مجمل اور کہیں مفصل بیان ہوئے ہیں،

| | |
|---|---|
| اَلَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ ...... | جو لوگ غیب (خدا، خدا کی صفات اور ملائکہ) |
| ......وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ | پر ایمان رکھتے ہیں...... اور جو کچھ تیرا (اے محمدؐ) اترا |
| اُنْزِلَ اِلَیْكَ وَمَاۤ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ | اور تم سے پہلے (پیغمبروں پر) اترا اس پر یقین رکھتے |
| (بقرہ ع - ۱) | ہیں (یعنی انبیاء اور ان کی کتابوں پر) |
| وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ (بقرہ ع ۱) | اور آخرت (روز جزا) پر یقین رکھتے ہیں، |

یہ تو سورہ کے آغاز کی آیتیں ہیں، سورہ کے بیچ میں پھر ارشاد ہوا،

| | |
|---|---|
| وَلٰكِنَّ الْبِرَّ مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْیَوْمِ | اور لیکن نیکی یہ ہے کہ جو شخص خدا پر، آخری دن |
| الْاٰخِرِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَ | پر، فرشتوں پر، اور کتاب پر، اور سب نبیوں |
| النَّبِیّٖنَ، (بقرہ ع - ۲۲) | پر ایمان لائے، |

سورہ کے آخر میں ہے،

| | |
|---|---|
| اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَاۤ اُنْزِلَ اِلَیْهِ | پیغمبر پر جو کچھ اتارا گیا اس پر وہ خود، اور |
| مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ، كُلٌّ | تمام مومن ایمان لائے، سب خدا پر، اس کے |

| | |
|---|---|
| اٰمَنَ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ ، | فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر، اور اس کے |
| (بقرہ - ۴۰) | پیغمبروں پر ایمان لائے ؛ |

سورۂ نساء میں ان ہی عقائد کی تعلیم ہے ،

| | |
|---|---|
| یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰہِ وَ | اے وہ لوگو جو ایمان لاچکے ہو، ایمان لاؤ خدا |
| رَسُوْلِہٖ وَالْکِتٰبِ الَّذِیْ نَزَّلَ | پر، اور اس کے رسول پر، اور اس کتاب |
| عَلٰی رَسُوْلِہٖ وَالْکِتٰبِ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ | جو اس نے اپنے رسول پر اتاری، اور اس |
| مِنْ قَبْلُ ط وَمَنْ یَّکْفُرْ بِاللّٰہِ وَ | کتاب پر جو اس سے پہلے اتاری، اور جو |
| مَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ وَالْیَوْمِ | شخص خدا کا، اس کے فرشتوں کا، اس |
| الْاٰخِرِ فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًا بَعِیْدًا ، | کی کتابوں کا، اس کے پیغمبروں کا، اور روزِ |
| (نساء - ۲۰) | آخرت کا انکار کرے گا وہ سخت گمراہ ہوا ، |

Marfat.com

# اللہ تعالیٰ پر ایمان

## اٰمَنَ بِاللہِ

ایک قادرِ مطلق اور ہمہ صفت موصوف ہستی پر یقین، اور اس کو ایک جاننا تعلیمِ محمدی کی پہلی ابجد ہے، اسلام سے پہلے جو مذاہب تھے، باوجود اس کے کہ خدا کی توحید اور صفات پر ایمان رکھنا اُن کے اصول میں بھی داخل تھا، مگر اُن کی تعلیمات میں ترتیب مفقود تھی، اور یہ نہیں معلوم ہوتا کہ اُن کی نگاہ میں توحید کا مسئلہ اہمیت کے کس درجہ پر ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم نے اس مسئلہ کی اصلی اہمیت محسوس کی، اور اس کو اپنے نصابِ درس کا پہلا سبق اور روحانی معارف و حقائق جسمانی اور اعمال و اخلاق کا سرِ بنیاد قرار دیا، خدا اگر چاہے تو انسان کے تمام گناہوں سے درگذر کر سکتا ہے، مگر اسی ایک حقیقت سے انکار وہ جرم ہے جس کو وہ کبھی معاف نہ فرمائیگا،

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ | یقیناً خدا شرک کو معاف نہ کرے گا، اور |
| وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ | اس کے سوا جس کے جو گناہ چاہے معاف |
| (نساء - ۱۸) | کر دے، |

پھر اس کے ساتھ خالص توحید کا بیان، اسماء و صفات کی تشریح، شرک کے ہر پہلو کی نفی، اور

توحید کے ہر پہلو کی تکمیل تعلیم محمدی کی امتیازی شان ہے معلوم ہو چکا ہی کہ نبوت محمدیہ کی غرض وغایت صرف تخیل، نظریہ آرائی اور الہیاتی فلسفہ نہ تھا، بلکہ ایک زندہ قوم، جدوجہد اور عمل والی قوم اخلاص ایثار اور نیکی وتقوی والی قوم کو پیدا کرنا تھا، اور اس کو تمام دنیا کی پیشوائی کے لئے نمونہ عمل بنانا تھا، اس لئے سب سے پہلے اہل عرب کو جو اس کے مخاطب اول تھے، رموز و اسرار توحید کا اس طرح حامل بنانا تھا کہ اُن کے رگ وریشہ میں ولولہ وجوش کا ایک نشہ پیدا ہو جائے، اس کے لئے ضرورت تھی کہ سب سے پہلے زمین کو ہموار کیا جائے، شرک کے وہ تمام عقائد جو عربون میں پھیلے ہوئے تھے، اُن کو مٹا دیا جائے، اور جن وجوہ اور اسباب سے شرک کے یہ عقائد پیدا ہوتے ہیں اُن کی بیخ کنی کیجائے

**اصلاح عقائد** معلوم ہو چکا ہی کہ عرب مین جہالت اور وحشت کی وجہ سے سیکڑون غلط عقائد اور توہمات پھیل گئے تھے، اور دنیا کے دوسرے مذاہب کے عقائد میں بھی بہت سی غلطیان داخل ہو گئی تھیں، ان مین سب سے زیادہ بدتر، اور تمام برائیون کا اصلی محور شرک تھا، اس لئے سب سے پہلے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کی اصلاح سے آغاز کیا،

شرک اور بُت پرستی کا اصلی زینہ اسباب و مؤثرات کا وجود ہی، خدا نے عالم میں ایک سلسلہ اسباب قائم کر دیا ہی، اور عالم کے تمام واقعات اسی سلسلہ کی کڑیان ہیں، لیکن یہ تمام سلسلہ ایک قادر مطلق کے دست قدرت مین ہی، اور اس سلسلہ کی ایک کڑی بھی اس کے اشارہ کے بغیر جنبش نہین کر سکتی، شرک اس طرح شروع ہوتا ہے کہ پہلے انسان ان اسباب و علل مین سے بعض نمایان اور قوی الاثر اسباب سے متاثر ہوتا ہی، اجرام فلکی کی عظمت، آفتاب و ماہتاب کی نورافشانی، سمندر کا پرزور تلاطم، عناصر کی نیرنگ آرائیان انسان کو مبہوت کر دیتی ہیں، وہ اُن کی عظمت و تاثیر سے

Marfat.com

متاثر، پھر منفعل، اور بالآخر اُن کا غلام بن جاتا ہے، اعتقاد کے پہلے مرحلہ مین انسان، غور رسی کے دعوی سے اس قدر امتیاز اور تفریق کرتا ہو کہ یہ چیزین خود خدا یا معبود نہیں ہین لیکن یہ تمیز آخر تک قائم نہیں رہتی، بلکہ رفتہ رفتہ خوش اعتقادی کا اثر غالب آتا جاتا ہے، اور یہ چیزین خدا کی شریک بنتی جاتی ہین یہانتک کہ اصلی مسبب الاسباب نظر سے بالکل اوجھل ہوجاتا ہے،

شرک کی جو گوناگون صورتین دنیا مین موجود تھین، اور جس طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کا استیصال کیا، اُن کی تفصیل حسب ذیل ہے،

تعدد خدا کا ابطال

۱۔ دنیا کی مشہور قومون میں سے عیسائی عیسائی اور مجوسی علانیہ مشرک تھے، یعنی تین اور دو خدا مانتے تھے، ہندو بھی اسی کے قریب قریب تھے، ان مذہبوں کی ابتدا، اس طرح ہوئی کہ خدا کے جو مختلف نمایان اور اہم اوصاف ہین، ان کا مستقل اور مجسم وجود قائم ہوگیا، مثلاً صفتِ خلق، اور احیا و اماتت، برہما، بشن، مہیش کے نام سے موسوم ہین، مجوسیون نے دیکھا کہ دنیا میں جس قدر اشیا، اور افعال و حرکات ہین، سب باہم متضاد ہین، نور و ظلمت پستی و بلندی یمین و شمال، نرم و سخت، رات دن، خیر و شر، حلم و غضب، غرور، خاکساری، فسق و صلاح، کوئی چیز مقابلہ اور تضاد سے خالی نہین اسلئے ایسے دو متضاد عالم کا خالق ایک نہیں ہوسکتا، اس بنا پر انھون نے دو خدا تسلیم کئے، اور ان کا نام یزدان اور اہرمن یا نور و ظلمت، رکھا،

قرآن مجید مین تمام احکام، نہایت تدریج کے ساتھ نازل ہوئے ہین، یہانتک کہ ۱۲ برس کی وسیع مدت تک روزہ، زکوٰۃ اور حج کچھ فرض نہیں ہوا تھا، لیکن شرک کا استیصال کلی نبوت کا پہلا سبق تھا سورۂ زمر مکہ مین نازل ہوئی، اور اسی سورہ مین شرک کی تمام صورتین مٹا دی گئین، تمام دیگر سورتون

Marfat.com

میں نہایت کثرت سے اس قسم کے شرک کا ابطال اور رد کیا ہی اس لئے اسکی تفصیل کی ضرورت نہیں
مجوسیوں کے شرک کی بنیاد اس پر تھی کہ افعالِ خیر و شر کا ایک خالق نہیں ہوسکتا، ورنہ
لازم آئیگا کہ خدا شر کو پیدا کرتا ہے اور یہ ظاہر ہے کہ جو شخص برائی کے پیدا ہونے کو جائز رکھتا ہی وہ خود
اچھا نہیں ہوسکتا، اس لئے قرآن مجید مین نہایت کثرت سے تصریحات آئین کہ جن کو ہم خیر و شر کہتے ہیں
سب کا فاعل خدا ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت تصریح و تاکید کیساتھ تعلیم کی کہ جو کچھ ہوتا ہی سب
خدا کے حکم سے ہوتا ہی، باقی یہ مسئلہ کہ بری چیز کا خالق اچھا نہیں ہوسکتا، اولاً تو یہ مغالطہ آمیز غلطی ہی
ایک صناع مصور اگر ایک نہایت بدصورت جانور کی تصویر نہایت اچھی کھینچے تو اس کے کمال مصوری
میں اس سے کچھ داغ نہیں آئیگا کہ جانور خود برا ہے، دوسرے یہ کہ اسلام نے اس مسئلہ کی جس اصلی
گرہ کو کھولا ہے، وہ یہ ہے کہ اشیاء بذاتہٖ خیر و شر نہیں ہیں، بلکہ وہ اپنے صحیح یا غلط طریقہ استعمال سے
خیر یا شر ہو جاتی ہیں، آگ بجائے خود نہ خیر ہے، نہ شر، اگر اس سے اچھا کام لیا جائے تو خیر ہے، اور
برا لیا جائے تو شر ہے، زہر نہ اچھا ہے، نہ برا، اگر اس کو بیماریوں کے استیصال میں استعمال کیا جائے
تو خیر ہے، اور اگر کسی بیگناہ کے قتل مین استعمال کرو تو شر ہے، اسی طرح دوسری اشیاء کے بھی
خیر و شر کے دونوں پہلو ہیں، نہ کوئی شے دنیا میں خیرِ مطلق ہی، نہ کوئی شرِ محض، اسی لئے قرآن نے شر
کی نسبت خدا کی طرف نہیں کی ہے، بلکہ خود انسان کی طرف کی ہے،

| | |
|---|---|
| أَشَرٌّ أُرِيدَ بِمَنْ فِي الْأَرْضِ أَمْ | آیا اہلِ زمین کے ساتھ شر کا ارادہ کیا گیا ہی |
| أَرَادَ بِهِمْ رَبُّهُمْ رَشَدًا (جن-۱) | یا ان کے پروردگار نے ان کو راہ پر لانا چاہا ہے |
| مَا أَصَابَكَ مِنْ حَسَنَةٍ فَمِنَ اللَّهِ | تجھکو جو نیکی پہونچی تو وہ خدا کی طرف سے ہی، |

Marfat.com

وَمَا اَصَابَكَ مِنْ سَيِّئَةٍ فَمِنْ نَفْسِكَ (نساء) — اور جو مصیبت پہنچی وہ خود تیری طرف سے ہے،

اَوَلَمَّا اَصَابَتْكُمْ مُصِيْبَةٌ قَدْ اَصَبْتُمْ مِّثْلَيْهَا قُلْتُمْ اَنّٰى هٰذَا ط قُلْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اَنْفُسِكُمْ، اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، (آل عمران - ۱۷) — کیا جب تم کو کوئی مصیبت پہنچی جس کی دوگنی تم اُن کو پہنچا چکے ہو، تو تم نے کہا یہ کہاں سے آئی، کہدے کہ خود تمھاری طرف سے ہے، خدا ہر بات پر قدرت رکھتا ہے،

الغرض کسی شے کا ایسا پیدا کرنا جس میں خیر و شر کے دونوں پہلو ہیں، شر نہیں ہے، اُن میں اُس کے شر کے پہلو کو استعمال کرنا اور کام میں لانا شر ہے، ڈاکٹر بہت سی بیماریوں کے لئے زہر کی دوائیں بناتے ہیں، مگر یہ شر نہیں، البتہ جب کوئی شریران دواؤں سے ان امراض کے ازالہ کے بجائے کسی کی جان لے لیتا ہے، تو وہ شر ہے، حاصل یہ کہ اس دنیا میں جب خیر و شر اشیا میں بذاتہٖ نہیں ہے، تو اچھی چیزوں کے لئے الگ اور بُری چیزوں کے لئے الگ خالق تسلیم کرنے کی ضرورت نہیں ہے، بلکہ خالق ایک ہی ہے، دو نہیں ہیں،

وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوْٓا اِلٰهَيْنِ اثْنَيْنِ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ج فَاِيَّايَ فَارْهَبُوْنِ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (نحل) — اور خدا نے کہا کہ دو خدا نہ بناؤ، وہ ایک ہی خدا ہے، تو مجھی سے ڈرو، اور اسی کے لئے ہے جو آسمانوں میں اور زمین میں ہے،

بزرگوں کی مشرکانہ تعظیم سے روکنا

۲- شرک کا بہت بڑا ذریعہ کسی خاص شخص، خاص شے کی تعظیم مفرط ہے جس کو شخص پرستی یا یادگار پرستی سے تعبیر کر سکتے ہیں، حضرت عیسیٰ علیہ السلام، رامچندر، کرشن کو اسی خوش اعتقادی نے آدمی سے خدا بنا دیا، اس بنا پر قرآن مجید میں نہایت پرزور اور پرعب الفاظ میں شخص پرستی کی تحقیر کی گئی

| | |
|---|---|
| یٰۤاَهْلَ الْكِتٰبِ لَا تَغْلُوْا فِیْ دِیْنِكُمْ وَ | اے اہل کتاب اپنے دین میں حد سے زیادہ |
| لَا تَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ اِنَّمَا | نہ بڑھ جاؤ، اور خدا کی نسبت وہی کہو جو حق ہے |
| الْمَسِیْحُ عِیْسَى ابْنُ مَرْیَمَ رَسُوْلُ اللّٰهِ | مسیح یعنی عیسیٰ بن مریم صرف خدا کے پیغمبر ہیں |
| لَنْ یَّسْتَنْكِفَ الْمَسِیْحُ اَنْ یَّكُوْنَ عَبْدًا | مسیح کو خدا کا بندہ ہونے سے ہرگز عار نہیں ہے |
| لِّلّٰهِ وَ لَا الْمَلٰٓىِٕكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ وَ مَنْ | نہ مقرب فرشتوں کو (عار ہے) اور جس شخص کو |
| یَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَ یَسْتَكْبِرْ | خدا کی بندگی سے عار ہوگا، اور بڑائی کریگا تو |
| فَسَیَحْشُرُهُمْ اِلَیْهِ جَمِیْعًا (نساء-۲۴) | خدا سب کو عنقریب اپنے حضور میں جائیگا، |
| لَقَدْ كَفَرَ الَّذِیْنَ قَالُوْۤا اِنَّ اللّٰهَ هُوَ | وہ لوگ کافر ہیں جو کہتے ہیں کہ عیسیٰ بن مریم |
| الْمَسِیْحُ ابْنُ مَرْیَمَ قُلْ فَمَنْ یَّمْلِكُ | خدا ہیں، کہدو کہ اگر خدا یہ چاہے کہ مسیح بن مریم |
| مِنَ اللّٰهِ شَیْـًٔا اِنْ اَرَادَ اَنْ یُّهْلِكَ | کو اس کی ماں کو اور دنیا میں جو کچھ ہے سب کو برباد |
| الْمَسِیْحَ ابْنَ مَرْیَمَ وَ اُمَّهٗ وَ مَنْ فِی | کر دے تو کون ہے، جو خدا کو روک لے، اور |
| الْاَرْضِ جَمِیْعًا ؕ وَ لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ | خدا ہی کے لئے آسمان و زمین اور جو چیزیں ان |
| وَ الْاَرْضِ وَ مَا بَیْنَهُمَا یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ | دونوں میں ہیں، سب کی حکومت ہے، وہ جو چاہے |
| وَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (مائدہ-۳) | کرے، اور خدا ہر چیز پر قادر ہے، |
| وَ اِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسَى ابْنَ مَرْیَمَ | اور جب خدا کہے گا کہ کیوں عیسیٰ! تم نے |
| ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِیْ وَ | لوگوں سے کہدیا تھا کہ خدا کو چھوڑ کر مجھکو اور |
| اُمِّیَ اِلٰهَیْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ قَالَ | میری ماں کو خدا کہو، عیسیٰ عرض کرینگے کہ سبحان اللہ |

(نساء-۲۲-۴)

Marfat.com

سُبْحٰنَكَ مَا يَكُوْنُ لِيْٓ اَنْ اَقُوْلَ مَا لَيْسَ لِيْ بِحَقٍّ ؕ اِنْ كُنْتُ قُلْتُهٗ فَقَدْ عَلِمْتَهٗ ؕ تَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِيْ وَلَآ اَعْلَمُ مَا فِيْ نَفْسِكَ ؕ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ ؕ مَا قُلْتُ لَهُمْ اِلَّا مَآ اَمَرْتَنِيْ بِهٖٓ اَنِ اعْبُدُوا اللّٰهَ رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ ۚ (مائدہ - ۱۶)

میری یہ مجال ہر کہ میں ایسی بات کہوں جس کے کہنے کا مجھے حق نہیں، اگر میں نے کہا ہوگا تو تو جانتا ہوگا، تو میرے دل کی بات جانتا ہو اور میں تیرے دل کی بات نہیں جانتا تو بڑا غیب داں ہو، میں نے لوگوں سے صرف وہی کہا تھا جس کا حکم تو نے مجھ کو دیا تھا، یعنی یہ کہ خدا کی عبادت کرو جو میرا بھی خدا ہے، اور تمھارا بھی،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باوجود اس کے کہ حاصلِ کون و مکان تھے، لیکن بار بار قرآن مجید میں تاکید آتی تھی،

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۔ (کہف - ۱۲)

کہدے اے پیغمبر کہ میں تو تمھاری ہی طرح آدمی ہوں لیکن یہ کہ میری طرف وحی بھیجی جاتی ہو کہ تمھارا خدا ایک خدا ہو،

ایک خاص نکتہ غور کے قابل ہے جس قدر جلیل القدر انبیاء علیہم السلام گذرے ہیں، اُن کے خاص خاص لقب ہیں، مثلاً حضرت موسیٰ کلیم اللہ تھے، حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور حضرت عیسیٰ روح اللہ تھے، لیکن آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم باوجود اس کے کہ اشرفِ انبیاء تھے، آپ کا کیا لقب تھا؟ اور کلمۂ توحید میں، نماز میں، درود میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اسم گرامی کے ساتھ کیا امتیازی وصف شامل کیا گیا؟ صرف رسالت اور عبدیت!

Marfat.com

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ — میں گواہی دیتا ہوں کہ محمد خدا کے بندہ اور رسول ہیں،

اس میں بھی عبدیت کا وصف رسالت پر مقدم ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ایک دفعہ بعض کفار کے حق میں دعائے بد کی، اس پر یہ آیت اُتری[۵۱]

لَیْسَ لَكَ مِنَ الْاَمْرِ شَیْءٌ اَوْ یَتُوْبَ عَلَیْهِمْ — تم کو کچھ اختیار نہیں، خدا چاہیگا، تو ان پر

اَوْ یُعَذِّبَهُمْ فَاِنَّهُمْ ظٰلِمُوْنَ (آل عمران ۱۳) — توجہ کرے گا، یا ان کو عذاب دیگا، کہ وہ ظالم ہیں،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعض کفار کی ہدایت پانے اور اسلام قبول کرنے کے نہایت خواہشمند تھے، اس پر یہ آیت نازل ہوئی،

اِنَّكَ لَا تَهْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ (قصص ۶) — تم جس کو چاہتے ہو اس کو ہدایت نہیں کر سکتے،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے عبداللہ بن ابی کے لئے دعاے مغفرت کی اس پر قرآن مجید میں آیا[۵۲]

اِسْتَغْفِرْ لَهُمْ اَوْ لَا تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ — تم اُن کے لئے مغفرت چاہو یا نہ چاہو، اگر تم

اِنْ تَسْتَغْفِرْ لَهُمْ سَبْعِیْنَ مَرَّةً — ان کے لئے ستر دفعہ بھی مغفرت چاہو گے تو

فَلَنْ یَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ (توبہ - ۱۰) — خدا ان کی مغفرت نہ کرے گا،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ ہر موقع پر اس امر کی تاکید، اور اس کا لحاظ رکھتے تھے کہ لوگ آپ کی زائد از اعتدال مدح نہ کریں، جو منجر ہو کر شرک تک پہنچ جائے، بار بار فرماتے تھے،

لا تطرونی کما اطری الیهود — میری شان میں اس طرح مبالغہ نہ کرو جس طرح

---

۵۱ بخاری غزوہ احد، یہ حدیث بخاری کے مختلف ابواب میں مذکور ہے،

۵۲ بخاری کتاب التفسیر، تفسیر سورہ توبہ،

Marfat.com

یہود و نصاریٰ نے اپنے پیغمبروں کی شان میں کیا، والنصاریٰ[1]،

ایک دفعہ آپ راستہ میں جا رہے تھے، ایک شخص نے دفعۃً آپ کو دیکھا اور اس پر اس قدر رعب طاری ہوا کہ کانپنے لگا، آپ نے فرمایا، ڈرو نہیں، میں ایک قریشی خاتون کا بیٹا ہوں جو گوشت کو خشک کر کے کھایا کرتی تھی[2]،

بنو عامر کا ایک وفد جب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا تو لوگوں نے عرض کی آپ ہمارے سید (آقا) ہیں، آپ نے فرمایا سید خدا ہے، لوگوں نے عرض کی کہ آپ ہم سب سے افضل اور سب سے برتر ہیں، آپ نے فرمایا اچھا، یہ کہو لیکن دیکھو کہیں تم کو شیطان اپنا وکیل نہ بنا لے[3] اصلی الفاظ یہ ہیں،

قولوا بقولکم ولا یستجرینکم الشیطان،

ایک دفعہ ایک شخص نے ان الفاظ میں آپ کو مخاطب کیا "اے ہمارے آقا! اور ہمارے آقا کے فرزند! اور اے ہم میں سب سے بہتر اور سب سے بہتر کے فرزند" آپ نے فرمایا، لوگو! پرہیزگاری اختیار کرو، شیطان تمہیں گرا نہ دے، میں عبد اللہ کا بیٹا محمد ہوں، خدا کا بندہ اور اس کا رسول ہوں، مجھ کو خدا نے جو مرتبہ بخشا ہے، مجھے پسند نہیں کہ تم مجھے اس سے زیادہ بڑھاؤ[4]"

غور کرو کہ رسول کی شان میں یہ الفاظ ناجائز نہیں، مگر توحید کو شرک کے ہر شائبہ سے بچانے کا خیال ہر خیال پر غالب تھا،

۳۔ شرک کا اصلی ضرر یہ ہے کہ خدا سے انسان کو جس درجہ کا تعلق جس قسم کا عجز و نیاز جس مرتبہ درمیانی واسطوں کا مشرکانہ اعتقاد

---

[1] بخاری جلد اول کتاب الانبیاء باب اذکر فی الکتاب مریم [2] شمائل ترمذی و مستدرک جلد ۳ صفحہ ۴۸ علی شرط الشیخین واقعہ فتح مکہ،

[3] ادب المفرد امام بخاری باب ھل یقول سیدی و ابو داؤد کتاب الادب باب کراہیۃ التمادح [4] مسند ابن حنبل جلد ۳ صفحہ ۱۵۳

کی محبت جس درجہ التجا درکار ہے، اس کا رُخ دوسری جانب بدل جاتا ہے، ہزارون لاکھون آدمی
ہین جو اچھی طرح جانتے ہیں کہ دیوتا کائنات اور زمین وآسمان کے خالق نہیں ہیں، تاہم وہ ہر
قسم کی حاجتیں اور مرادین ان ہی دیوتاؤن اور معبودون سے مانگتے ہین، انھی کو حاجت روا جانتے
ہین، اٹھتے بیٹھتے ان ہی کا نام لیتے ہین، ان ہی پر نذر و نیاز چڑھاتے ہیں، غرض براہ راست اُن کو جو تعلق
ہوتا ہے، ان ہی معبودون سے ہوتا ہی خود مسلمانون میں ہزارون لاکھون آدمیون کا طرز عمل
انبیاء و صلحاء بلکہ مزارات کی نسبت اس کے قریب قریب ہی، اس بنا پر مقدم ترین امر یہ ہی کہ معبودون
کی نسبت اس قسم کا خیال نہ پیدا ہونے پائے، بلکہ صاف صاف بتا دیا جائے کہ خدا کے آگے کسی کی
کچھ نہین چل سکتی، اور اس کی مرضی میں کوئی دست اندازی نہیں کرسکتا، حضرت ابراہیم علیہ السلام
نے اپنے باپ سے طلب مغفرت کا وعدہ کیا، تو ساتھ ہی یہ بھی کہہ دیا،

لَاَسْتَغْفِرَنَّ لَكَ وَمَآ اَمْلِكُ لَكَ مِنَ اللّٰهِ مِنْ شَیْءٍ، (ممتحنہ-۱)

میں آپ کے لئے مغفرت کی درخواست ضرور کرون گا لیکن مجھ کو خدا کے سامنے آپ کی نسبت کوئی اختیار نہیں،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ مین نے اپنی والدہ کے لئے استغفار کی اجازت
مانگی تھی، وہ نہیں ملی، البتہ یہ درخواست قبول ہوئی کہ مین اُن کی قبر کی زیارت کرون[ل]،

قرآن مجید مین جب یہ آیت اُتری وَاَنْذِرْ عَشِيْرَتَكَ الْاَقْرَبِيْنَ تو آپ نے خاندان
کے لوگون کو جمع کرکے فرمایا" اے قریشیو! اے اولادِ عبد المطلب! اے عباس! اے صفیہ

ل صحیح مسلم کتاب الجنائز،

اے فاطمہ! میرے مال میں سے جو مانگو میں دے سکتا ہوں لیکن خدا کے ہاں میں تمہارے لئے کچھ نہیں کر سکتا[1]"

قرآن مجید میں نہایت کثرت اور نہایت تشدد کے ساتھ اس مضمون کو ادا کیا گیا کہ تم لوگ جن کو حاجت روا سمجھتے ہو اور جن سے حاجتیں مانگتے ہو، اُن کو کارخانۂ ہستی میں کسی قسم کا اختیار نہیں'

| | |
|---|---|
| قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ | کہدو کہ خدا کے علاوہ تم جن کو پکارتے ہو، |
| فَلَا يَمْلِكُوْنَ كَشْفَ الضُّرِّ عَنْكُمْ وَ | وہ تمہاری مصیبت کے ہٹانے یا بدلنے کا |
| لَا تَحْوِيْلًا اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ | کچھ اختیار نہیں رکھتے، جن کو یہ لوگ پکارتے |
| يَبْتَغُوْنَ اِلٰى رَبِّهِمُ الْوَسِيْلَةَ اَيُّهُمْ | ہیں، وہ (بھی) زیادہ قرب حاصل کرنے |
| اَقْرَبُ وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَهٗ وَيَخَافُوْنَ | کے لئے خود خدا ہی کی طرف وسیلہ ڈھونڈتے ہیں |
| عَذَابَهٗ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ كَانَ | اور اس کی رحمت کے امیدوار رہتے ہیں، اور |
| مَحْذُوْرًا (بنی اسرائیل - ۶) | اس کے عذاب سے ڈرتے ہیں، بے شبہہ |
| | تیرے خدا کا عذاب ڈرنے ہی کے قابل ہے' |

۵۔ شرک کا ایک بڑا ذریعہ خوارقِ عادات کی نسبت غلط فہمی ہے جن اشخاص سے خوارقِ عادات سرزد ہوتے ہیں اُن کی نسبت لوگوں کو پہلے یہ خیال آتا ہے کہ یہ خود خدا نہیں ہیں لیکن اُن میں خدائی کا شائبہ ضرور ہے، ورنہ ایسے افعال کیونکر سرزد ہوتے، جو قدرتِ انسانی سے بالاتر ہیں یہی خیال رفتہ رفتہ دیوتا اور اوتار تک ترقی کرتا ہے، اور بالآخر خدائی تک پہنچا دیتا ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام خوارق خدا کے حکم سے ہوتے ہیں

[1] یہ روایت اس آیت کی تفسیر میں تمام تفسیروں اور حدیث کی کتابوں میں منقول ہے۔

Marfat.com

اسی بنا پر آج چالیس کرور آدمیوں کے خدا، یا خدا کے بیٹے ہیں،

لیکن اس حقیقت سے بھی انکار نہیں ہوسکتا کہ انبیا علیہم السلام سے معجزات صادر ہوتے ہیں، اور یہ امر خصائص نبوت میں ہے، تاہم یہ مسئلہ اسلام کے زمانہ تک مشتبہ اور مجمل رہا، قرآن مجید نے اس کے متعلق حسب ذیل امور بیان کئے گئے ہیں،

(۱) معجزات صادر ہو سکتے ہیں، اور خدا اپنے مقبول بندوں کو معجزات عطا کرتا ہے،

| | |
|---|---|
| وَقَالُوا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّنْ رَّبِّهِ قُلْ إِنَّ اللَّهَ قَادِرٌ عَلَىٰ أَنْ يُنَزِّلَ آيَةً وَلَٰكِنَّ أَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ، (انعام - ۴) | اور کفار کہتے ہیں کہ اُن (آنحضرتؐ) پر کوئی معجزہ خدا کے یہاں سے کیوں نہیں اترا، کہدو کہ خدا اس پر قادر ہے کہ معجزہ نازل کرے، لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے، |

(۲) باوجود اس کے کفار کو معجزہ طلبی سے روکا جاتا تھا، اور کہا جاتا تھا کہ نبوت اور رسالت معجزہ پر موقوف نہیں،

| | |
|---|---|
| وَيَقُولُ الَّذِينَ كَفَرُوا لَوْلَا أُنْزِلَ عَلَيْهِ آيَةٌ مِّنْ رَّبِّهِ إِنَّمَا أَنْتَ مُنْذِرٌ وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ ، (رعد - ۱) | اور کفار کہتے ہیں کہ اُن (آنحضرت) پر کوئی معجزہ خدا کے ہاں سے کیوں نہیں اترا، تم تو صرف ڈرانے والے ہو، اور ہر قوم کے لئے ایک ہادی ہوتا ہے، |
| وَقَالُوا لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتَّىٰ تَفْجُرَ لَنَا مِنَ الْأَرْضِ يَنْبُوعًا ط أَوْ تَكُونَ لَكَ جَنَّةٌ | اور کفار کہتے ہیں کہ ہم تمہارا ایمان نہ لائینگے جب تک تم زمین سے چشمہ نہ نکالدو، یا تمھارے |

| | |
|---|---|
| مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّعِنَبٍ فَتُفَجِّرَ الْاَنْهٰرَ | پاس کھجوروں یا انگوروں کا باغ نہ ہو کہ جس کے |
| خِلٰلَهَا تَفْجِيْرًا ۙ اَوْ تُسْقِطَ السَّمَآءَ | بیچ میں تم نہریں جاری کر دو، یا آسمان کو ٹکڑے |
| كَمَا زَعَمْتَ عَلَيْنَا كِسَفًا اَوْ تَاْتِيَ | ٹکڑے کر کے ہم پر نہ گرا دو، جیسا کہ تمہارا گمان |
| بِاللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ قَبِيْلًا ۙ اَوْ يَكُوْنَ | تھا، یا خدا اور فرشتوں کو ہمارے سامنے |
| لَكَ بَيْتٌ مِّنْ زُخْرُفٍ اَوْ تَرْقٰى | نہ لے آؤ، یا تمہارا گھر سونے کا نہ بنجائے یا تم |
| فِي السَّمَآءِ ۭ وَلَنْ نُّؤْمِنَ لِرُقِيِّكَ | آسمان پر نہ چڑھ جاؤ، اور ہم تو اس چڑھنے |
| حَتّٰى تُنَزِّلَ عَلَيْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ ج | پر بھی یقین نہ لائیں گے، جب تک ہم پر کوئی |
| قُلْ سُبْحَانَ رَبِّيْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا | کتاب نہ اتارو جس کو ہم خود پڑھیں" کہدو کہ |
| رَّسُوْلًا ۝ (بنی اسرائیل ۱۰) | سبحان اللہ میں تو صرف بشر ہوں اور رسول ہوں |

(۳) جو معجزے اس آیت میں کفار نے طلب کئے، وہ ناممکن باتیں نہ تھیں تاہم خدا نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ کو جو جواب تلقین کیا، وہ یہ تھا کہ میں تو بشر ہوں، دوسری جگہ اس کا جواب یہ دیا کہ معجزے تو خدا کے پاس ہیں، یعنی معجزے صادر ہوں گے، تو یہ میرا فعل نہ ہوگا، بلکہ خدا کا ہوگا،

| | |
|---|---|
| وَقَالُوْا لَوْلَآ اُنْزِلَ عَلَيْهِ اٰيٰتٌ مِّنْ | اور کفار کہتے ہیں کہ اُن (آنحضرتؐ) پر اُن کے |
| رَّبِّهٖ ۭ قُلْ اِنَّمَا الْاٰيٰتُ عِنْدَ اللّٰهِ ۭ وَ | خدا کے یہاں سے معجزے کیوں نہیں اترتے، کہدو |
| اِنَّمَآ اَنَا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ۝ اَوَلَمْ يَكْفِهِمْ | کہ معجزے تو خدا کے ہاں ہیں، اور میں تو صرف |
| اَنَّآ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ يُتْلٰى عَلَيْهِمْ | صاف صاف ڈرانے والا ہوں کیا ان |
| اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَرَحْمَةً وَّذِكْرٰى لِقَوْمٍ | (کفار) کے لئے یہ کافی نہیں ہے کہ ہم نے تمہارے |

Marfat.com

لِقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ، ‏ اور یہ کتاب (قرآن) اتاری جو ان پر تلاوت کی جاتی ہے، اس میں بے شبہ ایمان لانے والوں کے لئے رحمت اور یاد رکھنے کی چیز ہے۔ (عنکبوت - ۵)

اسی لئے معجزات کے ذکر میں ہمیشہ باذن اللہ (خدا کی اجازت سے) کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں۔

۶- شرک کی ایک قسم یہ تھی کہ انبیا یا پیشوایان مذہبی کو تحریم و تحلیل کا مجاز سمجھتے تھے یعنی وہ جس چیز کو چاہیں حرام کر دیں، اور جس چیز کو چاہیں حلال ٹھہرا دیں، قرآن مجید میں جب یہ آیت اتری

حرام و حلال کرنا خدا کا کام ہے

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا ‏ ان لوگوں نے اپنے علماء اور درویشوں کو رب بنا لیا ہے، (توبہ - ۵)

تو حضرت عدی[1] نے جو حاتم طائی کے فرزند اور اسلام لانے سے پہلے عیسائی تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عرض کی کہ ہم لوگ اپنے پیشوایان مذہبی کو اپنا رب تو نہیں سمجھتے تھے، آپ نے ارشاد فرمایا کیا تم لوگوں کا یہ اعتقاد نہ تھا کہ یہ لوگ جس چیز کو چاہیں حلال اور جس چیز کو چاہیں حرام کر دیں عرض کی کہ ہاں، آپ نے فرمایا یہی رب بنانا ہے[1] عموماً اہل مذاہب پیغمبروں کو شارع مستقل سمجھتے ہیں لیکن یہ بھی ایک قسم کا شرک ہے، شریعت کی تاسیس، حلال و حرام کی تعیین، جائز و ناجائز کی تفریق امر و نہی کے احکام یہ سب خدا کے ساتھ مخصوص ہیں پیغمبر صرف مبلغ اور پیغام رساں اور تعلیم الٰہی سے ان احکام کے شارح اور بیان کرنے والے ہیں، اسی بنا پر قرآن مجید میں ذات نبوی کی صفت رسالت کو بار بار تاکید اور اصرار کے ساتھ نمایاں کیا گیا ہے۔

---

[1] جامع ترمذی و ابن کثیر تفسیر آیت مذکور،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ قَدْ خَلَتْ | محمد تو صرف ایک رسول ہے اس سے پہلے اور |
| مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ (آل عمران ۱۵) | رسول گذر چکے ہیں، |
| اِنَّمَا الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ | مریم کا بیٹا عیسیٰ، اللہ کا صرف رسول |
| رَسُوْلُ اللّٰهِ (نسا - ۲۳) | تھا، |

اس حصر سے مقصود یہ ہے کہ انبیاء میں خدائی کی کوئی صفت نہیں ہوتی، بلکہ جو کچھ ان میں ہو وہ رسالت اور نبوت کے اوصاف ہیں،

غیر خدا کی مشرکانہ تعظیم

۷۔ شرک کا ایک بڑا ذریعہ یہ تھا کہ جو اعمال اور آداب خدا کے ساتھ مخصوص ہیں، وہ اوروں کے ساتھ بھی برتے جاتے تھے، یہ اگرچہ شرک فی العبادۃ یا شرک فی الصفات ہے لیکن رفتہ رفتہ شرک فی الذات تک منجر ہوتا ہے، سجدۂ عبادت خدا کیساتھ مخصوص ہے لیکن کفار اور دیگر اہل مذاہب بتوں اور مقتدایان دینی کو بھی سجدہ کرتے تھے اور سلاطین و امرار کو سجدہ کرنا عام طور سے رائج تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت سختی سے اس کو روکا، بنو اسرائیل میں سجدۂ تعظیمی یا سجدۂ محبت جائز تھا، چنانچہ حضرت یوسفؑ کو اُن کے والدین نے سجدہ کیا تھا لیکن چونکہ اسلام میں توحید کو انتہائے کمال تک پہنچانا تھا، سجدۂ تعظیمی بھی منع کر دیا گیا، ایک صحابی خدمت اقدس میں آئے، اور عرض کی کہ میں نے اہل عجم کو دیکھا کہ وہ اپنے رئیسوں کو سجدہ کرتے ہیں آپ اجازت دیں تو ہم آپ کو سجدہ کریں آپ نے فرمایا تو کیا میری قبر پہ گذروگے تو اسکو سجدہ کروگے؟ عرض کی نہیں، فرمایا تو اب بھی نہ کرو، اگر میں کسی کو دوسرے کے آگے سجدہ کرنے کا حکم دیسکتا تو بیوی کو حکم دیتا کہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے، اسی طرح ایک اور صحابی ملک شام سے آئے تو آپ کو سجدہ کیا آپ نے

ابوداؤد کتاب النکاح باب فی حق الزوج علی المرأۃ

پوچھا کہ یہ تم نے کیا کیا؟ عرض کی کہ میں نے شام میں رومیوں کو دیکھا کہ وہ اپنے مذہبی افسروں کو سجدہ کرتے ہیں، تو میرا جی چاہا کہ میں بھی آپ کو سجدہ کروں۔ فرمایا ایسا نہ کرو، اگر میں کسی کو خدا کے سوا سجدہ کرنے کا حکم دیتا تو بیوی کو حکم دیتا کہ اپنے شوہر کو سجدہ کرے[1]،

صفات الٰہی کی توحید،

۸۔ شرک کی ایک قسم یہ ہے کہ خدا کے ساتھ جو اوصاف مخصوص ہیں وہ اوروں میں تسلیم کیے جائیں جس کا یہ قدرتی نتیجہ ہے کہ وہ شرکتِ وصف کی بنا پر، خدا کے شریک اور ہمسر بنجائیں، ان میں سے ایک وصف علم غیب ہے، اکثر اہلِ مذاہب اعتقاد رکھتے تھے، اور اب بھی رکھتے ہیں کہ انبیا اور اولیا کو علم غیب ہوتا ہے، بنی اسرائیل کے زمانہ میں کاہنوں کا یہی کام تھا کہ وہ آیندہ واقعات کی پیشین گوئیاں کیا کرتے تھے، عرب میں بھی کاہن یہی پیشہ کرتے تھے، اور مختلف طریقوں سے پیشین گوئی کرتے تھے، کبھی فال سے، کبھی پانسے پھینک کر، اور کبھی یہ ظاہر کر کے کہ اُن کو جنات غیب کا حال بتا جاتے ہیں،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نہایت تاکید اور استقصا کیساتھ اس اعتقاد کو مٹایا، اور علم غیب کی تمام صورتیں باطل کیں، خود قرآن مجید میں نہایت کثرت سے اس کے متعلق آیتیں نازل ہوئیں،

| | |
|---|---|
| وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ (انعام-۷) | اور خدا کے پاس غیب کی کنجیاں ہیں جن کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا، |

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس اجمال کی تفصیل بیان فرمائی، اور فرمایا کہ مفاتیح غیب[2] پانچ ہیں، جن کو خدا کے سوا کوئی نہیں جانتا،

[1] ابن ماجہ باب حق الزوج علی المرأۃ [2] صحیح بخاری کتاب الرد علی الجہمیہ میں تفصیل مذکور ہے،

۱۔ حمل یعنی لڑکا ہوگا یا لڑکی،

۲۔ کل کیا ہوگا،

۳۔ بارش کب ہوگی،

۴۔ کس جگہ موت آئے گی،

۵[1]۔ قیامت کب آئے گی،

اگرچہ علم غیب کی اور بھی صورتیں ہیں لیکن زیادہ تر ان ہی امور کی نسبت لوگ علم غیب کے مدعی تھے، اور ان ہی باتون کو لوگ پہلے سے جاننے کے خواہشمند ہوتے ہیں،

یہان تک کہ خود اپنی ذات سے بھی علم غیب کی نفی کی، ایک دفعہ ایک شادی کے موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف فرما تھے، انصار کی چند لڑکیاں گا رہی تھیں، گاتے گاتے انھون نے یہ گانا شروع کیا،

وفینا رسول یعلم ما فی غد — اور ہم میں ایک ایسا پیغمبر ہے جو کل کی بات جانتا ہے،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے منع فرمایا کہ یہ نہ کہو، وہی کہو جو پہلے گا رہی تھیں[2]، اللہ تعالیٰ نے آپ کو خاص حکم دیا کہ آپ اس حقیقت کو واضح کردیں،

قُلْ لَّآ اَقُوْلُ لَكُمْ عِنْدِیْ خَزَآئِنُ اللّٰهِ وَلَآ اَعْلَمُ الْغَيْبَ، (انعام۔ ۵) — کہدو کہ اے پیغمبر کہ میں یہ نہیں کہتا کہ میرے پاس اللہ کے خزانے ہیں، اور نہ میں غیب کی باتیں جانتا ہوں،

---

[1] صحیح بخاری کتاب الرد علی الجہمیہ میں تفصیل مذکور ہے، [2] صحیح بخاری کتاب النکاح،

اور غیب کا علم صرف خدا کی صفت ہے،

قُلْ لَّا يَعْلَمُ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ الْغَيْبَ اِلَّا اللّٰهُ (نمل ۵) کہدے اے پیغمبر کہ خدا کے سوا آسمانوں مین زمین مین کوئی غیب نہیں جانتا،

غیب دانی کے مدعی کاہن جو عرب کی گلی گلی میں خدع و فریب کا جال پھیلائے بیٹھے رہتے تھے، اور تجانون میں خدائی کرتے تھے، اُن کی سطوت خاک مین مل گئی، بتخانے ویران ہوگئے، تو اُن کے پجاری بھی فنا ہوگئے، صحابہؓ نے آکر پوچھا کہ یارسول اللہ! ہم جاہلیت مین کاہنون کے پاس جایا کرتے تھے، فرمایا اب نہ جایا کرو، عرض کی ہم پرندون سے فال لیا کرتے تھے، فرمایا یہ تمھارا وہم تھا، اس کے سبب سے اپنے ارادہ سے باز نہ رہا کرو۔ بعض لوگون کے سوال کے جواب مین فرمایا کہ کاہن کچھ نہیں، انھون نے کہا یارسول اللہ! ان کی بعض باتین سچی بھی نکل آتی ہین فرمایا شیطان ایک آدھ بات سُن لیتا ہے، اور مرغی کی طرح قرقر کرکے اپنے دوست کے کانون مین ڈالتا ہے، اور وہ اس میں سو باتین جھوٹ ملا دیتا ہے، کبھی فرمایا کہ فرشتون کی زبان سے شیاطین فضائے آسمانی میں چوری چھپے کچھ سُن لیتے ہین، اور کاہن اس مین سیکڑون جھوٹ اپنی طرف سے ملا کر بیان کرتے ہین، جاہلون میں کچھ ایسے مکار ہوتے ہیں، جو چوری کا غائبانہ پتہ بتانے کا دعوی کرتے ہیں، عرب اُن کو عرّاف کہتے تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو کوئی کسی مال کا پتہ پوچھنے کے لئے کسی عرّاف کے پاس جائیگا اسکی چالیس دن کی نماز قبول نہ ہوگی علم نجوم جس کے ذریعہ سے لوگ غیب کا حال دریافت کرلینے کے مدعی بنتے تھے، آپ نے اس کا سیکھنا بھی جادو کی طرح گناہ بتایا، اور فرمایا کہ جو کسی کاہن کے پاس جاکر اسکی باتون کو سچ سمجھے وہ محمد پر جو کچھ اترا ہے اس سے انکار کرتا ہے[۱]"

[۱] مشکوٰۃ باب الکہانۃ میں صحیحین سے یہ حدیثیں نقل کی ہیں، علم نجوم کی حرمت والی حدیث ابوداؤد و ابن ماجہ اور احمد سے لی گئی

ان تعلیمات نے خدا کے علاوہ دوسرون کی غیب دانی کے عقیدہ کا ہمیشہ کے لیے خاتمہ کر دیا کہانت کی گرم بازاری سرد ہوگئی، فال، شگونِ بد، نجوم اور غیب دانی کے دوسرے خدا عانہ طریقے مٹ گئے، پرندون اور پانسون کے ذریعہ سے غیب کا حال دریافت کرنا وہم و وسوسہ قرار پایا، اور غیب کی مملکت پر خدا کے سوا کسی اور کی حکومت قائم نہ رہی،

مخفی قوتون کا ابطال

۹- کائنات مین خدا کے سوا جن غیبی اسباب وعلل یعنی سحر و طلسم، جنات و شیاطین اور ارواحِ خبیثہ اور دوسری قسم کی قوتون کی غیبی قدرت و تصرف کا اعتقاد تھا، اور اُن سے بچنے کے لئے ان کی دہائی پکاری جاتی تھی، نذر چڑھائی جاتی تھی، قربانی کیجاتی تھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم اور وحی نے اُن تمام مزخرفات کا قلع قمع کر دیا، اور خدا کے سوا تمام دوسری مخفی اور پوشیدہ قوتون کا ڈر انسانون کے سینون سے ہمیشہ کیلئے نکال کر پھینک دیا، اور دعا و کلماتِ الٰہی کے سوا، ہر نوع کی جھاڑ پھونک، منتر، تعویذ، گنڈے، ٹوٹکے جن مین کسی غیر خدا سے غیبی استمداد یا شرک کا کلمہ ہو، کفر قرار پائے، اسی قسم کے فاسد خیالات کے استیصال کے لئے ہر نماز مین، اور نماز کی ہر رکعت میں سورۂ فاتحہ کے ضمن مین اس آیت کے پڑھنے کا حکم دیا گیا،

| | |
|---|---|
| اِیَّاکَ نَعْبُدُ وَاِیَّاکَ نَسْتَعِیْنُ، (فاتحہ) | (اے عالم کے پروردگار) ہم تیرے ہی آگے سر جھکاتے ہیں، اور تجھی سے مدد چاہتے ہین' |

سحر و طلسم و جادو اور ٹوٹکے کے متعلق ارشاد خداوندی ہوا،

| | |
|---|---|
| وَمَا هُمْ بِضَآرِّیْنَ بِهٖ مِنْ اَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَیَتَعَلَّمُوْنَ مَا یَضُرُّهُمْ | یہ جادو اور ٹوٹکے کرنے والے کسی کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتے لیکن خدا کے حکم سے اور یہ ہو

وَلَا يَنْفَعُهُمْ ط وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰہُ مَا لَہٗ فِی الْاٰخِرَۃِ مِنْ خَلَاقٍ ط (بقرہ ۱۲)

وہ جادو اور ٹوٹکے) سیکھتے ہیں، جو اُن کو نقصان رساں ہیں، نفع بخش نہیں، اور یقیناً ان کو علم ہو کہ جو اُن کو حاصل کرتا ہے اس کا آخرت میں

یہ بھی اعلان کر دیا گیا کہ سحر و جادو کی حقیقت وہم و تخیل سے زیادہ نہیں فرمایا،

یُخَیَّلُ اِلَیْہِ مِنْ سِحْرِھِمْ اَنَّھَا تَسْعٰی (طہٰ - ۳)

مصری جادوگرون کے جادو سے یہ اس کو خیال ہوتا تھا، کہ وہ دوڑ رہے ہیں،

بلکہ بعض صحابہ نے ان مکار جادوگرون کے قلع قمع کے لئے ان کے قتل تک کا حکم دیدیا[1] تاکہ انسانون کے دلون میں ان کا جو خوف و ہراس بیٹھا ہوا ہے، وہ دور ہو، اور اُن کے اس عاجزانہ قتل ہونے سے یہ ثابت ہو کہ اُن مین کوئی غیر معمولی طاقت نہیں، وہ بالکل بے بس ہیں،

ابوداؤد مین ہے کہ ایک صحابی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں عرض کی کہ یا رسول اللہ! ہم جاہلیت میں جھاڑ پھونک کیا کرتے تھے، اب آپ کیا فرماتے ہیں؟ ارشاد فرمایا کہ تم اپنے منتر ہمارے سامنے پیش کرو، اگر ان میں شرک کی کوئی بات نہ ہو تو کچھ مضائقہ نہیں، ایک اور صحابی نے ایک بیمار پاگل پر سورۂ فاتحہ پڑھ کر دم کی، وہ اچھا ہوگیا، اُس نے اُن کو انعام دیا، انھون نے آکر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے واقعہ عرض کیا، فرمایا کہ میری عمر کی قسم ہر جھاڑ پھونک باطل ہے لیکن تم نے سچی جھاڑ سے روزی کھائی، ایک اور صحابی روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا،

ان الرقی والتمائم والتولۃ

بیشک جھاڑ پھونک، گنڈے اور میاں بیوی

---

[1] جامع ترمذی باب ما جاء فی حد الساحر و ابوداؤد باب اخذ الجزیۃ من المجوس،

Marfat.com

شرک،     (ابوداؤد وابن ماجہ)     کے چھڑانے کے تعویذ شرک ہیں،

ان ہی صحابی کے گھر میں ایک بڑھیا آیا کرتی تھی، گھر والوں نے اس سے کسی بیماری کا کوئی ٹوٹکا کرایا، ایک دھاگا پڑھ کر اس نے باندھ دیا تھا، وہ گھر آئے تو اس دھاگے پر اُن کی نظر پڑی، انھوں نے ہاتھ بڑھایا اور اس کو توڑ کر پھینک دیا، پھر فرمایا کہ عبد اللہ کا خاندان شرک کی باتوں سے مستغنی ہے میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے کہ جھاڑ پھونک، گنڈے، اور میاں بیوی کے چھڑانے کے تعویذ شرک ہیں" اُن کی بیوی نے کہا کیا وجہ ہے کہ ایک دفعہ میری آنکھوں میں کچھ پڑ گیا، جب میں جھاڑتی تھی تو پانی رک جاتا تھا، اور جب چھوڑ دیتی تھی تو پانی بھر آتا تھا، انھوں نے جواب دیا، یہ شیطانی بات ہے، تم نے کیوں وہ نہ کیا، جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کرتے تھے، آنکھوں میں پانی ڈالتیں اور یہ دعا پڑھتیں" اے لوگوں کے پروردگار! اس بیماری کو دور کر، تو ہی شفا دینے والا ہے، تیری شفا بخشی کے سوا کوئی شفا نہیں، ایسی شفا دے کہ پھر کوئی بیماری نہ رہے"[1]

اوہام وخرافات کا ابطال

۱۰۔ وہ تمام اوہام وخرافات جن سے شرک پرست اہل عرب لرزہ براندام رہتے تھے اور جن کو وہ بالذات موثر اور متصرف سمجھتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کا طلسم توڑ دیا اور اعلان فرما دیا کہ انکی کوئی اصل نہیں فرمایا:

| | |
|---|---|
| لا عدوى ولا طيرة، ولا صفر | نہ چھوت ہے نہ بدفالی ہے نہ پیٹ میں بھوک کا |
| ولا هامة، (ابوداؤد وابن ماجہ) | سانپ ہے نہ مردہ کی کھوپڑی سے پرندہ نکلتا ہے؛ |

ایک اور صحابی کی روایت ہے کہ آپ نے فرمایا،

| | |
|---|---|
| العيافة والطيرة والطرق من | پرندوں کی بولی سے فال لینا، ان کے اڑنے سے فال |

[1] یہ تمام روایتیں ابوداؤد جلد دوم باب التمائم و باب ماجاء فی الرقی اور ابن ماجہ باب تعلیق التمائم میں ہیں،

الجبت ، (ابوداؤد وابن ماجہ) لینا اور کنکری پھینک کر یا خط کھینچ کر فال بتانا شیطانی عمل ہے

ایک اور صحابی آپ کا یہ ارشاد نقل کرتے ہین کہ فال نکالنا شرک ہے" پھران صحابی نے کہا کہ ہم صحابہ میں کوئی نہین جو اس کو بُرا نہ سمجھتا ہو، بلکہ خدا پر بھروسہ رکھنا چاہئے[۱] یہ بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ نچھتر (نو) کچھ نہین[۲]" یعنی پانی کی بارش مین اس کو بالذات کوئی دخل نہیں ، اسی طرح غول بیابانی کے متعلق عربون کے جو معتقدات تھے ،ان کو آپ نے ایک لفظ سے باطل کردیا فرمایا،

لاغول ، (ابوداؤد باب فی الطیرۃ) غول بیابانی کچھ نہین ،

بحیرہ اور سائبہ وغیرہ جانورون کے متعلق اُن کے خیالاتِ فاسدہ کا قرآن نے ابطال کیا سورۂ انعام مین اُن کے ان مشرکانہ عقائد اور اعمال کی بتصریح تردید کی گئی اور سورۂ مائدہ مین فرمایا گیا

مَا جَعَلَ اللّٰهُ مِنۡ بَحِيۡرَةٍ وَّلَا سَآئِبَةٍ وَّلَا وَصِيۡلَةٍ وَّلَا حَامٍ (مائدہ ۱۴) خدا نے بحیرہ اور سائبہ اور وصیلہ اور حام نہیں ٹھہرایا،

**بحیرہ** اُس بچہ کو کہتے تھے جس کا کان پھاڑ کر بتون کی نذر کرتے تھے ،

**سائبہ** اُس جانور کو کہتے تھے جو بتوں کے نام پر چھوڑ دیا جاتا تھا ،

**وصیلہ** بعض لوگ نذر مانتے تھے کہ اگر بچہ نر ہو، تو اس کو بُت پر چڑھا ئین گے اور اگر مادہ ہوا تو اپنے پاس رکھیں گے' پھر اگر نر و مادہ پیدا ہوتے تو مادہ کیساتھ نر بھی رکھ لیتے تھے یہ وصیلہ تھا

**حامی** وہ اونٹ جس کے دس بچے بوجھ اٹھانے اور سواری کے لائق ہو چکتے تو دیوتا کے نام پر آزاد کردیا جاتا

یہ اور اسی قسم کے دوسرے اوہام جو عرب میں پھیلے ہوئے تھے ، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے انکا

---

[۱] ابوداؤد وابن ماجہ ذکر فال [۲] ابوداؤد باب الطیرہ ،

Marfat.com

استیصال فرمایا، یہ اوہام پرستی حقیقت میں قوموں کی تباہی کا ایک بڑا سبب ہوتی ہے، یہ اوہام حقیقت کے خلاف ہونے کے علاوہ بہت سے کاموں میں خلل انداز ہوتے ہیں، اور غور سے دیکھو تو ان کا سلسلہ بالآخر کسی نہ کسی شرک تک منجر ہوتا ہے، اور انسان کو صحیح طریق عمل سے روک دیتے ہیں، مثلاً بیماری میں طب کے قاعدہ کے موافق علاج کیا جائے تو مفید ہوگا لیکن بہت سے لوگ وہم پرستی کے بنا پر ٹونے ٹوٹکے کو دافع مرض سمجھتے ہیں، اس قسم کے اوہام عرب میں نہایت کثرت سے پھیلے ہوئے تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان سب کو تصریح اور تعیین کیساتھ باطل قرار دیا، مثلاً

۱۔ عرب کا خیال تھا کہ جب کوئی بڑا شخص مرجاتا ہے تو چاند یا سورج میں گرہن لگتا ہے، حضرت ابراہیمؑ آپکے صاحبزادہ نے جب انتقال کیا تو سورج میں گرہن لگا ہوا تھا، لوگوں نے خیال کیا کہ ان ہی کے مرنے کا اثر ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سنا تو مسجد مین جاکر خطبہ دیا کہ چاند اور سورج خدا کی قدرت کے مظاہر ہیں، کسی کے مرنے سے ان میں گرہن نہیں لگتا،[۱]

۲۔ یہ خیال تھا کہ سانپ اگر مارا جائے، تو اس کا جوڑا آتا ہے اور انسان کو ہلاک کرتا ہے،

۳۔ ایک دفعہ آپ مسجد مین تشریف رکھتے تھے، ایک ستارہ ٹوٹا آپنے دریافت فرمایا کہ جاہلیت میں تم لوگ اس کی نسبت کیا اعتقاد رکھتے تھے، لوگوں نے عرض کی کہ ہمارا اعتقاد تھا کہ جب کوئی بڑا شخص مرجاتا ہے یا کوئی بڑا شخص پیدا ہوتا ہے تو ستارے ٹوٹتے ہیں، آپ نے فرمایا کہ کسی کے مرنے یا پیدا ہونے سے ستارے نہین ٹوٹتے،[۲]

۴۔ شیرخوار بچون کے سرہانے استرا رکھ دیا کرتے تھے کہ جنات ان کو نہ ستائے پائیں، ایک دفعہ

[۱] صحیح بخاری باب الصلوٰۃ الکسوف [۲] مسند ابن حنبل جلد اوّل ص۲۱۸ مصر،

حضرت عائشہؓ نے دیکھا تو اٹھا کر پھینک دیا، اور کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ان باتون کو ناپسند کرتے تھے،

۵۔ نظر بد سے بچنے کے لئے اونٹون کے گلے میں قلادہ لٹکاتے تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حکم دیا کہ کسی اونٹ کے گلے میں قلادہ نہ رہنے پائے[۵]

الغرض توحید کامل کی تعلیم نے عربون کے تمام مشرکانہ اوہام و خرافات کو ہمیشہ کیلئے مٹادیا، اسلام کی اس اصلاحی اہمیت کا اندازہ عیسائیت کی ان مقدس روایات وحکایات سے کرو جنھون نے صدیون تک دنیا کو دیوون، بھوتون اور چڑیلون کے تسلط اور عذاب کے شکنجہ مین مبتلا رکھا، اور ان کو نکالنا اور بھگانا عیسائیت کا کمال اور اعجاز سمجھا جاتا رہا،

کفارہ اور شفاعت کے غلط معنی کی تردید

۱۱۔ شرک کے اسباب میں سے ایک بڑا سبب کفارہ اور شفاعت کے وہ غلط معنی تھے جو عربوں اور عیسائیون وغیرہ میں رائج تھے، عربون نے شفاعت کے جو غلط معنی سمجھ رکھے تھے اس کا اصلی سبب ان کا وہ تخیل تھا، جو خدا اور بندون کے تعلق کی نسبت اُن کے ذہن مین قائم تھا، وہ خدا اور بندون کے درمیان وہی نسبت سمجھتے تھے، جو ایک قاہر وجابر بادشاہ اور اس کی رعایا کے درمیان ہو، اور جس طرح بادشاہ کے دربار تک ایک عام اور معمولی رعایا کی رسائی دربار رس سفارشیون اور مقربون کے بغیر ممکن نہین، اسی طرح اس شہنشاہ کے دربار میں بھی وہ اُس کے دربار رس سفارشیون اور مقربون کے بغیر رسائی ممکن نہیں سمجھتے تھے، اسی لئے وہ ان درمیانی ہستیون کے خوش رکھنے کی ضرورت کے بھی معتقد تھے، چنانچہ وہ اپنے بتون، دیوتاؤن اور فرشتون کو اسی نیت سے پوجتے تھے، اور کہتے تھے،

هٰٓؤُلَاۗءِ شُفَعَاۗؤُنَا عِنْدَ اللّٰهِ (یونس ۲) یہ اللہ کے ہان ہمارے سفارشی ہیں،

---

[۵] ادب المفرد باب الطیرة من الجن صفحہ ۱۸۰، مسرح ۵ موطا امام مالک باب ما جاء فی نزع المعالیق والجرس من العین ص ۳۲۳،

Marfat.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب ان کی اس بُت پرستی پر اُن کو ملامت کی تو انھوں نے صاف کہا

مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا لِيُقَرِّبُوْنَا اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى، (زمر-۱) — ہم اُن کو اسی لئے پوجتے ہیں کہ وہ ہم کو اللہ کے تقرب میں نزدیک کردیں،

یہودیوں میں بھی اسی قسم کی دوسری غلط فہمی تھی، وہ یہ سمجھتے تھے کہ بنی اسرائیل کا گھرانا خدا کا خاص کنبہ اور خاندان ہے اور ان کے خاندان کے پیغمبر اور نبی چونکہ خدا کے پیارے اور محبوب ہیں، اس لئے اُن کی اولاد اور نسل بھی دنیا اور آخرت میں یہی درجہ رکھتی ہے، اگر ان پر کوئی مصیبت بھی پڑے گی، تو بھی اُن کے خاندان کے بزرگ جو خدا کے مقرب اور برگزیدہ ہیں وہ ہر طرح اُن کو اس سے بچالیں گے، اُن کا دعویٰ تھا کہ

نَحْنُ اَبْنٰٓؤُا اللّٰهِ وَاَحِبَّآؤُهٗ (مائدہ ۳) — ہم خدا کی اولاد اور اس کے پیارے ہیں،

قرآن نے کہا

بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ (مائدہ ۳) — بلکہ تم بھی خدا کی مخلوقات میں سے ایک مخلوق ہو، اسی کو اختیار ہے کہ جس کو چاہے بخشے اور جس کو چاہے سزا دے

اور اسی بنا پر اُن کا دعویٰ تھا،

لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ (آلِ عمران-۳) — ہم کو دوزخ صرف چند گنتی کے دن چھو کر چھوڑ دے گی

قرآن نے کہا:

وَغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا — اور یہ اپنے دل سے بنا کر جو جھوٹ عقیدے گھڑ چکے ہیں

یَفْتَرُوْنَ ، (آل عمران) وہ اُن کے مذہب کے بارہ میں اُن کو دھوکا دیرہا ہے

عیسائیوں کا عقیدہ یہ تھا اور ہے کہ باپ (خدا) نے تمام انسانوں کی طرف سے جو موروثی اور طبعی طور سے گنہگار ہیں اپنے اکلوتے بیٹے (حضرت عیسیٰؑ) کو قربانی دیکر اُن کے گناہوں کا کفارہ دیدیا اور وہ گناہوں سے پاک وصاف ہوگئے، اور حضرت عیسیٰؑ اور اُن کے بعد اُن کے جانشین پوپوں کو گناہوں کے معاف کرنیکا اختیار دیا گیا ہے کہ وہ جو زمین پر کھولیں گے وہ آسمان پر کھولا جائیگا اسی لئے پوپوں کے سامنے کے سامنے اعتراف گناہ کا عقیدہ عیسائیوں میں پیدا ہوا اور انکو بندوں کے گناہوں کے معاف کرنیکا دنیا میں حق ملا،

پیغام محمدیؐ نے ان کو ملزم قرار دیا اور کہا،

اِتَّخَذُوْٓا اَحْبَارَهُمْ وَرُهْبَانَهُمْ اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ (توبہ۔۵) انھوں نے خدا کو چھوڑ کر، اپنے عالموں اور راہبوں کو اپنا خدا بنا رکھا ہے،

اور اصولی طور پر اُس نے یہ بتا دیا کہ

وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ (آل عمران۱۴) اور خدا کے سوا کون گناہوں کو معاف کرسکتا ہے

اُن کا عقیدہ تھا کہ بیٹا قیامت کے دن باپ کے داہنے بازو پر برابر بیٹھکر خلق کا عدل و انصاف کریگا قرآن پاک نے ایک بڑے موثر طرز میں اسکی تردید کی ہے قیامت کے دن خدا حضرت عیسیٰؑ سے پوچھیگا،

ءَاَنْتَ قُلْتَ لِلنَّاسِ اتَّخِذُوْنِيْ وَاُمِّيَ اِلٰهَيْنِ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ، (مائدہ۔۱۶) اے عیسیٰؑ! کیا تم نے لوگوں سے کہا تھا کہ خدا کو چھوڑ کر مجھکو اور میری ماں کو خدا بناؤ،

وہ کہیں گے، بار الٰہا! میں نے تو اُن سے وہی کہا جو تو نے کہا تھا، میں نے تو اُن کو یہ تعلیم نہیں دی تھی، میں نے تو اُن سے یہی کہا تھا کہ صرف ایک خدا کو پوجو اب

| | |
|---|---|
| اِنْ تُعَذِّبْهُمْ فَاِنَّهُمْ عِبَادُكَ ۚ وَ | اگر تو ان کو سزا دے تو یہ تیرے بندے ہیں |
| اِنْ تَغْفِرْ لَهُمْ فَاِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ | اور اگر تو بخشدے تو تو سب کچھ کرسکتا ہے |
| الْحَكِيْمُ (مائدہ - ۱۶) | کہ تو غالب اور حکمت والا ہے، |

اس آیت میں یہ بتایا گیا ہے کہ گناہوں کی مغفرت اور معافی یا گناہوں پر سزا اور عذاب دینا صرف خدا کے ہاتھ میں ہے کسی دوسرے کو اس میں کوئی دخل نہیں،

بت پرست عربوں کا عقیدہ بھی یہی تھا کہ یہ دیوتا اور اُن کے یہ بُت خدا کی طرف سے دونوں عالم میں مختار کل ہیں، وہ یہاں دینے نہ دینے کا، اور اس عالم میں بخشنے کا اختیار رکھتے ہیں ان عقیدہ کا نام ان کے یہاں "شفاعت" تھا، اور یہ دیوتا ان کے شفیع تھے، قرآن مجید نے کفارہ غیر خدا کے اختیار مغفرت، اور بت پرستانہ طریقۂ شفاعت کے عقائد باطلہ کی ہر طرح تردید کی، اور بتایا کہ یہ اختیار خدا کے سوا کسی اور کو نہیں سب اسکی عظمت و جلال کے سامنے عاجز اور درماندہ ہیں،

| | |
|---|---|
| وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ | یہ کافر خدا کو چھوڑ کر جن کو پکارتے ہیں وہ شفاعت |
| دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ | کا اختیار نہیں رکھتے لیکن وہ جس نے حق کی |
| بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ (زخرف ۷) | شہادت دی، اور وہ جانتے بھی ہوں، |
| لَا يَمْلِكُوْنَ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنِ اتَّخَذَ | یہ شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے لیکن وہ |
| عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَهْدًا (مریم - ۶) | جس نے رحم والے خدا سے اقرار لے لیا، |
| ءَاَتَّخِذُ مِنْ دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ | کیا خدائے برحق کو چھوڑ کر جھوٹے معبودوں |
| الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ | کو خدا بناؤں اگر رحمن مجھے نقصان پہنچانا |

Marfat.com

شَيْئًا وَّلَا يُنْقِذُوْنِ ، (یٰسٓ - ۲)

چاہے تو اُن کی شفاعت مجھے ذرا بھی فائدہ فائدہ نہیں پہونچا سکتی، اور نہ وہ مجھے چھڑا

کفار فرشتوں کو بھی اسی غرض سے پوجتے تھے، حکم ہوا،

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا اِلَّا مِنْ بَعْدِ اَنْ يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَرْضٰى ٥ (نجم - ۲)

اور کتنے فرشتے ہیں آسمانوں میں کہ اُن کی شفاعت کچھ فائدہ نہیں پہونچاتی لیکن اس کے بعد کہ اللہ اجازت دے، جس کے لئے چاہے اور پسند کرے،

اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَآءَ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْئًا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ - (زمر - ۵)

کیا اُن کافروں نے خدا کے سوا کو شفیع بنایا ہے؛ کہدے کہ اگر یہ کچھ اختیار اور سمجھ بوجھ نہ رکھتے ہوں، تو بھی؟ (شفیع بننے کے قابل ہیں؟)

خدا قیامت میں اُن سے کہے گا،

وَمَا نَرٰى مَعَكُمْ شُفَعَآءَكُمُ الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ اَنَّهُمْ فِيْكُمْ شُرَكٰٓؤُا ، (انعام - ۱۱)

اور ہم دیکھتے نہیں، تمہارے ساتھ تمہارے ان شفیعوں کو جن کو تم سمجھتے تھے کہ وہ تمہاری ملکیت میں خدا کے ساتھ شریک ہیں،

وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ يُبْلِسُ الْمُجْرِمُوْنَ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُمْ مِّنْ شُرَكَآئِهِمْ شُفَعٰٓؤُا (روم - ۲)

اور جب قیامت قائم ہوگی تو مشرکین نا امید ہوں گے کہ جن کو وہ خدا کا شریک کار بتاتے تھے، ان میں سے کوئی اُن کا شفیع نہ ہوا،

Marfat.com

خاص یہود کو مخاطب کرکے اُن کے عقیدہ کی تردید مین کہا گیا،

| | |
|---|---|
| یٰبَنِیٓ اِسْرَآءِیْلَ ........ | اے فرزندانِ اسرائیل ........ |
| وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ | اور ڈرو اُس دن سے جس میں کوئی ایک دوسرے |
| نَّفْسٍ شَیْـًٔا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْھَا شَفَاعَۃٌ | کے وہ کام نہ آیگا، اور نہ اس کی طرف سے کوئی |
| وَّلَا یُؤْخَذُ مِنْھَا عَدْلٌ وَّلَا ھُمْ | شفاعت قبول کی جائیگی، اور نہ کچھ اس کے بدلے |
| یُنْصَرُوْنَ، (بقرہ ع-۶) | مین لیا جائیگا اور نہ کوئی اُن کو مدد پہنچائی جائیگی |

پھراسی معنی کی آیت اسی سورہ میں دوسری جگہ ہے،

| | |
|---|---|
| یٰبَنِیٓ اِسْرَآئِیْلَ ........ | اے فرزندانِ اسرائیل ........ |
| وَاتَّقُوْا یَوْمًا لَّا تَجْزِیْ نَفْسٌ عَنْ | اور ڈرو اس دن سے جس مین کوئی کسی کے |
| نَّفْسٍ شَیْـًٔا وَّلَا یُقْبَلُ مِنْھَا عَدْلٌ | ذرا بھی کام نہ آیگا، اور نہ اسکی طرف سے کوئی |
| وَّلَا تَنْفَعُھَا شَفَاعَۃٌ (بقرہ ع ۱۵) | بدلہ قبول ہوگا اور نہ شفاعت فائدہ دے گی |

اور اسی معنی مین مسلمانوں سے بھی کہا گیا کہ وہ عمل پیش کرین شفاعت کے بھروسہ نہ رہین

| | |
|---|---|
| یٰٓاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَنْفِقُوْا مِمَّا | اے مسلمانو! جو کچھ ہم نے تم کو روزی دے رکھی |
| رَزَقْنٰکُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ یَّاْتِیَ یَوْمٌ | ہے، اس مین سے کچھ خرچ کردیا کرو اس دن |
| لَّا بَیْعٌ فِیْہِ وَلَا خُلَّۃٌ وَّلَا شَفَاعَۃٌ | کے آنے سے پہلے جس مین نہ لین دین ہے نہ دوستی |
| (بقرہ ع-۳۴) | ہے نہ شفاعت ہے، |

غرض آپ کے پیغام نے ان معنوں مین شفاعت کے عقیدۂ باطل کی ہر جگہ تردید کی ہے

Marfat.com

وراعلان کیا ہے کہ اس شفاعت کا اختیار صرف خدا کے ہاتھ میں ہے۔

| | |
|---|---|
| اَمِ اتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰہِ شُفَعَآءَ | کیا انھوں نے خدا کے سوا اوروں کو شفیع بنا رکھا |
| قُلْ اَوَلَوْ کَانُوْا لَا یَمْلِکُوْنَ شَیْئًا | ہے کہدے کہ اگرچہ ان کو کسی چیز کا اختیار نہو اور |
| وَّلَا یَعْقِلُوْنَ ط قُلْ لِّلّٰہِ الشَّفَاعَۃُ | نہ ان کو سمجھ ہو تو بھی، کہدے کہ شفاعت کا کل اختیار |
| جَمِیْعًا ط لَہٗ مُلْکُ السَّمٰوٰتِ وَ | خدا ہی کو ہے، اسی کا راج آسمانوں اور زمین میں |
| الْاَرْضِ ثُمَّ اِلَیْہِ تُرْجَعُوْنَ (زمر-۵) | ہے، پھر اسی کی طرف تم لوٹائے جاؤگے، |

اس آیتِ پاک نے کفار و مشرکین کے عقیدۂ شفاعت کی قطعی طور سے تردید کی، دوسری آیت میں یہود و نصاریٰ کے عقیدۂ شفاعت کا صرف اتنا حصہ تسلیم کیا کہ خدا کے نیک بندے اپنے دوسرے بھائیوں کے حق میں شفاعت کریں گے،

| | |
|---|---|
| وَلَا یَمْلِکُ الَّذِیْنَ یَدْعُوْنَ مِنْ | اور یہ لوگ خدا کو چھوڑ کر جن کو پکارتے ہیں، وہ |
| دُوْنِہِ الشَّفَاعَۃَ اِلَّا مَنْ شَہِدَ | شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے لیکن وہ جنھوں نے |
| بِالْحَقِّ وَھُمْ یَعْلَمُوْنَ، (زمر-۷) | حق کی گواہی دی اور وہ دانش رکھتے ہیں، |

دوسری جگہ اسی شہادت کو اقرار لینا کہا گیا ہے،

| | |
|---|---|
| لَا یَمْلِکُوْنَ الشَّفَاعَۃَ اِلَّا مَنِ | یہ لوگ شفاعت کا اختیار نہیں رکھتے لیکن وہ |
| اتَّخَذَ عِنْدَ الرَّحْمٰنِ عَہْدًا، | جو خدا کے نزدیک (دنیا میں اپنے عمل کے |
| (مریم-۶) | ذریعہ سے) اقرار لے چکا ہے، |

لیکن اس شہادتِ حق اور عہدِ الٰہی کے باوجود اس اختیار کے استعمال کیلئے اللہ تعالیٰ

Marfat.com

کی اجازت اور رضامندی شرط ہے،

مَا مِنْ شَفِیْعٍ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اِذْنِهٖ (یونس - ۱)

(خدا کی بارگاہ میں) کوئی شفیع نہیں لیکن اسکی اجازت کے بعد،

مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ (بقرہ - ۳۴)

وہ کون ہے جو خدا کے سامنے کسی کی شفاعت کر سکے لیکن اس کی اجازت سے،

وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِی السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِیْ شَفَاعَتُهُمْ شَیْــًٔا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ اَنْ یَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَیَرْضٰى (نجم ۲)

اور کتنے فرشتے ہیں آسمانوں میں کہ اُن کی شفاعت ذرا بھی کام نہیں آسکتی، البتہ اس کے بعد کہ خدا اجازت دے جس کو چاہے اور پسند کرے،

لَا یَتَكَلَّمُوْنَ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا (نباء - ۲)

یہ فرشتے اور روح کوئی خدا سے اس دن بات کر سکیگا لیکن جسکو وہ رحم والا اجازت دے اور ٹھیک کہے

پھر شفاعت بھی ان ہی لوگوں کے حق میں ہو سکے گی جن کے حق میں اللہ تعالیٰ انبیاء اور صالحین کو اس کی اجازت دے گا، فرمایا،

وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ، (سبا - ۳)

اور شفاعت خدا کے نزدیک نفع نہ دیگی لیکن اسکے لئے جس کیلئے وہ شفاعت کی اجازت دے،

یَوْمَئِذٍ لَّا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ اِلَّا مَنْ اَذِنَ لَهُ الرَّحْمٰنُ وَرَضِیَ لَهٗ قَوْلًا، (طٰہٰ - ۶)

اُس دن شفاعت نفع نہ دے گی لیکن اسکو جس کے لئے خدا اجازت دے، اور اس کیلئے بات کرنا پسند کرے،

Marfat.com

بلکہ خود انبیاء علیہم السّلام بھی سفارش ان ہی کی کریں گے جن کی سفارش خدا خود چاہیگا فرمایا

وَلَا يَشْفَعُونَ إِلَّا لِمَنِ ارْتَضَىٰ وَهُم مِّنْ خَشْيَتِهِ مُشْفِقُونَ ، (انبیاء - ۲)

اور وہ شفاعت نہیں کریں گے لیکن اس کی جس کے لئے خدا اپنی خوشنودی ظاہر کرے اور وہ اس کے خوف سے ترساں ہوں گے،

پھر ایک جماعت ایسی بھی ہے جس کے افراد کے لئے ازل ہی سے یہ اعلانِ عام ہو چکا ہے کہ ان کے لئے مغفرت اور شفاعت کا دروازہ بند ہے، اور یہ وہ مجرم ہیں جن کے دل حق کی شہادت سے محروم رہ گئے،

فَمَا تَنفَعُهُمْ شَفَاعَةُ الشَّافِعِينَ (مدثر - ۲)

تو ان کو شفاعت کرنے والوں کی شفاعت نفع نہ دے گی،

وَمَا لِلظَّالِمِينَ مِنْ حَمِيمٍ وَلَا شَفِيعٍ يُطَاعُ ، (مومن - ۲)

ظالموں (مشرکوں[1]) کا نہ کوئی دوست (اس دن) ہوگا، اور نہ کوئی شفیع جس کی بات مانی جائے،

اور وہ بدنصیب گروہ جس کے حق میں رحمت کا یہ دروازہ بند رہے گا، مشرکین ہیں، جیسا کہ ذیل کی آیت سے ظاہر ہے،

إِنَّ اللَّهَ لَا يَغْفِرُ أَن يُشْرَكَ بِهِ وَيَغْفِرُ مَا دُونَ ذَٰلِكَ لِمَن يَشَاءُ ، (نساء - ۱۸)

اللہ اس گناہ کو کہ اس کے ساتھ کوئی شریک ٹھہرایا جائے نہیں بخشتا، اور اس سے نیچے کے گناہ جس کو چاہے بخش دے،

[1] إِنَّ الشِّرْكَ لَظُلْمٌ عَظِيمٌ (لقمان - ۲) بیشک شرک بڑا ظلم ہے (صحیح بخاری ذکر لقمانؑ، جلد اص ۴۸۰)

Marfat.com

لیکن اب ایسی حالت میں جب کہ وہی شفاعت کر سکیں گے جن کو اللہ تعالیٰ اس کی اجازت دیگا، اور وہ بھی ان ہی کی شفاعت کریں گے جن کی شفاعت کرانا خود خدا کو منظور ہوگا، تو حقیقت میں خود اللہ ہی اپنے دربار میں اپنا آپ شفیع ہوگا، یا صوفیانہ اصطلاح میں یوں کہو کہ جلالِ الٰہی کی بارگاہ میں اُس کی صفتِ کریمی و رحیمی خود شفیع بن کر کھڑی ہوگی، اسی لئے ارشاد ہوا،

| | |
|---|---|
| وَاَنْذِرْ بِهِ الَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ اَنْ يُّحْشَرُوْا | اور اس قرآن کے ذریعہ (اے پیغمبر) ان لوگوں |
| اِلٰى رَبِّهِمْ لَيْسَ لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ | کو ہشیار کردے جو اس سے ڈرتے ہیں کہ وہ اپنے |
| وَلِيٌّ وَّلَا شَفِيْعٌ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُوْنَ، | رب کے پاس جمع کئے جائیں گے اُن کے لئے |
| (انعام - ۵) | اُن کے رب کے سوا کوئی حامی اور شفیع نہیں شاید |
| مَا لَكُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ وَّلِيٍّ وَّلَا | خدا کے سوا تمہارا کوئی حامی اور شفیع نہیں، |
| شَفِيْعٍ اَفَلَا تَتَذَكَّرُوْنَ (سجدہ - ۱) | پھر کیا تم سوچتے نہیں، |

خدا کی اس صفتِ کریمی و رحیمی کے مظہر اس دنیا میں بھی وہی ہوں گے، جو اس دنیا میں اُس کے مظہر بن کر آئے تھے، اور وہ انبیاے کرام ہیں کہ خدا کے رحم و کرم ہی کے سبب سے جو اس کو اس دنیا کے ساتھ ہے، ان انبیاء کی بعثت ہوئی اور وہ اپنی اپنی اُمت پر شاہد قرار پائے، اسی طرح خدا کی اجازت کے بعد اس دنیا میں بھی وہی خدا کے اُس رحم و کرم و فضلِ عمیم کے مظہر قرار پائیں گے، نیز رحمت کے فرشتے اور امت کے نیکوکار اور صالح افراد بھی جن کو رحمتِ الٰہی نے چنا ہو، اس منصب پر ممتاز ہو سکیں گے، خصوصاً وہ سراپا رحمت جو اس دنیا میں رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ کا مظہر بن کر آیا،

Marfat.com

اجرام سماوی کی قدرت کا انکار

۱۲- بظاہر دنیا مین بہت سی باتیں آفتاب ماہتاب کی گردش، اور اُن کے سبب سے اختلاف موسم کے اثرات سے ہوتی ہیں، اس لئے ستارہ پرست قومون مین یہ اعتقاد پیدا ہوگیا تھا کہ دنیا مین جو کچھ ہوتا ہے وہ ستارون کی گردش کے اثر سے ہوتا ہے، یہی اعتقاد عرب کے مشرکون مین بھی پھیلا تھا، وہ سورج اور چاند کو سجدے کرتے تھے، اسلام نے اُن کو اس شرک سے روکا اور کہا،

لَا تَسْجُدُوْا لِلشَّمْسِ وَلَا لِلْقَمَرِ (فصلت ۵) سورج اور چاند کو سجدے نہ کیا کرو،

اسی طرح وہ زمانہ کو دنیا کے کاروبار مین حقیقی مؤثر جانتے تھے، اور یہ کہتے تھے،

وَمَا يُهْلِكُنَا إِلَّا الدَّهْرُ (جاثیہ-۳) ہم کو تو زمانہ مارتا ہے،

اسی کا اثر ہے کہ ہماری شاعری کی زبان میں "فلک کج رفتار" اور "دہر ناہنجار" کی شکایت اب تک چلی جاتی ہی، عرب کے مشرکین بھی اسی طرح بولا کرتے تھے، اُن کو جب کوئی خلاف توقع تکلیف پہونچتی تھی، تو زمانہ کی شکایت کرتے تھے، اور اُس کو بُرا کہتے تھے[۱] آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع کیا، اور فرمایا کہ زمانہ کو گالی نہ دیا کرو کہ زمانہ خود خدا ہی[۲] اور فرمایا کہ خدا ارشاد فرماتا ہی کہ آدم کا بیٹا مجھے تکلیف پہنچاتا ہی، وہ زمانہ کو بُرا کہتا ہی زمانہ مین ہون، میری ہاتھ مین تمام کام ہین، مین شب وروز کا انقلاب کرتا ہون[۳] یعنی زمانہ کو جن تکلیفون اور مصیبتون کا خالق سمجھ کر لوگ بُرا کہتے ہین حقیقت مین اُن کا پیدا کرنے والا خدا ہی ہی، اس لئے یہ گالی حقیقت مین خدا کو دیجاتی ہے،

اسی خیال کا یہ بھی اثر تھا کہ اہل عرب بارش کو نچھتر کی طرف منسوب کیا کرتے تھے، اور کہا کرتے

---

۱ فتح الباری شرح بخاری جلد ص ۴۴۱ وکتاب الاسماء والصفات بیہقی صفحہ ۱۱۵ الہ آباد ۲ صحیح مسلم الفاظ الادب،

۳ صحیح بخاری تفسیر سورۂ جاثیہ وکتاب الرد علی الجہمیہ جلد ۲ صفحہ ۱۱۱۶،

Marfat.com

تھے کہ فلاں نچھتر کے سبب سے ہم پر پانی برسایا گیا، حدیبیہ کے موقع پر اتفاق سے رات کو بارش ہوئی صبح کو نماز کے بعد آپ صحابہ کی طرف مخاطب ہوئے اور فرمایا، "تم جانتے ہو تمھارے رب نے کیا کہا" صحابہؓ نے عرض کی کہ "خدا اور اس کا رسول زیادہ جانتا ہے"، ارشاد ہوا "اس نے فرمایا آج صبح کو میرے بندوں میں سے کچھ مومن ہو کر اٹھے، اور کچھ کافر ہو کر جنھوں نے یہ کہا کہ خدا کے فضل و رحمت سے ہم پر پانی برسا، وہ تو خدا پر ایمان لانے والے اور ستارہ کے انکار کرنے والے ہیں، اور جنھوں نے یہ کہا کہ فلاں نچھتر سے پانی ہم پر برسا تو وہ خدا کے انکار کرنے والے اور ستارہ پر ایمان لانے والے ہیں"[1]

سورج گرہن اور چاند گرہن کو بھی لوگ عظیم الشان واقعات اور انقلابات کی علامت سمجھتے تھے، کم و بیش دنیا کی تمام قوموں میں وہ آسمانی دیوتاؤں کے غیظ و غضب کے مظہر تعین کئے جاتے تھے، سنہ ۹ھ میں اتفاق سے ایک دن سورج میں گرہن لگا، اور اسی دن آپ کے صاحبزادہ حضرت ابراہیمؑ نے وفات پائی، صحابہ نے یہ خیال کیا کہ یہ سورج میں گرہن لگنے کا سبب، حضرت ابراہیم کی موت ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے جب یہ سُنا تو تمام مسلمانوں کو مسجد میں جمع ہونے کا حکم دیا، اور ایک بلیغ خطبہ ارشاد فرمایا جس میں اس خیال کی تردید کی، فرمایا کسوف و خسوف اور (گرہن) کو کسی کے جینے مرنے سے کوئی تعلق نہیں، یہ بھی خدا کے نشانوں میں سے ایک نشان ہے[2]

غیر خدا کی قسم سے روکنا

۱۳۔ شرک کی ایک نہایت ہی باریک صورت یہ تھی کہ لوگ غیر خدا کی قسمیں کھاتے تھے، قسم کھانے کے معنی حقیقت میں شہادت کے ہیں، جس کی قسم کھائی جاتی ہے، اس کو دراصل واقعہ پر گواہ بنایا جاتا ہے عرب، میں بت پرستی کے رواج کے باعث بتوں اور دیوتاؤں کی قسمیں

[1] صحیح بخاری باب الاستغفار و باب الذکر بعد الصلوٰۃ و صحیح مسلم کتاب الایمان [2] صحیح بخاری صلوٰۃ الکسوف،

Marfat.com

کھائی جاتی تھیں، جو صریح کفر تھا، قریش اپنے دیوتا لات اور عزّیٰ کی قسمیں کھایا کرتے تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس سے منع فرمایا[۱] لیکن رواج اور عادت کے باعث مسلمان ہونے کے بعد بھی بے اختیار اُن کی زبان سے اُن کی قسمیں نکل جاتی تھیں آپ نے فرمایا کہ جس شخص کی زبان سے لات اور عزّیٰ کی قسم نکل جائے تو وہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ کہہ لے" یہ گویا اس کفر کے کلمہ سے توبہ ہے، قریش میں باپ کی قسم کھانے کا بھی رواج تھا، اس سے بھی آپ نے منع فرمایا، ایک دفعہ حضرت عمرؓ کو آپ نے باپ کی قسم کھاتے سنا تو آپ نے فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ نے تم کو اس سے منع کیا ہے کہ اپنے باپ کی قسم کھایا کرو جس کو قسم کھانی ہو وہ یا تو خدا کی قسم کھائے اور یا چپ رہے" حضرت عمرؓ کہتے ہیں کہ "حضورؐ کے ارشاد کا یہ اثر ہوا کہ اس وقت سے آج تک میں نے نہ تو اپنی بات میں اور نہ کسی اور کی بات دہرانے میں کبھی باپ کی قسم کھائی"[۲] اُن کی قسم بھی لوگ کھایا کرتے تھے، اس سے بھی آپ نے منع فرمایا، اسی طرح کعبہ کی بھی قسم لوگ کھایا کرتے تھے، اس پر ایک یہودی نے آکر مسلمانوں کو طعنہ دیا کہ تم بھی شرک کرتے ہو کعبہ کی قسم کھاتے ہو، آپ نے مسلمانوں سے فرمایا کہ کعبہ نہیں بلکہ کعبہ والے (خدا) کی قسم کھایا کرو[۳] ایک دفعہ حضرت عبداللہ بن عمرؓ نے کسی کو کعبہ کی قسم کھاتے سُنا تو اُس کو منع کیا، اور کہا کہ غیر خدا کی قسم نہ کھائی جائے، میں نے رسول خدا صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ کہتے سنا ہے کہ جس نے غیر خدا کی قسم کھائی، اُس نے کفر کیا، یا شرک کیا[۴]" دوسری روایت میں ہے کہ "ہر وہ قسم جو غیر خدا کی کھائی جائے شرک ہے[۵]"

---

[۱] سنن نسائی کتاب الایمان والنذور [۲] یہ تمام واقعات صحیح بخاری صحیح مسلم نسائی کتاب الایمان میں مذکور ہیں [۳] نسائی کتاب النذور [۴] جامع ترمذی ابواب النذور والایمان و مستدرک حاکم ص ۱۸ جلد ا کتاب الایمان [۵] مستدرک حاکم بحوالہ کنز

Marfat.com

خدا کی مشیت میں کوئی شریک نہیں

۱۴۔ اکثر نیک لوگون کی نسبت یہ سمجھا جاتا ہے کہ اُن کی مشیت عین خدا کی مشیت ہی، اس مین نہ صرف بدعقیدہ لوگ بلکہ اہل توحید بھی غلطی سے مبتلا ہوجاتے ہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لوگون کو اس دقیق غلطی سے بھی آگاہ کیا، اور بتایا کہ دنیا مین مشیت صرف خدا کی ہی، اسی کی خواہش کے مطابق دنیا چل رہی ہی، تمام مشیتین اور خواہشیں اسی کی مشیت اور خواہش کے ماتحت ہین، اس کے ساتھ کسی مخلوق کی مشیت، عالم کے کاروبار مین شریک نہین لیکن لوگون نے خدا کی مشیت کیساتھ اورون کی مشیت کو بھی شریک کرلیا تھا، توحید کامل کے معلم صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خیال کی سختی سے تردید کی، اور قرآن مجید نے جابجا اس حقیقت کو واضح کیا کہ مشیت الٰہی کے علاوہ کوئی اور حقیقی مشیت نہین، تمام دیگر مشیتیں اس کی تابع اور ماتحت ہین، عقیدہ کی یہ غلطی اس قدر عام تھی کہ جو لوگ عقیدۃً نہین رکھتے تھے، وہ بھی سلاطین، حکام اور بزرگون کیساتھ گفتگو مین یہ کہنا حسن ادب سمجھتے تھے کہ جو خدا چاہے اور جو حضور چاہیں"، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس طرز کلام سے منع فرمایا، یہانتک کہ خدا کی مشیت کیساتھ برابری سی خود اپنی مشیت کے ذکر سے بھی صحابہ کو روکا، اس قسم کا طرز کلام لوگون کی زبانون پر چڑھ گیا تھا انہیں یہ تصحیح فرمائی کہ خدا اور غیر کی مشیت کے درمیان عطف کا واؤ (اور) نہ لایا جائے کہ اس سے برابری کا شائبہ نکلے "بلکہ پھر" کا لفظ بولا جائے تاکہ معلوم ہو کہ خدا کی مشیت کے بعد اورون کی مشیت کا درجہ ہی، نسائی میں ہے کہ ایک یہودی نے خدمتِ نبوی مین آکر مسلمانوں سے کہا کہ "تم لوگ شرک کرتے ہو کہتے ہو کہ "جو خدا چاہے اور جو محمد چاہین"، آپ نے صحابہ کو مخاطب کرکے فرمایا یوں کہو کہ "وہ ایک ہے جو چاہے، پھر جو آپ چاہین[1]" یہی واقعہ ابن ماجہ مین اس طرح ہے کہ ایک صحابی نے خواب

[1] نسائی کتاب الایمان والنذور،

Marfat.com

میں دیکھا تھا کہ ایک یہودی یا عیسائی اُن سے کہہ رہا ہے کہ "تم مسلمان بڑے اچھے لوگ ہوتے اگر شرک نہ کیا کرتے، تم کہا کرتے ہو کہ "خدا جو چاہے اور جو محمد چاہیں" ان صحابی نے خدمت اقدس میں آکر اپنا یہ خواب بیان کیا، آپ نے فرمایا میں اس فقرہ کی بُرائی جانتا تھا، یوں کہو کہ "جو خدا چاہے" پھر جو محمد چاہیں"[1] ابوداؤد میں بھی تعلیم اس واقعہ کی تقریب کے بغیر اس طرح مذکور ہے کہ آپ نے صحابہ سے فرمایا کہ "یہ نہ کہا کرو کہ جو خدا چاہے اور جو فلان چاہے، بلکہ یوں کہو کہ جو خدا چاہے پھر جو فلان چاہے" لیکن امام بخاری نے ادب المفرد میں اور بیہقی نے کتاب الاسماء میں جو روایت کی ہے اس سے ثابت ہوتا ہے کہ خدا کے ساتھ کسی اور کی مشیت کا نام بھی نہ لینا چاہئے، ایک شخص نے خدمت والا میں حاضر ہو کر سلسلۂ کلام میں کہا کہ "جو خدا چاہے اور جو آپ چاہیں" ارشاد ہوا کہ "تم نے خدا کا ہمسر اور مقابل ٹھہرایا، جو خدا چاہے مَا شَاءَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ"[2]

اس سلسلہ میں یہانتک اہتمام مدنظر تھا کہ اس سے بھی منع فرمایا کہ خدا اور رسول کی طرف ایک ضمیر پھیر کر ایک فعل لایا جائے تاکہ یہ سمجھا جائے کہ خدا اور رسول کا درجہ برابر برابر ہے ایک دفعہ آپ کے سامنے کسی شخص نے خطبہ کے اثنا میں یہ فقرہ کہا "جس نے خدا اور رسول کی اطاعت کی اس نے ہدایت پائی، اور جس نے اُن دونوں کی نافرمانی کی" یہانتک اس نے کہا تھا کہ آپ نے اس کو روک دیا، اور فرمایا "اُٹھ جاؤ تم بُرے خطیب ہو"[3] آپ نے آزردگی کا اظہار اس لئے فرمایا کہ ان دونوں کو ساتھ کہنے سے سامعین پر یہ اثر پڑتا ہے کہ خدا کی اور رسول کی نافرمانی کا حکم برابر ہے

۱؎ ابن ماجہ کتاب النذور ۲؎ ابوداؤد کتاب الادب باب لاتقولوا خبثت نفسی ۳؎ ادب المفرد امام بخاری ص۵۵ مصر و کتاب الاسماء والصفات امام بیہقی صفحہ ۱۱۰ مطبوعہ الہ آباد۔

Marfat.com

اور اس مین شرک کا شائبہ ہے، اس لئے خطیب کو یون کہنا چاہیے تھا کہ اور جو خدا کی اور رسول کی نافرمانی کریگا وہ ......" جیسا کہ قرآن پاک میں بار بار آیا ہے، اور ماثورہ خطبون مین بھی منقول ہے،

مشتبہات شرک کی ممانعت

۱۵۔ جن باتون مین شرک کا ذرا بھی شائبہ پایا جاتا تھا، اُن سے بالکل منع کر دیا، لوگ اولاد کا نام آفتاب، ماہتاب وغیرہ کی عبدیت کیساتھ رکھتے تھے مثلاً عبد الشمس، عبد مناف، ان نامون سے سخت منع فرمایا، ارشاد ہوا کہ بہترین نام عبد اللہ اور عبد الرحمٰن ہین[1]، اہل عجم اپنے سلاطین کو شاہنشاہ یعنی تمام بادشاہون کا بادشاہ کہتے تھے، چونکہ اس میں شرک کا احتمال تھا، آنحضرت[2] نے فرمایا کہ یہ نام خدا کو سب سے زیادہ ناپسند ہے[3]، دوسری روایت مین ہے کہ آپنے فرمایا اس شخص پر اللہ کا بعید غضب ہو جس نے اپنے کو شہنشاہ کہا، خدا کے سوا کوئی بادشاہ نہین (حاکم فی المستدرک ص ۲۷۵ ج ۴)

غلامون کو لوگ عبد یعنی بندہ کہتے تھے، حالانکہ انسان خدا کا بندہ ہے، آدمیون کا نہین، اسی طرح غلام اپنے مالک کو "رب" کہتے تھے، حالانکہ رب خدا ہے، اس بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قطعاً منع فرما دیا کہ کوئی شخص غلامون کو عبد یعنی بندہ نہ کہنے پائے، بلکہ یون کہے کہ "میرا بچہ" یا "بچی" اور اسی طرح غلام اور باندیان اپنے آقا کو رب نہ کہین، مالک کہین کہ تم سب غلام ہو، اور رب اللہ ہے[4]، ہانی رضی ایک صحابی تھے جن کی کنیت ابو الحکم تھی، وہ جب خدمتِ اقدس میں اپنی قوم کیساتھ آئے تو آپنے فرمایا کہ حکم خدا ہے اور خدا ہی حکم دینے والا ہے، تم کو لوگ ابو الحکم کیون کہتے ہین، عرض کی کہ میرے قبیلہ مین جب کوئی نزاع ہوتی ہے تو لوگ مجھ کو حکم یعنی ثالث بناتے ہین، اور میں جو فیصلہ کرتا ہون، اس کو سب تسلیم کر لیتے ہیں، آپنے فرمایا تمھارے بچون کے کیا نام ہین، بولے

---

۱ ابوداؤد کتاب الادب باب تغییر الاسماء ۲ ابوداؤد کتاب الادب ۳ ابوداؤد کتاب الادب باب الکرم وحفظ المنطق

Marfat.com

شریح مسلم، عبد اللہ آپ نے پوچھا سب میں بڑا کون ہے، عرض کی "شریح" فرمایا تو تمھاری کنیت ابو شریح ہے[1]،

اکثر لوگون کی عادت ہوتی ہے کہ کوئی بُرا کام کرتے ہیں، تو شیطان پر لعنت بھیجتے ہین گویا اُس نے بُرائی کرائی ایک دفعہ ایک صاحب آنحضرتؐ کیساتھ گھوڑے پر سوار تھے، گھوڑے نے ٹھوکر کھائی، انھون نے کہا شیطان کا برا ہو آپنے فرمایا یوں نہ کہو، ورنہ شیطان غرور سے پھول جائیگا، اور کہے گا، میری قوت سے یہ ہوا، خدا کا نام لو تو شیطان دب کر مکھی کے برابر ہوجائے گا،[2]

تصویر بنانے سے سخت منع کیا، اس کی یہی وجہ تھی کہ اول اول لوگ کسی بزرگ اور مقتدا کی تصویر گھر مین رکھتے تھے، تو محبت یا یادگار کے طور پر رکھتے تھے لیکن رفتہ رفتہ ان ہی تصویرون کی پرستش ہونے لگتی تھی، چنانچہ ہندؤون اور رومن کیتھلک عیسائیون مین اسی طرح تصویر پرستی اور اس سے بڑھ کر بت پرستی کا رواج ہوا، اس بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سرے سے تصویر کھینچنے سے منع فرمایا،

قبر پرستی اور یادگار پرستی سے روکنا

۱۶- شرک کا بڑا ذریعہ قبر پرستی اور یادگار پرستی ہے، قبروں اور یادگارون کو لوگ عبادتگاہ بنا لیتے ہیں، سالانہ مجمع کرتے ہیں، دور دور سے سفر کر کے آتے ہین، قبرون پر مسجدیں بناتے ہیں منتین مانتے ہیں، نذرین چڑھاتے ہیں، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان تمام افعال سے منع کیا، وفات سے پانچ دن پہلے فرمایا کہ تم سے پہلے لوگ قبرون کو مسجد بنا لیتے تھے، دیکھو میں تم کو منع کرتا ہون کہ قبرون کو مسجد نہ بنانا،[3] عین وفات کے وقت چہرہ سے چادر الٹ دی، اور فرمایا کہ خدا یہود و نصاریٰ پر

[1] ابوداؤد کتاب الادب باب تغییر الاسم القبیح [2] ابوداؤد کتاب الادب باب لایقول خبثت نفسی [3] صحیح مسلم کتاب المساجد

Marfat.com

لعنت کرے ان لوگون نے اپنے پیغمبرون کی قبرون کو مسجد بنالیا،

۱۱- یہ توحید کے متعلق وہ اصلاحات تھین جن کا تعلق زیادہ تر اعمال اور روزمرہ کی بول چال سے تھا لیکن حقیقی اصلاح جس سے توحید کی تکمیل ہوتی ہے، وہ قلب وروح کی توحید ہے انسان کے تمام کامون کا کوئی نہ کوئی نفسیاتی محرک ہوتا ہے کوئی طلب شہرت کے لئے کام کرتا ہے، کوئی دنیاوی معاوضہ کے لئے کرتا ہے، کوئی نمایش اور دکھاوے کے لئے کرتا ہے کوئی غیر کی محبت یا عداوت مین کرتا ہے ان تمام کامون کا محرک درحقیقت غیر خدا ہے، جس نے خدا کی جگہ لے لی ہے اسی لئے قرآن مجید نے کہا، ریا اور عدم اخلاص بھی معنوی شرک ہے

أَرَءَيْتَ مَنِ اتَّخَذَ إِلٰهَهُ هَوٰىهُ — تم نے اُن کو دیکھا جس نے اپنا خدا خود اپنی

(فرقان - ۴) — نفسانی خواہش کو بنالیا ہے،

اسی لئے بڑا بت وہی ہے جس کو انسان نے خود اپنے دل کے تہخانے مین چھپا رکھا ہے اس بت کو توڑنا توحید کی اصل تکمیل ہے، آپنے بتایا کہ انسان کے تمام کامون کا دارومدار خود اُس کے دل کے عمل پر ہے، إِنَّمَا الْأَعْمَالُ بِالنِّيَّاتِ اس لئے ایک مسلمان کے ہر قسم کے کامون کا اصلی محرک صرف خدا کا حکم، خدا کا خوف، خدا کی اطاعت، خدا کی خوشنودی، خدا کی محبت، غرض صرف خدا ہونا چاہیئے، جس درجہ تک ایک مومن کی اس قلبی کیفیت مین ترقی ہوگی، اس کے ایمان و توحید کی تکمیل بھی پایۂ کمال کو پہنچتی جائے گی، اسی بنا پر وحی محمدیؐ نے ہر جگہ اور ہر موقع پر انسان کو اس کے عمل کی غرض وغایت مَرْضَاتِ اللّٰهِ اللہ کی خوشنودی مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ، اخلاص اور وجہ ربہ الاعلی، ذاتِ خدا کو قرار دینے کی تعلیم دی ہے اس بنا پر انسان جو کام خدا کے علاوہ کسی اور

غرض ونیت سے کرے تو درحقیقت اُس کام کے لئے اُس نے ایک مؤقت خدا الگ بنالیا، اور وہ گو اس وقت لفظی اور قانونی شرک کا مجرم نہیں لیکن معنوی ونفسی شرک کے ارتکاب کا یقیناً مجرم ہے، آپ نے فرمایا "جس نے خدا کے لئے دیا، اور خدا ہی کے لئے روکیا، خدا کے لئے چاہا، اور خدا ہی کے لئے عداوت کی اور خدا ہی کے لئے بیاہ کیا، اُس نے اپنے ایمان کو کامل کرلیا[۱]"

متعدد صحابیوں[۲] سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ "چھپا ہوا شرک ہے" حضرت ابوسعید خدری کہتے ہیں کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "چھپا ہوا شرک یہ ہے کہ انسان کوئی کام دوسرے کی خوشی کے سبب سے کرے[۳]" حضرت شداد بن اوس روایت کرتے ہیں کہ آپ نے فرمایا کہ جس نے دکھاوے کی نماز پڑھی، اس نے شرک کیا جس نے دکھاوے کا روزہ رکھا اس نے شرک کیا جس نے دکھاوے کی خیرات کی اس نے شرک کیا[۴]، یہی صحابی کہتے ہیں کہ ایک دفعہ صحابہ کے مجمع میں آپ فرما رہے تھے کہ "مجھے اپنی امت کے لوگوں پر سب سے زیادہ جس کا خوف ہے وہ شرک کا ہے، ہاں میرا یہ مطلب نہیں کہ وہ چاند یا سورج کو سجدہ کریں گے یا بتوں کو پوجیں گے، بلکہ یہ ہے کہ وہ غیر خدا کے لئے عمل کرنے لگیں، اور چھپی نفسانی خواہش میں[۵] نہ مبتلا ہوں" حضرت محمود بن لبید انصاری آپ کا قول نقل کرتے

---

[۱] مستدرک حاکم ترمذی آخر کتاب الزہد، ترمذی کے دو نسخوں میں اس حدیث کے متعلق دو تنقیدیں درج ہیں ایک میں منکر لکھا ہے اور دوسرے میں حسن، اس کے ایک راوی اجلح کی نسبت لوگوں نے کلام کیا ہے مگر حدیث کا نفس مضمون تمام اسلامی روایات اور احکام کے عین مطابق ہے۔ [۲] حضرت ابوسعید خدری، معاذ بن جبل، ابوہریرہ، شداد بن اوس، محمود بن لبید، ابوسعید بن ابی فضالہ، ان صحابیوں کی روایتیں، ابن حنبل، ابن ماجہ، مستدرک وغیرہ میں ہیں [۳] مستدرک حاکم کتاب الرقاق جلد ۴ ص ۳۲۹ (صحیح) [۴] بحوالہ سابق مستدرک، ابن حنبل، مسند شداد بن اوس صفحہ ۱۲۶ جلد ۴ [۵] سنن ابن ماجہ باب الریا والسمعۃ

ہیں کہ آپ نے صحابہ سے فرمایا کہ "مجھکو سب سے زیادہ جس کا تم پر خوف ہے، وہ شرک اصغر ہے" صحابہ نے عرض کی "یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم! شرک اصغر کیا ہے، فرمایا "ریا" قیامت کے دن جب لوگوں کو انکے عمل کا بدلہ مل رہا ہوگا، خدا ریاکار لوگوں سے کہیگا کہ تمھارے لئے ہمارے یہاں کچھ نہیں تم ان ہی کے پاس جاؤ جن کے دکھانے کو دنیا میں یہ کام کیا کرتے تھے[1] حضرت ابوسعید خدری کہتے ہیں کہ ایک موقع پر ہم لوگ دجال کے متعلق آپس میں باتیں کررہے تھے کہ اسی اثنا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے اور فرمایا کہ "دجال سے بڑھکر جو خوفناک چیز میرے نزدیک ہے کیا میں تم کو اس سے آگاہ نہ کروں؟" ہم سب نے عرض کی ہاں یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فرمایا "وہ شرک خفی ہے یعنی یہ کہ (مثلاً) کوئی شخص نماز پڑھ رہا ہو تو وہ نماز کو محض اس لئے درست کرکے پڑھے کہ کوئی دوسرا شخص اسکو دیکھ رہا ہے[2]، ابوسعید بن ابی فضالہ انصاری بیان کرتے ہیں کہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ "قیامت میں جب خدا اگلوں اور پچھلوں کو یکجا کرے گا، تو ایک منادی آکر پکاریگا کہ جس نے اپنے کسی عمل میں خدا کیساتھ کسی غیر کو بھی شریک بنالیا ہو تو وہ اپنا ثواب اسی غیر سے مانگے کہ خدا ساجھے سے بے نیاز ہے[3] ابوہریرہ کہتے ہیں کہ آپنے ارشاد کیا کہ خدا فرماتا ہے کہ "میں تمام شرکوں میں سب سے زیادہ شرکت سے بے نیاز ہوں تو جس نے اپنے کسی کام میں میرے ساتھ کسی اور کو شریک کرلیا، تو میں اس سے الگ ہوں اور وہ اسی کا ہے جسکو اس نے میرا شریک بنایا[4]

ان تعلیمات کا یہ اثر ہوا کہ صحابہ اپنے ہر عمل میں اس شرک خفی سے ڈرتے تھے، شداد بن اوس کہتے ہیں کہ ہم لوگ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ حیات میں ریا کو شرک اصغر گنا کرتے تھے[5] ایک دفعہ حضرت

---

[1] ابن حنبل مسند محمود بن لبید انصاری ص ۴۲۸، جلد ۵ وابوداؤد و مسند ابن حنبل [2] سنن ابی ماجہ باب الریاء والسمعۃ [3] سنن ابن ماجہ باب الریاء، و ترمذی و مسند ابن حنبل [4] ابن ماجہ باب الریاء [5] مستدرک حاکم کتاب الرقاق جلد ۴ ص ۳۲۹ (صحیح)

Marfat.com

عمر فاروقؓ جا رہے تھے، دیکھا کہ حضرت معاذ بن جبلؓ صحابی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی قبر مبارک کے پاس بیٹھے رو رہے ہیں، حضرت عمرؓ نے رونے کا سبب دریافت کیا، تو انھوں نے قبر مبارک کی طرف اشارہ کرکے کہا کہ اس قبر میں مدفون ہستی نے کہا تھا کہ ریا کا ادنی شائبہ بھی شرک ہے[1] اسی طرح ایک دفعہ عبادہ تابعی نے دیکھا کہ حضرت شداد بنؓ اوس صحابی اپنی جانماز پر بیٹھے زار و قطار رو رہے ہیں رونے کا سبب دریافت کیا، تو انھوں نے بیان کیا کہ ایک دن میں نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے چہرۂ اقدس پر غم و ملال کے آثار دیکھے، عرض کی میرے ماں باپ حضورؐ پر فدا ہوں اس حزن و ملال کا سبب کیا ہے؟ ارشاد ہوا کہ "میں اپنے بعد اپنی امت پر ایک چیز سے ڈرتا ہوں" عرض کی یا رسول اللہ! وہ کیا ہے؟ فرمایا "شرک اور چھپی نفسانی خواہش" میں نے دوبارہ گذارش کی یا رسول اللہ! کیا آپ کی امت آپ کے بعد شرک میں مبتلا ہوگی؟ فرمایا "اے شداد! میری امت یقیناً سورج یا چاند یا بت اور پتھر کی پرستش نہیں کرے گی لیکن وہ اپنے عمل کی نمائش اور ریا کرے گی" عرض کی یا رسول اللہ! کیا ریا شرک ہے؟ فرمایا "ہاں"[2]

ان واقعات اور تعلیمات کو پڑھ کر ہر شخص اندازہ لگا سکتا ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کس طرح ہر پہلو سے شرک کی تردید اور توحید کی تکمیل فرمائی ہے، وہی عرب جو پہلے خدا کے سوا ہر چیز کی پرستش کرتے تھے، انھوں نے آپ کی تعلیم کے اثر سے خدا پرستی اور توحید کی انتہائی معراج حاصل کرلی،

---

[1] مستدرک حاکم کتاب الرقاق جلد ۴ ص ۳۲۰ (صحیح) [2] مستدرک حوالۂ مذکور حاکم نے اس حدیث کو صحیح الاسناد لکھا ہے مگر ذہبی نے تصریح کی ہے کہ اس کا ایک راوی عبدالواحد بن زید متروک ہے، تاہم چونکہ حدیث کا نفس مضمون مسند ابن حنبل (ج ۴ ص ۱۲۶) اور سنن ابن ماجہ (باب الریاء) میں ایسے سلسلوں سے مذکور ہے جن میں یہ عبدالواحد نہیں پڑتا اس لئے ہم نے اس حدیث کو یہاں درج کیا ہے،

Marfat.com

# توحید

اور

# اسکے ایجابی اصول وارکان

یہ تو توحید کے سلبی اجزا تھے یعنی توحید کے مخالف عقائد و خیالات کی نفی اور تردید لیکن نبوت محمدیؐ کا کارنامہ اس سے اہم اور بالاتر ہے، اور وہ توحید کی اصل بنیاد کی استواری، اُس کے اصول کی تعیین، امور ایمان کی تفصیل، اور اس کے اجزا کی تکمیل ہے، عرب میں شرک وبت پرستی بھی تھی، اور کہیں کہیں آسمانی مذاہب کی محرف صورتیں بھی موجود تھیں، مگر ایک صحیح مذہب کا تخیل اُن کے سامنے مطلق نہ تھا، اس بنا پر عقائد اور ایمان کی کوئی صحیح اور مرتب صورت بھی اُن کے ذہن میں نہیں ہوسکتی تھی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے تمام پچھلے مزخرفات، اور اوہام کو جن کو دین کا درجہ دیدیا گیا تھا، یک قلم محو کردیا، بت پرستی، جن پرستی، فرشتہ پرستی، ستارہ پرستی، فطرت پرستی، انسان پرستی، غرض شرک کی تمام صورتیں قطعاً مٹادیں، اور اُن کی جگہ مرتب متیقن، سنجیدہ حقائق، اور سچائیوں سے معمور چند عقائد کی تعلیم دی جو انسان کے تمام اعمال اور اخلاق کا بنیادی پتھر ہیں،

اللہ تعالیٰ کی ہستی پر دلیل | اس سلسلہ میں سب سے پہلی چیز خدا کی ہستی کا یقین اور پھر اسکی توحید پر ایمان ہے،

Marfat.com

دنیا میں جتنے پیغمبر آئے اُن میں سے ہر ایک نے اس قادرِ مطلق کی طرف لوگوں کو دعوت دی، مگر یہ دعوت اُن کے ایک مسلّم دعویٰ کی حیثیت سے تھی، انھوں نے اس دعویٰ کو دلائل کا محتاج نہ سمجھا، اور حقیقت میں جن نامحدود زمانوں میں قوموں کے لئے اُن کی بعثت ہوئی، اُن میں دلیل اور برہان کی ضرورت بھی نہ تھی، کیونکہ ان زمانوں میں بت پرستی، ستارہ پرستی، اور فطرت پرستی کا رواج تھا، الحاد کا وجود نہ تھا، لیکن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت عمومی تھی جو آخری زمانہ تک کے لئے اور تمام قوموں کے لئے تھی، اور علم الٰہی میں یہ تھا کہ بعثتِ محمدیؐ کے بعد عقلِ انسانی تحقیق و تلاش کے آخری مراحل طے کرنا چاہے گی، اور قدرت کے سربمہر خزانے وقفِ عام ہوں گے اور عقلیت کا دور دورہ ہوگا، اور ہر شے دلیل و ثبوت کی محتاج قرار پائے گی، اس لئے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو دلائل و براہین، ثبوت اور شواہد کی بھی تلقین کی گئی،

ایک اور سبب یہ ہے کہ انبیائے سابقین صرف اپنی قوموں کی دعوت پر مامور ہوئے تھے، جنمیں مشرکین کا وجود تھا، ملحدین کا نہ تھا، لیکن خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تمام قوموں اور طبقوں کے لئے ہوئی، اس لئے آپ کی دعوت میں یہ صاف نظر آتا ہے کہ آپ انسانی عقل کی ہر صنف کو مخاطب کر رہے ہیں، اور اس کے معیار اور سطح کے مطابق اُس قادرِ مطلق کی ہستی اور وجود پر دلیلیں بھی پیش کر رہے ہیں، اس لئے آپ نے دوسرے پیغمبروں کی طرح صرف مشرکوں کو مخاطب نہیں فرمایا، بلکہ مشرکوں، کافروں، ملحدوں، متشککوں، دہریوں، ہر ایک کو مخاطب فرمایا، اور ان میں سے ہر ایک کی تسکین و تشفی کا سامان بہم پہنچایا،

ایک قادرِ مطلق، خالقِ عالم، اور صانعِ کائنات کی ہستی کے ثبوت اور انکار پر جب سے فلسفہ

کا وجود ہے، ہمیشہ بحثیں پیدا ہوتیں، اور دلیلیں پیش کیجاتی رہی ہیں، مصر، یونان، ہندوستان، اسلامی ممالک اور آج یورپ مین بھی اس مسئلہ پر، عقلاے زمانہ نے اپنی جودتِ ذہن، نکتہ رسی اور دقیقہ فہمی کا بہترین ثبوت پیش کیا ہے، مگر غور سے دیکھو تو معلوم ہوگا کہ دلائل کی زبان اور طرزِ تعبیر مین گو تبدیلی ہوتی رہی ہی، مگر اصل مغزِ سخن صرف ایک ہی، اس بنا پر وحیِ محمدیؐ نے اللہ تعالیٰ کی ہستی اور وجود پر جو دلیل قائم کی، اس میں اسی مغز کو لے لیا ہی اور نہایت مؤثر طرز ادا میں اس کو بار بار دہرایا، اور انسانون کو متنبہ کیا ہی،

وحیِ محمدیؐ کا سب سے پہلا دعوی یہ ہی کہ اس ایک قادرِ مطلق، خالقِ عالم اور صانعِ ہستی کا اعتراف انسان کی فطرت مین داخل ہے، متمدن سے متمدن اور وحشی سے وحشی قوم مین بھی اس اعتراف کا سراغ ملتا ہے، آثارِ قدیمہ کی تحقیقات نے سینکڑون مردہ اور گمنام قومون کی تاریخ کا سراغ لگایا، جس مین سامانِ تمدن، اعلیٰ خیالات اور علوم کی لاکھ کمی محسوس ہوتی ہو، مگر مذہبی عقیدت اور کسی خدا کے اعتراف کی کمی بالکل نہیں نظر آتی، اُن کی عمارتون کے منہدم کھنڈرون میں جو چیز سب سے پہلے ملتی ہی وہ کسی معبد کی چہار دیواری ہوتی ہی، آج بھی دنیا کے مختلف گوشون میں جو بالکل وحشی قومین ملتی ہین، وہ بھی کسی نہ کسی شکل مین عالم کے خالق اور کائنات کے صانع کے تخیل سے بہرہ ور ہین، غرض جماعت انسانی کا کوئی حصہ، زمین کا کوئی گوشہ، زمانہ کا کوئی عہد اس تخیل سے خالی نہیں ملتا، اس سے ظاہر ہوتا ہی کہ یہ اعتراف بھی انسان کے فطری تصورات اور وجدانی جذبات مین داخل ہے، اسی لئے وحیِ محمدیؐ نے اس کو فطرت سے تعبیر کیا ہے،

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا فِطْرَتَ اللّٰهِ — اپنا منہ سب طرف سے پھیر کر دین کی طرف کر،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| الَّتِیْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَیْهَا لَا تَبْدِیْلَ | خدا کی وہ فطرت ہو جس پر خدا نے لوگوں کو پیدا |
| لِخَلْقِ اللّٰهِ ذٰلِكَ الدِّیْنُ الْقَیِّمُ وَ | خدا کی خلقت میں تبدیلی نہیں یہی سیدھا اور |
| لٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا یَعْلَمُوْنَ (روم ۴) | ٹھیک دین ہو لیکن اکثر لوگ جانتے نہیں |

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا،

| | |
|---|---|
| كُلُّ مَوْلُوْدٍ یُوْلَدُ عَلَى الْفِطْرَةِ، [1] | ہر بچہ فطرت پر پیدا ہوتا ہے، |

اسی لئے خدا کا اعتراف روز اول کا وہ عہد و پیمان ہے، جو خالق و مخلوق کے درمیان ہوا تھا، اور یہ اسی عہد و پیمان کا احساس ہے، جو انسان کی رگ و پے میں سرایت کئے ہوئے ہو کہ ہزار انکار کے بعد بھی کسی نہ کسی رنگ میں وہ اعتراف نمایاں ہو جاتا ہی، قرآن پاک نے اس واقعہ کی تصویر ان الفاظ میں کھینچی ہے،

| | |
|---|---|
| وَاِذْ اَخَذَ رَبُّكَ مِنْ بَنِیْ اٰدَمَ مِنْ | اور جب تیرے خدا نے بنی آدم کی پیٹھ سے |
| ظُهُوْرِهِمْ ذُرِّیَّتَهُمْ وَاَشْهَدَهُمْ | اُن کی نسل کو لیا، اور خود ان کو انہی پر گواہ |
| عَلٰى اَنْفُسِهِمْ اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ قَالُوْا | کیا کہ کیا میں تمہارا رب نہیں، ہوں انھوں |
| بَلٰى شَهِدْنَا (اعراف - ۲۲) | نے کہا، ہاں، ہم گواہ ہیں، |

انسان کا یہ جذبہ فطرت کبھی کبھی خارجی اثرات سے دب جاتا ہے، وحی محمدی نے بار بار انسان کے اسی دبے ہوئے جذبہ کو ابھارا ہے، اور اسی زیر خاکستر آگ کو ہوا دی ہے، اور انسان کو اس کا بھولا ہوا وعدہ یاد دلایا ہے، وہ انسانوں سے پوچھتا ہے،

---

[1] صحیح بخاری کتاب الایمان،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَفِی اللّٰہِ شَکٌّ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ، (ابراھیم-۲) | کیا آسمان وزمین کے پیدا کرنے والے خدا میں شک ہے؟ |

ایک اور مقام پر اس نے کہا،

| | |
|---|---|
| اَمْ خُلِقُوْا مِنْ غَیْرِ شَیْءٍ اَمْ ھُمُ الْخٰلِقُوْنَ اَمْ خَلَقُوا السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضَ بَلْ لَّا یُوْقِنُوْنَ۔ (طور-۲) | کیا وہ آپ ہی آپ بن گئے، یا وہی اپنے آپ خالق ہیں، یا ان ہی آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا ہو (یہ کوئی بات نہیں) بلکہ اُن کو یقین ہی نہیں ہے |

دنیا اور کائنات جس میں انسان بھی شامل ہو اور جو اپنی عقل اور فہم کی بنا پر سب سے بالاتر بہرحال موجود ہے، اور اس کے اس وجود میں کوئی شک بھی نہیں ہو اب سوال یہ ہو کہ کسی کے بن بنائے وہ آپ سے آپ بن گئی ہو، یا خود اُس نے اپنے آپ کو بنالیا ہو، ظاہر ہو کہ یہ دونوں صورتیں باطل ہیں، نہ آپ سے آپ کوئی چیز بن سکتی، اور نہ کوئی مفعول اپنا فاعل آپ ہو سکتا ہو، اگر کوئی بیوقوف یہ کہے کہ نر و مادہ مل کر اپنا بچہ پیدا کرتے ہیں تو اس سے پوچھا جائیگا کہ سلسلۂ توالد و تناسل کا آغاز کیونکر ہوا، اور اولین نر و مادہ کا اور مادۂ تخلیق و روح کا خالق کون ہے؟

یہ گوناگون عالم، یہ رنگارنگ کائنات، یہ تاروں بھرا آسمان یہ بوقلموں زمین یہ سورج، یہ چاند، یہ درخت، یہ سمندر، یہ پہاڑ، یہ لاکھوں جاندار اور بے جان اشیا، یہ علل و اسباب کا تسلسل، تغیر و انقلاب کا نظام، یہ کائنات کا نظم، اور اس کے ذرہ ذرہ کا قاعدہ و قانون، انسان کے اندرونی قویٰ اور ان کی باہمی ترتیب، موت و حیات کے اسرار، خواص و قویٰ کے رموز، انسان کی خیالی بلند پروازی، اور عملی عجز و درماندگی، یہ تمام باتیں ایک خالق و صانع کے اعتراف پر مجبور کرتی ہیں،

Marfat.com

یہ نیلگون آسمان کی چھت، یہ زمین کا سبزہ زار فرش، اور ایک ہی حرکت سے شب و روز کا انقلاب ایک خالقِ کل کا پتہ دیتا ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ | آسمانوں کی اور زمین کی پیدائش، اور رات |
| وَاخْتِلَافِ الَّیْلِ وَالنَّهَارِ لَاٰیٰتٍ | اور دن کے بدلنے میں عقلمندوں کے لئے |
| لِّاُولِی الْاَلْبَابِ ۝ (آل عمران - ۲۰) | نشانیاں ہیں، |

یہ شب و روز کا نور و ظلمت، یہ سورج اور یہ چاند کی روشنی، اُن کی مقررہ رفتار، اور باقاعدہ طلوع و غروب اس کی دلیل ہے کہ اس ابلقِ ایام پر کوئی سوار ہے جس کے ہاتھ میں اُس کا سیاہ سپید ہے،

| | |
|---|---|
| وَمِنْ اٰیٰتِهِ الَّیْلُ وَالنَّهَارُ وَالشَّمْسُ | اور اُس کی نشانیوں میں سے رات دن |
| وَالْقَمَرُ ۝ (فصلت - ۵) | اور سورج اور چاند ہیں، |

آسمان اور زمین کی پیدائش، دن اور رات کا الٹ پھیر، تو ہے، دیکھو کہ خطرناک سمندروں میں کس طرح لوگ ایک ملک سے دوسرے ملک کو تجارت کا سامان لیکر دوڑتے پھرتے ہیں، اگر پانی میں مٹی اور لوہے کا ایک ذرہ بھی ڈالو تو فوراً ڈوب جائیگا، مگر یہ لاکھوں من کے لدے ہوئے جہاز کیسے پھول کی طرح پانی پر تیر رہے ہیں جس طرح فطری قاعدہ کے بموجب یہ عمل ظہور میں آرہا ہے، وہ جس کے حکم سے بنا ہے اس کا کتنا بڑا احسان ہے، پھر ان سمندروں سے بخارات اٹھتے ہیں، وہ اوپر جاکر بادل بنتے ہیں، اور وہ وہیں پہنچکر برستے ہیں، جہاں پیداوار اور زمین کی نشو و نما کی حاجت ہے اور پھر وہ بادل ہواؤں کے تخت پر بیٹھکر کیسے ادھر ادھر ضرورت کے مطابق اڑتے پھرتے ہیں،

| | |
|---|---|
| اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ | بے شبہہ آسمانوں کی اور زمین کی پیدائش |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَاخْتِلَافِ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْکِ | اور دن رات کے الٹ پھیر میں، اور ان جہازوں |
| الَّتِیْ تَجْرِیْ فِی الْبَحْرِ بِمَا یَنْفَعُ النَّاسَ | میں جو انسانوں کے لئے فائدہ رساں سامان لیکر |
| وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ | سمندر میں چلتے ہیں، اور آسمان سے اس کے پانی |
| مَّآءٍ فَاَحْیَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا | برسانے میں اور پھر اس پانی کے ذریعہ مرے پیچھے |
| وَبَثَّ فِیْهَا مِنْ کُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِیْفِ | زمین کو زندگی بخشنے میں، اور زمین میں ہر طرح |
| الرِّیٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَیْنَ السَّمَآءِ | کے لوگوں کو پھیلانے میں اور ہواؤں کے کبھی ادھر |
| وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ | اور کبھی ادھر بہنے میں اور آسمان و زمین کے بیچ |
| (بقرہ ۷ - ۲۰) | میں جو بادل کام میں لگے ہیں ان سب میں سمجھ |
| | والوں کے لئے بڑی نشانیاں ہیں، |

آسمان اور زمین کی عجیب و غریب خلقت کے ساتھ خود انسان کی اپنی پیدایش کی حکایت کتنی عجیب ہے،

| | | |
|---|---|---|
| اِنَّ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ لَاٰیٰتٍ | | بیشک آسمانوں میں اور زمین میں ایمان والوں |
| لِّلْمُؤْمِنِیْنَ، وَفِیْ خَلْقِکُمْ وَمَا یَبُثُّ | | کے لئے نشانیاں ہیں، اور خود تمھاری پیدایش |
| مِنْ دَآبَّةٍ اٰیٰتٌ لِّقَوْمٍ یُّوْقِنُوْنَ (جاثیہ) | | میں، اور جو چلنے والے پھیلائے اُن میں یقین |

سورۂ انعام میں نباتات اور ان کی نیرنگیوں کو اپنی ہستی کی دلیل میں پیش کیا، یہ کتنے تعجب کی بات ہو کہ ایک ہی زمین ہے جس میں سے وہ اُگتے ہیں، ایک ہی پانی ہو جس سے وہ سینچے جاتے ہیں، ایک ہی ہوا ہو جس میں وہ سانس لیتے ہیں، مگر کتنے رنگ برنگ کے پھل پھول، میوے

اور درخت لگتے ہین جن میں سے ہرایک کا رنگ، ہرایک کا مزہ، ہرایک کی پتی، ہرایک کا قد و قامت، ہرایک کے خواص اور فائدے، دوسرے سے بالکل الگ ہوتے ہین،

| | |
|---|---|
| وَهُوَ الَّذِیْٓ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ | اور وہی ہے جس نے آسمان سے پانی اتارا پھر |
| مَآءً فَاَخْرَجْنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَیْءٍ | ہم نے اُس سے اُگنے والی ہر چیز نکالی پھر اس |
| فَاَخْرَجْنَا مِنْهُ خَضِرًا نُّخْرِجُ مِنْهُ | سے سبز خوشے نکالے جن سے ہم جڑے ہوے دانے |
| حَبًّا مُّتَرَاكِبًا وَ مِنَ النَّخْلِ مِنْ | نکالتے ہیں، اور کھجور کے گابھے میں سے لٹکتے |
| طَلْعِهَا قِنْوَانٌ دَانِیَةٌ وَّ جَنّٰتٍ مِّنْ | گچھے، اور انگور کے باغ اور زیتون اور انار |
| اَعْنَابٍ وَّ الزَّیْتُوْنَ وَ الرُّمَّانَ | ہمشکل اور جدی جدی شکل کے جب وہ |
| مُشْتَبِهًا وَّ غَیْرَ مُتَشَابِهٍ اُنْظُرُوْٓا | پھلیں تو اُن کے پھل اور پکنے کو دیکھو بیشک |
| اِلٰی ثَمَرِهٖٓ اِذَآ اَثْمَرَ وَ یَنْعِهٖ اِنَّ | اُن میں ایمان والے لوگون کے لیے دلیلین |
| فِیْ ذٰلِكُمْ لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یُّؤْمِنُوْنَ (انعام ۱۲) | ہیں، |

سورۂ روم میں پہلے مٹی سے انسان کی پیدایش کو، پھر اس میں عورت مرد کے جوڑے ہونے کو، اور اُن کے درمیان مہر و محبت کے جذبات کے ظہور کو اپنی ہستی کی دلیل بتایا ہے پھر اپنی قدرت کے دوسرے عجائبات کو جو آسمان سے زمین تک پھیلے ہین، ایک ایک کرکے پیش کیا ہے، اول تو خود انسانون کی پیدایش، پھر ان مین عورت مرد ہونا اور اُن کے درمیان جذبات کی لہر پھر مختلف قومون کی بولیون، شکلوں اور رنگون کو دیکھو کہ ایک ایک سے الگ ہے، پھر انسانون کے اندر کے اعمال کو دیکھو، ایک نیند ہی کی حقیقت پر غور کر دیکھی تمھاری آنکھین کھولدینے

Marfat.com

کے لئے کافی ہے،

وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَکُمْ مِّنْ تُرَابٍ
ثُمَّ اِذَآ اَنْتُمْ بَشَرٌ تَنْتَشِرُوْنَ وَمِنْ
اٰیٰتِہٖٓ اَنْ خَلَقَ لَکُمْ مِّنْ اَنْفُسِکُمْ
اَزْوَاجًا لِّتَسْکُنُوْٓا اِلَیْھَا وَجَعَلَ بَیْنَکُمْ
مَّوَدَّۃً وَّرَحْمَۃً ط اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ
لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّتَفَکَّرُوْنَ ، وَمِنْ
اٰیٰتِہٖ خَلْقُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
وَاخْتِلَافُ اَلْسِنَتِکُمْ وَاَلْوَانِکُمْ
اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ لِّلْعٰلِمِیْنَ
وَمِنْ اٰیٰتِہٖ مَنَامُکُمْ بِالَّیْلِ وَالنَّھَارِ
وَابْتِغَآؤُکُمْ مِّنْ فَضْلِہٖ اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ
لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّسْمَعُوْنَ ، وَمِنْ
اٰیٰتِہٖ یُرِیْکُمُ الْبَرْقَ خَوْفًا وَّطَمَعًا
وَّیُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَیُحْیٖ بِہِ
الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِھَا اِنَّ فِیْ ذٰلِکَ
لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ وَمِنْ اٰیٰتِہٖٓ

اور اُس کی نشانیون میں سے یہ ہی کہ اُس نے
تم کو مٹی سے بنایا، پھر تم آدمی بنکر چلنے پھرتے
ہو، اور اُس کی نشانیون میں سے یہ ہو کہ اُس نے
تمہاری جنس سے تمہارے جوڑے بنائے کہ تم
اُن سے سکون حاصل کرو، اور تم سب کے
درمیان پیار اور مہر رکھا، اور اس میں
اُن لوگون کے لئے جو سوچتے ہیں، دلیلیں ہیں
اور اُس کی نشانیوں میں سے آسمانون کی
اور زمین کی بناوٹ اور تمہاری بولیون
اور رنگون کی بوقلمونی ہے، اس میں جاننے
والون کے لئے یقیناً دلیلیں ہیں اور اسکی عجیب
قدرتوں میں سے تمہارا رات دن میں سونا اور
تمہارا اسکی مہربانیون کو تلاش کرنا ہو، اس میں
اُن کے لئے جو سنتے ہیں دلیلیں ہیں اور اُس کے
عجائب قدرت میں سے یہ ہو کہ تمہیں وہ بجلی کی
چمک دکھاتا ہو جس سے تم ڈرتے ہو اور کبھی

Marfat.com

اَنْ تَقُوْمَ السَّمَاءُ وَالْاَرْضُ بِاَمْرِهٖ، (روم - ۳)

(رحمت کی بارش کی) امید باندھتے ہو اور وہ آسمان سے پانی برساتا ہے پھر اس سے زمین کو اس کے مرے پیچھے زندہ کرتا ہے اس میں اُن کے لئے جو سمجھ رکھتے ہیں دلیلیں ہیں اور اسکی دلیلوں میں سے یہ ہے کہ

اس اخیر آیت میں آسمان وزمین کے اس کے حکم سے قائم رہنے کا ذکر ہے، تم کہتے ہو کہ یہ باہمی جذب وکشش سے قائم ہیں لیکن خود یہ جذب وکشش کس کی کشش کا نتیجہ ہے؟ یہ خود حیرت انگیز ہے۔ سورۂ لقمان میں آسمانوں کے بلا کسی نظر نہ آنے والے سہارے کے کھڑے ہونے اور زمین کے اپنی جگہ پر ٹھہرے ہونے کا ذکر ہے، یہ نظر نہ آنے والا سہارا قوتِ کشش ہی سہی لیکن وہ بھی تو اسی کے اسرار میں سے ہے، اس کے بعد ایک جامد اور بے حیات مردہ زمین کے اندر سے پانی برسنے کے ساتھ انواع واقسام کی زندگی کے نمونوں کا اُبھر آنا کتنا حیرت انگیز ہے، یہ بھی اسی کا کرشمہ ہے،

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ بِغَيْرِ عَمَدٍ تَرَوْنَهَا وَاَلْقٰى فِي الْاَرْضِ رَوَاسِيَ اَنْ تَمِيْدَ بِكُمْ وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۭ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍ كَرِيْمٍ (لقمان - ۱)

اس نے آسمانوں کی چھت کو کسی ایسے ستونوں کے بغیر کھڑا کیا ہے جو تم کو نظر آتے ہوں اور زمین میں ایسے کھونٹے ڈال دیئے کہ وہ تم کو لیکر ہل نہ جائے، اور اُس نے اس زمین پر ہر قسم کے چلنے پھرنے والے پھیلا دیئے اور آسمان سے پانی برسایا، پھر ہم نے اسی زمین

سورہ سجدہ میں انسان کی پیدائش کا مٹی سے آغاز، پھر قطرۂ آب (نطفہ) کے ذریعہ توالد

تناسل، پھراس سڈول جسم کا بنجانا، پھراس مٹی کے مردہ قالب ہیں دفعۃً کہیں سے زندگی آجانا
اوراس میں روح پھک جانا، اوراس میں علم وحواس کے حیرت انگیز آلات کا پیدا ہوجانا،ان
سب کو اپنی صفت مین پیش کیا ہی،

| | |
|---|---|
| اَلَّذِیْٓ اَحْسَنَ کُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ وَ | وہ جس نے جو چیز بنائی خوب بنائی، اورانسان |
| بَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ ثُمَّ | کی پیدائش مٹی سے شروع کی، پھراُس کی |
| جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ | نسل ذلیل سے نچڑے پانی سے بنائی، پھراس کو |
| مَّهِیْنٍ، ثُمَّ سَوّٰىهُ وَ نَفَخَ فِیْهِ مِنْ | سڈول کیا، اوراس میں اپنی جان سی کچھ |
| رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ | پھونک دیا، اورتمھارے لئے کان اورانکھین |
| وَالْاَفْـِٕدَةَ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ، | اوردل بنادیئے، تم ان احسانون کا بہت |
| (سجدہ-۱) | کم شکرادا کرتے ہو، |

مردہ زمین کے اندر کیا کیا قوتین ودیعت ہین اورخود انسانون کے جسم وجان مین
عجائبات کا کتنا خزانہ رکھا ہے لیکن کوئی صاحب نظرادھر نہیں دیکھتا، انسان کی زندگی
اُس کے اندرونی جذبات ،حواس، ذہنی قویٰ اوردماغی حرکات ،ان میں سے ہرشے متعاق

| | |
|---|---|
| وَفِی الْاَرْضِ اٰیٰتٌ لِّلْمُوْقِنِیْنَ وَ | اورزمین میں یقین کرنے والون کے لئے |
| فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ، | نشانیان ہین، اورخود تمھاری جانون |
| (ذاریات-۱) | کے اندر، کیا تم نظر نہیں کرتے، |

جانورون کے مجھتوں کے اندرجو عجیب وغریب نظام ہی، وہ بھی غور کے قابل ہی ایک

Marfat.com

ہی گھاس پھوس کی غذا اُن کے پیٹ مین جاتی ہے، پھر اسی کا کچھ حصہ لید اور گوبر، کچھ خون، اور کچھ دودھ بنجاتا ہے، اور اسی لید اور گوبر کے باہر آنے کے راستون اور سُرخ خون کی رگون کے درمیان سے خالص، سپید شیرین دودھ کی دھاروں کا نکلنا کتنا عجیب ہی؟

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً، ج نُسْقِيكُمْ مِمَّا فِي بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَبَنًا خَالِصًا سَائِغًا لِلشّٰرِبِيْنَ، (نحل - ۹)

اور تمھارے لئے جانورون میں عبرت ہے ہم تمھین اُن کے پیٹون کے اندر سے لید اور خون کے بیچ سے خالص اور پینے والون کیلئے خوشگوار دودھ پلاتے ہیں،

ایک ہی قسم کے پھل ہین، اگر ان کو ایک طرح سے کھاؤ تو تمھاری عقل اور قوت کو بڑھاتے ہین، اور دوسری طرح کھاؤ تو اس کو ضائع کر دیتے ہین،

وَمِنْ ثَمَرَاتِ النَّخِيْلِ وَالْاَعْنَابِ تَتَّخِذُوْنَ مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا، اِنَّ فِي ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ، (نحل ۹)

اور چھوہارون اور انگورون کے پھلون کو دیکھو کہ ان میں سے تم نشہ اور اچھی روزی بھی حاصل کرتے ہو، اس میں سمجھ والون کے لئے دلیل ہی،

زمین اور زمین پر کی مخلوقات کو چھوڑ کر اوپر آسمان کی طرف نظر اٹھاؤ، سورج کا روشن چراغ اور چاند کی خوشنما قندیل کتنی عجیب ہی، پھر سورج کو دیکھو کہ سال کے بارہ مہینون مین آسمان کے بارہ برج طے کر کے کس طرح زمین میں مختلف موسمون اور زمانون کو نمایان کرتا ہے،

تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ فِي السَّمَاءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا (فرقان - ۲)

بابرکت ہو وہ ہستی جس نے آسمانون مین برج بنائے اور اُن مین ایک چراغ اور چمکانے والا چاند

Marfat.com

ان ہی چند چیزون تک اس کی قدرت کے عجائبات محدود نہین، بلکہ ہر شے اپنی خلقت، اپنی محکم روش، اور اپنے قانون فطرت سے اس کی گواہی دیتی ہے،

صُنْعَ اللّٰہِ الَّذِیْ اَتْقَنَ کُلَّ شَیْءٍ ۔ اس اللہ کی صنعت ہے جس نے ہر شے کو مضبوط (نظام پر) بنایا،

(نحل - ١٧)

اس کی صنعت ہر قسم کے عیب سے پاک ہے، اس مین مستحکم نظم ونسق کی بندش نظر آتی ہے

مَا تَرٰی فِیْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ ۔ تجھے خدائے خدا کی بناوٹ مین کوئی بے جا پن

فَارْجِعِ الْبَصَرَ ہَلْ تَرٰی مِنْ فُطُوْرٍ ۔ نظر آتی ہے؟ پھر نگاہ کر، کیا کوئی نقص دکھائی دیتا

ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ کَرَّتَیْنِ یَنْقَلِبْ ہے، پھر دہرا کر دوبارہ نظر کر، تیری نگاہ رد ہوکر

اِلَیْکَ الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّہُوَ حَسِیْرٌ (ملک ١) تھک کر تجھ تک پلٹ آئے گی (مگر کوئی نقص

اس قسم کی اور سینکڑوں آیتیں ہیں جن کا استقصا بھی مستقل ہے، ان آیتون مین تین قسم کے دلائل ہین،

١- قدرت کے عجائبات اور نیرنگیان، اور پھر اُن کا ایک قانون کے ماتحت ہونا،

٢- عالم کا نظم ونسق اور اس کا مرتب سلسلہ،

٣- کائنات اور سلسلۂ عالم کی ہر کڑی مین بے انتہا مصلحتون، حکمتون، اور فائدون کا ہونا

ان مقدمات سے ثابت ہوتا ہے کہ یہ کائنات اور اس کے یہ عجائبات اور اس کے یہ منظم علل واسباب، خود بخود بخت واتفاق سے نہین بن گئے، بلکہ کسی حکیم ودانا، اور قادر مطلق صانع نے اپنی قدرت اور ارادہ سے اُن کو بنایا ہے،

Marfat.com

عالم مین ہر چیز کے لئے علل واسباب کا سلسلہ ہو یہ سلسلہ یا تو کہیں جاکر ختم ہوگا یا یون ہی مسلسل چلا جائیگا اگر یہ یونہی مسلسل چلا جائیگا تو لازم آتا ہے کہ ہر چیز کے پیدا ہونے پہ غیر متناہی علل گذر جائین اور غیر متناہی علل کا خاتمہ نہین ہوسکتا، اور نہ کہین اُن کا آغاز ہوسکتا ہے، اس لئے کوئی چیز پیدا بھی نہیں ہوسکتی تسلسل عقلاً بھی محال ہے، بلکہ انسان اس کے تخیل سے بھی عاجز ہو اس بنا پر لامحالہ سلسلہ علل کا کہین خاتمہ ہونا ضروری ہے جب علت کل پر تمام علتیں ختم ہوجاتی ہین، وہی خلق و پیدایش اور وجود کون کی اصلی علت العلل ہو،

یہ دلیل گو بہت کچھ پیچیدہ اور اصطلاحات سے لبریز، اور بہت سے محذوف مقدمات پر مبنی ہے، تاہم وہ انسانی عقل میں آتی ہے، اور بہتون کے لئے تسکین کا باعث ہو، قرآن پاک کی ایک دو آیتون میں بھی اس دلیل کا ماخذ مذکور ہے، سورۂ ہود کے آخر مین ہو،

| | |
|---|---|
| وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ | اور خدا ہی کے پاس ہو آسمانوں اور زمین کی چھپی |
| وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ كُلُّهٗ فَاعْبُدْهُ | بات اور اسی کی طرف ہر بات لوٹائی جاتی ہے |
| وَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ (هود-١٠) | تو اس کو پوج اور اس پر بھروسہ کر، |
| وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى (نجم-٣) | اور یہ کہ تیرے رب کی طرف ہو سب کی انتہا، |

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم انسانی کمزوریون سے واقف تھے، چند صحابیون نے آکر عرض کی، یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کبھی کبھی ہمارے دلون میں ایسے خیالات اور وسوسے آتے ہین، جن کو ہم زبان سے ادا نہیں کرسکتے، فرمایا کیا تم کو یہ کیفیت حاصل ہوگئی، ہگذارش کی ہان یارسول اللہ فرمایا یہ تو خالص ایمان ہے، مقصود یہ ہے کہ دل مین وسوسون کا آنا اور پھر ان وسوسون کو اتنا

Marfat.com

بدتر جاننا کہ ان کا زبان پر لانا بھی وہ گناہ سمجھے، یہ کیفیتِ ایمانی کے بغیر ممکن نہیں، اسی طرح آپ نے فرمایا" لوگ علم و دانش کا سوال کرتے ہیں، کہتے ہیں کہ خیر اس کو تو خدا نے پیدا کیا، اور پھر اس خدا کو کس نے پیدا کیا، آسمان کو خدا نے بنایا، زمین کو خدا نے بنایا، یہاں تک کہ بڑھتے بڑھتے پھر پوچھتے ہیں، اچھا تو پھر خدا کو کس نے پیدا کیا، فرمایا یہ شیطانی وسوسہ ہے، جب یہ حالت کسی کو پیش آئے تو کہدے اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ میں اللہ پر ایمان لایا،[1]

یہ تعلیم درحقیقت اسی مسئلہ کی ہے کہ خدا پر تمام علتوں کی انتہا ہے، اور اس کے بعد کوئی علت نہیں، اس لئے یہ وسوسہ لائق جواب نہیں، یہ جہالت اور نادانی کا سوال ہے،

توحید پر عقلی دلیلیں

اگر کوئی عالم کا خالق و صانع ہے، تو وہ یقیناً ایک ہے، دو نہیں، تاہم دنیا میں ایسے عقلمند بھی ہیں، جو دو نہیں بلکہ متعدد خداؤں کے قائل ہیں، اور عالم کی ایک مملکت کو سیکڑوں حصوں میں تقسیم کرکے اُن کو مختلف خداؤں کی حکومتیں قرار دیتے ہیں، وحی محمدیؐ نے اس شرک کے ابطال پر سب سے زیادہ جس دلیل کو پیش کیا ہے، وہ نظام عالم کی یکسانی اور وحدت اور کائنات کے علل و اسباب کا باہم توافق، تعاون، اشتراک اور اتحاد ہے، دنیا میں ایک ذرہ بھی اس وقت تک پیدا نہیں ہوسکتا جب تک آسمان سے لیکر زمین تک کی تمام کارکن قوتیں اور اسباب ایک دوسرے کے موافق و مناسب نہ ہوں، اور باہم ان میں اشتراک عمل نہ ہو، ایک دانہ زمین سے اس وقت تک اُگ نہیں سکتا جب تک دانہ اُگنے کے لائق نہ ہو، زمین میں اُگانے کی صلاحیت نہ ہو، موسم اس کے مناسب ہو، بارش موافق نہ ہو، آفتاب سے اس کو گرمی اور روشنی اس کے مزاج کے مطابق

[1] یہ دونوں حدیثیں صحیح مسلم کتاب الایمان میں متعدد روایتوں سے مذکور ہیں،

Marfat.com

بہم نہ پہنچے، پھر اس کے اگنے کے مواقع اور حوائق ایک ایک کرکے دفع نہ ہوں، ان سب مراحل کے
بعد وہ دانہ اگیگا، اور پھل لائے گا، قرآنِ پاک نے اسی حقیقت کو ان الفاظ میں ادا کیا ہے،

| | |
|---|---|
| لَوْ كَانَ فِيهِمَا آلِهَةٌ إِلَّا اللَّهُ لَفَسَدَتَا فَسُبْحَانَ اللَّهِ رَبِّ الْعَرْشِ عَمَّا يَصِفُونَ (انبیا - ۲) | اگر زمین وآسمان میں اس ایک خدائے برحق کے سوا چند اور خدا بھی ہوتے، تو زمین وآسمان برباد ہوجاتے تو پاک ہے عرش والا خدا ان باتوں سے جو |

آسمان وزمین کا یہ تمام کاروبار، یہ تمام قوانینِ قدرت اگر ایک کے بجائے دو طاقتوں کے ہاتھ میں ہوتے، تو یہ باہمی تصادم میں ایک لمحہ کے لئے بھی قائم نہ رہتے، فلسفیانہ اصطلاحات میں اس مطلب کو ادا کرو تو یوں ہوگا کہ عالم کائنات معلول ہے، اسکی کوئی علتِ تامہ ہوگی یہ ظاہر ہے کہ ایک معلول کی دو علتِ تامہ نہیں ہوسکتیں، کیونکہ علتِ تامہ اس کو کہتے ہیں جس کے وجود کے بعد معلول کے وجود میں کسی اور چیز کا انتظار نہ ہو۔ اب عالم کی علتِ تامہ اگر ایک نہ ہو بلکہ دو ہوں تو سوال یہ ہے کہ ایک علتِ تامہ کے وجود کے بعد، عالم کے وجود میں دوسری علتِ تامہ کا انتظار رہیگا یا نہیں، اگر رہیگا تو پہلی شے علتِ تامہ نہیں رہے گی، اور اگر انتظار نہ ہے گا تو دوسری شے علتِ تامہ نہ ہوگی، اس سے یہ ثابت ہوا کہ عالم کی علتِ تامہ ایک ہی ہوسکتی ہے،

توحید کے ثبوت اور شرک کے ابطال کی دوسری دلیل نظام عالم کی وحدت ہے سورج چاند اور تاروں سے لے کر انسان حیوان، ہوا، پانی، درخت، اور گھاس پات تک کو دیکھو تو معلوم ہوگا کہ یہ سب ایک مقررہ نظام اور بندھے اصول کے ماتحت ہیں جنمیں کبھی سرمو فرق نہیں ہوتا ہر شے ایک اصول کی پابند اور ایک عادتِ جاریہ کے مطابق چل رہی ہے گویا ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ان سب میں

یکسانی اور مساوات کی ایک خاص وحدت قائم ہے، اور وہ سب کسی ایک ہستی کے اشارے پر چل رہے ہیں،

| | |
|---|---|
| وَمَا كَانَ مَعَهُ مِنْ اِلٰهٍ اِذًا لَّذَهَبَ كُلُّ | اور نہ اس خدائے برحق کے ساتھ کوئی اور خدا ہے |
| اِلٰهٍۭ بِمَا خَلَقَ وَلَعَلَا بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ | اگر ایسا ہوتا تو ہر خدا اپنی مخلوق کو الگ لیجاتا، اور |
| (مومنون - ۵) | ایک دوسرے پر چڑھ جاتا، |
| قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗٓ اٰلِهَةٌ كَمَا يَقُوْلُوْنَ | کہ اگر خدائے برحق کے ساتھ کچھ اور خدا ہوتے |
| اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي الْعَرْشِ سَبِيْلًا | جیسا کہ یہ (مشرکین) کہتے ہیں تو ایسی حالت میں وہ |
| سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا | تخت والے (حکران خدا سے حکومت چھیننے) کا راستہ |
| كَبِيْرًا، تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ | ڈھونڈتے، پاک اور بلند ہو وہ (خدا) اس بات سے |
| وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ۭ وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ | جس کو یہ (مشرک) کہتے ہیں، اس (خدائے) برحق |
| اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ، (بنی اسرائیل - ۵) | کی پاکی ساتوں آسمان، اور زمین اور جو ان کے اندر ہیں |

سب اس کی تسبیح کرتے ہیں، اور کوئی چیز نہیں جو اس کی حمد کے ساتھ تسبیح نہ کرتی ہو،

اسی وحدتِ نظام کے استدلال کو ایک اور آیت میں خدا نے بیان فرمایا ہے،

| | |
|---|---|
| مَا تَرٰى فِيْ خَلْقِ الرَّحْمٰنِ مِنْ تَفٰوُتٍ | تو خدا کے بنانے میں کوئی فرق نہیں دیکھتا پھر |
| فَارْجِعِ الْبَصَرَ هَلْ تَرٰى مِنْ فُطُوْرٍ | نگاہ کر، کیا کوئی فطور تجھ کو دکھائی دیتا ہے؟ پھر |
| ثُمَّ ارْجِعِ الْبَصَرَ كَرَّتَيْنِ يَنْقَلِبْ اِلَيْكَ | دوبارہ نظر دوڑا، تیری نظر رد ہوکر، تھک کر |
| الْبَصَرُ خَاسِئًا وَّهُوَ حَسِيْرٌ (ملک - ۱) | واپس جائے گی، |

اس واقعاتی استدلال سے بڑھ کر جو بالکل نظمِ فطرت پر مبنی ہے کوئی دوسری صحیح دلیل نہیں،

Marfat.com

ہو سکتی، اسی لئے قرآن پاک نے اس کو اختیار کیا ہے، یہ دنیا وحدتِ نظام ہی کے ماتحت چل رہی ہے ورنہ وہ ایک لمحہ کے لئے بھی چل نہ سکے، اسی سے اس دنیا کے حاکم و فرمانروائے مطلق کی وحدت بخوبی ثابت ہے،

**توحید کی تکمیل** توحید خواہ کسی قدر محرّف، شرک آمیز اور ناقص شکل مین ہو، دنیا کے تمام مذاہب وادیان کی مشترک اور اوّلین تعلیم ہے لیکن ان مذاہب مین وہ کسی خاص اصل پر مبنی نہ تھی محمد رسول اللہ کی تعلیم نے اس عمارت کو چند خاص اصول کے بنیادی پتھرون پر قائم کیا، یہ پتھر کیا ہین، ؟ خدا کی حقیقی عظمت کی شناخت اور اس عالم کائنات مین انسان کی اصلی حیثیت اور مرتبہ کی تعیین

**خدا کی حقیقی عظمت** اہل عرب ایک حقیقی قوت کے نام سے واقف تھے، اور اس کو خالق بھی مانتے تھے، قدرت کے کارخانہ کا اس کو تنہا مالک نہین سمجھتے تھے، یہودیون کا خدا، ایک خاندانی خدا تھا جس نے ساری دنیا صرف بنی اسرائیل کے لئے پیدا کی تھی، اور اس کو بنا کر ساتوین دن وہ تھک کر بیٹھ گیا تھا، وہ انسانون سے کشتی لڑتا تھا، اس کی اولادین تھیں، عیسائیون کا خدا سب کچھ مسیح بن مریم کو دیکر خود معطل ہو گیا تھا ایرانیون کے خدا کی خدائی نیکی و بدی کی دو مملکتون مین بٹی ہوئی تھی، ہندوون کا خدا اوتارون کا بھیس بدل کر لاکھون خدا بن گیا تھا، اور برہما، مہیش، اور بشن تینون نے مل کر خدائی کے کاروبار باہم تقسیم کر لئے تھے لیکن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس خدا کا جلوہ نمایان کیا جو آسمان کے اوپر سے لیکر زمین کے نیچے تک کا تنہا مالک ہے اس کے کاروبار مین کوئی دوسرا شریک نہین، اس کی شاہنشاہی مین کسی دوسرے کا حصہ نہین، اس کے کارخانہ قدرت مین کوئی دوسرا ساجھی نہین، کائنات کا کوئی ذرّہ اس کے حکم سے باہر نہین

Marfat.com

دنیا کی کوئی چیز اس کی نگاہوں سے چھپی نہیں، شجر، حجر، جنگل، پہاڑ، صحرا، دریا، سورج، چاند، زمین، آسمان انسان، حیوان، زبان والے اور بے زبان سب اس کے آگے سربسجود، اور اس کی تسبیح و تہلیل میں مصروف ہیں، سب کمزور ہیں، وہی ایک قوت والا ہے، سب جاہل ہیں، اسی ایک کو علم ہے، سب فانی ہیں اسی ایک کو بقا ہے، سب محتاج ہیں، وہی ایک بے نیاز ہے، سب اس کے بندے ہیں، وہی ایک شہنشاہ ہے غرض عرش سے فرش تک جو کچھ ہے، وہ اس کا ہے، اور اس پر صرف اسی کی حکمرانی ہے، وہ ہر عیب سے پاک، ہر برائی سے منزّہ، اور ہر الزام سے بری ہے، وہ ہر قسم کے صفاتِ عالیہ و اوصاف کمالیہ اور محامد جمیلہ سے متصف ہے، اس کے مانند کوئی نہیں، اس کی شبیہ و مثال کوئی نہیں وہ تشبیہ و تمثیل سے بالاتر اور انسانی رشتہ ناتے سے پاک ہے،

| | |
|---|---|
| ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ، | وہ ہے اللہ تمھارا رب، اسی کی بادشاہی ہے، |
| لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ، (زمر-۱) | اس کے سوا اور کوئی خدا نہیں ہے، |
| لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (زمر-۱) | آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے، |
| فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (انعام-۲) | آسمانوں کا اور زمین کا پیدا کرنے والا، |
| عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ (انعام-۹) | چھپی اور کھلی کا جاننے والا، |
| كُلُّ شَيْءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجْهَهٗ لَهُ | اس کی ذات کے سوا ہر چیز فانی ہے، اسی کے |
| الْحُكْمُ، (قصص-۹) | ہاتھ میں فیصلہ کی طاقت ہے، |
| لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ | اس کے مانند کوئی چیز نہیں، اور وہ سننے والا |
| الْبَصِيْرُ، (شوری-۲) | اور دیکھنے والا ہے |

Marfat.com

هُوَ الْحَيُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ (مومن-۷)

وہی زندہ ہے اس کے سوا کوئی خدا نہیں

وَعِنْدَهٗ مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَآ اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمٰتِ الْاَرْضِ (انعام-۷)

غیب کی کنجیاں اُسی کے پاس ہیں، اس کے سوا اُن کو کوئی نہیں جانتا، خشکی اور تری میں جو کچھ ہے وُہ اُس کو جانتا ہے، درخت کا کوئی پتہ نہیں گرتا اور نہ زمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ ہے لیکن وُہ

اَللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (اٰل عمران-۳)

اے اللہ اے بادشاہی کے مالک! تو جس کو چاہے سلطنت دے، اور جس سے چاہے چھین لے اور جس کو چاہے عزت دے، اور جسے چاہے ذلت نصیب کرے، تیرے ہاتھ میں بھلائی ہے، بیشک تو ہر بات پر قادر ہے

وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗٓ اِلَّا هُوَ، وَاِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا رَآدَّ لِفَضْلِهٖ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ (یونس-۱۱)

اور اگر اللہ تجھے مصیبت پہنچائے تو اس کے سوا کوئی اُس کا دور کرنے والا نہیں اور اگر وہ تیرے ساتھ بھلائی کرنا چاہے تو اُس کے فضل و کرم کا کوئی روکنے والا نہیں، اپنے بندوں میں سے جس کو چاہے اپنے فضل سے ممتاز کرے، اور وہی گناہوں

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ

اللہ اس کے سوا کسی اور کی بندگی نہیں، وہی جیتا ہے اور سب اس کے سہارے جیتے ہیں

Marfat.com

مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ۔

(بقرہ ۔ ۳۴)

اس کو اونگھ ہے نہ نیند، آسمان اور زمین میں جو کچھ ہے، اسی کا ہے، کون ایسا ہے جو اُس کے سامنے اس کی اجازت کے بغیر سفارش کر سکے، جو لوگوں کے روبرو ہے، اور جو اُن کے پیچھے ہے سب کو جانتا ہے، اور وہ اس کے علم کے حصہ کا احاطہ نہیں کر سکتے، مگر جتنا وہ چاہے، اُس کا تخت آسمانوں کو اور زمین کو سمائے ہے، اُن آسمانوں کی اور زمین کی نگرانی اُس کو تھکاتی نہیں، اور

آسمان و زمین کا مالک

يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا كُنْتُمْ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ۔ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَى اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ۔ (حدید ۔ ۱)

جو زمین میں گھستا، اور جو اس سے نکلتا ہے، اور جو آسمان سے اُترتا، اور اس میں چڑھتا ہے وہ سب کو جانتا ہے، اور تم جہاں بھی ہو وہ تمھارے ساتھ ہے، اور تم جو کچھ کرو اللہ اس کو دیکھتا ہے، اور آسمانوں اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے اور تمام کاموں کا مرجع وہی ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (فاتحہ)

سب تعریف اللہ کے لئے ہے جو تمام عالم کا پالنے والا ہے

وَلَهٗٓ اَسْلَمَ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (آل عمران ۔ ۹)

اور آسمانوں میں اور زمین میں جو کچھ ہے سب اُس کے زیر فرمان ہے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ، ذُوالْعَرْشِ | وہی گناہوں کا بخشنے والا ہے، بندوں سے محبت |
| الْمَجِيْدُ، فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ، | کرنے والا ہے تخت کا مالک ہے بڑی شان |
| (بروج - ۱) | والا ہے، جو چاہتا ہے، کر دیتا ہے، |
| يُسَبِّحُ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي | آسمانوں میں اور زمین میں جو ہے، سب اللہ کی |
| الْاَرْضِ، (جمعہ - ۱) | پاکی بیان کرتے ہیں، |
| وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ (اسرائیل) | اور کوئی چیز نہیں جو اسکی حمد کی تسبیح نہ پڑھتی ہو، |

ان معنوں کی ہزاروں آیتیں قرآن پاک میں ہیں، ان تعلیمات نے خدا کی عظمت، جلالت اور کبریائی کا وہ جلوہ پیش کیا جس کے سامنے معبودانِ باطل کی عزت خاک میں مل گئی بتوں کی بڑائی کا طلسم ٹوٹ گیا، سورج، چاند تاروں کی خدائی کا چراغ ہمیشہ کے لئے بجھ گیا، جن وانس، شجر و حجر، بحر و بر، سب اس کے جلال و جبروت کے سامنے سربسجود نظر آئے، پھر اس کے سوا کون تھا جو نیرنگِ وجود کے ساز سے انا اللہ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھو (میں ہوں خدا جس کے سوا کوئی دوسرا نہیں) کی صدا بلند کر سکتا،

**انسان کا مرتبہ** توحید محمدیؐ کا دوسرا بنیادی اصول، اس عالم خلق میں انسان کی حیثیت اور درجہ ہے جو لوگ بتوں کو سجدہ کرتے ہیں، پتھروں کو پوجتے ہیں، درختوں کے آگے جھکتے ہیں، جانوروں کو دیوتا مانتے ہیں، جنات اور ارواحِ خبیثہ کے نام کی دہائی پکارتے ہیں، آسمانی مخلوقات کو ارباب جانتے ہیں انسانوں کو خدا سمجھتے ہیں، وہ حقیقت میں انسان کے درجہ اور مرتبہ سے ناواقف ہیں، وہ دراصل اس طرح انسان کو پتھروں سے، درختوں سے، جانوروں سے، دریاؤں سے، پہاڑوں سے، اور چاند تاروں سے کمتر جانتے ہیں، انھوں نے درحقیقت انسان کے اصلی رتبہ اور حیثیت کو نہیں پہچانا،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی وحی کی زبان سے جاہل عربوں کو یہ نکتہ سوجھایا کہ انسان اس عالم خلق میں تمام مخلوقات سے اشرف ہے، اور وہ اس دنیا میں خدا کی نیابت کا فرض انجام دینے آیا ہے، قرآن کے ابتدائی سورہ میں آدم کی خلافت کا قصہ محض داستان نہیں بلکہ انسان کی اصلی حیثیت کو عیاں اور نمایاں کرنے والی تعلیم کا اولین دیباچہ ہے، اس کو فرشتوں کا مسجود بنانا گویا تمام کائنات کا مسجود بنانا تھا اس کو تمام اسمار کا علم عطا کرنا گویا تمام اشیا کو اس کے تصرف میں دینا تھا، اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً کے فرمان کے رو سے اس عالم میں خدا کا نائب ہے، اور اس کا سر خلافت الٰہی کے تاج سے ممتاز ہے، کروڑوں مخلوقات الٰہی میں خدا کی امانت کا حامل وہی منتخب ہوا، یہ منصب اعلیٰ نہ فرشتوں کو ملا، نہ آسمان کو عطا ہوا، نہ زمین کے حصہ میں آیا، نہ پہاڑ اس کے مستحق قرار پائے، صرف انسان ہی کا سینہ تھا، جو اس امانت کا خزینہ دار ہوا اور اسی کی گردن تھی، جو اس بوجھ کے قابل نظر آئی، فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَۃَ عَلَی السَّمٰوٰتِ وَ | ہم نے اپنی امانت آسمانوں پر، اور زمین پر، اور |
| الْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَیْنَ اَنْ یَّحْمِلْنَھَا | پہاڑوں پر پیش کی، تو سب نے اس بار (امانت) |
| وَاَشْفَقْنَ مِنْھَا وَحَمَلَھَا الْاِنْسَانُ | کے اٹھانے سے انکار کیا، اور اس سے ڈرے |
| (احزاب - ۹) | اور انسان نے اس کو اٹھا لیا، |

وحی محمدی نے انسان کا رتبہ یہ بتایا کہ اللہ تعالیٰ نے اس کو بزرگیوں سے سرفراز فرمایا، عالم مخلوقات پر اس کو برتر بنایا، اور انعام و اکرام سے معزز کیا ہے،

| | |
|---|---|
| وَلَقَدْ کَرَّمْنَا بَنِیْٓ اٰدَمَ وَحَمَلْنٰھُمْ | ہم نے آدم کی اولاد کو عزت دی، اور ہم نے |
| فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَرَزَقْنٰھُمْ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ | خشکی اور تری میں انکو سواری دی، اور ستھری |

Marfat.com

وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقْنَا تَفْضِيْلًا (بنی اسرائیل - ۷)

چیزوں کی اُن کو بڑی بخشی اور اپنی بہت سی پیدا کی ہوئی چیزوں پر اُن کو فضیلت عطا کی،

انسان ہی وہ مخلوق ہے جو سب سے معتدل قویٰ اور بہترین اندازہ کیساتھ دنیا میں پیدا ہوئی

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِيْۤ اَحْسَنِ تَقْوِيْمٍ ﴿ تین ﴾ البتہ ہم نے انسان کو بہتر اندازہ پر پیدا کیا،

یہان تک کہ انسان خدا کی صورت کا عکس قرار پایا، متعدد حدیثون مین ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ خدا نے آدم کو اپنی صورت پر پیدا کیا[1] اسی بنا پر آپ نے تعلیم دی کہ غلام کو سزا دو تو اسکے چہرہ پر نہ مارو کہ وہ صورتِ الٰہی کا عکس ہے، عین میدانِ جنگ میں اگر تلواریں برس رہی ہون تو حریف کے چہرہ پر وار نہ کرنا چاہیئے کہ خدا نے آدم کو اپنی صورت پر بنایا ہے،[2] غصہ میں یہ بھی نہ کہنا چاہیئے کہ خدا تیرے چہرہ کو اور تیرے جیسے چہرہ کو بگاڑ دے کہ خدا نے آدم کو اپنی صورت پر خلق کیا،[3] ان حدیثون کا مطلب یہ نہیں کہ انسان کی طرح خدا کی کوئی جسمانی شکل ہے، اور آدم کی شکل اس کی نقل ہے لَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ بلکہ یہ مطلب ہے کہ انسان مین خدا کی صفاتِ کاملہ کی ایک دھندلی سی جھلک موجود ہے، علم، قدرت، حیات، سمع، بصر، ارادہ، غضب، رحم، سخا وغیرہ، صفات کی ناقص مثالین اس کے اندر اللہ نے ودیعت رکھی ہین، اور چونکہ انسان کے تمام اعضا، مین اس کا چہرہ ہی اس کی شخصیت کا آئینہ دار اور اس کے اکثر حواس کا مصدر ہے، جن سے اس کے تمام اوصاف کا ظہور ہوتا ہے، اس لیے آنحضرت

[1] صحیح بخاری کتاب الاستیذان ابن ابی عاصم فی السنۃ والطبرانی من حدیث ابن عمر باسناد رجالہ ثقات، ادب المفرد بخاری و احمد عن ابی ہریرۃ وصحیح مسلم کتاب البر نیز توراۃ میں بھی یہ فقرہ ان الفاظ مین ہے، جس دن خدا نے آدم کو پیدا کیا خدا کی صورت پر اسے بنایا (پیدائش ۵-۲) [2] صحیح بخاری کتاب العتق، وصحیح مسلم کتاب البر والصلۃ [3] صحیح مسلم کتاب البر، آخری ٹکڑا صرف مسلم میں ہے، [4] الادب المفرد امام بخاری باب لاتقل قبح اللہ وجہہ،

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے انسان کے اعضا میں اُسی کو فیضِ رحمانی کا مورد[1] ظاہر کیا، اب غور کرو کہ وہ چہرہ جس کو خدا سے ایسی نسبت ہو کیا اس لائق ہے کہ غیر خدا کے آگے زمین پر رکھا جائے،

انسان تو کائنات میں خلیفۃ اللہ بن کر آیا ہے،

وَھُوَ الَّذِیْ جَعَلَکُمْ خَلٰٓئِفَ الْاَرْضِ (انعام۲) اور اسی نے تم کو زمین کا نائب بنایا،

تو اب وہ عالم کائنات میں خدا کے سوا کس کو سجدہ کرے،

روے زمین کی تمام چیزیں اسکے خاطر بنیں وہ روے زمین کی خاطر نہیں بنا ہے،

خَلَقَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا (بقرہ ۳) جو کچھ زمین میں ہے خدانے (اے انسانو) تمھارے لیے بنایا،

اِنَّ اللّٰہَ سَخَّرَ لَکُمْ مَّا فِی الْاَرْضِ (حج - ۹) زمین میں جو کچھ ہے خدانے اسکو تمھارے بس میں دیدیا ہے،

تو اب وہ روے زمین کی کس ہستی کے سامنے سر جھکائے،

مشرک، بت پرست، ستارہ پرست، فطرت پرست حقیقت میں غیروں کے آگے جھک کر یہ ثبوت دیتے ہیں، کہ یہ اُن کے لیے نہیں، بلکہ وہ اُن کے لیے بنے ہیں، جو چاند اور سورج کو پوجتے ہیں وہ یہ سمجھتے ہیں، کہ چاند اور سورج اُن کے لیے نہیں بلکہ وہ چاند اور سورج کیلئے بنے ہیں، محمد رسول اللہ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ نے اپنی وحی اور تعلیم کے ذریعہ سے یہ بتایا کہ کائنات کی ہر چیز انسان کے لیے بنی ہے اور انسان خدا کے لیے بنا ہے، اس لیے جب کائنات کا ہر ذرہ انسان کی خدمت گذاری میں مصروف ہے، تو انسان کو بھی خدا ہی کی خدمت گذاری میں مصروف رہنا چاہیئے،

ابر و باد و مہ و خورشید و فلک در کارند تا تو نانے بکف آری و بغفلت نخوری

[1] اس حدیث کی شرح میں فتح الباری شرح بخاری میں یہ قول نقل کیا گیا ہے،

Marfat.com

انسانون نے آسمانی مخلوقات کو اپنا معبود بنایا، تو وحیِ محمدیؐ نے اُن سے کہا،

| | |
|---|---|
| وَسَخَّرَ لَكُمُ اللَّيْلَ وَالنَّهَارَ وَالشَّمْسَ | اور خدا نے رات، دن، اور چاند اور سورج کو |
| وَالْقَمَرَ ط وَالنُّجُوْمُ مُسَخَّرَاتٌ بِاَمْرِهٖ ط | تمھارے لیے کام مین لگایا، اور ستارے اسکے |
| (نحل - ۲) | حکم سے کام میں لگے ہیں، |

انسانون نے جانورون کو پوجا تو پیغام محمدیؐ نے ان انسانون کو بتایا کہ یہ تمھارے ہین، تم اُن کے نہیں ہو،

| | |
|---|---|
| وَالْاَنْعَامَ خَلَقَهَا لَكُمْ فِيْهَا دِفْءٌ | اور جانوروں کو اُس نے پیدا کیا تمھارے لیے |
| مَنَافِعُ، (نحل - ۱) | جن میں اُون کی گرمی اور دوسرے فائدے ہیں |

انسانون نے دریا اور سمندر کو دیبی اور دیوتا بنایا، حالانکہ وہ بھی ان ہی کی خاطر عدم سے وجود مین آئے ہین،

| | |
|---|---|
| وَهُوَ الَّذِیْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ | اور وہی خدا ہے جس نے دریا کو کام مین لگایا |
| لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْيَةً | کہ تم اس سے تازہ گوشت کھاؤ، اور تاکہ تم اس |
| تَلْبَسُوْنَهَا وَتَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ | میں سے آرایش کے موتی پہننے کو نکالو، اور دیکھتے |
| فِيْهِ وَلِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ ط | ہو کہ جہاز سمندر کو پھاڑتے پھرتے ہیں، اور تاکہ |
| (نحل - ۲) | تم خدا کے فضل و کرم (روزی) کی تلاش کرو، |

آگ بھی انسانون کی مسجود بنی، حالانکہ وہ خود ان ہی کی محبت میں جل رہی ہے،

| | |
|---|---|
| اَلَّذِیْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ | جس نے تمھارے واسطے ہرے درخت |

Marfat.com

نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ، (یٰسین - ۵) سے آگ پیدا کی پس اس وقت تم اُس سے روشن کرتے ہو،

الغرض زمین سے لیکر آسمان تک جو مخلوق بھی ہے، انسان اُس سے اشرف اور بلند تر ہے اور ساری مخلوق اسی کے لئے ہے، پھر اس انسان سے بڑھ کر اور کون نادان ہے جو مخلوقات میں سے کسی کو اپنا معبود، اور مسجود بنائے، اس حقیقت کے آشکارا ہونے کے بعد شرک کا کوئی پہلو بھی ایسا ہے جسمیں کوئی سچا مسلمان گرفتار ہو سکے اور ایک آستانہ کو چھوڑ کر کسی اور چوکھٹ پر اپنا سر جھکا سکے؟

الغرض محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس توحید کی تلقین کی، وہ ان ہی دو اصولوں پر قائم ہے، ایک یہ کہ انسان تمام مخلوقات میں اشرف ہے اس لئے کسی مخلوق کے سامنے اس کا سر نہ جھکنا چاہیئے، اور دوسرا یہ کہ ہر قسم کی قوت، ہر قسم کی قدرت، اور تمام اوصاف کمالیہ صرف ایک بزرگ و برتر ہستی کے لئے ہیں جو ماوراے عرش سے زیر فرش تک ہر ذرہ پر حکمران ہے اس کی اطاعت کے دائرہ سے کوئی نقطہ باہر نہیں، انسان کی پیشانی کو ہر چوکھٹ سے اٹھکر صرف اسی کے آستانہ پر جھکنا چاہیئے، ہماری تمام عقیدت، ہماری تمام محبت، ہمارا تمام خوف، ہماری تمام امیدیں ہماری تمام دعائیں، ہماری تمام التجائیں ہماری تمام عاجزیاں صرف اسی ایک درگاہ پر نثار ہوں، اور اسی کے رحم و کرم کے سہارے ہماری زندگی کا سر انجام ہو،

وہ بزرگ و برتر ہستی کیا ہے؟ اور اسکی نسبت ہمارا کیا تخیل ہو؟ تعلیم محمدی نے اسکا بھی جواب دیا ہے

خدا کا جامع اور مانع تخیل

قرآن پاک کی آیات، جاہلیت کے اشعار، اسلام سے پہلے عربوں کے واقعات بلکہ عرب کے آثار قدیمہ کے کتبات سے یہ واضح طور پر ثابت ہے کہ عربوں کے ذہن میں ایک بالاتر ہستی کا تخیل ضرور موجود تھا جس کا نام اُن کے ہاں اللہ تھا مگر اللہ کیا ہے؟ کیسا ہے؟ اسکے صفات کیا ہیں؟ اسکی طرف

Marfat.com

کیا کیا باتیں منسوب کیجا سکتی ہیں کن کن باتوں سے وہ پاک ہو؟ اُس کا تعلق اپنے بندوں کے ساتھ کیا ہو؟ ہم کو اُس کے آگے کیسے جھکنا چاہیئے؟ اس سے کیا مانگنا چاہیئے؟ اور کیونکر مانگنا چاہیئے؟ اس کے حضور مین دعا کیونکر کرنی چاہیئے؟ ہم اس سے کیوں ڈرین اور کیونکر ڈرین؟ اور اس سے ڈرنے کی کیا حقیقت ہے؟ اس سے محبت کیجا سکتی ہے یا نہیں؟ اگر کیجا سکتی ہے تو کیونکر؟ اور اس سے محبت کی حقیقت کیا ہے؟ اُس کی قدرت کہان تک ہے؟ اس کے علم کی کیا حیثیت ہے؟ کیا وہ ہم سے دور ہے یا بالکل قریب ہے؟ اُس کے تقدس بڑائی اور عظمت کی کوئی حد ہے؟ اس پر ہم توکل اور بھروسہ کیونکر کرین؟ کیا وہ انسانون کی کسی صنف سے کلام بھی کرتا ہے؟ کیا اُس کے کچھ احکام بھی ہین؟ اور وہ احکام واجب الاطاعۃ بھی ہیں؟ وہ کن باتون سے خوش اور کن سے ناخوش ہوتا ہے؟ کیا وہ ہمارے دلوں کے چھپے ہوئے رازون سے بھی آگاہ ہے؟ کیا اس کی اجازت کے بغیر زمین کا ایک ذرہ بھی اپنی جگہ سے حرکت نہیں کرسکتا؟ اس کی مشیت اور اس کا ارادہ کیونکر آسمان سے زمین تک ہر چیز کو محیط ہے؟ کیا اس کے بنائے ہوئے قاعدے اور قانون بھی ہیں؟ کیا وہ انسانون کی تعلیم اور اصلاح کیلئے پیغمبرون کو بھی مبعوث کرتا ہے؟ کیا ہم اسکی بارگاہ مین اپنے اعمال کے جواب دہ بھی ہیں؟ ہم سے وہ کیوں اور کیونکر ہمارے اعمال کا مواخذہ کریگا؟ یہ وہ باتیں ہیں جن سے عرب جاہلیت کا دل و دماغ بالکل عاری اور خالی تھا اور ان چیزون کے متعلق اُن کے ذہن مین کوئی تخیل نہ تھا، جاہلیت کا ایک ایک ذرہ پڑھ جاؤ، ان کے مذاہب و اعتقادات کا ایک ایک حرف تلاش کرلو، اس سے زیادہ کچھ نہ پاؤگے کہ اللہ ایک طاقتور (الٰہی) ہستی ہے جس نے سب کو پیدا کیا ہے اور مصیبتون اور بلاؤن مین اس کو پکارنا چاہیئے،

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ربانی تعلیمات سے ان کو اللہ تعالیٰ کی حقیقی عظمت سے

آشنا کیا، اس کی وحدت اور بے مثالی سے باخبر کیا، اسکی مشیت وارادہ اور قدرت و وسعت سے آگاہ کیا، ایک ایسی ہستی کے اعتقاد کی اُن کو تعلیم دی جس کی قدرت بے انتہا جس کی وسعت غیر محدود ہے جس کی مشیت کائنات کے ہر ذرّہ مین نافذ ہے جس کے علم کے احاطہ مین اندھیرے اور اُجالے کی ہر چیز داخل ہے دلون کے اسرار، زبانون کے الفاظ، اور ہاتھ پاؤن کے اعمال سب ہر لحظہ اور ہر لمحہ اُس کے روبرو مین اسکے روبرو ہیں، اس کے سامنے انسان اپنے ہر عمل کا جوابدہ اور ذمہ دار ہے، اس کے مواخذہ کا خوف اس کی رحمت کی امید ہے، وہ محبوبِ ازل ہے اسکی محبت کا نشہ ہمارے دلون کی ہشیاری ہے اس کے فضل وکرم اور لطف ومحبت کی نیرنگیان اوپر سے نیچے تک پھیلی ہین، اس کی قوت ہر قوت پر غالب، اس کا ارادہ ہر ارادہ مین نافذ اور اس کا حکم ہر حکم سے بالاتر ہے، اس کی عبادت ہر مخلوق پر فرض، اور اس کی اطاعت ہر مکلف پر واجب ہے، وہ ہر عیب سے پاک ومنزہ اور ہر وصف کا مستحق اور اس سے متصف ہے انسانون کو اپنی یاد دلانے اور اُن کے تزکیہ واصلاح کے لئے رسولوں اور پیغمبرون کو بھیجتا رہا، اوران سے ہم کلام ہوتا رہا، اس کے کچھ احکام اور بندھے ہوئے قوانین ہیں جن کی اطاعت نیکی اور نافرمانی گناہ ہے، وہ اندھیرے کی روشنی، بھوکون کی سیری، مایوسون کی امید، زخمیون کا مرہم، بیقرارون کی تسلی اور بیکسون کا سہارا ہے، وہ ہم سے ہماری گردن کی رگ سے بھی قریب تر ہے ہم اس کو جب پکارین وہ سنتا ہے، وہ نیکیون کو پسند اور گناہون سے نفرت کرتا ہے، وہ جب چاہے آسمان وزمین کو فنا کردے اور جب چاہے، اُن کو پھر بنا دے، اس کی محبت دنیا کا حاصل، اسکی عبادت ہماری زندگی کا مقصود اور اسکی یاد ہمارے دلون کی راحت ہے،

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (رعد) — ہان خدا کی یاد سے دلون کو اطمینان حاصل ہوتا ہے

Marfat.com

ان تعلیمات کا یہ اثر ہوا کہ وہ لوگ جن کو بھولے سے بھی خدا کا نام یاد نہ آتا تھا، وہ اُس کے سوا سب کچھ بھول گئے، اور اس کی راہ مین ہر چیز قربان کرنے کو تیار ہو گئے، وہ چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے، ہر حال میں اس کی یاد مین سرمست و سرشار رہتے تھے،

يَذْكُرُوْنَ اللّٰهَ قِيَامًا وَّقُعُوْدًا وَّ عَلٰى جُنُوْبِهِمْ (آل عمران - ۲۰) — وہ خدا کو کھڑے، بیٹھے، اور لیٹے، یاد کرتے ہین،

اس سرمستی و سرشاری مین بھی انھون نے جنگلون مین راہبانہ زندگی بسر نہین کی دو لقمہ نان کی بھیک کو اپنا سہارا نہین بنایا، دنیا کی کشمکش سے نجات حاصل کرنے کے لیے بزدلانہ گوشہ نشینی کو تقدس کا نام دیکر اختیار نہین کیا، بلکہ فرائض کی ادائگی اور اس راہ مین جدّ جہد اور سعی و کوشش کو اپنا مذہب سمجھا، اور خدا کا حکم جان کر اس کو پوری مستعدی کے ساتھ بجالائے اور ان تمام ہنگامون کے ساتھ دل کا معاملہ دلدارِ ازل کے ساتھ ہمیشہ قائم رکھا، خدا نے اُن کی مدح کی کہ

رِجَالٌ لَّا تُلْهِيْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَيْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ (نور - ۴) — وہ لوگ جن کو تجارت اور خرید و فروخت خدا کی یاد سے غافل نہیں کرتی،

ان کی محبّتِ الٰہی کا درجہ دنیا کی ہر محبّت پر غالب آگیا خدا نے اُن کی توصیف کی کہ

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ (بقرہ ۲۰) — ایمان والے سب سے زیادہ خدا سے محبّت کرتے ہین

اُن کا توکل، اُن کا صبر، اُن کا استقلال، انکی استقامت، اُن کی بہادری، اُن کی بےخوفی، اُن کی صداقت، اُن کی راست بازی، اُن کی اطاعت، غرض اُن کی ہر چیز اُن کے اسی جذبۂ ایمانی کا پرتو تھی، اور ہر وقت اُن کے پیشِ نظر یہ تعلیم رہتی تھی کہ

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَى اللهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ (طلاق) | جو خدا پر بھروسہ کرتا ہے تو خدا اس کو بس ہے |
| اَلَيْسَ اللهُ بِكَافٍ عَبْدَهٗ (زمر-۴) | کیا خدا اپنے بندہ کو کافی نہیں، |
| وَتَخْشَى النَّاسَ وَاللهُ اَحَقُّ اَنْ تَخْشٰهُ | اور تو لوگوں سے ڈرتا ہے، حالانکہ سب سے زیادہ |
| (احزاب-۵) | خدا سے ڈرنا چاہیے، |

اُن میں یہ تمام روحانی و اخلاقی جوہر اسی ایمان باللہ کے بدولت پیدا ہوئے،

**اسماء وصفات** دنیا کے آغاز میں خدا نے کہا تھا کہ "ہم نے آدم کو سب نام سکھائے" دنیا کہاں سے کہاں نکل گئی، اور علم کی وسعت کہاں سے کہاں پہنچی، مگر غور کیجئے، تو ناموں کے ہیر پھیر سے ہم اب تک آگے نہیں بڑھے ہیں ہماری حقیقت رسی ہے اور یہی ہمارا فلسفہ ہے، ہم اپنے مفروضہ اصول منطق کی بنا پر ذاتیات اور حقائق کے ذریعہ سے اشیاء کی تعریف کے مدعی بن گئے ہیں لیکن ہزاروں صدیاں گذر نے پر بھی ذاتی اور حقیقی تعریف (حدِ منطقی) کی ایک مثال بھی پیش نہ کر سکے، جو کچھ کرسکے وہ یہ کہ صفات و عوارض اور خواص کے مختلف رنگوں سے نئی نئی طفلانہ شکلیں بناتے اور بگاڑتے ہیں، جب مادیت کا یہ عالم ہے، تو ورار الورار ہستی میں ہماری بشری طاقت اس سے زیادہ کا تحمل کیونکر کرسکتی، تجلی گاہ طور اسی رمز کی آتشیں تصویر ہے،

ہم خدا کو بھی اُس کے ناموں، اُس کے کاموں اور اُس کی صفتوں ہی سے جان سکتے ہیں محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے عرب کے جاہلوں کو اسی نصاب انسانی کے مطابق تعلیم دی، عرب کا جاہل اللہ نام ایک اعلیٰ ہستی سے واقف تھا، لیکن اس کے ناموں اور کاموں کے تخیل سے بڑی حد تک ناآشنا تھا، اس لئے اللہ تعالیٰ کے اسماء وصفات سے بھی وہ قطعاً بیگانہ تھا، یونانِ عرب یعنی اُن کی

Marfat.com

شاعری کے دفتر میں کہیں کہیں اللہ کا نام آتا ہے اگر کہیں اس کی صفت کا ذکر نہیں آتا قرآن پاک میں اُن کے خیالات کا پورا عکس اُتارا گیا ہے لیکن کہیں سے یہ ثابت نہیں ہوتا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے اسماء و صفات سے بھی آگاہ تھے، بعض عیسائی عربوں میں اللہ کے ساتھ الرّحمان کا لفظ بھی مستعمل تھا، جس کے معنی "رحم کرنے والے" کے ہیں، اصحابِ الفیل کے عیسائی رئیس ابرہہ کے نام سے سدِّ عرم (یمن) پر جو کتبہ لگا ہے، اور جس کو جرمن فاضل گلازر نے شائع کیا ہے، اس میں بھی دو جگہ رحمان کا لفظ آیا ہے، عرب عیسائی شعراء کے کلام میں بھی یہ لفظ ملتا ہے، عیسائیوں میں اس کے استعمال کا نتیجہ یہ تھا، کہ عرب مشرکین کو اس لفظ سے چڑھ ہو گئی تھی، اس لئے جب اسلام نے اس لفظ کو اختیار کیا تو مشرکین نے اس کے قبول کرنے سے انکار کر دیا، صلحِ حدیبیہ کے موقع پر جب آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے معاہدہ کے کاغذ پر بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لکھوائی تو قریش کے نمائندہ نے کہا کہ "قسم ہے اللہ کی مجھے نہیں معلوم کہ رحمان کیا ہے"؟

محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کی زبانِ مبارک سے سننے اور قرآن مجید میں بار بار خدا کیلئے رحمان کا لفظ مستعمل ہونے کی وجہ سے مشرکوں کو برہمی ہوتی تھی، اور وہ کہتے تھے، کہ ہم کبھی رحمان کے آگے سرنگوں نہیں ہو سکتے، قرآن نے اُن کی اسی حالت کا ذکر اس آیت میں کیا ہے:

وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اسْجُدُوْا لِلرَّحْمٰنِ — اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ رحمان کو سجدہ

قَالُوْا وَمَا الرَّحْمٰنُ اَنَسْجُدُ لِمَا تَاْمُرُنَا — کرو تو کہتے ہیں کہ رحمان کیا ہے کیا تم جسکو کہو

وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ، (فرقان ۵) — ہم سجدہ کریں، رحمان کا نام اُنکی نفرت کو اور بڑھا دیتا ہے

مشرکین کو یہ برا لگتا تھا کہ محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم ایک طرف تو اُن کے بتوں اور دیوتاؤں کی مذمت

Marfat.com

کرتے ہیں اور دوسری طرف عیسائیون کے رحمان کی مدح وستایش کرتے ہین،

أَهٰذَا الَّذِي يَذْكُرُ آلِهَتَكُمْ وَهُمْ بِذِكْرِ الرَّحْمٰنِ هُمْ كَافِرُونَ ، (انبیاء-۳)

(مشرک آپ کو دیکھتے تو مذاق سے کہتے کیا یہی ؤہ ہے جو تمھارے دیوتاؤن کو برا کہتا ہے، اور وہی مشرک رحمان کے ذکر سے انکار کرتے ہین)

تعلیم محمدیؐ نے عرب کے ناآشنایانِ حقیقت کو بالآخر آگاہ کیا کہ خدا کے اسمار وصفات کی کوئی حد نہیں، اس کو سب ہی اچھے نامون سے پکارا جا سکتا ہے،

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ أَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ط أَيًّا مَّا تَدْعُوا فَلَهُ الْأَسْمَاءُ الْحُسْنٰى (اسرائیل-۱۲)

کہدو (اے پیغمبر کہ) خدا کو اللہ کہہ کر پکار دیا رحمان کہہ کر جس نام سے بھی پکارو سب اچھے نام اسی کے ہیں،

اللہ تعالیٰ کے اسمار وصفات کا مسئلہ اسلام کے ان اہم مذہبی اصلاحات میں سے ہے جن سے نہ صرف عرب کے جاہل ناآشنا تھے، بلکہ دنیا کے بڑے بڑے مذہبون کے پیرو بھی اُن کے متعلق غلطیوں میں مبتلا تھے، یہودیوں کے اسفار اور صحیفون میں خدائے برحق کا اصلی نام "یہوا" تھا مگر کبھی عام یہودیون کو اس مقدس نام کے زبان پر لانے کی اجازت نہ تھی، دوسرا عام نام "ایلوہیم" ہے جو ہر موقع پر استعمال ہوتا ہے، ان دو کے علاوہ خدا کے جسیوں نام اور اسمار جو درحقیقت اُس کے اوصافِ ذاتی اور اعمالِ ربانی کے ترجمان ہین، توراۃ کا دفتر اُن کے ذکر سے بالکل خالی ہے، صفاتِ الٰہی میں سے جو صفت یہودی صحیفون مین سب سے زیادہ نمایان ہے، وہ "فوجون والا خدا" یعنی "رب الافواج" ہے، جو خدا کی صفاتِ جلالی کا مظہر ہے،

عیسائیوں کی انجیل اور مذہبی کتابوں میں "باپ" کا لفظ خدا کے لیے استعمال ہوا ہے، اس لفظ کی حقیقت اور خدا پر اس کے اطلاق سے مقصود کیا ہے؟ گوشت و پوست اور مادیت سے بھرے ہوئے لفظ کا خدا پر مجازاً اطلاق بھی کہاں تک جائز ہے؟ اور اس سے اس مذہب میں کہاں تک غلطیاں پھیلیں، ان باتوں کو چھوڑ کر بھی دیکھئے تو خدا کے صرف جمالی صفات کی ناقص اور مادی تعبیر ہے، عیسائیت میں فلسفہ کی آمیزش نے تثلیث کے اختراعی عقیدہ کو اسی مسئلۂ صفات کے پردہ میں چھپا لیا اور یہ تاویل کی گئی، کہ تثلیث کے اقانیم ثلثہ، باپ (خدا) بیٹا (حضرت عیسیٰؑ) اور روح القدس حیات، خلق اور علم تین صفتوں سے عبارت ہیں، باپ حیات، بیٹا خلق، اور روح القدس علم ہے، اور یہ تینوں ایک ہیں، اور تینوں وجود میں الگ الگ ہیں، اس تشریح سے صفاتِ الٰہی کے تجسم کے مسئلہ نے جنم لیا، اور ایک خدا کئی خداؤں کا مجموعہ بن گیا،

ہندوؤں میں اللہ تعالیٰ کے اسماء و صفات کی نیرنگی نظر آتی ہے لیکن ہر صفت نے اُن کے ہاں ایک مستقل وجود حاصل کر لیا ہے، اور خود خدا ہر قسم کی صفات سے خالی، اور مجرد رہ گیا ہے، اسی لئے ہندوستان کے تمام مذاہب اسی تجسم صفات کے جلوہ گاہ ہو کر رہ گئے ہیں، برہما، مہیش، وشنو تین صفات خالق، ممیت (مارنے والا) اور قیوم کے مجسمے ہیں، غلط تعبیر نے وحدت کی جگہ یہاں بھی تثلیث پیدا کر دی ہے، شنکر اچاریہ نے خدا کے صرف تین اصلی صفات تسلیم کئے، حیات، علم، اور سرور یا آنند، جین مذہب اور بعض ہندو فرقوں میں ایک خالقیت کی صفت کے تجسم نے اعضائے تناسل کی پرستش کی گمراہی پیدا کی، عام ہندوؤں میں ۳۳ کروڑ عجیب الخلقت دیوتاؤں کی عظیم الشان بھیڑ بھی صفات و اسمائے الٰہی کی تجسیم اور مستقل وجود کے غلط فلسفہ نے پیدا کی اور اسی نے بت پرستیوں

Marfat.com

کی نت نئی صورتیں نمایاں کیں، مجوسیوں میں یزدان اور اہرمن کی ثنویت اور دوئی بھی، خدا کی دو صفتوں ہادی اور مضل کو دو مستقل ہستیوں میں منقسم کردینے کا نتیجہ ہے، اس تفصیل سے اندازہ ہوا ہوگا کہ اس مسئلہ کی غلط تعبیر نے دنیا میں کتنی گمراہیاں پیدا کی ہیں،

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے انسانوں کے ان تمام فاسد تخیلات کو باطل ٹھہرایا، انکے غلط عقیدوں کی تصحیح کی، اور ربانی ہدایت کے نور سے سراج منیر بن کر جس طرح حقیقت کو روشن کیا، وہ نبوت محمدی کے عظیم الشان کارناموں میں ہے،

آپ نے بتایا کہ اللہ تعالیٰ کی صفات کاملہ گنتی اور شمار کی حد سے باہر ہیں، اور اس کی باتوں کی کوئی انتہا نہیں، آپ نے یہ دعا سکھائی "اے خداوندا تیرے ہر اس نام کے وسیلہ سے جو تو نے اپنا رکھا، یا اپنی کتاب میں اتارا، یا کسی مخلوق کو سکھایا، یا اپنے لئے اپنے علم غیب میں اسکو چھپا رکھا، میں تجھ سے مانگتا ہوں" حضرت عائشہؓ کو یہ الہامی دعا تعلیم ہوئی خداوندا میں تیرے سب اچھے ناموں کے وسیلہ سے جن میں سے کچھ کو ہم نے جانا، اور جن کو نہیں جانا تجھ سے درخواست[1] کرتا ہوں" قرآن پاک کے ذریعہ بتایا گیا،

| | |
|---|---|
| قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ؕ (الکہف ۱۲) | کہدو (اے پیغمبر) کہ اگر سمندر میرے پروردگار کی باتوں کے لکھنے کیلئے سیاہی بنجائے تو سمندر ختم ہوجائے لیکن میرے پروردگار کی باتیں ختم نہ ہونگی اگرچہ ہم ایسا ایک |

دوسری جگہ کہا گیا،

[1] یہ تینوں دعائیں امام بیہقی نے کتاب الاسماء والصفات میں نقل کی ہیں اور پہلی روایت مسند ابن حنبل میں بھی (مسند عبداللہ بن مسعودؓ)

| | |
|---|---|
| وَلَوْ اَنَّ مَا فِی الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَۃٍ | اور اگر زمین میں جتنے درخت ہیں وہ قلم بنجائیں |
| اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ یَمُدُّہٗ مِنْۢ بَعْدِہٖ | اور سمندر اور اس کے بعد سات سمندروں |
| سَبْعَۃُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ کَلِمٰتُ | کا پانی سیاہی ہو جائے تب بھی اللہ کی |
| اللّٰہِ ط (لقمان ۔۳) | باتیں ختم نہ ہوں گی، |

الغرض تمام اچھے اور کمالی نام اسی کے لئے ہیں، اور اسی کو زیبا ہیں،

| | |
|---|---|
| اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ لَہُ الْاَسْمَآءُ | نہیں ہے کوئی معبود، لیکن وہی اللہ اسی |
| الْحُسْنٰی ط (طٰہٰ ۔۱) | کے لئے ہیں سب اچھے نام، |

بڑائی کا ہر نام اور خوبی کا ہر وصف اسی ذاتِ بے ہمتا کے لئے ہے، خواہ اس کو خدا کہو، یا اللہ کہو، لغت اور زبان کا کوئی فرق اس میں خلل انداز نہیں،

| | |
|---|---|
| قُلِ ادْعُوا اللّٰہَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ | کہدے (اے پیغمبر) اس کو اللہ کہہ کر پکارو، |
| اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَہُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی | یا رحمان کہہ کر، جو چاہو کہکر پکارو، سب |
| (اسرائیل ۔۱۲) | اچھے نام اُسی کے ہیں، |

لیکن مشرکوں کی طرح اس کو ایسے ناموں سے نہ پکارو، جو اس کے کمال اور بڑائی کے منافی ہیں، اور بتوں اور دیوتاؤں کے ناموں سے بھی اُس کو یاد نہ کرو،

| | |
|---|---|
| وَلِلّٰہِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی فَادْعُوْہُ | اور اللہ ہی کے لئے ہیں، سب اچھے نام، سو |
| بِھَا ص وَذَرُوا الَّذِیْنَ یُلْحِدُوْنَ فِیْٓ | ان ناموں سے پکارو، اور ان لوگوں سے علٰحدہ |
| اَسْمَآئِہٖ ، (اعراف ۔۲۲) | رہو جو اُس کے ناموں میں کجی کرتے ہیں، |

Marfat.com

تعلیمِ محمدیؐ کا صحیفہ وحی اللہ تعالیٰ کے تمام اوصافِ حمیدہ اور اسمائے حسنیٰ سے بھرا ہوا بلکہ اس کا صفحہ صفحہ خدا کے اسماء و صفات کی جلوہ گریوں سے معمور ہے، قرآن پاک کا کوئی ایسا رکوع ہوگا جس کا خاتمہ خدا کی توصیف اور حمد پر نہ ہو، اور یہ تمام اوصاف اور نام اُس عشق و محبت کو نمایاں کرتے ہیں جو اس محبوبِ ازل اور نورِ عالم کیساتھ قرآن کے ہر پیرو کے دل میں ہونا چاہیے

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ | اللہ آسمانوں اور زمین کا نور ہے، اُس کے نو |
| مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِيْهَا مِصْبَاحٌ | کی مثال یہ ہے کہ ایک طاق ہو جس میں چراغ |
| اَلْمِصْبَاحُ فِيْ زُجَاجَةٍ ۭ اَلزُّجَاجَةُ | ہو، چراغ ایک شیشہ کے اندر ہو، شیشہ اتنا صاف ہو |
| كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّيٌّ يُّوْقَدُ مِنْ | گویا ایک چمکتا ستارہ ہے، وہ چراغ زیتون کے مبا |
| شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَيْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِيَّةٍ | درخت کے تیل سے جلایا گیا ہو، نہ وہ پورب نہ پچھم ہے |
| وَّلَا غَرْبِيَّةٍ يَّكَادُ زَيْتُهَا يُضِيْۗءُ وَلَوْ | اس کا تیل اتنا صاف ہے کہ آگ کے چھوئے بغیر |
| لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ۭ نُوْرٌ عَلٰي نُوْرٍ ۭ | وہ آپ سے آپ جلنے کو ہو، روشنی پر روشنی، خدا اپنی |
| يَهْدِي اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَاۗءُ ۭ وَ | روشنی تک جس کو چاہے پہنچا دے، اور خدا لوگوں |
| يَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ۭ | (کے سمجھانے) کے لیے یہ مثالیں بیان کرتا ہے |
| وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ (نور-۵) | اور اللہ کو ہر چیز کا علم ہے۔ |
| اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ | اللہ، نہیں ہے اُس کے سوا کوئی اور معبود |
| لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ | وہ ہمیشہ زندہ، تمام دنیا کو سنبھالنے والا، اُس کو |
| مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ | اونگھ اور نیند نہیں آتی آسمانوں میں اور زمین میں جو |

Marfat.com

ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗۤ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ
یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَ مَا خَلْفَهُمْ ۚ
وَ لَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖۤ اِلَّا
بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ
وَ الْاَرْضَ ۚ وَ لَا یَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ
وَ هُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ؕ

(بقرہ - ۳۳)

هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ
عٰلِمُ الْغَیْبِ وَ الشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ
الرَّحِیْمُ ، هُوَ اللّٰهُ الَّذِیْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا
هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ
الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ
سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِكُوْنَ ، هُوَ
اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ
الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی
السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ ۚ وَ هُوَ الْعَزِیْزُ
الْحَكِیْمُ ، (حشر - ۳)

کچھ ہے اسی کا ہے کون ہو جو اس کی مرضی کے
بغیر اس کے سامنے سفارش کرنے کو کھڑا ہو انسانوں
کے سامنے اور پیچھے جو کچھ ہے اس کو وہ جانتا ہے اور
اور وہ لوگ اس کے علم کا احاطہ نہیں کر سکتے
لیکن جتنے کا وہ چاہے اس کا تخت آسمانوں
اور زمین کو سمائے ہوئے ہے اور ان دونوں (آسمان
و زمین) کی نگہبانی اس کو تھکاتی نہیں، اور وہی
وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی اللہ نہیں چھپے اور
کھلے کا علم رکھنے والا وہی رحم کرنے والا اور مہربانی
والا ہے، وہی اللہ ہے جس کے سوا کوئی اللہ نہیں
سب کا بادشاہ، پاک، پوری سلامتی، امن والا
شے پر نگاہ، غالب، سب پر قابو والا، بڑائی والا،
اس چیز سے پاک ہے جس کو یہ مشرک خدا کا
شریک بتاتے ہیں، وہی اللہ پیدا کرنے والا، بنانے
والا، ہر چیز کی صورت کھینچنے والا اسی کے لئے سب
اچھے نام ہیں، جو کچھ آسمانوں اور زمین میں
سب اسی کی پاکی بیان کرتے ہیں، وہی سب

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَ
هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ، لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضِ ج يُحْيٖ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى
كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ، هُوَ الْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُ
وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ
عَلِيْمٌ ، هُوَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ
وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى
عَلَى الْعَرْشِ ط يَعْلَمُ مَا يَلِجُ فِي الْاَرْضِ
وَمَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ
وَمَا يَعْرُجُ فِيْهَا ط وَهُوَ مَعَكُمْ اَيْنَ مَا
كُنْتُمْ ط وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ بَصِيْرٌ ،
لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاِلَى
اللّٰهِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ ، يُوْلِجُ الَّيْلَ فِي
النَّهَارِ وَيُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ وَ
هُوَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ،

(حدید - ۱)

آسمانوں مین اور زمین مین جو کچھ ہے وہ سب خدا
کی پاکی بیان کرتے ہیں، اور وہی غالب اور
دانا ہے، آسمانون کی اور زمین کی حکومت اسی
کی ہے، وہی جلاتا ہے، اور مارتا ہے، اور وہ
ہر بات پر قادر ہے، وہی پہلا اور وہی پچھلا ہے،
وہی کھلا ہے، اور وہی چھپا ہے، اور وہ ہر بات کو
جانتا ہے، وہی ہے جس نے آسمانون کو اور زمین
کو چھ دنوں میں پیدا کیا، پھر تخت پر برابر ہوا،
جانتا ہے جو زمین مین گھستا ہے، اور جو اس سے
نکلتا ہے، اور جو آسمان سے اترتا ہے، اور جو اس
میں چڑھتا ہے، اور جہان بھی تم ہو وہ تمھارے
ساتھ ہے، اور اللہ تمھارے کاموں کو دیکھتا ہے،
آسمانون کی اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے،
اور اللہ ہی تمام چیزون کا مرجع ہے، وہ رات
کو دن میں داخل کر دیتا ہے، اور دن کو رات
میں داخل کرتا ہے، اور وہ سینوں کے سب
بھیدون سے واقف ہے

خدا کے متعلق اہلِ عرب کا جو پست تخیل تھا، اور محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اس کو مٹا کر ان کے

Marfat.com

سامنے جو بلند تخیل پیش کیا اس کا اندازہ حسب ذیل واقعہ سے ہو سکتا ہے آپ نے جب توحید کا آوازہ بلند کیا، تو مشرکین جو اپنے دیوتاؤن کی آل واولاد اور بیویون اور گو بیون کی حمد کے ترانے گاتے تھے آپ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور فرمایش کی کہ ذرا اپنے خدا کا نسب تو ہمارے سامنے بیان کرو گویا وہ اپنے دیوتاؤن سے اسلام کے خدا کا مقابلہ کرکے بتانا چاہتے تھے، کہ اس حیثیت سے اسلام کا خدا ہمارے دیوتاؤن کی ہمسری نہین کرسکتا، اس کے جواب مین وحی محمدیؐ نے اپنے خدا کی حقیقت قرآن پاک کی اس سب سے مختصر سورہ میں پیش کی[1]،

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ، اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۚ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ،

(اخلاص)

کہدے (اے پیغمبر) وہ اللہ ایک ہے، وہ تنہا اور بزرگ اور بے نیاز، اور عالم کا مرجع اور جائے پناہ ہے نہ اس کے کوئی اولاد ہے، اور نہ اس کے ماں باپ ہین، جنھون نے اس کو جنا ہو، اور نہ اس کا کوئی ہمسر نہیں

یہ روایت حضرت ابی بن کعبؓ سے مروی ہے، جو صحابہ میں سب سے زیادہ قرآن کے ماہر سمجھے جاتے تھے، وہ اسی کے بعد اس سورہ کی تفسیر مین کہتے ہیں کہ "صمد" وہ ہے جو نہ جنتا ہے اور نہ کسی نے اس کو جنا ہو، کیونکہ جو جنا جاتا ہے، وہ مرتا بھی ہے اور جو مرتا ہے وہ اپنا وارث و جانشین بھی چھوڑ جاتا ہے، اور خدا نہ مرتا ہے، نہ اُس کا کوئی جانشین ہے، اور کوئی اس کا ہمسر نہین ہے یعنی کوئی اس کے برابر نہین، اور نہ کوئی اُس کے مثل ہے، غور کرو کہ محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم سے پہلے اہل عرب میں خدا کا کتنا پست و ذلیل تخیل تھا جس کا اندازہ تم اُن کے سوال ہی کرسکتے ہو اور آپ کی تعلیم کے بعد

[1] مستدرک حاکم تفسیر اخلاص (صحیح) جامع ترمذی تفسیر سورۂ مذکور و کتاب الاسماء بیہقی صفحہ ۲۲ (الہ آباد)

Marfat.com

وہ تخیل کتنا پاک، اعلیٰ اور بلند ہو گیا جس کا اندازہ حضرت ابیؓ کی تفسیر سے ہو سکتا ہے جو اسی عرب نژاد قبیلہ کے ایک ممتاز فرد تھے لیکن ان کا دل اب محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیض تعلیم سے منور ہو چکا تھا۔ حضرت ابو ہریرہؓ آپؐ سے سنکر کہتے ہیں کہ خدا فرماتا ہے کہ آدم کے بیٹے نے مجھے جھٹلایا، اور آدم کے بیٹے نے مجھکو گالی دی، اس کا جھٹلانا یہ ہے کہ اس نے کہا کہ خدا دوبارہ پیدا نہیں کریگا، حالانکہ پہلی بار کے پیدا کرنے سے دوسری بار کا پیدا کرنا بہت آسان ہے اور اس کا گالی دینا یہ ہے کہ اس نے کہا کہ خدا کی اولاد ہے حالانکہ میں وہ ایک اور صمد ہوں جس نے نہ کسی دوسرے کو جنا ہے اور نہ اس کو کسی نے جنا ہے، اور نہ اس کا کوئی ہمسر ہے۔[1] حضرت ابو ہریرہؓ یمنی عرب ہیں یعنی اس عرب کے ایک فرد ہیں، جو تعلیم محمدیؐ سے پہلے ان حقائق سے بے بہرہ تھا، اور اب وہ تنزیہ و تقدیس کے یہ موتی اپنے منہ سے اگل رہے ہیں،

اس مختصر سورہ میں سب سے چھوٹا لفظ "صمد" ہے لیکن درحقیقت قرآن کی بلاغت نے اس ایک لفظ میں صفاتِ الٰہی کا بے پایان دفتر چھپا رکھا ہے "صمد" کے معنی لغت میں اونچی پتھریلی زمین یا چٹان کے ہیں جو کسی ایسے آدمی میں ہو، جہاں جب سیلاب آتا ہو، تو اس پر نہ چڑھتا ہو اور لوگ اس وقت دوڑ دوڑ کر اسی پر چڑھکر اپنی جانیں بچائیں، پھر صمد کے اس لغوی معنی سے اس سردار کے معنی پیدا ہوئے جو بزرگی اور شرافت میں انتہائی معراج کمال پر ہو، اس سردار کو بھی کہنے لگے جس کی موجودگی کے بغیر مجلس میں کوئی فیصلہ نہ ہو سکتا ہو، اور اس سردار کو بھی کہتے ہیں، جس کے اوپر کوئی سردار نہ ہو، اور اس جائے پناہ کے معنی میں بھی مستعمل ہوا جو سب کو مصیبت کے وقت اپنے دامن میں پناہ دیسکے اور اس مرجع و مرکز کے معنی میں بھی آیا جس کی طرف ہر شخص دوڑ دوڑ کر جاتا ہے، صمد ٹھوس کو بھی کہتے ہیں جس کے اندر خول نہ ہو، اسی سے اس کو بھی کہتے ہیں جو کھاتا پیتا نہ ہو اور جس کے

[1] صحیح بخاری تفسیر سورہ اخلاص

آل و اولاد نہ ہو، اُس کو بھی کہتے ہیں جس سے کوئی بے نیاز نہ ہو، اُس بہادر کو بھی کہتے ہیں جس کو لڑائی میں بھوک اور پیاس نہ لگتی ہو، صَمَدَۃٌ اس اونٹنی کو کہتے ہیں جس کے حمل نہ رہا ہو، حضرت ابن عباسؓ کہتے ہیں کہ صمد وہ سردار ہے، جو اپنی بزرگی اور سرداری میں درجۂ کمال پر ہو، وہ شریف جس کی شرافت کامل ہو، وہ بڑا جس کی بڑائی میں کوئی نقص نہ ہو، وہ بردبار جس کی بردباری بدرجۂ اتم ہو، وہ بے پروا و بے نیاز جس کی بے پروائی و بے نیازی کی کوئی حد نہ ہو، وہ زبردست جس کے جبروت کی انتہا نہ ہو، وہ عالم جس کا علم بدرجۂ اتم ہو، وہ حکیم جس کی دانائی بمرتبۂ کمال ہو، یعنی وہ جو بڑائی اور بزرگی کی ہر صنف میں کامل ہو[1]
ان معنوں کے علاوہ صحابہ اور تابعین نے اس کی تفسیر میں حسبِ ذیل معانی بھی لکھے ہیں:-

| | |
|---|---|
| ابن عباسؓ | وہ جس کی طرف مصیبت کے وقت لوگ رجوع کریں، |
| حسن بصری | وہ حی و قیوم جس کو زوال نہ ہو، اور جو باقی ہو، |
| ربیع بن انس | جس کے نہ اولاد ہو، نہ ماں باپ، |
| عبداللہ بن مسعودؓ | جس کے اندر معدہ وغیرہ، جسمانی اعضا نہ ہوں، |
| بریدہؓ | جس میں جوف نہ ہو، |
| عکرمہ و شعبی | جو کھاتا نہ ہو، |
| عکرمہؓ | جس میں سے کوئی دوسری چیز نہ نکلے، |
| قتادہؓ | باقی غیر فانی، |

[1] کتاب الاسماء و الصفات، امام بیہقی بسند صفحہ ۴۴

Marfat.com

لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ تمام معانی اس ایک لفظ کے اندر پوشیدہ ہیں، اور یہ سب صرف ایک حقیقت کی مختلف تعبیریں ہیں، کیونکہ اوپر یہ معلوم ہو چکا ہے کہ اس لفظ کے معنی چٹان" کے ہیں جو لڑائی اور مصیبتوں کے وقت جائے پناہ کا کام دے، اسرائیلی الٰہیات میں بھی یہ لفظ یہی اہمیت رکھتا ہے، اور بنی اسرائیل کے صحیفوں میں جائے پناہ کے لئے چٹان کا لفظ آیا ہے (۳۲-۳۰-۳۱) میں ہے

"اگر اُن کی چٹان اُن کو بیچ نہ ڈالتی، اور خداوند تم کو اسیر نہ کر دیتا، کیونکہ ان کی چٹان ایسی نہیں جیسی ہماری چٹان"

"یہ چٹان" اس موقع پر حقیقت میں خدا کی مدد و نصرت سے کنایہ ہے سموایل کے پہلے صحیفہ میں یہ کنایہ تصریح سے بدل جاتا ہے، خداوند کے مانند کوئی قدوس نہیں تیرے سوا کوئی نہیں کوئی چٹان ہمارے خدا کے مانند نہیں" (۲-۲)

اس سورہ میں خدا کی صفت میں دو لفظ ہیں: اَحَدٌ (ایک) اور صَمَدٌ (جائے پناہ) اور یہ دونوں خدا کے دو متضاد کمالی اوصاف کو حاوی ہیں، اس کی یکتائی کا نتیجہ تو یہ ہے کہ اس جیسا کوئی نہیں نہ اس کو کسی کی حاجت، نہ اس کو کسی سے غرض، وہ یکہ و تنہا، اکیلا، بے ہمتا، بے نیاز، بے پروا، سب سے مستغنی اور سب سے الگ ہے لیکن اسی کمال یکتائی کے ساتھ وہ سب کے ساتھ، سب کا دستگیر، سب کی جائے پناہ، سب کا محتاج الیہ، سب کا مرکز، سب کا مرجع، سب کا ماوی، سب کا ملجا، یعنی سب کی چٹان ہے، جو مصیبتوں میں سہارا، بلاؤں میں تسلی، اور اضطرابوں میں تشفی ہے۔

فَفِرُّوْا اِلَى اللّٰهِ ۔ ہر جگہ سے بھاگ کر اللہ کے ہاں پناہ لو،

یہ سورہ پاک توحید اسلامی کے ہر شعبہ کو حاوی ہے اور اسی لئے اس کو ثلث القرآن (تہائی قرآن)

۵۲ ان معانی کے لئے دیکھو کتاب الاسماء بیہقی صفحہ ۴۳، مفردات القرآن راغب اصفہانی، ابن جریر طبری، ابن کثیر اور تفسیر سورۃ الاخلاص لابن تیمیہ،

Marfat.com

کا درجہ دیا گیا ہے، ایک صحابی تھے، جو نماز کی ہر دو رکعت میں قرات کے آخر میں اس سورہ کو پڑھا کرتے تھے لوگوں نے یہ واقعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا، آپنے اُن سے اسکی وجہ دریافت کرائی انھوں نے کہا اس میں میرے رب کی صفتیں بیان ہوئی ہیں، جو مجھ کو بہت محبوب ہیں، آپنے فرمایا "بشارت ہو کہ خدا بھی تم سے محبت کرتا ہے"[۱] ایک اور انصاری صحابی تھے، جو قبا کی مسجد میں امامت کرتے تھے، اُن کا یہ حال تھا کہ ہر رکعت میں فاتحہ کے بعد پہلے اس سورہ کو پڑھ لیتے تب کوئی دوسری سورہ پڑھتے تھے اُن کے مقتدی صحابہ نے اس پر اعتراض کیا تو انھوں نے کہا کہ مجھے امامت چھوڑنی منظور ہے مگر اپنی روش بدلنی منظور نہیں لوگوں نے اس واقعہ کا تذکرہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا، آپنے اُن سے اُس کی وجہ دریافت کی تو گذارش کی کہ یارسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم مجھے یہ سورہ بہت محبوب ہے، ارشاد ہوا کہ یہ محبت تم کو جنت میں لیجائیگی[۲] قتادہ بن نعمان ایک صحابی تھے جو رات رات بھر اسی ایک سورہ کو دہراتے اور لطف حاصل کرتے رہتے تھے، لوگوں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا تذکرہ کیا تو فرمایا کہ یہ سورہ قرآن کا تہائی حصہ ہے[۳]"

اُس گمراہی اور تاریکی کا اندازہ جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے عرب پر چھائی ہوئی تھی، اس روحانی لطف اور نورانی فیض سے کرو، جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ اُس کے حصہ میں آیا،

قرآن مجید اور احادیث میں اللہ تعالیٰ کے سو سے زیادہ نام اور اوصاف آئے ہیں، صحیح حدیثوں میں ہے کہ آپنے فرمایا کہ "اللہ تعالیٰ کے ننانوے ۹۹ نام ہیں، جو اُن کو محفوظ رکھے یا نگاہ

---

[۱] صحیح بخاری کتاب التوحید [۲] ایضاً کتاب الصلوٰۃ [۳] مسند احمد بن حنبل مسند ابی سعید الخدری رض۔

رکھے، وہ جنت میں داخل ہوگا[1] خدا طاق ہے، وہ طاق عدد کو پسند کرتا ہے، آخری فقرہ اس علت کو ظاہر کرتا ہے کہ ۹۹ نام کیوں رکھے گئے، پورے سو کیوں نہ مقرر کئے گئے، اس لئے کہ اگر پورے سو ہوتے تو عدد طاق نہ رہتا، اور اس سے توحید کا رمز آشکارا نہ ہوتا، صحیح احادیث میں اسی قدر ہے یعنی ان ۹۹ ناموں کی تصریح نہیں ہے، ترمذی میں اور بعض کم درجہ حدیثوں میں ان ناموں کو گنایا بھی ہے لیکن محدثین نے عموماً یہانتک کہ حافظ ابن حجر نے بھی لکھا ہے کہ یہ روایتیں ضعیف[1] و مدرج ہیں[2] پھر ان روایتوں میں بعض ناموں کا ادل بدل اور الٹ پھیر بھی ہے، اور بعض ایسے نام بھی ان میں ہیں جو قرآن میں مذکور نہیں، اور بعض ایسے نام جو قرآن میں ہیں، ان میں نہیں ہیں، اسی لیے علماء کا فیصلہ یہ ہے کہ ان روایتوں میں ناموں کا انتخاب راویوں نے خود اپنی تلاش و تفحص سے کیا ہے اس لیے ان روایتوں سے یہ شبہ نہ ہو کہ اسمائے الٰہی صرف ان ننانوے ۹۹ میں محصور ہیں، بلکہ بڑے بڑے ائمہ اور محدثین مثلاً عبدالعزیز بن یحییٰ، ابوبکر بن عربی امام نووی، حافظ ابن حجر امام خطابی، ابن تیمیہ اور قرطبی وغیرہ نے تصریح کی ہے کہ اسمائے الٰہی ان ننانوے ۹۹ میں محصور نہیں، اور یہ بھی تصریحات ملتی ہیں کہ اسماء و صفات الٰہی کی کوئی حد و پایان نہیں ہے[2] اور اس پر محدثین نے حضرت ابن مسعودؓ اور حضرت عائشہؓ کی روایتوں سے جو آغاز مضمون میں اوپر گذر چکی ہیں استدلال کیا ہے،

بہرحال قرآن پاک اور احادیث صحیحہ کے تتبع سے علما نے ننانوے ۹۹ ناموں کا پتہ چلایا ہے اور ان کو الگ الگ ایک ایک کرکے گنایا ہے، یہ تمام نام وہ ہیں جو بطور علم اور بطور صفت قرآن پاک

---

[1] صحیح بخاری کتاب التوحید، صحیح مسلم کتاب الذکر و مسند احمد بسند ابی ہریرہ و جامع ترمذی نسائی و ابن ماجہ و ابن خزیمہ، ابوعوانہ و ابن جریر، طبرانی و بیہقی وغیرہ [2] تمہید ابو شکور سالمی القول ثالث فی عدد الاسماء، یہ ماتریدیہ کی مشہور مستند کتاب ہے،

میں آئے ہیں یا افعال کی حیثیت سے خدا کی طرف منسوب ہوئے ہیں، اور یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دعاؤں میں ان کی تعلیم کی ہے، ہم ذیل میں بہ ترتیب ایک ایک نام لکھتے ہیں، اور اس کی مختصر لغوی تشریح کرتے ہیں، تاکہ معلوم ہو سکے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے خدا کا جو تخیل اور عقیدہ اپنے پیرؤوں کو سکھایا وہ کتنا وسیع، کتنا بلند، کتنا منزہ اور پاکیزہ ہے، علما نے ان ناموں کو یا ان صفات کو مختلف معنوی مناسبتوں سے ترتیب دیا ہے، لیکن ہم نے ان کے صرف تین مرتبے قرار دیے ہیں، ایک وہ جن سے اس کے رحم و کرم عفو و درگذر یعنی **صفاتِ جمالی** ظاہر ہوتے ہیں، دوسرے وہ جن سے اس کی شاہنشاہی، جلال و جبروت اور حکومت و استیلا کا اظہار ہوتا ہے، اور ہم ان کو **صفاتِ جلالی** کہتے ہیں، تیسرے وہ اسما اور صفات جن سے اس کی تنزیہہ، بلندی، کمالات کی جامعیت اور ہر قسم کے اوصافِ حسنہ اور محامدِ عالیہ کا ثبوت ملتا ہے، اور ان کو ہم **صفاتِ کمالی** سے تعبیر کرتے ہیں۔

الغرض خدا کے تمام اسماء و صفات انہی تین عنوانوں کی تشریح ہیں، یعنی یا تو ان سے خدا کی رحیمی و کریمی ظاہر ہوتی ہے، یا اس کے جاہ و جلال کا اظہار ہوتا ہے، اور یا اس کی تنزیہہ کمال کا اثبات ہوتا ہے۔

**صفاتِ جمالی** یعنی وہ اسما و صفات جن سے خدا کے رحم و کرم اور شفقت و محبت کا اظہار ہوتا ہے۔

اللہ، یہ خدا کا وہ نام ہے جو قرآن پاک میں بطور علم ہر جگہ استعمال کیا گیا ہے، اسلام سے پہلے بھی یہ عرب میں خدائے برحق کے لیے استعمال ہوتا تھا، اس لفظ کی لغوی تحقیق میں بہت کچھ اختلاف کیا گیا ہے، کسی نے کہا ہے کہ اس کے معنی اس ہستی کے ہیں جس کی پرستش کی جائے، بعض نے کہا ہے کہ وہ جس کی حقیقت معرفت میں عقلِ انسانی حیران و سرگرداں ہو، دوسروں کی تحقیق ہے کہ اس کے معنی ہیں وہ جو اپنی مخلوقات کے ساتھ ایسی شفقت و محبت رکھے جو ان کو اپنی طرف کھینچ لے، ہم

ہوتی ہے اس اخیر تعبیر کی بنا پر اللہ کے معنی پیار کرنے والے یا پیارے کے ہیں،

الرَّحْمٰنُ اللہ کے بعد یہ دوسرا لفظ ہے جس کو علم کی حیثیت حاصل ہے، اس کے معنی رحم والے کے ہیں، یہ گذر چکا ہے کہ رحمان کا لفظ اسلام سے پہلے صرف عیسائی عربوں میں مستعمل تھا عام اہل عرب میں اللہ کا لفظ مستعمل تھا، قرآن مجید نے ہر سورہ کے شروع میں، نیز اور مقامات میں اللہ کو الرحمٰن کہکر سینکڑوں جگہ استعمال کیا ہے بظاہر تو یہ وصف و موصوف کی معمولی ترکیب ہے، مگر درحقیقت یہ بدل و مبدل منہ ہیں، اور اس سے اس رمز کی طرف اشارہ ہے کہ عام عربوں کا اللہ اور عرب عیسائیوں کا رحمان دو اجنبی ذاتیں اور دو بیگانہ ہستیاں نہیں بلکہ ایک ہی حقیقت کی دو تعبیریں اور ایک ہی ہستی کے دو نام ہیں، اس طرح ان دو مختلف قوموں کو وحدت الٰہی کی دعوت دیگئی، جو ناموں کے تعدد کو حقیقت کے تعدد کا مرادف سمجھتی تھیں اور کہا گیا

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ — اللہ کہو یا رحمٰن کہو، جو چاہو کہو، اسی کے لئے

اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى (اسرائیل) — سب اچھے نام ہیں،

الرَّحِيْمُ رحم کرنے والا" رحم کا لفظ اس رِحَم سے نکلا ہے، جس سے بچہ کی پیدائش ہوتی ہے اسلئے اصل لغت کے لحاظ سے اس لفظ میں بھی مربیانہ محبت کا جذبہ نمایاں ہے یہی اَلرَّحْمٰنُ اور اَلرَّحِیْمُ خدا کی وہ دو صفتیں ہیں جن سے قرآن کا صفحہ صفحہ منور ہے، کائنات میں جو کچھ ہے، جو کچھ ہوگا، وہ اسکی رحمانی اور رحیمی ان ہی دو صفتوں کا پرتو ہے، اس عالم، او اس عالم دونوں میں اس کی ان ہی دونوں شانوں کا ظہور ہے اور ہوگا،

اَلرَّبُّ پرورش کرنیوالا یعنی ہستی کے اوّل نقطہ سے لیکر آخر منزل تک ہر لمحہ اور ہر لحظہ مخلوقات

کی نشوونما اور ظہور و ترقی کا ذمہ دار

اَللَّطِیْفُ، لطف والا مہربان،

اَلْعَفُوُّ، معاف کرنے والا، درگذر کرنے والا،

اَلْوَدُوْدُ، محبوب محبت کرنے والا، پیار کرنے والا،

اَلسَّلَامُ، امن وسلامتی صلح وآشتی، ہر عیب سے پاک وصاف،

اَلْمُحِبُّ، محبت والا، پیار والا، چاہنے والا،

اَلْمُؤْمِنُ، امان دینے والا، امن بخشنے والا، ہر خوف سے بچانیوالا، اور ہر مصیبت سے نجات دینے والا

اَلشَّکُوْرُ، اپنے بندوں کے نیک عمل کو قبول اور پسند کرنے والا،

اَلْغَفُوْرُ وَالْغَفَّارُ، معاف کرنے والا گناہ بخشنے والا، درگذر کرنے والا،

اَلْحَفِیْظُ وَالْحَافِظُ حفاظت کرنے والا نگہبان بچانے والا،

اَلْوَهَّابُ، دینے والا، عطا کرنے والا، بخشنے والا،

اَلرَّازِقُ وَالرَّزَّاقُ، روزی دینے والا، نشوونما کا سامان بہم پہنچانے والا،

اَلْوَلِیُّ، دوست حمایتی، طرفدار،

اَلرَّؤُفُ، مہربان، نرمی اور شفقت کرنے والا،

اَلْمُقْسِطُ، انصاف والا، عادل،

اَلْهَادِیْ، راہ دکھانیوالا، رہنما،

اَلْکَافِیْ، اپنے بندوں کی ہر ضرورت کے لئے کافی،

Marfat.com

اَلْمُجِیْبُ، قبول کرنے والا، دعاؤن کا سننے والا.

اَلْحَلِیْمُ، بردبار، بندون کی برائیون سے چشم پوشی کرنے والا،

اَلتَّوَّابُ وَ قَابِلُ التَّوبِ، توبہ قبول کرنے والا، گنہگار کے گناہون سے درگذر کرکے دوبارہ اس کی طرف رجوع ہونے والا،

اَلْحَنَّانُ، مان کی طرح بچّون پر شفقت کرنے والا،

اَلْمَنَّانُ، احسان کرنے والا،

اَلنَّصِیْرُ، مدد کرنے والا،

ذُوْ الطَّوْلِ، کرم والا،

ذُوْ الفَضْلِ، فضل والا،

اَلْکَفِیْلُ، بندون کی کفالت کرنے والا،

اَلْوَکِیْلُ، بندون کی ضرورتون کا ذمّہ لینے والا، سامان کرنے والا،

اَلْمُقِیْتُ، روزی پہنچانے والا،

اَلْمُغِیْثُ، فریاد کو پہنچنے والا، فریاد سننے والا،

اَلْمُجِیْرُ، پناہ دینے والا،

اَلْمُغْنِی: پناہ دینے والا.

صفاتِ جلالی | یعنی وہ اسماء وصفات جن سے خدا کی بڑائی، کبریائی، شہنشاہی ظاہر ہوتی ہے

اَلْمَلِکُ وَالْمَلِیْکُ، بادشاہ، فرمانروا،

اَلْعَزِیْزُ. غالب جس پر کوئی دسترس نہ پائے،

اَلْقَاھِرُ وَالْقَھَّارُ، جس کے حکم سے کوئی باہر نہیں جاسکتا، سب کو دبا کر اپنے قابو میں رکھنے والا

اَلْمُنْتَقِمُ، سزا دینے والا برائیوں کی جزا دینے والا،

اَلْجَبَّارُ، جبروت والا جس کے سامنے کوئی دوسرا دم نہ مار سکے جس سے کوئی سرتابی نہ کر سکے،

اَلْمُھَیْمِنُ، سب پر شاہد اور گواہ اور دلیل،

اَلْمُتَکَبِّرُ، اپنی بڑائی دکھانے والا، کبریائی والا، سخت سزا دینے والا،

شَدِیْدُ الْعِقَابِ، سخت سزا والا،

شَدِیْدُ البطش، بڑی گرفت والا جس سے کوئی چھوٹ نہیں سکتا،

**نکتہ** خدا کے صفات جلالی کا ذکر زیادہ تر توراۃ میں ہے لیکن صحیفۂ محمدی میں جہاں کہیں خدا کی ان جلالی صفتوں کا ذکر آتا ہے ہمیشہ ان کے ساتھ ساتھ خدا کے عادل حکیم اور علیم ہونے کا بھی ذکر ہوتا ہے، جس سے انسان کی اس غلط فہمی کا مٹانا مقصود ہے کہ خدا کی ان جلالی صفتوں کا یہ منشا نہیں ہے کہ وہ نعوذ باللہ ایک لاابالی کی طرح دم کے دم میں جو چاہے کر گذرتا ہے، بلکہ اس کا قہر اس کا غلبہ اس کا انتقام اور اس کی گرفت عدل و انصاف اور حکمت و مصلحت پر مبنی ہوتی ہے اور اس طرح ان جلالی ناموں سے بے رحمی، اور ظالمانہ سخت گیری کا جو شبہہ پیدا ہو سکتا ہے، وہ دور ہو جاتا ہے فرمایا،

اِنَّ اللّٰہَ لَیْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ (آل عمران ۹)  بیشک خدا بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں،

اسی لئے اللہ تعالیٰ کے وصف میں عَزِیْزٌ (غالب) کیساتھ حَکِیْمٌ (حکمت والا) ہمیشہ آیا ہے اور یہی وجہ ہے کہ خدا کے عذاب کے ذکر کیساتھ اس کی رحمت کا تذکرہ بھی ہمیشہ قرآن میں کیا

جاتا ہے اور دوزخ کے بیان کے ساتھ جنت کا سماں بھی لازمی طور پر دکھایا جاتا ہے،

جہاں یہ کہا گیا کہ وَمَا مِنْ اِلٰہٍ اِلَّا اللّٰہُ الْوَاحِدُ الْقَھَّارُ، وہیں یہ بھی کہا گیا رَبُّ السَّمٰوٰتِ

وَالْاَرْضِ وَمَا بَیْنَھُمَا الْعَزِیْزُ الْغَفَّارُ (ص-۵) قوموں کی تباہی و بربادی کا ذکر کیا گیا تو فرمایا گیا،

وَمَا اللّٰہُ یُرِیْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ (مومن ۴) اور اللہ بندوں پر ظلم نہیں کرنا چاہتا،

اس کی صفت ذُوْعِقَابٍ اَلِیْمٍ، دردناک عذاب دینے والا، جہاں بیان کی گئی تو اس

سے پہلے لَذُوْ مَغْفِرَۃٍ یقینی بخشش والا، (حٰمٓ السجدہ ۵-۵) بھی فرما دیا گیا، غرض صفات جلالی

کے بیان میں یہ رعایت پیش نظر رکھی گئی ہے، کہ اُن کیساتھ یا آگے پیچھے خدا کی صفات جمالی کا بھی ذکر ہو

تاکہ خوف و خشیت کیساتھ اس کی محبت اور لطف و کرم کے جذبات بھی نمایاں ہوں،

صفات کمالی | یعنی وہ اسماء و صفات جن سے خدا کی خوبی، بڑائی، بزرگی اور ہر وصف میں اس کا

کامل ہونا ظاہر ہوتا ہے، اس طرح کے اسماء و صفات پانچ قسم کے ہیں، ایک وہ جو اسکی

وحدانیت سے متعلق ہیں، دوسرے اس کے وجود سے تعلق رکھتے ہیں، تیسرے اس کے علم

سے چوتھے اس کی قدرت سے اور پانچویں اس کی تنزیہہ اور پاکی سے،

صفات وحدانیت | یعنی وہ صفتیں جو خدا کی یکتائی اور بے مثالی کو ظاہر کرتی ہیں، اور وہ یہ ہیں

اَلْوَاحِدُ: ایک

اَلْاَحَدُ: ایک

اَلْوِتْرُ، طاق جس کا کوئی جوڑا نہیں،

صفاتِ وجودی | یعنی وہ صفتیں جن سے اس کا وجود، بقا، دوام، ازلیت اور بلندی ظاہر ہوتی ہے

Marfat.com

اَلْمَوْجُوْدُ، وجود والا، ہست

اَلْحَیُّ، ہمیشہ زندہ، غیر فانی،

اَلْقَدِیْمُ، وہ جس سے پہلے کوئی دوسرا موجود نہیں، جو ہمیشہ سے ہے،

اَلْقَیُّوْمُ، جو اپنے سہارے تمام کائنات کو سنبھالے ہوئے ہے،

اَلْبَاقِیْ، جس کو ہمیشہ بقا ہے،

اَلدَّائِمُ، ہمیشہ رہنے والا،

اَلْاَوَّلُ، وہ پہلا، جس کے پہلے کوئی نہین،

اَلْاٰخِرُ، وہ پچھلا جو سب کے فانی ہونے کے بعد بھی ہمیشہ باقی رہے گا،

اَلْمُقَدِّمُ، جو سب کے آگے سے ہے،

اَلْمُؤَخِّرُ، جو سب سے پیچھے رہ جائے گا،

اَلظَّاہِرُ، جس کا وجود کھلا اور نمایاں ہے، (یعنی جو اپنے کاموں اور قدرتوں کے لحاظ سے ظاہر ہے)

اَلْبَاطِنُ، جو چھپا اور مخفی ہے، (یعنی جو اپنی ذات کے لحاظ سے پوشیدہ ہے)

علم

یعنی وہ صفتیں جو اس کے ہر چیز سے باخبر اور آگاہ ہونے کو ظاہر کرتی ہین،

اَلْخَبِیْرُ، خبر رکھنے والا،

اَلْعَلِیْمُ، جاننے والا،

عَلَّامُ الغیوب، جو باتیں سب سے پوشیدہ ہیں، اُن کو جاننے والا،

عَلِیْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ، دلوں کے چھپے ہوئے بھید کو جاننے والا،

Marfat.com

اَلسَّمِیْعُ، سُننے والا،

اَلْبَصِیْرُ، دیکھنے والا،

اَلْمُتَکَلِّمُ، بولنے والا، اپنے علم اور ارادہ کو ظاہر کرنے والا،

اَلْوَاجِدُ، پانے والا، جس کے علم سے کوئی چیز گم نہین،

اَلشَّھِیْدُ، حاضر، جس کے سامنے سے کوئی چیز غائب نہین،

اَلْحَسِیْبُ، حساب کرنے والا یعنی جن چیزوں کا علم حساب کے ذریعہ سے حاصل کیا جاتا ہے یعنی وزن اور مقدار اُن کا بھی جاننے والا،

اَلْمُحْصِی، گننے والا یعنی جن چیزوں کا علم گن کر حاصل کیا جاتا ہے یعنی اعداد انکا جاننے والا

اَلْمُدَبِّرُ، تدبیر کرنے والا، انتظام کرنے والا،

اَلْحَکِیْمُ، حکمت والا، عقل والا، سب کاموں کو مصلحت سے کرنے والا،

اَلْمُرِیْد، ارادہ کرنے والا، مشیت والا،

اَلْقَرِیْبُ، نزدیک، جو اپنے علم کے لحاظ سے گویا سب کے پاس ہی،

قدرت | یعنی وہ صفتیں جن سے اُس کی قدرت کی وسعت کا اظہار ہوتا ہی،

اَلْفَاتِحُ وَالْفَتَّاحُ، ہر مشکل کو کھولنے والا،

اَلْقَدِیْرُ وَالْقَادِرُ، قدرت والا،

اَلْمُقْتَدِرُ، اقتدار والا، جس کے سامنے کوئی چون وچرا نہین کرسکتا،

اَلْقَوِیُّ زبردست جس کے سامنے کسی کا بس نہیں چل سکتا،

اَلْمَتِیْنُ، مضبوط جس میں کوئی کمزوری نہین،

اَلْجَامِعُ، جمع کرنے والا، متفرق اور پراگندہ چیزون کو اکٹھا کرنے والا،

اَلْبَاعِثُ، اٹھانے والا، مردون کو قبروں سے اٹھانیوالا، یا دنیا مین ہر واقعہ اور ہر حادثہ کا محرک اول

مَالِكُ الْمُلْكِ، سلطنت کا مالک جس کے سامنے کسی کی کوئی ملکیت نہین،

اَلْبَدِیْعُ، نئی نئی چیزین ایجاد کرنے والا،

اَلْوَاسِعُ، سمانے والا، جو ہر چیز کو سمائے ہوئے ہے،

اَلْمُحِیْطُ، احاطہ کرنے والا، جو ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے کوئی اُس کے احاطہ سے باہر نہیں،

اَلْمُحْیِ وَالْمُمِیْتُ، جلانے والا، اور مارنے والا،

اَلْقَابِضُ وَالْبَاسِطُ، سمیٹنے والا اور پھیلانے والا،

اَلْمُعِزُّ وَالْمُذِلُّ، عزت دینے والا، اور ذلت دینے والا،

اَلْخَافِضُ وَالرَّافِعُ، نیچا کرنے والا، اور اونچا کرنے والا،

اَلْمُعْطِیْ وَالْمَانِعُ، دینے والا اور روک لینے والا،

وَالنَّافِعُ وَالضَّارُّ، نفع پہنچانے والا، اور نقصان پہنچانے والا یعنی نفع اور ضرر دونون اسی کے ہاتھ مین ہیں،

اَلْمُبْدِئُ وَالْمُعِیْدُ، جو چیز پہلے سے موجود نہ ہو، اُس کو وجود میں لانے والا، اور جو فنا کر دی گئی، اُس کو پھر دوبارہ وجود میں لانے والا،

نکتہ: اس قسم کی صفتین جن مین بظاہر قبح نظر آتا ہے، جیسے الضّاد (نقصان پہنچانیوالا)

اَلْمُذِلُّ (ذلّت دینے والا) اَلْخَافِضُ (پست کرنے والا) اَلْمَانِعُ (روکنے والا) وغیرہ، ان کا تنہا استعمال چونکہ غلط فہمی پیدا کرنے والا ہے، اس لئے جب تک اُن کے ساتھ اُن کے مقابل کی صفت نہ بولی جائے، اُن کا استعمال جائز نہیں رکھا گیا ہے یعنی خدا کو صرف الضَّارُّ، الخافِضُ، اَلْمَانِعُ اور اَلْمُذِلُّ کہنا درست نہیں جب تک اُس کے ساتھ دوسرے پہلو کو بھی نہ ملایا جائے، یعنی اَلضَّارُّ کیساتھ النافع، اَلْخَافِضُ کیساتھ الرَّافِعُ، اَلْمَانِعُ کیساتھ اَلْمُعْطِی اور اَلْمُذِلُّ کے ساتھ اَلْمُعِزُّ جیسا کہ اوپر کہا گیا ہے، قرآن پاک اور احادیث دونوں میں ان صفات کے استعمال میں رعایت ملحوظ رکھی گئی ہے، کیونکہ تنہا نقصان پہنچانے والا ذلت دینے والا، اور روکنے والا کوئی خوبی نہیں، بلکہ ایک طرح کی برائی ہے، ہاں نقصان و نفع پہنچانے والا، عزّت و ذلّت دینے والا اور دینے والا، اور روکنے والا، دونوں کو ملا کر کہا جائے تو جائز ہوگا کہ اس سے مقصود خدا کی قدرت کی وسعت ہے، اگر کوئی ایسا نفع پہنچانے والا ہے جس میں نقصان پہنچانے کی قدرت ہی نہیں، یا ایسا عزّت دینے والا ہے جس میں ذلیل کرنے کی استطاعت ہی نہیں تو وہ اس عزت دینے اور نفع پہنچانے پر مجبور و مضطر ہوگا، اور اس کی قدرت کا یہ کمال نہ ہوگا۔ البتہ جو نقصان پہنچانے کی طاقت رکھنے کے باوجود نفع پہنچاتا، اور ذلت دے سکنے کے باوصف عزت دیتا ہے اس کا کمال ہر شخص کو تسلیم کرنا پڑتا ہے،

تنزیہی یعنی وہ صفات جو اس کی بڑائی، کبریائی، پاکی، اور نیکی، اور ہر عیب و نقصان سے اس کی برأت کو ظاہر کرتی ہیں،

اَلْعَلِیُّ مرتبہ والا،

Marfat.com

اَلْعَظِیْمُ ، عظمت والا ،

اَلْکَبِیْرُ ، بڑا ،

اَلرَّفِیْعُ ، بلند ،

اَلْجَلِیْلُ ، بزرگ ،

اَلْکَرِیْمُ ، شریف ،

اَلْغَنِیُّ ، بے نیاز ،

اَلصَّادِقُ ، سچّا ، راست باز

اَلْمَاجِدُ ، عزت والا ،

اَلْحَمِیْدُ ، تعریف والا ،

اَلْقُدُّوْسُ پاک ،

اَلْحَقُّ ، سچّا اور اصلی یعنی یہ کہ اُس کے سوا سب باطل ہیں ،

اَلْجَمِیْلُ ، اچھا ،

اَلْبَرُّ ، نیک ،

اَلْعَدْلُ ، عادل

سُبُّوْحٌ ، ہر عیب سے پاک ،

اَلصَّمَدُ ، بزرگی کی ہر صفت میں کامل ،

اَلرَّشِیْدُ ، سیدھی راہ چلنے والا ، نہ بہکنے والا ،

Marfat.com

ان تعلیمات کا اثر اخلاقِ انسانی پر | اللہ تعالیٰ کے اُن اسماء وصفات کا عقیدہ، دینِ محمدیؐ میں

محض نظری نہیں، بلکہ عملی حیثیت بھی رکھتا ہے، یعنی اُس کے یہ محامد واوصاف اخلاقِ انسانی کا معیار ہیں، اُن اوصاف کو چھوڑ کر جو اُس ذوالجلال کے لیے خاص ہیں، اور جو بندہ کی حیثیت اور طاقت سے زیادہ ہیں، بقیہ اوصاف ومحامد انسان کے لیے قابلِ نقل ہیں، کہ وہ خدا کے محامد واوصاف سے دور کی نسبت رکھتے ہیں، اس لیے انسان پر فرض ہے کہ اگر وہ خدا سے نسبت پیدا کرنا چاہتا ہے، تو اپنے اندر اس کے محامد واوصاف سے نسبت پیدا کرے اور اُن کو خوبیوں کا انتہائی معیار جان کر اُن کی نقل اور پیروی کی خواہش کرے، محامدِ الٰہی گویا استادِ اعلیٰ کی وصلی ہیں جس کو دیکھ کر شاگرد کو اپنے خط کی خوبی میں ترقی کرنی چاہیئے اس لیے انسان کو بھی اپنے حرف کے لکھنے (محامدِ الٰہی کی نقل اتارنے) میں ایک نظر اُس استادِ ازل کی وصلی پر ڈال لینی چاہیئے تاکہ معلوم ہو کہ اسکی ذاتی مشق کہاں تک اصل وصلی کے مطابق ہے،

گذر چکا ہے کہ قرآن کا پہلا سبق یہ ہے کہ بحکم اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً (بقرہ-۴) آدم کا بیٹا زمین میں خدا کا خلیفہ اور نائب بنایا گیا ہے، خلیفہ اور نائب میں اصل کے اوصاف ومحامد کا پرتو جتنا زیادہ نمایاں ہوگا، اتنا ہی وہ اپنے اندر اس منصب کا استحقاق زیادہ ثابت کریگا، اور نیابت کے فرائض زیادہ بہتر ادا کر سکے گا، یہانتک کہ اس میں وہ جلوہ بھی نمایاں ہوگا جب وہ سرتاپا خدائی رنگ میں رنگ کر نکھر جائے گا،

| | |
|---|---|
| صِبْغَۃَ اللّٰہِ وَمَنْ اَحْسَنُ مِنَ اللّٰہِ صِبْغَۃً، (بقرہ-۱۶) | خدا کا رنگ اور خدا کے رنگ سے کس کا رنگ اچھا ہے؟ |

Marfat.com

تمام اہلِ تفسیر متفق ہیں کہ اس "خدائی رنگ" سے مقصود خدا کا "دینِ فطرت" ہے،

یہ حدیث اوپر گذر چکی ہے کہ اِنَّ اللّٰہَ خَلَقَ آدَمَ عَلٰی صُوْرَتِہٖ "خدا نے آدم کو اپنی صورت پہ پیدا کیا"، اور ساتھ ہی اس کی تشریح بھی گذری ہے کہ اس "صورت" سے مقصود جسمانی نہیں، بلکہ معنوی شکل وصورت ہے یعنی یہ کہ خدا نے انسان میں اپنے صفاتِ کاملہ کا عکس جلوہ گر کیا ہے، اور اُن کے قبول کرنے کی صلاحیت عطا کی ہے، اور اُن میں حدِ بشری تک ترقی کی استعداد بخشی ہے اور انسان کو اخلاق وصفت میں ملاءِ اعلیٰ سے تشبّہ اور ہمشکلی کا جوہر مرحمت فرمایا ہے، اور یہی صوفیہ اور خاصانِ خدا کے اس مقولہ تَخَلَّقُوْا بِاَخْلَاقِ اللّٰہِ "خدا کے اخلاق اپنے اندر پیدا کرو" کا مطلب ہے حدیث میں یہی مفہوم بروایت طبرانی ان الفاظ میں ادا کیا گیا ہے کہ حسن الخلق خلق اللّٰہ الاعظم "حُسنِ خلق خدا تعالیٰ کا خلقِ عظیم ہے"[1]،

اللّٰہ تعالیٰ کے صفاتِ کاملہ کی تین قسمیں اوپر بیان ہوئی ہیں، جلالی، کمالی اور تنزیہی صفات جلالی جو کبریائی عظمت شہنشاہی اور بڑائی کے اوصاف ہیں، اللّٰہ تعالیٰ کے سوا مخلوقات اُن کی مستحق نہیں، اور نہ یہ اوصاف بندگی وعبودیت کے رتبہ کے مناسب ہیں، اُن کا انعکاس یہ ہے کہ بندوں میں اُن کے مقابل کے صفات پیدا ہوں یعنی عاجزی، تواضع، فروتنی اور خاکساری، اس لیے ترفع تکبر، اور بڑائی کا اظہار منع ہے اور اسی لیے آدم جس نے فروتنی اختیار کی، اور عجز وقصور کا اعتراف کیا، وہ مغفرت کے خلعت سے سرفراز ہوا، اور شیطان جس نے ترفع اور غرور ظاہر کیا، دائمی لعنت کا مستحق ٹھہرا

| | |
|---|---|
| اَبٰی وَاسْتَکْبَرَ وَکَانَ مِنَ الْکٰفِرِیْنَ | اس نے (آدم کے سجدہ سے) انکار کیا اور |
| (بقرہ ۵-۴) | غرور کیا، اور کافروں میں سے ہو گیا، |

[1] کنز العمال جلد ۲ ص ۲، بروایت حضرت عمار بن یاسرؓ

قرآن پاک میں ہو کہ بڑائی اور کبریائی صرف خدا کے لیے ہو اس کے سوا کوئی اور اسکا مستحق نہیں

وَلَهُ الْكِبْرِيَاءُ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ (جاثیہ) اور آسمانوں اور زمین میں اسی کے لیے بڑائی ہو

صحیح مسلم[1] میں ابو سعید خدریؓ اور ابو ہریرہؓ دو صحابیوں سے روایت ہو کہ آپ نے فرمایا کہ عزت

اس کا لباس اور کبریائی اسکی چادر ہے، (خدا فرماتا ہے) تو جو کوئی عزت اور کبریائی میں میرا حریف

بنے گا، میں اُسے سزا دوں گا" دوسری جگہ ہے کہ آپ نے فرمایا کہ "خدا کے نزدیک سب سے برا وہ ہو جو

اپنا نام بادشاہوں کا بادشاہ اور شہنشاہ رکھتا ہے، خدا کے سوا کوئی بادشاہ اور مالک نہیں[2]

الْعَزِيزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ (حشر۔ ۳۰) اُسی کی شان ہو البتہ اللہ تعالیٰ اپنی عزت وجلال اور قوت

وجبروت کا فیضان بعض بندوں اور امتوں پر نازل کرتا ہے، اور وہ اُن کو طاقت اور قوت

اور بادشاہی عطا کرتا ہے، مگر اس نوازش کے بعد بھی نیک بندوں اور صالح اُمتوں کا

فرض یہی ہو کہ عین اُس وقت جب کہ اُن کے دست وبازو سے قوتِ حق، اور ربانی جاہ وجلال کا

اظہار ہو رہا ہو، اُن کی پیشانیاں فرطِ عبودیت سے اُس کے آگے جھکی ہوں، اور سرِ نیاز اظہار

بندگی کے لیے اُس کے سامنے خم ہوں، کہ عزت وجلال خاص خدا کی شان تھی جس کا فیضان

رسول پر ہوا، اور رسول کی وساطت سے مومنوں پر ہوا، یہ ترتیب خود قرآن میں ملحوظ رکھی گئی ہو

وَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ وَلِرَسُوْلِهٖ وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ اور عزت خدا کے لیے ہے، اور اس کے رسول

(منافقون۔ ۱) کے لیے اور مومنوں کے لیے ہے،

حاکم میں ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ کے تین کپڑے ہیں وہ اپنی عزت وجلال کا

---

[1] کتاب الادب، باب الکبر جلد دوم صفحہ ۴۰۰ مصر، [2] صحیح بخاری ومسلم کتاب الادب،

Marfat.com

ازار باندھتا ہے اور اپنی رحمت کا جامہ پہنتا ہے اور اپنی کبریائی کی چادر اوڑھتا ہے تو جو شخص اس عزت کے سوا جو خدا کی طرف سے اس کو عنایت ہوئی ہے، معزز بننا چاہتا ہے، تو وہی وہ شخص ہے جس کو قیامت میں کہا جائے گا "اس کا مزہ چکھ تو معزز اور شریف بنتا تھا" (قرآن) اور جو انسانوں پر رحم کرتا ہے خدا اس پر رحم کرتا ہے کیونکہ اس نے وہ جامہ پہنا جس کا پہننا اس کو روا تھا اور جو کبریائی کرتا ہے تو وہ خدا کی اس چادر کو اتارنا چاہتا ہے جو خدا ہی کیلئے تھی"[1]

خدا کے صفات کمالی میں سے وحدانیت اور بقائے ازلی و ابدی کے سوا کہ اُن سے تمام مخلوقات اور ممکنات طبعاً محروم ہیں، بقیہ اوصاف کے فیضان سے انسان مشرف ہوتا ہے، صفات تنزیہی مثلاً قدرت، علم، سمع، بصر، کلام وغیرہ سے بھی مخلوقات تمامتر محروم ہیں، ان کی تنزیہی یہ کہ وہ خدا کے عصیان، نافرمانی اور گنہگاری کے عیب سے بری اور پاک ہوں،

خدا کے صفات جمالی وہ اصلی اوصاف ہیں جن کے فیضان کا دروازہ ہر صاحب توفیق کے لیے حسب استعداد کھلا ہوا ہے، ان صفات کا سب سے بڑا مظہر عفو و درگذر ہے، عیسائیوں کی عام دعا میں ایک فقرہ ہے کہ "خداوندا! تو ہمارے گناہوں کو معاف کر جس طرح ہم اپنے قرضداروں کو معاف کرتے ہیں"، اسلام نے اس الٹی تشبیہ کو جائز نہیں رکھا ہے، اس کے ہاں یہ ہے کہ اے انسان تو اپنے مجرموں کو معاف کر کہ خدا تیرے گناہوں کو معاف کرے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "جو کوئی اپنے بھائی کے گناہوں پر پردہ ڈالے گا خدا اس کے گناہوں پر پردہ ڈالیگا"[2] قرآن کہتا ہے کہ تم دوسروں کو معاف کرو کہ خدا تم کو معاف کرتا ہے،

---

[1] کنز العمال جلد ۲ صفحہ ۱۱۹ و مستدرک حاکم، [2] صحیح مسلم کتاب البر والصلۃ۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اِنْ تُبْدُوْا خَیْرًا اَوْ تُخْفُوْہُ اَوْ | اگر تم کوئی نیکی دکھا کر یا چھپا کر کرو یا کسی |
| تَعْفُوْا عَنْ سُوْءٍ فَاِنَّ اللّٰہَ کَانَ | کی بُرائی کو معاف کرو تو اللہ (بھی) معاف |
| عَفُوًّا قَدِیْرًا ۔ (نساء ۔ ۲۱) | کرنے والا قدرت والا ہے، |

ایک دفعہ عہد نبوت میں بارگاہ عدالت قائم تھی، ایک مجرم کو سزا دیجا رہی تھی، سزا کا منظر دیکھ کر حضورؐ کے چہرہ کا رنگ متغیر ہو رہا تھا، واقف کاروں نے سبب دریافت کیا تو فرمایا کہ "امام تک معاملہ پہونچنے سے پہلے ہی اپنے بھائیوں کو معاف کر دیا کرو، خدا معاف کرنا اور عفو و درگذر کو پسند کرتا ہے، تو تم بھی معاف اور درگذر کیا کرو، کیا تمھیں یہ پسند نہیں کہ خدا تمھیں بھی معاف کرے، وہ بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے"[۱]

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ایک دفعہ صحابہ کے مجمع میں فرما رہے تھے، کہ جس کے دل میں غرور کا ایک ذرہ بھی ہوگا وہ بہشت میں داخل نہ ہوگا" ایک صحابی نے عرض کی یا رسول اللہ! انسان چاہتا ہے کہ اس کے کپڑے اچھے ہوں اس کا جوتا اچھا ہو، کیا یہ بھی غرور ہے فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰہَ عَزَّ وَجَلَّ جَمِیْلٌ | اللہ تعالیٰ اچھا ہے اور جمال والا ہے اچھائی |
| یُحِبُّ الْجَمَالَ[۲] | اور جمال کو پسند کرتا ہے، |

یہ غرور نہیں، غرور حق کو پامال کرنا، اور انسانوں کو دبانا ہے" یہی روایت حدیث کی دوسری کتابوں میں ان الفاظ کیساتھ ہے، خدا جمال والا ہے، وہ جمال کو پسند کرتا ہے اور چاہتا ہے کہ اُس کے بندہ پر اُس کی نعمت کا اثر ظاہر ہو"[۳] یہ روایت بھی ہے، خدا جمیل ہے جمال کو پسند کرتا ہے وہ سخی ہے"

۱؎ مستدرک للحاکم جلد ۴ ص ۳۸۲ کتاب الحدود ۲؎ صحیح مسلم کتاب الایمان و ترمذی باب الکبر ۳؎ کنز العمال کتاب الزینۃ بحوالہ شعب الایمان بیہقی،

Marfat.com

سخاوت کو پسند کرتا ہے، وہ صاف ستھرا ہے، صفائی اور ستھرے پن کو پسند کرتا ہے[1]" روایت کے یہ الفاظ بھی آئے ہیں"، وہ جمیل ہے جمال کو پسند کرتا ہے، اخلاقِ عالیہ سے محبت، اور بداخلاقیوں سے نفرت رکھتا ہے[2]" ایک موقع پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم حضرت عائشہؓ کو نصیحت فرماتے ہیں "اے عائشہ! خدا نرمی والا ہے، وہ ہر بات میں نرمی پسند کرتا ہے[3]" ایک دفعہ آپ نے خطبہ میں ارشاد فرمایا "لوگو! خدا پاک ہے اور پاک ہی کو قبول کرتا ہے[4]" عام مسلمانوں کو مخاطب کرکے فرمایا "اے قرآن کے ماننے والو! وتر نماز پڑھا کرو کہ خدا یکتا (وتر) ہے، وہ یکتا (وتر) کو پسند کرتا ہے[5]"

رحمت و شفقت اللہ تعالیٰ کی خاص صفت ہے، اگر خدا کی رحمت و شفقت کے وہی مستحق ہیں جو دوسروں پر رحمت و شفقت کرتے ہیں، آپ نے فرمایا "رحم کرنے والوں پر وہ رحم کرنیوالا بھی رحم کرتا ہے، لوگو! تم زمین والوں پر رحم کرو، تو آسمان والا تم پر رحم کریگا" (ابو داؤد باب فی الرحمۃ) رشتہ داری اور قرابت کے حقوق ادا کرنے کا حکم دیا گیا ہے، تمام رشتہ داریاں اور قرابتیں رحم کے تعلق پر قائم ہیں، آپ نے فرمایا ہے کہ "رحم کی جڑ رحمان سے ہے خدا فرماتا ہے کہ اے رحم! جو تجھکو قطع کرے گا، میں اس کو قطع کروں گا، جو تجھکو ملائے گا، اس کو میں بھی ملاؤں گا[6]" ترمذی میں یہی تعلیم ان الفاظ میں ہے "میں خدا ہوں میں رحمان ہوں میں نے رحم کو پیدا کیا ہے، اور اپنے نام (رحمان) سے اس کا نام (رحم) مشتق کیا ہے تو اس کو ملائیگا میں اس کو ملاؤں گا، جو اس کو قطع کریگا میں اسکو قطع کروں گا[7]" پھر فرمایا "جو انسانوں پر رحم نہیں کرتا، خدا اس پر رحم نہیں کرتا[8]" بخاری میں اس روایت کے یہ الفاظ ہیں "جو رحم نہیں کرتا اس

---

[1] کنز العمال کتاب الزینۃ بحوالہ کامل لابن عدی [2] ایضاً بحوالہ معجم اوسط طبرانی [3] صحیح مسلم ابو داؤد حاکم، نسائی ابن ماجہ بیہقی فی الادب [4] صحیح مسلم کتاب الصدقات و ترمذی تفسیر سورۂ بقرہ [5] ابو داؤد استحباب الوتر [6] صحیح بخاری باب صلۃ الرحم [7] ابواب البر والصلۃ [8] ترمذی باب مذکور

Marfat.com

رحم نہیں کیا جاتا۔[1] آپ نے فرمایا خدا نے رحم کے سو حصے کیے ۹۹ حصے اپنے پاس رکھے اور ایک حصہ زمین والوں کو عنایت کیا، اُسی کا یہ اثر ہے کہ باہم لوگ ایک دوسرے کیساتھ رحم و شفقت سے پیش آتے ہین، یہانتک کہ گھوڑی بھی اپنے بچہ کے لیے اس خوف سے پاؤن اٹھالیتی ہو کہ اُس کو صدمہ نہ پہونچے"[2]

بخل خدا کی صفت نہین مگر آپنے فرمایا تم اپنی تھیلی کے منھ نہ بند کرو، ورنہ تم پر تھیلی کا منہ بند کیا جائیگا"[3] یہ نصیحت بھی فرمائی کہ جو بندہ دوسرے بندہ کی پردہ پوشی کریگا، قیامت میں اس کی پردہ پوشی خدا کریگا"[4] یہ بھی تعلیم دی گئی ہو کہ جب تک تم اپنے بھائی کی مدد میں[5] ہو، خدا تمھاری مدد مین ہے،"

ایک اور موقع پر آپنے فرمایا کہ "خدا سے بڑھ کر کوئی غیرت مند نہیں، اسی لئے اُس نے فحش باتون کو حرام کیا ہے"[6] اسی کی تفسیر دوسری حدیث میں ہو آپنے فرمایا کہ "خدا بھی غیرت والا ہے، اور مومن بھی غیرت والا ہے، اور خدا کی غیرت یہ ہے کہ اُس نے اپنے مومن پر جس بات کو حرام کیا ہے، اگر کوئی اس کا ارتکاب کرے تو وہ اس پر خفا ہو"[7]

ظ

اللہ تعالیٰ ظلم سے پاک ہے،

وَاَنَّ اللّٰهَ لَيْسَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيْدِ (آل عمران ۱۹) — اور بیشک خدا بندون پر ظلم نہیں کرتا،

اس لیئے اس کے بندون کا فرض ہو کہ وہ بھی آپس مین ایک دوسرے پر ظلم نہ کرین، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کی زبان سے اسکی اس عملی تعلیم کو ان الفاظ مین ادا فرمایا،

يا عبادي اني حرمت الظلم على — اے میرے بندو! میں نے ظلم کو اپنے اوپر حرام

[1] جامع بخاری باب رحمۃ الولد [2] ایضاً [3] صحیح ترمذی ابواب البر والصلۃ [4] مسلم کتاب البر والصلۃ باب بشارۃ من ستر اللہ تعالیٰ علیہ فی الدنیا بان یستر علیہ فی الآخرۃ [5] ابوداؤد کتاب الادب باب فی المعونۃ للمسلم [6] صحیح بخاری کتاب التوحید جلد دوم ص ۱۱۰۲ [7] جامع ترمذی باب ماجاء فی الغیرۃ من ابواب النکاح،

Marfat.com

نفسی وجعلتہ بینکم محرما فلا تظالموا[1] — کیا ہے اور اس کو تمھارے درمیان بھی حرام کیا ہے تو تم آپس میں ایک دوسرے پر ظلم نہ کرنا،

پاکیزگی اور لطافت خدا کی صفتیں ہیں، اس لیئے خدا کے ہر بندہ کو بھی پاک وصاف رہنا چاہیئے، آپ نے فرمایا،

انّ اللہ طیب یحب الطیب و نظیف یحب النظافۃ فتنظفوا ولا تشبھوا الیھود[2] — خدا پاکیزہ ہے، پاکیزگی کو پسند کرتا ہے اور پاک و صاف ہے، پاکی اور صفائی کو پسند کرتا ہے تو تم پاک وصاف رہا کرو، یہودیوں کی طرح گندے نہ بنو،

یہ توحید کا ایک رُخ تھا، اب اس کا دوسرا رُخ بھی ملاحظہ کے قابل ہے،

وہ قومیں جو توحید سے آشنا نہ تھیں، انھوں نے انسانیت کا مرتبہ بھی نہیں پہچانا تھا، وہ انسان کو فطرت کے ہر مظہر کا غلام سمجھتی تھیں، یہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم توحید ہی تھی جس نے خدا کے سوا ہر شے کا خوف انسانوں کے دلوں سے نکال دیا، سورج سے لیکر زمین کے دریا اور تالاب تک ہر چیز آقا ہونے کے بجائے انسانوں کی غلام بنکر اُن کے سامنے آئی، بادشاہوں کے جلال و جبروت کا طلسم ٹوٹ گیا، اور وہ بابل و مصر، ہند و ایران کے خدا اور دیوتا کا علی ہونے کے بجائے، انسانوں کے خادم، راعی اور چوکیدار کی صورت میں نظر آئے جن کا ہاتھ دیوتاؤں اور فرشتوں کے ہاتھ میں نہ تھا، بلکہ خود انسانوں کے ہاتھ میں تھا،

تمام انسانی برادری جس کو دیوتاؤں کی حکومتوں نے اونچ نیچ کی ذات و طبقہ کی ...

---

[1] صحیح مسلم کتاب البر والصلۃ و مسند ابن حنبل جلد ۵ صفحہ ۱۶۰ مطبوعہ مصر، ادب المفرد امام بخاری باب الظلم ص ۹۵ مطبوعہ مصر۔ [2] ترمذی باب فی النظافۃ ص ۲۶ (؟) ۳۵

مختلف طبقون اور ذاتون مین منقسم کردیا تھا جنمیں سے کچھ کی پیدایش پرمیشور کے منہ کچھ کی اُس کے ہاتھ اور کچھ کی اُس کے پانوں سے تسلیم کیجاتی تھی، اس عقیدہ کی وجہ سے ایسی مختلف جنسون میں بٹ گئی تھی جنکو کسی طرح متفق نہین کرسکتے تھے! اور اس طرح مساواتِ انسانی کی دولت دنیا سے گم ہو چکی تھی، اور زمین قومون اور ذاتون کے ظلم وجبر اور غرور وفخر کا دنگل بنگئی تھی توحید نے آکر اس اونچائی نیچائی بلندی وپستی اور نشیب فراز کو برابر کیا، سب انسان خدا کے بندے اُسکے سامنے برابر سب باہم بھائی بھائی اور سب حقوق کے لحاظ سے یکسان قرار پائے، ان تعلیمات نے دنیا کی معاشرتی، اخلاقی اور سیاسی اصلاحات مین جو کام کیا، اس کے نتائج تاریخ کے صفحون میں ثبت ہین،

بالآخر اس اصول کی صداقت کو انھون نے بھی تسلیم کرلیا، جو حقیقی توحید سے ناآشنا ہین، اور اسی لیے وہ مساواتِ انسانی کے حقیقی گوہر سے بھی ابتک نابلد ہیں، انتہا یہ ہے کہ خدا کے گھر میں جاکر بھی تفاوتِ درجہ کا خیال اُن کے دل سے دور نہیں ہوتا، اور وہ دولت وفقر اور رنگ وقومیت کے امتیازات کو خدا کے سامنے سرنگون ہوکر بھی نہیں بھولتے، مسلمانون کو تیرہ سو برس سے مساوات کی نعمت اسی توحید کامل کی بدولت حاصل ہے، اور وہ ہر قسم کے مصنوعی امتیازات سے پاک ہیں اسلام کی نظر مین سب ایک خدا کے بندے ہیں اور سب یکسان اسکے سامنے سرافگندہ ہیں، دولت وفقر، رنگ روپ اور نسل وقومیت کا کوئی امتیاز ان کو منقسم نہین کرتا، اگر کوئی امتیاز ہے تو صرف تقویٰ اور خدا کی فرمانبرداری کا ہے

| | |
|---|---|
| اِنَّ اَکْرَمَکُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰکُمْ | تم مین خدا کے نزدیک سب سے زیادہ عزت والا ہے |
| (حجرات - ۲) | وہ ہے جو سب سے زیادہ خدا سے تقویٰ کرتا ہے |

خدا کا ڈر اور پیار | اسی سلسلہ میں ایک اور اہم مسئلہ خدا سے ڈرنے اور اُس سے محبت کرنیکا ہے

عام طور سے مخالفوں نے یہ سمجھا ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس خدا کی تعلیم دی ہے وہ فقط قہار، جبار اور مہیب شہنشاہ مطلق ہے جس کی ہیبت و جلال سے تمام بندوں کو صرف ڈرتے اور کانپتے رہنا چاہیئے اس کے گوشہ چشم میں لطف و عنایت کا گذر نہیں محبت اور پیار کا انداز اس کے دربار میں قبول نہیں ہوتا، وہ اپنے کمزور بندوں پر نہ خود محبت کی نظر رکھتا ہے، اور نہ بندوں سے اپنی محبت کا تقاضا کرتا ہے لیکن درحقیقت یہ تعلیم محمدیؐ کی بالکل غلط تصویر ہے اللہ تعالیٰ کے جو اسما وصفات اوپر گذر چکے ہیں، ان میں سے ایک ایک پر نظر ڈالو تو معلوم ہوگا کہ اس کے چند جلالی ناموں کو چھوڑ کر جو اس کی قدرت تامہ اور مالکیت عامہ کی حقیقت کو ظاہر کرتے ہیں بقیہ تمام نام صرف محبت اور پیار لطف اور کرم رحمت اور مہر کی تجلی گاہ ہیں، مخالفوں کو اس حقیقت کے سمجھنے میں دو وجہوں سے مغالطہ ہوا

۱- آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ تعالیٰ کے خوف اور خشیت کی بھی انسانوں کو دعوت دی؛

۲- دوسرے مذہبوں نے اللہ تعالیٰ کے ساتھ محبت کے اظہار کی جو اصطلاحیں مقرر کی تھیں آپ نے شدت کے ساتھ اُن کی مخالفت کی، اور اُن کو شرک قرار دیا،

**محبت کے ساتھ خوف و خشیت کی تعلیم** یہ واقعہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی تعلیم میں خدا کی محبت اور پیار کیساتھ اس کے خوف و خشیت کو بھی جگہ دی ہے غور کرو انسانوں میں تمام کاموں کے محرک دو ہی جذبے ہوتے ہیں، خوف اور محبت، یہ دونوں جذبے الگ الگ بھی پائے جاتے ہیں، اور ایک ساتھ یا آگے پیچھے بھی، ان دونوں جذبات کے لوازم بھی الگ الگ ہوتے ہیں، او غائے محبت کا نتیجہ ناز و تخرّ اور کبھی گستاخی، اور کبھی اپنے مہربان و محبوب پر غایتِ اعتماد کی بنا پر نافرمانی بھی ہے اور ظاہر ہے کہ جذبہ محبت کے ان لوازم اور اثرات کا انسداد صرف خوف کے جذبہ سے ہوسکتا ہے اسلئے خالق و مخلوق

کے درمیانی رابطہ کی تکمیل نہ تنہا خوف سے ہوسکتی ہے اور تنہا محبت سے، بلکہ ان دونوں کے اشتراک امتزاج اور اعتدال سے یہ مقصد حاصل ہوسکتا ہے، اور یہی نبوتِ محمدیؐ کی تعلیم ہے۔

اسلام سے پہلے جو آسمانی مذاہب موجود تھے اُن کے اندر اس مسئلہ میں بھی افراط و تفریط پیدا ہوگئی تھی، اور صراطِ مستقیم سے وہ تمامتر ہٹ گئے تھے، یہودی مذہب کی بنا سراپا خوف و خشیت اور سخت گیری پر تھی، اس کا "خدا فوجوں کا سپہ سالار"[1] اور "باپ کا بدلہ بیٹا پشت تک بیٹوں سے لینے والا تھا"[2] حالانکہ یہودیت کے صحیفوں میں خدا کے رحم و کرم اور محبت و شفقت کا ذکر کہیں کہیں موجود ہے[3] اس کے برعکس عیسائیت یادہ تر خدا کے رحم و کرم اور محبت و شفقت کے تذکروں سے معمور تھی گو ایسا نہیں ہے کہ اس میں خدا کے خوف و خشیت کی مطلق تعلیم نہ ہو، بلکہ اس میں بھی اللہ تعالیٰ سے ڈرتے رہنے کی تاکید ہے[4] مگر دونوں مذہبوں کے پیرووں نے ان دو متقابل تعلیموں کے درمیان اعتدال ملحوظ نہیں رکھا تھا، اسلام نے اسی نقطۂ اعتدال کو پیشِ نظر رکھا ہے وہ نہ تو خدا کو محض جبار و قہار، ربُ الافواج اور صرف بنی اسرائیل یا بنی اسمٰعیل کا خدا مانتا ہے نہ اس کو مجسم انسان، انسانوں کا باپ یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا باپ سمجھتا ہے اور نہ تنہا رحم و کرم اور محبت و شفقت کے صفات سے اس کو متصف کرتا ہے، بلکہ وہ خدا کی نسبت یقین رکھتا ہے کہ وہ اپنے بندوں پر قاہر بھی ہے، اور رحمٰن و کریم بھی، وہ منتقم اور شدید العقاب بھی ہے اور غفور و رحیم بھی، وہ اپنے بندوں کو سزا بھی دیتا ہے اور پیار بھی کرتا ہے خفا بھی ہوتا ہے اور نوازتا بھی ہے اس سے ڈرنا بھی چاہیے اور اس سے محبت بھی کرنی چاہیے۔

---

[1] یرمیا ۳۲۔ ۱۴۔ ۱۵ وغیرہ [2] خروج ۲۰، ۵ و ۳۴، ۷ و استثنا ۴۔ ۲۴ و ۶ ۱۵ وغیرہ [3] خروج ۲۰، ۶ و ۳۴، ۶ و زبور ۷۶۔ ۱۵۔ و ۱۰۳، ۸ وغیرہ میں خدا کے پیار اور رحم و کرم کا ذکر ہے، [4] لوقا کی انجیل ۱۲، ۵۔ اول پطرس ۱۔ ۱۷ دوم قرنتیوں ۷، ۱۔ ۱ فیسون ۵۔ ۲۱، الغرض خدا سے ڈرنے کی تعلیم عیسائیت میں بھی دی گئی ہے۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اُدْعُوْا رَبَّکُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً ط اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ ، وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ ، (اعراف - ۷) | (لوگو!) اپنے پروردگار کو گڑ گڑا کر اور چپکے چپکے پکارا کرو، وہ حد سے بڑھ جانے والوں کو پیار نہین کرتا، اور زمین کی درستی کے بعد اس مین فساد نہ پھیلاؤ، اور اس کو (اس کے عذاب سے) ڈرتے ہوئے اور (اس کے فضل وکرم کی) امید لگاتے ہوئے پکارا کرو، بیشک خدا کی رحمت اچھے کام کرنیوالوں کے |

چند نیک بندون کی مدح مین فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّهُمْ کَانُوْا یُسٰرِعُوْنَ فِی الْخَیْرٰتِ وَیَدْعُوْنَنَا رَغَبًا وَّرَهَبًا ، (انبیاء ۶) | وہ نیکی کے کامون میں جلدی کرتے تھے، اور ہم کو امید اور ڈر کے ساتھ پکارتے تھے، |

اس سے زیادہ پُرلطف بات یہ ہے کہ اسلام خدا سے لوگون کو ڈراتا تو ہے، مگر اس کو جبار وقہار کہکر نہیں، بلکہ مہربان اور رحیم کہکر، چنانچہ خدا کے سعید بندون کی صفت یہ ہے کہ

| | |
|---|---|
| وَخَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ ، (یٰسٓ - ۱) | اور رحم کرنے والے سے بن دیکھے ڈرا، |
| مَنْ خَشِیَ الرَّحْمٰنَ بِالْغَیْبِ (ق - ۳) | جو رحم کرنے والے سے بن دیکھے ڈرا، |

نہ صرف انسان بلکہ تمام کائنات کی زبان اس مہربان کے جلال کے سامنے گنگ ہے،

| | |
|---|---|
| وَخَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لِلرَّحْمٰنِ (طٰهٰ ۶) | اور رحم والے کے ادب سے تمام آوازین پست ہو گئین |

دنیا میں جتنے بھی پیغمبر آئے، وہ دو قسم کے تھے ایک وہ جن کی آنکھوں کے سامنے صرف خدا کے جلال وکبریائی کا جلوہ تھا، اس لیے وہ صرف خدا کے خوف وخشیت کی تعلیم دیتے تھے مثلاً حضرت

Marfat.com

نوحؑ اور حضرت موسیٰؑ، دوسرے وہ جو محبتِ الٰہی میں سرشار تھے، اور وہ لوگوں کو اسی نخانۂ عشق کی طرف بلاتے تھے، مثلاً حضرت یحییٰؑ اور حضرت عیسیٰؑ؛

لیکن پیغمبروں میں ایک ایسی ہستی بھی آئی، جو ان دونوں صفتوں کی برزخِ کبریٰ جلال و جمال دونوں کا مظہر، اور پیار اور ادب دونوں کی جامع تھی یعنی محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم، ایک طرف آپ کی آنکھیں خوفِ الٰہی سے اشک بار رہتی تھیں، اور دوسری طرف آپ کا دل خدا کی محبت اور رحم و کرم کے سرور سے سرشار رہتا تھا، کبھی ایسا ہوتا کہ ایک ہی وقت میں یہ دونوں منظر آپ کے چہرۂ انور پر لوگوں کو نظر آجاتے تھے، چنانچہ جب راتوں کو آپ شوق و ولولہ کے عالم میں نماز کے لئے کھڑے ہوتے قرآن مجید کی لمبی لمبی سورتیں زبان مبارک پر ہوتیں، اور ہر معنی کی آیتیں گذرتی جاتیں تو جب کوئی خوف و خشیت کی آیت آتی، آپ پناہ مانگتے، اور جب کوئی مہر و محبت اور رحم و بشارت کی آیت ہوتی تو اس کے حصول کی دعا کرتے تھے؛[1]

الغرض اسلام کا نصب العین یہ ہے کہ وہ خوف اور محبت کے کناروں سے ہٹا کر جہاں سے ہر وقت نیچے گرنے کا خطرہ ہے، خوف و خشیت اور رحم و محبت کے بیچ کی شاہراہ میں انسانوں کو کھڑا کرے، اسی لئے کہا گیا ہے کہ الایمان بین الخوف والرجاء ایمانِ کامل، خوف اور امید کے درمیان ہے، کہ تنہا خوف لوگوں کو خدا کے رحم و کرم سے نا امید، اور محض رحم و کرم پر بھروسہ اُن کو خودسر اور گستاخ بنا دیتا ہے، جیسا کہ اس عملی دنیا کے روزانہ کے کاروبار میں نظر آتا ہے اور مذہبی حیثیت سے اس کے نتائج کا مشاہدہ عملاً یہودیوں اور عیسائیوں میں کیا جا سکتا ہے، اسی لئے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنی

[1] مسند ابن حنبل جلد ۶ ص ۹۲

تعلیم میں ان دونوں متضاد کیفیتوں کو ایمان اور عقیدہ کے رو سے برابر کا درجہ دیا لیکن ساتھ ہی عاجز درماندہ انسانوں کو یہ بھی بشارت سنائی کہ خدا کی رحمت کا دائرہ اُس کے غضب کے دائرہ سے زیادہ وسیع ہے فرمایا،

وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ (اعراف ۱۹) — اور میری رحمت ہر چیز کو سمائے ہوئے ہے،

اور اُس کی تفسیر خود صاحب قرآن علیہ السلام نے ان الفاظ میں کی،

رَحْمَتِي سَبَقَتْ غَضَبِي (بخاری) — میرے غضب سے میری رحمت آگے بڑھ گئی ہے،

عیسائیوں نے خدا سے اپنا رشتہ جوڑا، اور اپنے کو "فرزند الٰہی" کا لقب دیا بعض یہودی فرقوں نے بنی اسرائیل کو خدا کا خانوادہ اور محبوب ٹھہرایا، اور حضرت عیسیٰؑ کے جوڑ پر حضرت عزیرؑ کو فرزند الٰہی کا رتبہ دیا لیکن اسلام یہ شرف کسی مخصوص خاندان، یا خاص قوم کو عطا نہیں کرتا، بلکہ وہ تمام انسانوں کو بندگی، اور اطاعت کی ایک سطح پر لا کر کھڑا کرتا ہے مسلمانوں کے مقابلہ میں یہودیوں اور عیسائیوں دونوں کو دعویٰ تھا،

نَحْنُ أَبْنَاءُ اللَّهِ وَأَحِبَّاؤُهُ (مائدہ ۳) — ہم خدا کے بیٹے اور چہیتے ہیں،

قرآن مجید نے اُس کے جواب میں کہا،

قُلْ فَلِمَ يُعَذِّبُكُمْ بِذُنُوبِكُمْ بَلْ أَنْتُمْ بَشَرٌ مِمَّنْ خَلَقَ (مائدہ ۳) — اگر ایسا ہے تو خدا تمہارے خدا گناہوں کے بدلے تم کو عذاب کیوں دیتا ہے اس لئے تمہارا دعویٰ صحیح نہیں بلکہ تم بھی اس کی مخلوقات میں سے ایک آدمی ہو

دوسری جگہ قرآن نے تنہا یہودیوں کے جواب میں کہا،

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ هَادُوا إِنْ زَعَمْتُمْ أَنَّكُمْ — اے وہ جو یہودی ہو اگر تم اپنے اس خیال میں سچے ہو

| | |
|---|---|
| اَوْلِیَاءُ لِلّٰہِ مِنْ دُوْنِ النَّاسِ فَتَمَنَّوُا | کہ تمام انسانوں کو چھوڑ کر تم ہی خدا کے خاص چہیتے ہو، |
| الْمَوْتَ اِنْ کُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ (جمعہ-۱) | تو موت (یعنی خدا کی ملاقات) کی تمنا کیوں نہیں کرتے |

اسلام رحمتِ الٰہی کے دائرہ کو کسی خاندان اور قوم تک محدود نہیں رکھتا بلکہ وہ اس کی وسعت میں انسانوں کی ہر برادری کو داخل کرتا ہے، ایک شخص نے مسجد نبوی میں آکر دعا کی کہ خدایا مجھکو اور محمدؐ کو مغفرت عطا کر" آپ نے عطا خدا کی وسیع رحمت کو تم نے تنگ کر دیا[1]" ایک اور اعرابی نے مسجد میں دعا مانگی کہ خدایا مجھ پر اور محمد پر رحمت بھیج، اور ہماری رحمت میں کسی کو شریک نہ کر" آپ نے صحابہ کی طرف خطاب کر کے فرمایا، یہ زیادہ گمراہ ہے یا اس کا اونٹ[2]"

**محبت کے جسمانی اصطلاحات کی ممانعت** اس مسئلہ میں تعلیم محمدی کے متعلق غلط فہمی کا دوسرا سبب جیسا کہ پہلے گذر چکا ہے، یہ ہے کہ بعض مذاہب نے خدا کی محبت و کرم کی تعبیر کے لئے جو مادی اور جسمانی اصطلاحیں قائم کی تھیں، اسلام نے اُن کی مخالفت کی، اور اُن کو شرک قرار دیا، اس سے یہ نتیجہ نکالا گیا، کہ اسلام کا خدا رحم و کرم اور محبت اور پیار کے اوصاف سے معرا ہے،

اصل یہ ہے کہ انسان دوسرے غیر مادی خیالات کی طرح خدا اور بندہ کے باہمی مہر و محبت کے جذبات کو بھی اپنی ہی انسانی بول چال میں ادا کر سکتا ہے، محبت اور پیار کے یہ جذبات انسانوں کے اندر باہمی مادی اور جسمانی رشتوں کے ذریعہ سے نمایاں ہوتے ہیں، اس بنا پر بعض مذاہب نے اسی طریقۂ ادا کو خالق و مخلوق کے ربط و تعلق کے اظہار کے لئے بھی بہترین اسلوب سمجھا، چنانچہ کسی نے خالق اور مخلوق کے درمیان باپ اور بیٹے کا تعلق پیدا کیا، جیسا کہ عیسائیوں میں ہے، دوسرے نے اس کی محبت

---

[1] صحیح بخاری کتاب الادب، [2] ابو داؤد کتاب الادب،

کا بڑا درجہ سمجھا، اس تعلق اس تعلق کو ماں اور بیٹے کی اصطلاح سے واضح کیا اور دیبیاں انسانوں کی ماتا ہیں
بنیں، جیسا کہ ہندوؤں کا عام مذہبی تخیل ہے، خاص ہندوستان کی خاک میں زن وشو کی باہمی محبت کا
امتیازی خاصہ ہے، جس کی نظیر دوسرے ملکوں میں نہیں مل سکتی ہے، انکی نگاہ میں محبت کا اس سے زیادہ
پُر اثر منظر، اور ناقابلِ شکست پیمان کوئی دوسرا نہیں، اس لیئے یہاں کے بعض فرقوں میں خالق و
مخلوق کی باہمی محبت کے تعلق کو زن وشو کی اصطلاح سے ادا کیا گیا ہے، سداسہاگ فقرا اس تخیل کی مضحکہ انگیز تصویریں

یہ تمام فرقے جنھوں نے خدا اور بندہ کے تعلق کو جسمانی اور مادی رشتوں کے ذریعہ ادا کرنا چاہا،
راہ سے بے راہ ہوگئے، اور لفظ کے ظاہری استعمال نے نہ صرف اُن کو عوام بلکہ خواص تک کو گمراہ
کردیا، جو لفظ کی اصلی روح کو چھوڑ کر جسمانیت کے ظاہری مغالطوں میں گرفتار ہوگئے، عیسائیوں نے واقعی
حضرت عیسیٰؑ کو خدا کا بیٹا سمجھ لیا، ہندوستان کے بیٹوں نے ماتاؤں کی پوجا شروع کردی، سداسہاگ فقیروں
نے چوڑیاں اور ساڑیاں پہن لیں، اور خدائے قادر سے شوخیاں کرنے لگے، اسی لیئے اسلام نے جو توحید
خالص کا مبلغ تھا، ان جسمانی اصطلاحات کی سخت مخالفت کی، اور خدا کے لیئے ان الفاظ کا استعمال
ضلالت اور گمراہی قرار دیا، لیکن وہ ان الفاظ کے اصلی معنی اور منشاء کا اور اس مجاز کے پردہ میں جو حقیقت
مستور ہے اس کا انکار نہیں کرتا، بلکہ وہ ان جسمانی معنوں کو خالق ومخلوق اور عبد ومعبود کے ربط و
تعلق کے اظہار کے لیئے ناکافی اور غیر مکمل سمجھتا ہے، اور وہ اُن سے زیادہ وسیع وکامل معنی کا طالب ہے

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ اٰبَآءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا (بقرہ-۲۵)

تم خدا کو اس طرح یاد کرو جس طرح اپنے باپوں کو یاد کرتے ہو، بلکہ اس سے بھی زیادہ یاد کرو

دیکھو کہ باپ کی طرح کی محبت کو وہ اپنے پروردگار کی محبت کے لیئے ناکافی قرار دیتا ہے اور

عبد و معبود کے درمیان محبت کے رشتہ کو اس سے کہیں زیادہ مضبوط و استوار ظاہر کرنا چاہتا ہے

الغرض رحم و محبت کے اس جسمانی طریقۂ تعبیر کی مخالفت سے یہ لازم نہیں آتا کہ اسلام سرے سے خالق و مخلوق اور عبد و معبود کے درمیان محبت اور پیار کے جذبات سے خالی نظر آتا کون نہیں سمجھتا کہ مذہب کی تعلیمات انسانوں کی بولی میں اتری ہیں انسانوں کے تمام خیالات اور تصورات اسی مادی اور جسمانی ماحول کا عکس ہیں، اسلیئے اُن کے ذہن میں کوئی غیر مادی اور غیر جسمانی تصور کسی مادی اور جسمانی تصور کی وساطت کے بغیر براہ راست پیدا نہیں ہو سکتا، اور نہ اُس کیلئے اُنکے لغت میں کوئی ایسا لفظ مل سکتا ہے جو کسی غیر مادی اور غیر جسمانی مفہوم کو اس قدر منزہ اور بلند طریقہ سے بیان کرے جس میں مادیت اور جسمانیت کا مطلق شائبہ نہ ہو انسان ان دیکھی چیزوں کا تصور صرف دیکھی ہوئی چیزوں کی تشبیہ سے پیدا کرتا ہے اور اس طرح اُن اَن دیکھی چیزوں کا ایک دھندلا سا عکس ذہن کے آئینہ میں اُتر جاتا ہے۔

اس ان دیکھی ہستی کی ذات و صفات کے متعلق جس کو خدا کہتے ہو ہر مذہب میں ایک تخیل ہے غور سے دیکھو تو معلوم ہوگا کہ یہ تخیل بھی اس مذہب کے پیروؤں کے گردو پیش کی اشیاء سے ماخوذ ہے لیکن ایک بلند تر اور کامل تر مذہب کا کام یہ ہے کہ وہ اس تخیل کو مادیت، جسمانیت اور انسانیت کی آلائشوں سے اس حد تک پاک و منزہ کر دے جہاں تک بنی نوع انسان کیلئے ممکن ہے، خدا کے متعلق باپ ماں اور شوہر کا تخیل اس درجہ مادی اور جسمانی اور انسانی ہے کہ اس تخیل کے معتقد کے لیئے ناممکن ہے کہ وہ خالص توحید کے صراطِ مستقیم پر قائم رہ سکے، اسی لیے نبوتِ محمدیؐ نے ان مادی تعلقات اور جسمانی رشتوں کے ظاہر کرنے والے الفاظ کو خالق و مخلوق کے اظہار ربط و تعلق کے باب میں یکقلم ترک کر دیا بلکہ انکا استعمال بھی شرک قرار دیا تاہم چونکہ روحانی حقائق کا اظہار بھی انسانوں ہی کی مادی بولی میں کرنا

تھا، اس لیئے جسمانی و مادی رشتہ کے بجائے جس کو دوسرے مذاہب نے منتخب کیا تھا اس رشتہ کو محض جذبات احساسات اور عواطف کو خالق و مخلوق کے تعلقاتِ باہمی کے اظہار کے لیئے اسلام نے مستعار لیا، اس طرح خالق و مخلوق کے درمیان کوئی جسمانی رشتہ قائم کیئے بغیر اس نے ربط و تعلق کا اظہار کیا، اور استعمالات کی لفظی غلطی سے جو گمراہیاں پہلے پیش آچکی تھیں، اُن سے انسانوں کو محفوظ رکھا،

ہر زبان میں اس خالقِ ہستی کی ذات کی تعبیر کے لیئے کچھ نہ کچھ الفاظ ہیں جن کو کسی خاص تخیل اور نصب العین کی بنا پر مختلف قوموں نے اختیار کیا ہو اور گو انکی حیثیت اب علم اور نام کی ہو تاہم وہ درحقیقت پہلے پہل کسی نہ کسی وصف کو پیشِ نظر رکھکر استعمال کیئے گئے تھے، ہر قوم نے اُس علم اور نام کیلئے اُسی وصف کو پسند کیا ہو جو اس کے نزدیک اس خالقِ ہستی کی سب سے بڑی اور سب سے ممتاز صفت ہو سکتی تھی

اسلام نے خالق کے لیئے جو نام اور علم اختیار کیا ہے، وہ لفظ اللہ ہے، اللہ کا لفظ اصل میں کس لفظ سے نکلا ہے، اس میں اہلِ لغت کا یقیناً اختلاف ہے، مگر ایک گروہ کثیر کا یہ خیال ہو کہ یہ ولاہ سے نکلا ہو، اور ولہ کے اصلی معنی عربی میں اُس غم محبت اور تعلق خاطر کے ہیں، جو ماں کو اپنی اولاد کے ساتھ ہوتا ہے، اسی سے بعد کو مطلق عشق و محبت کے معنی پیدا ہو گئے، اور اسی سے ہماری زبان میں لفظ والہ (شیدا) مستعمل ہو اس لیئے اللہ کے معنی محبوب اور پیارے کے ہیں جس کے عشق و محبت میں نہ صرف انسان بلکہ ساری کائنات کے دل سرگردان متحیر اور پریشان ہیں حضرت مولانا شاہ فضل الرحمن گنج مرادآبادی قرآن مجید کی آیتوں کے ترجمے اکثر ہندی میں فرمایا کرتے تھے اللہ کا ترجمہ وہ ہندی میں "من موہن" یعنی دلوں کا محبوب" کہا کرتے تھے۔

قرآن مجید کھولنے کے ساتھ ہی خدا کی جن فضیلتوں پر پہلے نگاہ پڑتی ہو وہ رحمان اور رحیم ہیں

Marfat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم لطف وکرم والا، مہربان، رحم والا، ان دونوں لفظوں کے تقریباً ایک ہی معنی ہیں، (محبوب، مہربان، رحم والا) کے ضمن میں قرآن مجید کے ہر سورہ کے آغاز میں انہی صفاتِ ربانی کے بار بار دہرانے کی تاکید کی گئی ہے۔ ہر نماز میں کئی کئی دفعہ ان کی تکرار ہوتی ہے، کیا اس سے بڑھ کر اللہ تعالیٰ کے متعلق اسلام کے تخیل کو واضح کرنے کے لیے کوئی دلیل ہو سکتی ہے؟

لفظ اللہ کے بعد اسلام کی زبان میں خدا کا دوسرا عَلَم یہی لفظ رحمٰن ہے، جو رحم وکرم اور لطف ومہر کے معنی میں صفتِ مبالغہ کا صیغہ ہے،

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَاۗءُ الْحُسْنٰى ۔ (بنی اسرائیل ۱۲)

اس کو محبوب (اللہ) کہو یا مہربان (رحمان) کہو جو کہکر اس کو پکارو، سب اچھے نام اسی کے ہیں

قرآن مجید نے بسم اللہ الرحمٰن الرحیم کی صدہا بار کی تکرار کے علاوہ خاص طور سے ۵۲ موقعوں پر خدا کو اس رحمان کے نام سے یاد کیا ہے،

ابھی اس سے پہلے باب میں اسمائے الٰہی کا ایک ایک نام تمہاری نظر سے گذر چکا ہے، ان ناموں میں اللہ تعالیٰ کے ہر قسم کے جلالی وجمالی اوصاف آگئے ہیں، استقصا کرو تو معلوم ہوگا کہ ان میں بڑی تعداد انہی ناموں کی ہے جن سے اللہ تعالیٰ کے لطف وکرم اور مہر ومحبت کا اظہار ہوتا ہے، قرآن مجید میں اللہ تعالیٰ کا ایک نام یا ایک صفت اَلْوَدُوْدُ (سورۂ ذات البروج میں) آیا ہے جس کے معنی "محبوب" اور "پیارے" کے ہیں کہ وہ سرتاپا مہر ومحبت اور عشق اور پیار ہے، اس کے سوا خدا کا ایک اور نام "اَلْوَلِی" ہے جس کے لفظی معنی "یار" اور "دوست" کے ہیں، خدا کا ایک اور نام جو قرآن مجید میں بار بار استعمال ہوا ہے الرَّءُوْف ہے، رَءُوف کا لفظ رافت سے نکلا ہے، رافت کے معنی اس محبت اور تعلقِ خاطر کے ہیں

Marfat.com

جو باپ کو اپنی اولاد سے ہوتا ہے، اسی طرح خدا کا ایک اور نام حَنَّانٌ ہے جو حَنّ سے مشتق ہے
حَنّ الحنین اس سوزِ دل اور محبت کو کہتے ہیں، جو ماں کو اپنی اولاد سے ہوتی ہے، یہ الفاظ ان مجازی
اور مستعار معانی کو ظاہر کرتے ہیں، جو اسلام نے خالق و مخلوق اور عبد و معبود کے ربط و تعلق کے اظہار
کے لئے اختیار کئے ہیں، دیکھو کہ وہ ان رشتوں کا نام نہیں لیتا، لیکن اُن رشتوں کے سبب سے
محبت اور پیار کے جو خاص جذبات پیدا ہوتے ہیں، اُن کو خدا کے لئے بے تکلف استعمال کرتا ہے
اور اس طرح مادیت اور جسمانیت کا تخیل آئے بغیر وہ ان روحانی معنوں کی تلقین کر رہا ہے۔

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ وہ غَفَّارٌ (بخشش کرنے والا) اور غفور (بخشنے والا) ہے
یعنی بندوں کے گناہوں کو معاف کرنیوالا ہے، وہ سَلَامٌ (امن و سلامتی) ہے یعنی اپنے بے پناہ بندوں
کے لئے وہ سراپا امن و سلامتی ہے، وہ مُؤمِنٌ (امن دینے والا) ہے، وہ العَدْل ہے یعنی سراپا
انصاف ہے، وہ العَفُوّ (معاف کرنے والا) ہے، الوَهَّابُ (عطا کرنے والا) ہے، الحلیم (بردبار)
ہے، (الصَّبُورُ) (بندوں کی گستاخیوں پر صبر کرنے والا) ہے، التَّوَّابُ (بندوں کے حال پر رجوع
ہونے والا) ہے، البَرُّ (نیک اور مجسم خیر) ہے، اور المقسط (منصف اور عادل) ہے، ان میں سے
ہر لفظ پر ٹھہر کر ذرا غور کرو کہ اسلام کا تخیل کس قدر بلند اور برتر ہے۔

توراۃ کے اسفار، انجیل کے صحائف اور وید کے حصص کا ایک ایک ورق پڑھ جاؤ کیا اللہ
تعالیٰ کے لئے ایسے پُر محبت اور سراپا مہر و کرم اسماء و صفات کی کثرت تم کو وہاں ملیگی؟ یہ سچ ہے کہ
اسلام اللہ تعالیٰ کے لئے ماں اور باپ کا لفظ یہود و نصاریٰ اور ہنود کی طرح استعمال کرنا جائز نہیں سمجھتا
مگر اس سے یہ قیاس کرنا غلطی ہے کہ وہ لطفِ احساس اور مہر و کرم کے جذبات دعواطف سے یکسر خالی ہے

جن کو یہ فرقے اپنا مخصوص سرمایہ سمجھتے ہیں بات یہ ہے کہ اسلام ان روحانی جذبات اور معنوی احساسات کے ساتھ شرک و کفر کی اُس ضلالت اور گمراہی سے بھی انسانوں کو بچانا چاہتا ہے جو ذرا سی لفظی غلط فہمی سے مجاز کو حقیقت اور استعارہ کو اصلیت سمجھ کر پاک اور سرتاپا روحانی معنوں کو مادی اور مجسم یقین کر لیتے ہیں اور اس طرح وہ توحید کی بلندترین سطح سے بہت نیچے گر کر سررشتہ حقیقت کو ہاتھ سے چھوڑ بیٹھتے ہیں۔ محمد رسول صلی اللہ علیہ وسلم متکلم ازل کا آخری پیغام لیکر آئے تھے، اس لیے ضرورت تھی کہ آپ کی تعلیم اس قسم کی لغزشوں سے پاک اور مبرا ہو، روحانی حقائق کی تعبیر کے لیے جیسا کہ پہلے کہا جا چکا، یقیناً مادی اور جسمانی استعارات و مجازات سے چارہ نہیں، تاہم ایک دائمی تعلیم کا فرض تھا کہ وہ اپنے کو استعمالات کی غلطیوں اور مجازات کی غلط فہمیوں سے محفوظ رکھتی، چنانچہ اسلام نے اسی بنا پر ان استعارات و مجازات کے استعمال میں بڑی احتیاط برتی ہے، اور خدا کے لطف و کرم اور عشق و محبت کے تذکروں کے ساتھ ادب و لحاظ کے قواعد کو فراموش نہیں کیا ہے، قرآن مجید اور احادیث روحانی عشق و محبت کے ان دلآویز اور ولولہ انگیز حکایات سے معمور ہیں، بایں ہمہ اسلام انسان کو بیٹا اور خدا کو (باپ) نہیں کہتا کہ عبد و معبود کے تعلقات کے اظہار کیلئے اُسکے نزدیک یہ کوئی بلندتر تعبیر نہیں، وہ خدا کو اَبّ (باپ) کے بجائے "رَبّ" کہکر پکارتا ہے، وہ اُس کو تمام دنیا کا باپ نہیں بلکہ تمام دنیا کا رب کہتا ہے، "اَبّ اور رَبّ" ان دونوں لفظوں کا باہمی معنوی مقابلہ کرو تو معلوم ہوگا کہ عیسائیوں اور یہودیوں کا تخیل، اسلام کے مطمح نظر سے کس درجہ پست ہے، اَبّ یعنی باپ کا تعلق اپنے بیٹے سے ایک خاص حالت کی بنا پر ایک خاص لحظہ میں قائم ہوتا ہے، اور پھر اس کی حیثیت بدل کر، پرورش اور حفاظت کی صورت میں بچپن کے ایک محدود عرصہ تک قائم رہتا ہے اس طرح گو باپ کو بیٹے کے وجود

میں یک گونہ تعلق ضرور ہوتا ہے، مگر یہ تعلق حد درجہ ناقص، محدود اور آنی ہوتا ہے، بیٹے کے وجود، قیام و بقاء
ضروریاتِ زندگی سامانِ حیات، نشو و نما، اور ارتقا کسی چیز میں باپ کی ضرورت نہیں ہوتی وہ
اپنے باپ سے الگ مستقل اور بے نیاز زندگی بسر کرتا ہے مگر ذرا غور کرو کیا عبد و معبود اور خالق و مخلوق
کے درمیان جو ربط و تعلق ہے اس کا انقطاع کسی وقت ممکن ہے، کیا بندہ اپنے خدا سے ایک دم اور
ایک لمحہ کیلئے بھی بے نیاز اور مستغنی ہو سکتا ہے، کیا یہ تعلق باپ و بیٹے کے تعلق کی طرح محدود اور مخصوص الاوقات ہے

ربوبیت (پرورش) عبد و معبود اور خالق و مخلوق کے درمیان اس تعلق کا نام ہے جو آغاز
سے انجام تک پیدائش سے وفات تک بلکہ وفات کے بعد سے ابد تک قائم رہتا ہے، جو ایک
لمحہ کے لیے منقطع نہیں ہو سکتا جس کے بل اور سہارے پر دنیا اور دنیا کی مخلوقات کا وجود ہے وہ
گہوارۂ عدم سے لیکر فنائے محض کی منزل تک ہر قدم پر ہر موجود کا ہاتھ تھامے رہتا ہے انسان ذرہ ہو
یا بصورتِ غذا، قطرۂ آب ہو یا قطرۂ خون، مضغۂ گوشت ہو یا مشتِ استخوان شکمِ مادر میں ہو یا اس سے باہر بچہ ہو
یا جوان ادھیڑ ہو یا بوڑھا کوئی آن، کوئی لمحہ رب کے مہر و کرم اور لطف و محبت سے مستغنی اور بے نیاز نہیں ہو سکتا

علاوہ ازیں باپ اور بیٹے کے الفاظ سے مادیت جسمانیت ہم جنسی اور برابری کا جو تخیل پیدا
ہوتا ہے اُس سے لفظ رب یک قلم پاک ہے اور اس میں ان ضلالتوں اور گمراہیوں کا خطرہ نہیں
جن میں نصرانیت اور ہندویت نے ایک عالم کو مبتلا کر رکھا ہے،

اب ان آیتوں اور حدیثوں کو دیکھو جن سے یہ روشن ہوتا ہے کہ اسلام کا سینہ اس ازلی
ابدی عشق و محبت کے نور سے کس درجہ معمور ہے اور وہ خمخانۂ الست کی سرشاری کی یاد بھولے ہوئے
انسانوں کو کس کس طرح دلا رہا ہے اسلام کا سب سے پہلا حکم ایمان ہے، ایمان کی سب سے بڑی خاصیت

Marfat.com

اور علامت حُبِّ الٰہی ہی، اور یہ وہ دولت ہی جو اہلِ ایمان کی پہلی جماعت کو عملاً نصیب ہو چکی تھی تو آیاتِ الٰہی نے شہادت دی،

وَالَّذِیْنَ آمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰہِ (بقرہ ۲۰) — اور جو ایمان لائے وہ سب سے زیادہ خدا سے محبت رکھتے ہیں

اس نشۂ محبت پر باپ، ماں، اولاد، بھائی، بیوی، جان، مال، خاندان، سب کو قربان اور نثار ہو جانا چاہیے، ارشاد ہوتا ہے،

اِنْ کَانَ آبَآؤُکُمْ وَاَبْنَآؤُکُمْ وَاِخْوَانُکُمْ وَاَزْوَاجُکُمْ وَعَشِیْرَتُکُمْ وَاَمْوَالُ نِ اقْتَرَفْتُمُوْهَا وَتِجَارَةٌ تَخْشَوْنَ کَسَادَهَا وَمَسٰکِنُ تَرْضَوْنَهَآ اَحَبَّ اِلَیْکُمْ مِّنَ اللّٰہِ وَرَسُوْلِہٖ وَجِهَادٍ فِیْ سَبِیْلِہٖ فَتَرَبَّصُوْا حَتّٰی یَاْتِیَ اللّٰہُ بِاَمْرِہٖ (توبہ ۳)

اگر تمہارے باپ، تمہارے بیٹے تمہارے بھائی تمہاری بیویاں اور تمہارا کنبہ اور وہ دولت جو تم نے کمائی ہے اور وہ سوداگری جس کے مندا پڑ جانے کا تم کو اندیشہ ہے اور وہ مکانات جن کو تم پسند کرتے ہو خدا اور اس کے رسول اور خدا کی راہ میں جہاد کرنے سے تم کو زیادہ محبوب اور پیارے ہیں، تو اس وقت تک انتظار کرو کہ خدا اپنا حکم بھیجے

ایمان کے بعد بھی اگر نشۂ محبت کی سرشاری نہیں ملی، تو وہ بھی جادۂ حق سے دوری ہی چنانچہ جو لوگ راہِ حق سے بھٹکنا چاہتے تھے، اُن کو پکار کر سنا دیا گیا،

یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ آمَنُوْا مَنْ یَّرْتَدَّ مِنْکُمْ عَنْ دِیْنِہٖ فَسَوْفَ یَاْتِی اللّٰہُ بِقَوْمٍ یُّحِبُّهُمْ وَیُحِبُّوْنَہٗٓ، (مائدہ ۸)

مسلمانو! اگر تم میں سے کوئی اپنے دین (اسلام) سے پھر جائیگا تو خدا (کو اس کی کچھ پروا نہیں وہ) ایسے لوگوں کو لا کر کھڑا کریگا جن کو وہ پیار کریگا اور وہ اس کو پیار کرینگے

حضرت مسیح نے کہا درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہی، ہر معنوی اور روحانی حقیقت ظاہری

آثار اور جسمانی علامات سے پہچانی جاتی ہے، تم کو زید کی محبت کا دعوی ہے، مگر نہ تمھارے دل میں اس کے دیدار کی تڑپ ہے، نہ تمھارے سینہ میں صدمۂ فراق کی جلن ہے، اور نہ آنکھوں میں ہجر و جدائی کے آنسو ہیں، تو کون تمھارے دعوی کی تصدیق کرے گا، اسی طرح خدا کی محبت اور پیار کے دعویدار تو بہتیرے ہو سکتے ہیں، مگر اس غیر محسوس کیفیت کی مادی نشانیاں اور ظاہری علامتیں اس کے احکام کی پیروی اور اس کے رسول کی اطاعت ہیں، خدا کے رسول کو اس اعلان کا حکم ہے،

| | |
|---|---|
| اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ | اگر تم کو خدا سے محبت ہے تو میری پیروی کرو |
| يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ ، (آل عمران ۴) | کہ خدا بھی تم کو پیار کرے گا، |

محبت کیونکر حاصل ہو، وحی محمدی نے اس رتبۂ بلند کے حصول کی تدبیر بھی بتا دی فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے رحمت |
| سَيَجْعَلُ لَهُمُ الرَّحْمٰنُ وُدًّا (مریم ۶) | والا خدا، اُن کے لیے محبت پیدا کرے گا، |

اس آیت میں محبت کے حصول کے دو ذریعے بتائے گئے ہیں، ایمان اور عمل صالح یعنی نیک کام، چنانچہ طبقاتِ انسانی میں متعدد ایسے گروہ ہیں جن کو ان ذریعوں سے خدا کی محبت اور پیار کی دولت ملی ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ (مائدہ ۔ بقرہ ۲۴) | خدا نیکی کرنے والوں کو پیار کرتا ہے |
| اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ التَّوَّابِيْنَ ، (بقرہ ۲۸) | خدا توبہ کرنے والوں کو پیار کرتا ہے، |
| اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِيْنَ (آل عمران ۱) | خدا توکل کرنے والوں کو پیار کرتا ہے |
| اِنَّ اللّٰهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِيْنَ (مائدہ حجرات ۱) | خدا منصف مزاجوں کو پیار کرتا ہے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الْمُتَّقِیْنَ (توبہ ۱و۲) | خدا پرہیزگاروں کو پیار کرتا ہے، |
| اِنَّ اللّٰہَ یُحِبُّ الَّذِیْنَ یُقَاتِلُوْنَ فِیْ سَبِیْلِہٖ (صف - ۱) | خدا اُن کو پیار کرتا ہے جو اُس کے راستہ میں لڑتے ہیں، |
| وَاللّٰہُ یُحِبُّ الصّٰبِرِیْنَ (آل عمران ۱۵) | اور خدا صبر کرنے والوں کو پیار کرتا ہے، |
| وَاللّٰہُ یُحِبُّ الْمُطَّہِّرِیْنَ (توبہ ۱۳) | اور خدا پاک صاف لوگوں کو پیار کرتا ہے، |

مسند احمد میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالیٰ تین قسم کے آدمیوں سے محبت کرتا ہے اور تین قسم کے آدمیوں کو پیار نہیں کرتا، محبت اُن سے کرتا ہے جو اُس کی راہ میں خلوص نیت کیساتھ اپنی جان فدا کرتے ہیں، اور اُن سے جو اپنے پڑوسی کے ظلم پر صبر کرتے ہیں، اور اُن سے جو وضو کرکے خدا کی یاد کے لئے اُس وقت اٹھتے ہیں جب قافلہ رات کے سفر سے تھک کر آرام کیلئے بستر لگاتا ہے، اور خدا کی محبت سے محروم یہ تین ہیں، اترانیوالا مغرور، احسان دھرنے والا بخیل، جھوٹی قسمیں کھاکھا کر مال بیچنے والا سوداگر[۱]،

دنیا کے عیش و مسرت میں اگر کوئی خیال کانٹا سا چبھتا ہے اور ہمیشہ انسان کے عیش و سرور کو مکدر اور منغص بنا کر بے فکری کی بہشت کو فکر و غم کی جہنم بنا دیتا ہے تو وہ ماضی اور حال کی ناکامیوں کی یاد اور مستقبل کی بے اطمینانی ہے پہلے کا نام حزن و غم اور دوسری کا خوف و وحشت ہے غرض غم اور خوف ہی دو کانٹے ہیں جو عاجز و درماندہ انسان کے پہلو میں ہمیشہ چبھتے رہتے ہیں لیکن جو محبوب حقیقی کے طلبگار اور اس کے والہ و شیدا ہیں اُن کو بشارت ہے کہ اُن کے عیش کا چمن زار ان کانٹوں سے پاک و صاف ہوگا،

---

[۱] احمد بن حنبل مسند ابوذر جلد ۵ ص ۱۷۶،

Marfat.com

اَلَآ اِنَّ اَوْلِيَآءَ اللّٰهِ لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ۔ (یونس-۷)

ہان خدا کے دوستون کو نہ کوئی خوف ہوگا اور نہ وہ غمگین ہون گے ،

محبت کا وہ جذبہ جو بڑے کو چھوٹے کے ساتھ احسان، نیکی، درگذر اور عفو و بخشش پر آمادہ کرتا ہی اُس کا نام "رحم" اور "رحمت" ہی، اسلام کا خدا تمام تر رحم ہی اس کی رحمت کے فیض سے تمام کائنات کا ذرہ ذرہ سیراب ہی اُس کا نام رحمٰن و رحیم ہی جو کچھ یہان ہی سب اسکی رحمت کا ظہور ہی وہ نہین تو کچھ نہین، اسی لیے اسکی رحمت سے ناامیدی جرم اور مایوسی گناہ ہی مجرم سے مجرم اور گنہگار سے گنہگار کو وہ نوازنے کے لیے ہمہ وقت آمادہ و تیار رہتا ہے، گنہگارون اور مجرمون کو وہ محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلم کی زبان سے میرے بندو! کہکر اُن کے پاس تسلّی کا یہ پیام بھیجتا ہی،

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ۔ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۔ (زمر-۶)

اے پیغبر! میرے اُن بندون کو پیام پہنچا دے جنھوں نے اپنی جانون پر ظلم کیا ہی کہ تم اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو، اللہ یقیناً تمام گناہون کو بخش سکتا ہی، بیشک وہی بخشش کرنے والا اور رحم کھانیوالا ہی،

فرشتے حضرت ابراہیمؑ کو بشارت سُناتے ہیں، تو کہتے ہیں،

فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقَانِطِيْنَ (حجر)

تم ناامید ہونے والوں میں سے نہ ہو،

خلیل اللہ اس رمز سے ناآشنا نہ تھے کہ مرتبۂ خلّت محبت سے مافوق ہی اس لیے جواب دیا،

وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ

اپنے پروردگار کی رحمت سے گمراہ لوگون کے

إِلَّا الضَّآلُّونَ ، (حجر-۴) سوا اور کون نا امید ہوتا ہے ؟

بندون کی جانب سے خدا پر کوئی پابندی عائد نہیں، مگر اُس نے اپنی رحمت کے اقتضا سے اپنے اوپر خود کچھ چیزین فرض کرلی ہیں، منجملہ اُن کے ایک رحمت بھی ہے، خدا مجرموں کو سزا دیسکتا ہے، گنہگاروں پر غذاب بھیج سکتا ہے، سیہ کارون کو اُن کی گستاخیوں کا مزہ چکھا سکتا ہے، وہ غالب ہے، قاہر ہے، جبار ہے، منتقم ہے لیکن ان سب کے ساتھ وہ غفار و غفور بھی ہے، رحمان ورحیم بھی۔ اور عفو و رؤف بھی ہے، اور سب سے بڑھکر یہ کہ اُس نے اپنے اوپر رحمت کی پابندی خود عائد کرلی ہے، اور اس کو اپنے اوپر فرض گردان لیا ہے،

كَتَبَ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ (انعام-۲) اللہ نے از خود اپنے اوپر رحمت کو لازم کرلیا ہے۔

قاصدِ خاص کو حکم ہوتا ہے کہ ہمارے گنہگار بندون کو ہماری طرف سے سلام پہنچا دو، اور تسلی کا یہ پیام دو کہ ہمارا بابِ رحمت ہر وقت کھلا ہے،

| | |
|---|---|
| وَإِذَا جَآءَكَ الَّذِينَ يُؤْمِنُونَ | اے پیغمبر جب تیرے پاس وہ آئیں جو میری آیتوں |
| بِآيَاتِنَا فَقُلْ سَلَامٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ | پر یقین رکھتے ہیں تو اُن سے کہہ کہ تم پر سلامتی ہو |
| رَبُّكُمْ عَلَىٰ نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ أَنَّهُ | تمھارے پروردگار نے اپنے اوپر از خود اپنے بندون |
| مَنْ عَمِلَ مِنْكُمْ سُوٓءًا بِجَهَالَةٍ | پر مہربان ہونا لازم کرلیا ہے کہ جو کوئی تم میں سے |
| ثُمَّ تَابَ مِنْ بَعْدِهِ وَأَصْلَحَ | براہ نادانی بُرائی کر بیٹھے، پھر اُس کے بعد |
| فَأَنَّهُ غَفُورٌ رَّحِيمٌ ، | بارگاہِ الٰہی کی طرف رجوع کرے، اور نیک |
| (انعام-۶) | بنے، تو بیشک خدا بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے |

Marfat.com

قرآن کی تعلیم کے مطابق اس وسیع عرصۂ کائنات کا کوئی ذرہ اس سایۂ رحمت سے محروم نہیں

وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ (اعراف-۱۹) اور میری رحمت نے ہر چیز کو گھیر لیا ہے،

بخاری و ترمذی وغیرہ کی صحیح حدیثوں میں ہے کہ اللہ تعالیٰ نے جب اس عالم کو پیدا کیا تو ازخود اپنے اوپر رحمت کی پابندی عائد کرلی، جامع ترمذی میں ہے کہ ایک دفعہ آپ نے فرمایا "اگر مومن کو یہ معلوم ہوتا کہ خدا کے پاس کتنا عقاب ہے تو وہ جنت کی طمع نہ کرتا، اور اگر کافر کو یہ معلوم ہوتا کہ خدا کی رحمت کس قدر بے حساب ہے، تو وہ جنت سے مایوس نہ ہوتا" یہ اسلام کے تخیل کی صحیح تعبیر ہے، بارگاہِ احدیت کا آخری قاصد اپنے دربار کی جانب سے گنہگاروں کو بشارت سناتا ہے کہ "اے آدم کے بیٹو! جب تک تم مجھے پکارتے رہوگے، اور مجھ سے آس لگائے رہوگے تمھیں بخشتا رہوں گا خواہ تم میں کتنے ہی عیب نہ ہوں، مجھے پروا نہیں، اے آدم کے بیٹو! اگر تمھارے گناہ آسمان کے بادلوں تک بھی پہنچ جائیں، اور پھر تم مجھ سے معافی مانگو تو میں معاف کردوں خواہ تم میں کتنے ہی عیب کیوں نہ ہوں، مجھے پروا نہیں، اے آدم کے بیٹو! اگر پوری سطحِ زمین بھی تمھارے گناہوں سے بھری ہو، پھر تم میرے پاس آؤ اس حال میں کہ کسی کو میرا شریک نہ بناتے ہو تو میں بھی تمھارے پاس پوری سطحِ زمین بھر مغفرت لیکر آ ذنگا[۱] کیا انسانوں کے کانوں نے اس رحمت، اس محبت، اس عفو عام کی بشارت کسی اور قاصد کی زبان سے بھی سُنی ہے؟

حضرت ابوایوبؓ صحابی کی وفات کا وقت جب آیا، تو انھوں نے لوگوں سے کہا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ "اگر تم لوگ گناہ نہ کرتے تو خدا اور کوئی مخلوق پیدا کرتا جو گناہ کرتی

---

[۱] جامع ترمذی (ابواب الدعوات) و دیگر کتب احادیث (صحیح)

اور وہ اس کو بخشتا[1]" یعنی اللہ تعالیٰ کو اپنے رحم و کرم کے اظہار کے لیے گنہگاروں ہی کی تلاش ہے کہ نکوکاروں کو تو سب ڈھونڈتے ہیں، مگر گنہگاروں کو صرف وہی ڈھونڈتا ہے۔

دنیا میں انسانوں کے درمیان جو رحم و کرم اور مہر و محبت کے عناصر پائے جاتے ہیں اور جن کی بنا پر دوستوں، عزیزوں، قرابتداروں اور اولادوں میں میل ملاپ اور رحم و محبت ہے نیز جس کی بنا پر دنیا میں عشق و محبت کے شاندار مناظر آتے ہیں، تم کو معلوم ہے کہ یہ اس شاہد حقیقی کے سرمایہ محبت کا کونسا حصہ ہے؟ حضور صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کے سو حصے کئے ان میں سے ایک حصہ اپنی مخلوقات کو عطا کیا جس کے اثر سے لوگ ایک دوسرے پر باہم رحم کیا کرتے ہیں، باقی ننانوے ۹۹ حصے خدا کے پاس ہیں[2]" اس لطف و کرم اور مہر و محبت کی بشارتیں کس مذہب نے انسانوں کو سنائی ہیں، اور کس نے گنہگار انسانوں کے مضطرب قلوب کو اس طرح تسلی دی ہے صحیح بخاری میں ایک واقعہ مذکور ہے کہ ایک شخص شراب خوری کے جرم میں بار بار گرفتار ہو کر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں پیش ہوا صحابہ نے تنگ آکر کہا خداوندا اپنی لعنت اس پر نازل کر کہ یہ کس قدر بار بار لایا جاتا ہے" رحمۃ للعالمین کو لوگوں کی یہ بات ناپسند آئی فرمایا "اس پر لعنت نہ کرو کہ اس کو خدا اور رسول سے محبت ہے[3]" تم نے دیکھا کہ اسلام نے گنہگاروں کے لیے خدا کی محبت کا دروازہ کس طرح کھول رکھا ہے؟!

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم نے ان عربوں کو جو خدا کی محبت کیا خدا کی معرفت سے بھی

---

[1] مسند ابن حنبل جلد ۵ ص ۱۴۱ [2] بخاری کتاب الادب باب صفحہ ۸۸۰ [3] بخاری کتاب الحدود باب ما یکرہ من لعن شارب الخمر صفحہ ۱۰۰۲

ناآشنا تھے کس طرح آشنائے حقیقت کردیا، اور اُن کو ذاتِ الٰہی کیساتھ وابستگی محبت اور سرشاری کے لطف سے کس درجہ بہرہ اندوز کردیا، بلالؓ کو دیکھو ٹھیک دوپہر کے وقت عرب کی جلتی ہوئی ریت پر اُن کو لٹایا جاتا ہے، ایک گرم پتھر سینہ پر رکھا جاتا ہے، اور خدائے واحد سے انحراف کیلئے اُن کو مجبور کیا جاتا ہے، وہ یہ سب تکلیفیں اٹھاتے ہیں، مگر زبان سے وہی احد احد (ایک ایک) کا نعرہ نکلتا ہے، مکہ کا ذرہ ذرہ صدائے حق کا دشمن ہے، ابوذر غفاریؓ یہ جان کر بھی صحن کعبہ میں جوشِ وحدت سے سرشار ہوکر کلمۂ توحید کا آواز بلند اعلان کرتے ہیں، ہر طرف سے پتھروں اور ہڈیوں کی بارش ہوتی ہے، بعض لوگ آکر چھوڑا دیتے ہیں لیکن جب دوسری صبح نمودار ہوتی ہے، تو پھر محبتِ الٰہی کے کیف و مستی کا وہی عالم نظر آتا ہے، اور مشرکین کی طرف سے وہی سزا ملتی ہے[1]،

ایک صحابی جو رات کو میدانِ جنگ میں ایک پہاڑ پر پہرہ دینے کے لئے متعین تھے، وہ اپنی نیند ٹالنے کے لئے خدا کی یاد میں مصروف ہوتے ہیں، دشمن پے درپے تین دفعہ تیر مارتا ہے جو بدن میں پیوست ہوجاتا ہے، اور وہ بدستور نماز میں محو رہتے ہیں، اُن کے ساتھی پوچھتے ہیں کہ تم نے نماز کیوں نہیں توڑی، کہتے ہیں، کہ جو سورہ شروع کی تھی جی نہ چاہا کہ اس کو تمام کئے بغیر چھوڑ دوں[2]

محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے وہ جانشین عینِ حالتِ نماز میں زخم کھاکر گرتے ہیں مگر مسندِ نبوت کی صف اس حیّ و باقی کے سامنے کھڑی ہوکر، ہر فانی و میت ہستی کی محبت سے بے نیاز رہتی ہے اسی لئے خدا نے بشارت دی کہ وہ خدا کے محبوب اور خدا اُن کا محبوب ہے یعنی رضی اللہ عنھم ورضوا عنہ

[1] سیرۃ ابن ہشام ذکر عدوان المشرکین واسد الغابہ جلد اص ۲۰۶ مصر ۔ طبقات ابن سعد تذکرہ حضرت ابوذر غفاریؓ [2] صحیح بخاری وسنن ابی داؤد، کتاب الطہارۃ باب الوضوء من الدم،

Marfat.com

مدینہ میں ایک اللہ والے مسلمان نے وفات پائی، اس کا جنازہ اٹھا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اس کے ساتھ نرمی کرو کہ اللہ نے بھی اس کے ساتھ نرمی کی ہے کیونکہ اس کو اللہ اور اس کے رسول سے محبت تھی، قبر کھودی جانے لگی، تو فرمایا اس کی قبر کشادہ رکھو کہ خدا نے بھی اس کے ساتھ کشادگی فرمائی ہے، اس بار بار کے اہتمام کو دیکھ کر صحابہ نے پوچھا "یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آپ کو اس مرنے والے کی موت کا غم ہے"؟ فرمایا، ہاں! کیونکہ اس کو خدا اور رسول پیارے تھے"[1] ایک دفعہ آپ نے ایک صحابہ کو کسی جماعت کا افسر بنا کر بھیجا: وہ جب نماز پڑھاتے تو ہر سورہ کے آخر میں قل ھو اللہ ضرور پڑھتے جب یہ جماعت سفر سے لوٹ کر آئی تو خدمت اقدس میں یہ واقعہ عرض کیا فرمایا ان سے پوچھو کہ وہ ایسا کیوں کرتے ہیں لوگوں نے پوچھا تو جواب دیا کہ یہ میں اسلیئے کرتا ہوں کہ اس سورہ میں رحم والے خدا کی صفت کا بیان ہے تو مجھ کو اس کے پڑھنے سے محبت ہے، فرمایا ان کو بشارت دو کہ رحم والا خدا بھی ان سے محبت کرتا ہے[2]، یہ بشارت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان مبارک کے سوا کسی اور نے بھی سنائی ہے؟

صحیح بخاری اور مسلم میں متعدد طریقوں سے حضرت انس سے روایت ہے کہ ایک دفعہ ایک صحابی نے خدمت والا میں حاضر ہو کر دریافت کیا، کہ یا رسول اللہ! قیامت کب آئیگی، فرمایا تم نے اس کیلئے کیا سامان کر رکھا ہے، انھوں نے نادم ہو کر شکستہ دلی سے عرض کی کہ یا رسول اللہ! میرے پاس نہ تو نمازوں کا بڑا ذخیرہ ہے، نہ روزوں کا اور نہ صدقات و خیرات کا جو کچھ سرمایہ ہے وہ صرف خدا اور رسول کی محبت ہے، اور بس! فرمایا تو انسان جس سے محبت کریگا اسی کیساتھ رہیگا، صحابہ نے

---

[1] ابن ماجہ کتاب الجنائز باب ما جاء فی حفر القبر [2] مسلم کتاب صلوٰۃ المسافرین و قصرہا باب فضل قراءۃ قل ہو اللہ احد و فیہ بخاری کتاب الصلوٰۃ باب الجمع بین السورتین میں دوسری طرح مروی ہے اور اس میں رسول اللہ صلعم کے الفاظ بھی دوسرے ہیں

اس بشارت کو سن کر اس دن بڑی خوشی منائی[1]،

صحیح مسلم کی روایت ہے کہ آپ نے فرمایا جب خدا کسی بندہ کو چاہتا ہے، تو فرشتۂ خاص جبریل سے کہتا ہے کہ میں فلان بندہ کو پیار کرتا ہون، تم بھی اس کو پیار کرو، تو جبریل بھی اس کو پیار کرتے ہین، اور آسمان والے بھی اس کو پیار کرتے ہین، اور پھر زمین مین اس کو ہر دلعزیزی اور حسن قبول بخشا جاتا ہے[2]"

صحیح بخاری میں حضرت ابوہریرہؓ کی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے روایت ہے کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ "جو بندہ اپنی اطاعتون سے میری قربت کو تلاش کرتا رہتا ہے تو مین اس سے محبت کرنے لگتا ہون یہانتک کہ میں اس کا کان بنجاتا ہون جس سے وہ سنتا ہے، اور اس کی آنکھ ہوجاتا ہون جس سے وہ دیکھتا ہے ہاتھ بنجاتا ہون جس سے وہ پکڑتا ہے، اور پاؤن بنجاتا ہون جس سے وہ چلتا ہے[3]" یہ دولت، یہ نعمت یہ سعادت آستانۂ محمدیؐ کے سوا کہیں اور نہیں ملتی،

امام بزار نے مسند مین حضرت ابوسعیدؓ سے روایت نقل کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "میں ان لوگون کو پہچانتا ہوں جو نہ نبی ہیں اور نہ شہید ہیں لیکن قیامت مین ان کے مرتبہ کی بلندی پر انبیا اور شہدا بھی رشک کرین گے، یہ وہ لوگ ہین جن کو خدا سے محبت ہے اور جن کو خدا پیار کرتا ہے، وہ اچھی باتین بتاتے اور بری باتوں سے روکتے ہین الخ[4]" یہ قابل رشک رتبہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے سوا اور کس کے ذریعہ عطا ہو

امام مالک نے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا خداوند تعالیٰ یہ ارشاد فرماتا ہے کہ ان کو پیار کرنا مجھ پر لازم ہے، جو آپس میں ایک دوسرے کو میری محبت کے سبب سے پیار کرتے ہین، اور میری محبت مین

---

[1] مسلم کتاب الادب باب المرء مع من احب بخاری کتاب الادب باب ما جاء فی قول الرجل ویلک [2] مسلم کتاب الادب باب اذا احب اللہ عبدا حببہ بعبادہ [3] بخاری کتاب الرقاق باب التواضع [4] اس کی ہم معنی حدیثیں ترمذی، مالک اور شعب الایمان بیہقی میں بھی ہین، دیکھو مشکوٰۃ کتاب الآداب فی حب اللہ فصل ثانی،

Marfat.com

ایک دوسرے کے ساتھ بیٹھتے ہیں، اور میری محبت مین ایک دوسرے سے ملتے ہیں، اور میری محبت میں ایک دوسرے کے لئے اپنی جان و مال وقف کرتے ہین[۱]"

یہ محبت الٰہی کی نیرنگیان اسلام ہی کے پردہ پر نظر آتی ہیں،

ترمذی میں حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہو کہ آپنے فرمایا" لوگو! خدا سے محبت کرو کہ وہ تمھیں اپنی نعمتیں عطا کرتا ہو، اور اسی کی محبت کے سبب مجھ سے محبت کرو، اور میری محبت کے سبب میری اہل بیت سے محبت کرو"[۲] یہ عشق و محبت کی دعوت محبوب ازل کے سوا اور کون دیسکتا ہو؟

عام مسلمانون میں پیغمبر اسلام کا لقب "حبیب خدا" ہو، دیکھو کہ حبیب اور محبوب مین خلوت محبت کے کیا کیا ناز و نیاز ہین، آپ خشوع و خضوع کی دعاؤن اور خلوت تنہائی کی روحانی ملاقاتون مین کیا ڈھونڈھتے اور کیا مانگتے تھے، کیا چاہتے اور کیا سوال کرتے تھے، امام احمد اور بزار نے مسندون مین ترمذی نے جامع مین، حاکم نے مستدرک مین، اور طبرانی نے معجم مین متعدد صحابیون سے نقل کیا ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنی دعاؤن مین محبت الٰہی کی دولت مانگا کرتے تھے، انسان کو اس دنیا مین سب سے زیادہ محبوب اپنی اور اپنے اہل و عیال کی جان ہو، لیکن محبوب خدا کی نگاہ مین یہ چیزین ہیچ تھیں وہ دعا فرماتے تھے، خداوندا

| | |
|---|---|
| اسئلک حبک وحب من یحبک | میں تیری محبت مانگتا ہون اور جو تجھ سے محبت |
| وحب عمل یقرب الی حبک | کرتا ہو اس کی محبت اور اس کام کی محبت جو |
| (احمد - ترمذی - حاکم) | تیری محبت سے قریب تر کردے، |
| اللھم اجعل حبک احب الی من | الٰہی تو اپنی محبت کو میری جان سے میرے اہل و |

[۱] مشکوۃ باب مذکور، [۲] مشکوۃ مناقب اہل بیت بروایت ترمذی،

نفسی واھلی ومن الماء البارد، عیال سے اور ٹھنڈے پانی سے بھی زیادہ

(ترمذی وحاکم) میری نظر میں محبوب بنا،

عرب میں ٹھنڈا پانی دنیا کی تمام دولتوں اور نعمتوں سے زیادہ گران اور قیمتی ہے لیکن حضورؐ کی پیاس اس مادی پانی کی خنکی سے نہیں بجھتی تھی، وہ صرف محبت الٰہی کا زلال خالص تھا جو اس تشنگی کو تسکین دیسکتا تھا، عام انسان روٹی سے جیتے ہیں مگر ایک عاشق الٰہی (مسیح) کا قول ہے کہ انسان صرف روٹی سے نہیں جیتا، پھر وہ کون روٹی ہے جس کو کھا کر انسان پھر کبھی بھوکا نہیں ہوتا حضورؐ دعا فرماتے ہیں،

اللّٰھم ارزقنی حبک وحب من خداوندا! تو اپنی محبت اور اس کی محبت جو

ینفعنی فی حبک (ترمذی) تیری محبت کی راہ میں نافع ہو مجھے روزی کر

عام ایمان خدا اور رسول پر یقین کرنا ہے مگر جانتے ہو کہ اس راہ میں آخری منزل کیا ہے صحیحین میں ہے،

من کان اللّٰہ ورسولہ احب الیہ مما سواھما[1] یہ کہ خدا اور رسول کی محبت کے آگے تمام سوا کی محبتیں ہیچ ہو جائیں

بعض مذاہب کو اپنی اس تعلیم پر ناز ہے کہ وہ انسانوں کو یہ سکھاتے ہیں کہ وہ اپنے خدا کو ماں باپ سمجھیں، اور اس سے اسی طرح محبت کریں جس طرح اپنے والدین سے کرتے ہیں اور چونکہ اسلام نے اس طریقۂ تعبیر کو اس بنا پر کہ وہ شرک کا راستہ ہے ممنوع قرار دیا ہے، اس لئے ان مذاہب کے بہت سے پیرو یہ سمجھتے ہیں کہ محمد رسول اللّٰہ صلی اللّٰہ علیہ وسلم کی تعلیم محبت الٰہی کے مقدس جذبات سے خالی ہے لیکن جیسا کہ پہلے گذر چکا ہے دعویٰ سرتاپا بے بنیاد ہے، بلکہ واقعہ یہ ہے کہ تعلیم محمدی کی بلندی [illegible]

[1] مسلم کتاب الایمان باب بیان خصال من اتصف بہن وجد حلاوۃ ، (بخاری کتاب الایمان باب حلاوۃ الایمان)

Marfat.com

دونوں ان مذاہب کے پیش کردہ نظر و معیار سے بہت بالاتر ہیں، ثبوت میں قرآن مجید کی یہ آیت پہلے بھی پیش کی جا چکی ہے،

فَاذْكُرُوا اللّٰهَ كَذِكْرِكُمْ آبَاءَكُمْ اَوْ اَشَدَّ ذِكْرًا ۔ (بقرہ - ۲۵)

تم خدا کو اس طرح یاد کرو جس طرح اپنے باپوں کو یاد کرتے ہو، بلکہ اس سے بہت زیادہ

لیکن احادیث سے ہمارا دعویٰ اور بھی زیادہ واضح ہو جاتا ہے، لڑائی کا میدان ہے دشمنوں میں بھاگ دوڑ مچی ہے جس کو جہاں امن کا گوشہ نظر آرہا ہے اپنی جان بچا رہا ہے، بھائی بھائی سے ماں بچہ سے، بچہ ماں سے الگ ہے، اسی حال میں ایک عورت آتی ہے جس کا بچہ میدان حشر میں گم ہو گیا ہے محبت کی دیوانگی کا یہ عالم ہے کہ جو بچہ بھی اس کے سامنے آجاتا ہے اس کو اپنے بچہ کے جوش محبت میں چھاتی سے لگا لیتی ہے، اور دودھ پلا لیتی ہے، دفعۃً رحمۃ للعالمین کی نظر پڑتی ہے اور آپ صحابہ سے مخاطب ہو کر فرماتے ہیں "کیا یہ ممکن ہے کہ یہ عورت خود اپنے بچہ کو اپنے ہاتھ سے دہکتی آگ میں ڈال دے"؟ لوگ عرض کرتے ہیں "ہرگز نہیں" آپ فرماتے ہیں، تو جتنی محبت ماں کو اپنے بچے سے ہے خدا کو اپنے بندوں سے اس سے کہیں زیادہ محبت ہے،[۱]

ایک دفعہ ایک غزوہ سے آپ واپس تشریف لا رہے ہیں، ایک عورت اپنے بچہ کو گود میں لیکر سامنے آتی ہے، اور عرض کرتی ہے یا رسول اللہ! ایک ماں کو اپنی اولاد سے جتنی محبت ہوتی ہے کیا خدا کو اپنے بندوں سے اُس سے زیادہ نہیں ہے؟ فرمایا ہاں بیشک اس سے زیادہ ہے" بولی تو کوئی ماں تو اپنی اولاد کو خود آگ میں ڈالنا گوارا نہ کرے گی، یہ سُن کر فرط اثر سے آپ پر گریہ طاری ہو گیا پھر سر اٹھا کر

[۱] صحیح بخاری کتاب الادب، باب رحمۃ الولد۔

Marfat.com

فرمایا، خدا صرف اُس بندہ کو عذاب دیتا ہے، جو سرکشی سے ایک کو دو کہتا ہے۔[1]

آپ ایک مجلس میں تشریف فرما ہیں، ایک صحابی ایک پرند کو مع اُس کے بچّوں کے چادر میں باندھ کر لاتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ یا رسول اللہ! میں نے ایک جھاڑی سے ان بچوں کو اٹھا کر کپڑے میں لپیٹ لیا، ماں نے یہ دیکھا، تو میرے سر پر منڈلانے لگی، میں نے ذرا سا کپڑے کو کھول دیا تو فوراً آکر بچوں پر گر پڑی، ارشاد ہوا، کیا بچوں کیساتھ ماں کی اس محبت پر تم کو تعجب ہے، قسم ہے اس ذات کی جس نے مجھکو حق کے ساتھ مبعوث کیا، جو محبت اس ماں کو اپنے بچوں کیساتھ ہے خدا کو اپنے بندوں کے ساتھ اس سے بدرجہا زیادہ ہے۔[2]

ایک صاحب ایک چھوٹے بچہ کو لیکر خدمتِ اقدس میں حاضر ہوتے ہیں محبت کا یہ حال تھا کہ وہ بار بار اس کو گلے سے لگائے جاتے تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن سے پوچھا کہ کیا تم کو اس بچے سے محبت ہے، انھوں نے کہا ہاں، فرمایا تو اللہ کو تم سے اُس سے زیادہ محبت ہے جتنی تم کو اس بچے سے ہے، وہ تمام رحم کرنے والوں میں سب سے بڑا رحم کرنے والا ہے۔[3]

جمالِ حق کا پہلا مشتاق، اور مستورِ ازل کے زیر نقاب چہرہ کا پہلا دیکھنے والا زندگی کے آخری مرحلوں میں ہے، مرض کی شدت ہے، بدن بخار سے تپ رہا ہے، اٹھکر چل نہیں سکتا، لیکن یکبیک وہ اپنے میں ایک اعلانِ خاص کی طاقت پاتا ہے، مسجد نبوی میں جان نثار حاضر ہوتے ہیں، سب کی نظریں حضورؐ کی طرف لگی ہیں نبوت کا آخری پیغام سننے کی آرزو ہے، دفعةً لب مبارک ہلتے ہیں اور یہ آواز آتی ہے لوگو! میں خدا کے سامنے اس بات کی براءت کرتا ہوں کہ انسانوں میں میرا کوئی دوست

---

[1] سنن نسائی باب ما یرجی من الرحمۃ [2] مشکوٰۃ بحوالہ ابوداؤد کتاب الاسماء باب رحمۃ اللہ غضبہ [3] ادب المفرد امام بخاری باب رحمۃ العیال صفحہ ۵، مصر

مجھکو خدا نے اپنا پیارا بنایا ہے، جیسے ابراہیم کو اُس نے اپنا پیارا بنایا تھا[1] یہ تو وفات سے پہلے کا اعلان تھا عین حالتِ نزع میں زبانِ مبارک پر یہ کلمہ تھا "خداوند رفیق"[2]

اللہ تعالیٰ کی کریمی و رحیمی اُس کی بیچارہ نوازی، عاجزوں اور درماندوں کی دستگیری، اور اپنے گنہگار بندوں پر اُس کی شانِ تحبّب کا ترانہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے خود اپنے کانوں سے سنا، اور نادم و متاسف سیہ کاروں تک اس مژدہ کو پہنچا کر اُن کے شکستہ اور زخمی دلوں پر مرہم رکھا حضرت ابوذرؓ کہتے ہیں کہ حضرت رحمۃ للعالمینؐ نے یہ پیام ربانی ہم کو سنایا،

میرے بندو! میں نے اپنے اوپر بھی اور تمہارے درمیان بھی ظلم کو حرام کیا ہے، تو ایک دوسرے پر تم ظلم نہ کیا کرو، اے میرے بندو! تم میں ہر ایک گمراہ تھا لیکن جس کو میں نے راہ دکھائی تو مجھ سے راستہ پوچھو، میں بتاؤں گا، اے میرے بندو! تم میں ہر ایک بھوکا تھا لیکن جس کو میں نے کھلایا تو مجھ سے کھانا مانگو میں تم کو کھلاؤں گا، اے میرے بندو! تم میں ہر ایک پیاسا تھا لیکن جس کو میں نے پلایا تو مجھ سے پانی مانگو میں تم کو پلاؤں گا، اے میرے بندو! تم میں ہر ایک ننگا تھا لیکن جسکو میں نے پہنایا تو مجھ سے کپڑا مانگو میں تم کو پہناؤنگا، اے میرے بندو! تم دن رات گناہ کرتے ہو اور میں سب گناہوں کو معاف کرتا ہوں تم مجھ سے معافی مانگو میں تم کو معاف کرونگا، اے میرے بندو! مجھے نقصان پہنچانا تمہاری طاقت میں نہیں ہے اور نہ مجھے نفع پہنچانا تمہاری قدرت میں ہے، اے میرے بندو! اگر تمہارے اگلے پچھلے جن اور انس چھوٹے اور بڑے مرد اور عورت دنیا کے سب سے بڑے پرہیزگار کے دل کے برابر ہو جائیں تو میری شہنشاہی میں ایک ذرہ اضافہ نہ ہوگا، اور اے میرے بندو! اگر تمہارے اگلے پچھلے جن و

[1] صحیح مسلم کتاب المساجد۔ [2] صحیح بخاری ذکر وفات نبوی،

انس چھوٹے اور بڑے، مرد اور عورت، دنیا کے سب سے بڑے گنہگار کے دل کے برابر ہو جائیں، تو بھی میری شہنشاہی میں ذرہ برابر کمی نہ ہوگی، اے میرے بندو! اگر تمہارے اگلے اور پچھلے جن وانس سب کسی ایک زمین میں کھڑے ہو کر مجھ سے مانگیں، اور میں سب کے سوال کو پورا کروں تو میرے خزانہ میں کچھ کمی نہ ہوگی، لیکن اُتنی جتنی ایک سوئی سمندر کے پانی میں ڈبو کر نکال لی جائے، اے میرے بندو! تمہارے ہی عمل ہوں گے جن کو میں گن گن کر تم کو واپس کروں گا، اور پورا کروں گا تو جس کو بھلائی ملے، وہ خدا کا شکر ادا کرے، اور جس کو برائی ملے وہ خود اپنے ہی کو ملامت کرے۔[1]

محبت کا یہ پُرکیف نغمہ دنیا نے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی زبان مبارک سے سنا، تسلی و تشفی کا یہ روح افزا پیام آپ ہی کے مبارک لبوں سے ادا ہوا، عفو و کرم کے بحر بیکران کا یہ ساحلِ امید آپ ہی کے دکھانے سے ہم کو نظر آیا، اور گنہگاروں کو "میرے بندو" کہکر پکارے جانے کی عزت آپ ہی کے وسیلہ سے میسر آئی، (صلی اللہ علیہ وسلم)

---

[1] صحیح مسلم و ترمذی کتاب الزہد و مسند احمد بن حنبل جلد ۵ صفحہ ۱۶۰ و صفحہ ۱۵۴، ۱۷۷ و ادب المفرد امام بخاری باب الظلم ص ۹۵ - مصر، میں نے صحیح مسلم کی روایت سامنے رکھی ہے لیکن بعض الفاظ مسند سے لیکر بڑھائے ہیں، اس کے بعض بعض ٹکڑے انجیل میں بھی ملتے ہیں، (دیکھو متی ۲۵، ۳۵ تا ۴۵) مگر دونوں کے ملانے سے وہی فرق نمایاں ہوتا ہے جو ناقص اور کامل میں ہونا چاہیے،

Marfat.com

# فرشتوں پر ایمان

## وَمَلٰٓئِکَتِہٖ

ملائکہ کا لفظ جمع ہے، اس کا واحد مَلَک مِلاک اور مالک تین طرح سے مستعمل ہے، اس کے لغوی معنی "قاصد اور رسول" کے ہیں، اسی لئے قرآن پاک میں ملائکہ کے لئے رُسُل کا لفظ بھی آیا ہے جس کے معنی "قاصد اور پیام رساں" کے ہیں، اُن سے مراد وہ غیر مادی مگر مخلوق نیک ہستیاں یا ارواح ہیں، جو اللہ تعالیٰ کے حکم کے مطابق عالم اور اس کے اسباب و علل کے کاروبار کو چلا رہی ہیں، اگر یہ عالم ایک مشین ہے تو ملائکہ اس کا انجن، اور اس کے کل پرزوں کو حرکت دینے والی قوتیں ہیں، جو خدا کے مقررہ احکام اور قوانین کے مطابق اُن کو حرکت دے رہے اور چلا رہے ہیں یعنی وہ خالق اور اسکی مخلوقات کے درمیان پیام رسانی اور سفارت کی خدمت اس طرح انجام دے رہے ہیں، کہ اللہ تعالیٰ اپنے حکم اور مرضی کو اُن پر القا کرتا ہے، اور وہ ایک بے اختیار محکوم کی طرح اسکو مخلوقات میں جاری اور نافذ کرتے ہیں اُن کو خود نہ کوئی ذاتی اختیار ہے، اور نہ اُن کا کوئی ذاتی ارادہ ہے، وہ سرتاپا اطاعت ہیں، اور خدا کے حکم سے سرمو تجاوز نہیں کرتے، گویا اُن کی خلقت، اطاعت اور فرمانبرداری کیلئے کی گئی ہے دنیا پر رحمت یا عتاب جو کچھ نازل ہوتا ہے وہ اُنہی کے ذریعہ سے ہوتا ہے اور خدا انبیاء پر اپنے جو احکام اُتارتا یا اُن سے کلام کرتا ہے وہ اُنہی کی وساطت سے کرتا ہے،

دنیا کے تمام مذاہب، بلکہ قدیم یونانی مصری فلسفہ مین بھی اس قسم کی ہستیون کا وجود تسلیم کیا گیا ہے
صابی مذہب میں یہ ستارون اور سیارون کی صورت مین مانے گئے ہیں، یونانی مصری (اسکندری) فلسفہ
میں ان کا نام عقول عشرہ (دس عقلیں) رکھا گیا ہے، اور ساتھ ہی نو آسمانون کے اندر بھی الگ الگ ذی
ارادہ نفوس تسلیم کئے گئے ہیں بلکہ خالص یونانی فلسفہ مین بھی بعض غیر مادی ارواح مجردہ کا پتہ لگتا ہے
جن مین سب سے اہم لوگس کا تخیل ہے جس سے مقصود وہ اولین ہستی ہے جس کو خدا نے تمام کائنات کی پیدائش کا
ذریعہ اور واسطہ قرار دیا ہے اور جس کو اہل فلسفہ عقل اول سے تعبیر کرتے ہیں، پارسیون مین ان ہستیون کا
نام "امشاسپند" ہے، اور اُن کی بیشمار تعداد قرار دگئی ہے یہودی ان کو کروبیم کہتے ہیں، اور ان میں سے خاص خاص
کے نام جبریل اور میکائیل وغیرہ رکھتے ہیں، عیسائی بھی انکو انھی نامون سے یاد کرتے ہیں، اور جبریل و
روح القدس وغیرہ الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں ہندوون میں وہ دیوتاؤن اور دیبیون کے نام سے
روشناس ہیں، جاہل عرب اُن کو خدا کی بیٹیان کہہ کر پکارتے ہیں بہرحال یہ تمام مختلف صحیح اور غلط
نام ایک ہی حقیقت کی مختلف تعبیرین ہیں، جس سے مراد وہ روحانی وسائط ہیں، جو صانع و مصنوعات
اور خالق و مخلوقات کے درمیان اُس کے حکم کے مطابق عمل پیرا اور کارفرما ہیں،

مذاہب سابقہ مین ان غیر مادی ذی روح مخلوق ہستیوں کی حیثیت نہایت مشتبہ تھی،
کبھی مخلوق کہی جاتی تھیں اور کبھی خدائی کے مرتبہ تک بھی بلند کر دیجاتی تھیں، ہندوون کے دیوتاؤن
اور دیبیون کی یہی کیفیت تھی، پارسیون مین امشاسپند کا بھی یہی حال تھا، کہ کبھی اُن کی حیثیت
فرشتوں کی رہتی تھی، کبھی وہ خدا کے مقابل بنجاتی تھیں، اور کبھی خود خدا ان میں سے ایک ہوجاتا
تھا، ہندوون کی طرح پارسیون میں بھی وہ قابل پرستش سمجھی جاتی تھیں اُن کے نزدیک سب عالی تر

Marfat.com

امشاسپند تھے، اور اُن کے تحت میں ۳۳، پھر اُن میں سے ہر ایک کے ماتحت ہزاروں تھے اور چونکہ پارسی
نیکی اور بدی کے دو متقابل خداؤں کے قائل تھے اس لئے دونوں کے ماتحت اچھے اور بُرے فرشتوں
کی بے شمار تعداد تھی، نیکی کے فرشتے براہِ راست نیکی کی چیزوں کو اور بُرائی کے فرشتے مصیبتوں، ہلاکتوں
اور برائیوں کو دنیا میں پیدا کرتے تھے اور اپنے اپنے خدا کی طرف سے اُن اشیاء پر حاکم سمجھے جاتے تھے، دونوں
خدا اپنی اپنی فوجوں اور لشکروں کے پرے لیکر باہم نبرد آزما رہتے تھے، یہ بھی اُن کا اعتقاد تھا کہ ہر امشاسپند
یا نر فرشتہ کے ساتھ ایک نرو یعنی مادہ (فرشتہ) بھی ہوتی تھی، جو اُس کی بیوی تھی، ہندوؤں میں نر دیوتاؤں
اور مادہ دیبیوں کا تصور تھا، مگر ان نر و مادہ ہستیوں میں کسی نر کو کسی مادہ سے خصوصیت خاص تھی بلکہ
ہر ایک جنس کا ہر فرد دوسری جنس کے ہر فرد سے لطف اندوز ہو سکتا تھا، یہودیوں میں فرشتوں کی حیثیت
ایسی تھی کہ اُن کی تقدیس اور ثنا و صفت خدا سے مشتبہ ہو جاتی تھی، نظر آنے والے فرشتہ کی تعظیم کی جاتی
تھی، اُس کے آگے جھکا جاتا تھا، اور اس کو خداوند کہکر اس طرح خطاب کیا جاتا تھا، کہ کہیں کہیں یہ شبہ
ہو جاتا ہے کہ خدا مخاطب ہے یا فرشتہ (تکوین ۱۶/۳، ۱۸/۲، ۳، ۲۲) وہ کبھی کبھی خدا کے بیٹے بھی کہے جاتے
تھے (تکوین ۶۔۲) عیسائیوں میں اُن میں سے بعض مثلاً روح القدس خدا کا ایک جزو تسلیم ہو کر تثلیث کا رکن ہے
صابیوں میں فرشتوں کی قربانی کیجاتی تھی اُن کے ہیکل بنائے جاتے تھے، اور اُن کو مظہر خدا
تسلیم کیا جاتا تھا عربوں میں فرشتے مادہ سمجھے جاتے تھے، وہ خدا کی بیٹیاں کہکر پکارے جاتے تھے
اُن کی پرستش ہوتی تھی، اور سمجھایا جاتا تھا کہ وہ خدا کے دربار میں سفارشی ہوں گے، یونانیوں میں عقلِ
اوّل اور عقولِ عشرہ تمام عالم کے خالق، کارفرما اور مرجع کل مانے گئے، اور خدا کو معطل ٹھہرایا گیا،
اسلام نے آکر ان تمام عقائد کو مٹا دیا، خدائی اور ربوبیت کی ہر صفت سے وہ محروم بنائے گئے، اُن کی

Marfat.com

پرستش ناجائز کی گئی، نر و مادہ کی مادّی جنسیت سے وہ پاک کئے گئے، اور انسانوں کو ان پاک مخلوقات کی غلامی و بندگی سے آزاد کیا گیا، اُن کی تعداد و جتّھا اور درجہ بندی کا کوئی تخیل باقی نہیں رکھا گیا، ان کی ہستی خدائے تعالیٰ کے سامنے ایک سراپا مطیع و فرمانبردار غلام کی قرار دی گئی جس کا کام شب و روز صرف آقا کا حکم بجالانا ہے، عالم میں اُن کا کسی قسم کا تصرف نہیں مانا گیا، اور نہ نیکی و بدی کی دو قسمیں کی گئیں، نہ وہ الگ الگ جنس مخلوقات کے حاکم و منتظم قرار دیئے گئے، قرآن میں اُن کی ہستی صرف اس قدر تسلیم کی گئی ہے کہ وہ غیر مادی ذی روح مخلوقات ہیں جن کا کام خدا کی حمد و ثنا اور اطاعت و فرمانبرداری ہے، خالق اور اُس کے مخلوقات کے درمیان وہ پیغام رسانی کا ذریعہ ہیں، خدا کے حکم کے مطابق وہ مخلوقات کے کارخانہ کو چلاتے ہیں لیکن اس چلانے میں خود اُن کی ذاتی مرضی اور ارادہ کو کوئی دخل نہیں ہے، اسی لئے قرآن پاک نے یہودیوں کی طرح اُن کو "خداوند" کا خطاب نہیں دیا، نہ پارسیوں کی طرح اُن کو قابل پرستش کے لقب سے یاد کیا، نہ ہندوؤں کی طرح دیوا ور دیوتا، اور دیبی کہا، بلکہ صرف ملک اور رسول کے الفاظ استعمال کئے جن کے لفظی معنی فرستادہ، قاصد، پیغام رسان اور ایلچی کے ہیں، بلکہ قرآن نے آغاز خلقتِ انسانی کے قصہ میں یہ حقیقت واضح کر دی کہ ملائکہ اس لائق نہیں ہیں کہ آدم اُن کو سجدہ کرے، بلکہ آدم میں یہ صلاحیت ہے کہ ملائکہ کا مسجود بنے، چنانچہ اُس کو مرتبہ علم میں اُن سے بالاتر ٹھہرایا گیا اور خدا کی جس تسبیح اور تقدیس کا اُن کو دعویٰ تھا، اس کے باوجود جب انسان کا جوہر طبیعت انہوں نے پہچانا تو یہ تسلیم کرنا پڑا کہ

| | |
|---|---|
| سُبْحَانَكَ لَا عِلْمَ لَنَا إِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا | تو پاک ہے ہم کو کوئی علم نہیں لیکن وہ جو تونے |
| إِنَّكَ أَنْتَ الْعَلِيمُ الْحَكِيمُ ۔ (بقرہ ۔ ۴) | ہم کو سکھایا، بیشک تو جاننے والا اور حکمت والا ہے |

Marfat.com

اس قصہ نے شروع ہی میں یہ واضح کردیا کہ وہ ہستیاں جن کو دوسرے مذاہب نے انسانوں کا
دیوتا انسانوں کا خداوند اور کبھی خدا کا ہمسر اور متصرف مطلق قرار دیا تھا اسلام میں اُن کی حیثیت انسان
کے مقابلہ میں کیا ہے؟ انسان اور فرشتے خدا کے سامنے برابر کے مخلوق اور بندے یکسان عاجز و درماندہ
ہین، انسانون کو مادی اشیاء پر حکومت بخشی گئی ہے کہ اپنے نفع و نقصان کے لیے اُن سے کام لے سکین اور ملائکہ
کو اپنے حضور مین متعین فرمایا گیا ہے کہ آسمان و زمین اور پوری مملکت الٰہی میں خدا کے احکام کی تعمیل و تنفیذ کریں

دنیا میں اللہ تعالیٰ نے اسباب علل کا ایک سلسلہ رکھا ہے جو ہر جگہ کارفرما نظر آتا ہے لوگ انہی
ظاہری اسباب و علل کو دیکھ کر دھوکا کھاتے ہیں اور اُن کی پرستش کرنے لگتے ہیں، مثلاً آگ جلاتی اور
روشن کرتی ہے اسکو دیکھ کر آتش پرست اور مادہ پرست یقین کرتے ہیں کہ خود آگ میں جلانے کی طاقت ہے
لیکن فرق یہ ہے کہ آتش پرست اُس کے آگے سجدہ میں گر پڑتے ہین، اور مادہ پرست گو اپنا سر اُس کے
آگے نہین جھکاتے، مگر اُن کا دل جھک جاتا ہے کیونکہ وہ بھی یہ ایمان رکھتے ہیں کہ یہ طاقت خود
آگ کے اندر موجود ہے، کچھ لوگ ہیں جو یہ سمجھتے ہین کہ جلانے کی طاقت آگ میں نہیں ہے، بلکہ
اس کا ایک مستقل دیوتا یا فرشتہ ہے، جو اس پر حکمران ہے، یہ لوگ اس آگ کے فرمانروا کے سامنے
جھکتے ہیں، اسلام کے نظریۂ توحید نے اس شرک کو بھی مٹایا، اور بتایا کہ آگ اور آگ کا اگر کوئی
فرشتہ ہے تو وہ کل کے کل اسی ایک رب العٰلمین اور فرمانروائے ارض و سما کے حکم کے تابع ہیں
اُسی کے آگے جھکنا چاہیئے اور اُسی کی بندگی کرنی چاہیئے،

اسلام میں فرشتون کی حقیقت کیا ہے؟ اس کا جواب ان نصوص سے مل سکتا ہے جو
کامون کے متعلق قرآن مین مذکور ہین، اُن سے ظاہر ہوتا ہے کہ اُن سے مراد وہ غیر مادی ذی روح

Marfat.com

ہستیاں ہیں، جو احکام اور پیغام الٰہی کو دنیائے خلق تک پہنچاتے، اور نافذ کرتے ہیں، اور وہ اسباب و علل جن کو مادہ پرست ذاتی طور سے موثر جانتے اور جن کو بت پرست، دیوتاؤں کا کرشمہ سمجھتے ہیں اُن کو فرشتے احکامِ الٰہی کے مطابق کام میں لگاتے، اور مرضیِ الٰہی کو پورا کرتے ہیں،

عقلی حیثیت سے یہ عقیدہ بھی اسی طرح قبول اور انکار کے قابل ہو جس طرح عقلیات کے دوسرے عقائد اور نظریے ہیں جن کی تصدیق یا تکذیب عقل کی دسترس سے باہر ہے، اس لیئے اس عقیدہ کو یہ کہکر کوئی رد کرنے کی جرات نہیں کرسکتا کہ یہ خلافِ عقل ہے بلکہ جس طرح قیاسات اور عقلی نکتہ پردازی سے دوسرے عقلی مباحث کا فیصلہ کیا جاتا ہے، ویسا ہی یہان بھی کیا جاسکتا ہو، اشیاء ہین خصائص اور لوازم کے وجود، اور اُن کے اسباب و علل کا مسئلہ عقلا رین ہمیشہ اختلافات کا دنگل رہا ہے اور یہ معما آج بھی اسی طرح لاینحل ہے جس طرح پہلے تھا، اس کا حل سائنس کی مادی تحقیقات اور تجربوں کی طاقت سے باہر ہے، اور فلسفہ بھی اس کی گتھی کے سلجھانے سے عاجز ہو، اس لیئے اگر حکمای ملحدین کی شاہراہ سے الگ ہٹ کر اُس کے حل کی کوئی صورت اربابِ مذاہب نے نکالی ہے، تو وہ محلِ اعتراض نہیں ہوسکتی، اور نہ خلافِ عقل کہی جاسکتی ہو کائنات کے حوادث میں جس طرح مادی علل و اسباب کارفرما ہیں اسی طرح ان سے بالاتر روحانی علل و اسباب بھی ساتھ ساتھ کارفرما ہیں اور ان دونوں قسم کے اسباب کے توافق سے حوادث کا وجود ہوتا ہو یہی سبب ہو کہ انسان اکثر مادی علل و اسباب موجود ہونے یا نہ ہونے کے باوجود کامیاب یا ناکام ہوتا ہو اور اس کا نام بخت و اتفاق رکھتا ہو حالانکہ مسئلہ علل و اسباب کو الٰہی لینے کے بعد بخت و اتفاق کوئی چیز نہیں رہجاتا، یہی روحانی علل و اسباب ہیں جن کا سررشتہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مرضی سے ان فرشتوں کو سپرد کیا ہے، جو فرمانبردار چاکروں کی حیثیت سے نظامِ عالم کو چلا رہے ہین اِنہما

اور دوسرے متکلمین اور حکمار کے اصطلاحات مین فرق یہ ہے کہ وہ ملائکہ کی تعبیر اسباب و علل کے "قوائے طبعی" سے کرتے ہیں، اور ہم "قوائے روحانی" سے،

اس تقریر کا یہ منشا نہیں ہے کہ اشیار مین خواص و طبائع، اور اس مادہ کی ملکیت مین مقرر طبعی اصول و قوانین موجود نہیں ہین، بلکہ یہ مقصد ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے ازلی اندازہ (تقدیر) کے مطابق ہر چیز کے خصائص و طبائع اور اصول و قوانین مقرر کرکے ملائکہ کو حکم دیا ہے کہ وہ اس کو ان ہی اصول و طبائع مقررہ کے مطابق چلاتے رہیں،

سمجھنے کے لئے اس کی صحیح مثال خود انسان بلکہ ہر جاندار ہستی ہے مخلوقات کی دو قسمیں ہین، ذی روح اور غیر ذی روح، ذی روح مخلوقات کے اکثر افعال و حرکات اسکی روح کی ارادی قوت کی وساطت سے انجام پاتے ہیں، وہی روح اس کے ہاتھ پاؤن، اور تمام اعضا بلکہ ہر عضو کے ایک ایک رگ و ریشہ پر حکمران اور مسلط ہے، با این ہمہ وہ روح اصولِ مقررہ کے تحت ہی اعضا سے کام لیتی ہے اور ان اصول سے باہر نہین جا تی ہے، اسی طرح غیر ذی روح اشیا میں ابر و باد سے لیکر دریا، پہاڑ، چاند اور سورج تک پر ارواح مقرر ہین جو ان اشیا سے خدا کے اصولِ مقررہ کے مطابق یکساں افعال و حرکات کا صدور کراتی ہین جس طرح ہماری روح اپنے اعضا اور اعضا کے ذریعہ سے مادہ میں جو تغیرات پیدا کرتی ہے وہ اشیا کے مقررہ خواص و طبائع کے سہارے پر کرتی ہے اسی طرح ملائکہ بھی انہی مقررہ خواص طبائع کے ذریعہ اپنے مفروضہ فرائض انجام دیتے ہیں،

الغرض جس طرح ہمارے ارادی افعال اور حکم الٰہی کے درمیان ہماری انسانی ارواح و نفوس واسطہ ہیں، اسی طرح تمام عالمِ مخلوقات اور کائنات کے افعال اور حکم الٰہی کے درمیان یہ ملکوتی ارواح اور نفوسِ مجردہ واسطہ ہیں اور جس طرح ہماری انسانی ارواح کی اس وساطت سے خدا کی حکومت علی الاطلاق

Marfat.com

کوئی اعتراض نہیں واقع ہوتا، اسی طرح ان ملکوتی ارواح کی وساطت سے بھی خدا کی علی الاطلاق حکومت میں کوئی نقص نہیں واقع ہوتا ہمیں سے یہ بات بھی سمجھ مین آتی ہی کہ ہمارے ارادی افعال میں اختلافات کی اتنی نیرنگیاں نظر آتی ہیں، مگر ہمارے اور عالم کائنات کے جو نوعی افعال ہین اُن مین اختلافات اور نیرنگیون کے بجائے یکسانی، ہمرنگی اور عدم اختلاف پایا جاتا ہے؟ کیونکہ انسان نے ارادہ پاکرسی قدر ذاتی اختیار پالیا، ہی اور یہی ذاتی اختیار اُس کے افعال اختیاری کی بنیاد اور باز پرس اور مواخذہ کی بنیاد ہی اور جس کی بنا پر وہ اپنی اطاعت کے ذریعہ سی ثواب اور عصیان کرکے عتاب کا مستحق ہوجاتا ہی، مگر دنیا کی یہ ملکوتی ارواحِ مجردہ یعنی یہ ملائکہ ذاتی ارادہ اور اختیار سے تمامتر محروم ہوکر صرف اطاعت، فرمانبرداری، اور انقیاد کے لئے پیدا کئے گئے ہیں، اس لئے اُن مین عصیان، تمرد، سرکشی اور حکم الٰہی سے انحراف کی کوئی صلاحیت نہیں ہی، اسی بنا پر اشیا کے تمام نوعی افعال و حرکات اور خصائص میں یکسانی، ہمرنگی، اور عدم اختلاف پایا جاتا ہی یہی حقیقت ہی جو فطرت طبیعت اور نوعی خاصیت کی اصطلاحات کی صورتون میں ہمارے لئے دھوکے اور اشتباہ کا باعث بن گئی ہی

۱۔ اب ہم کو تعلیماتِ نبوی یعنی آیات واحادیث سے ملائکہ کی حیثیت کو روشن کرنا چاہئے ملائکہ کی سفارت و پیام رسانی یعنی خالق کے احکام اور مرضی کو مخلوقات تک پہنچانا، اور اس کام مین اُن کا بے اختیار ہونا، ان دو آیتوں سے ثابت ہوتا ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ يَصْطَفِي مِنَ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا | خدا ہی ہے جو فرشتوں اور آدمیوں میں سے پیام |
| وَّمِنَ النَّاسِ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌ بَصِيْرٌ | رسان اور قاصد منتخب کرتا ہی بیشک خدا سننے والا |
| يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ | اور دیکھنے والا ہے اور وہ انکے آگے اور پیچھے |

Marfat.com

وَاِلَی اللّٰہِ تُرْجَعُ الْاُمُوْرُ (الحج - ۱۰) کا حال جانتا ہے اور تمام کاموں کا مرجع خدا ہی ہے

یعنی پیام رسانی اور سفارت کے سوا اُن کو اصل حکم میں کوئی دخل نہیں ہے اختیارات خدا کے ہاتھ میں ہیں، اور وہی تمام امور وانتظامات کا مرجع کل ہے، دوسری جگہ ہے،

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ جَاعِلِ الْمَلٰٓئِکَۃِ رُسُلًا اُولِیْٓ اَجْنِحَۃٍ مَّثْنٰی وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ط یَزِیْدُ فِی الْخَلْقِ مَا یَشَآءُ ط اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ مَا یَفْتَحِ اللّٰہُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَۃٍ فَلَا مُمْسِکَ لَھَا وَمَا یُمْسِکْ فَلَا مُرْسِلَ لَہٗ مِنْ بَعْدِہٖ ط وَھُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ ۝ (فاطر - ۱)

حمد ہو اُس خدا کی جو آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے، اور فرشتوں کو دو دو تین تین اور چار چار شہپر بازوؤں والے پیام رساں بنانے والا ہے، وہ پیدائش میں جو چاہے بڑھادے وہ ہر چیز پر قادر ہے، وہ لوگوں کیلئے رحمت کھولے تو کوئی اس کا روکنے والا نہیں، اور جو روک دے تو اُس کے سوا کوئی چھوڑنیوالا نہیں، اور وہی غالب دانا ہے،

اس آیت پاک میں بھی یہی حقیقت ظاہر کی گئی ہے، کہ ملائکہ سفارت اور درمیانگی کے علاوہ اور کوئی اختیار نہیں رکھتے، رحمت کے دروازوں کا کھولنے والا اور بند کرنے والا صرف خدا ہے، یہ تعلیم اس غلط عقیدہ کی تردید کرتی ہے، کہ فرشتوں کو دنیا کی حکمرانی اور انتظامات میں کوئی ذاتی دخل ہے، یا اُن میں الوہیت اور ربوبیت کا کوئی شائبہ ہے، یا وہ پرستش کے قابل ہیں یا اُن کی دہائی بھی پکارنی چاہیے،

۲ - ملائکہ خدا کے احکام کو دنیا میں جاری کرتے ہیں،

Marfat.com

إِذْ يُوحِي رَبُّكَ إِلَى الْمَلٰئِكَةِ أَنِّي مَعَكُمْ فَثَبِّتُوا الَّذِينَ آمَنُوا (انفال - ۲) — (یاد کر) جب تیرا پروردگار فرشتوں کو وحی کر رہا تھا کہ میں تمھارے ساتھ ہوں، تم مومنوں

تَنَزَّلُ الْمَلٰئِكَةُ وَالرُّوحُ فِيهَا بِإِذْنِ رَبِّهِمْ مِنْ كُلِّ أَمْرٍ (قدر ۱) — اس میں فرشتے اور روح اپنے پروردگار کے حکم سے ہر کام کو لیکر نیچے اترتے ہیں،

وہ جس طرح احکام لیکر اترتے ہیں، اسی طرح دربار الٰہی تک عروج بھی کرتے ہیں

تَعْرُجُ الْمَلٰئِكَةُ وَالرُّوحُ إِلَيْهِ (معارج ۱) — فرشتے اور روح اس تک چڑھتے ہیں،

موت کے وقت روح کا قبض کرنا، انہی سے متعلق ہے،

قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَلَكُ الْمَوْتِ الَّذِي وُكِّلَ بِكُمْ (سجدہ - ۱) — کہدو کہ موت کا فرشتہ جو تم پر مقرر ہے وہ تم پر موت طاری کرے گا،

وَلَوْ تَرٰى إِذِ الظّٰلِمُونَ فِي غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَالْمَلٰئِكَةُ بَاسِطُوا أَيْدِيهِمْ أَخْرِجُوا أَنْفُسَكُمْ (انعام - ۱۱) — اور اگر دیکھو تم جب گنہگار موت کے سکرات میں ہوں، اور فرشتے اپنے ہاتھوں کو پھیلائے ہوں کہ نکالو اپنی جانوں کو،

وَلَوْ تَرٰى إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا الْمَلٰئِكَةُ (انفال - ۷) — اور اگر دیکھو جب فرشتے کافروں کو موت دے رہے ہوں،

اسی کے ہم معنی اور بھی کئی آیتیں ہیں جن سے ظاہر ہے کہ حکم الٰہی کے مطابق موت و فنا کی تدبیر علل و اسباب کی انہی روحانی قوتوں سے متعلق ہے،

دنیا میں کسی شے کے وجود، انقلاب اور فنا کے لیے کسی ایک علت و سبب کا وجود کافی نہیں ہے

بلکہ ضروری ہے کہ اُس کے متعلقہ علل واسباب کی تمام کڑیاں باہم پیوستہ اور ایک دوسرے کی معاون ہوں اور موانع اور عوائق معدوم ہوں، یہ متعلقہ علل واسباب کا توافق اور موانع کا انسداد ہی تدبیر ہے، جو بحکم الٰہی ملائکہ کے سپرد ہے[1] اس تدبیر کو کبھی اللہ تعالیٰ اپنی طرف منسوب کرتا ہے یُدَبِّرُ الْاَمْرَ (وہ کام کی تدبیر کرتا ہے) اور کبھی ملائکہ کی طرف،

| | |
|---|---|
| وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا وَّالنّٰشِطٰتِ نَشْطًا | ڈوب کر (روحوں کے) کھینچنے والوں کی قسم ہے |
| وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا، فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا | (رگوں کی) گرہوں کے کھولنے والوں کی قسم ہے |
| فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا، | (اس فضائے آسمانی میں) تیرنے والوں کی پھر دوڑ کر |
| (نازعات-۱) | (یا دی اسباب و علل پر سے) آگے بڑھ جانے والوں کی پھر |

یہی ملائکہ خدا اور رسول کے درمیان بھی سفیر ہیں،

| | |
|---|---|
| اَوْ یُرْسِلَ رَسُوْلًا فَیُوْحِیَ بِاِذْنِهٖ | یا خدا (آدمی سے اس طرح باتیں کرتا ہے کہ اپنا) ایک |
| مَا یَشَآءُ، | ایک سفیر بھیجتا ہے تو وہ اس (خدا) کی اجازت سے |
| (شوریٰ-۵) | جو وہ (خدا) چاہتا ہے وحی کرتا ہے، |

دوسری جگہ ہے،

| | |
|---|---|
| یُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ | خدا روح کے ساتھ فرشتوں کو اپنے حکم سے اپنے |
| مَنْ یَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ (نحل-۱) | بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے اُتارتا ہے، |

خاص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے متعلق ہے،

[1] صحیح بخاری کتاب بدء الخلق باب ذکر الملائکہ میں ہے کہ رحم نسوانی پر ایک فرشتہ مقرر ہے جو بچہ کی نسبت قضائے الٰہی کو تحریر کرتا ہے

فَاِنَّهٗ نَزَّلَهٗ عَلٰی قَلْبِكَ بِاِذْنِ اللّٰهِ (بقرہ ۲ ۔ ۱۲) بس اُس (جبرئیل فرشتہ) نے (قرآن) کو خدا کے حکم سے تمھارے دل پر اتارا،

۴۔ یہ لوگون پر بشارت اور عذاب لیکر بھی اُترتے ہیں،

وَلَقَدْ جَآءَتْ رُسُلُنَآ اِبْرٰهِیْمَ بِالْبُشْرٰی (ہود ۷) ہمارے سفیر ابراہیم کے پاس بشارت لیکر اترے

اسی طرح حضرت زکریا اور حضرت مریم علیہما السلام کو انھون نے بشارت دی،

اِنَّمَآ اَنَا رَسُوْلُ رَبِّكِ لِاَهَبَ لَكِ غُلٰمًا زَكِیًّا، (مریم ۲) میں تیرے پروردگار کا فرستادہ ہون کہ تجھے ایک پاک لڑکا بخشون،

حضرت لوطؑ کے پاس اُن کی قوم کی بربادی کے لیئے آئے اور

قَالُوْا یٰلُوْطُ اِنَّا رُسُلُ رَبِّكَ (ھود ۷) کہا، اے لوط ہم تیرے پروردگار کے بھیجے ہوئے ہین

اس کے بعد یہ فرشتے حضرت لوطؑ کی قوم پر کوہ آتش فشان کا منھ کھول دیتے ہیں، اور تمام قوم برباد ہو جاتی ہے، یہ کام اگرچہ فرشتون نے انجام دیا تھا، مگر اللہ تعالیٰ نے اس کو خود اپنی طرف منسوب کیا ہے، کیونکہ وہ فرشتوں کے ذاتی اختیار کے بجائے خدا ہی کے حکم سے ہوا تھا،

فَلَمَّا جَآءَ اَمْرُنَا جَعَلْنَا عَالِیَهَا سَافِلَهَا وَاَمْطَرْنَا عَلَیْهَا حِجَارَةً مِّنْ سِجِّیْلٍ مَّنْضُوْدٍ، (ھود ۷) توجب ہمارا حکم آیا تو ہم نے اُس کے اوپر کو نیچے کردیا، (یعنی زمین الٹ دی) اور اس پر تہ بہ تہ پتھرون کی بارش کی،

۵۔ فرشتے انسانون کے اعمال کی نگہبانی اور نگرانی کرتے ہیں، اوران کے ثواب اور گناہ کے کامون کو محفوظ رکھتے ہین،

| | |
|---|---|
| وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ كِرَامًا كَاتِبِيْنَ | بیشک تم پر نگہبان ہیں جو بزرگ ہیں لکھنے |
| يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ، (انفطار-۱) | والے ہیں، جو تم کچھ کرتے ہو اسکو وہ جانتے ہیں |
| مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ | کوئی بات منھ سے نہیں نکالتا لیکن اُس کے |
| عَتِيْدٌ ، (ق-۲) | پاس ایک نگہبان حاضر ہے، |
| سَوَآءٌ مِّنْكُمْ مَّنْ اَسَرَّ الْقَوْلَ وَ | تم میں سے کوئی بات چھپا کر کہے، یا زور سے |
| مَنْ جَهَرَ بِهٖ وَمَنْ هُوَ مُسْتَخْفٍ | کہے یا وہ رات میں چھپے یا دن کو کرے خدا |
| بِالَّيْلِ وَسَارِبٌ بِالنَّهَارِ لَهٗ مُعَقِّبٰتٌ | کے تعاقب کرنے والے اس کے سامنے سے اور |
| مِّنْ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهٖ يَحْفَظُوْنَهٗ | اس کے پیچھے سے، خدا کے حکم سے اس کی نگرانی |
| مِنْ اَمْرِ اللّٰهِ ، (رعد-۲) | کرتے ہیں، |
| وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ط حَتّٰى | اور وہ (خدا) تم پر نگران بھیجتا ہے، یہاں تک کہ |
| اِذَا جَآءَ اَحَدَكُمُ الْمَوْتُ تَوَفَّتْهُ | تم میں سے جب کسی کو موت آتی ہے، تو ہمارے قاصد |
| رُسُلُنَا وَهُمْ لَا يُفَرِّطُوْنَ ٥ (انعام) | اسکی عمر پوری کرتے ہیں اور وہ (اپنے اس کام میں) |

۲- وہ انسانوں کے اعمال کے مطابق اُن پر خدا کی رحمت یا لعنت کے نزول کا ذریعہ اور واسطہ ہیں،

| | |
|---|---|
| لَا يَحْزُنُهُمُ الْفَزَعُ الْاَكْبَرُ وَتَتَلَقّٰهُمُ | نیکو کاروں کو وہ بڑی گھبراہٹ (قیامت) غمگین |
| الْمَلٰٓئِكَةُ ط هٰذَا يَوْمُكُمُ الَّذِيْ كُنْتُمْ | نہ کرے گی اور فرشتے اُن کا آگے بڑھ کر استقبال |
| تُوْعَدُوْنَ ، (انبیاء-۷) | کریں گے (کہ) یہی وہ دن ہے جس کا تم سے وعدہ |
| اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ | جن لوگوں نے یہ کہا کہ ہمارا پروردگار اللہ ہے |

| | |
|---|---|
| اسْتَقَامُوْا تَتَنَزَّلُ عَلَيْهِمُ الْمَلٰٓئِكَةُ | پھر اس پر قائم رہے، اُن پر فرشتے یہ کہتے ہوئے |
| اَلَّا تَخَافُوْا وَلَا تَحْزَنُوْا وَاَبْشِرُوْا | اترین گے کہ نہ ڈرو اور نہ غم کرو، اور اس جنت |
| بِالْجَنَّةِ الَّتِىْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ نَحْنُ | کی خوشخبری سنو جس کا تم سے وعدہ کیا گیا |
| اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِى الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ | تھا، ہم ہیں جو تمہاری پہلی اور اس دوسری |
| فِى الْاٰخِرَةِ ، (فصلت - ۴) | زندگی میں تمہارے رفیق ہیں، |

هُوَ الَّذِىْ يُصَلِّىْ عَلَيْكُمْ وَمَلٰٓئِكَتُهٗ (احزاب) وہی خدا تم پر رحمت بھیجتا ہے اور اس کے فرشتے

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِىِّ (ر ر) | اللہ اور اس کے فرشتے نبی پر رحمت بھیجتے ہیں |
| وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِى الْاَرْضِ ، | اور جو زمین میں ہیں ان کے لیے وہ خدا سے |
| (شوریٰ - ۱) | مغفرت کی دعا مانگتے ہیں، |

اسی طرح وہ بدکاروں پر لعنت بھی کرتے ہیں،

| | |
|---|---|
| اُولٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمْ اَنَّ عَلَيْهِمْ | اُن کی سزا یہ ہو کہ ان پر اللہ کی اور فرشتوں |

لَعْنَةَ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ (آل عمران) کی اور لوگوں کی سب کی لعنت ہو،

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ | جو کفر کی حالت میں مر گئے اُن پر اللہ کی |
| كُفَّارٌ اُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَ | اور فرشتوں کی اور لوگوں کی سب کی |
| الْمَلٰٓئِكَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِيْنَ (بقرہ ۱۹) | لعنت ہے، |

۷۔ جنت اور دوزخ کا کاروبار بھی ملائکہ کے زیر اہتمام ہوگا،

| | |
|---|---|
| وَسِيْقَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا اِلٰى جَهَنَّمَ | اور کفر کرنے والے گروہ در گروہ کر کے دوزخ |

زُمَرًا حَتّٰٓی اِذَا جَآءُوْهَا فُتِحَتْ — کی طرف لیجائیں گے یہانتک کہ جب اُس کے پاس
اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَآ اَلَمْ — پہنچیں گے، تو اُس کے دروازے کھولے جائیں گے اور
یَاْتِكُمْ رُسُلٌ مِّنْكُمْ (زمر-۸) — اُس کے چوکیدار (فرشتے) کہیں گے کہ کیا تمہارے پاس نہیں
وَسِيْقَ الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ — اور جو اپنے پروردگار سے ڈرتے تھے وہ گروہ
اِلَى الْجَنَّةِ زُمَرًا حَتّٰٓی اِذَا جَآءُوْهَا — در گروہ جنت میں لیجائیں گے یہانتک کہ جب وہ
وَفُتِحَتْ اَبْوَابُهَا وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا — اُس کے پاس پہنچیں گے، اور اُس کے دروازے کھولے جائینگے
سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا — اور اُس کے پاسبان کہیں گے، تم پر سلامتی ہو خوش رہیں
خٰلِدِيْنَ. (زمر-۸) — جنت میں ہمیشہ کے لئے داخل ہوجاؤ،
وَالْمَلٰٓئِكَةُ يَدْخُلُوْنَ عَلَيْهِمْ — اور (ان جنتیوں) پر فرشتے ہر دروازہ سے داخل
مِّنْ كُلِّ بَابٍ سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ بِمَا — ہوکر کہیں گے تم پر سلامتی ہو، یہ تمہارے صبر کا بدلہ ہے
صَبَرْتُمْ فَنِعْمَ عُقْبَى الدَّارِ (رعد-۳) — یہ کیسا اچھا عاقبت کا گھر ہے،
عَلَيْهَا مَلٰٓئِكَةٌ غِلَاظٌ شِدَادٌ، (تحریم-۱۰) — اُس (دوزخ) پر سخت دل طاقتور فرشتے مقرر ہیں
وَمَا جَعَلْنَآ اَصْحٰبَ النَّارِ اِلَّا مَلٰٓئِكَةً، (مدثر-۱۰) — اور ہم نے دوزخ کا اہلکار فرشتوں ہی کو بنایا ہے

۸- فرشتے اللہ تعالیٰ کی بارگاہِ قدس کے حاضر باش ہیں،

وَتَرَى الْمَلٰٓئِكَةَ حَآفِّيْنَ مِنْ حَوْلِ — اور تم فرشتوں کو دیکھو گے کہ عرش کے اردگرد احاطہ
الْعَرْشِ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ، (زمر-۸) — کئے ہوئے اپنے پروردگار کی حمد و ثنا میں مصروف ہونگے
لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى، (صافات) — اعلیٰ اہل دربار کی باتیں وہ (شیاطین) نہیں سن سکتے،

مَا كَانَ لِيَ مِنْ عِلْمٍ بِالْمَلَإِ الْاَعْلٰى — مجھے خدا کے بلند درباریوں کا علم نہیں جب
اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ، (ص - ۵) — وہ باتیں کرتے ہیں،

قیامت کے دن بھی یہ تختِ الٰہی کے حامل اور اُس بارگاہ کے حاضر باش ہوں گے جو ہر وقت اُس کے ہر حکم کو بجالانے کے لیے تیار رہیں گے،

وَالْمَلَكُ عَلٰى اَرْجَائِهَا وَيَحْمِلُ عَرْشَ — اور فرشتے اُس کے کناروں پر ہونگے، اور تیرے پروردگار کے
رَبِّكَ فَوْقَهُمْ يَوْمَئِذٍ ثَمٰنِيَةٌ، (حاقہ - ۱) — تخت کو آٹھ (فرشتے) اُس دن اپنے اوپر اٹھائے ہوئے ہونگے
كَلَّا اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ دَكًّا دَكًّا — ہرگز نہیں جب زمین ریزہ ریزہ کردی جائیگی، اور تیرا
وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا صَفًّا — رب تشریف فرما ہوگا، اور فرشتے قطار در قطار
يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ صَفًّا (نبأ ۲) — جس دن روح اور فرشتے صف باندھے کھڑے ہونگے

۹۔ فرشتے خدا سے سرکشی اور اس کی نافرمانی نہیں کرتے ہمیشہ اسکی تہلیل و تقدیس اور حمد و ثنا میں مصروف رہتے ہیں، اُس کے جلال و جبروت سے ڈرتے اور کانپتے رہتے ہیں، اور اُس کے حضور میں اہل زمین کے لیے عموماً اور نیکوکاروں کے لیے خصوصاً مغفرت کی دعا مانگا کرتے ہیں،

وَالْمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ — اور فرشتے حمد کیساتھ اپنے رب کی تسبیح کرتے
وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِمَنْ فِي الْاَرْضِ اَلَا — ہیں اور زمین والوں کی بخشائش کی دعا مانگا کرتے
اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ، (شوریٰ ۱) — ہیں، ہشیار کہ بخشنے والا اور رحم کرنیوالا خدا ہی ہے،

یعنی یہ دھوکا نہ ہو کہ فرشتوں کی دعا ہی رحمت و برکت کا ذاتی سبب ہے، بلکہ بخشش اور رحمت کرنیوالا صرف وہی خدائے واحد ہے اور بخشش و رحمت اُسی کے دست اختیار ہے،

Marfat.com

الَّذِيْنَ يَحْمِلُوْنَ الْعَرْشَ وَمَنْ حَوْلَهٗ يُسَبِّحُوْنَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ وَيُؤْمِنُوْنَ بِهٖ وَيَسْتَغْفِرُوْنَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ، (مومن - ۱)

جو (فرشتے) عرش کو اٹھائے ہیں، اور جو اس کے پاس ہیں، وہ سب اپنے پروردگار کی حمد و تسبیح کرتے ہیں، اور اس پر ایمان رکھتے ہیں اور ایمان لانے والوں کی بخشائش کی دعا

وَلَهٗ مَنْ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ عِنْدَهٗ لَا يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَلَا يَسْتَحْسِرُوْنَ يُسَبِّحُوْنَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ لَا يَفْتُرُوْنَ ، (انبیاء - ۲)

آسمانوں میں اور زمین میں جو کوئی ہے اسی کا ہے اور جو اس کے پاس ہیں (یعنی فرشتے) وہ اس کے سامنے اپنی عبودیت کے اظہار سے غرور نہیں کرتے، اور نہ اس کی عبادت سے تھکتے ہیں وہ رات دن خدا کی پاکی بیان کرتے ہیں، اور سست

بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ ........ وَهُمْ مِّنْ خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ ، (انبیاء - ۲)

بلکہ وہ بزرگ بندے ہیں، جو بات میں اس (خدا) پر پیش دستی نہیں کرتے، اور وہ اس کے حکم پر عمل کرتے ہیں، ..... اور وہ اس کے خوف سے ترساں رہتے ہیں،

لَا يَعْصُوْنَ اللّٰهَ مَآ اَمَرَهُمْ وَيَفْعَلُوْنَ مَا يُؤْمَرُوْنَ (تحریم - ۱)

خدا ان کو جس بات کا حکم دیتا ہے وہ اس میں اس کی نافرمانی نہیں کرتے، اور وہی کرتے ہیں جس کا

وَيُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهٖ وَالْمَلٰٓئِكَةُ مِنْ خِيْفَتِهٖ ، (رعد - ۲)

اور بجلی کی کڑک اور فرشتے خدا کی ڈر سے اس کی حمد و تسبیح کرتے ہیں،

Marfat.com

وَلِلّٰہِ یَسْجُدُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مِنْ دَآبَّۃٍ وَّالْمَلٰٓئِکَۃُ وَھُمْ لَا یَسْتَکْبِرُوْنَ. یَخَافُوْنَ رَبَّھُمْ مِّنْ فَوْقِھِمْ وَیَفْعَلُوْنَ مَا یُؤْمَرُوْنَ ۔ (نحل-٦)

اور آسمانوں میں اور زمین میں جو چارپایے اور فرشتے ہیں، وہ سب خدا کو سجدہ کرتے ہیں اور اس کے سامنے اپنی بڑائی نہیں کرتے وہ اپنے مالک سے جو اُن کے اوپر ہے ڈرتے رہتے ہیں اور وہی کرتے ہیں جس کا اُن کو حکم ہے۔

گذر چکا ہے کہ ملائکہ کا اعتقاد دنیا کے تمام مذہبوں اور قوموں میں کسی نہ کسی طرح رہا ہے، لیکن اُن کے اس اعتقاد میں بہت سی باتیں ایسی داخل تھیں جو توحید کامل کے منافی تھیں، اسکندریہ کے نوافلاطونی فلسفہ کے رو سے عقل اوّل کی اضطراری پیدایش کے بعد خدا کو معطل ہو جانا پڑا، اور فرشتوں کو عقول کی صورت میں اصلی کارفرما قرار دیا گیا تھا، عراق کے صابی اجرام سماوی کی شکل میں اُن کی پرستش کرتے تھے، اور انھیں کو عالم کا فرمانروا مانتے تھے، یہود بھی اُن کو کسی قدر صاحب اختیار تصور کرتے تھے اور کبھی کبھی اُن کو خداؤں کا درجہ دیتے تھے جیسا کہ توراۃ (صحیفہ تکوین ۱۶، ۱۹ و ۱۸، ۲۲ و ۳۲) کے قصوں میں کہیں کہیں نظر آتا ہے، اُنکو وہ خدا کے بیٹوں کے خطاب سے بھی کبھی کبھی یاد کرتے تھے. (تکوین ۶-۲) ہندوؤں میں وہ دیوتا اور دیبی بن کر ایک طرف انسانی خصائص سے ملوث تھے، اور دوسری طرف اپنے ذاتی اختیارات کے لحاظ سے چھوٹے خداؤں کے مرتبہ پر بھی فائز تھے، عیسائی ان میں سے بعض مثلاً روح القدس کو خدا کا اقنوم تسلیم کرتے تھے، اور یہ تثلیث کا ایک رکن تھا، عربوں میں فرشتے خدا کی بیٹیوں کا درجہ رکھتے تھے وہ اُن کی پوجا کرتے، اور اُن کو اپنے گناہوں کا شفیع سمجھتے تھے۔

تعلیمِ محمدی نے ان تمام عقائدِ باطلہ کو مٹا دیا، اور ایک ایک کر کے اُن میں سے ہر عقیدہ کی تردید کر دی، اور بتایا کہ فرشتے بھی خدا کی دوسری مخلوقات کی طرح ایک مخلوق ہیں، اُن کو خدائی کا کوئی اختیار حاصل نہیں، وہ صرف خدا کی اطاعت، عبادت اور اُس کے احکام کی بجا آوری مین مصروف رہتے ہیں، اُن مین سے جس کے جو کام سپرد ہے، وہ اسی کو انجام دیتا ہے، وہ ہماری ہی طرح بندۂ محض ہیں، وہ نہ عبادت کے مستحق ہیں، نہ خدا کے بے اذن وہ شفاعت کا ایک حرف زبان سے نکال سکتے ہیں، اور نہ خدا کے سامنے کچھ عرض کرنے کی جراءت کر سکتے ہیں، یہودی اُن کو خدا کے بیٹے اور عرب خدا کی بیٹیان کہتے تھے، قرآن نے دونون کی تردید کی، اور بتایا کہ وہ انسانی خصائص اور میلانات سے پاک ہیں، وہ نہ مرد ہیں، نہ عورت ہیں، نہ کھاتے ہیں نہ پیتے ہیں، اور نہ خدائی کا دعویٰ کر سکتے ہیں، وہ خدا کے خوف سے ہمیشہ کانپتے اور لرزتے رہتے ہیں،

| | |
|---|---|
| وَقَالُوا اتَّخَذَ الرَّحْمٰنُ وَلَدًا سُبْحٰنَهٗ | مشرکون نے کہا کہ مہربان خدا نے اپنا لڑکا بنایا ہے وہ |
| بَلْ عِبَادٌ مُّكْرَمُوْنَ لَا يَسْبِقُوْنَهٗ | اس سے پاک ہے بلکہ یہ (فرشتے) اس کے معزز بندے ہیں جو |
| بِالْقَوْلِ وَهُمْ بِاَمْرِهٖ يَعْمَلُوْنَ يَعْلَمُ | بات میں اُس پر سبقت نہیں کرتے اور وہ اس کے |
| مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا | حکم پر عمل کرتے ہیں، خدا اُس سے جو اُن کے آگے اور |
| يَشْفَعُوْنَ اِلَّا لِمَنِ ارْتَضٰى وَهُمْ مِّنْ | پیچھے ہوتا ہے واقف ہے، وہ شفاعت نہیں کرتے لیکن |
| خَشْيَتِهٖ مُشْفِقُوْنَ وَمَنْ يَّقُلْ مِنْهُمْ | اُسی کی جس کیلئے خدا پسند کرتا ہے، اور وہ خدا کے خوف |
| اِنِّیْۤ اِلٰهٌ مِّنْ دُوْنِهٖ فَذٰلِكَ نَجْزِيْهِ | سے ڈرتے رہتے ہیں اور اُن میں جو یہ کہے کہ میں خدا |
| جَهَنَّمَ كَذٰلِكَ نَجْزِی الظّٰلِمِيْنَ (انبیاء ۲) | ہون تو اسکو بھی اسی طرح ہم جہنم کی سزا دینگے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| إِنَّمَا اللّٰهُ إِلٰهٌ وَّاحِدٌ ط سُبْحٰنَهٗٓ أَنْ | خدا تو ایک ہی ہے وہ اس سے پاک ہے کہ اس کے |
| يَّكُوْنَ لَهٗ وَلَدٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ | کوئی اولاد ہو آسمانوں میں اور زمین میں جو |
| وَمَا فِي الْأَرْضِ ط وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا | کچھ ہے وہ اس کی ملکیت ہے، اور خدا کا وکیل |
| لَنْ يَّسْتَنْكِفَ الْمَسِيْحُ أَنْ يَّكُوْنَ عَبْدًا | ہونا کافی ہے مسیح کو اس سے عار نہ ہوگا کہ وہ خدا |
| لِّلّٰهِ وَلَا الْمَلٰٓئِكَةُ الْمُقَرَّبُوْنَ ط وَمَنْ | کا بندہ ہو، اور نہ مقرب فرشتوں کو (اس سے عار ہے) |
| يَّسْتَنْكِفْ عَنْ عِبَادَتِهٖ وَيَسْتَكْبِرْ | اور جو لوگ اسکی عبادت سے عار اور غرور کرینگے |
| فَسَيَحْشُرُ إِلَيْهِ جَمِيْعًا (نساء ع ۲۳-۲۴) | تو وہ اُن سب کو اپنے پاس اکٹھا کریگا، |
| وَلَا يَأْمُرَكُمْ أَنْ تَتَّخِذُوا الْمَلٰٓئِكَةَ | خدا اس کا حکم تم کو نہیں دیتا کہ تم فرشتوں |
| وَالنَّبِيّٖنَ أَرْبَابًا ط أَيَأْمُرُكُمْ بِالْكُفْرِ | کو اور پیغمبروں کو خدا بناؤ کیا تم کو مسلمان |
| بَعْدَ إِذْ أَنْتُمْ مُّسْلِمُوْنَ (آل عمران) | ہونے کے بعد کفر کرنے کا حکم دے گا، |
| وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ | اور جس دن وہ سب کو جمع کریگا پھر فرشتوں |
| لِلْمَلٰٓئِكَةِ أَهٰٓؤُلَآءِ إِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ | سے کہیگا کہ کیا یہ مشرکین تمہیں کو پوجتے تھے |
| قَالُوْا سُبْحٰنَكَ أَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ | وہ کہیں گے پاک ہے تو، تو ہمارا والی ہے |
| دُوْنِهِمْ ج بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ج | وہ نہیں ہیں، بلکہ وہ جنوں کو پوجتے تھے |
| أَكْثَرُهُمْ بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ (سبا-۵) | وہ اکثر انہی جنوں پر ایمان لائے ہیں، |
| يَوْمَ يَقُوْمُ الرُّوْحُ وَالْمَلٰٓئِكَةُ | جس دن روح اور فرشتے صف بستہ خدا کے |
| صَفًّا لَّا يَتَكَلَّمُوْنَ إِلَّا مَنْ أَذِنَ لَهُ | سامنے کھڑے ہونگے تو کچھ بول نہ سکیں گے لیکن |

Marfat.com

الرَّحْمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ط (نبا-۲)
وَكَمْ مِّنْ مَّلَكٍ فِي السَّمٰوٰتِ لَا تُغْنِيْ
شَفَاعَتُهُمْ شَيْئًا اِلَّا مِنْ بَعْدِ اَنْ
يَّاْذَنَ اللّٰهُ لِمَنْ يَّشَاۤءُ وَيَرْضٰى (نجم ۲)
اَفَاَصْفٰكُمْ رَبُّكُمْ بِالْبَنِيْنَ وَاتَّخَذَ
مِنَ الْمَلٰۤئِكَةِ اِنَاثًا ط اِنَّكُمْ لَتَقُوْلُوْنَ
قَوْلًا عَظِيْمًا ، وَلَقَدْ صَرَّفْنَا فِيْ هٰذَا
الْقُرْاٰنِ لِيَذَّكَّرُوْا وَمَا يَزِيْدُهُمْ
اِلَّا نُفُوْرًا ، قُلْ لَّوْ كَانَ مَعَهٗ اٰلِهَةٌ
كَمَا يَقُوْلُوْنَ اِذًا لَّابْتَغَوْا اِلٰى ذِي
الْعَرْشِ سَبِيْلًا ، سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا
يَقُوْلُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا ، تُسَبِّحُ لَهُ
السَّمٰوٰتُ السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ
فِيْهِنَّ ، (اسرائیل-۴-۵)
وَجَعَلُوا الْمَلٰۤئِكَةَ الَّذِيْنَ هُمْ عِبٰدُ
الرَّحْمٰنِ اِنَاثًا ط اَشَهِدُوْا خَلْقَهُمْ
سَتُكْتَبُ شَهَادَتُهُمْ وَيُسْئَلُوْنَ

وہ جس کو وہ مہربان اجازت دے اور وہ ٹھیک
اور آسمانوں میں کتنے فرشتے ہیں جنکی سفارش
کچھ بھی فائدہ نہیں پہنچا سکتی لیکن اس کے بعد کہ
خدا جس کو چاہے اجازت دے اور پسند کرے
کیا تمھارے لیے خدا نے بیٹوں کو پسند کیا اور
خود فرشتوں میں سے لڑکیاں اپنے لیے پسند کیں
تم یقیناً بہت بڑی بات منہ سے نکالتے ہو اور
ہم نے اس قرآن میں پھیر پھیر کر سمجھنے کو باتیں
کی ہیں لیکن یہ اُن کی نفرت کو اور بڑھاتی ہیں
اے پیغمبر کہ اگر اس ایک خدا کے ساتھ اور
بھی چند خدا ہوتے تو اس تخت والے خدا کی طرف
وہ راستہ ڈھونڈتے (کہ اس کے ہاتھ سے حکومت
چھین کر خود قبضہ کر لیں) یہ مشرک جو کہتے ہیں
خدا اس سے بلند و برتر ہے ساتوں آسمان اور
اور ان مشرکوں نے فرشتوں کو جو رحمت والے
خدا کے بندے ہیں، عورتیں بنا دیا کیا وہ ان کی
پیدائش کے وقت حاضر تھے ہم انکی گواہی لکھیں گے

[illegible]

Marfat.com

وَقَالُوْا لَوْ شَآءَ الرَّحْمٰنُ مَا عَبَدْنٰهُمْ ؕ مَا لَهُمْ بِذٰلِكَ مِنْ عِلْمٍ ۗ اِنْ هُمْ اِلَّا يَخْرُصُوْنَ ؕ (زخرف - ۲)

اور اُن سے اُس کی باز پرس کیجائیگی، اور انھوں نے کہا کہ اگر خدا چاہتا تو ہم اُن (فرشتوں) کو نہ پوجتے انھیں اُس کا (تحقیقی) علم نہیں وہ صرف اٹکل لگاتے ہیں

قرآن پاک میں اس مفہوم کی اور بہت سی آتیں ہیں، مگر یہاں استقصا مقصود نہیں یہودیوں کا خیال تھا کہ فرشتے کھاتے پیتے بھی ہیں، چنانچہ توراۃ میں جہاں حضرت ابراہیم کے پاس فرشتوں کے آنے کا ذکر ہے، یہ بھی مذکور ہے کہ ابراہیمؑ نے اُن کیلئے دعوت کا سامان کیا" اور انھوں نے کھایا (تکوین ۱۸ - ۸) لیکن قرآن پاک نے اس قصہ کو دہرا کر یہ تصریح کردی ہو کہ فرشتے انسانی ضرورتوں سے پاک ہیں، چنانچہ حضرت ابراہیمؑ نے اُن کیلئے دعوت کا سامان کیا مگر

فَلَمَّا رَاٰۤ اَیْدِیَهُمْ لَا تَصِلُ اِلَیْهِ نَكِرَهُمْ وَاَوْجَسَ مِنْهُمْ خِیْفَةً ؕ قَالُوْا لَا تَخَفْ اِنَّاۤ اُرْسِلْنَاۤ اِلٰى قَوْمِ لُوْطٍ ؕ (هود - ۷)

جب ابراہیمؑ نے دیکھا کہ وہ کھانے کو ہاتھ نہیں لگاتے تو اُس کو وہ انجان معلوم ہوئے اور دل میں ڈرا انھوں نے کہا ڈر نہیں ہم لوطؑ کی قوم کی طرف ان کے تباہ کرنے

كفارِ قریش کا مطالبہ تھا کہ انسان کے بجائے کوئی فرشتہ پیغمبر بنا کر کیوں نہیں بھیجا گیا، اس جواب میں کہا گیا،

وَلَوْ جَعَلْنٰهُ مَلَكًا لَّجَعَلْنٰهُ رَجُلًا وَّ لَلَبَسْنَا عَلَیْهِمْ مَّا یَلْبِسُوْنَ ۝ (انعام - ۱)

اور اگر ہم پیغمبر کو فرشتہ بنا کر بھیجتے تو (آدمیوں کیلئے) اسکو آدمی ہی بناتے اور جس شبہہ میں یہ اب ہیں اُسی میں وہ پھر بھی پڑے رہتے یعنی یہی

اس آیت اور دوسری آیتوں سے ملکوتیت اور بشریت کی قوتوں کا اختلاف ظاہر ہوتا ہے

فرشتے کبھی عارضی طور سے انسان کے مثالی لباس میں بھی جلوہ گر ہوتے ہیں، جیسا کہ حضرت مریم وغیرہ کے قصوں میں ہے،

فَتَمَثَّلَ لَهَا بَشَرًا سَوِيًّا، (مریم-۲) وہ فرشتہ ایک اچھے خاصے بشر کی مثالی صورت میں ظاہر ہوا

یہی وہ صورت تھی جس میں حضرت ابراہیمؑ کو فرشتوں کے انسان ہونے کا دھوکا ہوا اور اُن کیلئے دعوت کا سامان کیا مگر یہ دھوکا جلد رفع ہوگیا اور معلوم ہوگیا کہ وہ انسان کی مثالی صورت میں فرشتے ہیں،

ان تمام تفصیلات کے بعد یہ غور کرنا ہے کہ فرشتوں پر ایمان لانے سے اسلام کا کیا مقصود ہے؟ حقیقت میں اس سے دو باتیں مقصود ہیں،

۱۔ ایک یہ کہ اسلام سے پہلے بت پرست اقوام اور دوسرے اہلِ مذاہب میں ان فرشتوں کو خدائی کا جو مرتبہ دیا گیا تھا، اس غلط عقیدہ کو مٹا کر یہ حقیقت ظاہر کیجائے کہ ان کی حیثیت بےاختیار محکوم بندہ کی ہے جب تک اُس کی تصریح نہ ہوتی، کلمۂ توحید کی تکمیل ممکن نہ تھی،

۲۔ دوسرا مقصد یہ ہے کہ مادہ کے خواص وطبائع کو دیکھکر مادہ پرست جو ان مادی خواص طبائع کی بالذات کارفرمائی کا یقین کرتے ہیں اس کا ازالہ کیا جائے، کیونکہ یہی پتھر اُن کی ٹھوکر کا باعث ہوتا ہے اور بالآخر خدا کے انکار تک اُن کو لیجاتا ہے، درحقیقت ان مادی خواص طبائع پر روحانی اسباب مسلط ہیں، جو خدا کے حکم سے اس کے مقررہ اصول کے مطابق نظامِ عالم کو چلا رہے ہیں، مادہ اور اُس کے خواص بالذات مؤثر نہیں، بلکہ کوئی دوسرا ہے جو اپنے ارواح مجردہ کے ذریعہ سے اُن کو مؤثر بناتا ہے، اس عقیدہ سے مادیت کا بت ہمیشہ کے لئے ٹوٹ جاتا ہے، غرض منزہ خالق اور مادی مخلوق کے درمیان احکام و شرائع کا نزول اور قدرتِ الٰہی کے افعال کا صدور ان محکوم ارواحِ مجردہ کے ذریعہ ہوتا ہے،

Marfat.com

# رسولوں پر ایمان

وَرُسُلِہٖ

یہ عقیدہ اسلام کی اُن خصوصیات میں سے ہے جن کی تکمیل صرف اُسی کے ذریعہ سے انجام کو پہنچی ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے وجودِ مبارک سے پہلے دنیا کی ہر قوم کو بجائے خود یہ خیال تھا، کہ وہی اللہ تعالیٰ کی خاص محبوب اور پیاری ہے، تمام دنیا کی قوموں میں ہدایتِ ربانی کے لیے وہی منتخب کی گئی ہے، اُس کے علاوہ دنیا کی تمام قومیں اس فیض سے قطعاً محروم ہیں اور رہیں گی، اسی کی سرزمین دیوتاؤں اور دیبوں کا مسکن اور اسی کی زبان خدا کی خاص مقدس زبان ہے، بابل و نینوا ہو یا مصر و یونان ایران ہو یا آریہ ورت ہندستان ہر ملک کے لوگوں کو بجائے خود تنہا خدا کی مقدس برگزیدہ مخلوق ہونے کا دعویٰ تھا، اور وہ صرف اپنے کو خدا کے پیغام اور خطاب سے مشرف ہونے کا مستحق جانتے تھے لیکن تعلیم محمدیؐ نے تنگ خیالی کے اس محدود دائرہ کو دنیا کی عظیم الشان وسعت سے بدل دیا آپ نے یہ سکھایا کہ دنیا کی تمام قومیں خدا کی نظر میں یکساں ہیں نہ عرب کو عجم پر اور نہ عجم کو عرب پر فضیلت ہے اور نہ کالے کو گورے پر اور نہ گورے کو کالے پر کوئی تقدم حاصل ہے[1] ساری زمین خدا کی ہے اور تمام قومیں ایک خدا کی مخلوق ہیں، آپ نے فرمایا لوگو! تم سب ایک ہی باپ (آدم) کی اولاد ہو اور وہ بھی

---

[1] مسند احمد ابن حنبل، از ابو نضرہ تابعی،

Marfat.com

سے پیدا ہوا تھا[1]، اسی طرح یہ بھی تعلیم دی کہ انسانوں اور قوموں کا امتیاز رنگ روپ ملک مرز و بوم اور زبان سے نہیں ہے، بلکہ صرف تقویٰ اور نکوکاری سے ہے[1]،

اس تعلیم کا سب سے پہلا نتیجہ یہ نکلا کہ قوموں اور ملکوں کی فطری فضیلت کی پرانی داستان فراموش ہوگئی، دنیا کی تمام قومیں ایک سطح پر آگئیں اور مساوات انسانی کا راستہ صاف ہوگیا بنی اسرائیل جن کو خدا کا کنبہ ہونے پر ناز تھا، وحی محمدیؐ نے اُن کی اس حیثیت کے تسلیم کرنے سے انکار کردیا، اور کہا

بَلْ اَنْتُمْ بَشَرٌ مِّمَّنْ خَلَقَ ۚ (مائدہ ۳) — بلکہ تم بھی خدا کی مخلوقات میں سے بشر ہو،

بنی اسرائیل کو دعویٰ تھا کہ نبوت اور پیغمبری صرف ہمارے خاندان کا ورثہ ہے جس طرح اس آریہ ورت کا دعویٰ ہے کہ خدا کی بولی صرف یہیں کے رشیوں اور منیوں نے سنی جو ویدکے ورق میں محفوظ ہے، اسی طرح دوسری قوموں کو بھی اپنی اپنی جگہ پر یہی خیال تھا اسلام نے اس تخصیص کو خدا کے انصاف و عدل و کرم اور رحمت عام کے منافی قرار دیا، اور کہدیا:-

| | |
|---|---|
| ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۚ | یہ (نبوت) اللہ کی مہربانی ہے جس کو چاہے دے، |
| وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ ۚ (جمعہ ۱) | اور اللہ بڑی مہربانی والا ہے، |
| قُلْ اِنَّ الْهُدٰى هُدَى اللّٰهِ اَنْ | کہدو کہ ہدایت اللہ کی ہدایت ہے (اسرائیلی علما |
| يُّؤْتٰٓى اَحَدٌ مِّثْلَ مَآ اُوْتِيْتُمْ اَوْ يُحَآجُّوْكُمْ | اپنے ہم مذہبوں سے کہتے ہیں کہ کیا یہ ممکن ہے کہ) |
| عِنْدَ رَبِّكُمْ ۭ قُلْ اِنَّ الْفَضْلَ بِيَدِ اللّٰهِ ۚ | جیسا دین تم کو دیا گیا کسی اور کو دیا جائے یا ایسے |
| يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ ۭ وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ۚ | دین والے تم سے خدا کے آگے جھگڑا سکیں کہدو کہ |

---

[1] جامع ترمذی آخر کتاب المناقب [2] قرآن اِنَّ اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ،

Marfat.com

يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔ (اٰل عمران - ۸)

(یہ نبوت کا) فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ جس کو چاہتا ہے اُس کو دیتا ہے اور اللہ کی رحمت بڑی عام ہے اور وہ اپنی مصلحتوں کو اچھی طرح جانتا ہے اور جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت کیساتھ مخصوص

(تفصیل ملاحظہ ہو۔ ۵۶۰ پر)

مَا يَوَدُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ اَهْلِ الْكِتٰبِ وَلَا الْمُشْرِكِيْنَ اَنْ يُّنَزَّلَ عَلَيْكُمْ مِّنْ خَيْرٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَخْتَصُّ بِرَحْمَتِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيْمِ۔ (بقرہ - ۱۳)

اہل کتاب میں جو منکر ہیں، وہ یہ نہیں پسند کرتے، اور نہ مشرکین پسند کرتے ہیں کہ تمہارے پروردگار کی طرف سے کوئی بھلائی نازل ہو، اور اللہ اپنی رحمت کے ساتھ جس کو چاہتا ہے مخصوص کرتا ہے، اور اللہ بڑے فضل والا ہے

اُس نے یہ تعلیم دی کہ روئے زمین کی ہر آبادی میں ہر قوم میں اور ہر زبان میں اللہ تعالیٰ کی طرف سے اُس کی راہ دکھانے والے اُس کی آواز پہنچانے والے اور انسانوں کو اُن کی غفلت سے چونکانے والے پیغمبر یا نائب پیغمبر آئے، اور یہ سلسلہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تک برابر جاری رہا

بعثتِ محمدیؐ سے پہلے دنیا کی کل آبادی مختلف گھرانوں میں بٹی ہوئی اور ایک دوسرے سے ناآشنا تھی، ہندوستان کے رشیوں اور منیوں نے آریہ ورت سے باہر کی دنیا کو خدا کی آواز سننے کا کبھی مستحق نہیں سمجھا تھا اُن کے نزدیک پرمیشور صرف آریہ ورت کی ہدایت اور رہنمائی کا خواہاں تھا، زردشت نے پاک نژادان ایران کے سوا سب کو یزداں کے جلوۂ نورانی سے محروم یقین کیا تھا، بنی اسرائیل اپنے خانوادہ کے سوا کہیں اور کسی نبی یا رسول کی بعثت کا تصور بھی نہیں کر سکتے تھے، عیسائی صرف

اپنے کو خدا کی فرزندی کا مستحق سمجھتے تھے لیکن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آکر بتایا کہ خدا کی ہدایت اور رہنمائی کے ظہور کے لیے کسی ملک، قوم اور زبان کی تخصیص نہیں، اس کی نگاہ میں عرب و عجم، شام و ہند سب برابر ہے، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی ہمہ بین آنکھوں نے پورب پچھم اتر دکھن ہر ملک اور ہر قوم میں خدا کا نور دیکھا، اور ہر زبان میں اس کی آواز سنی،

| | |
|---|---|
| وَلِكُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولٌ (یونس-۵) | اور ہر قوم کے لیے ایک رسول ہے، |
| وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا (نحل ۵) | اور یقیناً ہم نے ہر قوم میں ایک رسول بھیجا، |
| وَلَقَدْ أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ رُسُلًا | اور ہم نے تجھ سے پہلے کتنے رسول اُن کی اپنی |
| إِلَىٰ قَوْمِهِمْ (روم-۵) | اپنی قوم میں بھیجے، |
| وَلِكُلِّ قَوْمٍ هَادٍ (رعد-۱) | اور ہر قوم کے لئے ایک رہنما آیا، |
| وَإِن مِّنْ أُمَّةٍ إِلَّا خَلَا فِيهَا نَذِيرٌ | اور کوئی قوم نہیں جس میں ایک ہشیار کرنیوالا |
| (فاطر-۳) | نہ آیا ہو، |
| وَكَمْ أَرْسَلْنَا مِن نَّبِيٍّ فِي الْأَوَّلِينَ (زخرف-۱) | اور ہم نے پہلی قوموں میں کتنے پیغمبر بھیجے، |
| وَمَا أَرْسَلْنَا مِن رَّسُولٍ إِلَّا بِلِسَانِ | اور ہم نے ہر پیغمبر کو اُس کی قوم کی بولی میں |
| قَوْمِهِ لِيُبَيِّنَ لَهُمْ (ابراہیم-۱) | بھیجا، تاکہ وہ اُن کو بتا سکے، |

اس آخری آیت سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ رسول تعلیم الٰہی تشریح و بیان کیلئے مامور ہیں، ایک یہودی کے لئے حضرت موسیٰؑ کے سوا کسی اور کو پیغمبر ماننا ضروری نہیں، ایک عیسائی تمام دوسرے پیغمبروں کا انکار کر کے بھی عیسائی رہ سکتا ہے، ایک ہندو تمام دنیا کو ملیچھ شودر، اور

Marfat.com

چنڈال کہکر بھی پکا ہندو رہ سکتا ہے، ایک زردشتی تمام عالم کو بحرِ ظلمات کہکر بھی نورانی ہو سکتا ہے، مگر وہ ابراہیم اور موسیٰ اور عیسیٰ علیہم السلام کو نعوذ باللہ جھوٹا کہکر بھی دینداری کا دعویٰ کرسکتا ہے، لیکن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ ناممکن کردیا ہے کہ کوئی اُن کی پیروی کا دعویٰ کرکے اُن سے پہلے کے کسی پیغمبر کا انکار کرسکے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تہجد میں جو دعا پڑھتے تھے، اس میں ایک فقرہ یہ بھی ہوتا تھا وَالنَّبِیُّوْنَ حَقٌّ وَّمُحَمَّدٌ حَقٌّ[1] (سب نبی برحق تھے، اور محمد بھی برحق ہے) غرض کوئی شخص اس وقت تک محمدی نہیں ہوسکتا، جب تک وہ پہلے موسوی و عیسوی اور ایرانی و ہندی نہ بن لے، اور کوئی شخص اس وقت تک مسلمان نہیں ہوسکتا جب تک وہ دنیا کے تمام پیغمبروں کی یکساں صداقت حقانیت اور راست بازی اور معصومیت کا اقرار نہ کرلے اور یقین نہ کرے، کہ اُن کے ذریعہ اللہ تعالیٰ نے عرب کی طرح ہر قوم کو اپنی ہدایت اور رہنمائی سے سرفراز کیا ہے اور اُن کا ماننا ایسا ہی ضروری ہے جیسا خدا کا ماننا

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِیْنَ یَکْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ | بیشک جو لوگ اللہ اور اس کے رسولوں کا |
| وَیُرِیْدُوْنَ اَنْ یُّفَرِّقُوْا بَیْنَ اللّٰهِ | انکار کرتے ہیں اور چاہتے ہیں، کہ اللہ اور اس کے |
| وَرُسُلِهٖ وَیَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ | رسولوں کے درمیان فرق کریں اور کہتے ہیں کہ |
| وَّنَکْفُرُ بِبَعْضٍ وَّیُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّتَّخِذُوْا | ہم بعض کو مانیں گے، اور بعض کو نہیں مانیں گے اور |
| بَیْنَ ذٰلِكَ سَبِیْلًا اُولٰٓئِكَ هُمُ | چاہتے ہیں کہ اس کے بیچ بیچ میں کوئی راستہ نکالیں |
| الْکٰفِرُوْنَ حَقًّا وَّاَعْتَدْنَا لِلْکٰفِرِیْنَ | وہی تو حقیقت میں کافر ہیں، اور کافروں |
| عَذَابًا مُّهِیْنًا وَالَّذِیْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ | کے لئے ہم نے اہانت والا عذاب تیار رکھا ہے |

[1] صحیح بخاری باب التہجد،

| | |
|---|---|
| وَرُسُلِهٖ وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ | اور جو اللہ پر اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے |
| مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ | اور ان رسولوں میں سے کسی کے درمیان فرق |
| اُجُوْرَهُمْ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا | نہیں کیا، تو وہی لوگ ہیں جن کی مزدوری خدا |
| رَّحِيْمًا، (نساء - ۲۱) | اُن کو دیگا، اور اللہ بخشنے والا، رحمت والا ہے |
| وَالْمَلٰٓئِكَةِ وَالْكِتٰبِ وَالنَّبِيّٖنَ، | اور فرشتوں پر، کتاب پر، اور سب نبیوں پر |
| (بقرہ - ۲۲) | ایمان لانا نیکی ہے، |
| وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَ | اور جس نے خدا کا اور اُس کے فرشتوں کا |
| كُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ فَقَدْ | اور اس کی کتابوں کا، اور اُس کے رسولوں |
| ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا (نساء - ۲۰) | اور قیامت کا انکار کیا، وہ نہایت سخت گمراہ ہوا |

بقرہ کے خاتمہ میں ہے،

| | |
|---|---|
| كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ | ہر ایک خدا پر، اور اُس کے فرشتوں پر، اور |
| وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ | اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر ایمان |
| رُّسُلِهٖ، (بقرہ - ۴۰) | لایا، ہم خدا کے رسولوں کے درمیان تفریق |
| لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ، | ہم اُن پیغمبروں میں سے کسی کے درمیان |
| (بقرہ ۱۶، وآل عمران - ۹) | تفریق نہیں کرتے، |

پیغمبروں میں تفریق کرنے کے یہ معنی ہیں کہ اُن میں سے بعض کو مانیں اور بعض کو نہ مانیں، اسلام نے اس کی ممانعت کی اور عام حکم دیا کہ دنیا کے تمام پیغمبروں اور رسولوں کو یکساں

خدا کا رسولِ صادق اور راستباز تسلیم کیا جائے۔

یہودی حضرت عیسیٰؑ کو نعوذ باللہ جھوٹا اور کاذب سمجھتے تھے، اور ان پر طرح طرح کی تہمتیں لگاتے تھے، اور اب بھی ان کا یہی عقیدہ ہے، یہودیت اور اسلام میں جو اشتراک ہے وہ مسیحیت سے زیادہ ہے، اس لیے اگر اسلام کی راہ میں حضرت مسیحؑ کا نام نہ آتے، تو بہت سے یہود مسلمان ہونے کو تیار ہو جاتے، مگر اسلام نے کبھی یہ ننگ گوارا نہیں کیا، اور جب تک کسی یہودی سے حضرت عیسیٰؑ کی نبوت معصومیت اور تقدس کا اقرار نہیں لے لیا، اس کو اپنے دائرہ میں داخل ہونے کی اجازت نہیں دی چنانچہ خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بہت سے یہود آپ کی رسالت اور شریعت پر ایمان لانے کو تیار تھے، مگر حضرت عیسیٰؑ کو ماننے کیلیے تیار نہیں تھے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کی دوستی کے عظیم الشان فائدوں سے محروم رہنا گوارا کیا، مگر مسیح علیہ السلام کی سچائی سے محروم رہنا قبول نہ فرمایا[۱] اور ان سے صاف کہا:

| | |
|---|---|
| یَا اَھْلَ الْکِتَابِ ھَلْ تَنْقِمُوْنَ مِنَّا | اے یہود! کیا بُرا ہے تم کو ہم سے، مگر یہی کہ |
| اِلَّآ اَنْ اٰمَنَّا بِاللّٰہِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَیْنَا | ہم خدا پر، اور جو ہماری طرف اتارا گیا، اور |
| وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلُ وَاَنَّ اَکْثَرَکُمْ | جو پہلے اتارا گیا، اس پر ایمان رکھتے ہیں اور |
| فٰسِقُوْنَ (مائدہ - ۹) | تم میں اکثر بے حکم ہیں۔ |

خود قریش کا یہ حال تھا کہ وہ حضرت عیسیٰؑ کے نام سے چڑتے تھے، تاہم ان کی خاطر حضرت عیسیٰؑ کی نبوت، تقدس اور معصومیت کا انکار نہیں کیا گیا، قرآن نے کہا،

| | |
|---|---|
| وَلَمَّا ضُرِبَ ابْنُ مَرْیَمَ مَثَلًا اِذَا | اور جب مریم کے بیٹے کی کہاوت بیان کیگئی |

[۱] تفسیر ابن جریر طبری جلد ششم ص ۱۶۷ مصر۔

| | |
|---|---|
| قَوْمُكَ مِنْهُ يَصِدُّوْنَ، وَقَالُوْٓا | تو تیری قوم اس سے چلانے لگتی ہے اور |
| ءَاٰلِهَتُنَا خَيْرٌ اَمْ هُوَ مَا ضَرَبُوْهُ لَكَ | بولی کہ ہمارے معبود اچھے ہیں، یا وہ یہ |
| اِلَّا جَدَلًا ط بَلْ هُمْ قَوْمٌ خَصِمُوْنَ | نام جو وہ تجھ پر دھرتے ہیں، صرف جھگڑنے کو، |
| اِنْ هُوَ اِلَّا عَبْدٌ اَنْعَمْنَا عَلَيْهِ ، | بلکہ وہ جھگڑالو ہیں، وہ ایک بندہ ہے جس پر |
| (زخرف - ۶) | ہم نے فضل کیا، |

قریش کو معلوم تھا کہ اسلام عیسیٰؑ بن مریم کو بندہ اور رسول مانتا ہے، خدا نہیں، باوجود اس کے عیسائیون کی طرح مسلمانون کو بھی حضرت عیسیٰؑ کے ماننے کی وجہ سے عیسیٰ پرستی کا الزام دھرتے تھے، قرآن نے اُن کے اس بے معنی اعتراض کی تردید کی،

اسلام میں پیغمبروں کی کوئی تعداد محدود نہیں ہے، طبرانی کی ایک ضعیف روایت میں ہے کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار انبیاء مبعوث ہوئے، دوسری روایت میں اس سے کم تعداد بھی مروی ہے قرآن پاک میں نام کیساتھ صرف انہی انبیاء علیہم السلام کا ذکر ہے جن سے عرب مانوس تھے، یا اُن کے ہمسایہ یہود و نصاریٰ کے صحیفون مین جن کے تذکرے تھے، قرآن میں بعض ایسے انبیاء بھی مذکور ہین جن سے صرف عرب واقف تھے، اور یہود و نصاریٰ بے خبر تھے، مثلاً حضرت ہودؑ، اور حضرت شعیبؑ بعض ایسے بھی ہیں جن کو یہود و نصاریٰ جانتے تو تھے لیکن پیغمبر نہین تسلیم کرتے تھے مثلاً حضرت داؤدؑ اور حضرت سلیمانؑ، وحی محمدی نے ان سب کو پیغمبر تسلیم کیا، اور اُن کی صداقت وعظمت کا اقرار کیا،

اسی سلسلہ میں ایک اور واقعیت کی طرف اشارہ کر دینا مناسب ہے، اسلام سے پہلے نبوت، رسالت، اور پیغمبری کی کوئی خاص واضح اور غیر مشتبہ حقیقت دنیا کے سامنے نہ تھی،

یہود کے ہاں نبوت کے معنی صرف پیشین گوئی کے تھے، اور نبی پیشین گو کو کہتے تھے، اور جس کے متعلق وہ یقین رکھتے تھے کہ اُس کی دعا یا بددعا فوراً قبول ہو جاتی ہے[1] اسی لئے حضرت ابراہیمؑ حضرت لوطؑ حضرت اسحاقؑ حضرت یعقوبؑ اور حضرت یوسفؑ کی نبوت اور رسالت کا نقش دھندلا سا تھا کہ اُن کے ہاں موجود ہے، بلکہ حضرت ابراہیمؑ کے مقابلہ میں شالم کے کاہن مالک کی پیغمبرانہ شان اُن کے نزدیک زیادہ نمایاں معلوم ہوتی ہے[2] حضرت داؤدؑ اور سلیمانؑ کی حیثیت اُن کے ہاں صرف بادشاہ کی ہے، اور اُن کے زمانہ کے پیشین گوئی کرنے والے پیغمبر اور ہیں یہی سبب ہے کہ یہود کے قصوں اور کتابوں میں اسرائیلی پیغمبروں کی طرف نہایت سخیف باتیں بے تامل منسوب کی گئی ہیں، عیسائیوں کے ہاں بھی رسالت اور نبوت کی کوئی واضح حقیقت نہیں بیان کی گئی ہے ورنہ یہ نہ کہا جاتا کہ مجھ سے پہلے جو آئے، وہ چور اور ڈاکو تھے[3] موجودہ انجیلوں میں نہ خدا کے رسولوں کی تعریف ہے نہ اُن کے تذکرے ہیں، نہ اُن کی سچائی اور صداقت کی گواہی ہے، حضرت زکریاؑ اور حضرت یحییٰؑ جن کے تذکرے انجیل میں ہیں، وہ بھی پیغمبرانہ شان کے ساتھ اُن کے ہاں مسلم نہیں لیکن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے آکر اس جلیل القدر منصب کی حقیقت ظاہر کی، اس کے فرض بتائے، اُس کے خصوصیات کا اظہار کیا، اور اُن سب پر ایمان لانے کو نجات کا ضروری ذریعہ قرار دیا، آپ نے بتایا کہ نبوت و رسالت خاص انسانوں کو خدا کا بخشا ہوا ایک منصب ہے جس کو دیکر وہ دنیا میں اس غرض سے بھیجے گئے کہ خدا کے احکام لوگوں کو بتائیں، اور سچائی اور نیکی کا راستہ اُن کو دکھائیں، وہ ہادی (رہنما) نذیر (ہشیار کرنے والے) داعی (خدا کی طرف بلانیوالے) مبشر (خوشخبری

[1] دیکھو توراۃ صحیفۂ تکوین باب ۲۰-۷، [2] سفر تکوین ۱۴-۱۸، [3] انجیل،

Marfat.com

سُنانے والے، معلّم (سکھانے والے) مبلّغ (خدا کے احکام پہنچانے والے) اور نور (روشنی) تھے، خدا اُن سے ہم کلام ہوتا تھا، اپنی باتون سے اُن کو مطلع کرتا تھا، اور وہ اُن سے دوسرے انسانون کو آگاہ کرتے تھے، وہ گناہون سے پاک اور برائیون سے محفوظ تھے، وہ خدا کے نیک اور مقبول بندے تھے، اور اپنے عہد کے سب سے بہتر انسان تھے، اُن کے سب کام خدا کے لیے تھے، اور خدا اُن کیلئے تھا، یہ ہستیان اپنے فرائض کو انجام دینے کے لیے ہر قوم مین پیدا ہوئین جنھون نے اُن کو مانا نجات پائی اور جنھون نے جھٹلایا، ہلاک و برباد ہوئے، قرآن پاک نے اُن کی زندگی کے سوانح اُن کی تبلیغ کی روداد، اُن کے اخلاق کی بلند مثالیں، اور اُن کی خداپرستی کا اخلاص اس طرح بیان کیا ہے کہ اُن کے پڑھنے اور سننے سے اُن کی پیروی کا جذبہ، اُن کی اتباع کا شوق، اور اُن کی صداقت کا یقین دلون میں پیدا ہو جاتا ہے، اور ساتھ ہی اُس نے شانِ نبوت کے خلاف جو غلط باتین دوسرے صحیفوں میں اُن کی طرف منسوب تھین اُنکو چھوڑ دیا ہے اور یا اُن کی تردید کردی ہے، الغرض نبوت اور رسالت کی سب سے اہم خصوصیت اسلام نے جو یہ قرار دی کہ نبی و رسول گناہون سے پاک اور برائیوں سے محفوظ، اور معصوم ہوتے ہیں، بنی اسرائیل کو نبوت و رسالت کے اس بلند تخیل کی ہوا بھی نہیں لگی تھی، اس لیے انھون نے نہایت بے باکی سے اپنے پیغمبروں کی طرف ہر قسم کے گناہ منسوب کر دیے، عیسائی ایک حضرت عیسیٰؑ کو تو معصوم کہتے ہیں، باقی سب کی گنہگاری کے قائل ہیں، لیکن اسلام نے دنیا کے تمام پیغمبروں اور رسولون کی عظمت کی ایک ہی سطح قائم کی ہے، اس کے نزدیک گناہون سے پاکی اور عصمت تمام انبیاء اور مرسلین کا مشترک وصف ہے کیونکہ گنہگار گناہگارون کی رہنمائی کا مستحق نہیں، اور اندھا اندھے کو راہ نہیں دکھا سکتا، اس بنا پر محمد

Marfat.com

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ کی وحی وتعلیم نے خدا کے تمام معصوموں کی عظمت وجلالت دنیا میں قائم کی اور جن کو رباطنوں نے اُن کی عصمت وبے گناہی کے دامن پر اپنے وہم ونادانی سے داغ لگائے تھے اُن کو دھوکر پاک وصاف کیا، اور یہ رسالت محمدی کا عظیم الشان کارنامہ ہے،

خود انجیل کے طرز سے ظاہر تھا، کہ حضرت عیسیٰ احکام عشرہ کے برخلاف اپنی ماں کی عزت نہیں کرتے تھے، قرآن نے اس کی تردید کی، اور خود حضرت عیسیٰؑ کی زبان سے کہلوایا،

| | |
|---|---|
| وَبَرًّا بِوَالِدَتِي وَلَمْ يَجْعَلْنِي جَبَّارًا | اور اپنی ماں کے ساتھ نیکی کرنے والا، اور |
| شَقِيًّا، (مریم - ۲) | مجھ کو خدا نے جبار اور بدبخت نہیں بنایا، |

کیونکہ احکام عشرہ کے مطابق ماں باپ کا ادب نہ کرنا بدبختی تھی، اسی طرح موجودہ انجیل نے حضرت عیسیٰؑ پر یہ الزام لگایا ہے کہ وہ نماز روزہ کی پروا نہیں کرتے تھے، قرآن نے ان کی زبان سے کہلوایا،

| | |
|---|---|
| وَاَوْصَانِي بِالصَّلٰوةِ وَالزَّكٰوةِ | اور خدا نے مجھ کو نماز اور زکوٰۃ کا حکم دیا ہے |
| مَا دُمْتُ حَيًّا، (مریم - ۲) | جب تک میں جیتا رہوں، |

یہود حضرت مریمؑ پر تہمت رکھتے تھے، قرآن نے اس الزام کو دور کیا، اور کہا،

| | |
|---|---|
| وَمَرْيَمَ ابْنَتَ عِمْرَانَ الَّتِي اَحْصَنَتْ | اور مریم بنت عمران جس نے اپنی عصمت |
| فَرْجَهَا فَنَفَخْنَا فِيهِ مِنْ رُّوحِنَا وَ | کی حفاظت کی تو ہم نے اس میں اپنی رُوح |
| صَدَّقَتْ بِكَلِمٰتِ رَبِّهَا وَكُتُبِهٖ | پھونکی، اور اس نے اپنے پروردگار کی باتوں |
| وَكَانَتْ مِنَ الْقٰنِتِيْنَ، (تحریم - ۲) | اور اس کی کتابوں کو سچ جانا، اور وہ بندگی |

وہم پرست یہود حضرت سلیمانؑ کو گنڈا، تعویذ اور عملیات وغیرہ کا موجد سمجھتے تھے، حالانکہ سحر جادو وغیرہ توراۃ میں شرک قرار دیا جا چکا تھا، قرآن نے علانیہ یہودیوں کے اس لزام کی تردید کی،

| | |
|---|---|
| وَمَا كَفَرَ سُلَيْمَانُ وَلَٰكِنَّ الشَّيَاطِينَ | اور سلیمان نے کفر کا کام نہیں کیا بلکہ شیطانوں |
| كَفَرُوا يُعَلِّمُونَ النَّاسَ السِّحْرَ (بقرہ) | نے کیا، لوگوں کو وہ جادو سکھاتے تھے، |

اسی طرح حضرت لوطؑ پر بدکاری کا جو الزام یہود لگاتے ہیں، اس کی تردید کی،

اوپر گذر چکا ہے کہ قرآن نے یا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیا کے تمام پیغمبروں کے نام نہیں لیے ہیں، صرف ناموں کی فہرست یا نامعلوم اشخاص کے نام لے لینے سے دلوں میں جوش عقیدت نہیں پیدا ہو سکتا، تاہم معلوم تھا کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی صدائے دعوت ایک دن دنیا کے کناروں تک پہنچے گی، اور بہت سی غیر قومیں اور دوسرے انبیاء کی امتیں اس حلقہ میں داخل ہوں گی، اور اپنے اپنے انبیاء کا نام ونشان صحیفۂ محمدیؐ میں تلاش کریں گی، اس لیے ایک جامع آیت میں تمام انبیاء کا تذکرہ کر دیا گیا، اور ان کی صداقت کی پہچان بتا دی گئی فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّا اَوْحَيْنَا اِلَيْكَ كَمَا اَوْحَيْنَا | ہم نے (اے محمد) تمھارے پاس وحی بھیجی جس طرح |
| اِلٰى نُوْحٍ وَّالنَّبِيّٖنَ مِنْۢ بَعْدِهٖ ۚ وَاَوْحَيْنَا | نوح اور ان کے بعد کے پیغمبروں کے پاس بھیجی، اور |
| اِلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَ | ہم نے ابراہیم کو اور اسماعیل کو اور اسحاق کو اور |
| يَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَعِيْسٰى وَاَيُّوْبَ وَ | یعقوب کو اور ان کے خاندان کو، اور عیسیٰ کو اور |
| يُوْنُسَ وَهٰرُوْنَ وَسُلَيْمٰنَ ۚ وَاٰتَيْنَا | ایوب کو اور یونس کو اور ہارون کو اور سلیمان کو وحی |
| دَاوٗدَ زَبُوْرًا ۚ وَرُسُلًا قَدْ قَصَصْنٰهُمْ | بھیجی اور داؤد کو زبور عطا کی، اور دوسرے رسولوں |

Marfat.com

عَلَيْكَ مِنْ قَبْلُ وَرُسُلًا لَّمْ نَقْصُصْهُمْ عَلَيْكَ وَكَلَّمَ اللّٰهُ مُوْسٰى تَكْلِيْمًا رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌ بَعْدَ الرُّسُلِ وَكَانَ اللّٰهُ عَزِيْزًا حَكِيْمًا، (نساء - ۲۳)

کو بھیجا جن کا حال تم سے ہم نے پہلے بیان کیا ہو اور اُن رسولوں کو جن کا حال ہم نے تم سے بیان نہیں کیا اور خدا نے موسیٰ سے بات کی، اُن رسولوں کو خوشخبری سُنانے والا اور ہشیار کرنیوالا بنا کر بھیجا، تاکہ لوگوں کو رسولوں کے آجانے کے بعد خدا کے آگے کوئی عذر باقی نہ رہ جائے اور خدا غالب دانا ہے،

انبیا کے متعلق یہی حقیقت سورۂ مومن میں دوبارہ بیان کی گئی ہے،

وَلَقَدْ اَرْسَلْنَا رُسُلًا مِّنْ قَبْلِكَ مِنْهُمْ مَّنْ قَصَصْنَا عَلَيْكَ وَمِنْهُمْ مَّنْ لَّمْ نَقْصُصْ عَلَيْكَ (مومن ۸)

اور ہم نے یقیناً تم سے پہلے بہت سے پیغمبر بھیجے اُن میں کچھ وہ ہیں جن کا حال تم سے بیان کیا ہو اور کچھ وہ ہیں جن کا حال تم سے بیان نہیں کیا۔

تعلیم محمدیؐ کے اصول کے مطابق یہ یقین کرنا ضروری ہو کہ دنیا کی بڑی بڑی قوموں اور ملکوں جیسے چین، اور ایران اور ہندوستان میں بھی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے خدا کے انبیا مبعوث ہو چکے ہیں، اور اس لئے یہ تمام قومیں اپنے جن بزرگوں کی عزت و عظمت کرتی ہیں اور اپنے دین و مذہب کو جن کی طرف منسوب کرتی ہیں، اُن کی صداقت اور راستبازی کا قطعی انکار کوئی مسلمان نہیں کرسکتا، اسی بنا پر بعض علما نے ہندوستان کے کرشن اور رام کو بلکہ ایران کے زردشت[ل] کو بھی اور بعض صاحبوں نے تو بودھ تک کو پیغمبر کہا ہے، بہر حال امکان میں تو شک ہی نہیں لیکن یقین کیساتھ ان نا موں

---

[ل] کلمات طیبات حضرت شاہ مرزا مظہر جانجانان ص ۵۸[؟] ملل و نحل ابن حزم،

کی تعیین بھی حد سے تجاوز کرنا ہی، اصل یہ ہے کہ قرآن نے انبیاء کی دو قسمیں کی ہیں، ایک وہ جن کے نامون کی اُس نے تصریح کی ہو، اور دوسرے وہ جن کے نام اُس نے بیان نہین کئے ہین، اس لیے صحیح یہ ہے کہ جن انبیاء کے نام مذکور ہیں، تمام مسلمانون کو اُن پر نام بنام ایمان لانا چاہیے اور جن کے نام مذکور نہین، اُن کی نسبت صرف یہ اجمالی ایمان کافی ہو کہ اُن قومون میں بھی خدا کے فرستادہ پیغمبر آئے تھے، گو بہ تخصیص ان کے نام ہمیں معلوم نہ ہوں، وہ قومیں جن کا نام لیتی ہیں، اگر اُن کی زندگی اور ان کی تعلیم نبوت اور رسالت کی شان کے مطابق ہیں، تو اُن کی نبوت اور رسالت کی طرف رجحان اور میلان بلکہ قرینۂ غالب ہوسکتا ہے لیکن یقین اس لئے نہیں کیا جا سکتا کہ ہمارے پاس ان باتون پر یقین کرنے کا ذریعہ صرف وحی ہے، اور وہ اس تخصیص و تعیین سے خاموش ہے،

اس قسم کے انبیاء جن کے نام گو قرآن مین مذکور نہیں، مگر وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے پہلے گذر چکے ہین، اور اُن کے پیرو اُن کو اپنے ہان نبوت و رسالت کا درجہ دیتے ہیں، اُن کی شناخت اور پہچان کا ایک اصول قرآن نے مقرر کیا ہی اور وہ یہ ہو کہ انھون نے اپنی قوم کو توحید کی تعلیم دی ہی

| | |
|---|---|
| وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِي كُلِّ أُمَّةٍ رَّسُولًا | اور ہم نے ہر قوم مین ایک رسول بھیجا کہ اللہ |
| أَنِ اعْبُدُوا اللَّهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوتَ | کی پرستش کرو، اور جھوٹے معبود سے بچے رہو، |
| وَمَا أَرْسَلْنَا مِن قَبْلِكَ مِن رَّسُولٍ | اور ہم نے تجھ سے پہلے کسی نبی کو نہیں بھیجا لیکن |
| إِلَّا نُوحِي إِلَيْهِ أَنَّهُ لَا إِلَٰهَ إِلَّا أَنَا | اس کو یہی وحی بھیجی کہ میرے سوا کوئی خدا نہین |
| فَاعْبُدُونِ ۝ (انبیاء - ۲) | مجھی کو پوجو، |

اس لیے وہ تمام قدیم رہبرانِ انسانی اور رہنمایانِ عالم جو دنیا میں کسی مذہب کو لائے اور جنکی

تبلیغ و تعلیم توحید کی دعوت اور بت پرستی سے اجتناب تھی، اور جن کی زندگی اس تعلیم کے نمونے کا نشان تھی، اُن کی نسبت یقین کہا جا سکتا کہ وہ اپنی قوم کے اور اپنے وقت کے رسول اور پیغمبر نہ تھے کہ اتنی بڑی بڑی قومیں خود قرآن کے اصول کے مطابق انبیاء اور رسولوں کے وجود سے خالی نہیں رہ سکتی تھیں، اسی بنا پر اسلام کی ان ملقنات میں سے جن کے تسلیم کیے بغیر کوئی شخص مسلمان نہیں ہو سکتا، ایک یہ بھی ہے کہ وہ تمام ملکوں کے پیغمبروں اور تمام قوموں کے رسولوں کو جو حضرت خاتم نبوت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ سے پہلے پیدا ہوئے یکساں صداقت کیساتھ تسلیم کرے ان سب نے تمام دنیا کو ایک ہی تعلیم دی ہے اور وہ توحید ہے البتہ ان انبیاء میں سے ایک کو دوسرے پر بعض بعض حیثیتوں سے ترجیح ہے

| | |
|---|---|
| تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى | ان رسولوں میں سے ہم نے کسی کو کسی پر فضیلت |
| بَعْضٍ ۘ مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَ | دی، اُن میں سے کسی سے اللہ نے کلام کیا، |
| رَفَعَ بَعْضَهُمْ دَرَجٰتٍ ۭ وَاٰتَيْنَا | کسی کے بہت درجے بڑھائے، اور ہم نے عیسیٰ |
| عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ | ابن مریم کو نشانیاں دیں اور پاکی کی روح سے |
| بِرُوْحِ الْقُدُسِ ، (بقرہ ۳۳-۳) | اس کی تائید کی، |

آپ نے دوسرے انبیاء کی بجائے تعظیم و تکریم یہاں تک کی ہے کہ اُن کے مقابلہ میں کبھی اپنی ہستی بھی فراموش کر دی ہے، ایک دفعہ ایک صحابی نے آپ کو "یا خیر البریۃ" اے بہترین خلق! خطاب کیا، فرمایا "وہ تو ابراہیم تھے"، ایک دفعہ ایک صاحب نے دریافت کیا کہ سب سے عالی خاندان کون تھا؟ فرمایا یوسف پیغمبر بن پیغمبر بن پیغمبر بن خلیل اللہ [illegible]

---

لہ مسند ابن حنبل جلد ۳ صفحہ ۱۷۸، ۲ صحیح بخاری کتاب الانبیاء [illegible] قصہ حضرت یوسف [illegible]

مدینہ میں کہہ رہا تھا کہ قسم ہے اُس ذات کی جس نے موسیٰ کو بشر پر فضیلت دی، ایک مسلمان یہ کھڑے سُن رہے تھے اُن کو غصہ آگیا، کہ ہماری پیغمبر کی موجودگی میں تم یہ کہہ رہے ہو اور اس کو ایک تھپڑ کھینچ مارا اُس نے دربار نبویؐ میں جاکر شکایت کی، آپ نے اُن صحابی کو بلا بھیجا اور مقدمہ کی رُوداد سُنی پھر نہایت برہم ہو کر فرمایا کہ پیغمبروں میں باہم ایک دوسرے پر فضیلت نہ دو[1] یعنی ایسی فضیلت جس سے کسی دوسرے نبی کی تنقیص ہوتی ہو

یہی وہ تعلیمات محمدی ہیں جن کے ذریعہ سے دنیا میں وحدت مذاہب روحانی مساوات انسانی اخوت، اور تمام انبیاءؑ اور پیغمبروں کے ادب احترام کے جذبات پیدا ہوئے بنی اسرائیل کے وہ پیغمبر جن کو ماننے والے تمام دنیا میں چند لاکھ سے زیادہ نہ تھے، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے اُن کی عظمت وجلالت اور ادب واحترام کرنیوالے چالیس کروڑ سے زیادہ ہوگئے وہ حضرت مریمؑ اور حضرت عیسیٰؑ جو چھ سو برس تک یہودیوں کی جھوٹی تہمت سہتے رہے محمد رسول اللہؐ نے آکر دفعتہً اس کو مٹا دیا، اور اُن کی پاکی کی گواہی دی جس کے بدولت آج چالیس کروڑ زبانیں انکی عصمت کی شہادت دے رہی ہیں، ہندوستان، ایران، چین جن کے سچے رہنماؤں کا اُن کے ملک سے باہر کوئی ادب نہ تھا، جہاں جہاں مسلمان گئے، اُن کے جائز ادب احترام کو اپنے ساتھ لیتے گئے،

وہ عرب جو پیغمبروں کے ناموں تک سے ناواقف تھے، جو نبوت ورسالت کے خصائص کے علم سے محروم تھے، جو انبیاءؑ اور رسولوں کی سیرتوں سے نا آشنا تھے، جو اُن کے ادب واحترام اور تصدیق واعتراف سے بیگانہ تھے، جن کو اپنے دیوتاؤں کے سامنے عیسیٰ بن مریم پر تحقیرانہ ہنسی آتی تھی[2]، اور جو حضرت موسیٰؑ کی فضیلت کا ذکر سنکر اپنے غصہ کو ضبط نہیں کر سکتے تھے[3] محمد رسول اللہ

[1] صحیح بخاری مناقب حضرت موسیٰ ص۴۸۴، [2] قرآن پاک سورہ زخرف رکوع ۵ [3] صحیح بخاری مناقب حضرت موسیٰؑ

صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم سے ان کا یہ حال ہوا کہ وہ ایک ایک پیغمبر کے نام و نشان اور تاریخ و سیرت سے واقف ہو گئے، اور تبرکاً اُن کے ناموں پر اپنی اولادوں کے نام رکھنے لگے، اور جو آج بھی تمام مسلمانوں میں شائع اور ذائع ہیں، انھوں نے پیغمبروں کی صداقت اور سچائی کی گواہی دی، اُن کے ادب و احترام کو اپنے سینوں میں جگہ دی، اُن کی تعظیم و تکریم کو اپنے دین و ایمان کا جزء بنا لیا، دنیا کی کسی قوم میں یہ رواج نہیں ہے، کہ انبیاء علیہم السلام کے نام ادب سے لیے جائیں، اگر ایک مسلمان کے لیے لازم ہے کہ جب کسی پیغمبر کا نام لے تو ادب سے لے، اور اُن پر درود و سلام پڑھے،

Marfat.com

# کتبِ الٰہی پر ایمان

## وَکُتُبِہٖ

ایک مسلمان کے لیے یہ بھی ضروری ہے کہ وہ اپنے پیغمبر کے صحیفۂ وحی پر ایمان لائے،
ہر چند یہ عقیدہ گذشتہ عقیدۂ رسالت کا لازمی نتیجہ ہے، یعنی رسول کو رسول مان لینا اُس کی
تعلیمات اور وحی کو مان لینے کا مرادف ہے تاہم یہ تصریح اس لئے کی گئی تاکہ پوری طرح صاف
اور واضح ہو جائے کہ رسول کو رسول مان لینے کے بعد اُس کے صحیفۂ وحی کو مان کر اس کی تعلیمات
پر عمل کرنا ضروری ہے، سورۂ بقرہ کے شروع ہی میں سچے مومنوں کی تعریف میں کہا گیا ہے:

| | |
|---|---|
| وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ ، (بقرہ ۱-۱) | اور جو اس (کتاب یا وحی) پر ایمان رکھتے ہیں، جو تجھ پر (اے محمدؐ) اتاری گئی ...... |

کتابِ الٰہی پر ایمان لانے سے مقصود ان تمام صداقتوں اور حکموں کو بجان و دل قبول
کرنا ہے جو اس میں مذکور ہیں، یہ گویا پوری شریعتِ مطہرہ کو قبول کر لینے کا مختصر ترین طریقۂ تعبیر ہے
اور اس لیے ایمانیات کی بہت سی دوسری باتیں جن کی تفصیل ہر موقع پر ضروری نہیں، اس ایک
فقرہ کے تحت میں آجاتی ہیں، قرآن پر ایمان لانے کے یہ معنی ہیں کہ جو کچھ قرآن میں علمی و عملی عقائد و

عبادات واحکام مذکور ہیں اُن سب کو بے کم وکاست ہم تسلیم کرتے ہیں، کہ اگر کوئی سرے سے اُن کو تسلیم ہی نہیں کرتا تو اُن کی تعمیل و پیروی کا اس سے کیونکر مطالبہ کیا جا سکتا ہے؟ اسی بنا پر اس کی تشریح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے کبھی ان الفاظ میں فرمائی ہے کہ بِمَا جِئْتُ بِہٖ جو کچھ میں لیکر آیا اس پر ایمان لاؤ قرآن نے کہا

وَآمَنُوا بِمَا نُزِّلَ عَلَى مُحَمَّدٍ (محمد ۱) اور ایمان لائے اس پر جو محمد پر اتارا گیا،

لیکن قرآن اگر اتنا ہی کہتا کہ میرے پیرو صرف مجھ پر ایمان لائیں تو یہ کوئی اہم بات نہ ہوتی کہ ہر صاحبِ مذہب کی یہی تعلیم ہوتی ہے، قرآن نے عقائد کی اس دفعہ میں بھی اپنے تکمیلی پہلو کو پیش نظر رکھا ہے اور یہ ضروری قرار دیا ہے کہ اہلِ قرآن قرآن کیساتھ ہی دوسری آسمانی کتابوں کی صداقت کو بھی تسلیم کریں یعنی کوئی شخص اُس وقت تک مسلمان نہیں ہو سکتا جب تک صحیفۂ محمدی کے ساتھ دوسرے پیغمبروں کے صحیفوں کو بھی من جانب اللہ تسلیم نہ کرے، چنانچہ سورۂ بقرہ کے شروع اولیٰ مذکورۂ بالا آیت کے ساتھ یہ بھی فرمایا،

وَمَا أُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ، (بقرہ ۔۱) اور جو ایمان لائے اس پر .... جو تجھ سے پہلے اترا

پھر اسی سورہ کے آخر میں فرمایا،

آمَنَ الرَّسُولُ بِمَا أُنْزِلَ إِلَيْهِ مِنْ رَبِّهِ وَالْمُؤْمِنُونَ كُلٌّ آمَنَ بِاللَّهِ وَمَلَائِكَتِهِ وَكُتُبِهِ، (بقرہ ۔۴۰) رسول ایمان لایا اس پر جو خدا کی طرف سے اس پر اترا، اور اہلِ ایمان بھی، ہر ایک خدا پر، اس کے فرشتوں پر اور اس کی کتابوں پر ایمان لایا،

بقرہ کی آیتوں میں بعض انبیاء علیہم السلام کا تفصیلی درجہ اور بقیہ تمام انبیاء کا اجمالی ذکر کر کے اُن کی کتابوں اور وحیوں کی تصدیق کا حکم دیا گیا ہے،

Marfat.com

قُولُوٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا
وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ
وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَ
مَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ
النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ،
(بقرہ ۔ ۱۶)

(اے مسلمانو!) تم کہو کہ ہم خدا پر اور جو کچھ ہماری
طرف اتارا گیا اس پر، اور جو کچھ ابراہیم اور اسمٰعیل اور
اسحاق اور یعقوب اور خاندان یعقوب کی طرف
اتارا گیا اس پر اور جو کچھ موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا گیا
اس پر اور جو کچھ اور سب پیغمبروں کو اُن کے پروردگار
کی طرف سے دیا گیا، ہم ان سب پر ایمان لائے،

آل عمران میں کسی قدر تفصیل ہے،

قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَيْنَا
وَمَآ اُنْزِلَ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ
وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ
اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ
مِنْ رَّبِّهِمْ،
(آل عمران ۔ ۹)

کہہ کہ ہم خدا پر اور جو کچھ ہم پر اتارا گیا اس پر اور
جو کچھ ابراہیم اور اسماعیل اور اسحاق اور یعقوب
اور خاندان یعقوب پر اتارا گیا اس پر اور جو کچھ
موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا گیا اس پر اور دوسرے سب
پیغمبروں کو اُن کے پروردگار کی طرف سے جو
کچھ دیا گیا اس پر، ہم اُن سب پر ایمان لائے،

سورہ نساء میں اس پر ایمان لانے کے حکم کیساتھ ساتھ اسکے انکار کو کفر بھی قرار دیا گیا ہے

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَ
رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى
رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰى

اے وہ لوگو جو ایمان لاچکے ہو ایمان لاؤ خدا پر اس کے
رسول پر اور اُس کتاب پر جو اُس نے اپنے رسول پر
اتاری، اور اس کتاب پر جو پہلے اُتاری اور جس نے

Marfat.com

وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ ...... فَقَدْ ضَلَّ ضَلٰلًاۢ بَعِيْدًا، (الآیۃ) (نسآء - ۲۰)

خدا کا اور اُس کے فرشتوں کا اور اُس کی کتابوں ........... کا انکار کیا تو نہایت سخت گمراہ ہوا،

سورۂ مومن میں ان منکروں کو عذاب کی بھی دھمکی دی گئی ہے جو کسی پیغمبر کے پیغام کی تکذیب کریں

اَلَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِالْكِتٰبِ وَبِمَآ اَرْسَلْنَا بِهٖ رُسُلَنَا ؕ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ۝ اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ ؕ يُسْحَبُوْنَ (مومن - ۸)

جن لوگوں نے کتاب کو، اور جو پیغام دیکر ہم نے اپنے پیغمبروں کو بھیجا، اس کو جھٹلایا وہ عنقریب جانیں گے، جب اُن کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہونگی وہ گھسیٹے جائینگے

نام کی تخصیص کے ساتھ قرآن پاک میں چار آسمانی کتابوں کا ذکر ہے توراۃ جس کو ایک جگہ صحف موسیٰ بھی کہا گیا ہے (اعلیٰ - ۱) اور حضرت داؤدؑ کی زبور، اور حضرت عیسیٰؑ کی انجیل اور خود قرآن اُنکے علاوہ ایک موقع پر صحف ابراہیم کا بھی تذکرہ ہے۔

اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى (اعلیٰ)

یہ باتیں گذشتہ صحیفوں میں بھی ہیں ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں،

ان کے اسوا اجمال کیساتھ دو موقعوں پر گذشتہ آسمانی کتابوں اور صحیفوں کے الفاظ ہیں

اَوَلَمْ تَاْتِهِمْ بَيِّنَةُ مَا فِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى، (طٰہٰ - ۸)

کیا اگلے صحیفوں میں جو کچھ ہے اُس کی گواہی اُن کو نہیں پہنچی ؟

Marfat.com

وَاِنَّهٗ لَفِیْ زُبُرِ الْاَوَّلِیْنَ (شعراء ۱۱) اور بے شبہہ یہ پہلوں کی کتابوں میں کور ہی

اس بنا پر انبیاء کی طرح ان کتابوں پر بھی ہر مسلمان کا تفصیلی اور اجمالی ایمان ہے جن کتابوں
نام مذکور ہیں ان پر ناموں کے ساتھ، اور جن کے نام مذکور نہیں اُن پر بالاجمال ایمان ضروری ہے کسی
قوم میں اگر کوئی آسمانی کتاب ہے جس کا وجود قرآن سے پہلے ہے لیکن اس کا تصریحی نام قرآن میں
مذکور نہیں ہے اور اس میں توحید الٰہی کی دعوت اور طاغوت سے بچنے کی نصیحت بھی ہے تو اگرچہ ہم اسکو
بتصریح خدا کی کتاب تسلیم نہیں کر سکتے تاہم بالتصریح اس کا انکار بھی نہیں کر سکتے اسی بنا پر آنحضرت
صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا کہ اہل کتاب کی نہ تصدیق کرو اور نہ تکذیب[1] یہی حال دوسری مشکوک کتابوں کا
یہود توراۃ کے سوا کچھ نہیں مانتے عیسائی توراۃ کے احکام نہیں مانتے لیکن اسکی اخلاقی نصیحتوں کو
قبول کرتے ہیں تاہم انجیل سے پہلے کی دوسری زبانوں اور ملکوں کی آسمانی کتابوں کی نسبت مسلمانوں
کی طرح ادب اور احتیاط کا پہلو بھی اختیار نہیں کرتے، پارسی اوستا کے باہر خدا کے کلام ہونے کا شبہہ
بھی نہیں کر سکتے اور برہمن ویدوں کے باہر خدا کے فیضان کا تصور بھی نہیں کر سکتے لیکن قرآن پر
ایمان لانے والا مجبور ہے، کہ صحیفۂ ابراہیم، توراۃ، زبور اور انجیل کو خدا کی کتابیں یقین کرے اور
دوسری اگلی آسمانی کتابوں کی جن میں آسمانی تعلیمات کی خصوصیتیں پائی جاتی ہوں تکذیب کرے
کہ انکا کتب الٰہی ہونا ممکن ہے۔

حقیقت میں اسلام کی یہ تعلیم دنیا کی مہتم بالشان تعلیمات میں سے ہے جس کا وجود کسی دوسرے
مذہب میں نہ تھا، یہ رواداری بے تعصبی اور عام انسانی اخوت کی سب سے بڑی تعلیم ہے، یہود دینی

[1] صحیح بخاری کتاب التوحید و حدیث الافک و تفسیر سورۂ بقرہ

Marfat.com

کتاب کو چھوڑکر تمام دوسری آسمانی کتابون سے انکار کرکے بھی نجات کا منتظر رہ سکتا ہے، عیسائی توراۃ اور تمام دوسرے صحیفوں کا انکار کرکے بھی آسمانی بادشاہوں کا متوقع ہوسکتا ہے، پارسی اوستا کے سوا دوسری ربانی کتابون کو باطل مانکر بھی مینو (جنت) کا استحقاق پیدا کرسکتا ہے، ہندو اپنے ویدون کے سوا دنیا کی ہر آسمانی کتابون کو جعل وفریب مان کر بھی اواگون سے نجات حاصل کرسکتا ہے، بودھ مت والے اپنے سوا تمام دنیا کی وحیون کا انکار کرکے بھی نرواں کا درجہ حاصل کرسکتے ہین، مگر مسلمان جب تک قرآن کے ساتھ تمام دنیا کی آسمانی کتابون کو منجانب اللہ نہ تسلیم کرے، جنت کا مستحق نہین ہوسکتا،

یہ تعلیم صرف نظریہ کی حیثیت نہین رکھتی، بلکہ عملاً اس پر اسلامی حکومت کے قوانین اور احکام مبنی ہین، یہودیون کی نظر میں صرف دو ہی قومیں ہیں، بنی اسرائیل اور غیر بنی اسرائیل، یا اسرائیل کا گھرانا، اور غیر قومین یا مختون، اور غیر مختون، اور انہی دونون تقسیمون پر اُن کے قانون کی بنیاد ہے، عیسائیوں میں مذہبی حیثیت سے بھی، یہود اور بت پرست گو تین قومین مانی جاتی ہیں، مگر چونکہ اُن کے مذہب میں قانون نہین ہے اس لیے وہ اکثر امورمین رومن لا کے پیرو رہے ہیں لیکن رومن عیسائیون مین بھی ملکی حیثیت سے دو ہی تقسیمیں ہیں، رومی اور غیر رومی، ایک رومی ملک مین غیر رومی کا کوئی حق نہیں کہ رومی حکومت کیلئے اور غیر رومی غلامی کیلئے پیدا ہوا ہے، پارسیون میں پاک نژاد ان ایران اور بیرونی لوگ دنیا کی دو ہی حیثیتیں ہین، ہندوؤن مین اونچی ذاتیں اور اچھوت قومون کی دو ہی صورتین ہین مگر اسلام کے گذشتہ عقیدہ کی بنا پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قانونی حیثیت سے دنیا کی قومونکی چار حصون مین تقسیم فرمایا، اور اُن کے علٰحدہ علٰحدہ حقوق قرار دیئے جن پر اسلام کی تیرہ صدیون مین برابر عمل ہوتا رہا

یہ تقسیمیں حسب ذیل ہیں،

۱۔ مسلمان جو قرآن اور دوسری آسمانی کتابوں کو کتاب الٰہی تقین کرتے ہیں، اُن میں سے ہر ایک دوسرے کا بھائی اور ہر اچھائی اور بُرائی میں ایک دوسرے کا شریک ہے، وہ آپس میں ایک دوسرے سے شادی بیاہ کر سکتے ہیں، اور ایک دوسرے کے ہاتھ کا ذبح کیا ہوا جانور کھا سکتے ہیں، اسلام کی سلطنت میں اُن کے حقوق یکساں ہیں،

۲۔ اہل کتاب یعنی اُن کتابوں کے پیرو جن کے نام قرآن میں مذکور ہیں، یا یوں کہو کہ جو قرآن کو گو آسمانی کتاب نہیں مانتے، مگر ان کتابوں میں سے جن کا نام قرآن میں مذکور ہے کسی کو وہ آسمانی کتاب مانتے ہیں، وہ اپنی حفاظت کا مالی ٹکس (جزیہ) ادا کر کے اسلامی حکومتوں میں رہ سکتے ہیں، اُن کے معابد اور مذہبی عمارتیں محفوظ رہتی ہیں، اُن کو اپنے مذہب کے بدلنے پر مجبور نہیں کیا جاتا، اُن کی جان و مال اور عزت کے مسلمان محافظ ہوتے ہیں، اُن کی عورتوں سے مسلمان نکاح کر سکتے ہیں، اور اُن کے ہاتھ کا ذبح کیا ہوا جانور کھا سکتے ہیں، اُن کا جائز کھانا ہم کھا سکتے ہیں، اور ہم اپنا کھانا اُن کو کھلا سکتے ہیں،

۳۔ شبہ اہل الکتاب یعنی وہ لوگ جو قرآن اور توراۃ و انجیل و زبور کو نہیں مانتے، مگر وہ خود اپنے لیے کسی آسمانی کتاب پر ایمان لانے کے مدعی ہیں، جیسے صابی جو ایک آسمانی کتاب کے دعوی کے باوجود ستاروں کو پوجتے تھے، اور مجوس یعنی پارسی جو ایک آسمانی کتاب رکھنے کا دعویٰ کرتے ہیں، اور ساتھ ہی سورج، آگ، اور دیگر مظاہر قدرت کی پرستش کرتے ہیں، ترکستان اور سندھ کی فتح کے موقع پر علمائے اسلام نے انہی پر قیاس کر کے ہندوؤں اور بودھوں وغیرہ کو

Marfat.com

بھی اسی صنف میں داخل کیا، مسلمان اُن کی عورتوں سے نکاح نہیں کر سکتے، اور اُن کا ذبیحہ نہیں کھا سکتے، ان دو باتوں کے علاوہ اہلِ کتاب کے بقیہ تمام حقوق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کو عطا کیے ہیں، وہ اسلامی حکومتوں میں ادائے جزیہ کے بعد ہر قسم کے ملکی حقوق میں شریک ہیں، اُن کی جان و مال و آبرو اور اُن کے معبدوں کی حفاظت اسلامی حکومتوں کا فرض ہے،

۴۔ کفار و مشرکین یعنی وہ لوگ جن کے پاس کوئی آسمانی کتاب ہے، اور نہ وہ کسی دینِ الٰہی کی طرف منسوب ہیں، اُن کو چند شرائط کے ساتھ امن دیا جا سکتا ہے لیکن حقوق حاصل کرنے کے لیئے اُن سے کہا جائے گا کہ وہ کسی نہ کسی آسمانی دین کے اندر اپنے کو داخل کر لیں، جیسا کہ عباسیوں کے ابتدائی زمانہ میں حرانی عراقیوں نے اپنے کو صابیوں میں داخل کر کے اپنے حقوق حاصل کیے تھے،

اس تفصیل سے معلوم ہو سکتا ہے، کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی اس تعلیم نے دنیا میں امن و امان اور مسلمانوں میں مذہبی رواداری کے پیدا کرنے میں کتنا عظیم الشان حصہ لیا، یہی وہ نظریہ تھا جس نے مسلمانوں کو اپنے مذہبی عقائد و شریعت کی سخت پیروی کے باوجود دنیا کی دوسری قوموں کیساتھ مشارکت و میل جول کے لیے آمادہ کیا، اور مجوسیوں، صابیوں، یہودیوں، عیسائیوں اور ہندوؤں کے ساتھ مل کر مختلف ملکوں میں اُن ملکوں کے مناسب مختلف تمدنوں کی بنیاد رکھنے کی اُن میں قوت پیدا کی،

**وحدۃ الادیان** تمام رسولوں اور اُن کے صحیفوں کی تصدیق کا لازمی نتیجہ یہ ہے کہ محمد رسول اللہ کی تعلیم یہ ہو کہ آدم سے لیکر محمد علیہما السلام تک جتنے سچے مذہب خدا کی طرف سے آئے وہ سب ایک تھے چنانچہ درحقیقت آپ کی یہی تعلیم تھی، اسلام اسی ایک مذہب کا نام ہے، جو آدم سے محمد علیہما السلام

تک باری باری پیغمبرون کے ذریعہ سے آتا رہا، اور انسانون کو اس کی تعلیم دی جاتی رہی،

صحیفۂ محمدی نے ہمارے سامنے دو لفظ پیش کئے ہین ایک دین اور دوسرا شرعہ ومنسک اور منہاج شرعۃ اور منہاج کے معنی راستہ کے ہیں اور منسک کے معنی طریق عبادت کے ہین، دنیا مین یہ راز سب سے پہلے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے قلب پاک پر منکشف ہوا کہ دین الٰہی ہمیشہ سے ایک تھا ایک رہا اور ایک رہے گا نور معرفت ایک ہے خواہ وہ کتنی ہی مختلف شکل ورنگ کی قندیلون مین روشن ہو اصل دین میں تمام پیغمبرون کی تعلیم یکسان تھی ایک ہی دین تھا جس کو لیکر اول سے آخر تک تمام انبیا آتے رہے اس مین زمانہ مکان کے تغیر کو کوئی دخل نہ تھا، اور نہ قوم و ملک کے اختلاف سے اس مین کوئی اختلاف پیدا ہوا، وہ ہر زمانہ اور ہر مقام مین یکسان آیا، اور وہان کے پیغمبرون نے اس کی یکسان تعلیم دی

یہ دائمی حقیقت اور یکسان تعلیم کیا ہے؟ یہ مذہب کے اصل اصول ہین یعنی خدا کی ہستی کی توحید، اس کے صفات کاملہ، انبیاء اور مرسلین کی بعثت، خدا کی خالص عبادت، حقوق انسانی اخلاق فاضلہ، اچھے اور برے اعمال کی بازپرس، اور جزاء وسزا، یہ تمام مذاہب کے وہ بنیادی امور ہین جن پر جملہ مذاہب حقہ کا اتفاق ہے، اگر ان میں کسی جہت سے کوئی اختلاف ہے تو طریقۂ تعبیر کی غلطی ہے اور یا باہر سے آکر اس تعلیم میں کوئی نقص شامل ہوگیا ہے،

دوسری چیز جس کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زبان وحی ترجمان نے شرعہ، منہاج، اور منسک کہا ہے وہ جزئیات احکام اور متفقہ مقصد کے حصول کے جدا جدا راستے ہیں جو ہر قوم و مذہب کی زمانی و مکانی خصوصیات کے سبب سے بدلتے رہتے ہین، مثلاً عبادت الٰہی، ہر مذہب کا جزء لازم ہے لیکن طریق عبادت میں تھوڑا تھوڑا اختلاف ہر مذہب مین موجود ہے عبادت کیلئے کوئی خاص سمت ہر

مذہب نے مقرر کی ہے، مگر وہ سمت خاص خاص مصلحتوں کے لحاظ سے مختلف مقرر کی ہے، اسی طرح اعمال قبیحہ کا انسداد تمام مذاہب کا متفقہ نصب العین ہے، مگر اس انسداد کے راستے اور طریقے جدا جدا ہیں، غرض یہ راستے اور طریقے مختلف پیغمبروں کے زمانے میں اگر اصلاح و تبدیل کے قابل پائے گئے تو بدلتے رہے، مگر اصل دین جو ازلی سچائی اور ابدی طاقت ہے نا قابلِ تبدیل اور نا قابلِ تغیر رہا ہے۔

انبیاء علیہم السلام کا دنیا میں وقتاً فوقتاً ظہور اسی ضرورت سے ہوتا رہا کہ وہ اسی ازلی و ابدی صداقت کو ہمیشہ اہلِ دنیا کے سامنے پیش کرتے رہیں، اور دین کو اس کے اصل مرکز پر ہمیشہ قائم رکھیں، اور ساتھ ہی اپنی اپنی قوم و ملک اور زمانہ کے حالات کے مطابق خاص احکام اور جزئیات جو قوم کے مناسب حال ہوں، وہ اس کو بتائیں اور سکھائیں،

انبیاء کے سوانح پر نظر کرنے سے اس کی پوری تصدیق ہوتی ہے کہ ایک صاحبِ شریعت نبی کے بعد دوسرا صاحبِ شریعت نبی اسی وقت مبعوث ہوا ہے جب کہ اگلا صحیفۂ وحی جو دین و شریعت کا محافظ تھا، کھو گیا، یا انسانی دست برد سے ایسا بدل گیا کہ اس کی اصلیت مشتبہ ہوگئی، صحیفۂ ابراہیم کے گم ہو جانے کے بعد جس کا نہایت ناقص خلاصہ توراۃ کے سفر تکوین میں ہے صحیفۂ موسیٰ نازل ہوا، صحیفۂ موسیٰ کے نو پیدا اختلاف کو دور کرنے کے لیے زبور وغیرہ مختلف صحیفے آتے رہے، پھر انجیل آئی اور انجیل میں انسانی تصرفات کے راہ پانے کے بعد قرآن آیا، چونکہ قرآن دنیا کے آخر تک کے لیے آیا ہے، اس لیے ہر تحریف اور انسانی تصرف سے اس کی حفاظت کی گئی ہے، اور دنیا تک کی جائے گی، اسی لیے اس کے بعد کسی اور صحیفہ کی ضرورت نہیں ہوا، نہ کسی پیغمبر کی بعثت

Marfat.com

کی حاجت ہے البتہ اس کے معانی کی صحیح تشریح اور بدعات واحداثات کے انسداد کے لئے ائمہ، خلفاے مجددین، محدثین، اور علمائے راسخین پیدا ہوتے رہے ہیں، اور ہوتے رہیں گے، اور اُن کی اصلاح کی صداقت کی پہچان سنتِ محمدیؐ کا احیا، اور بدعات کا قلع قمع ہے۔

اب ہم کو پھر اوپر سے چلنا ہے، اور اپنے ایک ایک دعوی کو وحیٔ محمدی کی روشنی میں دیکھنا ہے "وحدتِ دین" کی حقیقت کو وحیِ اسلامی کے آخری ترجمان نے ان الفاظ میں ادا کیا ہے:

| | |
|---|---|
| شَرَعَ لَكُمْ مِنَ الدِّيْنِ مَا وَصّٰى | اس نے دین میں میرے لئے وہی راہ مقرر |
| بِهٖ نُوْحًا وَّالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ | کی جو نوحؑ سے کہی تھی، اور ہم نے تیرے پاس |
| وَمَا وَصَّيْنَا بِهٖٓ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى | جو حکم بھیجا اور جو کہدیا ہم نے ابراہیم سے اور |
| وَعِيْسٰٓى اَنْ اَقِيْمُوا الدِّيْنَ وَلَا | موسیٰ سے اور عیسیٰ سے، یہ کہ دین کو قائم رکھو، |
| تَتَفَرَّقُوْا فِيْهِ ۭ كَبُرَ عَلَى الْمُشْرِكِيْنَ | اور اس میں تفرقہ نہ ڈالو، مشرکوں کو جدھر تو |
| مَا تَدْعُوْهُمْ اِلَيْهِ ۭ اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ | بلاتا ہے، وہ اُن پر گراں گذرتا ہے خدا اپنی طرف |
| اِلَيْهِ مَنْ يَّشَاۗءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ | جس کو چاہتا ہے چن لیتا ہے، اور اپنی طرف |
| يُّنِيْبُ . وَمَا تَفَرَّقُوْٓا اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ | اس کو راہ دیتا ہے جو (اسکی طرف) رجوع |
| مَا جَاۗءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ۭ وَ | ہوتا ہے اور یہ تفرقے لوگوں نے وحی کا علم حقیقی |
| لَوْلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتْ مِنْ رَّبِّكَ اِلٰٓى | ملنے کے بعد آپس کی ضد اور تعصب سے پیدا |
| اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِيَ بَيْنَهُمْ ۭ وَاِنَّ | کئے ہیں، اور اگر تیرے رب کی طرف سے ایک |
| الَّذِيْنَ اُوْرِثُوا الْكِتٰبَ مِنْۢ بَعْدِهِمْ | بات وقت مقررہ تک کیلئے نہ ہوچکی ہوتی |

Marfat.com

لَفِي شَكٍّ مِّنْهُ مُرِيبٍ ۝ فَلِذٰلِكَ
فَادْعُ وَاسْتَقِمْ كَمَآ اُمِرْتَ ج وَلَا
تَتَّبِعْ اَهْوَآءَهُمْ ج وَقُلْ اٰمَنْتُ بِمَآ
اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنْ كِتٰبٍ ج وَاُمِرْتُ
لِاَعْدِلَ بَيْنَكُمْ ط اَللّٰهُ رَبُّنَا
وَرَبُّكُمْ لَنَآ اَعْمَالُنَا وَلَكُمْ
اَعْمَالُكُمْ ط لَا حُجَّةَ بَيْنَنَا وَ
بَيْنَكُمْ ط اَللّٰهُ يَجْمَعُ بَيْنَنَا ج وَ
اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ط

(شوریٰ-۲)

تو رکشف حقیقت کرکے، ان کے اختلافات کا
فیصلہ کردیا جاتا، اور جن کو ان اگلوں کے بعد کتاب
وراثت میں ملی، وہ اس امر حق کی طرف سے ایسے
شک میں ہیں، جو ان کو چین نہیں لینے دیتا، سو تو
سب کو اسی حقیقت کی طرف بلا، اور اسی پر
استواری سے قائم رہ، جیسا کہ تجھکو حکم دیا گیا ہے
اور ان تفرقہ اندازوں کی غلط خواہشوں کی پیروی
نہ کر، اور کہہ کہ میں ایمان لایا ہوں اس کتاب پر جو خدا
نے اتاری اور مجھے حکم ملا ہے کہ میں تمہارے بیچ میں
انصاف کروں، ہمارا رب اور تمہارا رب
وہی ایک اللہ ہے ہم کو ہمارے کاموں کا بدلہ ملیگا
اور تم کو تمہارے کاموں کا، ہم میں تم میں کوئی جھگڑا نہیں، اللہ ہم سب کو اکٹھا کرے گا، اور اسی کی طرف واپس جانا ہے۔

ان آیات مبارکہ میں کس خوبی کے ساتھ اس حقیقت کے چہرہ سے پردہ اٹھا گیا ہے اور بتایا گیا ہے کہ وہی ایک دین ہے جو نوح کو، ابراہیم کو، موسیٰ کو، اور تم کو اے محمد (صلوٰت اللہ علیہم) عطا کیا گیا ہے، اگلوں کے بعد پچھلوں نے جن کو یہ کتاب ملی، اپنے ذہنی تحریفات اور دستی تصرفات سے اس میں تفرقے پیدا کئے، اور آپس کی ضد اور تعصبات سے فرقہ داری کی الگ الگ راہیں نکالیں، پھر ارشاد ہوتا ہے کہ اس وحدت دین کی حقیقت کا یقین اہل کتاب کو نہیں ہے حالانکہ وہ شکوک و شبہات کے دلدل میں پھنسے ہوئے ہیں، پھر حکم ہوتا ہے کہ اے محمد رسول اللہ! تم اس حقیقت کی طرف

Marfat.com

لوگون کو بلاؤ، اور استواری کے ساتھ اپنی اس دعوت اور دعویٰ پہ قائم رہو، اور یہ اعلان کردو
کہ میرا مسلک یہ ہو کہ خدا کی طرف سے جو کتاب بھی دنیا مین آئی ہوئیں اُس کی صداقت کو تسلیم
کرتا ہون اور تم اے اہلِ کتاب جو مختلف فرقون اور مذہبون مین بٹ گئے ہو، تمھارے ساتھ انصاف
کرون یعنی جس میں جو سچائی ہے اس کو قبول کرون . یا معاملات میں تمھارے ساتھ عدل و انصاف
کرون پھر فرمایا ہمارا اور تمھارا خدا ایک ہی ہے، دو نہین، اگر اتحاد چاہو، تو اس نقطہ پر ہم تم متحد
ہوسکتے ہیں، البتہ ہمارے اور تمھارے راستون مین جو اختلاف ہو اُس کے ذمہ دار ہم تم خود ہین، نہ تم
ہمارے کاموں کے جوابدہ ہو اور نہ ہم تمھارے کاموں کے، اب ہمارے تمھارے درمیان یہاں کوئی جھگڑا نہین
اسی وحدت کی دعوت محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) کی زبانِ حق نے ایک اور آیت میں دی ہے

| | |
|---|---|
| يَا أَهْلَ الْكِتَابِ تَعَالَوْا إِلَى كَلِمَةٍ | اے کتاب والو! آؤ، ہم تم ایک بات پر جو ہمارے |
| سَوَاءٍ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ أَلَّا نَعْبُدَ | تمھارے درمیان یکسان ہے متفق ہوجائیں، |
| إِلَّا اللَّهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهِ شَيْئًا وَ | وہ یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی پرستش نہ کریں |
| لَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا أَرْبَابًا مِنْ دُونِ | اور نہ کسی کو اس کا شریک بنائیں، اور نہ |
| اللَّهِ ۚ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُولُوا اشْهَدُوا | آپس میں ایک، ایک کو خدا کو چھوڑ کر رب بنائے |
| بِأَنَّا مُسْلِمُونَ ، | اگر وہ اس کو قبول نہ کریں تو کہدے کہ تم گواہ |
| (آل عمران - ۷) | رہو کہ ہم حکم الٰہی کے تابع (مسلم) ہین، |

یہود و نصاریٰ جنھون نے اپنی فرقہ داریون سے اصل دین میں تفریقین پیدا کردی تھین
اُن کی طرف اشارہ کرکے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے فرمایا گیا،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| إِنَّ الَّذِيْنَ فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ وَكَانُوْا | بیشک وہ جنھوں نے اپنے دین میں الگ الگ |
| شِيَعًا لَّسْتَ مِنْهُمْ فِيْ شَيْءٍ ؕ إِنَّمَآ | راہیں نکالیں، اور کئی فرقے ہوگئے تجھکو اُن سے |
| أَمْرُهُمْ إِلَى اللّٰهِ ثُمَّ يُنَبِّئُهُمْ بِمَا | کوئی واسطہ نہیں، اُن کا معاملہ اللہ کے حوالہ ہے |
| كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ، (انعام - ۲۰) | وہی اُن کو جتا دے گا جو کچھ وہ کرتے تھے، |

پھر دونوں کو اس کے بعد ہی اصل "دین قیم" کی جو ابراہیم کا تھا دعوت دی گئی،

| | |
|---|---|
| قُلْ إِنَّنِيْ هَدٰىنِيْ رَبِّيْ إِلٰى صِرَاطٍ | کہدے کہ میرے خدا نے اس سیدھی راہ کی طرف |
| مُّسْتَقِيْمٍ، دِيْنًا قِيَمًا مِّلَّةَ إِبْرٰهِيْمَ | میری رہنمائی کی جو دین صحیح ذا براہیم حنیف کا |
| حَنِيْفًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ، (انعام ۲۰) | مذہب اور وہ (ابراہیم) مشرکوں میں سے نہ تھا، |

غرض اسلام وہ "دین قیم" ہے جو ہمیشہ انبیار کا دین رہا، اور موجودہ دینِ اسلام یہود ونصاریٰ کی تحریفات وتصرفات اور فرقہ پرویوں کو مٹا کر اسی ایک متحدہ دین کی پکار ہے جس کی طرف انبیار اپنے اپنے زمانوں میں ہمیشہ لوگوں کو بلاتے رہے، اسی لیئے اکثر انبیار علیہم السلام کے ناموں کو گنانے کے بعد محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو یہ ہدایت فرمائی گئی،

| | |
|---|---|
| أُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدَى اللّٰهُ | یہ وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت دی |
| فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ ؕ (انعام - ۱۰) | سو تو انہی کی راہ چل، |

بعض اسلامی حدود وشرائع کی تشریح کے بعد فرمایا گیا،

| | |
|---|---|
| يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُبَيِّنَ لَكُمْ وَيَهْدِيَكُمْ | خدا چاہتا ہے کہ تمھارے واسطے بیان کرے |
| سُنَنَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ، (نساء ۵) | اور تم کو اُن کے راستے دکھائے جو تم سے پہلے تھے، |

Marfat.com

اس سے معلوم ہوا کہ اسلام اپنے حدود و شرائع میں بھی اگلے پیغمبروں کی تعلیمات کیساتھ اتحاد رکھتا ہے اور یہ امر واقعہ ہے جو لوگ قرآن کا اسلئے انکار کرتے تھے کہ یہ کوئی الگ صحیفہ ہے ان سے کہا گیا

| | |
|---|---|
| إِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْأُولَىٰ | بے شبہہ یہ بات اگلے صحیفوں میں تھی یعنی |
| صُحُفِ إِبْرَاهِيمَ وَمُوسَىٰ، (اعلیٰ-۱) | ابراہیم اور موسیٰ کے صحیفوں میں، |

ایک اور آیت میں کہا گیا،

| | |
|---|---|
| وَإِنَّهُ لَفِي زُبُرِ الْأَوَّلِينَ، (شعراء-۱۱) | اور یہی پہلے پیغمبروں کی کتابوں میں تھا، |

ایک مقام پر یہ فرمایا گیا،

| | |
|---|---|
| مَا يُقَالُ لَكَ إِلَّا مَا قَدْ قِيلَ لِلرُّسُلِ | (اے محمد) تجھ سے (اس کتاب میں) وہی کہا |
| مِنْ قَبْلِكَ ط (حٰم السجدہ-۵) | گیا ہے جو تجھ سے پہلے پیغمبروں سے کہا گیا، |

اس اعلان میں یہ ظاہر کر دیا گیا کہ محمد رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) سے وہی کہا گیا جو اگلے پیغمبروں سے کہا جا چکا تھا، ان معنوں میں قرآن کوئی نئی دعوت لیکر نہیں آیا ہے بلکہ یہ اسی پرانی دعوت کی تکرار ہے جس کی آواز دنیا سے گم ہو چکی تھی، یا دب گئی تھی، اگر فرق ہے تو اجمال و تفصیل یا نقص و تکمیل کا کہ اسلام گذشتہ اجمال کی تفصیل اور دین سابق کی تکمیل ہے،

اس لئے اسلام یہ ہے کہ اس پر یقین کیا جائے کہ وحی کے آغاز سے آخر تک ایک ہی پیغام تھا جو آتا رہا، ایک ہی دین تھا، جو سکھایا جاتا رہا، اور ایک ہی حقیقت تھی جو دہرائی جاتی رہی لیکن وہ بار بار انسانوں کے نسیان و تغافل اور تصرف و تحریف سے بدلتی رہی گم ہوتی رہی، اور آخری دفعہ دنیا کے کمال بلوغ کے زمانہ میں وہ پوری حفاظت کے وعدہ کیساتھ محمد رسول اللہ صلعم کے ذریعہ مفصل

Marfat.com

اور کامل ہوکر نازل ہوئی، اور قیامت تک محفوظ و باقی رہے گی،

دوسری چیز جس کی مذہب میں ثانوی حیثیت ہے، اور جو اصل مقصد نہیں، ذریعہ ہو، وہ بدلتی رہتی ہے اور عہد محمدیؐ تک برابر بدلتی رہی ہے، اس کا نام شرعہ، منہاج اور منسک ہے، یہودیوں کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض تھا کہ آپ یہودی شریعت کے جزئیات میں کیوں تبدیلی کرتے ہیں، قرآن نے اس کے جواب میں یہی ہمیشہ کہا کہ یہ مقصود نہیں ذرائع ہیں، اصول نہیں فروع ہیں، ہر قوم کی مناسبت سے ان میں تغیر ہوتا رہا ہے، اور ہوتا رہے گا، اس کی ایک مثال قبلہ ہے، کہ مقصود اصلی نماز ہے، اور سمت کا تعین ایک فرعی اور ثانوی چیز ہے، بنی اسرائیل کو اپنی آبائی مسجد (بیت المقدس) سے گرویدگی تھی، وہ ان کا قبلہ ہوئی، ابراہیمی عربوں کو اپنی مرکزی مسجد (کعبہ) سے وہی وابستگی اور لگاؤ تھا اس لئے یہ ان کا قبلہ بنی، چنانچہ قرآن نے تعیین قبلہ کے موقع پر کہا،

| | |
|---|---|
| وَلِكُلٍّ وِّجْهَةٌ هُوَ مُوَلِّيهَا فَاسْتَبِقُوا الْخَيْرَاتِ (بقرہ - ۱۸) | اور ہر ایک کے لئے ایک سمت ہے جدھر وہ منہ کرتا ہے سو تم نیکیوں کی طرف سبقت کرو |

یعنی سمتوں اور جہتوں کی تعیین کو اہمیت کی چیز نہ سمجھو بلکہ نیکیوں کو اصلی اہمیت دو، اسی لئے فرمایا

| | |
|---|---|
| لَيْسَ الْبِرَّ أَنْ تُوَلُّوا وُجُوهَكُمْ قِبَلَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ وَلَكِنَّ الْبِرَّ مَنْ آمَنَ بِاللّٰهِ الآیۃ (بقرہ - ۲۲) | نیکی یہی نہیں کہ تم پورب یا پچھم کی طرف رخ کرو، بلکہ نیکی یہ ہے کہ خدا پر ایمان لائے (اور دوسرے نیک کام کرے) |

اسی طرح خانہ کعبہ کا حج یہودیوں میں نہ تھا، اسلام نے جب اس کو رکن قرار دیا تو کہا ہر قوم نے اپنے عام مذہبی اجتماع اور قومی عبادت کے لئے کوئی نہ کوئی طریقہ مقرر کیا ہے، اور اسلام نے ذاتہ

Marfat.com

کے حج کو اس لیئے تجویز کیا ہے،

لِكُلِّ اُمَّةٍ جَعَلْنَا مَنْسَكًا هُمْ نَاسِكُوْهُ فَلَا يُنَازِعُنَّكَ فِي الْاَمْرِ وَادْعُ اِلٰى رَبِّكَ ؕ اِنَّكَ لَعَلٰى هُدًى مُّسْتَقِيْمٍ ۝ وَاِنْ جَادَلُوْكَ فَقُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ، (حج - ۹)

ہر قوم کے لیئے ہم نے عبادت کا طریقہ بنایا جس کی اس قوم کے لوگ مذہبا پابندی کرتے ہیں، سو اس بات میں وہ تجھ سے جھگڑا نہ کریں تو اپنے رب کی طرف بلائے جا تو بیشک سوجھ کی سیدھی راہ پر ہے اور اگر وہ تجھ سے جھگڑنے لگیں تو کہدے کہ اللہ بہتر جانتا ہے جو تم کرتے ہو

سورۂ مائدہ میں عدل وانصاف اور قانونی جزا و سزا کے طریقوں کے ضمن میں اُن یہودیون اور عیسائیون سے جنھون نے اسلام قبول نہیں کیا یہی کہا گیا کہ وہ اپنی کتابون ہی کے احکام پر عمل کریں جن کو وہ چھوڑ بیٹھے ہین،

پہلے یہودیوں سے کہا،

اِنَّآ اَنْزَلْنَا التَّوْرٰىةَ فِيْهَا هُدًى وَّنُوْرٌ ۚ يَحْكُمُ بِهَا النَّبِيُّوْنَ الَّذِيْنَ اَسْلَمُوْا لِلَّذِيْنَ هَادُوْا وَالرَّبّٰنِيُّوْنَ وَالْاَحْبَارُ بِمَا اسْتُحْفِظُوْا مِنْ كِتٰبِ اللّٰهِ وَكَانُوْا عَلَيْهِ شُهَدَآءَ (مائدہ ۷-)

ہم نے توراۃ اتاری، اس میں ہدایت اور روشنی تھی، پیغمبر جو حکمبردار تھے وہ یہود کا فیصلہ کرتے، اور اُن کے عالم اور فقیہ کہ اللہ کی کتاب پر وہ نگہبان تھے اور وہ تھے اُس پر خبردار،

پھر عیسائی شریعت کی نسبت کہا:-

| | |
|---|---|
| وَقَفَّيْنَا عَلٰى آثَارِهِمْ بِعِيسَى ابْنِ | اور ہم نے ان پیغمبرون کے پیچھے مریم کے بیٹے |
| مَرْيَمَ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ | عیسیٰ کو بھیجا، سچ بتاتا ہوا اس کو جو اس کے |
| التَّوْرَاةِ وَآتَيْنَاهُ الْإِنْجِيلَ فِيهِ | پہلے تھا یعنی تورات اور ہم نے اس کو انجیل دی |
| هُدًى وَّنُوْرٌ وَّمُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ | اس میں ہدایت اور روشنی (ہے) اور تصدیق |
| يَدَيْهِ مِنَ التَّوْرَاةِ وَهُدًى وَّ | کرتی ہوئی اپنے سے پہلے کی یعنی تورات کی اور |
| مَوْعِظَةً لِّلْمُتَّقِيْنَ وَلْيَحْكُمْ أَهْلُ | ہدایت اور نصیحت پرہیزگارون کیلئے اور چاہیئے |
| الْإِنْجِيلِ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ فِيهِ ۚ | انجیل والے اس کا حکم دین جو اس میں خدا نے اتارا |

(مائدہ ۵)

اس کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کرکے کہا:۔

| | |
|---|---|
| وَأَنْزَلْنَا إِلَيْكَ الْكِتَابَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا | اور ہم نے تیری طرف یہ کتاب سچائی کیساتھ |
| لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ وَمُهَيْمِنًا | اتاری جو اپنے پہلے کی کتاب کی تصدیق کرتی |
| عَلَيْهِ فَاحْكُمْ بَيْنَهُمْ بِمَا أَنْزَلَ اللّٰهُ | اور امانت کیساتھ اس پر شامل ہو سو تو ان کے |
| وَلَا تَتَّبِعْ أَهْوَاءَهُمْ عَمَّا جَاءَكَ | درمیان اس کے مطابق فیصلہ کر جو خدا نے اتارا |
| مِنَ الْحَقِّ ۔ (مائدہ ۷) | تیرے پاس جو سچائی آئی ہوا اس کو چھوڑ کر ان کی |

(خواہشون کی پیروی نہ کر)

دیکھو کس خوبی کیساتھ صحیفہ محمدی نے اگلی کتابون کی تصدیق اور مدح و تعریف کی اور ان اہل مذاہب کو جو اسلام پر ایمان نہین لائے اپنی اپنی کتب منزلہ پر عمل کرنیکی دعوت دی اور پھر یہ دعویٰ کیا کہ قرآن تمام گذشتہ کتابون پر امین و محافظ بنکر آیا ہے اور اس مین ان سب کتابون کی سچائیان یکجا ہیں لیکن ان لوگون نے اپنی اپنی کتابون کو چھوڑکر اہوا (غلط خیالات و مضمون) کی پیروی شروع کردی

Marfat.com

یہ ہوا کیا ہیں، کتاب الٰہی میں تحریف و تصرف کرکے آسانیاں پیدا کرنا اور احکام الٰہی کے مقابلہ میں انسانی اجتہادات کی آمیزش (فَوَیۡلٌ لِّلَّذِیۡنَ یَکۡتُبُوۡنَ الۡکِتٰبَ بِاَیۡدِیۡهِمۡ ثُمَّ یَقُوۡلُوۡنَ هٰذَا مِنۡ عِنۡدِ اللّٰهِ" افسوس ہو اُن پر جو اپنے ہاتھوں سے کتاب بناتے ہیں، پھر کہتے ہیں کہ یہ خدا کی طرف سے ہے۔" (بقرہ - ۹) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوتا ہے کہ شریعت الٰہی کو چھوڑ کر اُن اہل کتاب کی اہوا کی پیروی نہ کریں، اس کے بعد عدود جزا و سزا میں ان خفیف اختلافات اور تبدیلیوں کو جو تورات، انجیل اور قرآن میں ہیں، غیر اہم بتایا گیا، فرمایا :-

لِکُلٍّ جَعَلۡنَا مِنۡکُمۡ شِرۡعَةً وَّ مِنۡهَاجًا ط (مائدہ - ۷) — ہم نے تم میں سے ہر ایک کے لیے ایک دستور اور ایک راستہ بنا دیا؛

انہی اختلافات کی بنا پر یہود اور نصاریٰ دونوں ایک دوسرے کو برسر باطل کہتے تھے،

وَقَالَتِ الۡیَهُوۡدُ لَیۡسَتِ النَّصٰرٰی عَلٰی شَیۡءٍ وَّ قَالَتِ النَّصٰرٰی لَیۡسَتِ الۡیَهُوۡدُ عَلٰی شَیۡءٍ وَّ هُمۡ یَتۡلُوۡنَ الۡکِتٰبَ (بقرہ ۱۴) — اور یہود نے کہا نصاریٰ کسی راہ پر نہیں، اور نصاریٰ نے کہا یہود کسی راہ پر نہیں، حالانکہ وہ دونوں خدا کی کتاب پڑھتے ہیں،

دونوں مل کر مسلمانوں سے کہتے تھے،

وَقَالُوۡا کُوۡنُوۡا هُوۡدًا اَوۡ نَصٰرٰی تَهۡتَدُوۡا (بقرہ - ۱۶) — اور انھوں نے کہا کہ یہودی یا نصرانی بنجاؤ تو ہدایت پاؤ گے،

ارشاد ہوا کہ تم دونوں اپنے اپنے الگ راستوں کو چھوڑ کر آؤ اور اصل دین ابراہیمی پر متفق ہو جاؤ،

قُلۡ بَلۡ مِلَّةَ اِبۡرٰهٖمَ حَنِیۡفًا ط وَ — کہ بلکہ ابراہیم کے دین کی پیروی کرو جو موحّد

Marfat.com

مَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ قُوْلُوْا اٰمَنَّا
بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى
اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ
وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى
وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ
بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ
فَاِنْ اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ
اهْتَدَوْا وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ
شِقَاقٍ ج (بقرہ - ۱۶)

تھا، مشرک نہ تھا، تم لوگ کہو کہ ہم خدا پر اور
جو کچھ ہماری طرف اترا، اور جو ابراہیم، اور
اسمٰعیل اور اسحٰق اور یعقوب اور اس کی اولاد
پر اتارا گیا، اور جو موسیٰ اور عیسیٰ کو دیا گیا اور
جو سب نبیوں کو اُن کے خدا کی طرف سے دیا
گیا سب پر ایمان لائے ہم ان رسولوں
میں فرق نہیں کرتے، اور ہم اس ایک خدا
کے تابع ہیں، تو اگر یہ بھی اسی طرح لائیں جس
طرح تم ایمان لائے ہو تو انھوں نے ہدایت پائی

اور اگر روگردانی کریں تو وہ ضد میں ہیں

یہود اور نصاریٰ کو یہ دعویٰ تھا،

لَنْ يَّدْخُلَ الْجَنَّةَ اِلَّا مَنْ كَانَ
هُوْدًا اَوْ نَصٰرٰى ، (بقرہ - ۱۳)

یہود اور نصاریٰ کے سوا کوئی جنت میں داخل
نہ ہوگا،

جواب دیا گیا،

تِلْكَ اَمَانِيُّهُمْ (بقرہ - ۱۳)

یہ ان کی باطل آرزوئیں ہیں،

بلکہ

بَلٰى مَنْ اَسْلَمَ وَجْهَهٗ لِلّٰهِ وَهُوَ
مُحْسِنٌ فَلَهٗٓ اَجْرُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ وَلَا خَوْفٌ

ان جس نے بھی اپنے کو خدا کا مطیع بنایا
اور وہ نیکو کار ہے، تو اس کی مزدوری اس کے

| | |
|---|---|
| عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (بقرہ ۱۳) | خدا کے پاس ہے نہ ان کو خوف ہوگا اور نہ غم، |

تمام اہل مذاہب کو یکساں خطاب کرکے فرمایا،

| | |
|---|---|
| إِنَّ الَّذِيْنَ آمَنُوْا وَالَّذِيْنَ هَادُوْا | بیشک جو ایمان لائے (یعنی مسلمان) جو یہودی |
| وَالنَّصَارٰى وَالصَّابِئِيْنَ مَنْ آمَنَ | ہوئے اور نصاریٰ اور صابی، جو بھی خدا پر اور |
| بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ وَعَمِلَ صَالِحًا | آخری دن پر ایمان لایا، اور نیک عمل کیا تو انکی |
| فَلَهُمْ أَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ وَلَا خَوْفٌ | مزدوری اُن کے پروردگار کے پاس ہے نہ اُن پر |
| عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ (بقرہ ۸) | خوف ہوگا، نہ وہ غمگین ہوں گے۔ |

اب جو ایمان لائے یعنی مسلمان، اور جو یہودی بنے، اور نصاریٰ اور صابئین اُن میں سے جو بھی اپنے اپنے دور نبوت میں خدا کی توحید پر، روز آخر کی صداقت پر ایمان لایا، اور اچھے عمل کئے، ان کو انکا پورا ثواب ملیگا یعنی جس نے بھی اپنے اپنے پیغمبر کی اصلی تعلیم اور سچی شریعت کے مطابق جو شرک وکفر اور بت پرستی سے یقیناً پاک تھی عمل کیا اسکو اس کا ثواب ملیگا، خدا کی توحید اور روز آخر کی صداقت پر ایمان لانا اور اچھے کام کرنا صرف عقل کی ہدایت سے نہیں ہو سکتا، بلکہ کسی رسول کی تعلیم ہی سے ہو سکتا ہے اور اس پر تمام اہل مذاہب کا اتفاق ہے اس لئے رسالت کی تصدیق بھی اُس کے ضمن میں داخل ہے کہ

| | |
|---|---|
| إِنَّ الَّذِيْنَ يَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ | بیشک جو اللہ اور اُس کے رسولوں کا انکار کرتے ہیں |
| وَيُرِيْدُوْنَ أَنْ يُّفَرِّقُوْا بَيْنَ اللّٰهِ وَ | اور چاہتے ہیں کہ اللہ اور اس کے رسولوں میں |
| رُسُلِهٖ وَيَقُوْلُوْنَ نُؤْمِنُ بِبَعْضٍ وَّنَكْفُرُ | جدائی کریں اور کہتے ہیں کہ ہم کسی کو مانتے ہیں اور |
| بِبَعْضٍ وَّيُرِيْدُوْنَ أَنْ يَّتَّخِذُوْا بَيْنَ ذٰلِكَ | کسی کو نہیں مانتے اور چاہتے ہیں کہ وہ اس میں |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| سَبِيْلًا، اُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰفِرُوْنَ | درمیان کا راستہ اختیار کریں، وہی حقیقی کافر |
| حَقًّا، وَاَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ عَذَابًا | ہیں، اور ہم نے کافروں کے لئے اہانت کرنیوالا |
| مُّهِيْنًا وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ | عذاب تیار کیا ہے، اور جو لوگ اللہ اور اس کے |
| وَلَمْ يُفَرِّقُوْا بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ اُولٰٓئِكَ | رسولوں پر ایمان لائے، اور اُن میں سے کسی کا |
| سَوْفَ يُؤْتِيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ وَكَانَ | بھی انکار نہیں کیا، یہ وہ ہیں جن کو انکی مزدوریاں |
| اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا، (نساء - ۲۱) | خدا دیگا، اور خدا بخشنے والا رحم کرنیوالا ہے، |

دوسری آیت میں ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ | مومن وہی ہیں جو خدا اور اُس کے رسول پر |
| وَرَسُوْلِهٖ، (نور - ۹) | ایمان لائے، |

اس بنا پر ان آیتوں سے دو باتیں معلوم ہوئیں ایک یہ کہ قبول عمل کے لئے ایمان شرط ہے، دوسری یہ کہ ایمان وعمل کے لئے نبی کی تصدیق ضروری ہے، اسی لئے اوپر جن چار فرقوں کا ذکر ہوا، چاروں وہ ہیں جو کسی نہ کسی پیغمبر کے ماننے والے ہیں، اس بنا پر کامل اسلام یہ ہے کہ تمام رسولوں کو صادق مانا جائے چنانچہ اس کی تفصیل سورۂ مائدہ میں ہے،

| | |
|---|---|
| قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لَسْتُمْ عَلٰى شَيْءٍ | کہدے اے کتاب والو! تم کچھ نہیں جبتک تم |
| حَتّٰى تُقِيْمُوا التَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ وَ | توراۃ اور انجیل کو اور جو کچھ تمہاری طرف اُتارا |
| مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ، وَلَيَزِيْدَنَّ | گیا اس کو قائم نہ کرو، اور (اے پیغمبر) جو تیری طرف |
| كَثِيْرًا مِّنْهُمْ مَّآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ مِنْ رَّبِّكَ | اترا ہے وہ اُن کی سرکشی اور انکار کو اور بڑھائے گا، |

| | |
|---|---|
| طُغْيَانًا وَّكُفْرًاۚ فَلَا تَاْسَ عَلَى | تو ان منکروں کا غم نہ کر، اس میں کوئی شبہ |
| الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | نہیں کہ جو مسلمان ہوئے اور جو یہودی ہوئے |
| وَالَّذِيْنَ هَادُوْا وَالصّٰبِئُوْنَ وَالنَّصٰرٰى | اور صابی اور عیسائی جو خدا پر اور روز قیامت |
| مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ وَعَمِلَ | پر ایمان لایا، اور اچھے کام کئے تو ان پر کوئی |
| صَالِحًا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ | خوف نہیں، اور نہ وہ غمگین ہوں گے، |
| يَحْزَنُوْنَ، (مائدہ ۱۰-۷) | |

اس کے بعد ہی اس کا ذکر ہے کہ یہودیوں نے ہمیشہ رسولوں کا انکار کیا، اور نصاری توحید کو چھوڑ کر تثلیث اور الوہیت مسیح میں مبتلا ہو گئے، اس لئے اصل اسلام سے یہ دونوں ہٹ گئے ہیں، فرمایا

| | |
|---|---|
| لَقَدْ اَخَذْنَا مِيْثَاقَ بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ | بیشک ہم نے بنی اسرائیل سے عہد لیا، اور انکی |
| وَاَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمْ رُسُلًا ؕ كُلَّمَا جَآءَهُمْ | طرف کئی رسول بھیجے، جب کبھی ان کے پاس |
| رَسُوْلٌ بِمَا لَا تَهْوٰٓى اَنْفُسُهُمْ فَرِيْقًا | کوئی رسول ان کی نفسانی خواہشوں کے خلاف |
| كَذَّبُوْا وَفَرِيْقًا يَّقْتُلُوْنَ وَحَسِبُوْٓا اَلَّا | احکام لیکر آیا، تو انھوں نے کتنوں کو جھٹلایا، |
| تَكُوْنَ فِتْنَةٌ فَعَمُوْا وَصَمُّوْا ثُمَّ | اور کتنوں کا خون کرنے لگے، اور خیال کیا کہ |
| تَابَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ ثُمَّ عَمُوْا وَصَمُّوْا | اس سے کچھ خرابی نہ ہوگی، سو اندھے ہو گئے اور |
| كَثِيْرٌ مِّنْهُمْ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌ بِمَا | بہرے، پھر خدا ان پر رجوع ہوا، پھر ان میں |
| يَعْمَلُوْنَ لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ | بہتیرے اندھے اور بہرے ہو گئے، اور اللہ |
| اللّٰهَ هُوَ الْمَسِيْحُ ابْنُ مَرْيَمَ وَقَالَ | دیکھتا ہے، وہ جو کرتے ہیں، بے شبہہ وہ کافر |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَلْمَسِيْحُ يٰبَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ اعْبُدُوا اللّٰهَ | ہوئے جنھوں نے یہ کہا کہ مریم کا بیٹا مسیح ہی اللہ |
| رَبِّيْ وَرَبَّكُمْ اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ | ہے، مسیح نے تو یہ کہا تھا کہ اے بنی اسرائیل اللہ |
| فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ | کو پوجو جو میرا اور تمھارا رب ہے، بیشک جو اللہ |
| النَّارُ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ اَنْصَارٍ | کا شریک بنائیگا تو اللہ نے اس پر جنت حرام |
| لَقَدْ كَفَرَ الَّذِيْنَ قَالُوْٓا اِنَّ اللّٰهَ ثَالِثُ | کردی اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے اور گنہگاروں |
| ثَلٰثَةٍ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ اِلَّآ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ | کی کوئی مدد کرنیوالا نہیں، بے شبہہ وہ کافر ہوئے |
| وَاِنْ لَّمْ يَنْتَهُوْا عَمَّا يَقُوْلُوْنَ لَيَمَسَّنَّ | جنھوں نے کہا اللہ تین میں تیسرا ہے حالانکہ کوئی |
| الَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ | اللہ نہیں مگر وہی ایک، اگر وہ اپنے اس قول سے |
| (مائدہ ۱۰ ـ) | باز نہ آئے تو اُن میں سے کافروں کو یقیناً دردناک عذاب پہنچیگا |

یہ تو اُن یہود و نصاریٰ کے ایمان کا حال تھا، اس کے بعد اسی رکوع میں اُن کے حسنِ عمل کا جائزہ لیا گیا ہے، اور اُسی کے بعد ہی اُن سے کہا گیا ہے،

| | |
|---|---|
| وَلَوْ كَانُوْا يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالنَّبِيِّ | اور اگر اللہ اور اُس نبی پر اور جو اس نبی پر اُترا |
| وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَا اتَّخَذُوْهُمْ اَوْلِيَآءَ | اُس پر یہ لوگ ایمان لے آتے تو اُن (مشرکوں) کو |
| وَلٰكِنَّ كَثِيْرًا مِّنْهُمْ فٰسِقُوْنَ (مائدہ ۱۱) | وہ اپنا دوست نہ بناتے لیکن اُن میں اکثر نافرمان ہیں۔ |

**اسلام یعنی تمام نبیوں اور رسولوں کے واحد اور مشترک دین کا اصل الاصول دو بنیادیں** ہیں توحید کامل اور رسالتِ عمومی یعنی اللہ تعالیٰ کو توحید کی تمام صفتوں میں کامل بلا شریک ماننا اور اُس کے تمام پیغمبروں اور رسولوں کو یکساں صادق اور راست باز تسلیم کرنا، چنانچہ فرمایا،

Marfat.com

اَفَغَيْرَ دِيْنِ اللّٰهِ يَبْغُوْنَ وَلَهٗۤ اَسْلَمَ مَنْ فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ طَوْعًا وَّ كَرْهًا وَّاِلَيْهِ يُرْجَعُوْنَ قُلْ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلَيْنَا وَمَاۤ اُنْزِلَ عَلٰۤى اِبْرٰهِيْمَ وَاِسْمٰعِيْلَ وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَاۤ اُوْتِىَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَالنَّبِيُّوْنَ مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ وَ مَنْ يَّبْتَغِ غَيْرَ الْاِسْلَامِ دِيْنًا فَلَنْ يُّقْبَلَ مِنْهُ وَهُوَ فِى الْاٰخِرَةِ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ،

(آلِ عمران - ۹)

کیا وہ دینِ الٰہی کے سوا کوئی اور دین چاہتے ہیں حالانکہ جو بھی آسمانوں میں اور زمین میں ہے (خوشی سے یا مجبوراً) خدا کا مسلم یعنی فرمانبردار ہے اور اسی کی طرف سب لوٹائے جائیں گے (اے پیغمبر) کہہ ہم اللہ پر اور جو اس نے ہم پر اتارا، اور جو ابراہیم پر اور اسمٰعیل پر اور اسحاق پر اور یعقوب پر اور ان کی اولادوں پر اترا اور جو کچھ موسیٰ اور عیسیٰ اور سب پیغمبروں کو ان کے رب کی طرف سے ملا ہم سب کی صداقت کو تسلیم کرتے ہیں ہم ان میں سے کسی میں کوئی فرق نہیں کرتے، اور ہم اسی خدا کے مسلم یعنی فرمانبردار ہیں، اور جو اسلام کے سوا کوئی اور دین چاہیگا، تو وہ اس سے قبول نہ کیا جائیگا، اور وہ آخرت میں نقصان اٹھانے والوں میں ہے۔

۱۵۰۰۰ ترجمہ نذیر احمد قرآن ایمان لانے والے

اس آیت سے ظاہر ہے کہ خدا پر اور تمام رسولوں پر ایمان لانا دینِ اللہ ہے، اور اسی کا نام اسلام ہے جس نے اس اصول کو قبول نہیں کیا، وہ آخرت میں نقصان اٹھائیگا آلِ عمران میں ہے کہ یہود و نصاریٰ تاویلاتِ باطلہ اور اتباعِ متشابہات کی وجہ سے گمراہ ہو گئے یعنی دینِ اسلام سے رو گرداں ہو کر اختلافات میں پڑ گئے، فرمایا،

اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ

بیشک دین خدا کے نزدیک اسلام ہے (۱)

وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا
مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ
وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ
سَرِيْعُ الْحِسَابِ فَاِنْ حَآجُّوْكَ فَقُلْ
اَسْلَمْتُ وَجْهِيَ لِلّٰهِ وَمَنِ اتَّبَعَنِ
(اٰل عمران - ۲)

جن کو کتاب دی گئی، انھوں نے علم آنے کے بعد
اُس میں آپس کی ضد کے سبب سے اختلاف کیا،
جو اللہ کی آیتوں کا انکار کریگا، تو اللہ جلد حساب
لینے والا ہے، تو اگر (اے پیغمبر) یہ تجھ سے جھگڑیں
تو کہدے کہ میں نے اور میرے پیرووں نے
تو اپنے کو خدا کا تابع فرمان (مسلم) کر دیا ہے،

اسی کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو حکم ہوتا ہے کہ یہود و نصاری سے سوال کریں کہ وہ اسلام کو قبول کرتے ہیں یا نہیں ؟

وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَ
الْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ فَاِنْ اَسْلَمُوْا
فَقَدِ اهْتَدَوْا وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا
عَلَيْكَ الْبَلٰغُ وَاللّٰهُ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ
(اٰل عمران - ۲)

اور اے پیغمبر، اُن سے جن کو کتاب دی گئی
اور عرب کے جاہلوں سے کہدے کہ کیا تم نے بھی
اسلام قبول کیا، اگر کیا تو انھوں نے سیدھی
راہ پائی، اور اگر انکار کیا تو تجھ پر صرف پہنچا
دینا ہے، اور اللہ بندوں کو دیکھتا ہے،

یہود و نصاری کو اس اسلام کے قبول کرنے پر ہدایت تامہ کے ملنے کی بشارت ہوئی

اس سے معلوم ہوا کہ اسلام "ہدایت تامہ" ہے، یہی وہ دین ہے جس کو یہود و نصاریٰ نے (تمام اہل مذاہب نے) جو کسی گذشتہ پیغمبر کی اُمت ہوں کھو دیا تھا، اور اب جس کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے دوبارہ دنیا میں پیش کیا گیا ہے، اس لئے جو ہدایت اُن قوموں کے پاس تھی وہ ناقص تھی، اور

Marfat.com

اسلام جس کو لے کر آیا وہ کامل ہے، نیز یہ معلوم ہوا کہ جن آیتوں میں یہ کہا گیا ہے کہ اب جو ایمان لائے اور جو یہودی ہوئے اور نصرانی اور صابی جو بھی خدا اور یوم اخر پر ایمان لایا، اور اُس نے نیک کام کیا، اُس کو خوف و غم نہ ہوگا" اُن مین خدا پر ایمان لانے سے مقصود توحید کامل ہے اور اُس کا یہ منشا نہیں کہ یہود و نصاریٰ اور صابی وغیرہ اپنے موجودہ گمراہ عقیدون کے باوجود نجات کے مستحق ہین، یہود و نصاریٰ کیا مسلمان بھی اُس توحید کامل کے بغیر نجات کے مستحق نہیں جب تک مسلمانون کا ایمان اور عمل صالح ٹھیک اُس تعلیم کے مطابق نہ ہو جو انکے رسول کے ذریعہ سے دنیا میں آئی ہو، یہ اصول ہر ایک کیلئے ہے خواہ وہ مسلمان ہو یا یہودی، عیسائی ہو یا صابی، غرض کسی نبی کی پیروی کا مدعی ہو۔

نبوت محمدیؐ کا یہ دعویٰ نہیں کہ وہی ایک ہدایت ہے، اور اُسکے سوا سب ضلالت ہے بلکہ یہ دعوی ہے کہ وہی ایک کامل ہدایت ہے، اور بقیہ مذاہب سابقہ موجودہ حالت مین ناقص ہیں یعنی وہ ابدی کامل ہدایت جو اپنے اپنے وقتون میں سب نبی لیکر آتے رہے چونکہ اُن کے پیرو اپنے تاویلات تحریفات، تصرفات، اور اختلافات سے اس کو برباد کر چکے تھے اس لئے محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اسی کو لیکر آخری دفعہ تشریف لائے، اور اب وہ ہدایت ہمیشہ کامل رہیگی کبھی ناقص نہ ہوگی، کیونکہ اُس کا صحیفہ ہدایت (قرآن) تحریف و اختلاف اور تصرف سے محفوظ و پاک رہیگا یہی وجہ ہے کہ یہود و نصاریٰ کو نبوّت محمدیؐ کی دعوت جہاں دی گئی ہے، ہدایت کی بشارت بھی سُنائی گئی ہے، چنانچہ اسی آیت میں جو ابھی اوپر گذری، یہ ہے،

وَقُلْ لِّلَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ وَالْاُمِّيّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ فَاِنْ اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا (آل عمران ٢) — اے پیغمبر! اُن سے جن کو کتاب دیگئی اور عرب کے جاہلوں سے کہہ کیا تم اسلام لائے، اگر اسلام لائے تو انھون نے سیدھی راہ پائی

سورۂ بقرہ میں ہے،

قُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْنَا — (اے مسلمانو!) کہو کہ ہم اللہ پر اور جو ہماری

وَمَآ اُنْزِلَ اِلٰٓى اِبْرٰهٖمَ وَاِسْمٰعِيْلَ — طرف اترا، اور جو ابراہیم پر اور اسمٰعیل پر اور اسحٰق

وَاِسْحٰقَ وَيَعْقُوْبَ وَالْاَسْبَاطِ وَمَآ — پر اور یعقوب پر اور اُن کی اولاد پر اترا، اور جو

اُوْتِيَ مُوْسٰى وَعِيْسٰى وَمَآ اُوْتِيَ النَّبِيُّوْنَ — موسیٰ کو اور عیسیٰ کو اور سب پیغمبروں کو اُن کے پروردگار

مِنْ رَّبِّهِمْ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ — کی طرف سے دیا گیا (سب پر) ایمان لائے ہم

مِّنْهُمْ وَنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ فَاِنْ — اُن میں سے کسی میں کچھ فرق نہیں کرتے اور

اٰمَنُوْا بِمِثْلِ مَآ اٰمَنْتُمْ بِهٖ فَقَدِ اهْتَدَوْا — ہم اُسی خدا کے مسلم یعنی فرمانبردار ہیں تو اگر

وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا هُمْ فِيْ شِقَاقٍ — یہ بھی اسی طرح مانیں جس طرح تم نے مانا تو انہوں

(بقرہ - ١٦) — نے سیدھی راہ پائی اور اگر وہ اس سے باز رہیں

یہود و نصاریٰ اور اہلِ کتاب کو تعلیمِ محمدیؐ کی طرف دعوت اسی ہدایت کے پانے کے لئے ہے جو اسلام یعنی انبیاء کے دینِ ازلی سے عبارت ہے اور جس کو لیکر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اس دنیا میں تشریف لائے اور اب فلاح و نجات اسی کے ماننے پر منحصر ہے۔

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ — جو اس کو جو تیری طرف (اے پیغمبر!) اترا اور

وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ — جو تجھ سے پہلے اترا، دونوں کو مانتے ہیں اور پچھلی

هُمْ يُوْقِنُوْنَ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى — زندگی پر یقین رکھتے ہیں، وہی اپنے پروردگار کی

مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ — ہدایت پر ہیں، اور وہی کامیاب ہیں،

Marfat.com

حضرت موسیٰؑ کے قصہ کے بعد فرمایا، کہ رحمتِ الٰہی گو عام ہو مگر یہ نعمتِ خاص طور سے اُن کا حصہ ہے جو تعلیمِ محمدی کو قبول کریں، اور وہی نجاتِ کامل کے مستحق ہیں،

وَرَحْمَتِي وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ
فَسَأَكْتُبُهَا لِلَّذِينَ يَتَّقُونَ وَيُؤْتُونَ
الزَّكَاةَ وَالَّذِينَ هُمْ بِآيَاتِنَا يُؤْمِنُونَ
الَّذِينَ يَتَّبِعُونَ الرَّسُولَ النَّبِيَّ
الْأُمِّيَّ الَّذِي يَجِدُونَهُ مَكْتُوبًا
عِنْدَهُمْ فِي التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيلِ
يَأْمُرُهُمْ بِالْمَعْرُوفِ وَيَنْهَاهُمْ
عَنِ الْمُنْكَرِ وَيُحِلُّ لَهُمُ الطَّيِّبَاتِ
وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ الْخَبَائِثَ وَيَضَعُ عَنْهُمْ
إِصْرَهُمْ وَالْأَغْلَالَ الَّتِي كَانَتْ عَلَيْهِمْ
فَالَّذِينَ آمَنُوا بِهِ وَعَزَّرُوهُ وَنَصَرُوهُ
وَاتَّبَعُوا النُّورَ الَّذِي أُنْزِلَ مَعَهُ
أُولَٰئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ ۝ قُلْ
يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنِّي رَسُولُ اللَّهِ إِلَيْكُمْ
جَمِيعًا الَّذِي لَهُ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ

اور میری رحمت ہر چیز کو سمائے ہو تو اس رحمت
کو میں اُن کے لیے لکھ دوں گا جو پرہیزگار ہیں اور
زکوٰۃ دیتے ہیں، اور جو ہمارے حکموں کو مانتے
ہیں، جو اس ان پڑھ، فرستادہ پیغمبر کی پیروی
کرتے ہیں جس کو وہ اپنے ہاں توراۃ اور انجیل
میں لکھا پاتے ہیں، جو اُن کو نیکی کا حکم دیتا ہے
اور بُرائی سے باز رکھتا ہے، اور اچھی چیزوں
کو اُن کے لئے حلال کرتا اور بُری چیزوں کو
حرام کرتا ہے، اور اُن کے بندھنوں کو اور اُن
زنجیروں کو جو اُن پر پڑی تھیں اتارتا ہے تو جنھوں
نے اس پیغمبر کو مانا اور اسکی تائید کی اور اسکی مدد
کی، اور اس روشنی کے پیچھے چلے جو اُس کے ساتھ اتری
وہی کامیاب ہیں، کہدے (اے پیغمبر!) کہ اے
انسانو! میں تم سب کی طرف اُس خدا کا رسول
ہوں جس کی آسمانوں اور زمین کی شہنشاہی ہے

Marfat.com

وَالْاَرْضِ ج لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ يُحْيٖ وَ يُمِيْتُ ص فَاٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ الَّذِيْ يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَكَلِمٰتِهٖ وَاتَّبِعُوْهُ لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُوْنَ (اعراف - ١٩)

اُس کے سوا کوئی خدا نہیں، وہی جلاتا، اور وہی مارتا ہے، سو اللہ اور اس کے اس اَن پڑھ پیغام رسان رسول پر ایمان لاؤ، جو اللہ پر، اور اس کی باتوں پر ایمان رکھتا ہے، اور اس رسول کی پیروی کرو تاکہ تم سیدھی راہ پاؤ،

ان آیات میں صاف ظاہر کر دیا گیا کہ گذشتہ مذاہب کے پیروؤں کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر ایمان لانا اس لیے ضروری ہے کہ وہ دینِ خالص جو انسانی تصرفات اور آمیزشوں سے مکدر ہو گیا تھا، وہ صحفِ الٰہی کی پیشینگوئیوں کے مطابق آپکے ذریعہ سے پھر نکھارا گیا ہے، اور جن اضافوں اور جزئیاتِ احکام کی سختیوں کو انسانوں نے اس میں شامل کر دیا تھا، وہ آپکے ذریعہ سے دور کی گئیں نیز آپ عالمگیر پیغمبر بنا کر مبعوث کئے گئے ہیں، اس لئے ہدایتِ تامہ، نبوتِ عمومی اور نجاتِ کامل اور فلاحِ عام، اب صرف وحیِ محمدیؐ کے اندر محدود ہے۔

الغرض دینِ محمدیؐ کو قبول کرنا اس لئے تمام انسانوں پر ضروری ہے کہ وہ دینِ ازلی جو ہر مذہب کا جوہر تھا اور جو اُس کے پیروؤں کی تحریف و تصرف سے برباد ہو گیا تھا اُسی کو صحیفۂ محمدیؐ لیکر آیا ہے، اب وہ ہمیشہ محفوظ رہے گا، کیونکہ اُس کا نبی خاتم النبیین، اس کا دین کامل دین، اور اُس کا صحیفہ تمام صحفِ الٰہی پر مہیمن اور حاوی ہے، اور قیامت تک خدا کی طرف سے اُس کی پوری حفاظت اور بقا کا وعدہ کیا گیا ہے، یہ چاروں دعوے یعنی تکمیلِ دین، قرآن کا مہیمن ہونا، قیامت تک اس کا محفوظ و باقی رکھنا، اور ختمِ نبوت حسبِ ذیل دلائل سے ثابت ہیں،

Marfat.com

تکمیلِ دین | قرآن کے سوا کسی اور صحیفہ نے یہ دعویٰ نہیں کیا کہ وہ مکمل ہے اور اس کے ذریعہ سے دینِ الٰہی اپنے تمام اصول وفروع (مناسک ومناہج وشرائع) کے لحاظ سے تکمیل کو پہنچ گیا، بلکہ گذشتہ مذاہب میں سے ہر ایک نے اپنے وقت میں یہی کہا کہ اُس کے بعد ایک اور نبوت آئیگی، جو اُس کے کام کی تکمیل کرے گی، خدا نے حضرت موسیٰؑ سے فرمایا،

"میں اُن کے لیے اُن کے بھائیوں میں سے تجھ سا ایک نبی برپا کروں گا، اور اپنا کلام اس کے منہ میں ڈالوں گا، اور جو کچھ میں اُسے فرماؤں گا، وہ سب اُن سے کہیگا" (استثنا، ۱۸-۱۹)

اس سے معلوم ہوا کہ حضرت موسیٰؑ کے بعد اُن کے مانند ایک اور نبی آنیوالا تھا، جس کے منہ میں اللہ تعالیٰ خود اپنا کلام ڈالے گا، اس سے ثابت ہوا کہ حضرت موسیٰؑ کی طرح ایک اور صاحبِ شریعت نبی خدا کے نئے کلام کیسا تھ آئے گا، اسی طرح حضرت عیسیٰؑ نے بھی کہا

"لیکن وہ فارقلیط (احمد) پاکیزگی کی روح ہے، جسے باپ (خدا) میرے نام سے بھیجے گا وہی تمھیں سب چیزیں سکھائے گا، اور سب باتیں جو میں نے تم سے کہی ہیں تمھیں یاد دلائیگا" (یوحنا ۱۴-۲۶)

اور وہ فارقلیط (احمد) آکر دنیا کو گناہ سے راستی اور عدالت سے قصوروار ٹھہرائیگا گناہ اس لیے کہ وہ مجھ پر ایمان نہیں لائے ...... میری اور بہت سی باتیں ہیں کہ میں تم سے کہوں پر اب تم اُن کی برداشت نہیں کر سکتے لیکن جب وہ یعنی سچائی کی روح آئے گی تو وہ تمھیں ساری سچائی کی راہ بتائے گی، اس لیے کہ وہ اپنی نہ کہے گی لیکن جو کچھ سنے گی، سو کہے گی، میری بزرگی کرے گی، (یوحنا ۱۶-۸)

حضرت عیسیٰؑ نے بھی اپنے کلام کو ہنوز ناتمام ہی فرمایا، اور ایک آیندہ آنیوالے کا پتہ دیا

جو اُس کی تکمیل کرے گا،

آخر وہ موعود الامم (صلی اللہ علیہ وسلم) آیا اور دعوی کیا کہ میں موسیٰ کے مانند بنی اسرائیل کے بھائیوں یعنی بنی اسماعیل میں سے آیا ہوں، اور میرے منہ میں خدا نے اپنی بولی ڈالی ہے اور یہ دعویٰ کیا کہ میں ہی وہ سچائی کی روح ہوں جو مسیح کی اصلی برائی ظاہر کرنے، سچائی کی راہ بتانے، اور مسیح کی ادھوری بات کو کامل کرنے کے لیے آئی ہے میں اپنی نہیں کہتا بلکہ وہی کہتا ہوں جو اوپر سے سنتا ہوں آخر زمانۂ نبوت کے ختم پر وحی الٰہی نے اسکی زبان سے یہ اعلان عام کیا،

اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ وَ اَتْمَمْتُ عَلَیْکُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَکُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًاؕ (مائدہ-۱)

آج میں نے تمہارا دین کامل کر دیا، اور اپنی نعمت تم پر تمام کردی، اور تمہارے لیے اسلام کا دین پسند کیا،

اسی تکمیل کا یہ اثر تھا کہ اُس نے یہود کے بعض سخت فقہی احکام کو، جو اُن کی سخت گیری کے لیے اُن پر عائد تھے، اور اصل دین ابراہیمی میں داخل نہ تھے[1] یا انسانوں کے اضافے اور تصرفات تھے بدل کر ایسے مناسب اور آسان احکام عطا کیے، جو ہر زمانہ کے لیے موزون ہوسکتے ہیں، اسی لیے اس نے کسی اپنے بعد میں آنے والے پیغمبر کی پیشینگوئی نہیں کی، نہ کسی نئے کلام کے نزول کی خبر دی، نہ کسی نئی شریعت کا منتظر کیا کہ تکمیل کے بعد اب کسی نئے آنیوالے کسی نئے کلام، اور کسی نئی شریعت کا موقع کہاں ؟ اور اسی بنا پر قرآن نے ہر جگہ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ (جو محمد صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے نازل کیا گیا) پر ایمان لانے کی تاکید کی لیکن وَمَا اُنْزِلَ مِنْ بَعْدِكَ کے قبول کرنیکا کہیں اشارۃً تک نہیں کیا

[1] دیکھو آیت كُلُّ الطَّعَامِ كَانَ حِلًّا لِّبَنِيٓ اِسْرَآءِيْلَ اِلَّا مَا حَرَّمَ اِسْرَآءِيْلُ عَلٰى نَفْسِهٖ الایہ (آل عمران-۱۰)

Marfat.com

قرآن مہیمن کتب ہے | اس دین کامل کا صحیفہ تمام اگلی کتابون کا مصدق ہے،

مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ (مائدہ - ٧) اپنے آگے کی کتابون کی تصدیق کرنیوالا،

وہ تمام اگلی کتابون کی صداقتون اور تعلیمون پر مشتمل ہے اس لئے جو کوئی اس صحیفہ کو قبول کرتا ہے، وہ تمام اگلی کتابون کی صداقتون اور تعلیمون کو قبول کرلیتا ہے، یہ حیثیت قرآن کے سوا کسی دوسرے صحیفہ کو حاصل نہیں فرمایا،

وَاَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتٰبِ وَمُهَيْمِنًا عَلَيْهِ (مائدہ - ٧)

اور ہم نے (اے محمد!) تیری طرف سچائی کیساتھ یہ کتاب اُتاری، جو اپنے سے پہلے کی کتاب کی تصدیق کرتی ہے، اور اس پر شاہد وحاوی ہے،

لفظ مہیمن کی تفسیر اہل زبان مفسرین نے یہ کی ہے،

ابن عباسؓ شاہد اور امین، قرآن اپنے پہلے کی ہر کتاب کا امین ہے،

قتادہؒ قرآن سے پہلے جو کتابیں تھیں اُن کا وہ امین اور شاہد ہے،

غرض قرآن اگلی کتابون کی صداقتوں اور سچی تعلیمون کی امانت اپنے اندر رکھتا ہے،

قرآن محفوظ ہے اور رہیگا | پیغمبر کی تعلیم کی حفاظت اُس کے صحیفۂ الٰہی کی حفاظت پر موقوف ہے، قرآن سے پہلے کوئی کتاب الٰہی دانستہ اور نادانستہ لفظی تحریفات اور تصرفات سے پورے طور پر بری نہیں رہی لاکھون پیغمبرون میں سے چند کے سوا کسی کا صحیفہ دنیا میں باقی نہیں اور جو باقی ہے وہ دنیا ہو ہو کر نئے نئے قالب میں بدلتا رہا ہے، توراۃ جل جل کر خاک ہوئی پھر ان سوختہ اوراق سے تحریر کی گئی اور ترجمون کی تحریفات سے اپنی اصل کھو بیٹھی انجیل میں تحریف دبدل تو اسی زمانہ میں شروع ہو چکا تھا

پھر ترجموں کی کثرت ہونے نے حقیقت بالکل مشتبہ کر دی، زرتشت کا صحیفہ سکندر کے نذر ہوا، اب صرف گاتھا کا ایک حصہ بچا کھچا رہ گیا ہے ان کتابوں کا یہ حال اس لئے ہوا کہ اللہ تعالیٰ نے اُن کو دائمی اور آخری کتابیں بنا کر نہیں بھیجا تھا، اسی بنا پر اُن کی دائمی حفاظت کا وعدہ نہیں کیا گیا لیکن قرآن کی نسبت یہ وعدہ ہوا کہ وہ ہمیشہ کے لئے باقی اور محفوظ رہے گا، اس کی بقا اور حفاظت کی ذمہ داری خود اللہ تعالیٰ نے اپنے اوپر لی، فرمایا، اور کس وثوق سے فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّكْرَ وَاِنَّا لَهٗ لَحَافِظُوْنَ، (حجر-۱) | ہم نے اس نصیحت (کی کتاب) کو اتارا، اور بے شبہ ہم ہی اُس کی حفاظت کرنیوالے |

یہ وعدۂ الٰہی ایک اور آیت میں ان الفاظ میں دہرایا گیا ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّ عَلَيْنَا جَمْعَهٗ وَقُرْاٰنَهٗ، فَاِذَا قَرَاْنٰهُ فَاتَّبِعْ قُرْاٰنَهٗ، ثُمَّ اِنَّ عَلَيْنَا بَيَانَهٗ، (قیامہ-۱) | بیشک ہمارے ذمہ ہے اس (قرآن) کو سمیٹ کر رکھنا، اور اُس کا پڑھنا، پھر جب ہم پڑھیں تو تو اُس کے پڑھنے کیساتھ رہ پھر بے شبہ ہم پر ہے اس کو کھول کر بتانا |

اس آیت میں قرآن کی قرأت یعنی لفظاً وعبارتاً اور بیان یعنی معنی دونوں کی ذمہ داری خدائے تعالیٰ نے خود اپنے اوپر لی ہے، تیسری آیت میں اس کی تصریح ہے کہ اس حق میں باطل کی آمیزش کبھی راہ نہ پاسکے گی، فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَاِنَّهٗ لَكِتٰبٌ عَزِيْزٌ، لَّا يَاْتِيْهِ الْبَاطِلُ مِنْۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَلَا مِنْ خَلْفِهٖ | اور بیشک یہ قرآن ایک ایسی کتاب ہے جو غالب ہے، باطل نہ اُس کے سامنے سے اور نہ اس کے |

Marfat.com

تَنْزِيْلٌ مِّنْ حَكِيْمٍ حَمِيْدٍ، پیچھے سے اُس کے پاس آئے گا، ایک حکمت والے

(حٰم السجدہ ۵-۵) اور خوبیوں والے کی طرف سے اترا،

اس کتاب کو غالب فرمایا گیا، یعنی جو اپنے ہر حریف کو اپنے دلائل کے زور سے پست کریگی، باطل نہ اُس کے سامنے سے اُس میں مل سکتا ہو، اور نہ پیچھے سے، یعنی نہ لفظ وعبارت کی طرف سے اور نہ حقیقت و معنی کی جہت سے، کیونکہ وہ ایک حکمت والے کی طرف سے اُتری ہو، اس لیے وہ اپنی حکمت و دانائی کی تعلیم سے غالب رہیگی، اور چونکہ وہ ایک سراسر خوبیون والے کی جانب سے عطا ہوئی ہو، اس لیے ہر باطل کے عیب سے پاک رہے گی،

یہ قرآن کا اپنا دعویٰ ہو کہ اور ساڑھے تیرہ سو برس کی تاریخ اُس کی صداقت پر گواہ ہو،

ختم نبوت | مقدماتِ بالا کا نتیجہ گو خود یہ ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی نبی کی، قرآن کے بعد کسی صحیفہ کی، اور اسلام کے بعد کسی دین کی ضرورت نہ ہو، لیکن وحی محمدیؐ نے ہر شک کے ازالہ کے لیے آگے بڑھکر یہ تصریح بھی کردی کہ اب نبوت و رسالت کا سلسلہ ختم ہوگیا، اور آپ کے بعد کسی نبی کی حاجت نہیں کہ دین کامل اور صحیفۂ الٰہی محفوظ ہو چکا، اور ہدایتِ ربانی کے دروازہ کے بند ہونے کا خطرہ دور ہوگیا، چنانچہ خود تاریخ انسانی گواہ ہے کہ بعثتِ محمدیؐ کے بعد سے دنیا کی حالت بدل گئی، متفرق قومیں پیوستہ ہوگئین، زمین کے کونے ایک دوسرے سے مل گئے اور توحید کامل کا غلغلہ عرش سے فرش تک بلند ہوگیا، اور خدا کے تمام رسولوں کو سچا اور صادق ماننے کا ولولہ آہستہ آہستہ ترقی پانے لگا، یہان تک کہ اُن قومون نے بھی جو مسلمان نہیں ہوئین، ان دونوں صداقتون کو اصولاً تسلیم کرلیا،

Marfat.com

**وحدتِ ادیان اور دینِ اسلام**

تفصیل بالا کے بعد یہ واضح ہوگیا کہ وحدتِ ادیان کا منشا کیا ہے یعنی یہ کہ اصل میں ایک ہی دین ہے جو تمام انبیاء کا مذہب رہا لیکن وہ بعد کو اُن کے پیروؤں کے صحائف میں تحریف و تصرف کے سبب سے بگڑتا رہا، اسی دینِ ازلی کو لے کر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم آئے، اور اسی کا نام اسلام ہے، جو اپنے صحیفہ کی بقا و حفاظت اور دین کی تکمیل اور نبوت کے اتمام کے سبب سے ہمیشہ قائم و باقی رہے گا، اگر تمام مذاہبِ سابقہ اپنے اپنے اس اصل دین پر آجائیں جس کی تعلیم اُن کے پیغمبروں نے دی تھی، تو وہ وہی دینِ ازلی ہوگا جس کا نام اسلام ہے، اور نوحؑ ابراہیمؑ موسیٰؑ عیسیٰؑ اور محمدؐ میں سوائے اجمال و تفصیل کے کوئی فرق نہ رہے گا، اسی لئے فرمایا گیا،

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ أُوتُوا الْكِتَابَ آمِنُوا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ مِنْ قَبْلِ أَنْ نَطْمِسَ وُجُوهًا فَنَرُدَّهَا عَلَىٰ أَدْبَارِهَا أَوْ نَلْعَنَهُمْ كَمَا لَعَنَّا أَصْحَابَ السَّبْتِ (نساء - ۷)

اے وہ لوگو جن کو پہلے کتاب دی گئی، اس سے پہلے کہ ہم چہروں کو بگاڑ دیں، اور اُن کو پیٹھ کی طرف پھیر دیں، یا سبت کے گنہگاروں پر جس طرح لعنت کی تھی ہم اُن پر لعنت کریں، اس وحی پر ایمان لاؤ جو ہم نے اب اُتاری (قرآن) جو اُن تعلیمات کی جو تمھارے پاس ہیں تصدیق کرنیوالی ہے

مشرکینِ عرب سے زیادہ اہلِ کتاب کو اس حقیقت کے سمجھنے کا زیادہ استحقاق تھا، اس لئے اُنہی کو سب سے پہلے اس کا منکر نہ ہونا چاہئے،

وَآمِنُوا بِمَا أَنْزَلْتُ مُصَدِّقًا لِمَا مَعَكُمْ وَلَا تَكُونُوا أَوَّلَ كَافِرٍ بِهِ (بقرہ - ۵)

اور جو کتاب ہم نے اب اُتاری جو تمھاری پاس کی کتاب کو سچا بتاتی ہے اس پر ایمان لاؤ اور تم ہی پہلے اس کے منکر نہ بنو

لیکن اُن کی حالت یہ ہوئی کہ

| | |
|---|---|
| وَاِذَا قِیْلَ لَھُمْ اٰمِنُوْا بِمَآ اَنْزَلَ اللّٰہُ | اور جب اُن سے کہا گیا کہ خدا نے جو بھی اُتارا، اس |
| قَالُوْا نُؤْمِنُ بِمَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا وَیَکْفُرُوْنَ | پر ایمان لاؤ، تو جواب دیا کہ جو ہم پر اترا ہم اُس کو |
| بِمَا وَرَآءَہٗ، وَھُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا | مانتے ہیں، اور وہ اس کے سوا کا انکار کرتے ہیں |
| مَعَھُمْ، (بقرہ - ۱۱) | حالانکہ یہی (قرآن) حق ہے، اور جو اس کے پاس ہے |

اس کے برخلاف محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے جس دین کو پیش کیا اسکی بنیاد تمام اگلی نبوتوں اور کتابوں کی صداقت کے تسلیم کرنے پر رکھی گئی، یہی سبب ہے کہ اسلام نے کسی مسلمان کے ہونے کے لئے صرف یہی ضروری نہیں قرار دیا کہ وہ تنہا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوت پر ایمان لائے، بلکہ یہ بھی قرار دیا کہ وہ تمام نبوتوں اور صحیفوں پر ایمان لائے، چنانچہ خود قرآن کی شہادت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو صرف اسی کی تکلیف نہ تھی کہ آپ کے ہموطن آپکے صحیفہ کو نہیں مانتے تھے بلکہ اس کی بھی تھی کہ وہ اگلے صحیفوں کو بھی نہیں مانتے تھے، سورہ سبا میں ہے،

| | |
|---|---|
| وَقَالَ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِھٰذَا | اور منکروں نے کہا کہ ہم اس قرآن پر ہرگز |
| الْقُرْاٰنِ وَلَا بِالَّذِیْ بَیْنَ یَدَیْہِ | ایمان نہ لائیں گے، اور نہ اس سے اگلی کتاب |
| (سبا - ۴) | پر (یعنی توراۃ پر) |

اور اسی لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے تصریح کے ساتھ فرمایا کہ جو میری عبودیت اور رسالت کے ساتھ عیسیٰ ابن مریم کو بھی خدا کا بندہ اور اس کا رسول، اور کلمہ اور خدا کی طرف سے آئی ہوئی روح تسلیم کریگا وہ جنت میں جائیگا (بخاری کتاب الانبیاء ذکر عیسیٰ) الغرض وہ ازلی وابدی دین صرف ایک ہی تھا

Marfat.com

اور تمام انبیاء علیہم السلام اسی ایک پیغام کو لیکر دنیا میں آئے تھے یہی وحدتِ دین کی وہ حقیقت ہے جس کو قرآن نے اپنے ان الفاظ میں ادا کیا ہے،

| | |
|---|---|
| یٰۤاَیُّهَا الرُّسُلُ كُلُوْا مِنَ الطَّیِّبٰتِ وَ | اے پیغمبرو ! ستھری چیزیں کھاؤ، اور بھلا کام |
| اعْمَلُوْا صَالِحًا اِنِّیْ بِمَا تَعْمَلُوْنَ | کرو میں تمہارے کاموں سے آگاہ ہوں اور بیشک |
| عَلِیْمٌ ، وَاِنَّ هٰذِهٖۤ اُمَّتُكُمْ اُمَّةً | تم سب کی امت ایک امت ہی، اور میں تم |
| وَّاحِدَةً وَّاَنَا رَبُّكُمْ فَاتَّقُوْنِ فَتَقَطَّعُوْۤا | سب کا (ایک) پروردگار ہوں، تو مجھ سے |
| اَمْرَهُمْ بَیْنَهُمْ زُبُرًا ، كُلُّ حِزْبٍۭ بِمَا | ڈرتے رہو، تو اُن کے پیرووں نے اپنے مذہب کو |
| لَدَیْهِمْ فَرِحُوْنَ . (مومنون - ۴) | آپس میں ٹکڑے ٹکڑے ڈالا، ہر فرقہ اپنے پاس جو کچھ ہے اس پر نازاں ہے |

اسی حقیقت کی مزید تشریح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے ان الفاظ میں فرمائی ہے

| | |
|---|---|
| اَلْاَنْبِیَاءُ اِخْوَةٌ لِعَلَّاتٍ اُمَّهَاتُهُمْ | تمام انبیاء ایسے بھائی ہیں جن کا باپ ایک ہے |
| شَتّٰی وَ دِیْنُهُمْ وَاحِدٌ ، | اور مائیں مختلف ہیں، اور ان کا دین ایک ہے |

(بخاری کتاب الانبیاء ذکر عیسیٰ)

---

# پچھلے دن اور پچھلی زندگی پر ایمان

وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ، (بقرہ-۲۲) وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ، (بقرہ-۱)

اسلام کے سلسلۂ ایمانیات کی آخری کڑی[1] ایک پچھلے دن اور پچھلی زندگی یا پچھلی دنیا پر یقین کرنا ہے۔ سورۂ بقرہ کے پہلے ہی رکوع میں ہدایت یاب اور کامیاب انسانوں کے ایمانیات کی آخری دفعہ یہ بیان کی گئی ہے،

وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ (بقرہ-۱) اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں،

مَنْ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ (۔ ۲۲) جو اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لایا،

اَلَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ (توبہ) جو اللہ اور پچھلے دن پر ایمان لائے ہیں،

"آخرۃ" کے لفظی معنی "پچھلی" کے ہیں، اور یہ لفظاً صفت ہے، عربی میں اوصاف کو موصوف کا قائم مقام کر کے اکثر موصوف کو حذف کر دیتے ہیں، مثلاً "دنیا" کے لفظی معنی "قریب ترین" کے ہیں، اور یہ صفت ہے اس کا موصوف الحیاۃ (زندگی) یا الدار (گھر) ہے اس لیے الدنیا کا مفہوم الحیاۃ الدنیا (قریب ترین زندگی، یعنی اس عالم کی موجودہ زندگی)

[1] قرآن پاک میں جہاں جہاں ایمان کے تفصیلات ذکر کیے گئے ہیں، ان یوم آخر پر ایمان سب سے آخر میں بیان کیا گیا ہے،

یا الدّار الدُّنیا (قریب ترین گھر یعنی موجودہ عالم) ہے، اسی طرح الآخر اور الآخرۃ کا مفہوم الیوم الآخر والحیوۃ الآخرۃ والدار الآخرۃ (پچھلا دن اور پچھلی زندگی، اور پچھلا آنیوالا گھر ہے) یعنی موجودہ زندگی کے بعد آنیوالی دوسری دنیا کی زندگی اور گھر، اور قرآن پاک میں یہ لفظ انہی معنوں میں کیسیؔ مقام پر آیا ہے اور ہر جگہ اس کا محذوف موصوف حیاۃ (زندگی) یا دار (گھر) ہے.

چنانچہ حسب ذیل آیتوں کے پڑھنے سے یہ حقیقت منکشف ہوگی،

وَ لَلدَّارُ الْاٰخِرَۃَ لَھِیَ الْحَیَوَانُ (عنکبوت) اور بیشک آخری گھر اصلی زندگی ہے،

وَالدَّارُ الْاٰخِرَۃُ خَیْرٌ (انعام-۴) اور بیشک آخری گھر بہتر ہے،

ان دونوں آیتوں میں دار یعنی گھر کا لفظ موجود ہے،

اَرَضِیْتُمْ بِالْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا مِنَ الْاٰخِرَۃِ (توبہ-۲) کیا پچھلی زندگی کو چھوڑ کر اس موجودہ زندگی پر تم راضی ہوگئے،

اَلَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَکَذَّبُوْا بِلِقَآءِ الْاٰخِرَۃِ وَاَتْرَفْنٰھُمْ فِی الْحَیٰوۃِ الدُّنْیَا (مومنون-۳) جنھوں نے انکار کیا، اور پچھلی (زندگی) کی ملاقات کو جھٹلایا، اور ہم نے موجودہ زندگی میں اُن کو نعمت دی،

ان آیتوں میں "الحیاۃ الدنیا" یعنی موجودہ دنیا کے تقابل سے ظاہر ہے کہ الآخرۃ مراد الحیاۃ الآخرۃ یعنی پچھلی زندگی ہے[1]. اور اس لفظ کے عموم میں وہ تمام منازل و مقامات داخل ہیں، جو ابتدائے موت سے لیکر حشر و نشر اور اس کے بعد پیش آتے ہیں یا آئیں گے، چنانچہ احادیث

---

[1] دنیا اور آخرت کا یہ تقابل قرآن پاک کی بیشمار آیتوں میں موجود ہے، جو حضرت عیسیٰ کے متعلق ہے،

Marfat.com

سے ثابت ہے کہ اس آیت میں:

يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَ فِي الْاٰخِرَةِ ۝ (ابراھیم-۶)

جو ایمان لائے اُن کو اللہ حیاتِ دنیا میں اور آخرت میں اس پکی بات (کلمۂ توحید) پر مضبوط رکھے گا،

اس آیت میں "آخرت" سے مراد "عالم برزخ" ہے، اور قرائن بھی اسی پر دلالت کرتے ہیں کہ قیامت میں قولِ ثابت پر قائم رہنا کونسی بڑی بات ہوگی جبکہ ہر چیز اُس وقت واضح اور نمایاں ہوگی، اسلئے اس آیت میں "آخرۃ" سے مراد عالم برزخ کے سوا کچھ اور مراد نہیں ہو سکتا، ایک

---

بقیہ حاشیہ ص ۶۳۳ | وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ (آل عمران-۵) دنیا اور آخرت میں معزز

سلسلۂ دعا میں ہے.

رَبَّنَا اٰتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً ۝ (بقرہ ع - ۲۵)

پروردگار ہم کو دنیا میں نیکی اور آخرت میں نیکی دے.

کفار کے بطلانِ عمل کے ذکر میں ہے.

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ، (بقرہ ۲۷) اُن کے عمل دنیا اور آخرت میں گر گئے،

اِسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى الْاٰخِرَةِ، (نحل ۱۴) انھوں نے دنیا کی زندگی کو آخرت پر ترجیح دی

نَحْنُ اَوْلِيٰٓؤُكُمْ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ، (حٰمٓ السجدۃ-۴)

ہم ہیں تمھاری قریب کی زندگی اور پچھلی زندگی کے دوست،

اور کہیں "دنیا" کے بجائے "اولیٰ" (پہلی زندگی) کا لفظ اختیار کیا گیا ہے، فرمایا۔

فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى، (نازعات-۱)

تو خدا نے اس کو پچھلی زندگی، اور پہلی زندگی کی سزا بنایا۔

وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ وَالْاُوْلٰى (لیل ۱)

اور ہمارے ہی لئے ہے پچھلی اور پہلی زندگی.

Marfat.com

حدیث میں تصریحاً بیان ہے کہ "قبر (یعنی برزخ) آخرت کی منزلوں میں سب سے پہلی منزل ہے"[1]

یوم آخر اور حیاتِ آخرت پر ایمان، اسلام کی نہایت اہم تعلیم ہے اور قرآنِ پاک میں ایمان باللہ کے بعد اسی کی اہمیت پر سب سے زیادہ زور دیا گیا ہے کیونکہ موجودہ دنیا کے تمام اعمال اور اُن کے نتائج کی اصلی اور دائمی بنیاد اسی آیندہ دنیا کے گھر کی بنیاد پر قائم ہے، اگر یہ بنیاد متزلزل ہو جائے تو اعمالِ انسانی کے نتائج کا رشتہ بیخ و بن سے اکھڑ جائے، اسی لئے تمام مذاہب نے کسی نہ کسی اصطلاح میں دوسری زندگی کو متفقاً تسلیم کیا ہے،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم نے اس آیندہ زندگی کو دو دوروں میں منقسم کیا ہے، ایک موت سے لیکر قیامت تک اور دوسرا قیامت سے لیکر ابد (ہمیشہ) تک جس میں پھر موت اور فنا نہیں، پہلے دور کا نام "برزخ" اور دوسرے کا نام "بعث" یا حشر و نشر اور قیامت ہے اور ان سب کے معنی جی اٹھنے، اکھٹے کئے جانے اور کھڑے ہونے کے ہیں لیکن ان سب سے مقصود ایک ہی حقیقت کی طرف اشارہ ہے اور وہ موجودہ دنیا کے خاتمہ کے بعد دوسری دنیا کی زندگی ہے، اور اسی لئے اس دوسری زندگی یا اُس کے عالم کا نام قرآن میں الدار الآخرة اور عقبی الدار اسما وغیرہ ہے، جس کے معنی دوسرے یا پچھلے گھر کے ہیں،

توراۃ وانجیل میں برزخ و قیامت کی تفصیل، نیز یہ کہ مرنے کے بعد اور قیامت سے پہلے انسان کی روح کس حالت اور کیفیت میں رہے گی، مذکور نہیں ہے لیکن اسلام میں یہاں بھی کوئی ابہام نہیں، بلکہ اُس نے اس کی پوری تفصیل کی ہے، اور بتایا ہے کہ موجودہ عالم کے بعد عالم

---

[1] ابن ماجہ و حاکم بحوالہ کنز العمال جلد ۸ ص ۹۵ حیدرآباد دکن و ترمذی،

عالم برزخ اور میدان قیامت ہمارے سزا و جزا کے دو مقام ہیں شخصی موت کے بعد ہر شخص عالم برزخ میں داخل ہوجاتا ہے اور وہاں اُس کے معاملات شروع ہوجاتے ہیں، پھرایک مقرر وقت پرجس کو خدا نے اپنی مصلحتوں اور حکمتوں کے لحاظ سے طے کرلیا ہے سلسلہ خلق کے خاتمہ پر جب موجودہ دنیا پر عام موت اور فنا طاری ہوگی، دوسری زندگی کی دنیا شروع ہوجائیگی جو تمامتر ہماری پہلی دنیا میں ہمارے اچھے یا بُرے اعمال کا سراپا عکس، اور ظل ہوگی چنانچہ سورہ توبہ کی حسب ذیل آیت میں ہمارے ان تینوں دور ہائے حیات کا ذکر ہے،

| | |
|---|---|
| سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ ثُمَّ يُرَدُّونَ | ہم اُن کو دو مرتبہ عذاب دینگے پھر وہ |
| إِلَىٰ عَذَابٍ عَظِيمٍ، (توبہ ۱۳) | ایک بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے |

عذاب کی یہ تین منزلیں دنیا، برزخ، اور قیامت ہیں،

ان تینوں عالموں میں جو فرق ہے، وہ یہ ہے کہ اس موجودہ دنیا میں جسم (مادہ) نمایاں اور روح پوشیدہ ہے اور روح کو جو کچھ مسرت و تکلیف یہاں پہونچتی ہے، وہ صرف اُس مادی جسم کے واسطے سے پہونچتی ہے، ورنہ درحقیقت اس کی براہ راست راحت و لذت کا مادی دنیا میں کوئی امکان نہیں، دوسرے عالم میں جس کو برزخ کہا گیا ہے، روح نمایاں ہوگی، اور جسم چھپ جائے گا، وہاں جو راحت و تکلیف پہونچے گی، وہ دراصل روح کو پہنچے گی اور جسم اُس کی تبعیت میں ضمناً اُس سے متاثر ہوگا لیکن اس تیسرے عالم میں جہاں سے حقیقی اور غیر فانی زندگی شروع ہوتی ہے، روح اور جسم دونوں نمایاں ہوں گے، اور دونوں کی لذت و تکلیف کے مظاہر بالکل الگ الگ ہوں گے،

Marfat.com

# ۱- برزخ

"برزخ" کا لفظ قرآن پاک میں تین جگہ استعمال ہوا ہے، اور ہر جگہ اس سے دو چیزوں کے درمیان کا پردہ، حاجب اور حائل مراد ہے، چنانچہ سورۂ رحمٰن میں دو دریاؤں کا ذکر ہے جن میں ایک میٹھا اور دوسرا کھاری ہے، اور اُن کے بیچ میں ایک پردہ حائل ہے جو اُن کو آپس میں ملنے نہیں دیتا،

| | |
|---|---|
| بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیَانِ، | ان دونوں کے بیچ میں ایک پردہ ہے، |
| (رحمان-۱) | (جس سے) ایک دوسرے پر بڑھ کر نہیں جاتا، |

اسی عجیب و غریب بحری منظر کا ذکر سورۂ فرقان میں ہے اور وہاں بھی یہی لفظ واقع ہے،

| | |
|---|---|
| وَهُوَ الَّذِیْ مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ هٰذَا | اور اسی نے دو دریاؤں کو ملا کے چلایا، یہ |
| عَذْبٌ فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ | میٹھا اور پیاس بجھاتا ہے، اور وہ کھاری |
| وَجَعَلَ بَیْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا | کڑوا ہے، اور اُن کے بیچ میں ایک پردہ |
| (فرقان-۵) | اور روکی ہوئی اوٹ بنائی ہے، |

اسی بنا پر موجودہ زندگی اور آیندہ زندگی کے درمیان جو مقام حائل اور حاجب ہے اس کا نام برزخ ہے سورۂ مومنون میں نزع کے وقت کے بیان میں ہے کہ

| | |
|---|---|
| وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰی یَوْمِ | اور ان مرنیوالوں کے پیچھے ایک پردہ ہے |

يُبْعَثُوْنَ ، (مُؤمِنُوْن ـ ۶) اس دن تک جبکہ وہ (قیامت میں) اٹھائے جائینگے،

ہوں بلکہ کل سامی قوموں کے رسم ورواج اور مشاہدات کی بنا پر اسی درمیانی منزل (برزخ) کا نام "قبر" ہے، خواہ وہ خاک کے اندر ہو یا قعرِ دریا میں، یا کسی درندہ یا پرندہ کے پیٹ میں اسی لئے فرمایا،

وَاَنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ مَنْ فِی الْقُبُوْرِ (حج ۱) بے شبہ اللہ اُن کو جو قبروں میں ہیں اٹھائیگا،

اب ظاہر ہے کہ یہ "بعث" صرف انہی مردوں کے لئے مخصوص نہیں، جو تودۂ خاک کے اندر دفن ہوں، بلکہ ہر میت کے لئے ہے، خواہ وہ کسی حالت اور کسی عالم میں ہو اسی لئے قبر سے مقصود ہر وہ مقام ہے جہاں مرنے کے بعد جسمِ خاکی نے جگہ حاصل کی،

موت و حیات کی منزلیں | قرآن پاک میں دو موتوں اور دو حیاتوں کا ذکر ہے ایک جگہ دوزخیوں کی زبان سے کہا گیا ہے،

رَبَّنَآ اَمَتَّنَا اثْنَتَيْنِ وَاَحْيَيْتَنَا اثْنَتَيْنِ فَاعْتَرَفْنَا بِذُنُوْبِنَا فَهَلْ اِلٰى خُرُوْجٍ مِّنْ سَبِيْلٍ (مُؤمن ـ ۲)

ہمارے پروردگار تو نے ہم کو دو دفعہ مارا، اور دو دفعہ جلایا، ہم نے اپنے گناہوں کا اقرار کیا، پھر کیا نکلنے کی کوئی راہ ہے،

ان دو موتوں اور دو حیاتوں کی تفصیل خود اللہ تعالیٰ نے سورۂ بقرہ میں فرمائی ہے،

كَيْفَ تَكْفُرُوْنَ بِاللّٰهِ وَكُنْتُمْ اَمْوَاتًا فَاَحْيَاكُمْ ثُمَّ يُمِيْتُكُمْ ثُمَّ يُحْيِيْكُمْ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ، (بقرہ ـ ۳)

کیسے تم اللہ کا انکار کرتے ہو حالانکہ تم پہلے مردہ تھے، پھر تم کو اس نے زندہ کیا، (انسان بناکر پیدا کیا) پھر تم کو ماردیگا پھر تم کو جلائیگا پھر

Marfat.com

پہلی موت تو ہر انسان کی خلقت سے پہلے کی ہے جب وہ مادہ یا عنصر کی صورت میں تھا پھر زندہ ہو کر اس دنیا میں پیدا ہوا، یہ اس کی پہلی زندگی ہے، پھر موت آئی، روح نے مفارقت کی، اور جسم اپنی اگلی مادی صورت میں منتقل ہو گیا، یہ دوسری موت ہوئی، پھر خدا اس کی روح کو جسم سے ملا کر زندہ کریگا، یہ اس کی دوسری زندگی ہوئی جس کے بعد پھر موت نہیں، قرآن پاک میں خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو خطاب کر کے فرمایا گیا،

| | |
|---|---|
| اِنَّكَ مَيِّتٌ وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُوْنَ، ثُمَّ | بیشک تو بھی مرنے والا ہے اور وہ بھی |
| اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ | مرنے والے ہیں، پھر قیامت کے دن اپنے |
| تَخْتَصِمُوْنَ، (زمر-۳) | پروردگار کے سامنے دعوی پیش کروگے، |
| ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ثُمَّ | پھر تم اس کے بعد مر جانیوالے ہو پھر تم قیامت |
| اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ (مومنون-۱) | کے دن اٹھائے جاؤگے، |

اب سوال یہ ہے کہ برزخ کے عالم میں کیا کیفیت ہوگی، اس کے سمجھنے کے لئے ایک مختصر سی تمہید کی ضرورت ہے،

**نیند اور موت کی مشابہت** اللہ تعالیٰ نے اس مادی دنیا میں روحانی عالم کی باتوں کے سمجھنے کیلئے اپنی عجیب و غریب قدرت سے ہم کو ایک عنایت کی ہے جس کو ہم نیند کہتے ہیں، روح کو اپنے جسم سے دو قسم کا تعلق ہے، ایک ادراک و احساس کا، اور دوسرا تدبیر و تغذیہ کا، نیند وہ عالم ہے جس میں ہمارے تمام آلاتِ ادراک و احساس اس دنیا سے بے خبر ہو کر اپنے گرد و پیش کی مادی دنیا سے یکسر بیگانہ بن جاتے ہیں، تاہم ہمارے نفس یا روح کا تعلق ہمارے جسم سے باقی رہتا ہے اور

Marfat.com

وہ اس حالت مین بھی جسم کی مادی زندگی، نشوونما اور بقا کی تدبیرون اور دل ودماغ اور دیگر اعضاے رئیسہ کے غذارسانی اور خون کے دوران مین مصروف رہتی ہے، اسی کا نام روح کا جسم سے تدبیری تعلق ہے، اب نیند اور موت مین فرق ہو تو یہ ہے کہ نیند کی حالت مین جسم سے نفس کا تدبیری تعلق قائم رکھتا ہے، اس لیے جسم باقی اور زندہ رہتا ہے لیکن موت کی حالت مین جسم کا روح سے تدبیری تعلق بھی اکثر منقطع ہوجاتا ہے، اس لیے جسم کے اجزا، کچھ دنون مین منتشر ہوجاتے ہین موت اور نیند کی یہی مشابہت ہے جس کی بناپر تمام انسانون کی زبانون میں موت کو نیند سے تشبیہ دیتے ہیں، اور دنیا بھر کی زبانون کا یہ توافق الہام طبعی کی خبر دیتا ہے، قرآن پاک مین اس حقیقت کو ان الفاظ مین ادا کیا ہے،

| | |
|---|---|
| وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفّٰكُمْ بِاللَّيْلِ وَ | اور وہی ہے جو تم کو رات میں مارتا ہے، اور |
| يَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ | جانتا ہے، جو تم نے دن مین کمایا، پھر تم کو دن |
| فِيْهِ لِيُقْضٰى اَجَلٌ مُّسَمًّى (انعام-۷) | میں جلاتا ہے تاکہ مقررہ وقت پورا کیا جائے |

اس سے زیادہ تفصیل سورہ زمر میں ہے،

| | |
|---|---|
| اَللّٰهُ يَتَوَفَّى الْاَنْفُسَ حِيْنَ مَوْتِهَا | وہ اللہ ہی ہے جو روحون کو انکی موت کے وقت وفات دیتا ہے |
| وَالَّتِيْ لَمْ تَمُتْ فِيْ مَنَامِهَا فَيُمْسِكُ | اور جو نہیں مری ہیں انکو انکی نیند میں (وفات دیتا |
| الَّتِيْ قَضٰى عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ | ہے) تو جس پر موت کا حکم اس نے جاری کیا اسکو روک لیتا |
| الْاُخْرٰۤى اِلٰۤى اَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ اِنَّ فِيْ | ہے اور دوسری روح کو جس پر موت کا حکم نہیں یعنی |
| ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ (زمر-۵) | نیند والی کو) ایک مدت معینہ کیلئے چھوڑ دیتا ہے بیشک |

Marfat.com

یہی وجہ ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وحی نے "برزخ" کی زندگی کو نیند کے لفظ سے تعبیر کیا ہے، قرآن پاک میں ہے کہ قیامت میں جب لوگ دوسری زندگی پاکر قبروں سے اٹھیں گے تو گنہگاروں کی زبانوں پر یہ فقرہ ہوگا،

يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا (یٰس - ٢) اے ہماری خرابی، کس نے ہم کو ہماری نیند کی جگہ سے اٹھا دیا،

غزوۂ احد کے موقع پر ہے کہ جن کو مرنا تھا، ان کی موت ٹل نہیں سکتی تھی، اگر وہ میدان جنگ کے بجائے گھروں میں بھی ہوتے تو نکل نکل کر اپنے مقتل میں خود آجاتے، اس مفہوم کو قرآن نے یوں ادا کیا ہے،

قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ، (آل عمران - ١٦) کہدے کہ اگر وہ گھروں میں بھی ہوتے تو جن کے لیے مارا جانا لکھا گیا تھا، وہ خود نکل کر اپنی سونے کی جگہوں میں چلے آتے،

اسی لیے قرآن پاک میں دوسری زندگی کے لیے اکثر "بعث" کا لفظ استعمال ہوا ہے جس کے معنی جگانے اور بیدار کرنے کے بھی ہیں[1] جیسا کہ اوپر کی اس آیت میں ہے،

---

[1] صحیح بخاری (باب تہجد) میں ہو کہ ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علیؓ سے نماز تہجد کے لیے اس وقت تک بیدار نہ ہونے پر سوال فرمایا، تو حضرت ممدوح نے ان لفظوں میں معذرت پیش کی، یا رسول اللہ انفسنا بید اللہ فاذا شاء ان یبعثنا بعثنا (ہماری روحیں خدا کے ہاتھ میں ہیں، وہ جب جگانا چاہتا ہو جگاتا ہے) اس حدیث میں بھی بعث جگانے کے معنوں میں آیا ہے،

| | |
|---|---|
| وَهُوَ الَّذِي يَتَوَفّٰكُمْ بِالَّيْلِ | اور وہی ہے جو تم کو رات میں موت دیتا ہے، |
| وَيَعْلَمُ مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ | اور دن کو جو تم کرتے ہو اس کو جانتا ہے پھر |
| يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ ، (انعام - ۷) | تم کو دن میں جگاتا ہے، |
| وَاَنَّ اللّٰهَ يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ ، | اور بیشک اللہ اُن کو جو قبروں میں ہیں |
| (حج - ۱) | جگائے گا، |

احادیث میں ہے کہ قبر میں سوال و جواب کے بعد نکوکاروں سے کہا جاتا ہے کہ نَمْ كَنَوْمَةِ الْعَرُوْسِ دلہن کی نیند سو جاؤ جس کو وہی جگاتا ہے جو اُس کو سب سے زیادہ محبوب ہے یہاں تک کہ خدا اُس کو اس خواب سے اٹھائے گا[1]

ان شواہد سے ظاہر ہے کہ برزخ کی زندگی جس میں روح جسم سے الگ ہوتی ہے رُوح کی ایک طویل و عمیق[2] نیند کے مشابہ ہے،

**خواب میں لذّت والم** انسان جب سوتا ہے تو اُس کے ادراک و احساس کے آلات اپنی مادّی دنیا سے عارضی طور پر بے خبر ہو جاتے ہیں۔ مگر اس کے ادراک احساس کی تخیلی، تمثالی یا ذہنی دنیا اس کے سامنے بالکل اسی مادّی دنیا کی طرح متشکل ہو جاتی ہے اس میں وہ خود اپنے جسم سے الگ ہو کر ہو بہو وہی جسم دیکھتا ہے جو آتا جاتا، چلتا پھرتا۔ اور دیکھتا سنتا سب کچھ ہے اُس کے سامنے کھانے پینے اور لطف انگیزی کے سب سامان ہوتے ہیں نیز اُس میں درد و رنج اور تکلیف کی تمام وہی صورتیں

---

[1] جامع ترمذی کتاب الجنائز باب عذاب القبر ص ۱۰۰ احد یث حسن غریب [2] شاہ ولی اللہ صاحب حجۃ اللہ البالغہ میں لکھتے ہیں فهذا المبتلى في الرؤيا غير انه رؤيا لا يقظة منها الى يوم القيامة (باب اختلاف احوال الناس في البرزخ) یعنی یہ عذاب قبر کا گرفتار خواب میں ہے لیکن یہ کہ یہ ایسا خواب ہے جس سے قیامت تک جاگنا نہیں ہے،

Marfat.com

ہوتی ہیں جو مادی دنیا میں ہیں اس کے خیالی جسم کو اگر اس عالم میں تکلیف ہوتی ہے تو وہ خود چیخ اٹھتا ہے، اور اگر اس میں لذت ملتی ہے تو لطف اندوز ہوتا ہے اور ان دونوں کے اثرات اس کو اپنے مادی جسم میں جاگنے کے بعد بھی نظر آتے ہیں، غرض عالم خواب کی خیالی دنیا اور اس کی شادی و رنج اور لذت والم اور اس مادی دنیا کے جسمانی و مادی شادی و رنج، اور لذت و الم میں کوئی فرق نہیں ہوتا اگر کچھ فرق ہے تو یہ ہے کہ عالم خواب کی لذت و تکلیف بیداری کے بعد ختم ہو جاتی ہے اور مادی دنیا کی لذت و تکلیف احساس و ادراک کے وجود تک قائم رہتی ہے، اور جس طرح مادی بیداری والی لذت و تکلیف خواب میں معدوم ہو جاتی ہے اسی طرح خواب والی لذت و تکلیف بیداری میں رخصت ہو جاتی ہے

خواب والے لذائذ و آلام کے مختلف مناظر اور ان کے حقائق اور اسباب و علل پر اگر فلسفیانہ حیثیت سے غور کیا جائے، تو عجیب و غریب معاملات سامنے آتے ہیں کبھی تو یہ ہوتا ہے کہ وہ تمام احساسات و معلومات جو کبھی بھی ذہن انسانی میں آئے ہوں، اور ان کو بحالت بیداری مادی دنیا کے مشاغل اور زمانہ کے امتداد کے سبب انسان کتنا ہی فراموش کر چکا ہو، وہ خواب میں مادی گراں باری سے آزادی کے بعد سامنے مجسم شکلوں میں نمودار ہو جاتے ہیں اور بیچ کی کڑیوں کے بھول جانے کی وجہ سے وہ اس کو بے جوڑ معلوم ہوتے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ انسان جن چیزوں کو بھول جاتا ہے وہ اس کے حافظہ سے حقیقت میں معدوم نہیں ہو جاتیں بلکہ دماغی حجرہ (ذہن) کے منتشر اسباب کے ذخیرہ (معلومات) میں چھپ کر گم ہو جاتی ہیں، اور پھر بعد کو مل جاتی ہیں، اس لیئے وہ تمام اچھے اور برے اعمال جو انسان نے عمر بھر کئے ہیں خواہ وہ ان کو آج بھول گیا ہو، مگر ان کی یاد ذہن کے گوشوں میں پڑی ہے معدوم و مفقود نہیں ہو گئی

خواب کی عجیب وغریب صورت وہ ہے جس کو تمثیلی کہتے ہیں، جیسے حضرت ابراہیمؑ نے اپنے اکلوتے فرزند کے خدمتِ کعبہ پر وقف کرنے کو قربانی کی شکل میں، اور حضرت یوسفؑ نے والدین کو سورج اور چاند اور گیارہ بھائیوں کو گیارہ ستاروں کی صورت میں دیکھا، شاہِ مصر کے سولی پانے والے مصاحب نے اپنے سولی پانے کو اس رنگ میں دیکھا کہ اس کے سر پر خوان ہے اور بڑے بڑے پرندے اس میں چونچ مار مار کر کھاتے ہیں۔ شاہ مصر نے مصر کی ہفت سالہ قحط سالی کو سات دبلی گایوں کی صورت میں دیکھا،[1] آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فتح مکہ کو اس شکل میں دیکھا کہ مسلمان سر منڈوائے اور بال ترشوائے حج کر رہے ہیں، مسیلمہ اور اسود عنسی دو کذابوں کو سونے کے دو کنگن کی صورت میں دیکھا، شہدائے احد کو موٹی گائے کی صورت میں ملاحظہ کیا، مدینہ کی وبا ایک پریشان مو کالی عورت کی صورت میں نظر آئی، خلافت کو ڈول کھینچنے کی اور حضرت عمرؓ کے علم کو دودھ کی اور ان کی دینداری کو لمبی قمیص کی شکل میں[2] دیکھا، ان کے علاوہ ہر شخص کے ذاتی تجربوں سے بھی اس کی بیشمار مثالیں فراہم کیجا سکتی ہیں،

اس سے بڑھ کر یہ کہ انسان کے جسم میں اگر کسی قسم کا مادہ بڑھ جاتا ہے تو خواب میں اس کے مناسب مجسم شکلیں نظر آتی ہیں، مثلاً اگر بلغم کی زیادتی ہو تو پانی، دریا اور سمندر نظر آئیں گے اگر سودا بڑھ جائے تو ہاتھی اور کالی کالی صورتیں نظر آئیں گی، اسی طرح دوسرے تغیرات خلطی بھی اپنے مناسب جسمانی ہیئت میں خواب میں مجسم اور متشکل ہو کر دکھائی دیتے ہیں،[3]

---

[1] یہ کل تمثیلی خواب قرآن پاک میں مذکور ہیں [2] ان خوابوں کو صحیح بخاری کتاب التعبیر میں دیکھو [3] حجۃ اللہ البالغۃ شاہ ولی اللہ، ذکر برزخ،

Marfat.com

اسی طرح اعمال جو جسم و مادّہ سے بالکل الگ ہیں، خواب میں اپنے مناسب قالب میں مجسّم ہو جاتے ہیں، اگر کسی بھائی کا حق واجب کسی نے ادا نہیں کیا تو خواب میں اس کو نظر آئیگا کہ وہ اس کا گلا کاٹ رہا ہے، اگر کسی کی غیبت کی ہے تو معلوم ہوگا کہ وہ مردار کھا رہا ہے، سونے چاندی کے خزانوں کو جمع کرکے اگر بخل کا اژدہا اُن کی حفاظت میں بٹھایا ہے تو سانپ بن کر وہ اس کی گردن میں لپٹتا اور کاٹتا ہے، ذلت اور خواری کتے کی، حماقت گدھے کی، اور شجاعت شیر کی شکل میں نمودار ہوتی ہے، شب معراج میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے سامنے فطرت دودھ کی اور غیر فطرت شراب کی شکل میں پیش ہوئی، اسی طرح کہن سال دنیا ایک بڑھیا کی شکل میں نظر آئی۔

اسی قسم کی تمثیلات قرآن مجید میں بھی آئی ہیں، مثلاً غیبت کی نسبت فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَلَا يَغْتَبْ بَّعْضُكُمْ بَعْضًا اَيُحِبُّ اَحَدُكُمْ اَنْ يَّاْكُلَ لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا فَكَرِهْتُمُوْهُ (حجرات-۲) | اور پیٹھ پیچھے ایک دوسرے کو بُرا نہ کہے کیا تم میں سے کوئی پسند کرسکتا ہے کہ وہ اپنے مردہ بھائی کی بوٹی نوچ نوچ کر کھائے، سو گھن آئی تم کو، |

سود کھانے کو جنون اور پاگل پن کی شکل میں ظاہر کیا،

| | |
|---|---|
| اَلَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ الْمَسِّ، (بقرہ -۳۸) | جو لوگ سود کھاتے ہیں وہ نہیں اٹھیں گے یا نہیں اٹھتے لیکن جیسے وہ اٹھتا ہے جس کے حواس شیطان نے چھو کر کھو دیئے ہوں، |

یتیموں کا مال ناجائز طریق سے کھانے کو پیٹ میں آگ بھرنا فرمایا۔

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِيْنَ يَاْكُلُوْنَ اَمْوَالَ الْيَتٰمٰى | وہ لوگ جو یتیموں کا مال ظلم کرکے کھاتے ہیں |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ظُلْمًا اِنَّمَا يَاْكُلُوْنَ فِيْ بُطُوْنِهِمْ | وہ اپنے پیٹوں میں آگ کھاتے ہیں |
| نَارًا وَسَيَصْلَوْنَ سَعِيْرًا (نساء۱) | اور آگے جہنم کی آگ میں داخل ہونگے، |

وہ خودغرض لوگ جو بیکسوں کے کام نہیں آتے، قیامت میں اُن نے بھی کوئی کام نہ آئیگا، اور جو خودسیر ہوکر کھاتے ہیں، اور غریبوں کے دردِ گرسنگی سے بے خبر رہکر اپنے مال کا میل کچیل (زکوٰۃ) بھی اُن کے کھانے کو نہیں دیتے، دوزخ میں اُن کو زخموں کا دھوون کھانے کو ملیگا فرمایا

| | |
|---|---|
| اِنَّهٗ كَانَ لَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ | بیشک وہ خدائے بزرگ پر ایمان نہیں رکھتا |
| وَلَا يَحُضُّ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ | تھا، اور مسکین کے کھانے پر آمادہ نہیں کرتا |
| فَلَيْسَ لَهُ الْيَوْمَ هٰهُنَا حَمِيْمٌ وَّ | تھا، تو آج اُس کا بھی یہاں کوئی دوست |
| لَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ لَّا يَاْكُلُهٗ | نہیں، اور نہ زخموں کے دھوون کے سوا کوئی |
| اِلَّا الْخَاطِئُوْنَ، (حاقہ-۱) | کھانا ہے اُس کو وہی گنہگار کھائیں گے، |

بے لوث مخلصانہ فیاضی کی تمثیل سرسبز وشاداب باغ سے دی

| | |
|---|---|
| وَمَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمُ | اور اُن کی مثال جو اپنی دولت خدا کی |
| ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ وَتَثْبِيْتًا | خوشنودی چاہنے اور اپنے دلوں کی مضبوطی |
| مِّنْ اَنْفُسِهِمْ كَمَثَلِ جَنَّةٍ بِرَبْوَةٍ | کے لیے خرچ کرتے ہیں، ایک باغ کی ہے |
| (بقرہ-۳۶) | جو ایک ٹیلہ پر ہے، |

خدا کی راہ میں جان دینے والوں، اور مرنیوالوں کو جانِ نو، اور حیاتِ جاوداں کو خوشخبری دی گئی، فرمایا،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ ؕ بَلْ اَحْيَآءٌ (بقرہ ۱۹) | جو خدا کی راہ میں مارا جائے، اُس کو مردہ نہ کہو، وہ لوگ زندہ ہیں، |

اسی طرح یہ ہے کہ جو خدا کو قرض دیگا، خدا اُس کو بڑھا کر دے گا جو دوسرون کو معاف کریگا خدا اُس کو معاف کریگا، جو دوسرون کی عیب پوشی کریگا خدا اس کی ستاری کرے گا، قرآن واحادیث اس قسم کی بالمعاوضہ جزا و سزا کے ذکر سے لبریز ہین،

جو لوگ راہ خدا میں اپنا مال نہیں دیتے اُن کی نسبت فرمایا،

| | |
|---|---|
| سَيُطَوَّقُوْنَ مَا بَخِلُوْا بِهٖ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ، (آل عمران - ۱۸) | جس مال کا بخل کیا تھا، قیامت میں اُس کا اُن کے گلے میں طوق پڑے گا، |
| يَّوْمَ يُحْمٰى عَلَيْهَا فِیْ نَارِ جَهَنَّمَ فَتُكْوٰى بِهَا جِبَاهُهُمْ وَجُنُوْبُهُمْ وَظُهُوْرُهُمْ ؕ هٰذَا مَا كَنَزْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ فَذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ تَكْنِزُوْنَ ، (توبۃ - ۵) | جس دن اُس سونے اور چاندی کو دوزخ کی آگ میں گرم کیا جائیگا، پھر اس سے اُن کی پیشانیاں اور پہلو اور پیٹھیں داغی جائنگی کہ یہ ہے جو تم نے اپنے لئے گاڑ رکھا تھا تو اب تم اس کا مزہ چکھو جس کو تم گاڑ کر رکھتے تھے، |

دنیا مین اللہ کے نور بصیرت سے روگردانی آخرت مین ظاہری نابینائی کی صورت مین رونما ہوگی، اور اسی طرح جو خدا کو یہان بھولیگا، خدا اُس کو وہاں بھلائے گا، چنانچہ حضرت آدمؑ سے جنت سے نکلتے وقت یہ فرمایا گیا تھا،

| | |
|---|---|
| وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِیْ فَاِنَّ لَهٗ | اور جس نے میری یاد سے روگردانی کی تو اس کیلئے |

| | |
|---|---|
| مَعِيْشَةً ضَنْطاً وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | کے لئے ہوتنگ گذران، اور ہم قیامت کے دن اسکو |
| اَعْمٰى، قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ اَعْمٰى | اندھا اٹھائین گے، وہ کہیگا، میرے پروردگار |
| وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا، قَالَ كَذٰلِكَ اَتَتْكَ | تو نے مجھے اندھا بناکر کیون اٹھایا مین تو دنیا |
| اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى | مین آنکھوں والا تھا خدا کہے گا، اسی طرح تیرے |
| | پاس ہماری نشانیاں آتی رہیں، تو اُن کو تو نے |
| (طٰہٰ - ۷) | بھلادیا، اور اسی طرح آج تو بھلایا جائے گا، |

یہی مفہوم اور زیادہ اختصار کے ساتھ اس آیت مین ہے،

| | |
|---|---|
| وَمَنْ كَانَ فِيْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى فَهُوَ فِي الْاٰخِرَةِ | جو کوئی دنیا میں (دل کا) اندھا تھا، وہ |
| اَعْمٰى وَاَضَلُّ سَبِيْلًا، (اسرائیل ۸) | آخرت میں اندھا ہو اور راستہ سے بہت بھٹکا ہو |

اس باب مین سب سے زیادہ صریح وہ حدیث صحیح ہے، جس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہو کہ بخیل کا مال سانپ کی صورت میں گلے کا ہار ہوکر نظر آئے گا، یعنی وہ مال سونے اور چاندی کے سانپ کی صورت میں ہوگا،

| | |
|---|---|
| قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ | رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جس کو اللہ |
| اٰتَاهُ اللّٰهُ مَالًا فَلَمْ يُؤَدِّ زَكَاتَهٗ | نے مال دیا اور اس نے اس کی زکوٰۃ ادا نہین کی |
| مُثِّلَ لَهٗ مَالُهٗ شُجَاعًا اَقْرَعَ لَهٗ | تو اُسکا مال اسکو اُچھل کر ڈسنے والے سانپ کی |
| زَبِيْبَتَانِ يُطَوَّقُهٗ يَوْمَ الْقِيَامَةِ | صورت میں دکھایا جائے گا جس کا سرزہر کی |
| يَاْخُذُ بِلِهْزِمَتَيْهِ اَيْ شِدْقَيْهِ يَقُوْلُ اَنَا | شدت سے گنجا ہوگا، اُس کے منہ میں دو دانت ہونگے |

Marfat.com

مالك اناكنزك، (بخاری تفسیر ال عمران) (صفحہ ۵۵ جلد دوم)

وہ اس کے گلے میں قیامت کے دن پڑا ہوگا، اور وہ اُس کے دونوں جبڑوں کو کاٹیگا، اور کہے گا میں ہوں تیرا مال میں

اسی طرح وہ حدیثیں ہیں جن میں مختلف اعمال کا مختلف شکلوں میں آنا بیان کیا گیا ہے، مثلاً یہ کہ مرنے کے بعد قبر میں نماز و روزہ وغیرہ اعمال عذاب سے بچنے کے لئے ڈھال بن کر دائیں بائیں سے نمودار ہوں گے،[1] یہ بھی حدیث میں ہے کہ مرنے کے بعد جب ایک دفعہ فرشتہ الٰہی مردہ کو بیدار کرتا ہے تو اُس کو آفتاب ڈوبتا ہوا دکھایا جاتا ہے، (مثلت الشمس عند غروبها) نیک مرد مسلمان اس تنگ وقت کو دیکھ کر نماز کی تیاری کرنا چاہتا ہے[2] یہ ظاہر ہے کہ یہ دنیا والا آفتاب وہاں نہیں، بلکہ اُس کی تمثیل ہوتی ہے، جیسا کہ حدیث کے الفاظ میں ہے یعنی یہ کہ اُس مردہ کو ایسا نظر آتا ہے، اور وہ درحقیقت آفتاب نہیں، بلکہ آفتاب کی مثالی صورت ہوتی ہے،

**گناہوں کی تمثیلی سزائیں** اوپر کے بیانات سے ہویدا ہے کہ غیر مجسم اعمال اور معانی اپنے جن تمثیلی پیکروں میں نظر آتے ہیں، وہ درحقیقت اُن اعمال و معانی سے تمثیلی مشابہت رکھتے ہیں، مثلاً ایک صحیح حدیث میں ہے کہ مشہور صحابی حضرت عثمان بن مظعونؓ کی وفات کے بعد ایک صحابی نے خواب میں دیکھا کہ اُن کے لیئے ایک نہر بہ رہی ہے اور جب اس کا ذکر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کیا تو آپ نے اُس کی تعبیر میں فرمایا،

ذلك عمله (بخاری کتاب التعبیر) یہ نہر اُن کا (نیک) عمل ہے،

---

[1] مسند ابن حنبل [2] سنن ابن ماجہ ذکر القبر ص ۳۶۶،

اس تمہید کے بعد آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے اس رویائے صادقہ پر غور کرو جو ظاہر ہے کہ قیامت کا نہیں کہ ابھی وہ آئی نہیں، بلکہ برزخ ہی کا مرقع پیش کرتا ہے، جواب بھی قائم ہے، آپ نے ایک صبح کو فرمایا کہ رات میں نے دیکھا کہ دو آنے والے آئے، اور انھوں نے مجھے جگا دیا، میں اُن کے ساتھ چل کھڑا ہوا تو میں نے دیکھا کہ (۱) ایک آدمی لیٹا ہے، اور دوسرا اس کے سر پر ایک بڑا پتھر لئے کھڑا ہے، اور وہ اُس پتھر کو اُس کے سر پر اس طرح دے مارتا ہے، کہ اس کا سر کچلا چور ہو جاتا ہے اور پتھر لڑھکنے لگتا ہے۔ وہ اُس کے پیچھے جا کر اس کو اٹھا لاتا ہے، اور اتنی دیر میں اس کا سر درست ہو جاتا ہے، پھر وہ مارتا ہے، پھر وہی صورت پیش آتی ہے، ہم آگے بڑھے تو دیکھا کہ (۲) ایک شخص اوندھا پڑا ہے اور دوسرا لوہے کا ایک آنکس لئے کھڑا ہے، اور وہ اُس سے اُس کے جبڑے کو، پھر نتھنے کو، اور پھر آنکھ کو گدی تک چیر ڈالتا ہے، پہلے ایک طرف، بعد ازیں دوسری طرف، پھر آگے بڑھے تو دیکھا کہ (۳) تنور کی قسم کی ایک چیز دہک رہی ہے، اور کچھ مرد اور عورت اس میں ننگے پڑے ہیں، اور اس کے شعلے بھڑک کر اُن تک پہونچتے ہیں اور وہ چیختے ہیں، آگے بڑھے تو نظر آیا کہ (۴) ایک خون کی جیسی سرخ نہر بہ رہی ہے، اور ایک آدمی اس میں تیر رہا ہے، نہر کے کنارے ایک آدمی کھڑا ہے جس کے پاس بہت سے پتھر رکھے ہیں، وہ تیرنے والا آدمی تیر کر جب اس شخص کے قریب آتا ہے، تو ایک پتھر اُٹھا کر اس زور سے مارتا ہے کہ وہ پتھر اُس کے منہ میں جا کر پیٹ میں اتر جاتا ہے، اُس کے بعد ہم آگے بڑھے تو ایک سرسبز و شاداب چمن نظر آیا جس میں بہار کی ہر کلی کھل رہی تھی، باغ کے سامنے ایک دراز قد آدمی کو دیکھا جس کا سر آسمان میں تھا، اور اُس کے چاروں طرف بہت سے چھوٹے چھوٹے بچے تھے، آگے بڑھے تو ایک بہت بڑا باغ دیکھا جس سے زیادہ بڑا

Marfat.com

اور خوبصورت باغ میں نے نہیں دیکھا تھا۔ یہاں پہنچ کر اپنے دونوں ہمراہیوں کے کہنے سے اوپر چڑھا تو ایک شہر ملا جس کی دیواریں سونے کی ایک ایک چاندی کی ایک ایک اینٹ لگی تھی۔ ہم لوگ دروازہ کے پھاٹک پر پہونچے، دروازہ کھلوایا تو اس کے اندر گھسے تو اس میں کچھ لوگ ملے، جن کا آدھا دھڑ نہایت ہی خوبصورت اور آدھا بہت ہی بدصورت تھا، میرے ہمراہیوں نے اُن سے ایک نہر کی طرف جو بیچ میں نہایت صاف شفاف بہ رہی تھی، اشارہ کر کے کہا کہ اس میں جا کر غوطہ لگاؤ، وہ غوطہ لگا کر آئے، تو اُن کی بدصورتی کا حصہ جاتا رہا، اور وہ پورے دھڑ سے خوبصورت ہو گئے، میرے ہمراہیوں نے مجھ سے کہا کہ یہ جنتِ عدن ہے، اور وہ آپ کا دولت خانہ ہے، میں نے نظر اٹھا کر دیکھا، سپید لکۂ ابر کی طرح ایک محل دکھائی دیا۔

پھر میں نے ان ہمراہیوں سے کہا کہ آج تو میں نے عجیب عجیب چیزیں دیکھیں تو بتاؤ میں نے کیا کیا دیکھا، انھوں نے جواب دیا کہ پہلا شخص جس کا سر پتھر سے کچلا جا رہا تھا، وہ ہے جو قرآن پڑھ کر اس کی تعمیل سے انکار کرتا ہے، اور صبح کی مفروضہ نماز سے غافل ہو کر سو رہتا ہے، اور دوسرا شخص جس کے گلپھڑے اور نتھنے اور آنکھیں پھاڑی جاتی تھیں، وہ ہے جو جھوٹ بول کر تمام دنیا میں اس کو پھیلاتا ہے، اور تنور میں جو مرد اور عورتیں ننگی جل رہی تھیں، وہ بدکار مرد اور عورتیں ہیں اور جو شخص خون کی نہر میں تیر رہا تھا، اور منہ سے پتھر نگلتا تھا، وہ سود خوار ہے، اور اس سدا بہار چمن میں جو دراز قد آدمی آپ نے دیکھا، وہ ابراہیمؑ تھے، اور اُن کے گرد جو بچے تھے وہ نتھے اور کمسن بچے تھے، جو فطرت پر مرتے تھے کسی صحابی نے پوچھا یا رسول اللہ! مشرکوں کے بچے؟ فرمایا، اور مشرکوں کے بچے بھی، وہ لوگ جن کا آدھا دھڑ خوبصورت، اور آدھا بدصورت تھا وہ ہیں جنھوں نے کچھ

اچھے کام بھی کئے تھے، تو خدا نے اُن کے گناہ دھو دیئے"[1]

برزخ کی ان تمام سزاؤں پر غور کرنے سے معلوم ہوگا کہ اُن کی نوعیت اور کیفیت اُن کے اعمال کے بالکل مناسب اور مشابہ قرار دی گئی ہے، نماز صبح سے غافل ہو کر بالین راحت سے سر نہ اٹھانے والے کا سر کچلا جانا، جھوٹے کا کلپھڑا پھاڑا جانا، زانی اور زانیہ کا برہنہ تنور کی آگ میں جلنا، خون چوسنے والے سود خوار کا انسانوں کے خون کے دریا میں تیرنا، اپنا دو بالشت کا پیٹ بھرنے کے لیے سارے غریبوں کی روزی چھین چھین کر جمع کرنے والے کا پتھر کے لقمے کھانا یہ سب اُن کے دنیاوی اعمال کی تمثیل و تصویر ہے، اور آخر میں نصف حسنِ عمل سے آدھے دھڑ کی خوبصورتی، اور نصف سوء عمل سے آدھے دھڑ کی بدصورتی پوری مشابہ ہے، اور صاف و شفاف نہر کی صورت میں رحمت و مغفرتِ الٰہی کا ظہور بھی اسی قیاس پر ہے۔[2]

ابھی تک دنیا نے جو کچھ ترقی کی ہے، وہ نفس سے باہر آفاقی (یعنی اپنے سے باہر کی بیرونی مادی) دنیا کی اشیاء کے خواص و صفات کے جاننے میں کی ہے جن سے سائنس کی ایجادات و اختراعات کا تعلق ہے لیکن ابھی اس سے بھی زیادہ ایک وسیع دنیا اپنے اندر کی پڑی ہے جس کو قرآن نے "انفس" کہا ہے، ان انفس یا ارواح کے اوصاف و خصائص کا ابھی تک بہت کم علم ہوا ہے، ہماری سائیکالوجی (علم النفس) ابھی اپنی ابتدائی منزل میں ہے اور اس پر جو علم (علمِ ارواح) ابھی طلسم نیرنگ کے عجائبات میں اسی طرح گرفتار ہے جس طرح موجودہ عہد سے پہلے آج کے معمولی سائنٹفک تجربے سحر و جادو کے نقش و نگار بنے ہوئے تھے بہرحال ابھی تک علم نفس و روح

[1] صحیح بخاری کتاب التعبیر ملخصاً [2] حجۃ اللہ البالغہ شاہ ولی اللہ رحمۃ اللہ علیہ ذکر واقعات حشر۔

عجائبات پر پردے پڑے ہوئے ہیں، ایک یہی مسئلہ کہ شے کے یقین، اور اس کے خارجی وجود میں کیا تعلق ہے؟ ایک معما ہے، بہت سے ہند و اہلِ فلسفہ اور بعض مسلمان صوفیوں اور موجودہ زمانہ کے مشہور فلاسفر برکلے کے نزدیک تو کسی شے کے یقین اور وجود، یا یوں کہو کہ ذہنی اور خارجی وجود میں بہت کم فرق ہے، بلکہ گویا نہیں ہے،

بہرحال نفسِ انسانی کے اندرونی قویٰ کا علم گو ابھی بہت کچھ محتاجِ تکمیل ہے تاہم اتنا ثابت ہے کہ کسی شے کے تصوری یقین، اور خارجی وجود میں بہت ہی شدید تعلق ہے، مسمریزم نے جو سراسر اسی اصول پر مبنی ہے، اس حقیقت کو کسی قدر واضح کر دیا ہے اسی سے معلوم ہوگا کہ مذاہب نے سب سے زیادہ ایمان پر جو یقین ہی کا دوسرا نام ہے، اس قدر زور بے سبب نہیں دیا ہے،

قرآن پاک نے یقین کی دو قسمیں کی ہیں، علم الیقین اور عین الیقین کسی شے کی دلیلوں کو سُن کر یا بعض علامتوں کو دیکھ کر اس کے وجود کا اقرار کر لو، تو یہ علم الیقین (یقین جاننا) ہوا، اگر وہ شے خود تمہارے احساس اور مشاہدہ کے سامنے آجائے جس میں پھر شک و شبہہ کی گنجائش نہیں ہو سکتی، تو وہ عین الیقین (خود یقین) ہے، قرآن پاک نے یقین کی ان دونوں صورتوں کو سورہ تکاثر میں بیان کیا ہے،

| | |
|---|---|
| اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ حَتّٰى زُرْتُمُ | تم کو دولت و نعمت کی بہتات نے غفلت میں |
| الْمَقَابِرَ، كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ، ثُمَّ | مبتلا کر دیا، یہاں تک کہ تم نے قبروں کو جا |
| كَلَّا سَوْفَ تَعْلَمُوْنَ كَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ | دیکھا، ابھی نہیں تم آگے جان لوگے پھر ابھی |
| عِلْمَ الْيَقِيْنِ، لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ثُمَّ | نہیں تم آگے جان لوگے ہرگز نہیں اگر تم یقین |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ ، | کا جاننا جانتے تو البتہ دوزخ کو دیکھ لیتے |
| (تکاثر - ۱) | پھر البتہ عین الیقین سے اس کو دیکھ لوگے ، |

بنا برین اگر انسان اپنے اندر علم یقین حاصل کرکے جو کمالِ ایمان کا اعلیٰ درجہ ہے تو وہ اپنے باطن کی آنکھوں سے اپنی دوزخ بہیں دیکھ لے ،

| | |
|---|---|
| کَلَّا لَوْ تَعْلَمُوْنَ عِلْمَ الْيَقِيْنِ ، | نہیں یہ بات نہیں اگر تم کو علم یقین ہوتو |
| لَتَرَوُنَّ الْجَحِيْمَ ، (تکاثر ) | دوزخ کو بے شبہہ دیکھ لوگے ، |

کفار آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے عذاب کے عینی مشاہدہ کا فوری مطالبہ کرتے تھے، وحی الٰہی نے اس کے جواب میں کہا ،

| | |
|---|---|
| يَسْتَعْجِلُوْنَكَ بِالْعَذَابِ ، وَاِنَّ | وہ تجھ سے جلد عذاب مانگتے ہیں، حالانکہ |
| جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ بِالْكَافِرِيْنَ (عنکبوت) | دوزخ گھیر رہی ہے منکروں کو |

ایک دوسری آیت میں ہے کہ منافقین بزعمِ خود آزمایش کے ڈر سے جہاد کی شرکت سے عذر کرتے ہیں ، اُس کے جواب میں اُن سے فرمایا گیا کہ وہ تو ابھی آزمایش میں مبتلا ہیں ، "دوزخ اُن کو گھیرے ہوئے ہے ،

| | |
|---|---|
| وَمِنْهُمْ مَنْ يَّقُوْلُ ائْذَنْ لِّيْ وَ | اور اُن میں کوئی ایسا ہی جو کہتا ہو کہ مجھ (جہاد |
| لَا تَفْتِنِّيْ ، اَلَا فِي الْفِتْنَةِ سَقَطُوْا ، | عدم شرکت کی) اجازت دیدیجئے ، اور آزمایش |
| اِنَّ جَهَنَّمَ لَمُحِيْطَةٌ بِالْكٰفِرِيْنَ | میں نہ ڈالئے ، ہاں وہ تو آزمایش میں پڑچکے |
| (توبہ - ۷) | اور دوزخ منکروں کو گھیر رہی ہے ، |

لیکن یہ علم الیقین جس کے حصول کا ذریعہ صرف ایمان ہے، ہر شخص اُس سے اس دنیا میں بہرہ ور نہیں ہوتا، بلکہ بہتیرے اُس کے منکر ہیں، اس لیے اُن کو یہ اپنے پاس کی دوزخ اس وقت نظر نہیں آتی لیکن موت جس کا آنا ایک دن یقینی ہے، جب وہ آئے گی تو مادہ کا یہ حجاب جو آنکھوں پر پڑا ہوا اُٹھ جائیگا، اس وقت اس عالم غیب کے کچھ اسرار اُن پر منکشف ہوجائیں گے، اور اعمال کے تمثیلی نتائج اور ثواب وعذاب اور جنت و دوزخ کے بعض مناظر اُن کے سامنے آجائیں گے، اور اس وقت وہ اپنے یقین کی آنکھوں سے کسی قدر واقعات کا مشاہدہ کرلیں گے،

ثُمَّ لَتَرَوُنَّهَا عَيْنَ الْيَقِيْنِ (تکاثر-۱) پھر تم دوزخ کو عین یقین سے دیکھ لوگے۔

یہ موت کے بعد کا سماں ہوگا جس کو برزخ کا عالم کہتے ہیں، اس کے بعد جب قیامت آئیگی تو ہر راز فاش ہوجائے گا، يَوْمَ تُبْلَى السَّرَائِرُ (جس دن تمام بھید کھل جائیں گے) اور بہشت و دوزخ اپنی ظاہری صورتوں میں اس طرح سامنے آجائیں گی کہ پھر شک وشبہہ کا شائبہ بھی باقی نہ رہے گا، وہ علم حقیقی اور یقین تحقیقی کا دن ہوگا، قرآن میں قیامت کے موقع پر ہے:

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ، ذَالِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ.... فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَاءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ (ق-۲)

اور صور پھونکا گیا، یہ ہے ڈر کا دن ..... تو ہم نے تیرا پردہ تجھ سے ہٹوا دیا تو آج تیری نگاہ تیز ہے

اس پردہ کے ہٹتے ہی اس دن انسان کے تمام اعمال ایک ایک کرکے اُس کے سامنے آجائیں گے، اور دوزخ منظر عام پر آجائے گی، فرمایا،

فَإِذَا جَاءَتِ الطَّامَّةُ الْكُبْرٰى

جب وہ بڑا ہنگامہ آئے گا جس دن انسان

Marfat.com

يَوْمَ يَتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ۙ وَ بُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ لِمَنْ يَّرٰى (نازعات ۲)

کو جو کچھ اس نے کیا ہے، یاد آ جائیگا، اور دوزخ دیکھنے والے کے سامنے باہر لائی جائیگی

احوال برزخ کا عین الیقین | ایک طرف شاعر (ابو العتاہیہ) نے حیرت کے عالم میں کیا خوب کہا ہے،

اَلْمَوْتُ بَابٌ وَّكُلُّ النَّاسِ يَدْخُلُه
لَيْتَ شِعْرِیْ بَعْدَ الْبَابِ مَا الدَّارُ

موت ایک دروازہ ہے اور تمام انسان اس دروازہ میں داخل ہونگے، کاش مجھے معلوم ہوتا کہ اُس دروازہ کے بعد

یہ علم جس کی حسرت اس شاعر نے ظاہر کی ہے، اس زندگی میں صرف علم الیقین کے ذریعہ سے حاصل ہو سکتا ہے، البتہ موت کے وقت جب وہ دوسرے عالم کے دروازہ پر کھڑا ہوگا تو اسکو پس پردہ کا نظارہ تھوڑا بہت ہو جائے گا، اور وہی برزخ کا عالم ہے فرمایا،

حَتّٰٓى اِذَا جَآءَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ رَبِّ ارْجِعُوْنِ ، لَعَلِّیْٓ اَعْمَلُ صَالِحًا فِيْمَا تَرَكْتُ كَلَّا ط اِنَّهَا كَلِمَةٌ هُوَ قَآئِلُهَا ط وَمِنْ وَّرَآئِهِمْ بَرْزَخٌ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ،

(مومنون - ۶)

جب ان گنہگاروں میں سے کسی ایک کو موت آتی ہے تو وہ (زندگی کے پس پردہ کے بعض مناظر کو دیکھ کر) کہتا ہے اے میرے پروردگار مجھے ایک بار اور دنیا میں لوٹا دے تاکہ دنیا میں جو مال چھوڑ کر آیا ہوں، اس سے شاید کوئی نیک کام کروں، ہرگز نہیں، یہ بات ہی بات ہے جو وہ کہتا ہے اور (اب) ان گنہگاروں کے پیچھے اس دن تک ایک پردہ (برزخ) ہے جب

ظاہر ہے کہ اگر موت کے وقت اور بعد کوئی غیبی کیفیت اس کے مشاہدہ میں نہیں آجاتی

Marfat.com

تو اس کا شک وشبہ دفعۃً یقین سے کیسے بدل جاتا ہے، فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَجَاءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ بِالْحَقِّ | اور موت کی بیہوشی حقیقت کو لیکر آگئی، |
| ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ (ق-۲) | یہی ہے، وہ جس سے تو ہٹا کرتا تھا، |

اس سے معلوم ہوا کہ سکرات کے وقت "حقیقت" کا کوئی منظر سامنے ضرور آجاتا ہے

اہل تفسیر نے بھی اس آیت سے یہی سمجھا ہے، ابن جریر طبری لکھتے ہیں،

| | |
|---|---|
| بالحق من امر الآخرۃ فتبینہ الانسان حتی تثبتہ وعرفہ[1] | حق یعنی آخرت کا کچھ حال تو موت کی سکرات انسان پر کھول دیتی ہے، یہاں تک کہ انسان اُس کو یقین کر لیتا ہے اور جان لیتا ہے |

حافظ ابن کثیر محدث اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں:-

| | |
|---|---|
| یقول عزوجل وجاءت ایھا الانسان سکرۃ الموت بالحق ای کشفت لک عن الیقین الذی کنت تماری فیہ[2] | اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اے انسان موت کی بیہوشی حق کو لے کر آگئی یعنی تیرے اس یقین کے پردہ کو کھول دیا جس میں تو شک کرتا تھا، |

قاضی شوکانی محدث کی تفسیر میں ہے،

| | |
|---|---|
| ومعنی بالحق انہ عند الموت یتضح لہ الحق ویظھر لہ صدق ماجاءت | اور حق لے کر آنے کے معنی یہ ہیں کہ موت کے وقت حق بات کھل جاتی ہے، اور |

[1] تفسیر ابن جریر طبری جلد ۲۶ ص ۹۱ [2] تفسیر ابن کثیر بر فتح البیان ج ۹ ص ۲۹۸،

بما ترسل من الاخبار بالبعث و الوعد والوعيد (ج ۵ ص ۳،)

پیغمبر جس قیامت اور جزا و سزا کی خبریں لیکر آئے تھے ان کی سچائی ہویدا ہو جاتی ہے'

مفتی آلوسی حنفی کی تفسیر کی عبارت یہ ہے (ج ۲ ص ۱۶۵۲)

والمعنی احضرت سکرۃ الموت حقیقۃ الامر الذی نطقت بہ کتب اللہ تعالی ورسلہ علیھم السلام

اس آیت کا مطلب یہ ہو کہ موت کی مدہوشی اس حقیقت امر کو سامنے کر دیتی ہو جس کو اللہ کی کتابوں اور اس کے رسولوں نے بیان کیا ہے'

زمخشری معتزلی (کشاف ج ۲ ص ۱۴۰۲ کلکتہ) اور ابو حیان اندلسی مالکی کی تفسیر میں بھی یہی ہے (بحر محیط ج ۸ ص ۱۲۴ مصر)

یہ مفسرین مختلف فرقوں سے تعلق رکھتے ہیں لیکن ان سب کی متفقہ تفسیر یہی ہے اس تفسیر کی صحت کی مزید دلیل یہ ہے کہ اس کے بعد ہی قیامت کے ذکر میں ہے،

فکشفنا عنک غطاءک فبصرک الیوم حدید، (ق - ۲)

ہم نے آج تجھ سے تیرا پردہ کھول دیا، تو آج تیری نظر تیز ہے،

اس سے معلوم ہوا کہ موت کے وقت کسی قدر انکشاف ہوتا ہے اور قیامت کے دن انکشاف تام ہوجاتا ہے، لیکن بہرحال موت کے وقت یقین کا پردہ بالکل کھل جاتا ہے،

**موت کے بعد خدا کی طرف روح کی بازگشت**

"موت" کے لئے قرآن میں اکثر خدا کی طرف بازگشت" یعنی خدا کی طرف لوٹ جانے کی اصطلاح اختیار کی گئی ہے،

قل ان الموت الذی تفرون

بیشک وہ موت جس سے تم بھاگتے ہو اس

| | |
|---|---|
| مِنْهُ فَاِنَّهٗ مُلٰقِيْكُمْ ثُمَّ تُرَدُّوْنَ اِلٰى | ملنا ہی ہے پھر تم اس (خدا) کے پاس لوٹائے |
| عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ فَيُنَبِّئُكُمْ | جاؤ گے، جو حاضر و غائب کا جاننے والا ہے تو |
| بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (جمعہ-۱) | وہ تم کو تمھارے کرتوت بتائے گا، |
| اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ (بقرہ ۱۹) | ہم سب خدا کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جائیں گے، |
| اِلَى اللّٰهِ مَرْجِعُكُمْ جَمِيْعًا (مائدہ ۱۴) | تم سب کو خدا ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے، |

یہ طرز ادا بیسیوں آیتوں میں اختیار کیا گیا ہے، یہ بالکل بدیہی ہے کہ ہر رجوع و بازگشت کے مفہوم میں ورود اور آمد داخل ہے، اس سے یہ نتیجہ نکلتا ہے کہ کہ تمام ارواح انسانی خدا کے یہاں سے اس جسم و قالب کی قید میں آئی ہیں، اور موت کے وقت اس عناصر کی چہار دیواری سے نکل کر پھر اُن کو وہیں واپس جانا ہے جہاں سے آئی تھیں، اس بازگشت کے سفر میں ان کا زاد راہ صرف وہی ہوگا، جو اس دنیائے دار العمل میں انھوں نے کمایا ہو یعنی اُن کے اندرونی و بیرونی اعمال اور اس کے بعد جو اُن کی زندگی ہوگی، وہ اُن کے اُن ہی اعمال کی نوعیت پر منحصر ہوگی،

| | |
|---|---|
| وَهُوَ الَّذِيْ يَتَوَفّٰىكُمْ بِاللَّيْلِ وَيَعْلَمُ | اور وہی (خدا) ہے جو تمھیں رات کو موت |
| مَا جَرَحْتُمْ بِالنَّهَارِ ثُمَّ يَبْعَثُكُمْ فِيْهِ | (نیند) دیتا ہے، اور دن کو جو کمایا اُس کو |
| لِيُقْضٰى اَجَلٌ مُّسَمًّى ج ثُمَّ اِلَيْهِ | جانتا ہے پھر تم کو دن میں جگا اٹھاتا ہے تاکہ |
| مَرْجِعُكُمْ ثُمَّ يُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ | مقررہ وقت (اصلی موت) پورا ہو، پھر اسی |
| تَعْمَلُوْنَ، | کی طرف تم کو لوٹ کر جانا ہے، پھر وہ تم کو |
| (انعام-۷) | تمھارے اعمال جتائے گا، |

ایک اور آیت میں ہے،

| | |
|---|---|
| يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّمَا بَغْيُكُمْ عَلَى أَنْفُسِكُمْ مَتَاعَ الْحَيَاةِ الدُّنْيَا ثُمَّ إِلَيْنَا مَرْجِعُكُمْ فَنُنَبِّئُكُمْ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ، (یونس - ۲) | اے انسانو! تمہاری بغاوت کا نتیجہ تمہیں پر ہے، دنیا کی زندگی سے کچھ فائدہ اٹھانا، پھر ہماری ہی طرف لوٹ کر آنا ہے تو ہم تم کو تمہارے اعمال جتائیں گے، |

اس میں دنیا کی زندگی کے بعد ہی خدا نے اپنی طرف واپس آجانے کی اطلاع دی ہے، اہل تفسیر نے بھی اس رجوع الی اللہ سے موت ہی کے معنی سمجھے ہیں، (طبری ۱۱ - ص ۶۴ مصر)

اب ہم ایک ایسی آیت پیش کرتے ہیں جس میں موت کا پورا نقشہ ہے، اور اس کے بعد بیان ہے کہ اس دن مرنے کے بعد ہی خدا کے ہاں ہنکا کر لائے جاؤ گے، گویا جس طرح جانور ہنکا کر لائے جاتے ہیں، ویسے ہی گنہگاروں کی روحیں موت کے بعد نکال کر لائی جاتی ہیں، فرمایا،

| | |
|---|---|
| كَلَّا إِذَا بَلَغَتِ التَّرَاقِيَ، وَقِيلَ مَنْ رَاقٍ وَظَنَّ أَنَّهُ الْفِرَاقُ وَالْتَفَّتِ السَّاقُ بِالسَّاقِ إِلَى رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ، (قیامہ - ۱) | ہرگز نہیں، جب روح ہانس ہنسلی تک پہنچے اور لوگ کہیں، اب کون ہے جھاڑ پھونک کر کے بچانے والا، اور سمجھا کہ اب جدائی کا وقت آگیا، اور پنڈلی سے پنڈلی لپٹ گئی، اس دن تیرے پروردگار کی طرف ہے، ہانکا جانا، |

لیکن سعید اور نیکوکار روحوں کو موت کے وقت یہ محبت بھری صدائے غیب سنائی دیتی ہے،

| | |
|---|---|
| يَا أَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ارْجِعِي | اے مطمئن روح! تو اپنے مالک سے خوش |

Marfat.com

اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً (فجر ۱) ؎ اور تیرا مالک تجھ سے خوش تو اپنے مالک کے پاس واپس چلی جا،

یہ کیسی دلآویز صدا اور کیسی دلکش واپسی ہوگی،

اس وقت کا سماں | وہ لمحہ جب اس روح کی مہلت کا زمانہ اور عمل کی فرصت ختم ہوتی ہے کتنا دردناک ہے، اُس وقت اسکی زندگی صرف اُس کے گذشتہ اعمال کے قالب میں جلوہ گر ہوتی ہے، ہر عمل کی صورت اس کو سامنے کھڑی ہوئی معلوم ہوتی ہے، اور غیب کی کارکن صورتیں چلتی پھرتی دکھائی، اور بولتی چالتی سنائی دیتی ہیں،

| | |
|---|---|
| وَلَوْ تَرٰىٓ اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِيْ غَمَرٰتِ | اور کبھی تو دیکھے جس وقت گنہگار موت کی |
| الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ | بیہوشی میں ہوں، اور فرشتے ہاتھ کھولے ہوں کہ |
| اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ | نکالو (اپنے جسموں کے اندر سے) اپنی روحوں |
| عَذَابَ الْهُوْنِ بِمَا كُنْتُمْ تَقُوْلُوْنَ | کو، آج تم کو اس بدذات کی سزا ملیگی کہ تم خدا |
| عَلَى اللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ وَكُنْتُمْ عَنْ اٰيٰتِهٖ | کی شان میں جھوٹ باتیں کہتے تھے، اور اس کے |
| تَسْتَكْبِرُوْنَ، وَلَقَدْ جِئْتُمُوْنَا فُرَادٰى | حکموں کے ماننے سے غرور کرتے تھے اور تم ایک |
| كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّتَرَكْتُمْ | ایک کرکے (تنہا) جیسے ہم نے پہلی بار تم کو پیدا کیا تھا، |
| مَّا خَوَّلْنٰكُمْ وَرَآءَ ظُهُوْرِكُمْ ج | ہمارے پاس آئے اور جو سامان و اسباب ہم کو دیا |
| (انعام - ۱۱) | تھا، (جس نے تم کو مغرور بنایا تھا) اسکو اپنے پیچھے |

ان آیات سے ظاہر ہے کہ موت کے وقت کس طرح فرشتے سامنے آتے ہیں، اور روح جسم سے جس وقت الگ ہوتی ہے، اُس کے گناہوں کی سزا کا دَو

شروع ہو جاتا ہے یہی بات ایک اور موقع پر مذکور ہے،

| | |
|---|---|
| وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا | اور کبھی تو دیکھے جس وقت فرشتے کافروں کی |
| الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَأَدْبَارَهُمْ | جان لیتے ہیں اُن کے منہ پر اور پیچھے مارتے ہیں |
| وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ، ذَٰلِكَ بِمَا | (اور کہتے ہیں) جلنے کے عذاب کا مزہ چکھو، یہ تمہارے |
| قَدَّمَتْ أَيْدِيكُمْ وَأَنَّ اللَّهَ لَيْسَ | ہاتھوں کے پہلے کئے ہوئے کاموں کا بدلہ ہے اور |
| بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِيدِ ﴿ (انفال - ۷) | بندوں پر ظلم نہیں کرتا، |

اس سے واضح ہے کہ یہ سزا، موت ہی کے عالم سے شروع ہو جاتی ہے اور اللہ تعالیٰ یہ سزا نعوذ باللہ کسی انتقام کے سبب سے نہیں دیتا، بلکہ وہ درحقیقت قانونِ عمل کے مطابق خود انسان کے کاموں کا لازمی نتیجہ ہوتی ہے،

نکوکاروں کا نقشہ اس سے بالکل الگ ہے، اُن کو ہر طرف سے بشارتیں سنائی دیتی ہیں، اور ہر سمت خوشی و شادمانی کا سمان سامنے ہوتا ہے،

| | |
|---|---|
| فَلَوْلَا إِذَا بَلَغَتِ الْحُلْقُومَ، وَأَنتُمْ | پھر کیوں نہیں جس وقت روح حلق تک پہنچ |
| حِينَئِذٍ تَنظُرُونَ، وَنَحْنُ أَقْرَبُ إِلَيْهِ | جاتی ہے اور تم اس وقت دیکھ رہے ہوتے ہو، اور |
| مِنكُمْ وَلَٰكِن لَّا تُبْصِرُونَ، فَلَوْلَا | ہم اس سے تمہاری نسبت زیادہ تر نزدیک ہوتے |
| إِن كُنتُمْ غَيْرَ مَدِينِينَ، تَرْجِعُونَهَا | ہیں لیکن تم کو دکھائی نہیں دیتا تو اگر تم کسی اور کے |
| إِن كُنتُمْ صَادِقِينَ. فَأَمَّا إِن كَانَ | حکم کے نیچے نہیں ہو تو کیوں نہیں اُس روح کو |
| مِنَ الْمُقَرَّبِينَ، فَرَوْحٌ وَرَيْحَانٌ | پھر لوٹا دیتے ہو اگر تم (اپنے انکار و تکذیب میں) سچے ہو |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَجَنَّتُ نَعِيْمٍ وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنْ | تو اگر وہ (مرنے والا) مقرب بندوں میں سے ہوا |
| اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ فَسَلٰمٌ لَّكَ مِنْ | تو خوشی و آرام اور نعمت کی جنت ہے، اور اگر وہ داہنے |
| اَصْحٰبِ الْيَمِيْنِ، وَاَمَّآ اِنْ كَانَ مِنَ | سے کچھ کم درجہ) داہنے والوں میں ہوا تو تجھ پر سلامتی |
| الْمُكَذِّبِيْنَ الضَّآلِّيْنَ، فَنُزُلٌ مِّنْ | داہنے والوں میں سے ہے، اور اگر وہ حق کو جھٹلانے والے |
| حَمِيْمٍ وَّتَصْلِيَةُ جَحِيْمٍ، اِنَّ | گمراہوں میں سے ہوا تو گرم پانی کی مہمانی، اور |
| هٰذَا لَهُوَ حَقُّ الْيَقِيْنِ، | دوزخ میں بیٹھنا ہے، بے شبہ یہ بات |
| (واقعہ - ۳) | یقین کے لائق ہے، |

یہ تمام سماں موت کے بعد اور عالم برزخ ہی کے مناظر ہیں،

**برزخ کا عذاب و راحت** اوپر کی آیتوں سے پوری طرح ہویدا ہے کہ روح و جسم کی مفارقت کے بعد اچھی روحوں کے سامنے رحمت کے اور بری روحوں کے روبرو عذاب کے منظر گذرتے ہیں۔ قرآن پاک میں کچھ اور آیتیں ہیں جن سے ثابت ہے کہ یہ منظر نہ صرف روح کے سامنے سے گذرتے ہیں، بلکہ کبھی کبھی وہ اپنے اعمال کے مدارج کے مطابق رحمت یا زحمت کے اندر بھی داخل کر دی جاتی ہے، منافقین کی نسبت قرآن میں ہے:

| | |
|---|---|
| سَنُعَذِّبُهُمْ مَّرَّتَيْنِ، ثُمَّ يُرَدُّوْنَ | ہم اُن کو دو دفعہ عذاب دیں گے، پھر وہ |
| اِلٰى عَذَابٍ عَظِيْمٍ، (توبہ - ۱۳) | ایک بڑے عذاب کی طرف لوٹائے جائیں گے |

عَذَابٍ عَظِيْمٍ سے ظاہر ہے کہ دوزخ کا عذاب مراد ہے۔ اب اس عذاب دوزخ سے پہلے عذاب کے دو دور اُن پر اور گذر چکے ہوں گے، ایک تو یہ دنیا وی عذاب کا اور دوسرا

موت کے بعد ہی کا ہوسکتا ہے، قرآن میں آلِ فرعون کے ذکر میں ہے،

| | |
|---|---|
| وَحَاقَ بِآلِ فِرْعَوْنَ سُوْٓءُ الْعَذَابِ | اور فرعون والوں پر بری طرح کا عذاب |
| اَلنَّارُ يُعْرَضُوْنَ عَلَيْهَا غُدُوًّا وَّعَشِيًّا | الٹ پڑا، آگ کہ اس پر وہ صبح اور شام پیش |
| وَيَوْمَ تَقُوْمُ السَّاعَةُ قف اَدْخِلُوْٓا آلَ | کئے جاتے ہیں، اور جس دن قیامت کی گھڑی |
| فِرْعَوْنَ اَشَدَّ الْعَذَابِ، | ہوگی، (ندا ہوگی کہ) فرعون والوں کو |
| (مومن - ۵) | (پہلے سے بھی) بڑھ کر عذاب میں ڈالو، |

اس سے ظاہر ہوا کہ گنہگاروں کو قیامت سے پہلے برزخ کے عالم میں بھی عذاب کا کچھ نہ کچھ مزہ چکھایا جاتا ہے، ایسا ہی نیکوکاروں کو بہشت کے عیش و آرام کا منظر دکھایا جاتا ہے، اسی آیت پاک کی تشریح میں گویا آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے "تم میں سے جب کوئی مرتا ہے تو اس پر صبح و شام اس کا اصلی مقام پیش کیا جاتا ہے، اگر وہ اہل جنت میں سے ہوتا ہے تو جنت، اور اہل دوزخ سے ہوتا ہے تو دوزخ، پھر اس کو کہا جاتا ہے کہ یہ تیرا مقام اس وقت تک کیلئے کہ جب تو قیامت کے دن اٹھایا جائے[1]" ایک اور صحیح حدیث میں ہے کہ جنتی مردہ کے سامنے جنت و دوزخ دونوں کے منظر سامنے کرکے کہتے ہیں کہ اگر تو اچھے عمل نہ کرتا تو تیرا یہ مقام نہ ہوتا، مگر تیرے نیک عمل کے سبب سے اب یہ جنت تیرا مقام ہے[2]، اور اس دن تک کے لئے کہ لوگ اٹھائے جائیں؛ اس پر سرسبزی بھردیجاتی ہے[3]"

---

[1] صحیح مسلم کتاب الجنۃ والنار باب عرض مقعد المیت جلد ۲ ص ۴۸۰ مصر و جامع ترمذی کتاب الجنائز باب عذاب القبر حدیث حسن صحیح و صحیح بخاری کتاب الجنائز باب عذاب القبر ص ۱۸۴ و سکرات الموت ص ۹۶۴ [2] صحیح بخاری کتاب الجنائز ص ۱۸۴

[3] صحیح مسلم باب عرض مقعد المیت ص ۱۴۹۰ مصر،

مشرکوں اور قیامت کے منکروں کا سوال تھا کہ اگر یہ پیغام الٰہی سچ ہے تو ہم کو فرشتے یا خدا نظر کیوں نہیں آتے جواب میں کہا گیا کہ فرشتے جس دن نظر آئینگے اس دن ایمان بالغیب کہاں؟ اور اوپر کی آیتوں سے معلوم ہو چکا ہے کہ فرشتے موت کے وقت نظر آتے ہیں، یا پھر قیامت میں نظر آئینگے اسلئے ارشاد ہے

| | |
|---|---|
| يَوْمَ يَرَوْنَ الْمَلٰٓئِكَةَ لَا بُشْرٰى يَوْمَئِذٍ | جس دن وہ فرشتوں کو دیکھیں گے اس دن ان |
| لِّلْمُجْرِمِيْنَ وَيَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا وَ | گنہگاروں کیلئے کوئی خوشخبری نہیں اور کہیں گے (کہ یہ ڈراونا |
| قَدِمْنَآ اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ | منظر جو ہم کو نظر آرہا ہے) اب دور ہٹ جائے اور ہم خدا |
| هَبَآءً مَّنْثُوْرًا ، اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ يَوْمَئِذٍ | فرماتا ہے ان کے کیے ہوئے کاموں کے پاس پہونچے اور انکو |
| خَيْرٌ مُّسْتَقَرًّا وَّ اَحْسَنُ مَقِيْلًا ، وَ | اڑتا غبار بنا دیا (یعنی بیکار بے سود و معدوم) جنت والے |
| يَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالْغَمَامِ وَنُزِّلَ | لوگ (یعنی جنکو جنت ملنے والی ہے) اس دن انکیلئے خوب |
| الْمَلٰٓئِكَةُ تَنْزِيْلًا ، اَلْمُلْكُ يَوْمَئِذِ | ٹھکانا، اور دوپہر کے سونے کا مقام ہوگا، اور جس دن |
| نِ الْحَقُّ لِلرَّحْمٰنِ وَكَانَ يَوْمًا عَلَى | آسمان بادل سے پھٹ جائیگا، اور فرشتے آہستہ آہستہ |
| الْكٰفِرِيْنَ عَسِيْرًا ، (فرقان ۳) | اتارے جائینگے، اس دن راج سچا خدا کا ہوگا، اور |

کھلی بات ہے کہ آسمان کا بادل سے پھٹنا، اور فرشتوں کا اترنا قیامت کا نقشہ ہے اب اس سے پہلے فرشتوں کے دکھائی دینے کا وہ دن جس میں گنہگاروں کے لئے کوئی خوشخبری نہیں اور وہ کہیں گے کہ کاش یہ ڈراونا منظر ہماری نگاہوں کے سامنے نہ ہوتا، اور جنت کے مستحقین کو ایک اچھا مستقر (قرار گاہ) اور دوپہر کی دھوپ سے بچانے والی خوابگاہ ملی ہوگی، قیامت سے پہلے اور موت کے بعد ہی کی کیفیت ہے،

Marfat.com

سورۂ محمد میں موت کے وقت کا حال بیان ہوتا ہے کہ جب فرشتے ان گنہگاروں کی روحوں کو قبض کرتے ہیں تو اُن کے چہروں پر اور پیٹھوں پر ضرب لگاتے ہیں، فرمایا،

| | |
|---|---|
| فَكَيْفَ إِذَا تَوَفَّتْهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ | پھر کیا حال ہوگا جب فرشتے اُن کو وفات دینگے |
| يَضْرِبُوْنَ وُجُوْهَهُمْ وَاَدْبَارَهُمْ | اُن کے چہروں اور اُن کی پیٹھوں پر مارتے ہوئے |
| ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ اتَّبَعُوْا مَآ اَسْخَطَ اللّٰهَ | یہ اس لئے کہ انھوں نے اسکی پیروی کی جس نے |
| وَكَرِهُوْا رِضْوَانَهٗ فَاَحْبَطَ اَعْمَالَهُمْ | خدا کو اُن سے ناخوش کر دیا، اور جنھوں نے خدا کی |
| (محمد - ۳) | خوشنودی کو پسند نہ کیا تو خدا نے اُن کے کاموں |

یعنی ضرب خواہ اسی مادی جسم پر پڑتی ہو یا اس کے مثالی جسم پر یا روح پر، جو بھی سکئے، بہر حال اس سے یہ ثابت ہے کہ گنہگار مردہ پر موت کے وقت ہی سے عذاب کا ایک رنگ شروع ہوتا ہے،

سورۂ انعام میں اس سے زیادہ ہے،

| | |
|---|---|
| وَلَوْ تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوْنَ فِىْ غَمَرٰتِ | اور اگر تو دیکھے جب گنہگار موت کی سکرات |
| الْمَوْتِ وَالْمَلٰٓئِكَةُ بَاسِطُوْٓا اَيْدِيْهِمْ | میں ہوں، اور فرشتے ہاتھ بڑھائے ہوں کہ |
| اَخْرِجُوْٓا اَنْفُسَكُمْ اَلْيَوْمَ تُجْزَوْنَ | (اپنے جسم کے اندر سے) اپنی روحوں کو، |
| عَذَابَ الْهُوْنِ ، (انعام - ۱۱) | آج تم کو ذلت کی سزا ملے گی، |

اَلْيَوْمَ جس کے معنی آج کے ہیں، ظاہر ہے کہ اس سے وہی زمانہ مراد ہے جب وقت سے فرشتے بدن سے روح نکالتے ہیں، اس "آج" سے مقصود ہمارا دنیاوی آج نہیں ہے جو ۲۴ گھنٹوں میں ختم ہوجاتا ہے، بلکہ برزخ کا پورا زمانہ ہے (دیکھو فتح القدیر شوکانی و تفسیر

Marfat.com

ابوالسعود وتفسیر روح المعانی آلوسی)

قوم نوح کے غرق ہونے کے بعد ہی دوزخ میں جانے کا ذکر ہے،

| | |
|---|---|
| اُغْرِقُوْا فَاُدْخِلُوْا نَارًا فَلَمْ یَجِدُوْا | وہ ڈبو دیئے گئے، پھر وہ آگ میں داخل کئے |
| لَهُمْ مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْصَارًا ۔ | گئے، تو انھوں نے خدا کے سوا مددگار |
| (نوح - ۲) | نہیں پائے، |

حضرت لوطؑ اور حضرت نوحؑ کی کافر بیویوں کی موت کے بعد ہی عذاب کا ذکر ہے،

| | |
|---|---|
| وَقِیْلَ ادْخُلَا النَّارَ مَعَ الدّٰخِلِیْنَ | اور کہا گیا کہ داخل ہونے والوں کے ساتھ |
| (تحریم - ۲) | تم دونوں بھی آگ میں داخل ہو جاؤ، |

یہ قیامت سے پہلے اور دنیا کے عذاب ہلاکت کے بعد کے واقعات ہیں، اور اسی وقفہ کا نام برزخ ہے،

سورۂ یٰسین میں ایک خیرخواہ قوم کا ذکر ہے جو عمر بھر اپنی قوم کو حق کی تبلیغ کرتا رہا تھا اور پھر وہ غالباً اسی حق کی راہ میں شہید ہوا، مرنے کے بعد جب اس کو بہشت ملی، تو اس نے بڑی حسرت سے کہا کہ کاش میری قوم کو معلوم ہوتا کہ مرنے کے بعد خدا نے کس طرح مجھے معاف فرمایا اور عزت بخشی تاکہ وہ بھی ایمان سے میری طرح بہرہ ور ہو کر اس مغفرت اور عزت سے سرفراز ہوتی

| | |
|---|---|
| قِیْلَ ادْخُلِ الْجَنَّةَ ؕ قَالَ یٰلَیْتَ قَوْمِیْ | کہا گیا جنت میں داخل ہو، اس نے کہا |
| یَعْلَمُوْنَ ۔ بِمَا غَفَرَ لِیْ رَبِّیْ وَجَعَلَنِیْ | اے کاش میری قوم کو یہ معلوم ہوتا کہ میرے |
| مِنَ الْمُکْرَمِیْنَ ، وَ مَا اَنْزَلْنَا | پروردگار نے میری مغفرت کی اور مجھے عزت |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| عَلٰی قَوۡمِہٖ مِنۡۢ بَعۡدِہٖ مِنۡ جُنۡدٍ | والوں میں سے بنایا، اور ہم نے اُس کے |
| مِّنَ السَّمَآءِ وَ مَا کُنَّا مُنۡزِلِیۡنَ ، | مرنے کے بعد اُس کی قوم پر آسمان سے کوئی |
| (یٰسین - ۲) | فوج نہیں اُتاری، اور نہ ہم اُتارا کرتے ہیں |

شہیدوں کی نسبت تو خاص طور پر ہے،

| | |
|---|---|
| بَلۡ اَحۡیَآءٌ عِنۡدَ رَبِّہِمۡ یُرۡزَقُوۡنَ | بلکہ وہ زندہ ہیں اپنے رب کے پاس روزی |
| (آل عمران - ۱۷) | پاتے ہیں، |

اس سے معلوم ہوا کہ شہدا کو برزخ ہی میں کامل زندگی کے ساتھ جنت کی روزی ملتی ہے، اور عام نیکوکاروں کا یہ حال ہے کہ اُن کو فرشتے اس وقت سلامتی اور جنت کی خوشخبری سُناتے ہیں، فرمایا،

| | |
|---|---|
| اَلَّذِیۡنَ تَتَوَفّٰہُمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ طَیِّبِیۡنَ | جن کو فرشتے (گناہوں سے) پاک صاف حالت |
| یَقُوۡلُوۡنَ سَلٰمٌ عَلَیۡکُمُ ادۡخُلُوا | میں وفات دیتے ہیں کہتے ہیں کہ تم پر سلامتی |
| الۡجَنَّۃَ بِمَا کُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ (نحل - ۴) | ہو اپنے کاموں کے بدلے جنت میں چلے جاؤ، |

**قبر کی اصطلاح** سطور بالا میں عالم برزخ کے وہ مناظر دکھائے گئے ہیں جو قرآن کی آیتوں میں نظر آتے ہیں، اور احادیث صحیحہ میں اس عالم کے حالات کی جو تفصیلیں مذکور ہیں وہ عموماً قبر کی

---

[1] بعض معتزلہ عذاب قبر کے قائل نہ تھے، اور اُن کی دلیل یہ تھی کہ قرآن میں اسکا ذکر نہیں، یہ غلط فہمی انکو اسلئے پیش آئی کہ قرآن میں لفظ قبر و قبور کیساتھ عذاب کا ذکر نہیں لیکن اگر وہ دیکھتے کہ قرآن میں بعد موت و قبل قیامت ارواح انسانی کے عذاب و ثواب و رحمت و لذت کا ذکر موجود ہے تو اُن کو اس انکار کی جرأت نہ ہوتی اور قرآن میں اسی قسم کی متعدد آیتیں موجود ہیں،

اصطلاح کے ساتھ بیان ہوئی ہیں لیکن اس لفظ "قبر" سے درحقیقت مقصود وہ خاک کا تودہ نہیں جس کے نیچے کسی مردہ کی ہڈیاں پڑی رہتی ہیں، بلکہ وہ عالم ہے جس میں یہ مناظر پیش آتے ہیں، اور وہ ارواح و نفوس کی دنیا ہے، مادی عناصر کی نہیں، اسی لئے قرآن پاک نے اس عالم کے تعلق سے ہمیشہ نفس اور نفوس کو خطاب کیا ہے اور ان ہی کے عذاب و ثواب اور رحمت و لعنت کا ذکر ہے، اس عالم میں جو جسم نظر آتا ہے۔ وہ مرنے والے کے اعمال کا مثالی پیکر ہوتا ہے جو ہو بہو اُس کے خاکی جسم کا مثنیٰ ہوتا ہے، تم نیند میں ہو، اور تمہارا جسم مردہ بے حس بستر پر دراز ہے، مگر تم خواب میں دیکھ رہے ہو کہ بعینہٖ تمہارا جسم آگ میں جل ... رہا ہے یا باغ و بہار کی لذتوں میں مصروف ہے، اور تم کو اس سے وہی تکلیف اور راحت مل رہی ہے جو بیداری میں اپنے بستر پر پڑے ہوئے جسم کی تکلیف و راحت سے مل سکتی ہے، اس خواب میں جس طرح تمہارے مادی جسم کے علاوہ تم کو اپنا ایک خیالی جسم نظر آتا ہے جو ہو بہو تمہارا مادی جسم ہے اسی طرح موت کے خواب میں بھی تم کو اپنا ایک مثالی جسم نظر آئے گا، جو اکثر حالتوں میں ہو بہو تمہارے اس خاکی جسم کے مطابق ہوگا[1]، اور تمہاری روح اسی جسمِ مثالی کے عذاب و راحت سے متاثر ہوگی کہ اعمال کی اصل ذمہ دار روحِ انسانی ہے، جسم خاکی نہیں فرمایا كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ (مدثر-۲) (یعنی ہر روح اور جان اپنے اعمال کے ہاتھوں گرو ہوگی) اس لئے اصل مکلف روح ہے، جسم نہیں جسم بمنزلہ آلہ کے ہے، دنیا میں اس کا ایک جسم خاکی تھا، برزخ میں اس کا ایک جسم

---

[1] اس سے اس شبہ کا ازالہ ہوتا ہے کہ ہم کو مردہ کا جسم سامنے پڑا نظر آتا ہے لیکن اس پر عذاب کوئی نظر نہیں آتا، اور نیز اس شبہ کا بھی ازالہ ہوتا ہے کہ قبر میں جب جسم سڑ گل جاتا ہے تو پھر عذاب ثواب کا احساس اس کو کیسے ہوتا ہے۔

Marfat.com

ہوگا، جو مادّہ و مادّیات سے پاک و بری ہوگا تاہم اس کو اپنے جسم خاکی سے ایک قسم کی نسبت حاصل ہوگی، اور اتنی ہی نسبت کی بنا پر قبر کی اصطلاح عام بول چال میں جاری ہے، کیونکہ ہم اپنی آنکھوں سے مسلمان مردوں کو اسی قبر میں جاتے دیکھتے ہیں، قرآن پاک کی یہ آیت اوپر گذر چکی ہے،

| | |
|---|---|
| وَلَوْ تَرَىٰ إِذْ يَتَوَفَّى الَّذِينَ كَفَرُوا | اور اگر تو دیکھے جب فرشتے کافروں کی |
| الْمَلَائِكَةُ يَضْرِبُونَ وُجُوهَهُمْ وَ (انفال) | روح قبض کرتے ہیں، مارتے ہیں اُن کے منھ |
| أَدْبَارَهُمْ، وَذُوقُوا عَذَابَ الْحَرِيقِ | اور پیٹھ پر اور (کہتے ہیں) چکھو جلنے کا مزہ |

اس آیت سے جہاں یہ ثابت ہوتا ہے کہ گنہگاروں پر موت کے بعد ہی عذاب شروع ہو جاتا ہے وہاں یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ یہ مار ان کے منھ اور پیٹھ پر پڑتی ہے، مگر یہ منھ اور پیٹھ وہ نہیں ہے جو بے جان لاش کی صورت میں ہمارے سامنے ہے، بلکہ اس آیت میں کافر کی روح کو جانور سے تشبیہ دی گئی ہے کہ جس طرح جانور کو تیز ہنکاتے وقت کبھی آگے (منھ پر) اور کبھی پیچھے (پیٹھ پر) مارتے ہیں، اسی طرح گویا کافر روح کو زبردستی فرشتے مارتے ہوئے اور ہنکاتے ہوئے لے چلیں گے اور کہیں گے کہ چلو عذاب کا مزہ چکھو، یہی مفہوم صاف لفظوں میں اس آیت میں ہے،

| | |
|---|---|
| إِلَىٰ رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمَسَاقُ، | اس دن تیرے پروردگار کی طرف ہے |
| (قیامت - ۱) | ہنکایا جانا، |

بعض ایسی سعید روحیں بھی ہوتی ہیں، جن کو اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے اس برزخ میں جسم خاکی کی تشکل و صورت کی قید سے آزاد کر کے کوئی دوسرا مناسب مثالی جسم عطا کرتا ہے جیسا کہ احادیث میں آیا ہے کہ مومن کامل کی روح پرندوں کی شکل میں جنت میں اڑتی

پھرتی ہے[1] اور خصوصاً شہداء کے متعلق آیا ہے کہ وہ سبز پرندوں کی شکل میں ہونگے اور عرش الٰہی کی قندیلیں اُن کا آشیانہ ہوں گی، اسی طرح دوزخ و بہشت کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا جو رویائے صادقہ پہلے گذرا ہے، اُس میں جن جسمانی قالبوں میں گنہگاروں کی سزا و تکلیف کی صورتیں دکھائی گئی ہیں، وہ تمامتر مثالی ہی ہیں، ظاہر ہے کہ مومن سعید اور شہداء کے وہ مثالی قالب اور گنہگاروں کے یہ مثالی اجسام اُن کے وہ قالب اور جسم نہیں ہیں جو اُن کی قبروں میں سڑ گل کر فنا ہو گئے، یا وہ آگ میں جل کر خاکستر ہوئے اور ذرّے ہوا میں اڑ کر منتشر ہو گئے، یا کسی جانور کے پیٹ میں جا کر اس کا جزءِ بدن بن گئے،

بعض حدیثوں میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اُن مُردوں کی قبروں میں عذاب کے مشاہدات و مسموعات کا تذکرہ ہے، تو ظاہر ہے کہ مادی زبان و منظر میں ان قوموں کے نزدیک جو مُردوں کو گاڑتی ہیں، اُس میت کی یادگار اس دنیا میں اُس کے اس مٹی کے ڈھیر کے سوا اور کیا ہے جس کی طرف اشارہ کیا جا سکے ایک صحیح حدیث میں اُس نیک مرد کا ذکر ہے جس نے خدا کے خوف سے یہ وصیت کی تھی کہ مرنے کے بعد اس کا جسم جلا کر راکھ ہوا میں اُڑا دی جائے تا کہ وہ خدا کے سامنے حاضر کیا جا سکے، مگر قدرتِ الٰہی نے اس کو مجسم کر کے کھڑا کر دیا، اور اُس کو اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمتوں سے نوازا۔[2]

**سوال و جواب** | احادیثِ صحیحہ میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ مرنے کے بعد قبر میں دو فرشتے آتے ہیں، اور وہ مُردوں سے توحید و رسالت کی نسبت سوال کرتے ہیں،

اس کی تصدیق قرآن پاک کی ان آیتوں سے بھی ہوتی ہے،

---

[1] سنن ابن ماجہ کتاب جنائز [2] صحیح بخاری جلد دوم ص ۹۶۰ کتاب الرقاق باب الخوف من اللہ،

| | |
|---|---|
| اَلَّذِیْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَیِّبِیْنَ | جن کو فرشتے (گناہوں سے) پاک صاف حالت میں |
| یَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَیْكُمُ ادْخُلُوا | وفات دیتے ہیں، کہتے ہیں کہ تم پر سلامتی ہو، اپنے |
| الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (نحل ۴) | کاموں کے بدلے جنت میں چلے جاؤ، |
| اِنَّ الَّذِیْنَ تَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ | بیشک فرشتوں نے جن کی روحوں کو اس حالت |
| ظَالِمِیْٓ اَنْفُسِهِمْ قَالُوْا فِیْمَ كُنْتُمْ | میں قبض کیا کہ وہ اپنی جانوں پر ظلم کر رہے تھے، تو |
| قَالُوْا كُنَّا مُسْتَضْعَفِیْنَ فِی الْاَرْضِ | اُن سے کہتے ہیں تم کس بات میں تھے وہ جواب |
| قَالُوْٓا اَلَمْ تَكُنْ اَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةً | دیتے ہیں کہ ہم ملک میں بے یار و مددگار تھے تو |
| فَتُهَاجِرُوْا فِیْهَا فَاُولٰٓئِكَ مَاْوٰىهُمْ | فرشتے کہتے ہیں کہ کیا اللہ کی زمین کشادہ نہ تھی |
| جَهَنَّمُ، (نساء - ۱۴) | کہ تم اپنا وطن چھوڑ کر باہر چلے جاتے، |

ایک اور آیت ہے،

| | |
|---|---|
| حَتّٰٓى اِذَا جَآءَتْهُمْ رُسُلُنَا یَتَوَفَّوْنَهُمْ | یہاں تک کہ جب ان جھٹلانے والوں کے پاس |
| قَالُوْٓا اَیْنَ مَا كُنْتُمْ تَدْعُوْنَ مِنْ | ہمارے فرشتے اُن کی روحوں کو قبض کرنے آئیں گے |
| دُوْنِ اللّٰهِ ؕ قَالُوْا ضَلُّوْا عَنَّا وَشَهِدُوْا | اور کہیں گے کہاں ہیں وہ جنکو تم خدا کے علاوہ پکارتے |
| عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰفِرِیْنَ | تھے، (اس وقت وہ مشرک) کہیں گے کہ ہمارے دیوتا ہم |
| قَالَ ادْخُلُوْا فِیْٓ اُمَمٍ قَدْ خَلَتْ مِنْ | سے کنارہ کش ہو گئے اور انھوں نے اپنے اوپر آپ گواہی دی |
| قَبْلِكُمْ مِّنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فِی النَّارِ | کہ وہ کافر تھے، تب خدا فرمائے گا کہ تم بھی اُن لوگوں |
| (اعراف - ۴) | میں جا ملو، جو جن و انس میں سے تم سے پہلے |

پہلی آیت میں عدم ہجرت کے گناہ کے مرتکب مسلمانوں کا اور دوسری میں کافروں کا حال بیان کیا ہے کہ اُن سے اُن کی موت کے بعد ہی یہ سوال کیا جائے گا، بہرحال یہ تو خاص خاص گناہوں کے مجرموں کا حال تھا، اب عام لوگوں سے جو سوال ہو سکتا ہے وہ وہی ہے جس کا ذکر احادیث میں ہے یعنی توحید ورسالت کی معرفت کا اُن سے سوال ہوگا۔

قرآن پاک میں ایک جگہ کلمۂ طیبہ (اچھی بات یعنی کلمۂ توحید) اور کلمۂ خبیثہ (بری بات یعنی کلمۂ کفر) کی ایک ایک مثال ہے کلمۂ طیبہ کی مثال اُس درخت کی ہے جس کی جڑیں زمین میں مضبوط گڑی ہیں، اسی کی شاخیں آسمانوں تک پھیلی ہیں، اور اس میں سدا بہار میوے لگے ہیں، اور کلمۂ خبیثہ کی مثال اس درخت کی ہے جس کی جڑ زمین سے اکھڑی پڑی ہو، وہ اب گرا اور تب گرا، اس کے بعد قرآن میں ہے،

| | |
|---|---|
| يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ آمَنُوْا بِالْقَوْلِ | اللہ ایمان والوں کو پکی بات پر اس دنیا میں |
| الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ | مضبوط رکھے گا اور آخرت میں بھی، اور اللہ |
| وَيُضِلُّ اللّٰهُ الظّٰلِمِيْنَ ، (ابراهيم) | ظالموں کو بچلاتا ہے، |

اس کی تفسیر صحیح حدیثوں میں یہ ہے کہ یہ برزخ کے اسی سوال وجواب سے متعلق ہے کہ صاحبِ ایمان جس طرح اپنی اس زندگی میں ایمان کی بات پر قائم تھا، اسی طرح برزخ میں بھی اس پر قائم رہے گا، اور جو کافر ومشرک یہاں اس پر قائم نہ تھا، وہاں وہ بھی قائم نہ رہے گا اور بہک جائے گا،

ہرچند کہ رسول پاک کی صحیح تفسیر کے ہوتے ہوئے کسی اور استدلال کی حاجت نہیں تاہم

Marfat.com

تائید آیہ یہ عرض ہے کہ اس آیت میں اہلِ ایمان کے آخرت میں بھی قولِ ثابت پر ثابت قدم رکھے جانے کی بشارت ہے ظاہر ہے کہ اس آخرت سے قیامت اور بہشت و دوزخ کا دن تو مراد نہیں ہوسکتا کہ وہ تو کشفِ راز کا دن ہے۔ اس دن تو کافر بھی اس قولِ ثابت سے پلٹنے کی جرأت نہیں کرسکتا، پھر یہ اہلِ ایمان کے لیے کوئی خاص بشارت نہ ہوگی، اور نہ یہ اس اظہار احسان کا مناسب وقت ہوسکتا ہے، البتہ اس بشارت اور احسان کا اعلان و اظہار آخرت کے اس حصہ میں موزوں ہوسکتا ہے جہاں ہنوز اسرار پس پردہ کی پوری نقاب کشائی نہیں ہوتی اور وہ برزخ کا عالم ہے اس آیت پاک کی اس تفسیر سے جو احادیث صحیحہ پر مبنی ہے، یہ بھی واضح ہوتا ہے کہ آخرت کی وسعتِ مفہوم میں برزخ کا میدان بھی داخل ہے۔

حقیقت میں اس عالمِ برزخ کا سوال و جواب کوئی نیا واقعہ نہ ہوگا، بلکہ مرزخ کی پہلی زندگی کی ایمانی کیفیت اقرار و انکار کی مثال ہوگی، یا یوں کہو کہ آج کے آئینہ میں کل کا عکس نمایاں ہوگا یعنی اقرار و انکار کی جس کیفیت پر زندگی کا خاتمہ ہوا ہوگا، وہی بعد کو سوال و جواب میں نمایاں ہوگی

برزخ میں ارواح کا مسکن آخری سوال یہ ہے کہ موت اور قیامت کی اس بیچ کی منزل (برزخ) میں ارواحِ انسانی کا مسکن کہاں ہوگا؟ قرآن پاک میں اس کا جواب متعدد آیتوں میں ملتا ہے سب سے پہلی آیت تو ان مذکورہ بالا آیات کے بعد ہے، جس میں ذکر ہے کہ فرشتے جب منکرین سے سوال و جواب کرچکیں گے تو خدا ان کی روحوں کو حکم دیگا کہ وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ عذاب کی آگ میں داخل ہوجائیں اس کے بعد ہے۔

اِنَّ الَّذِیْنَ کَذَّبُوْا بِاٰیٰتِنَا وَاسْتَکْبَرُوْا — بیشک جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا

عَنۡهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمۡ اَبۡوَابُ السَّمَآءِ وَلَا يَدۡخُلُوۡنَ الۡجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الۡجَمَلُ فِىۡ سَمِّ الۡخِيَاطِ ؕ

(اعراف - ۵)

اور اُن کے ماننے سے غرور کیا اُن کیلئے آسمان کے دروازے نہ کھولے جائیں گے اور نہ وہ جنت میں داخل ہوں گے تا آنکہ اونٹ سوئی کے ناکے میں گھس جائے (یعنی کبھی نہیں)

اس سے معلوم ہوا کہ آیاتِ الٰہی کے منکروں اور جھٹلانے والوں کی روحیں مرنے کے بعد آسمانی بادشاہی کے حدود میں قدم نہ رکھ سکیں گی، اور وہ فضائے زمین میں آوارہ پھریں گی یا اپنے خاکی جسموں کے لگاؤ سے جہاں وہ سپردِ خاک ہوئے ہوں منڈلاتی رہیں گی، اور وہیں سے دوزخ کا منظر دیکھیں گی، اور تکلیف اٹھائیں گی،

اس کے برخلاف ہر تن پاکباز مومن روح کا یہ حال ہوتا ہے کہ موت ہی کے وقت رحمت کا فرشتہ بلکہ خود زبانِ رحمت اُس کے کانوں میں یہ صدا دیتی ہے،

يٰۤاَيَّتُهَا النَّفۡسُ الۡمُطۡمَئِنَّةُ ارۡجِعِىۡۤ اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرۡضِيَّةً فَادۡخُلِىۡ فِىۡ عِبٰدِىۡ وَادۡخُلِىۡ جَنَّتِىۡ ؕ

(فجر - ۱)

اے مطمئن روح! اپنے پروردگار کے پاس واپس چل جا! تیرا پروردگار تجھ سے خوش اور تو اپنے پروردگار سے خوش، تو میری بندوں میں شامل اور میری بہشت میں داخل ہو جا،

اُن سے بڑھ کر وہ پاکباز روحیں ہیں جنھوں نے اپنے خاکی جسموں، فانی زندگیوں، مادی خوشیوں اور زوال پذیر عشرتوں کو خدا کی راہ میں قربان کیا، تو اُن کو خدا کی طرف سے ایک مثالی جسم، غیر فانی زندگی، اور روحانی عیش و مسرت کی لازوال دولت اُسی وقت عنایت کی جاتی ہے فرمایا

| | |
|---|---|
| وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَنْ يُّقْتَلُ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ اَمْوَاتٌ | جو خدا کی راہ میں مارے جائیں، اُن کو مردہ نہ |
| بَلْ اَحْيَآءٌ وَّلٰكِنْ لَّا تَشْعُرُوْنَ (بقرہ ۔ ۱۹) | کہو، وہ زندہ ہیں لیکن تم شعور نہیں کر سکتے، |

یہ پُر مسرت زندگی کیسی ہو گی، اس کی تفصیل دوسری سورہ میں ہے،

| | |
|---|---|
| وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ قُتِلُوْا فِیْ سَبِيْلِ | اور تو اُن کو جو خدا کی راہ میں مارے گئے مُردہ |
| اللّٰهِ اَمْوَاتًا ط بَلْ اَحْيَآءٌ عِنْدَ رَبِّهِمْ | نہ گمان کر، بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں، |
| يُرْزَقُوْنَ ۙ فَرِحِيْنَ بِمَآ اٰتٰهُمُ اللّٰهُ | اُن کو روزی دی جاتی ہے، خدا نے اپنی مہربانی سے |
| مِنْ فَضْلِهٖ وَيَسْتَبْشِرُوْنَ بِالَّذِيْنَ | اُن کو جو دیا ہے، اس پر خوش ہیں، اور جو ابھی |
| لَمْ يَلْحَقُوْا بِهِمْ مِّنْ خَلْفِهِمْ اَلَّا خَوْفٌ | اُن کے پیچھے سے اُن تک نہیں پہنچے ہیں، |
| عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ يَسْتَبْشِرُوْنَ | اُن کی طرف سے بھی خوش ہیں، کہ اُن کو نہ کوئی |
| بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ وَّاَنَّ اللّٰهَ لَا | خوف ہوگا، اور نہ وہ غمگین ہوں گے، وہ اللہ |
| يُضِيْعُ اَجْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ ، | کے مہر و کرم سے مسرور ہیں، اور اللہ ایمان والوں |
| (آل عمران ۔ ۱۷) | کی مزدوری ضائع نہیں کرتا، |

یہ پُر مسرت زندگی شہدا کو ملے گی، اس زندگی کا مقام خدا کے پاس بتایا گیا ہے، احادیث صحیحہ میں ہے کہ ان زندہ شہیدوں کی روحیں قفسِ عنصری سے پرواز کرکے جب اڑتی ہیں، تو وہ سبز پرندوں کی صورت میں جنت کی سیر کرتی ہیں، اور عرشِ الٰہی کی قندیلیں اُن کا نشیمن بنتی ہیں، اس کے بعد غالباً اتنا ہر ذی عقل تسلیم کرے گا کہ انبیا علیہم السلام کے روحانی مدارج و مراتب شہدا سے بہرحال اعلیٰ اور برتر ہیں، اس لیے ان کا مقام بھی اسی احاطۂ قدس کے اندر ہوگا، اسی لیے

Marfat.com

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے سیر معراج اور اپنے رویائے صادقہ میں بعض پیغمبروں کو آسمان اور بہشت کے مختلف مدارج میں دیکھا،

بعض وہ سعید روحیں ہیں جو یہاں سے نکل کر فرشتوں کی صف میں داخل ہو جاتی ہیں، جیسا کہ حضرت جعفر طیار رضؓ کے متعلق احادیث صحیحہ میں آیا ہے، کہ وہ بہشت کے بعد اپنے دونوں بازوؤں سے فرشتوں کے ساتھ عالم ملکوت میں اڑ رہے تھے، عالم برزخ کے یہ دو اڑنے والے بازو درحقیقت ان کے ان دونوں جسمانی بازوؤں کی مثال ہیں جو اس جنگ میں ان کے جسم سے کٹکر گر گئے تھے، اور وہ اس پر بھی اسلام کے علم کو اپنے بقیہ کٹے ہوئے بازو اور گردن کے سہارے سے پکڑے تھے، عجب نہیں کہ قرآن پاک کی یہ آیت ایسے ہی لوگوں کی شان میں ہو:

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِیۡنَ قَالُوۡا رَبُّنَا اللّٰہُ ثُمَّ | بیشک جن لوگوں نے اقرار کیا کہ ہمارا پروردگار |
| اسۡتَقَامُوۡا تَتَنَزَّلُ عَلَیۡہِمُ الۡمَلٰٓئِکَۃُ | اللہ ہے، پھر ثابت قدم رہے اُن پر فرشتے یہ |
| اَلَّا تَخَافُوۡا وَ لَا تَحۡزَنُوۡا وَ اَبۡشِرُوۡا | خوشخبری لیکر اُترتے ہیں، کہ خوف نہ کھاؤ |
| بِالۡجَنَّۃِ الَّتِیۡ کُنۡتُمۡ تُوۡعَدُوۡنَ نَحۡنُ | اور غمگین نہ ہو اور اس جنت کی بشارت سنو |
| اَوۡلِیٰٓؤُکُمۡ فِی الۡحَیٰوۃِ الدُّنۡیَا وَ فِی | جس کا تم سے وعدہ کیا تھا، ہم دنیا کی زندگی |
| الۡاٰخِرَۃِ ج (حٰمٓ السجدہ ۳-۴) | میں تمھارے رفیق ہیں، اور آخرت میں، |

یہ آوازۂ بشارت اور فرشتوں کی رفاقت، اسی برزخ کا دلکش سمان ہو سکتا ہے

Marfat.com

# ۲۔ آخرت کی دُوسری اور حقیقی منزل

## قیامت اور جزاے اعمال

موت تو افراد کا معاملہ ہے، ایک مرتا ہے، اور دوسرا اسکی جگہ پیدا ہوتا ہے قومیں بھی باری باری اس بازیگاہ کے تختہ پر آتی ہیں، اور ایک قوم اپنا کھیل ختم کر کے کسی دوسری کے لیے جگہ خالی کر جاتی ہے، یہ سلسلہ ازل سے قائم ہے، اور اب تک چل رہا ہے، کائنات جس نظام پر پیدا ہوئی تھی، وہ بعینہٖ قائم ہے، اور اس محفل کی جو رونق اول روز تھی، وہ اب تک اسی طرح باقی ہے، غرض

ع ہزار شمع بکشتند و انجمن باقی است

لیکن کیا کوئی ایسا دن بھی آئے گا جب یہ ساری بساط ہستی الٹ جائے گی کائنات کی یہ مجلس درہم برہم ہو جائے گی، اور آسمان و زمین کے کرے ٹکرا کر چور چور ہو جائیں گے، اور پھر وہ خلاق عالم اپنی صفتِ خلق و احسان و جزا کے نئے منظر دکھائے گا، اور نئی زمین اور نیا آسمان پیدا ہو کر ایک اور عالم کسی نئے نظام پر وجود پذیر ہوگا،

دنیا کے وہ تمام لوگ جو حال کو دیکھ کر مستقبل کا پتہ لگاتے ہیں، کسی نہ کسی طرح اس سوال کا جواب اثبات میں دیتے ہیں، اور کہتے ہیں کہ جس طرح یہ افراد آتے اور فنا ہوتے ہیں اسی طرح ایک دن آئے گا جب اس پوری دنیاے حیات پر موت طاری ہوگی اس سے زیادہ اس سوال کے جواب میں کہ یہ بلکہ انکار کا حق فلسفہ اور سائنس کے محققوں (سائنٹسٹ) کو ہو سکتا ہے مگر

Marfat.com

اہلِ فلسفہ کا بڑا گروہ اس امکان پر یقین رکھتا ہے، اور اہلِ سائنس بھی اس کو بہرحال محال نہیں سمجھتے بلکہ طبعیات و ہیئتِ جدیدہ کے مختلف محققوں کے خیالات اس باب میں امکان سے آگے بڑھکر وقوع کی سرحد تک پہنچ چکے ہیں، وہ اس ہولناک دن کی آمد کے متعلق اپنے علم کے زور سے پیشین گوئیاں کرتے رہتے ہیں، اور اس عالمگیر موت کے مختلف اسباب ظاہر کرتے ہیں، کوئی کہتا ہے، کہ نظامِ عالم کی پوری گاڑی جس انجن سے چل رہی ہے، وہ گرم آفتاب ہے جس کی یہ گرمی روز بروز کم ہوتی جاتی ہے، آخر ایک دن آئے گا جب یہ انجن بالکل ٹھنڈا ہو جائے گا، اور ساری گاڑی ٹوٹ پھوٹ جائیگی، ایک سبب یہ بھی بیان کیا جاتا ہے کہ یہ پورا نظامِ کائنات جذب و کشش کے ستون پر قائم ہے، اور فضائے ہستی کے یہ تمام سیارے روز بروز کھنچے چلے آتے ہیں، تو ایک دن وہ بھی آئے گا، جب باہمی توازن باقی نہیں رہے گا، اس وقت تمام کرے ایک دوسرے سے قریب ہو کر ٹکرا جائیں گے، اور یہ تصادم اُن کو چور چور کر دے گا،

ایک اور خیال یہ ہے کہ اس فضا میں کروڑوں ستارے تیر رہے ہیں، اُن میں سے بہت کم کا علم ہم کو ہوا ہے، بہت ممکن ہے کہ کسی زمانہ میں ہماری زمین کسی نئے ستارہ سے ٹکرا کر چور چور ہو جائے اور اس کی ساری آبادی ہباءً منثوراً ہو کر رہ جائے،

بہرحال اسبابِ طبعی کچھ ہوں مگر ایسا ہونا اہلِ سائنس کے نزدیک بھی امکان، بلکہ وقوع کی امید سے خالی نہیں،

اہلِ مذاہب میں یہ عقیدہ کسی نہ کسی نوع سے ہر جگہ موجود ہے، اور اس کا مجمل تذکرہ تمام آسمانی کتابوں میں ہے، توراۃ میں اس کے اشارے پائے جاتے ہیں، زبور میں اس کی تصریحات ہیں،

اور اس میں اُس کو عدالت کا دن کہا گیا ہے[1]، حضرت مسیح علیہ السلام کے زمانہ میں یہود کے دو فرقے تھے، ایک صدوقی جو یونانیوں کے اثر سے آزاد خیال ہوگیا تھا، اور قیامت کا منکر تھا، مگر دوسرا فرقہ جو فریسی کہلاتا تھا، بدستور اپنے پُرانے عقیدے[2] پر قائم تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے زمانہ میں بھی جو یہود تھے، وہ قیامت، حشر و نشر اور بہشت و دوزخ کے قائل تھے، اُن کا عقیدہ تھا کہ جب قیامت آئیگی، تو اللہ تعالیٰ ایک انگلی پر آسمانوں کو، دوسری پر زمینوں کو تیسری پر درختوں کو چوتھی پر پانی کو، اور اندر کی نم مٹی کو، اور پانچویں پر تمام مخلوقات کو رکھے گا، اور ندا دیگا، کہ میں ہوں بادشاہ[3]، انجیل میں یہ عقیدہ پوری تصریح کیساتھ مذکور ہے، حضرت عیسیٰ نے صدوقیوں کے مقابلہ میں تورات کی ایک آیت سے حیات اُخروی کا ثبوت پیش کیا ہے[4]، اور مکاشفات یوحنا میں قیامت کے احوال و اہوال کی پوری تفصیل و تشریح مذکور ہے، ہندو پرلے کے نام سے اس عقیدہ (فناے عالم) پر یقین رکھتے ہیں لیکن اس حقیقت کی کامل تشریح خاتم الانبیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ذریعہ سے انجام کو پہنچی ہے،

**قیامت کے نام** کسی شے کی حقیقت کی اولین گرہ کشائی، اس کے ناموں کی تشریح سے ہوتی ہے، قرآن پاک میں قیامت کو بیسیوں ناموں سے یاد کیا گیا ہے، اور اُن میں سے ہر ایک نام اس کے ایک خاص پہلو کو نمایاں اور ظاہر کرتا ہے، قرآن میں اس کا سب سے پہلا نام جو سب سے پہلی سورہ میں ہے وہ یوم الدین ہے یعنی جزا کا دن جس سے یہ معلوم ہوا کہ یہ عمومی جزا اور ربانی عدالت کا دن ہوگا، اس کے علاوہ اس کے چند نام قرآن میں جابجا آئے ہیں،

---

[1] زبور ۹-۱۶، ۱۷ و ۲۲، ۱، ۲ دانیال باب ۹ ہم و ۵۰ [2] انجیل مرقس ۱۲، ۲۴ و اعمال ۲۳ . [3] صحیح بخاری تفسیر سورہ زمر

[4] متی ۲۲، ۳۱، ۳۲ لوقا ۲۰، ۲۷ مرقس ۱۲، ۱۸،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَلسَّاعَۃ ، | وہ گھڑی : (وہ مقرر وقت) |
| یَوْمُ الْقِیَامَۃ ، | کھڑے ہونے کا دن (مُردوں کے کھڑے ہونے کا دن) |
| اَلْیَوْمُ الْحَقُّ ، | سچا دن (نہ جس کے آنے میں کوئی شک ہے، اور نہ جس کے فیصلہ میں کوئی غلطی ہو گی) |
| یَوْمٌ مَّعْلُوْمٌ ، | جانا ہوا دن ، یا مقررہ دن ، |
| اَلْوَقْتُ الْمَعْلُوْمُ ، | جانا ہوا وقت یا مقررہ وقت |
| اَلْیَوْمُ الْمَوْعُوْدُ ، | موعودہ دن ، |
| اَلْیَوْمُ الْاٰخِرُ ، | پچھلا دن ، |
| یَوْمُ الْاٰزِفَۃِ ، | قریب آنیوالی مصیبت کا دن ، |
| یَوْمٌ عَسِیْرٌ ، | ایک سخت دن ، |
| یَوْمٌ عَظِیْمٌ ، | ایک بڑا دن ، |
| یَوْمٌ عَصِیْبٌ ، | سخت دن ، |
| یَوْمُ الْبَعْثِ ، | جی اٹھنے کا دن ۔ |
| یَوْمُ التَّغَابُنِ ، | افسوس کا دن ، |
| یَوْمُ التَّلَاقِ ، | باہم ملنے کا دن ، |
| یَوْمُ التَّنَادِ ، | پکار کا دن ، |
| یَوْمُ الْجَمْعِ ، | اکٹھے ہونے کا دن ، |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| يَوْمُ الْحِسَابِ، | حساب کا دن، |
| يَوْمُ الْحَسْرَةِ، | حسرت کا دن، |
| يَوْمُ الْخُرُوْجِ، | قبروں سے نکلنے کا دن، |
| يَوْمُ الْفَصْلِ، | فیصلہ کا دن |
| اَلْقَارِعَةُ، | کھڑکھڑانے والی |
| اَلْغَاشِيَةُ، | چھا جانے والی، |
| اَلطَّامَّةُ الْكُبْرٰى، | بڑی مصیبت، |
| اَلنَّبَأُ الْعَظِيْمُ، | بڑی خبر، |
| اَلْحَاقَّةُ، | ضرور آنے والی گھڑی، |
| اَلْوَعْدُ، | وعدہ، |
| اَلْوَاقِعَةُ، | وقوع پذیر، |
| اَمْرُ اللّٰهِ، | خدا کی بات |
| اَلصَّاخَّةُ، | بہرا کرنے والی گھڑی، |

قیامت کے اوصاف | یہ تو وہ نام ہیں، جو اسم مفرد یا اضافت یا صفت کی صورت میں ہیں ان کے علاوہ فقروں اور جملوں کی ترکیبوں کے ساتھ اس کے بکثرت نام قرآن میں آئے ہیں، مثلاً،

| | |
|---|---|
| يَوْمَ يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ (انعام ونحل وطہ) | جس دن نرسنگھا پھونکا جائے گا، |
| يَوْمَ يَنْفَعُ الصّٰدِقِيْنَ صِدْقُهُمْ (مائدہ - ۱۶) | جس دن سچوں کو ان کی سچائی کام دے گی، |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| يَوْمَ لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ (شعراء ۵) | جس دن نہ مال کام آئے گا نہ اولاد، |
| وَيَوْمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى يَدَيْهِ (فرقان ۳) | جس دن گنہگار اپنے دونوں ہاتھ چبائیگا، |
| وَيَوْمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ (" ") | اور جس دن آسمان پھٹے گا |
| وَيَوْمَ يَقُوْمُ الْاَشْهَادُ (مومن ۶) | جس دن گواہ کھڑے ہوں گے، |
| لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ فِيْهِ (آل عمران ۱۰) | جس دن میں کوئی شک نہیں، |
| وَيَوْمَ نَحْشُرُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ فَوْجًا (نمل ۷) | جس دن ہم ہر قوم سے ایک گروہ کو اکٹھا کریں گے |
| يَوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ (مطففین) | جس دن لوگ جہان کے پروردگار کیلئے کھڑے ہونگے |
| يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ (قمر ۱) | (جس دن) لوگ قبروں سے نکلیں گے، |
| يَوْمَ يَفِرُّ الْمَرْءُ مِنْ اَخِيْهِ وَاُمِّهٖ وَ | جس دن آدمی اپنے بھائی اور ماں اور باپ |
| اَبِيْهِ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيْهِ (عبس ۱) | اور بیوی اور بیٹوں سے بھاگے گا، |
| يَوْمًا لَّا تَجْزِيْ نَفْسٌ عَنْ نَّفْسٍ شَيْئًا (بقرہ ۶۰) | جس دن کوئی کسی دوسرے کا بدلہ نہ ہوسکیگا |
| يَوْمَ تَشْهَدُ عَلَيْهِمْ اَلْسِنَتُهُمْ (نور ۳) | جس دن اُن کی زبانیں انکے خلاف گواہی دیگی |
| يَوْمَ لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْئًا (انفطار) | جس دن کوئی دوسرے کیلئے کچھ نہ کرسکیگا، |
| يَوْمَ لَا يُغْنِيْ مَوْلًى عَنْ مَّوْلًى شَيْئًا (دخان ۲) | جس دن کوئی دوست کسی دوسرے دوست |

الغرض یہ اور اسی قسم کے دوسرے اوصاف اس ہولناک دن کے بیان کئے گئے ہیں جن سے اس عظیم الشان دن میں انسان کی بیکسی، عاجزی اور اپنے اعمال کے سوا کسی دوسری چیز کے کام آنے سے قطعی مایوسی ظاہر کی گئی ہے۔

Marfat.com

**قیامت میں فساد نظام ہوگا،**

قیامت کے متعلق بعض متکلمین کو یہ شبہہ ہوا ہے کہ وہ مادہ کے فنائے محض یا عدم محض کا نام ہے حالانکہ یہ بات قرآنی تصریحات کے خلاف ہے، قرآن پاک کی بیسیوں آیتوں میں قیامت کی جو تصویر کھینچی گئی ہے، وہ تمامتر فنائے حیات اور آسمان و زمین کے نظام کی برہمی اور انکی تباہی کے خاکہ کے سوا کچھ اور نہیں ہے، چنانچہ حسب ذیل آیات پر غور کرنے سے یہ نتیجہ خود بخود سامنے آجائیگا

اَلْقَارِعَةُ مَا الْقَارِعَةُ وَمَا اَدْرٰىكَ
مَا الْقَارِعَةُ، يَوْمَ يَكُوْنُ النَّاسُ كَالْفَرَاشِ
الْمَبْثُوْثِ وَتَكُوْنُ الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ
الْمَنْفُوْشِ، (قارعة - ۱)

متنبہ کرنے والی اور کیا چیز ہے متنبہ کرنیوالی، اور
تم کو کس نے بتایا کہ کیا چیز ہے متنبہ کرنیوالی، یہ
دن ہے جب لوگ پریشان پروانوں کی طرح اور
پہاڑ روئی کے گالوں کی طرح ہوں گے،

اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا وَ
اَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا، وَقَالَ
الْاِنْسَانُ مَا لَهَا، يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ
اَخْبَارَهَا. (زلزال - ۱)

جب زمین خوب ہلائی جائیگی، اور وہ اپنا
بوجھ نکالے گی، اور انسان کہے گا، زمین
کو کیا ہوا، اس دن وہ اپنی حالت
بیان کرے گی،

اِذَا السَّمَاءُ انْشَقَّتْ، وَاَذِنَتْ
لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ، وَاِذَا الْاَرْضُ
مُدَّتْ، وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ
(انشقاق - ۱)

جب آسمان پھٹ جائیں گے اور وہ اپنے
مالک کی فرمانبرداری کرین گے، اور وہ فرمانبرداری
کے لائق ہیں جب زمین پھیلائی جائیگی، اور جو کچھ
اس میں ہے اس کو ڈال دیگی، اور خالی ہوجائیگی

اِذَا السَّمَاءُ انْفَطَرَتْ وَاِذَا الْكَوَاكِبُ

جب آسمان پھٹ جائیں گے اور جب ستارے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| انْتَثَرَتْ، وَاِذَا الْبِحَارُ فُجِّرَتْ، وَ | بکھر جائین گے اور جب سمندر چلائے جائین گے |
| اِذَا الْقُبُوْرُ بُعْثِرَتْ، عَلِمَتْ نَفْسٌ | اور جب قبر کے لوگ زندہ کئے جائین گے، اس |
| مَا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ، | وقت روح نے جو کچھ پہلے او پیچھے بھیجا ہے اسکو |
| (انفطار-۱) | جان لے گی، |
| اِذَا الشَّمْسُ كُوِّرَتْ وَاِذَا النُّجُوْمُ | جب آفتاب اندھیرا کیا جائیگا جب ستارے |
| انْكَدَرَتْ وَاِذَا الْجِبَالُ سُيِّرَتْ، (تکویر-۱) | تاریک ہو جائین گے جب پہاڑ چلائے جائین گے |
| اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَوَاقِعٌ، فَاِذَا النُّجُوْمُ | جس کام سے وعدہ کیا جاتا ہے وہ یقیناً ہونیوالا ہے |
| طُمِسَتْ، وَاِذَا السَّمَآءُ فُرِجَتْ، وَ | جب ستارے ماند کر دیئے جائین گے، اور جب |
| اِذَا الْجِبَالُ نُسِفَتْ، | آسمان کھول دیا جائیگا، اور جب پہاڑ ریزہ |
| (مرسلات-۱) | ریزہ کر دیئے جائین گے، |
| فَاِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ وَخَسَفَ الْقَمَرُ وَ | جب نگاہ ماند ہو جائے گی، جب ماہتاب |
| وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ، | بے نور ہو جائے گا، اور آفتاب و ماہتاب اکٹھا |
| (قیامہ-۱) | کر دیئے جائین گے، |
| يَوْمَ تَكُوْنُ السَّمَآءُ كَالْمُهْلِ وَتَكُوْنُ | جب آسمان پگھلے ہوئے تانبے کی طرح اور جب |
| الْجِبَالُ كَالْعِهْنِ، (معارج-۱) | پہاڑ روئی کے گالوں کے مانند ہو جائین گے، |
| فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ نَفْخَةٌ وَّاحِدَةٌ | جب صور مین ایک پھونک کی جائیگی جب |
| وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا | زمین اور پہاڑ اٹھائے جائین گے اور دونون |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| دَكَّةً وَّاحِدَةً فَيَوْمَئِذٍ وَّقَعَتِ | ٹکڑے ہو جائیں گے ، اُس دن ہونیوالی |
| الْوَاقِعَةُ ، وَانْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَهِيَ | بات ہو جائیگی ، اور آسمان پھٹ جائیگا ، |
| يَوْمَئِذٍ وَّاهِيَةٌ . (الحاقة - ١) | اور اس دن کمزور ہو جائے گا ، |
| يَوْمَ تَرْجُفُ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ | جب زمین اور پہاڑوں میں لرزہ ہوگا اور |
| وَكَانَتِ الْجِبَالُ كَثِيْبًا مَّهِيْلًا .... | پہاڑ پگھلا ہوا تانبا ہو جائیں گے ، ..... |
| ..... فَكَيْفَ تَتَّقُوْنَ اِنْ كَفَرْتُمْ | ....... کیونکہ متقی ہو سکتے ہیں |
| يَوْمًا يَّجْعَلُ الْوِلْدَانَ شِيْبًا ، السَّمَآءُ | جب اس دن کا انکار کرتے ہو ، جو بچوں کو |
| مُنْفَطِرٌ بِهٖ ، كَانَ وَعْدُهٗ مَفْعُوْلًا | بوڑھا بنا دیگا ، آسمان اس دن پھٹ جائیگا |
| (مُزمل - ١) | اور خدا کا وعدہ پورا ہو جائے گا ، |
| يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ ، | جب یہ زمین دوسری زمین سے بدل |
| (ابراهيم - ٧) | دیجائے گی ، |
| فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً | جب آسمان پھٹ جائیں گے ، اور سرخ |
| كَالدِّهَانِ ، (رحمٰن - ٢) | تلچھٹ کی طرح ہو جائیں گے ، |
| وَاِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ لَيْسَ | جب ہونے والی بات ہو جائیگی ، جس کے |
| لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ، خَافِضَةٌ | ہونے میں جھوٹ نہیں ہے ، زیر و زبر کر دینے والی |
| رَّافِعَةٌ ، اِذَا رُجَّتِ الْاَرْضُ | جب زمین خوب ہلائی جائیگی ، اور پہاڑ |
| رَجًّا وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا فَكَانَتْ | پراگندہ کئے جائیں گے ، اس وقت وہ پریشان |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا، (واقعہ-۱) | ذرّات کی طرح ہو جائیں گے، |
| وَفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا | اور آسمان کھول دیئے جائیں گے، تو وہ دروازے |
| وَسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا | دروازے ہو جائیں گے، اور پہاڑ چلائے جائینگے |
| (نبا-۱) | تو وہ سراب ہو جائیں گے، |

غرض اس قسم کی اور بہت سی آیتیں ہیں جن سے یہ معلوم ہوتا ہے، کہ قیامت صرف نظام عالم کی درہمی، اور دنیا کی حیاتِ موجودہ کی تباہی کا نام ہے جس کے بعد ایک نئی زمین اور ایک نیا آسمان بنے گا، اور پچھلی دنیا کے نتائج پر اس دنیا کی حکومت کا قانون جاری ہوگا،

| | |
|---|---|
| يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ | جس دن یہ زمین دوسری زمین سے بدل |
| وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ | دیجائے گی، اور آسمان بھی بدل جائیں گے |
| الْقَهَّارِ، | اور سب لوگ اس ایک سب پر قابو رکھنے والے |
| (ابراھیم-۷) | خدا کے سامنے نکل کر آئیں گے، |

**قیامت کی حقیقت** اگرچہ قرآن پاک میں متفرق طور پر اس ہولناک دن کے احوال وکیفیات کا ذکر گوناگون طریقوں سے کیا گیا ہے، تاہم ایک خاص سورہ بھی اس نام سے اس میں موجود ہے جس میں نہایت اختصار وایجاز کے باوجود انتہائی بلیغانہ وسعت ہے، چھوٹے چھوٹے فقروں میں بڑے سے بڑے اور اہم سے اہم مطالب کو اس طرح بیان کیا ہے، کہ عقل ساکت اور قلب مطمئن ہو جاتا ہے، اس سورہ کا آغاز ان آیتوں سے ہوتا ہے،

| | |
|---|---|
| لَآ اُقْسِمُ بِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ، وَلَآ | میں قیامت کے دن کی، ملامت کرنیوالے |

Marfat.com

أُقْسِمُ بِالنَّفْسِ اللَّوَّامَةِ، أَيَحْسَبُ
الْإِنسَانُ أَن لَّن نَّجْمَعَ عِظَامَهُ
بَلَىٰ قَادِرِينَ عَلَىٰ أَن نُّسَوِّيَ بَنَانَهُ
بَلْ يُرِيدُ الْإِنسَانُ لِيَفْجُرَ
أَمَامَهُ، يَسْأَلُ أَيَّانَ يَوْمُ الْقِيَامَةِ
فَإِذَا بَرِقَ الْبَصَرُ وَخَسَفَ الْقَمَرُ
وَجُمِعَ الشَّمْسُ وَالْقَمَرُ
يَقُولُ الْإِنسَانُ يَوْمَئِذٍ أَيْنَ
الْمَفَرُّ ۝ كَلَّا لَا وَزَرَ ۝ إِلَىٰ رَبِّكَ يَوْمَئِذٍ الْمُسْتَقَرُّ ۝ يُنَبَّأُ الْإِنسَانُ
يَوْمَئِذٍ بِمَا قَدَّمَ وَأَخَّرَ، بَلِ
الْإِنسَانُ عَلَىٰ نَفْسِهِ بَصِيرَةٌ،
وَلَوْ أَلْقَىٰ مَعَاذِيرَهُ،

(قیامۃ-۱)

نفس کی قسم کھاتا ہوں کیا (انسان) سمجھتا ہے
کہ ہم (اس کے مرنے کے بعد) اسکی ہڈیوں کو اکٹھا
نہیں کر سکتے؛ کیوں نہیں، ہم تو اس کے پور پور
کو درست کر سکتے ہیں، یہ نہیں، بلکہ اصلی بات یہ ہے
کہ انسان چاہتا ہے کہ خدا کے سامنے ڈھٹائی
کرے پوچھتا ہے کہ قیامت کا دن کب ہے؟ تو
جب نگاہ چوندھلانے لگے، اور چاند بے نور
ہو جائے اور سورج اور چاند ایک جگہ کر دیئے جائیں
انسان اس دن کہیگا کہ اب کہاں ہے بھاگنے
کی جگہ، ہرگز نہیں کہیں بچاؤ نہیں، اس دن
تیرے رب کے پاس ہی جا ٹھہرنا، اس دن
انسان کو جو اس نے آگے بھیجا (عمل) اور جو
پیچھے چھوڑا (مال و دولت) وہ بتایا جائیگا
بلکہ انسان اپنے حال کو آپ دیکھتا ہے اگرچہ
وہ زبان سے بہانے تراشا کرے،

ان میں سے پہلی ہی آیت میں اللہ تعالیٰ نے روز قیامت، اور نفس لوامہ کی کے بعد دیگرے قسم کھائی ہے نفس لوامہ یعنی ملامت کرنے والے نفس سے مقصود انسان کے اندر کا ضمیر ہے جو

Marfat.com

اس کے ہر برے کام کے وقت اندر سے غمگین و نادم ہوتا ہے اور اُس کو اسکے کے اس کام پر ملامت کرتا ہے آخری آیت میں اسی کیفیتِ ضمیر کو ان لفظوں میں ادا فرمایا بلکہ انسان اپنے حال کو آپ ہی خوب جانتا ہے اگرچہ وہ زبان سے اپنی برائیوں اور کوتاہیوں کے لیے سیکڑوں بہانے تراشا کرے انسان کی اسی قلبی کیفیت کا نام نفسِ لوامہ ہے،

۱۔ اجتماعیات کے عالم اچھی طرح جانتے ہیں، کہ فرد اور جماعت کے احوال میں ایک خاص قسم کی مناسبت ہے جس طرح شخص پیدا ہوتا ہے، بڑھتا ہے، بیمار ہوتا ہے تندرست ہوتا ہے گنہگار ہوتا ہے نکوکار ہوتا ہے، پشیمان ہوتا ہے، محنت کرتا ہے نکونام ہوتا ہے بدنام ہوتا ہے خاص طبعی قوانین کی مطابقت سے وہ قوت حاصل کرتا ہے، اور ان کی مخالفت سے وہ بیمار اور کمزور ہوتا ہے، پھر ایک خاص عمر کو پہنچ کر رفتہ رفتہ اُس کے قوائے عمل سرد پڑتے جاتے ہیں، اور وہ مرجاتا ہے، بعینہٖ یہی تمام احوال جماعتوں اور قوموں کو بھی پیش آتے ہیں، وہ بھی پیدا ہوتی ہیں بڑھتی ہیں، تندرست ہوتی ہیں، کمزور ہوجاتی ہیں، گناہگار ہوتی ہیں نکوکار بنتی ہیں، اور ایک خاص وقت اور عمر کو پہنچ کر اُن کے عملی قویٰ کمزور و مضمحل ہوجاتے ہیں، اور وہ فنا ہوجاتی ہیں،

دنیا میں اسی اصول پر ہزاروں قومیں پیدا ہوکر فنا ہوچکی ہیں جن کے نام بھی تاریخ کے صفحوں پر آج تک موجود نہیں ہیں، تو جس اصول پر اشخاص اور اشخاص کا مجموعہ جماعتیں، اور جماعتوں کا مجموعہ اقوام پیدا ہوتی اور فنا ہوتی ہیں، کیا اسی اصول پر تمام اقوامِ عالم کا مجموعہ جو پیدا ہو کر بڑھتا اور ترقی کرتا چلا جاتا ہے، کیا ایک دن فنا کے مطلق کے آغوش میں جاکر نہ سو جائیگا؟ یہی وجہ ہے کہ قرآن پاک نے قیامت کے ثبوت میں اکثر عاد و ثمود و آلِ فرعون وغیرہ قوموں کی تباہی سے قیامت

Marfat.com

کی عمومی تباہی پر استدلال کیا ہے، اس کی مزید تفصیل آگے آئے گی،

بہرحال اب جس طرح شخص کے اندر ایک نفسِ لوّامہ، یا ضمیر یا احساس ہے جو اس کے ہر برے فعل کے وقت اس کو ملامت کرتا، اور اُس کو گنہگار ٹھہراتا ہے، اور جب کبھی وہ اپنے تمام مجموعی کارناموں پر نگاہ ڈالتا ہے، تو اپنے کو قصوروار جانتا اور گنہگار سمجھتا ہے، اسی طرح قوموں کا ضمیر بھی، اپنے گناہوں پر پچھتاتا، اور اپنی تقصیروں پر نادم اور کوتاہیوں پر شرمندہ ہوتا ہے، اور ٹھیک اسی طرح یہ پوری انسانیت بھی ایک دن اپنے افراد کے مجموعی کارناموں پر نادم و پشیمان ہوگی، اور اس کا ضمیر و نفسِ لوّامہ بھی اُس کو ملامت کریگا، کائناتِ انسانی سے بڑھ کر خود کائناتِ ہستی بھی اُن تغیرات جو اُس کے اندر کیا گیا، اپنے خالق کے سامنے اپنی پشیمانی و ندامت کا اظہار کرے گی اسی عمومی اعترافِ قصور اور کلی ندامت و پشیمانی کا نام قیامت ہے، اور اسی مناسبت سے سورۂ بالا میں نفسِ لوّامہ اور قیامت کو باہم ایک قسم یعنی شہادت میں یکجا کیا گیا ہے، اب اس تفصیل کی روشنی میں سورۂ مذکور کی آیتوں کو دوبارہ پڑھیئے[1]

۲۔ اس عالم کی ہر چیز پر اگر غور سے نگاہ ڈالئے تو معلوم ہوگا کہ وہ متضاد عناصر و قویٰ کا مجموعہ ہے، اُس میں سردی و گرمی، بیماری و تندرستی، بقا و فنا، اور دیگر ہر قسم کی متضاد قوتیں ودیعت رکھی گئی ہیں، اُن متضاد قوتوں میں جب تک اعتدال قائم رہتا ہے، وہ چیز زندہ رہتی ہے، اور جس وقت یہ اعتدال جاتا رہتا ہے، اسی لمحہ وہ فنا ہو جاتی ہے، ایک درخت میں ایک پھول کھلا، سردی و گرمی اور موسم کی تاثیر نے اس پر عمل کیا، جب تک ان متضاد تاثیرات و استعدادات میں اعتدال

---

[1] مستفاد از تفسیر سورۂ قیامہ مولانا حمید الدین رحمۃ اللہ علیہ،

کی کیفیت رہی وہ پھول شگفتہ رہا جس آن کسی ایک قوّت نے شکست کھائی، پھول کی ہستی معرضِ فنا
میں آگئی، یہی حال دنیا کی ہر چیز کا ہے، اور اسی اصول پر افراد، خاندان، جماعتیں، قومیں بلکہ حیوانات
شجر، حجر، غرض دنیا کی ہر چیز چل رہی ہے۔

پوری کائناتِ ہستی کو لیجئے، اُس کو خلاقِ عالم نے ان ہی متضاد عناصر و اخلاط پر قائم فرمایا ہی
دن رات، روشنی، تاریکی، سردی، گرمی، پانی، آگ، بہار خزان، تندرستی، بیماری، دولت، افلاس
حیات، موت، آسمان، زمین، نیکی، بدی، خیر و شر، غرض جس کو بھی دیکھو یہی معلوم ہوگا کہ یہ اربع عناصر
کی چار دیواری، متضاد قوتوں، اور حالات کی بنیا دوں پر قائم ہے، ان میں جب تک اعتدال
قائم ہو اس دنیا کی کل چل رہی ہو جس دن اُن کے اعتدال میں فرق آیا وہی دن اسکی فنا کا دن ہوگا
لیکن جس طرح افراد و اشخاص میں بیماری کے بعد تندرستی، اور تندرستی کے بعد بیماری کی
صلاحیت موجود ہی اسی طرح اس نظام کائنات میں بھی تندرستی کے بعد بیماری اور بیماری کے بعد
بعد تندرستی کی صلاحیتیں پائی جاتی ہیں کتنی دفعہ یہ واقعہ پیش آیا ہی کہ دنیا ظلم و جور سے لبریز ہوگئی اور
کشت و خون کے سیلاب نے اُس کے امن و امان کو غرق کردیا، کہ دفعتہً وہ پھر ابھری، اور اس غرق شدہ
امن و امان کشتیِ نوح بنکر کرہ ارضی کو بچالے گیا، بارہا اس باغ ہستی میں خزان آئی اور پھر بہار
کا موسم اس پر چھا گیا، اجرام سماوی کی باہمی مسابقت میں ہماری زمین کئی دفعہ ٹکرا جانے کے قریب
پہنچی اور پھر بال بال بچ گئی، یہ کرے اپنی رفتار میں بسا اوقات گرنے کے قریب پہنچے کہ پھر سنبھل گئے
مگر فساد و صلاح کا یہ نظام اسی وقت تک چل رہا ہے، جب تک ان متضاد قوی، اور کائنات
کے استعدادات میں اعتدال قائم ہی جس دن اعتدال فنا ہوگا، نظام ارضی کا پورا کارخانہ بھی

Marfat.com

درہم برہم ہو جائے گا، اس وقت زمین اپنی عمر کی پوری تاریخ اور کارناموں کے ساتھ اپنے خالق کے سامنے کھڑی ہوگی اور اپنے اوپر کی ہر کوتاہی و قصور کی شہادت اپنی زبان سے دیگی،

| | |
|---|---|
| اِذَا زُلْزِلَتِ الْاَرْضُ زِلْزَالَهَا | جب وقت پوری زمین ہلا دی جائیگی، اور جب وہ |
| وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا وَقَالَ | اپنے اندر کے بوجھوں کو اگل دیگی، اور انسان |
| الْاِنْسَانُ مَا لَهَا، يَوْمَئِذٍ تُحَدِّثُ | کہے گا کہ اس کو کیا ہو گیا ہے، اس دن وہ اپنی |
| اَخْبَارَهَا، بِاَنَّ رَبَّكَ اَوْحٰى لَهَا، | باتیں بیان کرے گی کہ اس کے پروردگار نے |
| يَوْمَئِذٍ يَّصْدُرُ النَّاسُ اَشْتَاتًا | اس کو حکم دیا ہے، اس دن لوگ لوٹیں گے کہ |
| لِّيُرَوْا اَعْمَالَهُمْ، فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ | اپنے عمل دیکھیں تو جس کسی نے ذرہ برابر نیکی کی |
| ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ، وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ | ہو وہ اس کو دیکھ لیگا، اور جس نے ذرہ برابر بدی |
| ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ، (زلزال - ۱) | کی ہو وہ بھی اس کو دیکھ لیگا، |

**صور قیامت** قرآن میں قیامت کے ذکر میں صور پھونکنے کا بار بار ذکر ہے، فَاِذَا نُفِخَ فِي الصُّوْرِ پھر جب صور پھونکا جائے گا، صور کے لفظی معنی نرسنگھا کے ہیں، اصل یہ ہے کہ قدیم الایام میں بابلیوں، کنعانیوں، آرامیوں، اور عبرانیوں وغیرہ تمام پرانی قوموں میں بادشاہی جلال و جلوس اور اعلان جنگ کے موقعوں پر نرسنگھا پھونکا جاتا تھا، اس لئے نرسنگھا پھونکنے یعنی شاہی جلال کا اظہار یا غیر معمولی خطرہ کا اعلان ہے، چنانچہ توراۃ میں یہ محاورہ بکثرت استعمال کیا گیا ہے، قرآن میں ہے کہ اس دن ندا ہوگی، لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ، آج کس کی بادشاہی ہے، پھر اللہ تعالیٰ خود ہی جواب دیگا، لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ اس ایک سب پر دبانے والے کی، غرض وہ دن آسمان و زمین اور نظم کائنات کے شہنشاہ مطلق کے

Marfat.com

اظہارِ جلال اور شدید خطرۂ حساب کے اعلان کا ہوگا اس لئے نفخ صور اور نرسنگھا پھونکنے کا قدیم محاورہ اس کے لئے استعمال کیا گیا، اور یہ بھی ممکن ہے کہ اللہ تعالیٰ واقعۃً اس دن اپنی شہنشاہی کا نرسنگھا پھونکنے کا حکم دے، اور اس کی تعمیل ہو، جیسا کہ صور کے لفظی معنی دلالت کرتے ہیں،

**عربوں کا انکار**

اس تفصیل سے معلوم ہوگا کہ قیامت اپنے اندر کتنی عظیم الشان حقیقت رکھتی ہے لیکن اہلِ عرب کو توحید کے بعد جس عقیدہ سے شدت کے ساتھ انکار تھا جس کے ماننے پر وہ کسی طرح آمادہ نہیں ہوتے تھے، اور جو اُن کی عقل میں کسی طرح نہیں سماتا تھا، وہ یہی قیامت، اور حشر و نشر کا مسئلہ ہے، جاہلی عرب حیات بعد الموت، خدا کے آگے اپنے اعمال کے مواخذہ، اور پرسش اور سزا و جزا سے قطعاً لاعلم تھے، اسی لئے ان کو اعمال کے خیر و شر اور نیکی و بدی میں وہ تمیز نہ تھی جس پر اخلاق و معاملات کا تمام تر دارومدار ہے، عرب کا شاعر آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) کی اس تعلیم کو تعجب سے کہتا ہے کہ

أموت ثم بعث ثم حشر　　حديث خرافة يا أم عمرو

کیا موت ہو پھر جی اٹھنا ہے، پھر اکٹھا ہونا ہے　　اے ام عمرو (شاعر کی بیوی کا نام) یہ سب خرافات باتیں ہیں

قریش کا ایک اور شاعر کہتا ہے،

يحدثنا النبي بأن سنحيى　　وكيف حياة أصداء وهام

یہ نبی ہم سے کہتا ہے کہ ہم پھر زندہ کئے جائیں گے　　حالانکہ صدیٰ اور ہام ہو کر پھر زندگی کیسی؟

(انکا عقیدہ تھا کہ انسان مرکر پرندہ ہوجاتا ہے اور آواز دیتا پھرتا ہے اسی کا نام انکے ہاں صدا اور ہام تھا)

[1] صحیح بخاری جلد اول باب الہجرۃ ص ۵۵۵

Marfat.com

قرآن مجید میں بھی ان کے یہ اقوال بکثرت نقل کئے گئے ہیں، مثلاً

| | |
|---|---|
| ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ذٰلِكَ رَجْعٌ | کیا جب ہم مرجائیں گے، اور مٹی ہو جائیں گے |
| بَعِيدٌ ، (ق-۱) | یہ لوٹنا بہت دور ہے، |
| ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ءَاِذَا | کیا ہم دوبارہ الٹے پاؤں لوٹائے جائیں گے |
| كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً (نزعت-۱) | کیا جب ہم سڑی ہوئی ہڈی ہو جائیں گے، |
| ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا | کیا جب ہم ہڈی اور چورا ہو جائیں گے تو ہم نئے |
| لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِيْدًا (اسرائیل) | بنا کر پھر اٹھائے جانے والے ہیں، |
| مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ رَمِيْمٌ (یٰس) | ان سڑی گلی ہڈیوں کو کون جلائے گا، |

ان میں بعضوں کا عقیدہ دہریوں کی طرح تھا کہ یہ دنیا اسی طرح قائم رہیگی، موت وحیات کا بھی سلسلہ اسی طرح برابر جاری رہے گا، اور اس دنیاوی زندگی کے علاوہ کوئی دوسری زندگی نہیں ہے،

| | |
|---|---|
| وَقَالُوْا مَا هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا | انھوں نے کہا کہ یہی ہماری موجودہ زندگی ہے |
| نَمُوْتُ وَنَحْيَا وَمَا يُهْلِكُنَا اِلَّا الدَّهْرُ | دوسری نہیں، مرتے ہیں، اور جیتے ہیں، اور |
| (جاثیہ-۳) | زمانہ ہی ہم کو مارتا ہے، |
| وَقَالُوْا اِنْ هِيَ اِلَّا حَيَاتُنَا الدُّنْيَا | اور انھوں نے کہا کہ یہی ہماری موجودہ |
| وَمَا نَحْنُ بِمَبْعُوْثِيْنَ ، (انعام-۳) | زندگی ہے، ہم دوبارہ نہیں اٹھائے جائیں گے |

انھیں اپنے اعمال کے حساب و مواخذہ کا بھی یقین نہ تھا

Marfat.com

إِنَّهُمْ كَانُوا لَا يَرْجُونَ حِسَابًا (نباء ١) وہ حساب کی امید نہیں رکھتے تھے،

خبابؓ بن الارت نہایت قدیم مسلمانون مین ہین، یہ لوہاری کا پیشہ کرتے تھے، اُن کے کچھ دام قریش کے ایک رئیس عاص بن وائل پر واجب الادا تھے، وہ جب جاکر تقاضا کرتے تو عاص کہتا جب تک تم محمد کا انکار نہ کروگے مین تم کو کچھ نہ دونگا" انھون نے کہا "یہ اس وقت تک نہیں ہوسکتا جب تک تم مرکر پھر جیو نہیں" اس نے کہا "کیا مرکر مجھے پھر جینا بھی ہے" انھون نے کہا "بیشک" اس نے مذاق سے کہا "تو اچھا پھر وہین میرا مال و دولت اور سروسامان ہوگا، وہین تم دام بھی لے لینا"[1] اس سے اندازہ ہوگا کہ اس بارہ میں اہل عرب کا کفر کتنا شدید تھا، اس لئے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُن کے سامنے توحید کے بعد جس عقیدہ کو سب سے زیادہ زور کے ساتھ پیش کیا وہ یہی تھا قرآن مجید کی مکی سورتوں میں سب سے زیادہ اسی مضمون کو مختلف تعبیرون اور موثر طریقون سے روزمرہ کے عینی مشاہدات اور دلائل کے ساتھ بیان کیا گیا ہے، ان میں ہیبتِ الٰہی، ہنگامۂ قیامت اور حشر و نشر کے رستخیز کی ایسی تصویر کھینچی ہے کہ سننے والا سرتاپا اثر ہو جائے، انسان کے عجزِ عقل کے تصورِ خدا کی عظمت و قدرت اور کائنات کی حیرت انگیز خلقت کو اس طرح بیان کیا ہے، کہ سامع ہر دم بر لرزہ براندام ہو جاتا ہے، پھر ایک طرف حیاتِ ابدی، نعیم جنت، اور بہشت کی مسرتوں کا، اور دوسری طرف موت کی بے بسی، دنیا کی فنا، دوزخ کی دہشت، اور عذابِ الٰہی کی تہدید کا ایسا ہولناک نقشہ کھینچا ہے، کہ نفسِ انسانی اپنے تاثر کو چھپانے پر قادر نہین رہتا،

وحی الٰہی نے قیامت اور بہشت و دوزخ کے حالات و مناظر کو سب سے پہلے جن اسباب سے

---

[1] صحیح بخاری تفسیر کہیعص، صفحہ ٦٩١،

Marfat.com

پیش کیا ہے۔ اُن سے اہلِ نظر صحابہ ناواقف نہ تھے حضرت عائشہ رضؓ فرماتی ہیں "پہلے ایک بڑی سورت نازل ہوئی جس میں جنت دوزخ کا بیان ہے، یہانتک کہ جب لوگ اسلام کی طرف مائل ہوئے تب حلال وحرام کے احکام نازل ہوئے، اور اگر پہلے ہی یہ حکم اترتا کہ شراب نہ پیو، بدکاری نہ کرو تو لوگ نہ مانتے، یہ آیت کہ بَلِ السَّاعَةُ مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ أَدْهَىٰ وَأَمَرُّ (بلکہ اُن کے وعدہ کا وقت قیامت کی گھڑی ہے، اور قیامت کی گھڑی نہایت مصیبت کی اور تلخ ہوگی) مکہ معظمہ میں اُتری، اور میں اُس وقت کمسن بچی تھی، کھیلتی تھی، بقرہ اور نساء کی سورتیں (جن میں احکام ہیں) اس وقت اتریں، جب میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ رہنے لگی تھی"[1]

اس تشریح سے ثابت ہوتا ہے کہ تعلیم محمدیؐ نے اس حقیقت کو ایمان کے اصول و اساس میں کیوں داخل کیا ہے، اگر یہ تعلیم عقائد میں داخل نہ ہوتی، تو دلوں میں اعمال کی جزاء و سزا کی ہیبت اور عظمت نہ بیٹھتی، اور نہ احکامِ الٰہی کی تعمیل کی طرف دلی رجحان اور میلان پیدا ہوتا، بلکہ یہودیوں کی طرح جن کے صحیفوں میں زیادہ تر دنیاوی ہی جزاء و سزا کا ذکر باقی رہ گیا ہے دوسرے اہلِ ایمان کے دل بھی سخت اور تاثر سے خالی ہو جاتے، چنانچہ اس فلسفہ کو خود قرآن مجید نے بیان کیا ہے۔

| | |
|---|---|
| فَالَّذِينَ لَا يُؤْمِنُونَ بِالْآخِرَةِ قُلُوبُهُم | توجو لوگ آخرت کا یقین نہیں کرتے اُن کے |
| مُّنكِرَةٌ وَهُم مُّسْتَكْبِرُونَ (نحل ۳) | دل نہیں مانتے، اور وہ غرور میں مبتلا ہیں، |

اسی لئے مسلمانوں کو حکم ہوا کہ نماز کی ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کی تلاوت کریں جس کا ایک ٹکڑا یہ بھی ہے مَالِكِ يَوْمِ الدِّينِ "روزِ جزا کا مالک" اسلام چاہتا ہے کہ یہ حقیقت اس کے پیروؤں

[1] صحیح بخاری جلد دوم ص ۷۴۶ باب تالیف القرآن،

Marfat.com

کے دلون میں پوری طرح گھر کرلے

**قیامت پر قرآنی دلائل** قرآن نے قیامت کی ضرورت پر تمام دوسری دلیلون سے قطع نظر کرکے عموماً دو باتون سے استدلال کیا ہے، اوّل یہ کہ انسان بے کار اور بے مقصد نہیں پیدا کیا گیا اگر اس کے اعمال کا مواخذہ اور جزاء و سزا نہ ہو تو خیر و شر اور نیکی و بدی کا فطری امتیاز لغو، اور انسانی زندگی تمامتر بے مقصد، اس کے تمام کام بے نتیجہ ہو جائین،

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ، (مومنون-۶) (اے لوگو!) کیا تم یہ سمجھتے ہو کہ ہم نے تم کو بیکار پیدا کیا، اور تم ہماری طرف لوٹائے نہ جاؤ گے،

اَيَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ يُّتْرَكَ سُدًى (قیامہ) کیا انسان یہ سمجھتا ہے کہ وہ بیکار چھوڑ دیا جائیگا،

دوسری بات جو اس روزِ جزا کی ضرورت کے ثبوت میں قرآن نے پیش کی ہے، وہ اللہ تعالےٰ کا عادل اور منصف ہونا ہے۔ اگر اچھے اور بُرے انسانون کے اعمال کی جزاء و سزا نہ ہو تو دونون کا درجہ برابر ہو جائے، اور نیکی و بدی اور گناہ و ثواب کے کوئی معنی نہ رہیں، بلکہ نعوذ باللہ خدا ظالم اور غیر منصف قرار پائے، اس موجودہ مادی دنیا میں بھی انسانون کو اپنے اعمال کی کچھ نہ کچھ جزا ملتی ہے تاہم یہ صاف نظر آتا ہے، کہ بہت سے گنہگار، سیہ کار اور ظالم یہان آرام اور چین کی زندگی بسر کرتے ہیں، اور بہت سے نیکوکار، پرہیزگار اور اچھے لوگ مصیبتیں اور تکلیفیں جھیلتے ہیں، اس لیے یقیناً یہ موجودہ زندگی اعمال کی جزاء و سزا کی اصلی جگہ نہیں ہوسکتی، اس بنا پر دوسری زندگی کا ماننا ضروری ہے جہان ہر شخص کو اس کے اعمال کا پورا نتیجہ مل سکے، اس موجودہ دنیا میں دنیاوی حکام اپنے ناقص علم کے مطابق اچھون اور بُرون کو ان کے اعمال کی جزا و سزا دیتے رہتے ہیں، پھر کتنا ضروری ہے

Marfat.com

کہ پوری دنیا کا عالم الغیب حاکم اپنے صحیح علم کے مطابق لوگوں کو جزا وسزا دے کر اپنے عدل و انصاف کا ثبوت دے، سورۂ والتین میں اسی استدلال کی طرف اشارہ ہے،

| | |
|---|---|
| اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعْدُ بِالدِّيْنِ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ، (والتین - ۱) | لیکن جو ایمان لائے، اور جنھوں نے نیک کام کئے اُن کیلئے نہ ختم ہونے والا اجر ہے، پھر اس کے بعد تجھکو کیا چیز جزا پر یقین لانے نہیں دیتی کیا اللہ تمام حاکموں میں سب سے بڑا حاکم نہیں (تمام فیصلہ کرنیوالوں میں سب سے بہتر فیصلہ کرنے والا) |

اسی لئے قرآن پاک کی مختلف آیتوں میں اس حقیقت کو واضح کیا گیا ہے کہ نیک و بد کا نتیجۂ عمل یکساں نہیں ہوسکتا، ایک جگہ خدا فرماتا ہے،

| | |
|---|---|
| اَمْ نَجْعَلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ اَمْ نَجْعَلُ الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ (ص ۳) | کیا ان کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان کی طرح کردیں جو زمین میں فساد کرتے ہیں یا پرہیزگاروں کو بدکاروں کی طرح کردیں |

دوسری جگہ ارشاد ہوا،

| | |
|---|---|
| اَمْ حَسِبَ الَّذِيْنَ اجْتَرَحُوا السَّيِّاٰتِ اَنْ نَّجْعَلَهُمْ كَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَوَاۗءً مَّحْيَاهُمْ وَمَمَاتُهُمْ سَاۗءَ مَا يَحْكُمُوْنَ، (جاثیہ - ۲) | کیا انھوں نے جنھوں نے گناہ کمائے یہ خیال کیا ہے کہ ہم اُن کو اُن کی طرح کردیں گے جو ایمان لائے، اور نیک کام کئے، ان دونوں کی زندگی اور موت برابر ہوگی؟ اُن کا یہ خیال بُرا ہے |

لوگوں کو روزِ جزا اور قیامت پر یقین کرنے سے جو وہم مانع تھا، وہ یہ تھا کہ مرنے کے بعد پھر کوئی جیتا نہیں، تو قیامت کے دن کیونکر جلائے جائیں گے، یہ حقیقت میں استبعادی شبہہ ہے یعنی چونکہ مر کر دوبارہ جینا اب تک انسان کے تجربہ میں نہیں آیا، اس لئے اس کو دوبارہ زندگی کا خیال مستبعد معلوم ہوتا ہے۔ ورنہ اُس کے اَن ہونی اور محال ہونے پر کوئی عقلی دلیل نہیں ہے، وحیِ محمدیؐ نے اس گتھی کو اس طرح سلجھایا کہ کفار کے استبعاد کے وہم کو حسبِ ذیل مختلف طریقوں سے دور کر دیا،

۱۔ مر کر جینے کے بعد تاریخی مثالیں پیش کیں، جیسا کہ حضرت ابراہیمؑ، حضرت عزیرؑ اور اصحابِ کہف کے قصوں میں مذکور ہیں، اور ان سے استدلال کیا کہ جب چند آدمی یا پرند مر کر جی سکتے ہیں، تو پوری دنیا بھی مر کر جی سکتی ہے،

۲۔ جس طرح زمین گرمیوں میں خشک اور بے حیات ہو جاتی ہے، اور پھر دفعۃً بارش کے ایک چھینٹے سے اُس میں زندگی پیدا ہو جاتی ہے، سبزہ نکل آتا ہے کھیتیاں لہلہا اُٹھتی ہیں اسی طرح قدرتِ الٰہی کی ایک بارش زمین سے انسانی دفینوں کو اگلوا دے گی، وَاَخْرَجَتِ الْاَرْضُ اَثْقَالَهَا (اور زمین اپنے اندر کے بوجھوں کو باہر نکال دے گی) اور دوبارہ نئی زندگی پیدا کر دے گی،

۳۔ دوبارہ زندگی پر تعجب اور استبعاد اس لئے ہے کہ خدا کے دائرۂ قدرت کی پوری وسعت ہماری سمجھ میں نہیں آئی، جس نے آسمان بنائے، زمین بنائی، آسمان سے پانی برسایا مردہ زمین سے زندہ کھیتیاں، سبزہ اور درخت اُگائے، اور پانی کے ایک قطرہ سے انسان بنایا کیا وہ ان کی فنا کے بعد دوبارہ ان کی ایجاد پر قادر نہیں؟

Marfat.com

۴- حیات کا یہ تمام کارخانہ پہلے نیست و معدوم تھا، خدا نے اُس کو ہست و موجود کیا، پھر رفتہ رفتہ اُس کو معدوم کر دیا تو جس نے پہلے بغیر کسی سابق مثال کے اس کارخانہ کو پیدا کیا، وہ کیا دوبارہ اس کو پیدا نہیں کر سکتا ہے جس نے نقشِ اول بنایا کیا نقشِ ثانی کھینچنے پر اُس کو قدرت نہیں؟

۵- دنیا میں باری باری بہت سی قومیں وجود میں آئیں، اور قوانینِ الٰہی کے مطابق انھوں نے جسمانی زور و طاقت، مالی وسعت، اجتماعی اور تمدنی عظمت، اور سیاسی قوت حاصل کی، بڑی بڑی عمارتیں بنائیں عظیم الشان تمدن کی بنیاد ڈالی، قوموں کو اپنا محکوم بنا کر حکومت و سلطنت قائم کی، پھر جب انھوں نے غرور و نخوت ظلم و ستم اور دوسرے قوانینِ الٰہی کی جو قوموں کی ہستی، اور عظمت کی بقا کے لئے ضروری ہیں، مخالفت کی، تو وہ فنا کر دی گئیں، اور ان کا نام و نشان بھی صفحۂ ہستی سے ہٹ گیا، عربوں سے سوال کیا کہ تمھارے عاد و ثمود جو کبھی بنو سام کے مالک عراق و شام و مصر و عرب پر چھائے ہوئے تھے، کیا ہوئے؟ سبا اور تبع کی عظیم الشان حکومتیں کیا ہوئیں؟ فرعون اور اسکی سلطنت کا کیا حال ہوا؟ قوم لوط اور قوم مدین کو زمین کیونکر نگل گئی؟

أَوَلَمْ يَسِيرُوا فِي الْأَرْضِ فَيَنظُرُوا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الَّذِينَ كَانُوا مِن قَبْلِهِمْ كَانُوا هُمْ أَشَدَّ مِنْهُمْ قُوَّةً وَآثَارًا فِي الْأَرْضِ (مومن-۳)

کیا یہ زمین میں چلے پھرے نہیں کہ دیکھتے کہ اُن سے پہلے کا کیسا انجام ہوا، جو اُن سے قوت اور زمین میں یادگاروں کے لحاظ سے کہیں بڑھ کر تھے،

أَلَمْ يَأْتِكُمْ نَبَأُ الَّذِينَ مِن قَبْلِكُمْ قَوْمِ نُوحٍ وَعَادٍ وَثَمُودَ

کیا نوح کی قوم، اور عاد و ثمود کی، اور جو اُن کے بعد آئے جن کو خدا ہی جانتا ہے، اُن کی خبر

Marfat.com

وَالَّذِیْنَ مِنْ بَعْدِ ھِمْ لَا یَعْلَمُھُمْ اِلَّا اللّٰہُ (ابراہیم-۲) تم کو معلوم نہیں ہوئی ؟

یہ تو وہ قومیں ہیں جن کا قرآن نے ذکر کیا ہے، ان کے علاوہ دنیا کی تاریخ میں کتنی قوموں کے عروج و فنا کی داستانیں محفوظ ہیں، بابلی، اسیری، اکادی، اور مصری قومیں جو کبھی روئے زمین پر کوس لمن الملک بجاتی تھیں، ہزارہا سال سے بے نشان ہیں، نارمن جیسے فاتح کیا ہوئے یونانی اور رومی جو کبھی دنیا کے تنہا مالک بن گئے تھے، اب ان کا کہیں وجود ہے ؟ مجوس جو روم کے مقابل صدیوں تک برسرپیکار رہے، اب اُن کی تعداد چند ہزار سے زیادہ نہیں، امریکہ کے قدیم باشندے جو کبھی اس براعظم کے واحد مالک تھے، اب فنا کے قریب ہیں،

الغرض جس طرح افراد جی کر مر جاتے ہیں، جماعتیں وجود میں آکر مٹ جاتی ہیں، قومیں پیدا ہو کر فنا ہو جاتی ہیں، اسی طرح پوری دنیا ے مخلوقات بھی ایک دن آئیگا جب قانون الٰہی کے مطابق معدوم ہو جائے گی،

جس طرح عوام جو قوموں کی تاریخ سے واقف نہیں، صرف افراد کو جیتا اور مرتے دیکھتے ہیں، وہ گو افراد کی فنا کا یقین رکھتے ہیں لیکن قوموں کی فنا کے مسئلہ کو نہیں سمجھ سکتے، اور اس میں شک کرتے ہیں، اسی طرح جن کی نظر دنیا ے خلق کی تاریخ پر نہیں، وہ اس کے فنا کے مآل پر اپنی جہالت اور نادانی سے اعتبار نہیں کرتے، حالانکہ ایک وہ دن آئیگا جب پوری دنیا اپنے وجود کی صلاحیت سے معرا ہو کر فنا ہو جائے گی، کائنات کا یہ نظام بدل جائے گا، اس موجودہ عالم کا قانون طبعی، ایک دوسرے قانونِ طبعی سے منسوخ ہو جائیگا، اور جیسا کہ سائنس کہتا ہے اور قرآن نے نقشہ کھینچا ہے آفتاب و ماہتاب ستارے، اور تمام اجرام فلکی ٹکرا کر چور چور ہو جائیں گے، اور پوری دنیا کی عدالت قائم

ہو کر نئی زمین اور نیا آسمان بنے گا،

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْاَرْضُ غَيْرَ الْاَرْضِ
وَالسَّمٰوٰتُ وَبَرَزُوْا لِلّٰهِ الْوَاحِدِ
الْقَهَّارِ، (ابراهيم - ٧)

جس دن یہ زمین اور زمین سے بدل جائیگی
اور آسمان بھی، اور مخلوق اکیلے زبردست خدا
کے سامنے نکل کھڑی ہوگی،

سورۂ ق میں قیامت پر استدلال ان ہی دلیلوں سے کیا گیا ہے،

قٓ، وَالْقُرْاٰنِ الْمَجِيْدِ، بَلْ
عَجِبُوْٓا اَنْ جَآءَهُمْ مُّنْذِرٌ مِّنْهُمْ
فَقَالَ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ
ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ذٰلِكَ
رَجْعٌ بَعِيْدٌ، قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ
الْاَرْضُ مِنْهُمْ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ
بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ
فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ، اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى
السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَ
زَيَّنّٰهَا وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ، وَالْاَرْضَ
مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ وَ
اَنْبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ

قسم ہے اُس بڑی شان والے قرآن کی (جو
مردہ دلوں کو زندہ کرتا ہے) ان کافروں کو عقلی
انکار نہیں ہے (بلکہ ان کو اس پر تعجب ہے کہ ان
ہی میں ایک آدمی اُن کو (قیامت کا) ڈر سنانا آیا
وہ کہتے ہیں کہ یہ تعجب کی بات ہے کیا جب ہم
مر جائیں گے، اور مٹی ہو جائیں گے (تو پھر زندہ
ہوں گے) یہ دوبارہ لوٹنا تو دور از عقل ہے،
(خدا کہتا ہے یہ تعجب کی کیا بات ہے) ہم کو
معلوم ہے کہ زمین اُن (مردہ جسموں) میں جو کمی کرتی
ہے، اور ہمارے پاس محفوظ کی کتاب ہے، بلکہ بات
یہ ہے کہ اُن کافروں نے سچائی جھٹلا دی
جب وہ اُن کے پاس آئی، پس وہ الجھی

Marfat.com

تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ۝
وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا فَاَنْۢبَتْنَا
بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ۝ وَالنَّخْلَ
بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ۝ رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ
وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ؕ كَذٰلِكَ
الْخُرُوْجُ ۝ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ
وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ۝ وَعَادٌ
وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ۝ وَّاَصْحٰبُ
الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ كَذَّبَ
الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ۝ اَفَعَيِيْنَا
بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ فِيْ لَبْسٍ
مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ۝

(ق - ۱)

باتوں میں پڑ گئے، کیا انھوں نے اپنے اوپر کے
آسمانوں کو نہیں دیکھا کہ ہم نے اس کو کیسا بنایا
اور کس طرح اس کو سجایا، اور اسمیں کہیں سوراخ
نہیں، اور زمین کو پھیلایا ہے، اور اس میں پہاڑ
کے لنگر ڈالے اور اسمیں قسم قسم کی رونق کی چیزیں
اگائیں کہ ہر رجوع ہونے والے بندہ کو اس سے
سوجھ ہو، اور یاد آئے اور آسمان سے برکت کا
پانی برسایا، پھر اس سے باغ اور کٹنے کھیت کے
اناج اگائے اور کھجوروں کے لمبے درخت جن کے خوشے
اوپر تلے ہیں، یہ بندوں کو روزی پہنچانے کیلئے ہیں
اور اس پانی سے مردہ آبادی کو ہم زندہ کرتے ہیں
اسی طرح (قبروں سے) نکلنا ہوگا۔ اور کافروں
سے پہلے نوح کی قوم، رس والوں اور ثمود اور
عاد اور فرعون اور لوط کے بھائیوں نے اور بن
والوں نے اور تبع کی قوم نے اسکو جھٹلایا ان
میں سے ہر ایک نے پیغمبروں کو جھٹلایا تو میری
دھمکی پوری اتری، کیا ہم پہلے پیدا کر کے تھک گئے ہیں

(جو دوبارہ نہیں پیدا کر سکتے) بات یہ ہے کہ ان کافروں کو از سر نو پیدا ہونے میں شک ہے،

Marfat.com

سورۂ قیامت میں بھی اس کا بیان ہے اس کی آخری آیتیں یہ ہیں،

| | |
|---|---|
| اَیَحْسَبُ الْاِنْسَانُ اَنْ یُّتْرَكَ سُدًی، اَلَمْ یَكُ نُطْفَةً مِّنْ مَّنِیٍّ یُّمْنٰی، ثُمَّ كَانَ عَلَقَةً فَخَلَقَ فَسَوّٰی فَجَعَلَ مِنْهُ الزَّوْجَیْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰی اَلَیْسَ ذٰلِكَ بِقٰدِرٍ عَلٰی اَنْ یُّحْیِیَ الْمَوْتٰی۔ (قیمہ -۲) | کیا انسان یہ سمجھتا ہے کہ وہ یونہی بیکار چھوڑ دیا جائے گا، کیا وہ پانی کی ایک ٹپکی ہوئی بوند نہ تھا، پھر وہ بندھا ہوا خون ہوا، پھر خدا نے اس کو بنایا، اور اس کو ٹھیک کیا، پھر اسکو جوڑا کیا یعنی نر و مادہ کیا، کیا وہ خدا اس قادر نہیں کہ مردوں کو دوبارہ جلائے؟ |
| وَقَالُوْا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِیْدًا اَوَلَمْ یَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ قَادِرٌ عَلٰی اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ (بنی اسرائیل -۱۱) | اور وہ بولے کہ جب ہم ہڈی اور چورا ہو جائیں گے تو پھر نئے بنا کر اٹھائے جائیں گے؟ کیا یہ نہیں دیکھتے کہ وہ اللہ جس نے آسمانوں کو اور زمین کو بنایا، وہ اُن لوگوں کے مثل کو (دوبارہ بھی) بنا سکتا ہے، |

ایک اور جگہ فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَهُوَ الَّذِیْ یَبْدَؤُا الْخَلْقَ ثُمَّ یُعِیْدُهٗ وَهُوَ اَهْوَنُ عَلَیْهِ، (روم -۳) | اور خدا وہی ہے جو خلق کا آغاز کرتا ہے پھر اس کو دوبارہ خلق کرے گا، اور یہ (دوبارہ) خلق کرنا اس کے لیے آسان ہے، |
| اِنْ كُنْتُمْ فِیْ رَیْبٍ مِّنَ الْبَعْثِ | (لوگو!) اگر تم کو دوبارہ زندگی میں شک ہو تو |

Marfat.com

فَاِنَّا خَلَقْنٰکُمْ مِّنْ تُرَابٍ، | ہم تو پہلے) تم کو اسی مردہ مٹی سے پیدا کر چکے ہیں،
(حج - ۱) | (پھر دوبارہ کیوں نہیں پیدا کرسکتے)

قیامت کے متعلق تمام دور دراز اور طول وطویل شکوک وشبہات کا کتنا مختصر جواب ہے،

قَالَ مَنْ یُّحْیِ الْعِظَامَ وَھِیَ رَمِیْمٌ | وہ بولا کون ان سڑی گلی ہڈیوں کو جلائیگا
قُلْ یُحْیِیْھَا الَّذِیْٓ اَنْشَاَھَآ اَوَّلَ | کہہ دے وہی جس نے پہلی دفعہ اون کو
مَرَّۃٍ ط (یٰسٓ - ۵) | بنایا،

غرض وحیِ محمدی نے ہر پہلو سے کفار کے اس استعجاب اور استبعاد کو دور کیا، اور ان کو دوبارہ زندگی کا یقین دلایا،

حشر جسمانی | اس بحث پر لوگوں نے قیامت برپا کر رکھی ہے کہ یہ دوبارہ زندگی اسی گوشت وپوست کے ساتھ ہوگی، یا صرف روحانی ہوگی، جہاں جسم وجسمانیت کا مطلق گذر نہ ہوگا؟ گو قرآن پاک کی مختلف آیتیں مختلف پہلوؤں کو پیش کرتی ہیں، جن میں اشارۃً ہر قسم کی باتیں آجاتی ہیں تاہم قیامت کے متعلق اوپر کی آیتوں میں سے ایک ایک آیت پر غور کرو، کفار کو تعجب ہے کہ کیا ہمارا یہ جسم مر کر پھر جئے گا، کیا ہماری ان سڑی گلی ہڈیوں میں دوبارہ جان پڑے گی، اور ہم قبروں سے نکل کر پھر اُٹھ کھڑے ہوں گے، اس سے ثابت ہوتا ہے کہ جسمانی زندگی کے علاوہ، زندگی کا کوئی دوسرا مفہوم ان کے حاشیۂ خیال میں بھی نہیں تھا، مگر اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے یہ نہیں فرمایا کہ "تم تعجب نہ کرو، اور انکار پر آمادہ نہ ہو کہ تمھارے یہ فنا شدہ جسم نہیں اٹھائے جائیں گے، اور نہ تمھاری ان بوسیدہ ہڈیوں میں روح پھونکی جائے گی، بلکہ وہ تو سراسر روحانی زندگی ہوگی، کیونکہ جب دوبارہ جسمانی زندگی

Marfat.com

کا تخیل ان کے لیئے نا قابلِ فہم تھا، تو خالص روحانی زندگی کا تخیل تو اور بھی اُن کے فہم سے بالاتر تھا اور اب بھی ہے کہ ہم اس مادی دنیا کے جاننے والے سرتاپا روحانی زندگی کے تصور سے بالکل خالی ہین، اس لیئے مصلحتِ الٰہی اسی کی مقتضی تھی، کہ وہ اصل واقعہ پر زور دے، کیسے اور کیون سے تعرض نہ کرے اور صاحبِ فہم کو اس کے فہم کے مطابق اس راز کو سمجھنے دے، چنانچہ قرآنِ پاک کے اس اسلوب بیان کو اگر سمجھنا ہے، تو ان آیتون پر غور کرنا چاہیئے،

| | |
|---|---|
| وَقَالُوْا ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ | اور انھون نے کہا کہ کیا جب ہم زمین میں |
| ءَاِنَّا لَفِي خَلْقٍ جَدِيْدٍ ط بَلْ هُمْ | کھوجائین گے، کیا ہم نئی پیدایش مین پھر |
| بِلِقَآئِ رَبِّهِمْ كٰفِرُوْنَ ، | ہوں گے (خدا فرماتا ہے یہ کچھ نہین بلکہ |
| (سجدہ ۔ ۱) | یہ اپنے پروردگار کی ملاقات کے منکر ہین، |

غور کرو کہ ان کی مادّی معدومیت کے بعد مادی پیدایش کے پُرتعجب انکار پر اللہ تعالیٰ نے یہی فرمایا کہ یہ شکوک وشبہات اس لیئے اُن کو پیش آتے ہیں کہ مرنے کے بعد خدا کی ملاقات اور اس کے سامنے ہونے سے اُن کو انکار ہے، اور حواشی کو چھوڑ کر اصل مقصود یہی ہے کہ موت کے بعد اور آخرت مین خدا کے سامنے ہونے پر یقین رکھا جائے، اس سے ان کو کیا مطلب کہ وہ کس طرح ہوگا، ؟ چنانچہ اس کے بعد ہی فرمایا،

| | |
|---|---|
| قُلْ يَتَوَفّٰكُمْ مَّلَكُ الْمَوْتِ | جواب میں کہدے کہ ملک الموت جو تم پر |
| الَّذِيْ وُكِّلَ بِكُمْ ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمْ | متعین ہو وہ تم کو موت دیگا، پھر تم اپنے |
| تُرْجَعُوْنَ ، (سجدہ ۔ ۱) | پروردگار کی طرف لوٹا دیے جاؤگے، |

یہی ملاقات اور رجوع الی اللہ، اس عقیدۂ حشر کی اصلی روح ہے،

بات یہ ہے کہ ہم اُن ہی باتوں کو سمجھ بوجھ سکتے ہیں جن کی مثالیں اور نظیریں اس مادی دنیا میں ہماری نگاہوں سے گذرتی رہتی ہیں، اور وہ عالم جو نگاہوں سے مستور، بلکہ تصور سے بھی دور ہے اس کی باتوں کو اس طرح سمجھنا کہ ہر سوال، و تکرار سوال سے ہم بے نیاز ہو جائیں تقریباً ناممکن ہی، اُن کے متعلق جو کچھ کہا جاسکتا ہے وہ یہ ہے کہ اس دیدہ شہرستان جو یعنی دنیا کے قیاس پر اس نادیدہ شہرستانِ بقا یعنی آخرت کا ہر نقشہ ادرکھا کہ بتایا یا اور سمجھایا جائے اور یہی محمد رسول اللہ صلعم کی تعلیم نے کیا

جو لوگ اللہ تعالیٰ کی ہر قسم کی قدرت پر یقین رکھتے ہیں اُن سے تو کچھ کہنا ہی نہیں لیکن جو شخص جسمانی حشر کا تصور اس لئے محال سمجھتا ہی کہ عام انسانوں نے کسی مردہ جسم کو زندہ ہوتے نہیں دیکھا تو اُس کے نزدیک تنہا روحانی زندگی کا تخیل تو اور بھی زیادہ محال ہونا چاہئے، کیونکہ کسی انسان نے اب تک کسی انسان کو روحانی وجود میں نہیں دیکھا ہی، بلکہ وہ اس کا تصور بھی نہیں کرسکا ہی وہ جب انسانی زندگی کا تصور کریگا تو جسم و شکل و اعضا کے ساتھ ہی کریگا، اُن سے مجرد ہو کر نہیں کریگا

**موت جسم سے روح کی مفارقت کا نام ہے،** اس لئے اگر یہ سچ ہے کہ قیامت میں نئی زندگی ملیگی، تو ظاہر ہی کہ موت کے بعد کی کیفیت اور صورت سے کوئی الگ صورت اور کیفیت ہوگی جس کا نام حیاتِ ثانیہ رکھا گیا ہی، اور وہ یہی ہے کہ روح کا دوبارہ تعلق جسم کیساتھ تسلیم کیا جائے ورنہ غیر جسمانی زندگی تو قیامت کے پہلے بھی تھی اب نئی بات کیا پڑ گئی جس کا نام حیاتِ ثانیہ رکھا گیا

گو روحِ انسانی جسم کے اندر ہر فعل کی فاعل ہے مگر فاعل کے فاعل بننے کے لئے آلات اور اوزار کی بھی ضرورت ہوتی ہی جن کے بغیر وہ اپنے فعل کے بجالانے سے مجبور رہتا ہی، اسی طرح

Marfat.com

روح اپنے فعلِ لذت والم کے انجام دینے کے لئے .... جسمانی آلات اور اوزار کی محتاج ہے کہ لذت
والم کا کوئی روحانی احساس جسمانیت کے شائبہ سے مبرا ہو کر ہو ہی نہیں سکتا، اس بنا پر روح محض کا
جنت کی لذتوں سے متمتع یا دوزخ کی تکلیفوں سے متألم ہونا کسی جسمانی وساطت کے بغیر تصور میں نہیں آتا
خواب مین دیکھ کر روح کو جو لذت یا تکلیف پہنچتی ہے، اس میں بھی جسمانی پیکر و ہیکل کی صورت نمودار ہوتی ہے
**جسم جدید** حشر جسمانی ماننے کے بعد یہ بحث بے سود ہے کہ آیا وہی جسم دوبارہ زندہ کر کے اٹھایا جائیگا
جس کے قالب مین وہ روح پہلے دنیا میں رہتی تھی، یا کسی دوسرے نئے جسمانی پیکر و ہیکل کی روح پھونکی جائیگی
یا یہ کہ آئندہ وہ جسم اپنی مادیت اور ترکیب مین اسی دنیاوی جسم کے مماثل ہوگا، جب کہ یہ حقیقت ہے
اس پر سب کا اتفاق ہے کہ اعمال کی ذمہ داری روح پر ہے جسم پر نہیں، اور اسی طرح جزا و سزا
کی راحت و تکلیف کا اصلی مورد روح ہی ہے جسم نہیں، تو پھر اب وہ کسی قالب میں بھی ہو اور کسی
رنگ میں بھی ہو، روح پر مواخذہ، اور ثواب و عذاب کی لذت والم کا احساس یکسان ہوگا
البتہ یہ ضروری ہے کہ جو جسم ہم کو دوسری دنیا میں ملے گا، اسکی خصوصیات و لوازم اس خاکی جسم کے
خصوصیات و لوازم سے بالکل الگ ہون گے، چنانچہ خود ہمارے تخیل اور تصور اور نیز خواب و رؤیا مین
جو جسم ہم کو نظر آتا ہے وہ جسم ہو کر نظر آنے کے باوجود مادی جسمانیت سے سراسر پاک ہوتا ہے، اسلئے
لفظِ جسم کے بولنے سے ان ہی خصوصیات کا جسم سمجھ لینا ضروری نہین ہے، اور نہ اس جسم پر قیاس
کر کے اُس جسم پر اشکالات وارد کئے جاسکتے ہین:
**خلق جدید** چنانچہ جو جسم قیامت میں عنایت ہوگا، وہ نئی خلقت اور نئی آفرینش کا ممنون ہوگا
اسی لئے قرآن نے منکرون کے جواب مین یہ کہا ہے کہ

بَلْ هُمْ فِیْ لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ (ق ۱) — بلکہ یہ لوگ نئی آفرینش سے شک میں ہیں،

منکرین کی زبان سے کہلوایا،

ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ خَلْقًا جَدِیْدًا (اسراء ۵) — کیا ہم درحقیقت نئی آفرینش کرکے اٹھائے جائینگے

ایک دوسری سورہ میں یہ تلقین ہے،

اِنَّکُمْ لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ، (سبا ۱) — بیشک تم ایک نئی آفرینش میں ہونیوالے ہو،

پھر تمثیل دیکر فرمایا،

کَمَا بَدَاْنَآ اَوَّلَ خَلْقٍ نُّعِیْدُہٗ، — جس طرح ہم نے پہلی پیدایش کا آغاز کیا،

(انبیآء ۷) — اسی طرح ہم اس کو دوبارہ بنائینگے،

اسی لئے اُس عالم کی اس نئی خلقت و پیدایش والے جسم کو بعینہٖ اسی جسم کے مطابق سمجھنا صحیح نہیں ہے، اور نہ اس خاکی جسم کے تمام خصوصیات کا بعینہٖ اس جسم مین ہونا ضروری ہے، اس کو اگر اس عالم کے لفظ جسم سے تعبیر کیا جاتا ہے، تو اس لئے کہ ہماری زبان مین روح کے غلاف و قالب کے لئے جسم سے بہتر، قریب تر اور مشابہ تر کوئی دوسرا لفظ نہین،

یہ بات کہ حشر مین بعینہٖ گذشتہ گوشت و پوست کا ہونا اس لئے ضروری سمجھا جائے کہ وہ بھی عذاب و ثواب میں شریک ہون تصریح قرآنی پر اضافہ ہے، قرآن میں تو یہ تصریح ہے کہ

اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا بِاٰیٰتِنَا سَوْفَ — بے شبہہ جو لوگ ہماری آیتون کے منکر ہوئے

نُصْلِیْهِمْ نَارًا، کُلَّمَا نَضِجَتْ جُلُوْدُهُمْ — ہم اُن کو آگ میں ڈالیں گے، جب جب

بَدَّلْنٰهُمْ جُلُوْدًا غَیْرَهَا لِیَذُوْقُوا — اُن کی کھالیں پک جائیں گی، ہم اُن کو اور

الْعَذَابَ ۭ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَزِيْزًا حَكِيْمًا ۝ (نساء - ۸) | کھالیں دینگے، جو پہلی کھالوں کی غیر ہونگی تاکہ وہ عذاب چکھیں، بیشک اللہ غالب اور حکمت والا ہے،

جب کھالیں یکے بعد دیگرے بدلتی جائیں گی، تو پہلا حصۂ جسم جو گناہ میں شریک تھا، کہاں باقی رہا؟ اسی طرح یہ تصریح ہے کہ انسان کے ہاتھ پاؤں اور کھالیں اس کے اعمال پر شہادت دیں گی، اس سے معلوم ہوا کہ وہ اصلی مجرم جو ان اعمال کا ذمہ دار اور اس مقدمہ کا مدعا علیہ ہے، ان جسمانی اعضا کے علاوہ ہے، اور وہ روحِ انسانی ہے،

ذمہ داری روح پر ہے | یہی سبب ہے کہ موت و حیات، عذاب و ثواب اور اعمال کے مواخذہ کا اسلام نے جس سے تعلق بتایا ہے، وہ نفس یعنی روح ہے،

اَنْ تَقُوْلَ نَفْسٌ يّٰحَسْرَتٰى عَلٰي مَا فَرَّطْتُّ فِيْ جَنْۢبِ اللّٰهِ (زمر - ۶) | تو (قیامت میں) کوئی نفس یہ کہنے لگے کہ ہائے افسوس اس پر کہ میں نے اللہ کے پہلو میں کمی کی،

وَلْتَنْظُرْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ لِغَدٍ ۚ (حشر - ۳) | اور چاہیئے کہ ہر نفس دیکھے کہ اس نے کل (قیامت) کے لئے کیا، آگے بھیجا،

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ (تکویر - ۱) | (اس دن) ہر نفس جان لیگا جو اس نے حاضر کیا

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ (انفطار - ۱) | (اس دن) ہر نفس جان لیگا جو اس نے آگے بھیجا، اور پیچھے چھوڑا،

فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـــًٔا ۝ (انبیاء - ۴) | (تو اس دن) کسی نفس پر کوئی ظلم نہ ہوگا،

جنت کی نسبت ہے،

فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ — کوئی نفس نہیں جانتا کہ ان کیلئے (جنت میں)

قُرَّةِ اَعْيُنٍ (سجدہ ۔ ۲) — کیا آنکھوں کی ٹھنڈک چھپا کر رکھی گئی ہے،

ان آیتوں میں دیکھو کہ عمل کی ذمہ داری اور اس کے اچھے اور برے نتیجوں کا بار جسم پر نہیں بلکہ روح اور نفس پر ڈالا گیا ہے، اور اسی کو تکلیف و لذت سے آشنا کیا گیا ہے جنت میں داخلہ کی خوشخبری بھی اسی کو دی گئی ہے،

فَادْخُلِيْ فِيْ عِبٰدِيْ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ — اے مطمئن روح! میرے بندوں میں شامل

(فجر ۔ ۱) — اور میری جنت میں داخل ہوجا،

دنیا وہی جسم بدلتے رہنے پر بھی وہی جسم رہتا ہے

غرض اعمال اور ان کے نتائج کی اصل ذمہ دار جنت و دوزخ کی لذت و الم کی اصل احساس کرنے والی ہستی صرف روح ہے اور جسم کی حیثیت صرف ایک لباس و آلہ احساس کی ہے، اس سے زیادہ اسکی کوئی حیثیت نہیں یہ جسم لاکھ بار بدلے، مگر روح اگر وہی ہے، تو وہ انسان وہی ہے اور اسی کو اپنی ذمہ داری کی جزا، و سزا مل رہی ہے،

لوگ اپنی ظاہر بینی سے اصل زور جسم پر دیتے ہیں، حالانکہ اس مٹی کے ڈھیر میں اگر روح کا خزانہ چھپا نہ ہو تو پھر اس مشت خاک میں دھرا کیا ہے، دیکھو انسان بچپن سے لے کر بڑھاپے تک وہی ایک شخص ہے جو پہلے تھا، حالانکہ اس کی جسمانی ہیئت اور اس کے جسم کا مادہ ہر آن اور ہر لمحہ فنا ہو کر، بدلتا ہے، بیماریوں میں وہ سوکھ کر کانٹا ہو گیا، پھر تندرستی کے بعد نئے ذرات داخل ہو کر لہلہائے ہم غلطی سے یہ سمجھتے ہو کہ ہر حال میں وہی جسم یکساں طور پر قائم ہے حالانکہ حکیم سے پوچھو

تو وہ بتائیگا کہ اس کے ذرے کیونکر اُن جھڑتے اور گھستے رہے اور جو خوراک وہ کھاتا رہا وہ خون ہوکر کیونکر بدل ما تحلیل بنی، اور اُن کی جگہ لیتی رہی، پھر کیا ایسے ہر آن فنا ہوتے رہنے والے اور چند سال کے بعد بالکل بدل جانے والے کو دائم الوجود اعمال کا ذمہ دار اور ان کے نیک بد کی اصلی جزا یا سزا پانے کا مستحق ٹھہرایا جا سکتا ہے، لیکن جس طرح دنیا میں اگر کوئی مجرم آج بھاگ گیا، اور چند سال کے بعد پکڑ کر جب لایا گیا، تو وہ یہ عذر نہیں کر سکتا کہ چونکہ وہ ہاتھ جس سے اُس نے چوری کی تھی اور وہ پاؤں جن سے وہ مال لیکر بھاگا تھا، اس عرصہ دراز میں بدل گئے ہیں، اسلئے وہ لائق تعزیر نہیں کیونکہ وہ روح جس نے اپنے ارادہ و نیت سے اس کام کو اُسکے ہاتھوں اور پاؤں کے ذریعہ کرایا تھا جس طرح کل بھی تھی بعینہٖ آج بھی ہے، اور جو تکلیف اُس کو اپنے پہلے جسم کے ذریعہ کل پہنچ سکتی تھی، بعینہٖ آج بھی پہنچ سکتی ہے اور اس جسمانی تغیر سے اسکی رُوحانی شخصیت میں اصلاً کوئی فرق نہیں پیدا ہوتا، اسلئے پہلے ہی جسم کے ضروری ہونے پر زور دینا بے سود ہے، اسی سے یہ بھی معلوم ہوگا کہ جسم اگر بدل بھی جائے تو اعضاء کی شہادت کا مسئلہ اپنی جگہ پر صحیح ہوگا، جسم کے اعضاء دنیا میں بدلتے جاتے ہیں، مگر جو بیماری اگلے اجزاء میں پیدا ہوگئی تھی وہ اُن کے فنا ہو جانے کے بعد بھی قائم رہتی ہے مٹ نہیں جاتی، بلکہ وہی ان کے بعد کے آنے والے اجزاء میں برابر سرایت کرتی رہتی ہے،

**اُخروی جسم کیسا ہوگا** روحوں کو آخرت میں جو جسم ملیں گے وہ حقیقت میں اُن کے اعمال ہی کے ظل و عکس ہوں گے یعنی جیسے اعمال ہوں گے ویسے ہی اُن کو جسم عنایت ہوں گے، چنانچہ اس دنیا کے جسمانی رنگ کے لحاظ سے خواہ کوئی کالا ہو یا گورا، مگر اس دنیا میں اس کا یہ کالا پن اور گورا پن اعمال کی سیاہی و سپیدی کی صورت میں بدل جائے گا، خدا نے فرمایا :-

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ مُّسْفِرَةٌ ضَاحِكَةٌ مُّسْتَبْشِرَةٌ وَوُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ عَلَيْهَا غَبَرَةٌ ، تَرْهَقُهَا قَتَرَةٌ (عبس ۱)

کتنے چہرے اُس دن روشن ہنستے اور شاد ہونگے اور کتنے چہروں پر اُس دن کدورت ہوگی، اور ان پر سیاہی چھائی ہوگی،

يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ فَأَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ أَكَفَرْتُمْ بَعْدَ إِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ، وَأَمَّا الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ اللّٰهِ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ (ال عمران ۱۱)

جس دن کتنے چہرے سپید ہوں گے اور کتنے کالے، لیکن جن کے چہرے کالے ہوئے کیا تم وہ ہو جو ایمان کے بعد پھر کافر ہوگئے تھے تو اپنے کفر کرنے کے بدلہ عذاب کا مزہ چکھو، اور جن کے چہرے سپید ہوں گے تو وہ اللہ کی رحمت میں ہوں گے، اسی میں سدا رہیں گے،

صحیح حدیثوں میں ہے کہ جنت میں سب لوگ جوان بن کر داخل ہونگے اور جسم پر کبھی بڑھاپا نہیں آئیگا، اُن کا قد حضرت آدمؑ کے اولین بہشتی قد کے مطابق ہوگا، دوزخیوں میں سے کسی کا سر پہاڑ کے برابر ہوگا کسی کا ایک پہلو مفلوج ہوگا کسی کے ہونٹ لٹکے ہونگے، دل کے اندھے آنکھوں کے اندھے بن کر اٹھیں گے، سزاؤں کے بعد جب اُن کے جسم چور چور ہو جائیں گے، تو پھر صحیح و سالم نئے جسم تیار ہوں گے، اور پھر اُن کی وہی کیفیت ہوگی، یہ بھی آیا ہے کہ جو اپنے کو بڑا سمجھتے ہیں، وہ چیونٹی بنکر قیامت میں اٹھیں گے ان تمام شواہد سے ہویدا ہے کہ اس دنیا کے جسمانی قالب ہمارے اس دنیاوی جسم کے مطابق نہیں، بلکہ ہمارے دنیاوی اعمال کے مطابق ہوں گے،

Marfat.com

# جزا اور سزا

یوم آخر یا یوم دین پر ایمان لانے سے اسلام کا حقیقی منشا یہ ہے کہ لوگ اس کا یقین کریں کہ اُن کے ہر عمل کا بدلہ ہے کچھ اس دنیا میں، اور پورا دوسری دنیا میں، اسی کا نام جزا وسزا ہے دنیا کے دوسرے مذاہب بھی اس مسئلہ میں اسلام کے ہمنوا ہیں،

جزا وسزا دیگر مذاہب میں

درحقیقت مذاہب کا حقیقی تعلق اسی عقیدہ سے ہے کہ انسان اپنے اعمال کا ذمہ دار ہے اور اچھا یا بُرا جیسا کام اس سے صادر ہوتا ہے، اس کے مطابق اچھا یا بُرا معاوضہ اس کو دوسری دنیا میں ضرور ملیگا، اس عقیدہ کا نشان مصر و بابل جیسی دنیا کی قدیم قوموں میں بھی ملتا ہے، ہندوستان کے مذاہب میں اس دوسری دنیا کو دوسرے جنم سے تعبیر کیا گیا ہے، ان کا خیال یہ ہے کہ انسان جب مرتا ہے تو اس کے اچھے یا بُرے کاموں کے مطابق اس کی روح کسی جانور یا گھاس پھوس یا درخت کے قالب میں جاکر اپنے عمل کا نتیجہ بھگتتی ہے، اور پھر انسانوں کے قالب میں لائی جاتی ہے، اور کام کرتی ہے اس کے بعد جس کے گناہ زیادہ ہوتے ہیں، اس کو یم لوک میں جانا پڑتا ہے، جہاں نرک (دوزخ) ہیں، وہاں وہ ہر قسم کی سزا بھگتتی ہے، بعد ازیں اپنے بعض اچھے کاموں کی بدولت چندر لوک (چاند کی دنیا) میں جاتی ہے، جب روح کے کچھ کام اب بھی باقی ہیں

Marfat.com

وہ اس دنیا میں ہوا، بادل اور بارش کے ذریعہ سے دوبارہ آتی ہے، اور اپنے کام کے مطابق حیوانات یا نباتات کے روپ میں سزا پاتی ہے، اور پھر چھوٹ کر انسان بنتی ہے، یہاں تک کہ اُس کے کام اتنے اچھے ہو جائیں کہ وہ سزا کے قابل نہ رہ جائے، اس وقت وہ مادی قالبوں کی قید سے نجات پاکر سورج لوک اور چندرلوک وغیرہ اجسام سماوی کی دنیاؤں میں جا کر آرام کرتی ہے، اور پھر اپنے علم و عمل کی کسی کمی کے سبب سے بادل، ہوا، اناج یا کسی دوسری مخلوقات کے قالب میں ہو کر اس کو اس دنیا میں پھر آنا پڑتا ہے، اور پھر وہی عمل شروع ہوتا ہے یعنی وہ نئے نئے جنموں میں سزا بھگتتی ہے، اور اس وقت تک آمد و رفت اور آواگون کے چکر میں پھنسی رہتی ہے جب تک اس سے اچھے یا بُرے کاموں کا صدور ہوتا رہتا ہے، اس لیے کامل اور دائمی نجات کی صورت یہ ہے کہ انسان سے اچھا یا بُرا کوئی کام صادر ہی نہ ہو یعنی ترکِ عمل، روح کو مادہ کی قید سے آزاد کر کے ہمیشہ کے لئے چھٹکارا (موکش) دلاتا ہے، یہاں تک کہ موجودہ مادی دنیا پرلے (قیامت) کے بعد جب پھر نئے سرے سے بنے گی تو پھر وہی عمل آمد سزا یعنی آواگون کا چکر شروع ہوگا، اور پھر اسی طرح ہمیشہ چھٹکارا پائے گی، اور پھر دوسرے پرلے کے بعد نیا دور اسی طرح شروع ہوگا، یہ چکر اسی طرح ہمیشہ رہے گا،

یہ وہ چکر ہے جس سے انسان کو کبھی نکلنا نصیب نہ ہوگا، الا یہ کہ ہمالہ کی چوٹی یا غار میں بیٹھ کر ترکِ عمل کے ذریعہ سے خود اپنے وجود سے ہاتھ دھو لیا جائے لیکن اگر اس اصولِ نجات پر دنیا عمل کرے تو یہ بہارستان دم کے دم میں خارستان بن جائے، ہر قسم کا کاروبار بند ہو کر دنیا آپ سے آپ فنا کے قریب آجائے، بدی کے ساتھ نیکی کا وجود بھی صفحۂ ہستی سے مٹ جائے، اور با ایں ہمہ

دائمی و ابدی نجات میسر نہ ہو کیونکہ ہر پرلے کے بعد پھر جنم، اور کرم اور آواگون پھر شروع ہوتا ہے[۱]،

لیکن دنیا کے دوسرے مذاہب نے اس چکر اور بے عملی سے انسان کو نجات دلائی ہے، انھوں نے موجودہ دنیا کے بعد ایک ہی دنیا اور تسلیم کی ہے جس میں لوگوں کو اچھے اور بُرے اعمال کی پوری پوری جزا ملے گی، مختلف زردشتی فرقوں نے آریہ نسل ہونے کے باوجود ہندوؤں کے تناسخ کے بجائے مختلف سامی مذاہب کے خیالات کی نقالی کی ہے، اور خصوصًا بعد والوں نے اسلام کے عقائد کو "ارداوی دیراف" کے عجیب و غریب مشاہدات کا رنگ دیکر اور اس کی کتاب کو اسلام سے بھی پہلے کی قرار دیکر تمام تر قبول کر لیا ہے[۲]،

صحیفۂ ابراہیم یعنی سفر تکوین میں دنیا کی محنت و مشقت اٹھانے کے بعد پھر جنت میں داخلہ کا اشارہ ہے، (تکوین ۲-۱۹) علیٰ ہذا حضرت موسیٰؑ کے صحیفوں میں اخروی جزا و سزا کے اصول مذکور ہیں نیکوکاروں کے لئے ایک "ستھری آبادی" کا ذکر ہے جس میں دودھ اور شہد کی نہریں بہتی ہیں، بدوں کے لئے ہلاکت، بربادی اور دردناک عذابوں کی خبر ہے، مگر مترجموں نے ہر جگہ اس کو دنیاوی ثواب و عذاب بلکہ ارضِ موعودہ کی ظاہری سلطنت کے معنوں میں دکھایا ہے، حالانکہ بعض مقامات میں یہ بے جوڑ سی بات ہو کر رہ گئی ہے، حضرت آدمؑ کی جنت عدن اور اُس کے چار دریاؤں کا ذکر تکوین کے دوسرے باب میں ہے، علاوہ ازیں توراۃ میں موت کے بعد کی زندگی کی تصریح ملتی ہے، حضرت ابراہیمؑ (پیدایش ۲۵-۸) اور یعقوب علیہما السلام (پیدایش ۴۹-۳۳) کی موت کی

---

[۱] تناسخ کے رد میں الندوہ مئی جون ۱۹۱۰ء میں ایک مضمون ہے۔ [۲] دبستان المذاہب کا مصنف جو زردشتی مذہب سے پوری واقفیت رکھتا تھا، اُس نے اپنی کتاب میں اسکی پوری تفصیل درج کی ہے،

"تعبیر ان لفظوں میں کی گئی ہے کہ جان بحق ہوا، اور وہ اپنے لوگوں میں جا ملا" ساتھ ہی ہمیشہ کی بھلائی (استثنا ۶-۲۴) کا بھی تذکرہ ہے، اور "جہنم کی آگ" (استثنا ۳۲-۲۲) کا بھی بیان ہوا ہے ہر ایک کو "اُس کے عمل کا بدلہ" دیئے جانے کی بھی تصریح ہے، (یرمیاہ ۱۷-۱۱) روح کی بقا اور آسمان پر چڑھنے کی تعلیم بھی اُن صحیفوں میں موجود ہے، (واعظ ۳-۲۱) مرنے کے بعد روح کے خدا کے پاس واپس پھر جانے کا بھی تذکرہ ہے (واعظ ۱۲-۷) اور "انسان کے اپنے ابدی مکان میں جانے" کی بھی تصریح ہے، آخر میں ہے "خدا سے ڈر اور اس کے حکموں کو مان کہ انسان کا فرض کلّی یہی ہے، کیونکہ خدا ہر ایک فعل کو ہر ایک پوشیدہ چیز کے ساتھ خواہ بھلی ہو خواہ بری عدالت میں لائے گا" (واعظ ۱۲-۱۳-۱۴) زبور میں خدا کی عدالت کے دن کی تصریحات بار بار ہیں، امثال سلیمانی میں ہے کہ "انسان کی راہیں خداوند کی آنکھوں کے سامنے ہیں اور وہ اسکی ساری روشوں کو جانچتا ہے، شریر کی بدکاریاں اُس کو پکڑ لینگی، اور وہ اپنے ہی گناہوں کی رسیوں سے جکڑا جائے گا، وہ بے تربیت پائے مر جائے گا، اور اپنی جہالت کی شدت میں بھٹکتا پھریگا" (۵-۲۱) دانیال میں ہے کہ "اس وقت بہتیرے جو زمین میں خاک پر سو رہے ہیں، جاگ اُٹھیں گے بعضے حیات ابدی کے لئے اور بعضے رسوائی اور ذلت کے لئے" (۱۲-۲) حزقیال (۲۸) میں جنت کی طلائی اور جواہرات کی بنی ہوئی عمارتوں کے اشارات ہیں،

حضرت مسیح سے پہلے یہودیوں میں صدوقی نام ایک فرقہ پیدا ہوا جس نے حکمران یونانیوں کا تقرب حاصل کرنے کے لئے اُن کی بعض باتیں قبول کر کے یہودی تعلیم میں شامل کیں[1]، منجملہ اُن کے وہ

---

[1] برٹش انسائیکلوپیڈیا بامضمون صدوقیین، (صدوکیز)

قیامت اور حیاتِ اُخروی کا بھی منکر ہوا، مگر اس کے مقابل کا دوسرا فرقہ جس نے اپنے کو فریسی (علیحدہ رہنے والا) کہا، اپنے پرانے عقیدوں پر قائم رہا۔ اور قیامت، حیاتِ اُخروی اور جنت و دوزخ کے عقائد کو بدستور مانتا رہا، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں فریسی یہی اعتقاد رکھتے تھے کہ جنت مادی ہوگی، اور وہاں بہشتیوں کو اُن کی بیویاں واپس ملیں گی، (مرقس (۱۲-۲۴)

یہودیوں کی پچھلی کتابوں میں جزا و سزا کی تفصیل موجود ہے، چنانچہ اسلام کے زمانہ میں بھی عرب کے یہودی اس پر ایمان رکھتے تھے، اور کہتے تھے کہ یہود کیسے ہی گنہگار ہوں مگر چند روز سے زیادہ دوزخ میں نہیں رہیں گے، (بقرہ - ۸ و آل عمران - ۳) یہ چند روز باختلاف روایت تین روز چالیس روز یا گیارہ مہینے ہیں،

حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے عہد میں یہودیوں کے ان دونوں فرقوں کے درمیان سخت اختلافات برپا تھے، اور دونوں ایک دوسرے کی تردید و ابطال میں مصروف تھے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے آکر صدوقیوں کے اس عقیدہ کی تردید کی، اور قیامت اور جزا و سزا پر ایمان لانے کی تعلیم دی، حضرت عیسیٰؑ کے ایک حواری یوحنا نے اپنے مکاشفہ میں جنت اور دوزخ کی پوری تصویر کھینچی،

حضرت عیسیٰؑ کے اس جواب سے جو انھوں نے ایک صدوقی کے سوال کا دیا کہ "اس دنیا میں لوگ شادی اور بیاہ نہیں کریں گے، بلکہ فرشتوں کے مانند رہیں گے" ایسا سمجھا جاتا ہے کہ حضرت عیسیٰؑ نے جنت کو صرف روحانی وجود بخشا ہے، مگر درحقیقت ایسا نہیں ہے، حضرت عیسیٰؑ

لہ کتب تفسیر میں ان آیتوں کی تفسیر دیکھو، لہ سیل کا ترجمہ قرآن حاشیہ زیر ترجمہ آیت بقرہ رکوع ۸،

Marfat.com

اپنی زندگی کی آخری شب مین اپنے شاگردون کے ساتھ بیٹھ کر جب انگور کا افشردہ پیتے ہیں تو کہتے ہیں

"مین تم کہتا ہون کہ انگور کے پھل کا رس پھر نہ پیون گا، اس دن تک کہ تمھارے ساتھ اپنے باپ کی بادشاہت میں نیا نہ پیوں" (متی ۲۶-۲۹)

وہ یہودی علماء کو خطاب کرکے فرماتے ہیں،

"اے سانپو! اور اے سانپون کے بچو! تم جہنم کے عذاب سے کیونکر بھاگو گے" (متی ۲۳، ۳۳)

اپنے ایک وعظ مین دوزخ کا منظر دکھاتے ہیں، اور فرماتے ہیں:-

اس نے دوزخ کے درمیان عذاب میں ہو کے اپنی آنکھیں اٹھائین اور ابرہام (حضرت ابراہیمؑ) کو دور سے دیکھا اور اس کی گود میں لعزر کو، اور اس نے پکار کے کہا کہ اے باپ ابرہام مجھ پر رحم کر اور لعزر کو بھیج کہ اپنی انگلی کا سرا پانی سے بھگو کے میری زبان ٹھنڈی کرے، کیونکہ مین اس لو مین تڑپتا ہوں" (لوقا ۱۶-۲۳)

مکاشفاتِ یوحنا میں دوزخ کو "آگ اور گندھک" کہا گیا ہے، (۱۴-۱۰) اور متی کی انجیل میں اس کے دروازے بھی بتائے گئے ہیں، (متی ۱۶-۱۸) اسی طرح جنت اور اس کی طلائی جواہراتی تعمیر اور نہر آبِ حیات کا ذکر مکاشفات کے اکیسوین باب میں ہے اور وہاں کے انگوری افشرہ کا بیان متی میں ہے، (۲۶-۱۹) وہان کے آبِ سرد کا ذکر بھی انجیل میں آتا ہے (لوقا ۱۶-۲۴)

اسی طرح ہر ایک کے عمل کا حساب لئے جانے اور عمل کے مطابق بدلہ ملنے کا ذکر بھی حواریوں کے خطوط میں موجود ہے،

"مبارک وہ مرد ہے جس کے گناہون کا حساب خداوند نہ لیگا، (رومیون ۴-۸)

سو ہر ایک ہم میں سے خدا کو اپنا حساب آپ دیگا" (رومیوں ۱۴-۱۲)

"لیکن دے اس کو جو زندوں اور مردوں کا انصاف کرنے پر تیار ہے حساب دینگے"

(اول پطرس ۴-۵)

اس باب میں اسلام کا تکمیلی پہلو یہ ہے کہ اُس نے اس عقیدہ کو نہ صرف پوری تفصیل کیساتھ بیان ہی کیا بلکہ اس کے تمام ضروری اجزاء فراہم کئے، گذشتہ مذاہب کے تشنہ بیانات پر شرحاصل بحثیں کیں، اُن کے نقائص کی تکمیل کی، اور سزا و جزا کے اصول اس صفائی سے بیان کئے کہ اس عقیدہ کا ہر پہلو شکوک و شبہات سے پاک ہوگیا،

آیندہ مباحث کے سمجھنے کے لئے پہلے چند اصول ذہن نشین کر لینے چاہئیں،

عالم آخرت کا فہم و ادراک | اُس عالم آخرین جو کچھ ہوگا وہ اگرچہ ہمارے اس زیر تجربہ و زیر مشاہدہ مادی عالم سے بالکل الگ ہوگا، تاہم چونکہ انسانی فہم کی مجبوری کی وجہ سے وہ اسی زبان و محاورات مین ادا کیا گیا ہے، جو اس مادی عالم کے ساتھ مخصوص ہیں، اس لئے یہ الفاظ جن مادی خصائص کو مستلزم ہیں، یا ہم اُن کے دیکھنے اور سننے کے اس دنیا میں عادی ہوگئے ہیں، ان لفظوں کو سنکر بعینہٖ وہی سمجھنا چاہتے ہیں جو اس دنیا مین اُن لفظون سے سمجھتے رہے ہین، اسی سبب سے بعض کم فہم وہان کے وقائع و احوال کا بیان سُن کر اُن مین سے بعض کو محال اور ناممکن کہہ اٹھتے ہین، اور بعضے اُن کی تشریح و تاویل اس طرح کرتے ہیں کہ لفظ و معنی میں ادنیٰ اشتراک بھی باقی نہیں رہتا، یہ دونون راستے سخت خطرناک ہین، اسی لئے وحی محمدیؐ نے ان نازک و دقیق اسرار کے بیان مین انسانی فطرت کی کمزوریون کا پورا لحاظ کیا ہے، اس نے نہ تو یہودیوں کی طرح ان واقعات

Marfat.com

کو سرتاپا مادی کہہ کر عالمِ آخرت کو بھی عالمِ آب و گل بنا دیا ہے، اور نہ عقل و خرد کے بعض نادان مدعیون کی طرح اُن کو مادہ سے اتنا بلند و برتر کر دیا ہے کہ اُن کا وجود ہی موہوم و فرضی ہو گیا ہے بلکہ انسانی عقلون کے اختلافِ مراتب کا لحاظ کر کے بزم کے اہلِ نظر اور تماشائیون دونوں کی تشفی اور تسکین کا سامان بہم پہونچایا ہے،

ان اخروی وقائع کے مختلف مفہوموں اور مصداقون کا لحاظ کر کے وحیِ محمدی ؐ نے ایسے جچے تلے الفاظ اختیار کئے ہین جن سے ایک فلسفی بھی بہرہ یاب ہو سکتا ہے، اور ایک عامی بھی، اور دونون اپنی اپنی جگہ پر اپنے اپنے ایمان کا لطف اٹھا سکتے ہین، اور ایک ایسے مذہب کے لئے جو سارے انسانی طبقون کو اپنا مخاطب بنانے کا دعویٰ کرتا ہے، ایسی ہی وسعت کی ضرورت تھی تاکہ وہ سب کے لئے اپنی اپنی جگہ پر تشفی کا باعث ہو سکے، ان تمام اخروی واقعات کو جن الفاظ میں بیان کیا ہے، وہ ظاہر ہے کہ طبعاً وہی الفاظ ہو سکتے ہین، جن کے چارون طرف اس دنیا کا مادی ماحول، مادی مفہوم و مصداق اور جسمانی تخیلات لپٹے ہوئے ہیں، ان لفظون کے سننے کے ساتھ جو مفہوم ہمارے ذہن مین آتا ہے وہ سرتاپا اپنی مادی قیود و لوازم کے ساتھ آتا ہے، ہم جب "آگ" کا لفظ سنتے ہیں، تو فوراً اس دنیا کی آگ کا مفہوم ذہن مین آتا ہے جس کو ہم یہان دیکھتے ہین، جو انسانون، درختون، اور ہر اس چیز کو جو اس کے اندر ہوتی ہے، بلاتمیز یکسان جلا دیتی ہے، مگر اخروی آگ ایسی نہ ہوگی، اس کے اندر بعض درخت ہون گے جو نہین جلیں گے، وہ صرف گنہگار انسانون کو جلائیگی کسی کے پاؤن کو چھوئیگی کسی کی کمر تک کسی کے گلے تک پہنچے گی، اور وہ ایسی تیز و گرم ہوگی کہ یہ دنیا کی آگ اس کے مقابلہ مین ٹھنڈک ہو، قرآن

Marfat.com

کا لفظ سننے کیسا تھا اس عالم میں تولنے کی ساری خصوصیتیں ہمارے سامنے آجاتی ہیں، ترازو، پاسنگ، پلّے، ڈنڈی اور تولی جانے والی چیز میں جسمیت اور ثقل کا ہونا اسی طرح نامۂ عمل کے لکھنے کا مفہوم جب ہم سمجھنا چاہیں، تو کاتب کی انگلیاں قلم، دوات، سیاہی، کاغذ اور حروف کی ساری قیدیں ہمارے ذہن میں آئیں گی، اس بنا پر ان الفاظ کے لغوی معنوں اور اُن کے قریب الفہم مجازی معنوں کے سمجھنے میں اختلافِ آرا کی بڑی گنجائش ہو، اس لئے حق تو یہ ہو کہ ان پر بلا مزید تشریح اس طرح ایمان لایا جائے کہ ہماری تشریح سے اُن کے الفاظ کے مفہوم کی وسعت تنگ نہ ہوجائے بااین ہمہ ان لوگوں کو بھی دائرہ سے خارج نہ کیا جائے، جو ان الفاظ سے وہ مفہوم سمجھ کر تسلی پانا چاہتے ہیں، جن کے وہ الفاظ متحمل ہو سکتے ہیں کہ اگر مرادِ الٰہی یہی تنگی ہوتی تو اللہ تعالیٰ انسانی عقلوں کے اختلافِ مراتب کا لحاظ کئے بغیر اپنے مفہوم کو اس وسعت کے بجائے تنگ سے تنگ الفاظ میں ظاہر فرما سکتا تھا، مگر ایسا نہیں کیا تاکہ اسلام مختلف العقول انسانوں کے لئے عالمگیر ثابت ہو سکے،

ایک دوسری قابلِ ذکر بات یہ ہو کہ عالمِ آخرت کے وقائع اور حالات کے سمجھنے میں اشکالات و اعتراضات اسلئے پیش آتے ہیں کہ ہم وجود اور اُس کے موجودہ تمام قوانینِ فطرت کو اس طرح لازم و ملزوم سمجھتے ہیں کہ جب کسی شے کے وجود کا تذکرہ کیا جائے گا تو معاً اُس کے وہی خصوصیات و لوازم سامنے آئیں گے جن کے دیکھنے کے ہم اس دنیا میں عادی ہیں، حالانکہ اربابِ عقل نے یہ طے کر دیا ہو کہ اس موجودہ دنیا کے معلولات و مسببات اور اُن کے موجودہ علل و اسباب میں جو لزوم ہو وہ محض عادی ہو یعنی اسلئے ایسا ہو کہ ہم ایسا دیکھتے ہیں، یہ نہیں کہ اسلئے ایسا ہو کہ ایسا ہی ہونا چاہیے،

اس بنا پر اگر صرف اتنی سی بات ذہن نشین کرلیجائے کہ موجودہ مادی دنیا میں جو قوانین فطرت و علل واسباب اور ان کے نتائج کارفرما ہیں وہ صرف اسی عالم اور موجودہ دنیا کے قوانین ہیں اگر خدا تعالیٰ کوئی نئی دنیا بنائے، یا نیا عالم خلق کرے تو ضروری نہیں کہ یہی موجودہ قوانین فطرت وہاں بھی کارفرما ہوں بلکہ بالکل ممکن ہے کہ اس نئے عالم میں نئے قوانین پر عمل ہو نئی خصوصیات کے جسم ہوں نئی قسم کی زندگیاں ہوں نئی قسم کی آگ ہو نئی قسم کے باغ اور ان کے پھل ہوں نئی قسم کے موجودات و مخلوقات ہوں نئے علل واسباب ہوں اور نئے قوانین فطرت ہوں، وحی محمدیؐ نے اسی نئے عالم کے متعلق کہا ہے،

يَوْمَ تُبَدَّلُ الْأَرْضُ غَيْرَ الْأَرْضِ — جس دن یہ زمین نئی زمین سے بدل جائیگی اور

وَالسَّمٰوٰتُ، (ابراهیم-۷) — آسمان، (نئے آسمانوں سے)

اب کون کہہ سکتا ہے کہ اس نئی زمین اور نئے آسمان میں بھی وہی مادی قانون جاری ہونگے جو اس موجودہ زمین و آسمان میں جاری ہیں، اس بنا پر جسمانیت و مادیت کے وہ تمام اعتراضات اور آیندہ حیات کے متعلق وہ تمام اشکالات جو اس دنیا اور اس کے قوانین کی بنا پر پیدا ہوتے ہیں بالکل بے بنیاد اور بے حقیقت ہیں،

اس ضروری تمہید کے بعد جزا و سزا کی اسلامی تشریحات کی جانب قدم اٹھایا جاتا ہے، وَهُوَ الْهَادِيْ اِلَى الصَّوَابِ:

**اصول جزا** اللہ تعالیٰ نے جس طرح موجودہ عالم کو اپنے خاص نظام اور قانون پر بنایا ہے کو اہل فلسفہ قانون قدرت اور اہل مذہب تقدیر اور اندازۂ الٰہی کہتے ہیں، اسی طرح اس نے اپنے عالم کے لئے ایک نظام اور تقدیر قائم کی ہے جس کے مطابق اس عالم کا کاروبار انجام پاتا ہے،

Marfat.com

انسان غلطی سے یہ سمجھتا ہے کہ یہ اصولِ فطرت صرف مادّیات تک محدود ہیں، حالانکہ مادّیات ہوں، یا روحانیات، ذہنیات ہوں یا عملیات، ہر ایک میں یہ یکساں جاری و ساری ہیں جس طرح یہ قانونِ فطرت ہے کہ زہر کھانے سے انسان کا جسم مر جاتا ہے، اسی طرح یہ بھی اصولِ فطرت ہے کہ گناہ سے اسکی روح مر جاتی ہے اور جس طرح اصولِ حفظانِ صحت کی عدم پیروی سے انسان بیمار ہو جاتا ہے، اسی طرح اصولِ تزکیۂ قلب کی عدم متابعت سے بھی وہ مریض ہو جاتا ہے، پھر جس طرح دوا و اصولِ حفظانِ صحت کی پابندی سے وہ اپنی جسمانی بیماری کے آلام سے نجات پاتا ہے، ایسا ہی روحانی تدابیر علاج کے ذریعہ بھی وہ شفایاب ہوتا ہے،

**اعمال کے لوازم و نتائج** غرض جس طرح دنیا میں ہر چیز کی ایک خاصیت ہے اور وہ جب یہاں وجود پذیر ہوتی ہے تو اس کیساتھ اس کے خواص و آثار بھی پیدا ہوتے ہیں، اسی طرح انسان کی اندرونی کیفیات و اعمال کے بھی کچھ آثار و لوازم ہیں، جو اس سے الگ نہیں ہو سکتے، غرور اور خاکساری، بخل اور فیاضی انتقام اور عفو، شجاعت اور بزدلی، تقویٰ اور فسق، ایمان اور کفر، ہر ایک کا ایک نہ ایک اثر و نتیجہ ہے اور ہر ایک کے کچھ نہ کچھ خصائص و لوازم ہیں، جو اس سے اسی طرح الگ نہیں ہو سکتے، جس طرح سنکھیا سے سمیت، شکر سے مٹھاس، اور آگ سے حرارت جدا نہیں ہو سکتی، اور ان معنوی، روحانی، اور نفسیاتی چیزوں میں علت و معلول کا وہی لزوم ہے، جو جسمانی، مادی اور طبعیاتی اشیاء میں ہے، اشخاص کی نیکوکاری و بدکاری، اور افراد کی سعادت و شقاوت کے جو اصول ہیں، وہی جماعتوں اور قوموں کی صلاح و فساد، اور سعادت و شقاوت پر بھی حاوی ہیں، جس طرح ایک سائنٹسٹ (حکیم) کا کام ان مادی فزیکل اصول کو جاننا اور بتانا ہے اور اسکی تعلیم کا نام ہماری اصطلاح میں حکمت (سائنس) ہے، اسی طرح ان روحانی اسباب و علل اور آثار و نتائج کو جاننا اور بتانا، انبیاء علیہم السلام

Marfat.com

کا کام ہے اور اُن کی اس تعلیم کا نام شریعت ہے، انبیاءؑ کی اس تعلیم کے مطابق ہم کو اعمال کے روحانی آثار ونتائج کا وہی یقین ہونا چاہئے جو ایک حکیم کی تعلیم کے مطابق ہم کو جسمانی اشیاء کے خواص اور آثار کا ہوتا ہے، سایکالوجی (علم النفس) اور سوشیالوجی (علم الاجتماع) کی وسعتِ تحقیق نے اس مفہوم کے سمجھنے میں اب بہت کچھ سہولت پیدا کر دی ہے،

**عقاب و ثواب ردِ عمل ہیں**

الغرض یہ مادی وجسمانی دنیا علت ومعلول اور عمل وردِ عمل کے جس اصول پر مبنی ہے اسکی وسعت کے دائرہ میں انسان کا ہر قول اور ہر عمل شامل اور داخل ہے یہی سبب ہے کہ گناہ کے لازمی نتیجہ کا نام اسلام میں عقاب اور اعمالِ صالحہ کے لازمی نتیجہ کا نام ثواب کہا گیا ہے، قرآن نے انہی دونوں اصطلاحوں کو بار بار استعمال کیا ہے، عقاب کا لفظ عقب سے نکلا ہے جس کے معنی پیچھے کے ہیں، اس لئے عقاب اُس اثر کا نام ہے جو کسی فعل کے کرنے کے بعد لازم آجاتا ہے، اور ثواب کا لفظ ثوب سے لیا گیا ہے جس کے معنی لوٹنے کے ہیں، اس لئے یہ کسی اچھے کام کے لوٹنے والے نتیجہ اور جزاء کے معنی میں بولا گیا ہے،

اسی ایک مسئلہ کو اگر اچھی طرح سمجھ لیا جائے تو جزاء اور سزا کے شرعی اصول کے سمجھنے میں کوئی دقت نہ ہو، چنانچہ قرآن پاک میں یہ کئی دفعہ فرمایا گیا ہے،

اَلْیَوْمَ تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (جاثیہ ۴) جو تم کرتے تھے وہی آج بدلہ پاؤ گے،

اس سے معلوم ہوا کہ جزاء وسزا ہمارے ہی اعمال کے ردِ عمل (ری ایکشن) کا نام ہے، ایک اور جگہ ہے،

لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۢ بِمَا تَسْعٰى (طٰہٰ - ۱) تاکہ ہر جان کو اس کا بدلہ دیا جائے جو وہ کرتی تھی

ان آیتوں میں یہ صاف تصریح ہے کہ یہ جزاء وسزا تمامتر ہمارے دنیاوی اعمال کے آثار ولوازم ہیں

فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ (نحل ۴) — تو اُن کے بُرے کام اُن پر پڑے، اور ان کا ٹھٹھا کرنا اُن پر الٹ پڑا،

غرض جزا و سزا انہی اعمال کے نتائج کا دوسرا نام ہے، چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے گویا اسی اصول کی تشریح میں یہ اشارہ فرمایا کہ قیامت میں اللہ تعالیٰ فرمائیگا "اے میرے بندو! یہ تمھارے ہی اعمال ہیں جو میں تم کو لوٹا کر یہاں دے رہا ہوں تو جو کوئی جزائے خیر پا دے، وہ خدا کا شکر ادا کرے اور جس کو بُرائی ملے وہ خود کو ملامت کرے"[۱]

حصول راحت کا اصول

یہ فطری قانون ہے کہ ہم کسی بڑی تکلیف سے اسی وقت بچ سکتے ہیں جب اس کی خاطر ہم اس سے چھوٹی چھوٹی تکلیفوں کو برداشت، اور کسی بڑی خوشی کے حصول کے لیے ہم اپنی چھوٹی چھوٹی خوشیوں کو قربان کرتے رہیں، عاجلہ یعنی موجودہ، اور آخرۃ یعنی آئندہ ان دونوں کا جب کبھی تقابل پیش آتا ہے تو دون ہمت اور پست خیال لوگ عموماً موجودہ (عاجلہ) راحت کو پسند کرکے آیندہ کی راحت کی فکر نہیں کرتے کہ اُن کی نگاہ میں موجودہ راحت گو چھوٹی ہو مگر نقد ہے اور آیندہ کی راحت گو بڑی اور خوش آیند ہو مگر وہ نسیہ ہے اور اُن کا اصول یہ ہے کہ نقد را بہ نسیہ مگذار" لیکن بلند ہمت اور عالی حوصلہ طبائع کا طریق عمل اس کے بالکل برخلاف ہے، فاتح اور کشورکشا آج اپنی جانیں جوکھم میں ڈالتے ہیں، تا کہ کل سلطنت انکے ہاتھ آئے تاجر اور سوداگر آج اپنے سرمایہ کو بازار کے سپرد کردیتے ہیں تاکہ دولت فردا سے بہرہ مند ہوں، ہر مہذب انسان اپنے بچہ کو تیئیس پچیس برس تک تعلیم و تربیت ورزش و امتحان کی مصیبتوں کی آگ میں بے تامل جھونک دیتا ہے تاکہ اسکی

---

[۱] صحیح مسلم و ترمذی کتاب الزہد و مسند ابن حنبل ج ۵ ص ۱۵۴، ۱۶۰ و ۱۶۵، و ادب المفرد بخاری باب الظلم،

Marfat.com

آیندہ زندگی راحت و مسرت میں بسر ہو۔ لوگ اپنے سرمایہ عزیز کو تکلیفیں اٹھا اٹھا کر جمع کرتے جاتے ہیں تاکہ کل اس سے زیادہ ضروری موقع پر اسکو کام میں لاسکیں، اور تنگدستی کی بڑی تکلیف سے بچ سکیں، غرض اگر انسانون کی تمام کوششون پر ایک نائرنگاہ ڈالیے تو معلوم ہوگا کہ کامیابی کے حصول کا یہی اصول انکے اندر جاری وساری ہے کہ تھوڑی سی تکلیف کو اس لیے برداشت کرلیا جائے کہ کسی بڑی تکلیف سے رہائی ملے چھوٹی چھوٹی خوشیون کو اس لیے برباد کیا جائے کہ کوئی بڑی خوشی حاصل ہو اور عارضی کامیابیون کو اس غرض سے قربان کیا جائے کہ کوئی پائدار اور دائمی کامیابی نصیب ہو، مگر یہ جب ہی ہوسکتا ہے کہ آیندہ کی خوشی و کامیابی کی فراوانی اور اس کے دوام و پائداری کا ہم کو یقین ہو، کیونکہ اگر ایسا یقین نہ ہو تو ہم کبھی اس ایثار و قربانی پر آمادہ نہ ہون، اسی کیلیے ایمان کی ضرورت ہے تاکہ ہمارے اندر یقین پیدا ہو جائے، اور ہم اس ایثار و قربانی کو خوشی خوشی گوارا کرلیں جن لوگون میں یہ یقین پیدا نہ ہوگا، ان سے یہ عظیم الشان قربانی بھی نہیں ہوسکتی اسی لئے گنہگار انسانون کی یہ کیفیت قرآن نے بیان کی ہے،

| | |
|---|---|
| كَلَّا بَلْ تُحِبُّونَ الْعَاجِلَةَ وَتَذَرُونَ الْآخِرَةَ ۝ (قیامت - ۱) | ہرگز نہیں، بات یہ ہو کہ تم موجودہ زندگی سے محبت رکھتے ہو اور آیندہ زندگی کو چھوڑتے ہو، |

حالانکہ انسان اسی اصول کار کو اگر دنیا کی طرح آخرت کے معاملات میں بھی برتے تو اس کی کامیابی میں کوئی شک نہ رہے آیندہ کا خیال کرکے موجودہ سے دست بردار ہو جانا یہی کامیابی کی کنجی ہے اور اسی اصول کے تحت میں دین و دنیا کی تمام نیکیون اور کامیابیون کا راز پوشیدہ ہے موجودہ عارضی لذت کو آیندہ کی دائمی لذت پر اور حال کی معمولی راحت کو مستقبل کی دیرپا راحت پر قربان

کر دینا وہ سچائی ہے جس کے تسلیم کرنے سے کوئی انحراف نہیں کر سکتا، تم صبح خیزی کی معمولی تکلیف کو صحت کی وجہ یا راحت کی خاطر قربان کرتے ہو، ورزش اور دوڑ دھوپ کی محنت کو اس لئے قبول کرتے ہو کہ کل کی پیری اور بیماری کی تکالیف سے تم کو وہ بچائے غرض آج کی چھوٹی چھوٹی تکلیفوں کو اٹھاؤ گے تو کل کی بڑی تکلیف سے تم کو نجات مل سکے گی، اور آج کی عارضی خوشیوں کو قربان کرو گے تو کل کی دائمی خوشی نصیب ہو گی، یہی وہ فلسفہ ہے جس کو قرآن نے اس آیت میں ادا کیا ہے،

وَجَزَاهُمْ بِمَا صَبَرُوْا جَنَّةً وَّحَرِيْرًا (دھر-۱) — اور خدا نے اُن کے صبر کرنے پر ان کو باغ اور ریشم کے کپڑے مزدوری دی،

یہ صبر کیا تھا؟ دنیا کی عارضی خوشیوں کی قربانی تاکہ آخرت کی بڑی خوشی حاصل ہو اور یہاں ادائے نیکی اور احتراز جرم کی معمولی تکلیفوں کی برداشت تاکہ وہاں کی بڑی تکلیف سے نجات ملے، یہی سبب ہے کہ حدیث میں آیا ہے کہ حُفَّتِ الْجَنَّةُ بِالْمَكَارِهِ وَحُفَّتِ النَّارُ بِالشَّهَوَاتِ یعنی جنت دنیاوی تکلیفوں سے، اور دوزخ دنیا کی معمولی خوشیوں سے گھری ہوئی ہے" تو جو لوگ تقویٰ، اور نیکی کی ان معمولی قیدوں سے گھبراتے اور گناہ کی عارضی و فانی لذتوں کے طلبگار ہوتے ہیں آخرت کی بڑی تکلیف میں گرفتار ہوں گے اور وہاں کی ابدی لذتوں سے محروم رہیں گے اور جو دنیا میں نیکی و تقویٰ کی ان معمولی تکلیفوں کو گوارا کریں گے اور گناہ کی عارضی لذتوں سے بچیں گے، وہ آخرت کی لا انتہا لذتوں سے شاد کام ہوں گے یہی فلسفہ قرآن پاک کی اس آیت میں ادا ہوا ہے،

وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى فَاِنَّ الْجَنَّةَ — لیکن جو اپنے پروردگار کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا اور نفس کو ناجائز لذتوں اور خوشیوں

هِيَ الْمَاْوٰی، (نازعات - ۲) سے باز رکھا تو جنت اس کا ٹھکانا ہے،

نا ئرعمل | ہم دیکھتے ہیں کہ دنیا میں جو چیز بھی ایک دفعہ پیدا ہو جاتی ہے، پھر وہ بے حکم خدا فنا نہیں ہوتی، اسی طرح افعال واعمال بھی جو انسان سے ظہور پذیر ہوتے ہیں، وہ فنا نہیں ہوتے، موجودہ سائنس (جس نے یہ اصول تسلیم کرلیا ہے کہ دنیا میں کوئی حرکت بھی پیدا ہوکر فنا نہیں ہوتی، یہانتک کہ فضا میں ہر آواز اور ہر صدا بھی جو کبھی بلند ہوئی ہو آج موجود ہے، اور ہمیشہ رہیگی اور ہم اس کو پکڑ پائیں تو سُن سکتے ہیں) وہ اعمال وافعال کے دوامِ وجود کے اسلامی عقیدہ کو قبول کرنے میں پس وپیش نہیں کرسکتی، دنیا کے ریکارڈ میں انسان کا ہر عمل وفعل ہمیشہ کے لئے گویا بھرا ہے

قرآن پاک نے اسی اصول کو اپنی ان آیتوں میں بیان کیا ہے،

| | |
|---|---|
| هُنَالِكَ تَبْلُوا كُلُّ نَفْسٍ مَّا أَسْلَفَتْ، | اس وقت ہر جان جو اس نے پہلے کیا اس کو |
| (یونس - ۳) | آزمالیگی، |
| كُلُّ امْرِئٍ بِمَا كَسَبَ رَهِينٌ (طور) | ہر آدمی اپنے عمل کے بدلہ گرو ہے، |
| كُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ (مدثر۲) | ہر جان اپنے عمل کے بدلہ گرو ہے. |
| فَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَرَهُ | تو جو کوئی ایک چیونٹی بھر نیکی کریگا، وہ اسکو |
| وَمَنْ يَعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا | دیکھے گا، اور جو چیونٹی برابر بدی کرے گا، |
| يَرَهُ، (زلزال) | وہ اس کو بھی دیکھے گا، |
| يَوْمَ تَجِدُ كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ | جس دن ہر جان جو اس نے اچھے کام کئے |
| مُّحْضَرًا وَمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْءٍ (آل عمران ۳) | ان کو موجود پائے گی، اور جو برے کام کئے بھی |

Marfat.com

یہ بات کہ انسان کا ہر عمل و فعل صحیفۂ عالم پر ہمیشہ کے لئے ثبت ہو جاتا ہے، اس کو قرآن نے کئی طریقوں سے ادا کیا ہے،

ایک اس طرح کہ انسان کی زبان سے جب کبھی کوئی لفظ نکلتا ہے خواہ وہ کتنی ہی تنہائی میں بولا جائے خدائی شاہد اس کے سننے کو موجود رہتے ہیں، اور وہ اس کو سن کر محفوظ کر لیتے ہیں،

| | |
|---|---|
| اِذْ یَتَلَقَّی الْمُتَلَقِّیٰنِ عَنِ الْیَمِیْنِ وَعَنِ | جب دو لینے والے داہنے اور بائیں بیٹھے لیتے جاتے |
| الشِّمَالِ قَعِیْدٌ ، مَا یَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا | ہیں، کوئی بات وہ نہیں بولتا، مگر ایک نگران |
| لَدَیْہِ رَقِیْبٌ عَتِیْدٌ ، (ق۔ ۲) | اس کے پاس حاضر رہتا ہے، |

کبھی اس کو اعمال کی تحریر و کتابت کے الفاظ میں ظاہر کیا گیا ہے،

| | |
|---|---|
| اَمْ یَحْسَبُوْنَ اَنَّا لَا نَسْمَعُ سِرَّھُمْ وَ | کیا یہ منکر سمجھتے ہیں کہ ہم اُن کے بھید اور انکی |
| نَجْوٰاھُمْ بَلٰی وَرُسُلُنَا لَدَیْھِمْ | کانا پھوسی نہیں سنتے کیوں نہیں، بلکہ ہمارے |
| یَکْتُبُوْنَ ، (زخرف۔ ۷) | فرستادہ اُن کے پاس (اعمال کو) لکھتے ہیں |
| اِنَّ رُسُلَنَا یَکْتُبُوْنَ مَا تَمْکُرُوْنَ ، | بیشک ہمارے فرستادہ تمہاری چالوں |
| (یونس۔ ۳) | کو لکھتے رہتے ہیں، |

کبھی اللہ تعالیٰ ہر عمل کے موقع پر خود اپنی حاضری اور ذاتی علم و شہادت کو ظاہر کرتا ہے،

| | |
|---|---|
| وَمَا تَکُوْنُ فِیْ شَاْنٍ وَّمَا تَتْلُوْا مِنْہُ | اور تو کسی کام میں نہیں ہوتا اور نہ قرآن سے کچھ |
| مِنْ قُرْاٰنٍ وَّلَا تَعْمَلُوْنَ مِنْ عَمَلٍ اِلَّا | پڑھتا ہے، اور نہ تم لوگ کوئی کام کرتے ہو |
| کُنَّا عَلَیْکُمْ شُھُوْدًا اِذْ تُفِیْضُوْنَ (یونس ۷) | لیکن ہم موجود ہوتے ہیں جب تم اس میں ۴ |

کبھی یہ کہا ہے کہ ہر انسان کا نامۂ عمل اس کی گردن مین لٹکا ہے، قیامت کے دن وہی فردِ عمل کی صورت میں انسان کے سامنے پھیلا دیا جائے گا کہ اپنا اعمال نامہ تم خود پڑھ لو،

فرمایا:-

وَكُلَّ اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِيْ
عُنُقِهٖ ؕ وَنُخْرِجُ لَهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ كِتٰبًا
يَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ۔ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ كَفٰى
بِنَفْسِكَ الْيَوْمَ عَلَيْكَ حَسِيْبًا (بنی اسرائیل)

اور ہم نے ہر انسان کا نتیجۂ عمل اسکی گردن مین
چپکا دیا ہے، اور قیامت کے دن ہم دفتر کرکے
نکالیں گے جس کو وہ کھلا ہوا پائیگا کہ اپنا دفتر
پڑھ لے آج تیرا نفس خود ہی محاسب ہو تو کافی ہو،

اس آیت کا ایسا محمل ہے کہ نامۂ عمل کو اگر کوئی واقعی کاغذ کا دفتر یا حساب وکتاب کا رجسٹر سمجھے تو سمجھ سکتا ہے اور کہہ سکتا ہے کہ یہ تعبیر اس لیے اختیار کی گئی کہ جس طرح کاغذ اور رجسٹر مین قلمبند حساب کوئی بھول نہیں سکتا، اور ایک ایک چیز اس مین درج ہوتی ہے اسی طرح یہ اعمالِ انسانی فراموش نہ ہونگے بلکہ لکھے ہوئے رجسٹر کی طرح محفوظ رہیں گے، فرمایا:

وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ
مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ
يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ
صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا
وَوَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ وَلَا
يَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا (کہف-۶)

اور نامۂ اعمال رکھا جائیگا، تو گنہگاروں کو تو
دیکھے اس میں جو کچھ لکھا، اس سے ڈر رہے ہوں گے،
اور کہیں گے کہ ہائے افسوس کہ اس کاغذ کو
کیا ہے کہ چھوٹی بڑی بات نہیں چھوڑتا لیکن
اس کو شمار کر لیا، اور جو کچھ انھوں نے زندگی
میں کیا، اس کو سامنے پائیں گے، اور تیرا

با ایں ہمہ اگر کوئی ٹھیٹ لفظوں کا پابند ہوکر نامۂ عمل کو واقعی کاغذوں کا دفتر سمجھتا ہی تو اس میں شک نہیں کہ الفاظ کے ظاہری معنی اس کی تائید کرین گے، مگر کون سمجھا سکتا ہی کہ یہ کیونکر ہوگا اسی لئے اس پر بحث فضول ہی کہ یہ کیونکر ہوگا، چاہے یہ ہو یا وہ، بہرحال ہمارے اعمال کا ایک ایک نقطہ محفوظ رہے گا، اور وہ خدا کے سامنے پیش ہوگا، اور یہی اس عقیدہ کا اصل مقصد ہی،

اعضاء کی شہادت | انسان کا ہر عمل اپنے پیچھے اپنے کرنے والے کے اندر اپنا اچھا یا بُرا اثر چھوڑ جاتا ہی اگر دل کا آئینہ صاف ہو تو اسکو اپنے عمل کا چہرہ اس میں صاف دکھائی دے، فرمایا،

بَلِ الْاِنْسَانُ عَلٰى نَفْسِهٖ بَصِيْرَةٌ — بلکہ انسان کو اپنے نفس کا حال آپ

وَلَوْ اَلْقٰى مَعَاذِيْرَهٗ (قیامت) — دکھائی دیتا ہے اگرچہ وہ اپنے عذر تراشتا ہی،

یہی وہ آئینہ ہی جو گناہ کے میل سے زنگ آلود ہو جاتا ہے،

كَلَّا بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ (تطفیف) — نہیں بلکہ اُن کے دلوں پر زنگ بیٹھ گیا ہی،

گویا اسی آیت کی تفسیر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ فرمایا ہی کہ "جب انسان پہلے پہل گناہ کرتا ہے تو اس کے دل پر ایک سیاہ نقطہ پڑ جاتا ہے، اگر وہ توبہ و انابت کرتا ہی اور آئندہ اس سے باز رہتا ہی تو وہ مٹ جاتا ہے اور اگر اسی طرح گناہ کیے جاتا ہے تو اُس نقطہ کا دائرہ بڑھتا جاتا ہے، یہاں تک کہ ایک دن پورے دل پہ چھا جاتا ہے،"[1]

اسی طرح وہ اپنے جن اعضاء سے جو بُرا کام کرتا ہی اس کا اثر ان پر چھا جاتا ہے یہاں تک کہ چہروں پر اس اثر کے نقوش ابھر آتے ہیں آنکھوں میں اسکی لکیریں پڑ جاتی ہیں اور ہاتھ پاؤں

---

[1] ترمذی،

پھر اُس کے نشان نمایاں ہو جاتے ہیں، عالم غیب اور عالم غیب کو چھوڑو، اسی عالم ظاہر میں تاڑنیوالوں کی نگاہیں، انسانوں کے چہروں، آنکھوں اور ہاتھ پاؤں کے عنوانِ بیان سے انسان کے اندر کی تحریریں پڑھ لیتی ہیں، اسی طرح قیامت میں اُنکے اعمال کے آثار و نتائج اُن کے ایک ایک عضو سے نمایاں ہونگے،

یَعْرِفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِیْمَاھُمْ (رحمان ۲) گنہگار اپنی نشانی سے پہچان لیے جائیں گے،

ایسی حالت میں اس وقت جب انسان کی زبانِ قال پر خداوندِ عدالت کے رعب و جلال سے مہرِ سکوت پڑ جائے گی، اگر انسان کے ہاتھ پاؤں اور کھال تک اُس کے اعمالِ بد پر گواہی دیں تو تعجب کی کیا بات ہے؟ فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَامْتَازُوا الْیَوْمَ اَیُّھَا الْمُجْرِمُوْنَ | اے گنہگارو! آج نیکوکاروں سے الگ ہو کر |
| ........ اَلْیَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰی اَفْوَاھِھِمْ | پہچان میں آجاؤ ........ آج ہم ان کے منہ |
| وَتُکَلِّمُنَآ اَیْدِیْھِمْ وَتَشْھَدُ اَرْجُلُھُمْ | پر مہر لگا دیں گے، اور اُن کے ہاتھ ہم سے باتیں کرینگے |
| بِمَا کَانُوْا یَکْسِبُوْنَ (یٰسٓ -۴) | اور اُن کے پاؤں اُن کے کرتوتوں کی گواہی دینگے |
| وَیَوْمَ یُحْشَرُ اَعْدَآءُ اللّٰہِ اِلَی النَّارِ | اور جس دن خدا کے دشمن دوزخ کی طرف |
| فَھُمْ یُوْزَعُوْنَ حَتّٰٓی اِذَا مَا جَآءُوْھَا | ہانکے جائینگے، اور وہ درجہ بدرجہ بانٹے جائیں گے |
| شَھِدَ عَلَیْھِمْ سَمْعُھُمْ وَاَبْصَارُھُمْ | یہاں تک کہ جب وہ اس کے پاس پہنچیں گے تو اُن کے کان |
| وَجُلُوْدُھُمْ بِمَا کَانُوْا یَعْمَلُوْنَ | آنکھوں، اور اُن کی کھالوں نے اُن پر اُن کے کرتوتوں |
| وَقَالُوْا لِجُلُوْدِھِمْ لِمَ شَھِدْتُّمْ | کی گواہی دی، انھوں نے کہا تم نے ہم پر کیوں |
| عَلَیْنَا، قَالُوْٓا اَنْطَقَنَا اللّٰہُ الَّذِیْ | گواہی دی، کہا کہ جس خدا نے ہر چیز کو گویا کیا |

(حٰم سجدہ)

Marfat.com

اَنْطَقَ کُلَّ شَیْءٍ، (حٰمٓ السجدہ ۳) اسی نے ہم کو بھی گویا کیا،

اس لئے ان اعضاء کی گویائی بھی اسی نوع کی ہوگی جس نوع کی گویائی دنیا کی ہر چیز کو حاصل ہے لیکن اس گویائی سے اگر کوئی حقیقی ہی زبان کی گویائی مراد لیکر تشفی پاتا ہے تو اس کو اس کا حق حاصل ہے،

میزان اکثر انسانوں کے اچھے یا بُرے دونوں قسم کے اعمال ہوتے ہیں ایک قسم کا عمل کم ہوگا اور دوسرا زیادہ یا دونوں برابر، دو مادی چیزوں کے درمیان تفاضل اور گھٹ بڑھ کا علم ہم کو تولنے یا گننے سے ہوتا ہے اس لئے وزن اور حساب سے عموماً عدل و انصاف، حق اور ٹھیک ٹھیک کا مفہوم ادا کیا جاتا ہے اعمال انسانی کے متعلق خدا نے فرمایا ہے کہ انسان کو اس کے عمل کے مطابق پورا پورا بدلہ ملیگا، فرمایا،

جَزَآءً وِّفَاقًا، (نبأ - ۱) پورا پورا بدلہ،

اس برابری اور کمال عدل و انصاف کے مفہوم کو ترازو کی ناپ اور عدالت کی میزان کے استعارہ سے ادا کیا، فرمایا،

فَلَنَقُصَّنَّ عَلَيْهِمْ بِعِلْمٍ وَّمَا كُنَّا غَآئِبِيْنَ. وَالْوَزْنُ يَوْمَئِذِ ن الْحَقُّ فَمَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ، وَمَنْ خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ فَاُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ (اعراف) پھر ہم احوال سنائیں گے اور ہم کہیں غائب نہ تھے، اور وزن اس دن حق ہے پھر جس کی تولیں بھاری ہوئیں تو وہ ہیں جن کا بھلا ہوا اور جس کی تولیں ہلکی پڑیں سو وہی ہیں جو اپنی جانیں ہار بیٹھے،

فَاَمَّا مَنْ ثَقُلَتْ مَوَازِيْنُهٗ تو جس کی تول بھاری ہوئی تو وہ خوش

فَهُوَ فِي عِيْشَةٍ رَّاضِيَةٍ ۔ وَاَمَّا مَنْ — عیش میں ہوگا اور جس کی تول ہلکی ہوئی تو اس
خَفَّتْ مَوَازِيْنُهٗ لا فَاُمُّهٗ هَاوِيَةٌ (قارعہ) — کی ماں دوزخ ہے،

ان دونوں آیتوں میں تول کے بھاری اور ہلکے ہونے سے مقصود اعمال خیر کی کمی وبیشی ہے پہلی آیت میں اس کا اشارہ موجود ہے کہ وزن سے مراد حق وعدل ہے، اور یہ کہ انسان کا ہر عمل علم الٰہی میں موجود ہوگا، اور وہ کسی طرح بیش وکم نہ ہوگا،

اس مفہوم میں یہ استعارہ قرآن میں کبثرت مستعمل ہوا ہے ایک جگہ ہے،

اَللّٰهُ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ وَ — وہ اللہ جس نے کتاب کو حق کیساتھ اتارا
الْمِيْزَانَ ۔ (شوریٰ ۲۔) — اور میزان کو،

یعنی کتاب الٰہی حقانیت کے ساتھ اتری ہے، اور اسی کے ساتھ میزان بھی جس سے مراد عدل ہے (طبری تفسیر آیت مذکورہ) اسی طرح اللہ تعالیٰ نے اپنے نظام کائنات کی ہر چیز میں جو عدل کامل رکھا ہے، اس کو بھی میزان ہی کے لفظ سے ادا فرمایا ہے،

وَوَضَعَ الْمِيْزَانَ ۔ (رحمان) — اور خدا نے ترازو رکھی ہے،

حساب — کمی بیشی کے علم کا دوسرا طریقہ حساب ہے، دوسری آسمانی کتابوں کی طرح قرآن میں بھی یہ استعارہ استعمال ہوا ہے، اور بار بار فرمایا ہے کہ ہم قیامت میں تمھارے عمل کا حساب لیں گے، اس حساب سے بھی وہی مقصود ہے جو وزن سے ہے چنانچہ سورۂ انبیاء میں یہ مفہوم مزید تصریح کیساتھ مذکور ہے اور جس سے میزان کی حقیقت بھی پوری طرح سمجھ میں آتی ہے، فرمایا،

وَنَضَعُ الْمَوَازِيْنَ الْقِسْطَ لِيَوْمِ الْقِيٰمَةِ — اور ہم قیامت کے دن کے لئے ترازوئیں یعنی

Marfat.com

فَلَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْئًا ۖ وَإِنْ كَانَ مِثْقَالَ حَبَّةٍ مِّنْ خَرْدَلٍ أَتَيْنَا بِهَا ۗ وَكَفَىٰ بِنَا حَاسِبِينَ ﴿الانبیاء - ۴﴾

انصاف رکھیں گے پھر کسی پہ کچھ ظلم نہ ہوگا اگر رائی کے دانہ کے برابر بھی کچھ ہوگا تو ہم لے آئیں گے اور ہم کافی ہیں حساب کرنے والے،

اس آیت سے دو باتیں سمجھی جاسکتی ہیں ایک تو یہ کہ وزن سے مقصود انصاف اور عدم ظلم ہے اور دوسری یہ کہ حساب سے مقصود یہ ہے کہ عمل انسانی کا کوئی ذرہ بھی معاوضہ میں چھوٹنے نہ پائیگا اور نہ وہ خدا کے علم سے غائب ہو لیکن بہرحال وزن وحساب کے مادی ہی مفہوم کو اگر کوئی صحیح باور کرتا ہو تو وہ بھی حق پر ہے،

**جنت و دوزخ** اب ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ان اعمال کی تکلیف اور ذمہ داری سے مقصود الٰہی کیا ہے؟ حقیقت یہ ہو کہ اللہ تبارک وتعالیٰ کا منشا یہ ہے کہ ارواح انسانی کو سعادت ابدی اور ترقیات غیر متناہی عطا کیجائیں مگر اس سعادت وترقی کی بنیاد بغائے اعمال نیک کے حصول اور اعمال بد سے پرہیز پر رکھی ہے، اس لئے یہ کہنا صحیح ہو کہ خلقت انسانی کی غرض یہ ہے کہ وہ احکام الٰہی کی تعمیل کرے تاکہ وہ اپنی مقررہ سعادت اور موعودہ ترقی کو حاصل کرے اور اسی عالم کا نام جہاں یہ سعادت ابدی اور ترقیات غیر متناہی ملتی ہیں "بہشت" ہے، اور اس عالم کا نام جہاں جاکر دنیاوی کمیوں کی تلافی اور گذشتہ حیات فانی کے اعمال بد کے نتائج سے پاکی حاصل ہوگی دوزخ ہو اس لئے یہ کہنا صحیح ہو کہ جنت ہی انسان کا اصلی گھر ہے، مزید تفصیل آگے آتی ہے،

**جنت انسان کی وراثت ہے** حضرت آدمؑ کا قصہ جو توراۃ اور قرآن پاک میں مذکور ہو وہ آغاز خلقت کی محض تاریخ نہیں وہ حقیقت انسانی کی سچی اور تحقیقی تفسیر ہے، عام طور سے سمجھا جاتا ہو کہ اللہ تعالیٰ

نے حضرت آدمؑ کو اپنے فضل سے جس جنت میں جگہ دی تھی، وہ پہلے اُن کو اور اُن کی نسل کو ہمیشہ کیلئے دیدی گئی تھی مگر چونکہ اتفاقاً اُن سے گناہ سرزد ہوا اس لئے وہاں سے نکال کر زمین میں بھیج دیئے گئے مگر ایسا سمجھنا صحیح نہیں ہے کہ آدم علیہ السلام کا زمین میں آنا تو اُن کی پیدائش سے پہلے ہی مقدر ہو چکا تھا کیونکہ اللہ تعالیٰ اُن کی خلقت سے پہلے ہی فرشتوں پر یہ ظاہر کر چکا تھا کہ

اِنِّیْ جَاعِلٌ فِی الْاَرْضِ خَلِیْفَۃً (بقرہ ۴) میں زمین میں ایک خلیفہ بنانے والا ہوں،

حضرت آدمؑ کا زمین میں خلیفہ ہونا اُن کے زمین میں سکونت پذیر ہونے کی پیشین گوئی ہے مگر زمین میں بھیجنے سے پہلے اُن کو جنت میں رکھنا پھر گناہ کے بعد وہاں سے اُن کو نکال کر زمین میں بھیجنا، یہ اشارہ رکھتا ہے کہ آدم اور اُن کی نسل کی اصلی جگہ یہی جنت ہے، مگر اس سے دوری اُن کے گناہ کی وجہ سے ہے اور اس کا حصول خدا کی اطاعت اور نیکوکاری کے ذریعہ ہوگا، چنانچہ اُن کے زمین میں اُترتے وقت اللہ تعالیٰ نے یہ اعلان فرما دیا،

| | |
|---|---|
| قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِیْعًا ج فَاِمَّا | ہم نے کہا کہ تم سب اس جنت سے اترو، پھر |
| یَاْتِیَنَّکُمْ مِّنِّیْ هُدًی فَمَنْ تَبِعَ | کبھی تمہارے پاس میری طرف سے کوئی ہدایت |
| هُدَایَ فَلَا خَوْفٌ عَلَیْهِمْ وَلَا هُمْ | پہنچے تو جس نے میری ہدایت کی پیروی کی |
| یَحْزَنُوْنَ وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَکَذَّبُوْا | تو اس کو نہ ڈر ہوگا نہ غم، اور جنہوں نے نہ مانا |
| بِاٰیٰتِنَآ اُولٰٓئِکَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج | اور ہمارے حکموں کو جھٹلایا تو وہی ہیں دوزخ |
| هُمْ فِیْهَا خٰلِدُوْنَ ، (بقرہ ۴) | والے، وہ اس میں رہا کریں گے۔ |
| قَالَ اهْبِطَا مِنْهَا جَمِیْعًا بَعْضُکُمْ | خدا نے کہا کہ اس جنت سے تم دونوں |

| | |
|---|---|
| لِبَعْضٍ عَدُوٌّ ج فَاِمَّا يَاتِيَنَّكُمْ مِنِّي | ایک ساتھ اتر جاؤ تم ایک دوسرے کے دشمن ہو |
| هُدًى فَمَنِ اتَّبَعَ هُدَايَ فَلَا يَضِلُّ | تو اگر تمھارے پاس میری طرف سے کوئی رہنمائی آئے |
| وَلَا يَشْقٰى وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ | تو جس نے میری رہنمائی کی پیروی کی تو وہ نہ گمراہ |
| فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ | ہوگا اور نہ بدبخت ہوگا، اور جس نے میری یاد سے |
| يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ، | منھ پھیرا تو اس کے لیے تنگ معاش ہوگی |
| (طٰہٰ - ۷) | اور قیامت میں ہم اس کو اندھا اٹھائیں گے |

توراۃ میں ہے کہ جنت میں دو درخت تھے، ایک نیک و بد کی پہچان کا، اور دوسرا زندگی جاوید کا، توراۃ کے رو سے آدم کو اسی نیک و بد کی پہچان کے درخت کا پھل کھانے سے منع کیا گیا ہے لیکن آدم نے اس کو کھالیا، اور اس کی وجہ سے سب سے پہلے ان کو اپنی برہنگی کا علم ہوا، آخر خدا نے ان کو جنت سے نکال دیا کہ وہ زندگی کے درخت کا پھل کھاکر خدائی کا دعویٰ نہ کر بیٹھیں جب وہ جنت سے نکالے گئے، تو ان سے کہا گیا (سفر تکوین - ۲)

"اور اس درخت سے کھایا جس کی بابت میں نے تجھ سے حکم کیا کہ اس سے مت کھانا، زمین تیرے سبب سے لعنتی ہوئی، اور تکلیف کے ساتھ تو اپنی عمر بھر اس سے کھائیگا، اور وہ تیرے لئے کانٹے اور اونٹکٹارے اگائے گی، اور تو کھیت کی نبات کھائے گا، اور تو اپنے منھ کے پسینہ کی روٹی کھائیگا جب تک کہ زمین میں پھر نہ جائے"

قرآن پاک میں اس درخت کا نام جس کے پھل کھانے سے آدم کو روکا گیا تھا، تصریحاً مذکور نہیں لیکن ایک آیت سے اشارۃً معلوم ہوتا ہے کہ وہ نیک و بد کی شناخت کا درخت تھا، اور شیطان نے

لیکن اُن کو کھلایا کہ یہ حیاتِ جاوید، اور ملکِ جاویدان کا درخت ہے، مگر اُس کے کھانے کا نتیجہ یہ ہوا کہ ان کو برہنگی کا "علم" ہو گیا، جو نیک و بد کی تمیز کا نتیجہ ہے، فرمایا،

| | |
|---|---|
| فَوَسْوَسَ إِلَيْهِ الشَّيْطَانُ قَالَ يَا | شیطان نے آدم کو وسوسہ دیا کہا اے آدم |
| آدَمُ هَلْ أَدُلُّكَ عَلَى شَجَرَةِ الْخُلْدِ | کیا میں تجھے حیاتِ جاویدانی اور سلطنتِ غیر |
| وَمُلْكٍ لَا يَبْلَى فَأَكَلَا مِنْهَا فَبَدَتْ | فانی کا درخت بتاؤں، تو (آدم اور حوا) |
| لَهُمَا سَوْآتُهُمَا، (طٰہٰ - ۷) | دونوں نے اس درخت کا پھل کھایا تو انکی |

شرمگاہیں ان پر ظاہر ہو گئیں

اب سوال یہ ہے کہ "حیاتِ جاویدان غیر فانی بادشاہی" سے مقصود کیا ہے، ظاہر ہے کہ جنت ہی شیطان کا مقصود یہ تھا کہ اس جنت میں جس میں تم اب ہو، بے دردِ سر ہمیشہ رہنے کا نسخہ تم کو بتاؤں، انسان نے خواہش کی تو اُس نے نیک و بد کی تمیز کے درخت کا پھل بتا دیا، یہ کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ نیک و بد کی تمیز ہی پر انسان کی شرعی تکلیف اور مواخذہ کی بنیاد ہے، ہر وہ مخلوق بلکہ ہر وہ انسان جو اس ادراک سے خالی ہے، وہ شرعی تکلیف اور مواخذہ سے گرانبار نہیں، غرض اس خیر و شر کی معرفت کا لازمی نتیجہ شریعت کی تکلیف تھی، چنانچہ وہ آدم کے سر ڈالی گئی، اور پھر نسلِ آدم میں یہ نیک و بد کی تمیز فطری الہام کے ذریعہ عنایت ہوئی، فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَنَفْسٍ وَمَا سَوَّاهَا، فَأَلْهَمَهَا | اور نفس اور اس کی بناوٹ کی قسم پھر نفس |
| فُجُورَهَا وَتَقْوَاهَا، (والشمس) | میں اس کی بدی اور اسکی نیکی کو الہام کیا، |

عجب نہیں کہ قرآن پاک کی یہ آیتیں اسی مفہوم کی طرف اشارہ کرتی ہوں،

| | |
|---|---|
| إِنَّا عَرَضْنَا الْأَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ | ہم نے اپنی امانت (تکلیفِ شرعی) آسمانوں |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَیْنَ اَنْ | اور زمین پر اور پہاڑوں پر پیش کی تو انھوں نے |
| یَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا | اُس کے اٹھانے سے انکار کیا، اور انسان نے |
| الْاِنْسَانُ اِنَّهٗ کَانَ ظَلُوْمًا جَهُوْلًا | اُس کو اُٹھالیا کہ وہ ظالم اور نادان تھا تاکہ |
| لِیُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِیْنَ وَالْمُنٰفِقٰتِ | اللہ نفاق والون اور نفاق والیون اور شرک |
| وَالْمُشْرِکِیْنَ وَالْمُشْرِکٰتِ وَیَتُوْبَ | والون اور شرک والیون کو سزا دے اور |
| اللّٰهُ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ | ایمان والون اور ایمان والیوں پر رجوع ہو، |
| وَکَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِیْمًا (احزاب ۹) | اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے، |

انسان نے اپنی جہالت سے اس تکلیفِ شرعی کی امانت کو اٹھالیا، جو نیک و بد کی معرفت کا لازمی نتیجہ تھا، اور وہ اس تکلیفِ شرعی کا لازمی نتیجہ جزا اور سزا تھی لیکن خدا کی رضامندی یہی تھی کہ اُس کے سب بندے اُس کی رحمت اور مغفرت کے مستحق ٹھہرین کہ اسکی رحمت و شفقت کا اقتضا یہی ہو کہ گنہگارون کو معاف کرے اور نیکوکارون پر اپنی خاص رحمت نازل کرے لیکن اگر کاشتکار اپنے کھیتون کو ابرِ رحمت سے مستفید ہونے کے قابل نہ بنائے تو وہ اس کی برکت سے مستفید نہ ہوگا، اسی طرح جو بندہ شرک و نفاق میں مبتلا ہوجانے سے اپنے آپ کو اس کی رحمت کے قابل نہ بنائے تو وہ بھی اس کی رحمت کی بارش سے سیراب ہوسکے گا،

غرض اس طرح وہ مصلحتِ الٰہی جو انسان کی پیدایش سے تھی، پوری ہوئی، اور وہ حیاتِ جاوید اور غیر فانی بادشاہی جس کا حصول قضائے الٰہی نے انسان کی محنت، جدوجہد اور سعی و عمل پر موقوف رکھا تھا، اور جسے شیطان نے آدم کو بلا سعی و محنت محض بخت سے دلوانا چاہا تھا، بالآخر اس کا

Marfat.com

ملنا تقدیرِ الٰہی، جد وجہد، سعی وعمل، اور نظامِ ربّانی کے مطابق شریعت کی پیروی کے ذریعہ سے مقرر ہوا، جیسا کہ پہلے سے طے شدہ تھا، فرمان آیا،

| | |
|---|---|
| اِهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ | یہاں سے تم سب اُترو، پھر اگر تمھارے پاس |
| مِّنِّىْ هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ | میری طرف سے کوئی رہنمائی آئے تو جس نے |
| فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ | میری رہنمائی کی پیروی کی، تو اُن کو نہ ڈر |
| يَحْزَنُوْنَ ، (بقرہ ۔ ۴) | ہوگا، نہ غم، |
| اِهْبِطَا مِنْهَا جَمِيْعًا بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ | تم دونوں یہاں سے نیچے اترو، تم ایک |
| عَدُوٌّ ۚ فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّىْ هُدًى | دوسرے کے دشمن ہو، پھر اگر تمھارے پاس |
| فَمَنْ تَبِعَ هُدَاىَ فَلَا يَضِلُّ وَلَا | میری طرف سے رہنمائی آئے تو جس نے میری |
| يَشْقٰى ، (طٰہٰ ۔ ۷) | رہنمائی کی پیروی کی، تو وہ نہ گمراہ ہوگا، اور |

جب انسان کا اصل مقام، وہی حیاتِ جاوید، اور مملکتِ ابد ہے تو اُسی کا حصول اس کی تمام کوششوں کا محور ہونا چاہیئے، اور اسی حیاتِ فانی اور لازوال بادشاہی کی، دولت کو اپنی اس فانی زندگی اور زوال پذیر بادشاہی کے تمام کاموں کے مزد ومعاوضہ میں حاصل کرنا چاہیئے، تاکہ وہ اپنے باپ کی اس آسمانی بادشاہی کو پالے جس کی صفت یہ ہے،

| | |
|---|---|
| فَلَا يُخْرِجَنَّكُمَا مِنَ الْجَنَّةِ فَتَشْقٰى | تو شیطان تم کو جنت سے باہر نہ کردے تو پھر تو مشقت |
| اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى وَاَ | میں پڑجائے اور جنت میں تجھ کو یہ ملا ہے کہ اس |
| نَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى (طٰہٰ) | میں تو نہ بھوکا ہوگا اور نہ ننگا نہ پیاسا ہوگا اور |

Marfat.com

آدم اس جنت سے نکلے تو اُن کو بھوک بھی لگی، ننگے بھی ہوئے، پیاس بھی معلوم ہوئی، اور دھوپ کی تپش کی تکلیف بھی ہوئی، اور زمین میں آکر اُن ہی چار چیزوں کی تشفی میں گرفتار ہوئے کھانا، پینا، پہننا، رہنا یہی انسان کی چار مختصر ضروریات ہیں، اُن ہی کو اُس نے اپنی ہوا و ہوس سے پھیلا کر ضروریات کا ایک عالم پیدا کر لیا، جس کے مہیا کرنے، ضرورت سے زیادہ حاصل کرنے اور عمدہ بنانے میں اپنی موجودہ زندگی کی تمام تر توجہ کو مصروف کر کے اصل جنت کی طلب سے ہاتھ دھو بیٹھا یہیں سے شریعت کی تکلیف عائد ہوئی، اور جائز اکل، جائز شرب، جائز لباس، اور جائز مسکن کے حصول کے طریقوں کی تعلیم اور ناجائز طریقوں سے احتراز کا حکم ہوا، اسی سے شریعت کے اصول، معاملات اور اخلاقِ انسانی کی ذمہ داریاں پیدا ہوئیں، اور پھر اس لئے تاکہ اس حیاتِ فانی میں پھنس کر حیاتِ غیر فانی کی طلب کو وہ بھول نہ جائے، عرفانِ الٰہی (عقائد صحیحہ) اور عبادتِ الٰہی اطاعتِ الٰہی کی تلقین ہوئی، جو جنت کی اصلی غذا اور روزی ہے،

أُولَٰئِكَ هُمُ الْوَارِثُونَ الَّذِينَ
يَرِثُونَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ
(مومنون - ۱)

یہی وہ میراث لینے والے ہیں، جو سایہ دار
باغ کے وارث ہوں گے، وہ اُس میں ہمیشہ
رہنے والے ہیں،

لیکن یہ وراثت انسان کو اپنے اعمالِ خیر ہی کے ذریعہ ملے گی، چنانچہ اہلِ جنت کو جنت کے داخلہ کے وقت یہ بشارت ملے گی،

وَفِيهَا مَا تَشْتَهِيهِ الْأَنْفُسُ وَ
تَلَذُّ الْأَعْيُنُ ج وَأَنْتُمْ فِيهَا خَالِدُونَ

اور اس جنت میں وہ کچھ ہے جس کو دل چاہے
اور آنکھوں کو لطف ملے، اور تم کو اس میں ہمیشہ

Marfat.com

وَتِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِیْٓ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ؀ (زخرف-۷)

رہناہے، اور یہی وہ جنت ہے جس کے وارث اپنے کاموں کے بدلہ تم بنائے گئے،

اور اُن ہی کو منادیِ غیب یہ ندا دے گا،

وَنُوْدُوْٓا اَنْ تِلْكُمُ الْجَنَّةُ اُوْرِثْتُمُوْهَا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ، (اعراف-۵)

اور اُن کو پکار کر کہا گیا کہ یہی وہ جنت ہے جس کے تم وارث اپنے ان کاموں کے بدلے بنائے گئے،

ملتِ توحید کے مبلغِ اعظم حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعاؤں کا ایک فقرہ یہ بھی تھا،

وَاجْعَلْنِیْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِیْمِ ؀، اور مجھے باغِ نعمت کے وارثوں سے بنا،

ان آیتوں سے ظاہر ہے کہ اسلام نے انسان کا اصلی مقام وہی قرار دیا ہے جہاں نہ بھوک ہے، نہ پیاس، نہ برہنگی ہے، نہ دھوپ کی تکلیف، جہاں کی بادشاہی لازوال اور جہاں کی زندگی غیر فانی ہے لیکن اُس کے حصول کا ذریعہ صرف انسان کا نیک عمل اور صحیح عرفان ہے جن کے مجموعہ کا نام "تقویٰ" ہے،

تِلْكَ الْجَنَّةُ الَّتِیْ نُوْرِثُ مِنْ عِبَادِنَا مَنْ كَانَ تَقِیًّا ؀ (مریم-۴)

یہ وہ بہشت ہے جس کا وارث اپنے بندوں میں سے ہم اس کو بنائیں گے جو تقویٰ والا ہوگا،

**انسانی جزا و سزا کے تین گھر**

انسان کے تین گھر ہیں، ایک موجودہ فانی عالم جس کو دنیا کہتے ہیں، اور دوسرا درمیانی، عالمِ موت، یا عالمِ قبر جس کا نام برزخ ہے، اور تیسرا اُس غیر فانی زندگی کا گھر جس کو دارِ آخرت کہتے ہیں، یہودیوں کے یہاں آخر زور اسی دنیا کی جزاء و سزا پر ہے، اُن کے ہاں تیسرے کا ذکر بہت کم، اور دوسرے کا مطلق نہیں، اور عیسائیوں میں پورا

زور تیسری منزل کی سزا و جزا پر ہے، اور پہلی اور دوسری منزلوں کے ذکر سے خاموشی ہے لیکن وحی محمدیؐ کی تکمیل نے ان تینوں گھروں کو انسانی سزا و جزا کا مقام قرار دیا، انسان کو اپنے اعمال کی پہلی جزا و سزا تو اسی دنیا میں کامیابی و ناکامی کی صورت میں ملتی ہے، گو اس کامیابی و ناکامی کے سمجھنے کا معیار مختلف ہو، اس کے بعد جب انسانی روح دوسری منزل میں قدم رکھتی ہے، تو یہاں بھی وہ اپنے اعمال کی تھوڑی بہت جزا و سزا کا منظر دیکھ لیتی ہے، اس کے بعد جب موجودہ دنیا کے پورے کاروبار کا خاتمہ ہو کر اس فانی کائنات کا ہر نقش ونگار مٹ جائے گا، اور پھر نئی زمین اور نیا آسمان بنے گا، تو فانی انسانوں کو دائمی زندگی کیلئے بیدار کیا جائے گا، اور اُس وقت وہ اپنے اعمال کی پوری جزاء و سزا پائیں گے،

**انسان کا پہلا دار الجزاء**

غرض انسان کا پہلا دار الجزاء یہی دنیا ہے اگو اُس کے ہر نیک و بد فعل کی پوری جزا تو دوسری دنیا کی زندگی میں ملتی ہے، لیکن اُس کے نیک و بد فعل کے مماثل اس موجودہ دنیا کی زندگی میں ابھی اس کو کچھ نہ کچھ جزا ملا کرتی ہے، انسان کی عزت، شہرت، ناموری، ہر دلعزیزی، محبوبیت، تسکین، اطمینان، سرور، فارغ البالی، حکومت، یہ سب اس زندگی کے اعمال خیر کے نتائج ہیں، اُن کے برخلاف ذلت، رسوائی، بے عزتی، کس مپرسی، پریشان حالی، بے اطمینانی، غم، خوف، محکومیت، اُس کے اعمالِ بد کے اثرات ہیں،

یہودیوں کی توراۃ میں اعمال کے نتائج میں زیادہ اہمیت اسی دنیاوی دار الجزاء کو دی گئی ہے بلکہ توراۃ میں یہی خیال سب سے زیادہ نمایاں ہے کہ خدا کی فرمانبرداری اور نافرمانی کی جزا اسی دنیا کے رنج و راحت کی صورت میں اسی زندگی میں ملتی ہے، مثلاً خدا کے حکموں پر عمل کروگے تو ان کا

Marfat.com

نتیجہ یہ ہوگا کہ تمہاری کھیتیاں سرسبز ہوں گی، اولادیں برومند ہوں گی، جانور جنیں گے، درخت پھل دیں گے، اور دشمن مغلوب ہوں گے، اور اگر خدا کی نافرمانی کروگے، تو تیرو بائیں آئیں گی، قحط پڑیں گے، اولادیں جیتی نہ رہیں گی، جانور مرجائیں گے، شہر تباہ ہوجائیں گے، باغ پھل نہ دیں گے، اور دشمن تم پر چھا جائیں گے، عیسائیت نے اس کے بالمقابل سارا زور زمین کی مملکت پر نہیں بلکہ آسمان کی بادشاہت پر دیا ہے، اور اس ظاہری زندگی کے فوز و فلاح کو اپنے مقصد سے خارج قرار دیا ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جس دعوت کو لے کر آئے، وہ یہودیت و عیسائیت کی اس افراط و تفریط دونوں سے پاک ہے، اس نے ایمان اور عمل صالح کا نتیجہ اس دنیا کی بادشاہی بھی قرار دی، اور اس دنیا کی بھی زمین کی حکومت بھی، اور آسمان کی جنت بھی، یہاں کی سرسبزی و شادابی بھی، اور وہاں کا باغ و بہار بھی، چنانچہ اللہ تعالیٰ نے نکوکار مسلمانوں کے ذکر میں فرمایا،

| | |
|---|---|
| فَاٰتٰهُمُ اللّٰهُ ثَوَابَ الدُّنْيَا وَ | تو خدا نے اُن کو دنیا کا بدلہ بھی دیا، اور آخرت |
| حُسْنَ ثَوَابِ الْاٰخِرَةِ ۗ وَاللّٰهُ | کے ثواب کی خوبی بھی، اور اللہ نیکی کرنیوالوں |
| يُحِبُّ الْمُحْسِنِيْنَ ۔ (اٰل عمران ۔ ۱۵) | کو پیار کرتا ہے، |

ایمان اور عمل صالح والوں سے یہ وعدہ تھا کہ

| | |
|---|---|
| وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا | خدا نے اُن سے جو ایمان لائے، اور اچھے |
| الصّٰلِحٰتِ مِنْهُمْ مَّغْفِرَةً وَّاَجْرًا | کام کئے، گناہوں کی بخشش اور بڑی |
| عَظِيْمًا ۔ (فتح ۔ ۴) | مزدوری کا وعدہ کیا، |

اور یہ بھی اُن ہی سے وعدہ ہے،

Marfat.com

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ — خدا نے اُن سے جو تم میں سے ایمان لائے

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ — اور اچھے کام کئے، وعدہ کیا ہے کہ وہ اُن

فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ — کو ملک میں حاکم بنائے گا جس طرح اُن سے

مِنْ قَبْلِهِمْ (نور۔ ۷) — اگلوں کو حاکم بنایا تھا،

لیکن اس میں بھی شک نہیں کہ جس طرح اس دنیا کی فانی زندگی سے اُس دنیا کی باقی زندگی زیادہ پائدار ہے، اسی طرح اُس دنیا کے ثواب سے اُس دنیا کے ثواب کی قدر وقیمت بھی زیادہ ہے اور اسی دنیا کے حُسنِ عمل کی کوشش سے اس دنیا کی بہتری بھی ملتی ہے، فرمایا،

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا — جنھوں نے نیک کام کئے، اس دنیا میں اُن

حَسَنَةٌ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ وَ — کے لئے بھلائی ہے اور بے شبہ آخرت کا گھر بہتر ہے

لَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ، (نحل۔ ۴) — اور پرہیزگاروں کا گھر کیا اچھا ہے،

اسی طرح بدکاروں کی جزا جہاں اُس دنیا کی دوزخ اور آگ کے عذاب کو فرمایا، اسی طرح اس دنیا کی ذلّت وخواری اور رسوائی کو بھی فرمایا،

خَسِرَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةَ، (حج۔ ۲) — اُس نے دنیا اور آخرت کا نقصان اٹھایا

لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي — انکے لئے دنیا میں رسوائی ہے، اور آخرت میں

الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (بقرہ ۱۴) — بڑی مار ہے،

حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ (بقرہ) اُن کے کام دنیا اور آخرت میں برباد ہوئے

یہ بھی فرمایا:

Marfat.com

فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِى الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ، (آل عمران - ٦)

تو میں اُن کو دنیا اور آخرت میں سخت سزا دوں گا ،

تنگی اور بدحالی کی سزا بھی یہیں ملتی ہے ،

وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِىْ فَاِنَّ لَهٗ مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ اَعْمٰى ، (طٰہٰ - ٧)

اور جس نے میری نصیحت سے منہ پھیرا تو اس کے لیے تنگ گذران ہوا اور قیامت میں میں اسکو اندھا اوٹھاؤنگا کہ دنیا میں وہ دل کا اندھا (تھا)

انتہا یہ ہے کہ خود صحابہ کو جنگ احد میں جو فتح نہیں ملی اللہ تعالی نے اس کو بھی اُن کی بعض کوتاہیوں اور فروگذاشتوں کا ثمرہ بتایا ،

اِنَّ الَّذِيْنَ تَوَلَّوْا مِنْكُمْ يَوْمَ الْتَقَى الْجَمْعٰنِ ۙ اِنَّمَا اسْتَزَلَّهُمُ الشَّيْطٰنُ بِبَعْضِ مَا كَسَبُوْا ج (آل عمران ١٦)

تم میں سے جو لوگ اس دن جب دونوں فوجیں بھڑیں پیچھے ہٹے ، اُن کے بعض کاموں کی وجہ سے شیطان نے ان کو پھسلا دیا ،

ایک اور مقام پر عام طور سے فرمایا گیا ،

وَمَآ اَصَابَكُمْ مِّنْ مُّصِيْبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتْ اَيْدِيْكُمْ وَيَعْفُوْا عَنْ كَثِيْرٍ ، (شورىٰ - ٤)

جو مصیبت تم کو پہونچی ، وہ تمھارے ہاتھوں کے کرتوتوں کے باعث ، اور وہ بہت سی باتوں سے درگذر تا ہے ،

یہود کے ذکر میں قرآن نے اس مسئلہ کو بالکل واضح کردیا ہے ، عذاب کے موقع پر فرمایا :-

ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ اَيْنَ مَا

ان پر ذلت ماری گئی ، جہاں پائے گئے لیکن

Marfat.com

ثُقِفُوْٓا اِلَّا بِحَبْلٍ مِّنَ اللّٰهِ وَحَبْلٍ
مِّنَ النَّاسِ وَبَآءُوْ بِغَضَبٍ مِّنَ
اللّٰهِ وَضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الْمَسْكَنَةُ
ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ كَانُوْا يَكْفُرُوْنَ بِاٰيٰتِ
اللّٰهِ وَيَقْتُلُوْنَ الْاَنْۢبِيَآءَ بِغَيْرِ حَقٍّ
ذٰلِكَ بِمَا عَصَوْا وَّكَانُوْا يَعْتَدُوْنَ
(آل عمران-۱۲)

(جہاں عزت حاصل ہی) وہ خدا کے ذریعہ
لوگون کے سہارے اور اللہ کا غصہ کما لائے
اور اُن پر (قومی) محتاجی ماری گئی، یہ اس لیے
کہ وہ خدا کے حکمون کا انکار کرتے تھے اور
پیغمبروں کو مار ڈالتے تھے، یہ اس لیے کہ وہ
نافرمان ہیں اور حدود الٰہی سے آگے
بڑھتے ہیں)

اس کے بالمقابل عام اہل کتاب سے کہا گیا:-

وَلَوْ اَنَّهُمْ اَقَامُوا التَّوْرٰىةَ وَ
الْاِنْجِيْلَ وَمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِمْ مِّنْ
رَّبِّهِمْ لَاَكَلُوْا مِنْ فَوْقِهِمْ وَ
مِنْ تَحْتِ اَرْجُلِهِمْ،
(مائدہ-۹)

اور اگر یہ تورات اور انجیل کو اور جو انکی طرف
اُن کے پروردگار کی طرف سے (اب) اتارا
گیا، اس کو قائم رکھتے تو وہ اپنے اوپر (برکات
آسمانی) سے کھاتے اور اپنے پاؤں کے نیچے
(ارضی خیر و برکت) سے کھاتے،

ایک اور موقع پر اشارہ ہے،

وَلَوْ اَنَّ اَهْلَ الْقُرٰٓى اٰمَنُوْا وَ
اتَّقَوْا لَفَتَحْنَا عَلَيْهِمْ بَرَكٰتٍ مِّنَ
السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ وَلٰكِنْ كَذَّبُوْا

اور ان آبادیوں کے رہنے والے ایمان لاتے
اور پرہیزگاری کے کام کرتے، تو ہم اُن پر
آسمان اور زمین سے برکتوں کو کھولتے لیکن

Marfat.com

فَاَخَذْنٰھُمْ بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ، (اعراف ۔۱۲۰)

انھوں نے خدا کے احکام کو جھٹلایا، تو ہم نے اُن کے اعمال کی پاداش میں اُن کو پکڑ لیا،

**مگر یہ دار الجزا فانی ہے**

لیکن یہاں ایک لغزش گاہ بھی ہے جس سے اہلِ ہوش کو باخبر رہنا چاہیے اس دنیا میں گو انسان کو اعمال کی جزا و سزا کسی نہ کسی رنگ میں ضرور ملتی ہے، مگر کیا شخصی زندگی اور کیا جماعتی حیات کے لحاظ سے یہ دار الجزا جس کا نام دنیا ہے، عارضی اور فانی ہے، یہاں کا غم بھی فانی اور یہاں کی خوشی بھی عارضی ہے، اس لئے صرف اسی دنیا کی کامیابی کو اپنی زندگی کا اصل مطلوب و مقصود اور غایت و منتہا نہیں بنانا چاہیے، بلکہ یہ سمجھنا چاہیے کہ اس سے بھی زیادہ ایک اور وسیع آسمانی مملکت، اور لازوال ربانی سلطنت ہے، جو فنا و زوال کے ہر عیب اور ہر نقص سے پاک ہے اور اس جہاں کی نعمتیں اس دنیا کی نعمتوں سے کہیں زیادہ بہتر اور غیر فانی ہیں، اس لئے اس فانی دنیا کی لذتوں میں پڑ کر اس کو بھول نہیں جانا چاہیے، اُس مسافر کی عقلِ سلیم کو داد کون دے گا جو راستہ کی عارضی خوش منظریوں اور سفر کی فانی دلچسپیوں میں پڑ کر اپنے خوش سواد اور سدا بہار وطن کو فراموش کر بیٹھے

بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ۔ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى (اعلیٰ ۔)

بلکہ تم دنیاوی زندگی کو بڑھ کر چاہتے ہو، حالانکہ آخرت کی زندگی اس سے بہتر اور اس

وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ، (یوسف ۔)

اور بیشک آخرت کی مزدوری (یہاں کی مزدوری سے) بہتر ہے،

اس طرح گنہگاروں کے لئے یہاں کی ذلت و رسوائی سے بڑھ کر ایک اور ذلت و رسوائی کا مقام ہے،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْیَ فِی الْحَیٰوةِ | توخدانے اُن کو اس دنیا وی زندگی میں |
| الدُّنْیَا وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَکْبَرُ ط | رسوائی کا مزہ چکھایا، اور شبہ نہیں کہ آخرت کا |
| لَوْ کَانُوْا یَعْلَمُوْنَ ۔ (زمر۔۳) | عذاب اس سے بھی بڑا ہے اگر وہ جانتے، |

اس دنیا کی ذلت ورسوائی تو شاید سہ بھی لیجائیگی مگر وہاں کے عذاب کی سختی کو کون سہ سکتا ہے کہ

| | |
|---|---|
| وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ اَشَدُّ وَاَبْقٰی ؕ | اور آخرت کا عذاب البتہ زیادہ سخت اور دیر پا ہے، |
| (طٰہٰ۔۷) | |

اس لئے اس فانی دنیا میں انسان کو اپنے حسن عمل کے بدولت جو زر و قوت، جاہ و جلال، نعمت و مال، اور حکومت و سروری ملے اُن کو بھی آخرت کی لازوال نعمتوں اور وہاں کی غیر فانی بادشاہی کے حصول میں صرف کرنا چاہئے کہ اس سے خود ان دنیاوی نعمتوں کو بھی بقا و پایداری حاصل ہوگی، اسی فلسفہ کو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی وحی حقیقت طراز نے قارون کی نصیحت کے ضمن میں ان لفظوں میں ادا کیا ہے،

| | |
|---|---|
| وَابْتَغِ فِیْمَآ اٰتٰکَ اللّٰهُ الدَّارَ الْاٰخِرَةَ | اور خدا نے جو تجھکو دیا ہے اُس سے آخرت |
| وَلَا تَنْسَ نَصِیْبَکَ مِنَ الدُّنْیَا وَ | کا گھر تلاش کر، اور دنیا سے اپنا حصہ نہ |
| اَحْسِنْ کَمَآ اَحْسَنَ اللّٰهُ اِلَیْکَ وَلَا تَبْغِ | بھول، اور جس طرح خدا نے تجھ پر احسان |
| الْفَسَادَ فِی الْاَرْضِ ؕ | کیا ہے، تو بھی (خدا کے بندوں پر) احسان |
| (قصص۔۸) | کر اور (اس دولت سے) زمین میں خرابی نہ چاہ |

چنانچہ ناخلف یہود پر تباہی اسی نے آئی کہ وہ دنیاوی زندگی کی دولت جائداد کی محبت

Marfat.com

ایسے پھنسے کہ اُن کو اپنے کاروبار میں آخرت کے سودا کا خیال بھول کر بھی نہ آیا،

فَخَلَفَ مِنْ بَعْدِهِمْ خَلْفٌ وَّرِثُوا الْكِتٰبَ يَاْخُذُوْنَ عَرَضَ هٰذَا الْاَدْنٰى وَيَقُوْلُوْنَ سَيُغْفَرُ لَنَا ۚ وَاِنْ يَّاْتِهِمْ عَرَضٌ مِّثْلُهٗ يَاْخُذُوْهُ ۚ اَلَمْ يُؤْخَذْ عَلَيْهِمْ مِّيْثَاقُ الْكِتٰبِ اَنْ لَّا يَقُوْلُوْا عَلَى اللّٰهِ اِلَّا الْحَقَّ وَدَرَسُوْا مَا فِيْهِ ۗ وَالدَّارُ الْاٰخِرَةُ خَيْرٌ لِّلَّذِيْنَ يَتَّقُوْنَ ۗ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ،

(اعراف - ۲۱)

تو اُن کے بعد کچھ ناخلف کتاب کے وارث ہوئے جو اس دنیا کے سامان واسباب کو لیتے ہیں اور کہتے ہیں کہ ہم کو معاف ہوگا اور اگر دیسا ہی سامان واسباب پھر آئے تو پھر لیں، کیا ان سے کتاب کے حق میں یہ عہد نہیں لیا گیا کہ وہ خدا پر حق کے سوا کچھ اور نہ بولیں، حالانکہ جو اس میں ہے وہ اس کو پڑھ چکے ہیں، اور آخرت کا گھر پرہیزگاروں کے لئے بہتر ہے کیا تم سمجھتے نہیں،

**یہ دار الجزاء دار الاصلاح بھی ہے**

اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت و شفقت سے انسان کو پیدا کیا، اور اس ہمیشہ کی زندگی کا مقام بھی دکھایا، اور بتادیا کہ اس مقام کا دائمی و ابدی استحقاق خود تمہارے عمل سے تم کو حاصل ہوسکتا ہے، اور یہ دنیا کی زندگی اسی لئے اس کو دی گئی کہ وہ اس زمانہ میں اس سدا بہار سرزمین کی ملکیت کو اپنے عمل کی قیمت سے خرید سکے، پھر چونکہ انسان دوسری مصلحتوں کے لحاظ سے طبعاً کمزور، زود فراموش، اور بھولنے والا بھی پیدا ہوا اس لئے اللہ تعالیٰ نے اس کو اپنی اسی مستعار زندگی میں بار بار اپنے سنبھلنے، سدھرنے اور کامیاب بننے کے موقع عنایت کئے، رسولوں کی بعثت، معلموں کی آمد، شریعت کی تعلیم، پھر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر

کا سلسلہ گناہون پر جسمانی سزا وتعزیر، عمل خیر پر روحانی لذت اور عمل شر پر روحانی غبار و کدورت کے لوازم اسی لئے مقرر ہوئے کہ اُس کو ہر قدم پر اپنے اعمال پر تنبیہ اور اپنی غلط روی کا احساس ہو، اور ان سب کے علاوہ اُس نے اپنی غایت رحمت سے انسانوں کی تنبیہ اور اصلاح کے لئے حسب ذیل مراتب مقرر کئے،

۱- **نیکی سے برائی کا کفّارہ**، چونکہ انسان کتنی ہی کوشش کرے، اپنی فطری کمزوریون کی حد سے باہر نہین نکل سکتا، اس لئے جس طرح اس دنیا میں اُس نے انسانون کے دلون میں یہ فطری اصول ودیعت کردیا ہے کہ جس کی نیکیون کا پلّہ بھاری ہو، اُس کی معمولی بُرائیون سے چشم پوشی کیجاتی ہے، یا یہ کہ آخر میں اُس کا کوئی ایک نیک کام اتنا زبردست ہوجاتا ہی کہ اس سے اُس کی تمام اگلی بُرائیون کی فردِ دھل جاتی ہے، اسی کا نام "کفارۂ عمل" ہی چنانچہ وحیِ محمدی نے اصولی طور پر یہ حقیقت ان الفاظ میں تلقین کی کہ

اِنَّ الْحَسَنَاتِ یُذْهِبْنَ السَّیِّاٰتِ، (ھود) بے شبہ نیکیاں، برائیوں کو دور کردیتی ہیں

اس آیت کا یہ بھی منشا ہی کہ نیکیوں کی تدریجی ترقی بالآخر بُرائیون کو کم کرتی جاتی ہی یہانتک کہ وہ پورا نیکو کار انسان بن جاتا ہی، اور یہ بھی خوشخبری اس مین پوشیدہ ہی کہ یہی نیکیاں اُس کی پہلی بُرائیون کے نتیجہ کو بھی انشاء اللہ مٹادین گی، اس معنی کی اور آیتین بھی قرآن پاک میں ہین،

اِنْ تَجْتَنِبُوْا کَبَآئِرَ مَا تُنْهَوْنَ عَنْهُ نُکَفِّرْ عَنْکُمْ سَیِّاٰتِکُمْ وَنُدْخِلْکُمْ مُّدْخَلًا کَرِیْمًا، (نساء - ۵) — تم کو جن باتون سے منع کیا گیا ہی اگر اُن میں کی بڑی باتون سے تم بچتے رہو گے تو ہم تمھاری تقصیرین تم سے اتار دین گے اور تم کو عزت کے مقام مین داخل

| | |
|---|---|
| لَئِنْ اَقَمْتُمُ الصَّلٰوۃَ وَاٰتَیْتُمُ الزَّکٰوۃَ | البتہ اگر تم نماز کھڑی کرو، اور زکوٰۃ دو، |
| وَاٰمَنْتُمْ بِرُسُلِیْ وَعَزَّرْتُمُوْھُمْ وَ | میرے پیغمبروں پر ایمان لاؤ، اور اُن کی مدد کرو گے |
| اَقْرَضْتُمُ اللّٰہَ قَرْضًا حَسَنًا لَّاُکَفِّرَنَّ | اور اللہ کو اچھی طرح کا قرض دو گے تو یہ |
| عَنْکُمْ سَیِّاٰتِکُمْ وَلَاُدْخِلَنَّکُمْ جَنّٰتٍ | تمھاری گناہوں کو اُتار دوں گا، اور تم کو ان |
| تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ (مائدہ ۳) | جنتوں میں داخل کرونگا جن کے نیچے نہریں ہیں |
| اُولٰٓئِکَ الَّذِیْنَ نَتَقَبَّلُ عَنْھُمْ | یہ وہ ہیں جن کے اچھے عمل کو ہم قبول |
| اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَنَتَجَاوَزُ عَنْ سَیِّاٰتِھِمْ | اور اُن کی برائیوں سے درگذر کریں گے |

فِیْٓ اَصْحٰبِ الْجَنَّۃِ (احقاف-۲)

**۲- توبہ کفّارہ ہے:** انسان کے تمام کاروبار میں اصل شے اُس کا دل ہے، اسی سے وہ پاک ہوتا ہے اور اسی سے ناپاک بنتا ہے، انسان کا دل اگر خلوص کے ساتھ کسی وقت خدا کی طرف رجوع کرے، اور اپنی تقصیروں اور فروگذاشتوں پر اس کی بارگاہ میں نادم وشرمسار ہو کر اپنی پچھلی بدیوں سے بیزار ہو کر آیندہ کے لئے نکوکاری کا خدا سے مستحکم وعدہ کرلے تو اس کا نام توبہ ہے، یہ توبہ گنہگار سے گنہگار انسان کو بھی خدا کی آغوشِ محبت میں لاکر ڈال دیتی ہے، آدم علیہ السلام کا قصور، اور پھر اُن کی توبہ اور رحمتِ الٰہی کا رجوع، واقعہ کے علاوہ اس بات کی ایک مثالی صورت بھی ہے کہ اللہ تعالیٰ کی آغوشِ رحمت کس طرح گنہگار انسان کو واپس لینے کے لئے ہمیشہ وا رہتی ہے، رحمتِ الٰہی کے اس پُرجوش نظارہ کی جو کیفیت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے صحیفۂ وحی اور پیامِ نبوت میں نظر آتی ہے، اُس سے ہندوستان کا مذہب اور دھرم قطعًا محروم، تورات خاموش، زبور کی سُریلی

آواز تدھم، اور انجیل کی خوشخبری مبہم ہے، لیکن محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے اپنے پیام ربانی میں اسکی کیفیات اور اصول و شرائط کو جس شرح و بسط کے ساتھ بیان فرمایا، وہ گویا رب العالمین کی طرف سے رحمۃ للعالمین کا خاص حصہ تھا، فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا | مگر جس نے توبہ کی، اور ایمان لایا، اور نیک |
| فَاُولٰٓئِكَ يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ وَلَا | کام کئے، تو وہ جنت میں داخل ہونگے، اور |
| يُظْلَمُوْنَ شَيْئًا ، (مریم-۴) | اُن پر کچھ ظلم نہ کیا جائے گا، |

اس سے آگے بڑھ کر یہ کہ ایک توبہ کی بھلائی، اس کے گناہوں کے سارے دفتر دھوکر انکی جگہ آپ لے لیگی۔

| | |
|---|---|
| اِلَّا مَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا | مگر جس نے توبہ کی اور ایمان لایا، اور اچھے کام |
| فَاُولٰٓئِكَ يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ | کئے تو یہ وہ ہیں جن کی برائیوں کو اللہ بھلائیوں |
| حَسَنٰتٍ وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا (فرقان) | میں بدل دیگا، اور اللہ بخشنے والا رحم والا ہے، |

اور یہی اس کی شانِ رحمت کا اقتضا ہے، یہاں تک کہ چور اور ڈاکو بھی اپنے گناہوں سے توبہ کریں تو اُن کو بھی بشارت ہے،

| | |
|---|---|
| فَمَنْ تَابَ مِنْ بَعْدِ ظُلْمِهٖ وَاَصْلَحَ | توجس نے اپنے پر ظلم کرنے کے بعد توبہ کی، اور اپنے |
| فَاِنَّ اللّٰهَ يَتُوْبُ عَلَيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ | کو سدھارا تو بیشک اللہ اس پر رجوع ہوگا، |
| غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۔ اَلَمْ تَعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ | اللہ بخشنے والا مہربان ہے، کیا تجھے نہیں معلوم کہ |
| لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ يُعَذِّبُ | آسمانوں کی اور زمین کی بادشاہی اسی کی ہے |

Marfat.com

مَنْ یَّشَآءُ وَیَغْفِرُ لِمَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰہُ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ (مائدہ-۶) — جس کو چاہے سزا دے اور جس کو چاہے معاف کرے، اللہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے،

اللہ تعالیٰ نے اپنا یہ قطعی اصول ظاہر فرما دیا کہ

وَاِنِّیْ لَغَفَّارٌ لِّمَنْ تَابَ وَاٰمَنَ وَعَمِلَ صَالِحًا ثُمَّ اهْتَدٰی (طٰہٰ-۴) — اور بیشک میں اُس کو بخشنے والا ہوں جس نے توبہ کی، اور ایمان لایا، اور نیک کام کئے، اور

لیکن توبہ کس کے لئے ہے اور کس شرط کے ساتھ ہے،

اِنَّمَا التَّوْبَةُ عَلَی اللّٰهِ لِلَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السُّوْٓءَ بِجَهَالَةٍ ثُمَّ یَتُوْبُوْنَ مِنْ قَرِیْبٍ فَاُولٰٓئِكَ یَتُوْبُ اللّٰهُ عَلَیْهِمْ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلِیْمًا حَكِیْمًا ۔ وَلَیْسَتِ التَّوْبَةُ لِلَّذِیْنَ یَعْمَلُوْنَ السَّیِّاٰتِ ۚ حَتّٰٓی اِذَا حَضَرَ اَحَدَهُمُ الْمَوْتُ قَالَ اِنِّیْ تُبْتُ الْئٰنَ وَلَا الَّذِیْنَ یَمُوْتُوْنَ وَهُمْ كُفَّارٌ (نساء-۳) — اللہ کو اُن کی توبہ قبول کرنی ضرور ہے جو نادانی سے برا کام کرتے ہیں، پھر جلد توبہ کرتے ہیں تو یہی وہ ہیں جن کو اللہ معاف کرتا ہے، اور اللہ سب جانتا ہے اور حکمت والا ہے اور اُن کی توبہ نہیں ہے، جو بُرے کام کرتے جاتے ہیں یہاں تک کہ جب اُن میں سے کسی کو موت آئی تو اُس نے کہا اب میں نے توبہ کی، اور نہ اُن کی توبہ ہے جو کافر ہو کر مریں،

مقصود یہ ہے کہ توبہ کے بعد اُس بندہ کے دل میں آئندہ تلافی اور تدارک کا احساس بھی موجود ہو اور ظاہر ہے کہ موت کے وقت یہ احساس ممکن ہی نہیں، ہاں اگر وہ توبہ اپنے احساس کے اثر سے کرے، اور اُس کے بعد اتفاقاً موت آجائے تو یقیناً رحمتِ الٰہی اُسکے قبول کرنے

Marfat.com

میں تامل نہ کرے گی،

| | |
|---|---|
| وَالَّذِيْنَ عَمِلُوا السَّيِّاٰتِ ثُمَّ تَابُوْا مِنْ بَعْدِهَا وَاٰمَنُوْا اِنَّ رَبَّكَ مِنْ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ (اعراف ۱۹) | اور جنھوں نے بُرے کام کئے پھر اس کے بعد باز آئے (توبہ کی) اور یقین کیا تو بیشک تیرا پروردگار اسکے بعد بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے، |
| وَمَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا اَوْ يَظْلِمْ نَفْسَهٗ ثُمَّ يَسْتَغْفِرِ اللّٰهَ يَجِدِ اللّٰهَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا، (نساء - ۱۶) | اور جو کوئی بُرا کام کرے یا اپنے آپ پر ظلم کرے پھر اللہ سے اپنے گناہ کی معافی چاہے تو وہ اللہ کو بخشش والا اور رحم کرنیوالا پائے گا، |

۳- مصائب کی تنبیہ اور کفارہ، دنیا میں انسان کو مصائب سے زیادہ بری اور تکلیف دہ چیز کوئی دوسری نہیں معلوم ہوتی لیکن یہ حقیقت بھلانے کے لائق نہیں کہ افراد بلکہ جماعتیں اور قومیں بھی مصائب ہی کی تنبیہ اور سرزنش سے متنبہ اور ہشیار ہو کر آمادہ اصلاح ہوتی ہیں، چنانچہ اکثر اخلاقی محاسن کے جوہر کو مصیبتوں ہی کی آگ نکھار کر کندن بناتی ہے، صبر استقلال، تواضع، شکر، محبت اور رحم ان تمام اخلاقی فضائل کی تربیت ان ہی مصائب کے زیر سایہ ہوتی ہے، مغرور سے مغرور انسان بھی جب کسی اتفاقی مصیبت کی ٹھوکر کھاتا ہے، تو سنبھل جاتا ہے، اس لئے غافل انسانوں اور خود فراموش سرمستوں کو ہوش میں لانے کے لئے کبھی کبھی کی مصیبتوں سے بڑھ کر کوئی دوسری چیز نہیں کہ ان کی بدولت ملحد سے ملحد انسان بھی ایک دفعہ بے قرار ہو کر خدا کا نام لے ہی لیتا ہے،

دولت ونعمت اور کامیابی ومسرت وہ شراب ہے جس کے نشہ کا اُتار اتفاقی مصائب ہی کی ترشی سے ہوسکتا ہے، انسان خدا کو کتنا ہی بھولا ہوا اور اپنی دولت وثروت پر کتنا ہی نازاں ہو

لیکن جب وہ کسی افتاد سے دوچار ہوتا ہے تو دفعۃً اس کی آنکھیں کھل جاتی ہیں، بیماری، تنگ دستی، عزیزوں کی موت، آرزوؤں کی ناکامی، اُن میں سے ہر چیز وہ ٹھوکر ہے جس کو کھا کر سرمست سے سرمست انسان بھی ایک دفعہ چونک کر ہشیار ہو جاتا ہے اور اس کو اپنے راستہ کی غلطی معلوم ہو جاتی ہے، اس لیے ان مصائب میں انسانوں کے اعمالِ بد اور گناہوں کا کفارہ بننے کی صلاحیت پوری طرح موجود ہے کہ اس تھوڑی تکلیف سے بندہ میں جو احساس پیدا ہوتا ہے، وہ بڑی بیش قیمت چیز ہے،

قرآن پاک نے اس نکتہ کو جابجا بیان کیا ہے، اور بتایا ہے کہ اللہ تعالیٰ گنہگاروں کو اس سے پہلے کہ اُن کو ہلاک کرے، مصائب کی آزمایشوں میں ڈالتا ہے تاکہ شاید وہ اپنے بھولے ہوئے مالک کو یاد کریں، اور اپنی غلط روی پر متنبہ ہو کر اپنی ہدایت و اصلاح کی فکر کریں، فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَلَقَدْ اَخَذْنَا آلَ فِرْعَوْنَ بِالسِّنِيْنَ | اور بیشک ہم نے فرعون والوں کو قحطوں |
| وَنَقْصٍ مِنَ الثَّمَرَاتِ لَعَلَّهُمْ يَذَّكَّرُوْنَ | اور پھلوں کی کمی کی مصیبت میں گرفتار کیا |
| (اعراف - ۱۶) | تاکہ وہ نصیحت پکڑیں، |

بنی اسرائیل کے متعلق ہے،

| | |
|---|---|
| وَبَلَوْنٰهُمْ بِالْحَسَنٰتِ وَالسَّيِّئَاتِ | اور ہم نے اُن کو نعمتوں اور مصیبتوں کے |
| لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ، (اعراف ۲۱) | ساتھ آزمایا تاکہ وہ شاید باز آئیں، |

اسی سورہ میں ایک اور جگہ اس اصول کو ایک کلیہ کی حیثیت سے بیان کیا گیا ہے،

| | |
|---|---|
| وَمَا اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ مِّنْ نَّبِيٍّ اِلَّا | اور ہم نے کسی آبادی میں کوئی نبی نہیں بھیجا |
| اَخَذْنَا اَهْلَهَا بِالْبَاْسَاءِ وَالضَّرَّاءِ | لیکن وہاں کے رہنے والوں کو سختیوں اور |

Marfat.com

لَعَلَّهُمْ يَضَّرَّعُوْنَ ، (اعراف - ۱۲) | مصیبتوں میں گرفتار کیا تاکہ وہ شاید گڑگڑائیں

مسلمانوں سے فرمایا گیا،

وَلَنَبْلُوَنَّكُمْ بِشَيْءٍ مِّنَ الْخَوْفِ وَ الْجُوْعِ وَنَقْصٍ مِّنَ الْأَمْوَالِ وَالْأَنْفُسِ وَالثَّمَرَاتِ وَبَشِّرِ الصّٰبِرِيْنَ الَّذِيْنَ إِذَا أَصَابَتْهُمْ مُّصِيْبَةٌ قَالُوْا إِنَّا لِلّٰهِ وَإِنَّا إِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ أُولٰٓئِكَ عَلَيْهِمْ صَلَوَاتٌ مِّنْ رَّبِّهِمْ وَرَحْمَةٌ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُهْتَدُوْنَ (بقرہ ۱۹)

اور البتہ ہم تم کو تھوڑے خوف، بھوک اور دولت کی اور جانوں کی اور پھلوں کی کمی سے آزمائیں گے، اور ان صابروں کو خوشخبری سُنا کر جن کو جب کوئی مصیبت ستاتی ہو تو کہتے ہیں، ہم خدا کے ہیں اور اسی کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں، یہ وہ ہیں جن پر اللہ کی برکتیں اور رحمتیں ہونگی، اور یہی سیدھی راہ پائے ہوئے ہیں،

اس اصول کے تحت میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اُس کے متعدد جزئیات بیان فرمائے ہیں، حضرت عائشہؓ سے روایت ہو کہ جب یہ آیت اتری مَنْ يَّعْمَلْ سُوْٓءًا يُّجْزَ بِهٖ (نساء ۱۸) (جو کوئی برائی کرے گا اُس کا بدلہ اُسکو دیا جائیگا) تو میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے اس کا مطلب پوچھا، فرمایا کہ یہ اللہ تعالیٰ کا اپنے بندہ سے عتاب ہے، اس کا بدلہ دنیا میں بندہ کی ہر تکلیف سے پورا ہو جاتا ہے جیسے اس کو بخار آجائے یا وہ کسی اور مصیبت دوچار ہو جائے یہانتک کہ جیب میں کوئی چیز رکھ کر بھول جائے اور اس سے جو تکلیف اس کو پہونچے وہ تکلیف بھی کفارہ بن جاتی ہے یہانتک کہ بندہ گناہوں سے اس طرح صاف ستھرا ہو کر نکلتا ہے جیسے بھٹی سے سونا" دوسری حدیثوں

---

[۱] یہ اور اسکی ہم معنی حدیثیں اکثر کتب حدیث میں ہیں مثلاً ترمذی تفسیر اواخر النساء، سنن ابی داؤد اوائل کتاب الجنائز ،

میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ "مسلمان کو کوئی مصیبت پیش نہیں آتی ہے لیکن یہ کہ اللہ تعالیٰ اُس کو اس کے گناہوں کا کفارہ بنا دیتا ہے، یہاں تک کہ اگر اس کے کوئی کانٹا چبھ جائے تو وہ بھی کفارہ بن جاتا ہے" تیسری روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ مسلمان کو کوئی تکلیف یا بیماری، یا غم، یا اذیت نہیں پہونچتی لیکن یہ کہ وہ اُس کے گناہوں کا کفارہ ہو جاتی ہے، یہاں تک کہ اگر اُس کے کوئی کانٹا چبھ جائے، تو وہ بھی" چوتھی روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ کسی مسلمان کو کوئی تکلیف کانٹا چبھنے سے لے کر اوپر تک جتنی بھی پہونچے، اللہ تعالیٰ اس سے اُس کے گناہوں کو اس طرح جھاڑ دیتا ہے، جیسے درخت کے پتے جھڑ جاتے ہیں[1]" پانچویں روایت میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ "دنیا میں جو مسلمان کسی جرم کا مرتکب ہوا، اور اُس کی سزا اُس کو یہیں مل گئی، تو وہ اُس کے لئے کفارہ اور اس کو اس گناہ سے پاک وصاف بنانے والی ہے[2]"

سطور بالا سے ہویدا ہے کہ کوئی انسان جو اقرار توحید کے بعد گناہ سے ملوث ہو گیا ہو دنیا میں توبہ، اعمال نیک اور مصائب پر صبر وشکر کے ذریعہ سے نجات پا سکتا ہے، اور اس دنیا سے اسی طرح پاک وصاف ہو کر نکل سکتا ہے کہ موت کے بعد اس کو کسی نئے کفارۂ گناہ کی ضرورت پیش نہ آئے،

اسی لئے قرآن پاک میں ہے،

| | |
|---|---|
| وَلَنُذِيقَنَّهُم مِّنَ الْعَذَابِ الْأَدْنَىٰ دُونَ الْعَذَابِ الْأَكْبَرِ لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُونَ (سجدہ ۲) | اور ہم البتہ اُن کو بڑے عذاب کے پہلے ادنیٰ عذاب کا کچھ مزہ چکھائیں گے تاکہ وہ اب بھی باز آئیں |

---

[1] صحیح بخاری اوائل کتاب المرضیٰ میں یہ تینوں روایتیں ہیں [2] صحیح بخاری کتاب الرد علی الجہمیہ،

اس آیت پاک سے معلوم ہوا کہ عذاب الٰہی کا مقصد انتقام اور نفس سزا اور عقوبت نہیں بلکہ شر نفس کو راہ راست پر لانا ہے، اسی لئے ایک اور آیت میں فرمایا،

| | |
|---|---|
| مَا یَفْعَلُ اللّٰہُ بِعَذَابِکُمْ اِنْ شَکَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ط وَکَانَ اللّٰہُ شَاکِرًا عَلِیْمًا (نساء - ۲۱) | اللہ تعالیٰ تم کو عذاب دیکر کیا کریگا، اگر تم شکر کرو اور ایمان لاؤ کہ خدا (نیکیوں کا) قبول کرنیوالا (تمھارے ہر عمل کو) جاننے والا ہے |

الغرض یہ عذاب اس دنیا میں آیندہ گناہوں سے بچانے اور گذشتہ گناہوں سے پاک کرنے کے لئے ہوتا ہے، اور عالم برزخ اور عالم بعث چونکہ نئے عمل کے محل نہیں اسلئے ان دونوں مقاموں میں آیندہ کا کوئی سوال نہیں پیدا ہو سکتا، صرف گذشتہ بداعمالیوں کی سزا بھگت کر ان کے نتائج سے نجات مل سکتی ہے، اور یہی عالم برزخ اور عالم بعث کے عذابوں کا مقصد ہے الا یہ کہ پروردگار عالم خود اپنی رحمت سے نوازے اور معاف فرمائے،

عذاب برزخ بھی کفارہ ہے | لیکن اگر کسی انسان کے اندر گناہوں کی ناپاکیاں اتنی زیادہ ہیں کہ اس کی دنیاوی زندگی کے تمام کفارے بھی اسکو دھوکر پاک وصاف نہ بنا سکے تو اس کو اپنے مرنے کے بعد بھی برزخ کے عالم میں اپنے اعمال بد کی مناسب سزاؤں کی صورتوں میں تکلیفیں اٹھا کر پاک وصاف بننا پڑے گا، یہی عالم برزخ کا عذاب ہے، اس سے ظاہر ہوگا کہ عالم برزخ کی یہ سزائیں اس لیئے ہیں کہ ہم نے دنیا میں اپنی ناپاک خواہشوں اور ناپاک کاموں سے احتراز کرنے کی جو زحمت نہیں اٹھائی اور اچھے کاموں کے کرنے میں جو تھوڑی سی تکلیف پیش آتی ہے اسکو برداشت کرکے اچھے کام جو نہیں کئے ان دونوں کے معاوضہ میں عالم برزخ میں آکر عذاب

کی تکلیفیں اٹھائیں تاکہ حیاتِ ثانی کے دروازہ پر پہونچ کر بھی اگر ہم ان سزاؤں کے ذریعہ پاک وصاف ہو سکیں تو پاک وصاف ہو کر اپنی موروثی بہشت کے قابل بن سکیں جو صرف پاکوں اور بے گناہوں کی جگہ ہے یعنی اُن کی ہے، جو یا سرے سے کسی گناہ کے مرتکب نہ ہوئے ہوں یا وہ گناہ کے مرتکب ہوئے، مگر اعمالِ نیک، توبہ، اور مصائب میں صبر و شکر کرکے یا برزخ میں سزا پاکر وہ گناہوں کے داغ سے نجات پاگئے،

یہ بات کہ عذابِ دوزخ بھی ہمارے گناہوں کا کفارہ ہے، اسلام کے اس اصول سے مترشح ہے کہ ایک مسلمان کی ہر تکلیف اس کے کسی نہ کسی گناہ کا کفارہ ہے، اس بنا پر عذابِ برزخ بھی اُس کے گناہ کا کفارہ ہوگا، قرآنِ پاک کی بعض آیتوں سے یہ بات بھی کنایۃً نکلتی ہے، گنہگار حشر کے دن کہیں گے،

وَبَلَغْنَا اَجَلَنَا الَّذِیْ اَجَّلْتَ لَنَا، (انعام - ۱۵)

اور ہم مقرر وقت جس کو تو نے ہمارے لئے مقرر کیا تھا، پہونچ چکے،

اس سے ظاہر یہ ہوتا ہے کہ وہ حشر سے پہلے عذاب کے ایک دورے کو ختم کر چکے، بعض حدیثوں میں بھی اس کنایہ کی تصریح ملتی ہے کنز العمال میں ایک حدیث ہے،

عَنْ ابْنِ عُمَرؓ، طُوْلُ مَقَامِ اُمَّتِیْ فِیْ قُبُوْرِهِمْ تَمْحِیْصٌ لِذُنُوْبِهِمْ (کنز العمال باب عذاب القبر جلد ۸ ص ۹۶)

ابنِ عمرؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ میری امت کے لوگوں کا اپنی قبروں میں طول قیام اُن کو گناہوں سے خالص کرتا ہے،

اسی لئے ایک اور حدیث میں آیا ہے،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اَکْثَرُ عَذَابِ اُمَّتِی فِی قُبُوْرِھِمْ، | میری امت کے لوگوں کو زیادہ تر عذاب انکی قبروں میں ہوگا۔[1] |

اس حدیث کا (اگر وہ ثابت ہو تو) منشا یہ ہے کہ امتِ محمدیہ کے اکثر افراد اسی برزخ کے محدود زمانہ عذاب میں گھر کر اور پاک و صاف ہو کر جنت کے قابل ہو جائیں گے اور عذابِ دوزخ کی ضرورت اُن کو پیش نہ آئے گی، حافظ ابن قیم ایک موقع پر لکھتے ہیں:

| | |
|---|---|
| فَاِنْ وفت بالخلاص منھا فی ھذہٖ | اگر ان بیماریوں کا علاج اس دنیا میں نجات |
| الدار والا ففی البرزخ، فَاِنْ وَفی | کے لئے پورا ہوگیا تو خیر، ورنہ برزخ کی سزا سے علاج |
| بالخلاص والا ففی موقف القیامۃ | کیا جائیگا تو اگر یہ نجات کیلئے کافی ہوگیا، تو خیر ورنہ پھر |
| وھو ایھاما یخلصھم من تلک البقیۃ[2] | قیامت کا مقام اور اسکی ہولناکیاں باقی بیماریوں |

رؤیائے برزخ کی حدیث میں جو پہلے مفصل گذر چکی ہے وہ منظر دکھایا گیا ہے، جس میں گنہگار عذاب کے دور سے نکل کر، اور نہرِ حیات میں نئی زندگی پاکر بہشت کے مستحق قرار پائے ہیں[3]، غالباً انہی نجات پانے والے مومنوں کو دیکھ کر مشرکین بھی قیامت میں یہ کہیں گے،

| | |
|---|---|
| وَیَوْمَ یَحْشُرُھُمْ جَمِیْعًا یٰمَعْشَرَ الْجِنِّ | اور جس دن وہ اُن سب کو اکٹھا کریگا اے گروہ |
| قَدِ اسْتَکْثَرْتُمْ مِّنَ الْاِنْسِ ج وَقَالَ | جن! تم نے بہت سے انسانوں کو اپنا بنالیا، اور |
| اَوْلِیٰٓؤُھُمْ مِّنَ الْاِنْسِ رَبَّنَا اسْتَمْتَعَ | اُن کے دوست انسان کہیں گے کہ ہمارے پروردگارا! |
| بَعْضُنَا بِبَعْضٍ وَّبَلَغْنَآ اَجَلَنَا الَّذِیْٓ | ہم میں سے ایک نے دوسرے سے کام نکالا، |

[1] اس حدیث کو شاہ ولی اللہ صاحب محدث دہلوی نے حجۃ اللہ البالغہ، بابِ لوقائع الحشر میں نقل کیا ہے لیکن مجھے اس کا ماخذ معلوم نہ ہو سکا [2] شفاء العلیل لابن القیم مطبوعہ حسینیہ مصر ص ۲۵۴، [3] صحیح بخاری کتاب التعبیر

| | |
|---|---|
| اَجَلْتَ لَنَا ط | اور ہم مقررہ وقت کو جس کو تو نے ہمارے |
| (انعام ۔ ۱۵) | لئے ٹھہرایا تھا ۔ پہنچ چکے ۔ |

یہ الفاظ کہ "ہم اپنے مقررہ وقت کو جس کو تو نے ہمارے لئے مقرر کیا تھا پہنچ چکے" یہ معنی رکھتے ہیں کہ "عالم برزخ" کا مقررہ دورہ عذاب ہم ختم کر چکے، اور اب حشر و نشر کے عذاب کا دوسرا دور شروع ہوتا ہے، اس لئے بعض دوسرے نیک بختوں کی طرح ہم کو بھی اب چھٹکارا ملے، جواب ملیگا

| | |
|---|---|
| قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ | فرمائیگا، آتش دوزخ تمہارا ٹھکانا ہوا، |
| اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ | اس میں سدا رہوگے لیکن یہ کہ جو اللہ چاہے |
| عَلِيْمٌ ۝ (انعام ۔ ۱۵) | بیشک تیرا رب حکمت اور علم والا ہے |

اس جواب کا مطلب یہ ہے کہ ابھی تمہارا دورۂ عذاب ختم نہیں ہوا ہے اور تمہاری پاکیزگی ابھی کامل نہیں ہوئی، اس لئے ابھی اس دوسرے عالم کا عذاب بھی تم کو سہنا ہے، پھر جب خدا چاہے گا، تم کو اس سے نجات دیگا، اس کا ہر کام علم و حکمت پر مبنی ہے، اس کے علم و حکمت اور مصلحت کا جب تقاضا ہوگا تم کو نجات ملے گی،

عذاب دوزخ کفارہ گناہ ہے | ابھی یہ آیت اوپر گذر چکی ہے،

| | |
|---|---|
| مَا يَفْعَلُ اللّٰهُ بِعَذَابِكُمْ اِنْ | خدا کو تمہارے عذاب سے کیا کام، اگر تم |
| شَكَرْتُمْ وَاٰمَنْتُمْ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ | شکر کرو، اور ایمان لاؤ کہ خدا تمہاری شکر گذاری |
| شَاكِرًا عَلِيْمًا ۔ (نساء ۔ ۲۱) | کو قبول کرنیوالا اور (تمہارے دلوں کے حال کو) |

---

[1] حسب تفسیر ابن عباسؓ، ابن جریر طبری ج ۸ ص ۲۴ مصر،

Marfat.com

اس سے ابھی معلوم ہوا کہ اللہ تعالیٰ کو گنہگاروں کے عذاب سے کوئی خوشی نہیں حاصل ہوتی
نہ وہ چاہتا ہے کہ اس کے گنہگار بندے اس عذاب میں مبتلا ہوں، لیکن ازل سے اس نے اپنے جو قانون
مقرر کردیئے ہیں، وہ اُن کو توڑتا بھی نہیں، جس وقت آدم کو جنت کی سرزمین سے نکال کر اس
دنیا میں اس لئے بھیجا گیا کہ وہ اپنے عمل کے استحقاق سے اس جنت کو دوبارہ ہمیشہ کے لئے حاصل
کریں اسی وقت یہ قانون بھی اُن کو سُنا دیا گیا تھا،

| | |
|---|---|
| اهْبِطُوا مِنْهَا جَمِيعًا ج فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ | یہاں سے تم سب اُترو، تو اگر تمھارے پاس |
| مِّنِّي هُدًى فَمَنْ تَبِعَ هُدَايَ فَلَا | میری طرف سے کوئی ہدایت اترے تو جس نے |
| خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُونَ | میری ہدایت کی پیروی کی، تو اُن پر نہ کوئی خوف |
| وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَآ | ہے، اور نہ وہ غمگین ہوں گے، اور جنھوں نے |
| اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ج هُمْ فِيْهَا | ناشکری کی، اور ہماری نشانیوں کو جھٹلایا |
| خٰلِدُوْنَ ؕ (بقرہ - ۴) | تو وہی دوزخ والے ہوں گے، وہ اُس میں |

اس آیت میں مستحقِ دوزخ ہونے کی دو وجہیں بیان کی گئی ہیں، ایک کفران، اور
دوسری تکذیب، دیکھو کہ اوپر کی نساء والی آیت میں عذابِ دوزخ سے نجات پانے کی دو
شرطیں شکر اور ایمان، اُن کے بالکل بالمقابل ہیں، اس سے ظاہر ہوا کہ شکر اور ایمان استحقاقِ جنت
کی شرطیں اور کفران اور تکذیب استحقاقِ دوزخ کے اسباب ہیں بقیہ تمام نیکیاں شکر اور ایمان کے فروع
اور تمام بُرائیاں کفر اور تکذیب کی شاخیں ہیں،

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو اس لئے نہیں بنایا کہ وہ انکو پیدا کرکے دوزخ کا ایندھن بنائے

Marfat.com

بلکہ اُس نے تو اُن کو اپنی رحمت کے ظہور کے لئے پیدا کیا، غیظ و غضب کے اظہار کے لئے نہیں فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّا عَرَضْنَا الْاَمَانَةَ عَلَى السَّمٰوٰتِ | ہم نے یہ امانت آسمانوں پر، زمین پر اور پہاڑوں |
| وَالْاَرْضِ وَالْجِبَالِ فَاَبَيْنَ اَنْ | پر پیش کی، تو ان سب نے اُس کے اُٹھانے |
| يَّحْمِلْنَهَا وَاَشْفَقْنَ مِنْهَا وَحَمَلَهَا | سے انکار کیا، اور ڈرے، اور انسان نے |
| الْاِنْسَانُ ط اِنَّهٗ كَانَ ظَلُوْمًا | اُس کو اُٹھا لیا، کہ وہ ظالم اور نادان تھا تاکہ |
| جَهُوْلًا ۙ لِّيُعَذِّبَ اللّٰهُ الْمُنٰفِقِيْنَ | اللہ نفاق کرنے والوں اور نفاق کرنے والیوں |
| وَالْمُنٰفِقٰتِ وَالْمُشْرِكِيْنَ وَالْمُشْرِكٰتِ | اور شرک کرنے والوں اور شرک کرنیوالیوں |
| وَيَتُوْبَ اللّٰهُ عَلَى الْمُؤْمِنِيْنَ وَ | کو سزا دے، اور ایمان والوں اور ایمان |
| الْمُؤْمِنٰتِ ط وَكَانَ اللّٰهُ غَفُوْرًا | والیوں پر وہ اپنی رحمت کے ساتھ رجوع ہو، |
| رَّحِيْمًا ، (احزاب - ۹) | اور اللہ تو بخشنے والا اور رحمت والا ہے، |

اس آیت پاک سے صاف ہویدا ہے کہ اللہ تعالیٰ کی اصلی صفت یہی ہے کہ وہ غفور رحیم ہے یعنی بخشش و رحمت اس کی صفت ذاتی ہے، اب اگر کوئی اپنے آپ پر ظلم کر کے گناہ کرتا ہے، اور اس لئے وہ اپنے کو رحمت الٰہی سے دور کر لیتا ہے، تو یہ خود انسان کا فعل ہے،

| | |
|---|---|
| فَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيَظْلِمَهُمْ وَلٰكِنْ كَانُوْا | اللہ نہ تھا کہ اُن پر ظلم کرتا، لیکن وہ اپنی جانوں |
| اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ، (توبہ - ۹) | پر آپ ظلم کرتے ہیں، |
| وَمَا اللّٰهُ يُرِيْدُ ظُلْمًا لِّلْعِبَادِ (مومن) | اور اللہ اپنے بندوں پر ظلم کرنا نہیں چاہتا، |

غرض جو کچھ ہے وہ اپنے اعمال کا نتیجہ ہے،

لِتُجْزٰى كُلُّ نَفْسٍۭ بِمَا تَسْعٰى (طٰہٰ۔۱) کہ ہر جان کو اپنے ہی کئے کا بدلہ دیا جائیگا،

اس لیئے بہشت یا دوزخ جو کچھ ہے انسان کے اپنے ہی عمل کا لازمی نتیجہ ہے جس طرح دنیا کے ہر عمل کا کوئی نہ کوئی لازمی نتیجہ ہے مثلاً کھانے کا نتیجہ شکم سیری پینے کا سیرابی بھوک کا تکلیف، بیماری کا بے آرامی، گرنے کا چوٹ، زہر کا موت شہد کا مٹھاس، غرض ہر اچھے یا برے فعل کا ایک لازمی جسمانی نتیجہ ہے، جو دنیا میں ہمارے عمل کے بعد ہم کو ملتا رہتا ہے اسی طرح ہم کو اپنے اعمال کا ایک روحانی نتیجہ بھی لازمی ملنے والا ہے جو ہم کو اُس دوسرے عالم میں ملیگا جس طرح زہر کھاکر مرنے کی ذمہ داری خود ہم پر عائد ہوتی ہے اور ہم یہ نہیں کہتے کہ ہم زہر کھاکر مرکیوں گئے یا گرنے سے ہم کو چوٹ کیوں آئی، اسی طرح ہم یہ سوال بھی نہیں کرسکتے کہ ہم کو اُن کے اعمال کے بعد دوزخ کی سزا کیوں ملی کہ دونوں ہمارے اعمال کے یکساں لازمی نتیجے ہیں،

اللہ تعالیٰ نے اپنی غایت رحمت سے ہم کو اعمال کے نتیجوں سے قبل از وقت مطلع فرمادیا، ہم کو اُس کے نیک و بد کی تمیز کا احساس بخشا عقل عنایت کی ضمیر عطا کیا، پھر نبی اور رسول بھیجے شریعت دی، کتاب مرحمت فرمائی، اس پر بھی اگر ہم باز نہ آئے، اور ان اعمال کا ارتکاب کیا تو اب ہم کو اُن اعمال کے نتائج سے کون بچا سکتا ہے،

رُسُلًا مُّبَشِّرِيْنَ وَمُنْذِرِيْنَ لِئَلَّا يَكُوْنَ لِلنَّاسِ عَلَى اللّٰهِ حُجَّةٌۢ بَعْدَ الرُّسُلِ (نساء۔۳۳)

یہ رسول بھیجے، نیکوں کو خوشخبری سنانیوالے اور بدکاروں کو ہشیار کرنے والے تاکہ خدا پر انسان کی حجت باقی نہ رہے،

پھر اپنی رحمت سے سب سے آخر میں اپنی رحمت کے کامل مظہر کو دنیا میں بھیجا،

Marfat.com

وَمَآ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا رَحۡمَةً لِّلۡعٰلَمِيۡنَ ہم نے تجھ کو (اے پیغمبر) ساری دنیا کیلئے

(انبیاء - ۷) رحمت بنا کر بھیجا،

لیکن ظالم و ناداں انسانوں نے اس رحمت کے قبول سے انکار کیا، اور طرح طرح کی بدعقیدگیوں اور بداعمالیوں سے اپنے کو برباد کیا، اور جس غرض سے خدا نے اُن کو پیدا کیا تھا اس سے اعراض کیا، اور اپنے کو خود اپنے ہاتھوں سے ہلاکت و بربادی میں مبتلا کیا،

وَمَا كَانَ رَبُّكَ لِيُهۡلِكَ الۡقُرٰى بِظُلۡمٍ وَّاَهۡلُهَا مُصۡلِحُوۡنَ وَلَوۡ شَآءَ رَبُّكَ لَجَعَلَ النَّاسَ اُمَّةً وَّاحِدَةً وَّلَا يَزَالُوۡنَ مُخۡتَلِفِيۡنَ اِلَّا مَنۡ رَّحِمَ رَبُّكَ ؕ وَلِذٰلِكَ خَلَقَهُمۡ ؕ

(ھود - ۱۰)

اور نہ تھا تیرا رب جو آبادیوں کو ظلم سے ہلاک و برباد کرتا، درآنحالیکہ اُن کے رہنے والے نکوکار ہوتے، اور اگر تیرا رب چاہتا تو سب لوگوں کو (زبردستی) ایک راہ پر کر دیتا (لیکن وہ ایسی زبردستی نہیں کرتا) اور وہ یونہی ہمیشہ اختلافات میں رہتے ہیں، مگر جن پر تیرے رب نے رحم کیا، اور اسی لیے اُن کو پیدا کیا ہے

اس آیت سے واضح ہو کہ اللہ تعالیٰ نے انسان کو رحمت کے لیئے بنایا ہے عذاب کیلئے نہیں لیکن انسان خود اپنے عمل سے خدا کی رحمت کے بجائے اُس کے عذاب کا سزاوار اپنے کو ٹھہرا لیتا ہے، اس آیت کی تفسیر میں حضرت ابن عباسؓ فرماتے ہیں:

لِلرَّحۡمَةِ خَلَقَهُمۡ وَلَمۡ يَخۡلُقۡهُمۡ لِلۡعَذَابِ، (طبری جلد ۱۲ ص مصر) خدا نے انسانوں کو رحمت کے لئے پیدا کیا عذاب کے لئے نہیں،

لیکن اگر ظالم و ناداں انسان نے خدا کی ان پے در پے رحمتوں کے باوجود اپنے کو اُس کی

Marfat.com

رحمت کا مستحق نہ بنایا تو کیا وہ خدائے رحمان ورحیم جس کا یہ اعلان ہے؛

كَتَبَ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ ط (انعام-۲) — اُس (خدا) نے (مخلوقات) پر رحمت کو اپنے اوپر واجب کرلیا ہے،

سَلٰمٌ عَلَيْكُمْ كَتَبَ رَبُّكُمْ عَلٰى نَفْسِهِ الرَّحْمَةَ لا (انعام-۶) — تم پر سلامتی ہو، تمھارے رب نے رحمت کو اپنے اوپر فرض ٹھہرالیا ہے،

وَرَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ (اعراف) — اور میری رحمت نے ہر چیز کو سمالیا ہے،

وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ (کہف) — اور تیرا پروردگار بخشنے والا رحمت والا ہے،

وَرَحْمَتِيْ سَبَقَتْ غَضَبِيْ، (صحیح بخاری) — اور میری رحمت میرے غضب پر سبقت لیگئی،

وہ اپنے گنہگار وسیہ کار بندوں سے ہمیشہ کے لئے اپنا منھ موڑلے گا، حالانکہ اُس کی رحمت کسی غرض سے نہیں، بلکہ بے غرض ہے، فرمایا،

وَرَبُّكَ الْغَنِيُّ ذُو الرَّحْمَةِ (انعام-۱۶) — اور تیرا رب بے نیاز رحمت والا ہے،

اور تسلی دی ہے،

يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ط اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ، (زمر-۶) — اے میرے وہ بندو! جنھوں نے اپنے اوپر آپ ظلم کیا ہے، خدا کی رحمت سے ناامید نہ ہو، خدا سب گناہوں کو معاف کرتا ہے، بیشک وہی بخشنے والا رحمت والا ہے،

اُس کی رحمت کا ظہور جس طرح اس دنیا میں ہوا ہے، اُس دنیا میں بھی ہوگا، اور وہاں

Marfat.com

اُس کی رحمت کا سب سے بڑا مظہر اُس کے مقامِ لعنت (دوزخ) سے دوری، اور اُس کے مقامِ رحمت (بہشت) سے قرب ہے، فرمایا:

| | |
|---|---|
| مَنْ یُّصْرَفْ عَنْهُ یَوْمَئِذٍ فَقَدْ | جس سے خدا کا عذاب ہٹا یا گیا وہی ہے |
| رَحِمَهٗ ؕ وَ ذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِیْنُ ، | جس پر اُس نے رحمت کی، اور اُس کی رحمت |
| (انعام - ۲) | کا یہ حصول ہی کھلی کامیابی ہے ، |

اللہ تعالیٰ کی اِن پے بہ پے رحمتوں کا یہ تقاضا ہے کہ وہ گنہگاروں کو زیادہ سے زیادہ یہ کہ اُن کے نتائجِ عمل کے بھگت لینے کے بعد آخرکار اپنی رحمت کے سایہ میں لے لے، اور وہ اُن کو اپنی بخششوں سے سرفراز فرمائے ،

**دوزخ قید خانہ نہیں شفا خانہ ہے**

انسان جب عدمِ حفظِ صحت کی غلط کاریوں کے سبب سے بیمار ہو جاتا ہے تو اکثر یہی سمجھا جاتا ہے کہ فطرت نے اس کو اُن کے معاوضہ میں بیماری کی تکالیف کی سزائیں دی ہیں، مگر واقعہ یہ نہیں ہے، واقعہ یہ ہے کہ ان غلط کاریوں کے جو بُرے نتائج انسان کے جسم کے اندر پیدا ہو گئے ہیں، اُن کو دور کرنے کے لئے جسم جدوجہد کرتا ہے، اس لڑائی کا نام بیماری اور اس لڑائی کی کشمکش کا نام بیماری کی تکالیف و آلام ہے جن کو ہم درد سر، درد شکم، عضاشکنی، اور بیخوابی وغیرہ الفاظ سے تعبیر کرتے ہیں، یہی روحانی بیماریوں کا حال ہے جنکو ہم اصطلاحِ شرعی میں گناہ، اور جن کے نتائجِ بد کو عذاب کہتے ہیں، یہ نتائج آتشِ دوزخ اور اس کے شدائد و آلام کی صورت میں ظاہر ہوں گے، اور جن کا منشا یہ ہوگا کہ روحِ انسانی اپنی غلط کاریوں کے نتائجِ بد کو دور کرنے کے لئے جدوجہد میں مصروف ہوگی، اور جونہی وہ ان سے عہدہ برآ ہو گی، بندگی

رحمت سے سرفرازی پاکے اس عذاب سے نکل کر اپنی موروثی بہشت میں داخل ہوگی،

اس تمہید سے یہ ظاہر ہے کہ دوزخ کی مثال یہ نہین ہو کہ وہ مجرمون کے لئے قید خانہ ہی بلکہ یہ ہو کہ وہ بیمارون کے لئے شفاخانہ ہے، بیمار کو شفاخانہ کے اندر بھی ہر قسم کی تکلیفیں محسوس ہوتی ہین، درد، اعضا شکنی، شدت تشنگی، سوزش جسم، وہان اُس کو کڑوی سے کڑوی غذا پلائی جاتی ہے، بدمزہ سے بدمزہ کھانا کھلایا جاتا ہے، ضرورت ہوتی ہے، تو اُس کو نشتر دیا جاتا ہے اس کا کوئی عضو کاٹا جاتا ہے، کوئی داغا جاتا ہے، اوران سب کی تکلیفین اُس کو اٹھانی پڑتی ہین مگر یہ ساری ایذارسانی کبھی انتقام اور تکلیف دہی کی غرض سے نہیں ہوتی، بلکہ عدم صحت کی غلط کاریون کے بُرے نتائج سے اس کے جسم کو محفوظ رکھنے کی غرض سے کیجاتی ہے، اُس کو جو تکلیفین وہان محسوس ہوتی ہیں، وہ گو شفاخانہ کے اندر ہی محسوس ہوتی ہیں مگر ان سب کا سبب شفاخانہ نہیں ہے بلکہ خود اس بیمار کا اصول صحت سے دانستہ یا نادانستہ انحراف کرنا اور اسکی وجہ سے ان بیماریوں میں مبتلا ہونا یہ اصول اُن آیتون اور صحیح حدیثون سے پوری طرح سمجھ مین آتا ہے جن میں بالآخر عذاب دوزخ سے نجات پانے کی کیفیت بیان کی گئی ہے، دنیاوی آلام و تکالیف کی نسبت قرآن نے یہ اصول پیش کیا ہے،

وَلِيُمَحِّصَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَيَمْحَقَ الْكٰفِرِيْنَ ، (آل عمران - ۱۴) | اور تاکہ خدا ایمان والوں کو پاک و خالص کرے اور کافروں کو مٹائے،

یہی اصول عذاب اُخروی پر صادق آتا ہے کہ اس سے بھی مقصود گنہگار اہل ایمان کی پاکی و صفائی ہے، چنانچہ حدیث صحیح مین ہو کہ حقوق عباد کے بعد

حَتّٰی اِذَا هُذِّبُوْا وَنُقُّوْا اُذِنَ لَهُمْ فِیْ دُخُوْلِ الْجَنَّةِ (صحیح بخاری باب القصاص یوم القیامة صفحہ ۹۶)

یہاں تک کہ جب گنہگار چھٹ جائیں گے، اور پاک و صاف ہو جائیں گے، تب اُن کو جنت میں داخل ہونے کی اجازت ملے گی،

اس حدیث میں یہ دو لفظ هُذِّبُوْا نُقُّوْا ذرا تشریح طلب ہیں، هذبوا کا مصدر تہذیب ہے، تہذیب کے لغوی معنی یہ ہیں کہ درختوں کی خراب شاخیں اس لئے چھانٹ دیجائیں، تاکہ اُن میں سرسبزی و شادابی پیدا ہو، اور ترقی کی نئی زندگی اُن کو مل جائے، اور نقّوا کا مصدر تنقیہ ہے تنقیہ کے اصلی معنی یہ ہیں کہ کسی چیز کے اندر سے خراب و فاسد مادہ کو الگ کر دیا جائے تاکہ وہ پوری طرح نکھر جائے، اس تشریح سے صاف کھل گیا کہ گنہگاروں کو جنت کے داخلہ کے لئے کیا درکار ہے، اسی لئے قرآن پاک میں ہے کہ اہلِ جنت جب جنت کے قریب پہنچیں گے تو ندا آئیگی

طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ، (زمر - ۸)

تم پاک و صاف ہو چکے تو جنت میں سدا کے لئے آ جاؤ،

الغرض جب اُس طیب و پاکیزگی کا دور آئے گا تو گنہگاروں کو بھی نجات ملیگی، اسی لئے ہر گنہگار کے لئے دوزخ سے نکلنے کی مدت خواہ کتنی ہی طویل ہو، مگر بہرحال اسکی انتہا ہے فرمایا،

لّٰبِثِیْنَ فِیْهَآ اَحْقَابًا (نبا)

دوزخ میں وہ صدہا سال تک پڑے رہیں گے،

لیکن بالآخران صدہا سال کا بھی ایک دن خاتمہ ہوگا، اور خدانے چاہا تو اُن کو نجات ملیگی، حدیث رویاے برزخ میں ہے کہ "آپ نے دوزخ میں کچھ ایسے لوگوں کو بھی دیکھا، جنہوں نے کچھ اچھے اور کچھ بُرے کام کئے تھے، اُن کا آدھا دھڑ تو نہایت خوبصورت اور آدھا سخت بدصورت

تھا، جب اُن کی سزا کی مدت ختم ہوئی تو فرشتوں نے اُن سے کہا کہ جاؤ اور اس نہر میں جا کر پڑ جاؤ، سامنے وہ نہر تھی جس میں خالص سپید پانی بہ رہا تھا، وہ اس میں جا کر پڑ گئے، پھر نکل کر آئے، تو اُن کی وہ بدصورتی جاتی رہی، اور نہایت خوبصورت ہوگئے[1]"۔ اس سے ظاہر ہے کہ خدا کی رحمت کیونکر گنہگاروں کو سرفراز فرمائے گی،

**گویا دوزخ بھی ایک نعمت ہے**

اس تفصیل کے بعد اگر یہ کہا جائے کہ قیامت اور دوزخ کی ہولناکیاں اور سزائیں بھی گنہگاروں کے لئے اللہ تعالیٰ کی اسی طرح نعمت ہیں جس طرح اس دنیا میں شفاخانوں کا وجود بیماروں کے لئے نعمت ہے۔ اگر دوزخ نہ ہوتی تو گنہگاروں کی پاکیزگی اور پاکوں کی جنّت میں اُن کے داخل ہونے کی کوئی صورت نہ تھی، اس رحمان ورحیم کی رحمت وکرم نے گوارا نہ کیا کہ ان بدبختوں کو اُن کی نافرمانیوں کے باوجود ہمیشہ کے لئے محروم رکھا جائے، اس لئے اُن کی صفائی کے لئے پہلے برزخ کا حمّام مقرر کیا، اور جو اس سے بھی پاک نہ ہوسکیں، اُن کے لئے دوزخ کی آگ مقرر کی کہ وہ اپنی ہر قسم کی بداعمالیوں کے میل کچیل کو جلا کر نکھر کر پاک ہوجائیں، اور کندن بن کر بالآخر اپنی آبائی اور فطری وراثت (جنّت) پائیں، اس نظریہ کو پیش نظر رکھ کر قرآن پاک کی ان آیتوں کو پڑھئے جن میں قیامت اور دوزخ کی ہولناکیوں اور مصیبتوں کو بھی نعمت سے تعبیر کیا گیا ہے، فرمایا،

| | |
|---|---|
| يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّ | تم پر آگ کے صاف اور دھواں ملے شعلے |
| نُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ج فَبِاَيِّ | چھوٹیں گے، پھر کوئی تمہاری مدد نہ کرسکے گا تو |

[1] صحیح بخاری کتاب التعبیر،

آلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ، فَاِذَا انْشَقَّتِ
السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ
فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ
اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ج فَبِاَيِّ اٰلَآءِ
رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ، يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ
بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ وَ
الْاَقْدَامِ ج فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ، هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ
يُكَذِّبُ بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ، يَطُوْفُوْنَ
بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ج فَبِاَيِّ
اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ،
(رحمٰن ۔ ۲)

اپنے پروردگار کی کن نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے،
پھر جب آسمان پھٹ کر تلچھٹ کی طرح گلابی
ہو جائے گا تو اپنے پروردگار کی کن نعمتوں کو
تم جھٹلاؤ گے، پھر اس دن کسی انس و جن سے
اُس کے گناہ کی نسبت پوچھا نہ جائیگا، تو تم
اپنے پروردگار کی کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،
گنہگار اپنی نشانیوں سے پہچان لیے جائینگے
پھر وہ اپنی پیشانیوں کے بال اور پاؤں سے
پکڑے جائیں گے، تو اپنے پروردگار کی کن
نعمتوں کو تم جھٹلاؤ گے، یہ وہ دوزخ ہے جس کو
گنہگار جھٹلاتے تھے، وہ اس دوزخ اور گرم
پانی کے بیچ میں گشت کریں گے، تو تم اپنے
پروردگار کی کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے،

ان آیتوں کی تفسیر کسی پہلو سے بھی کیجئے، یہ بات بہر حال ماننی پڑے گی کہ قیامت اور دوزخ کے ہولناک احوال، مجرموں کے حق میں نعمت ہیں، اس لئے بھی کہ دنیا میں وہ اُن کے ڈر سے برائیوں کو چھوڑ کر راہ راست پر آتے ہیں، اور اس لئے بھی کہ آخرت میں وہ ان ہی کے ذریعہ سے اپنے گناہوں کے نتائج بد سے بری ہو کر بہشت ربانی کے لائق بن سکیں گے،

Marfat.com

دوزخ میں رحمتِ الٰہی کا ظہور اور نجات

انسان اور وہ بھی اللہ کی توحید کا قائل اور رسولوں کی صداقت کا معترف خواہ کسی قدر گمراہ اور گنہگار رہا ہو تاہم اس کے نامۂ اعمال میں کچھ نہ کچھ نیکیاں ضرور ہوں گی، قیامت گو اللہ تعالیٰ کے عتاب و جلال کا روز ہوگا جس میں ہر گنہگار کو اپنی گنہگاری کا ملزم ہونا پڑے گا، مگر بالآخر اس رحمان و رحیم کی شانِ رحیمی کا ظہور ہوگا، اور رَحْمَتِی سَبَقَتْ غَضَبِی (اور میرے غصہ سے میری رحمت سبقت لے گئی ہے) کے اعلان کا مصداق شفاعت کی صورت میں جلوہ گر ہوگا، اور گنہگاروں کو اس کی بدولت گناہوں کے داغ سے پاک صاف ہو کر پاکوں کی بہشت میں داخلہ کی اجازت ملے گی، فرمایا:

وَمَنْ يُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَيَعْمَلْ صَالِحًا يُّكَفِّرْ عَنْهُ سَيِّاٰتِهٖ وَيُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ (تغابن - ۱)

اور جو اللہ پر ایمان لائے اور اچھے کام کرے، اس سے اُس کی بُرائیاں جھاڑ دے گا، اور اُس کو جنت میں داخل کرے گا،

وَاٰخَرُوْنَ اعْتَرَفُوْا بِذُنُوْبِهِمْ خَلَطُوْا عَمَلًا صَالِحًا وَّ اٰخَرَ سَيِّئًا عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّتُوْبَ عَلَيْهِمْ ط اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ، (توبہ - ۱۳)

اور دوسرے لوگ جنھوں نے اپنے گناہوں کا اقرار کیا، اور ملایا، ایک کام نیک اور دوسرا بد، شاید اللہ ان کو معاف کرے، بیشک اللہ بخشنے والا رحم والا ہے،

اس معافی کی دو صورتیں ہیں، ایک تو یہ کہ وہ بالکلیہ یعنی عذاب کے بغیر ہی معاف کر دے دوسری یہ کہ وہ دوزخ میں کچھ دن جا کر خدا کی معافی سے سرفراز ہو کر اس سے نکلیں، فرمایا،

وَاِنْ مِّنْكُمْ اِلَّا وَارِدُهَا كَانَ

اور تم میں کوئی نہیں جو جہنم میں وارد نہ ہو تیرے

Marfat.com

عَلٰی رَبِّکَ حَتْمًا مَّقْضِیًّا، ثُمَّ نُنَجِّی — رب کا یہ ضروری فیصلہ ہے، پھر ہم اُن کو جو
الَّذِیْنَ اتَّقَوْا وَّنَذَرُ الظّٰلِمِیْنَ — خدا سے ڈرے نجات دیں گے، اور مشرکوں اور
فِیْهَا جِثِیًّا۔ (مریم - ۵) — کافروں کو ہم اس میں گھٹنے کے بل گرے ہوئے (چھوڑ دیں گے)

احادیث صحیحہ میں اس کے متعلق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی حسب ذیل تصریحات مذکور ہیں:

۱۔ حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ شفاعت کے ذریعہ لوگ دوزخ سے چھوٹی ککڑیوں کے مانند نکلیں گے۔" (صحیح بخاری، کتاب الشفاعۃ)

۲۔ حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "دوزخ سے کچھ لوگ اسکی جھلس کھاکر نکلیں گے اور جنت میں داخل ہوں گے"۔ (صحیح بخاری کتاب الشفاعۃ)

۳۔ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "جنت والے جنت میں اور دوزخ والے دوزخ میں داخل ہو چکیں گے تو خدا فرمائیگا کہ جس کے دل میں رائی کے برابر بھی ایمان ہو، اس کو دوزخ سے نکالو، تو وہ کوئلے ہو کر نکلیں گے، پھر وہ نہر حیات میں ڈال دیئے جائیں گے، تو وہ اس طرح اوگیں گے جس طرح سیلاب کے بہاؤ میں خشکی دانہ اگتا ہے"۔ (صحیح بخاری کتاب الشفاعۃ)

۴۔ حضرت انسؓ بن مالک سے روایت ہے کہ آپ نے قیامت کے حالات بیان کرتے ہوئے فرمایا "پھر میں سجدہ میں گر پڑوں گا اور پڑا رہوں گا، تو آواز آئیگی کہ اے محمد! سر اٹھا، مانگ دیا جائیگا، تو میں سر اٹھاؤں گا اور اُس حمد سے جو خدا مجھے سکھائے گا اسکی حمد کروں گا، اور سفارش کروں گا تو خدا ایک حد مقرر فرمائیگا تو میں اُن کو دوزخ سے نکالوں گا اور جنت میں داخل کروں گا، پھر لوٹ کر آؤں گا اور سجدہ میں گر پڑوں گا، پھر وہ کچھ لوگوں کو بخش دیگا، اسی طرح تیسری، پھر چوتھی بار کرونگا یہانتک

دوزخ میں پھر وہی رہ جائیگا جس کو قرآن نے روک رکھا ہے" (صحیح بخاری کتاب الشفاعۃ)

۵۔ حضرت عمران بن حصینؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ محمد کی شفاعت سے کچھ ایسے لوگ دوزخ سے نکلیں گے اور جنت میں داخل ہوں گے جن کا نام جہنم والے ہوگا" (ر۔)

۶۔ حضرت ابوہریرہؓ کے سوال پر آپ نے فرمایا کہ "میری سفارش سے سرفراز ہونیکی خوش قسمتی اس کو حاصل ہوگی جس نے خلوص قلب سے اللہ کی توحید کا اقرار کیا ہو" (صحیح بخاری کتاب الشفاعۃ)

۷۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ "جب اللہ تعالیٰ اپنے بندوں کے فیصلے سے فراغت پائیگا اور چاہیگا کہ اُن کو جنھوں نے اس کی توحید کی گواہی دی تھی، دوزخ سے نکالے تو فرشتوں کو اُن کے نکالنے کا حکم دیگا، فرشتے ان توحید والوں کو اس علامت سے پہچانیں گے کہ اُن کی پیشانیوں میں سجدہ کے نشان ہوں گے کہ خدا نے آدم کے بیٹے کی پیشانی کے نشانِ سجدہ کو دوزخ کی آگ پر حرام کر دیا ہے تو وہ ان کو جلا نہ سکے گی۔ فرشتے جب ان کو نکالیں گے تو وہ جلے جھلسے ہوں گے پھر اُن پر آبِ حیات چھڑکا جائیگا، تو وہ اس طرح اُگیں گے جس طرح سیلاب کے بہاؤ میں خشکی دانہ اُگتا ہے" (صحیح بخاری کتاب الشفاعۃ)

۸۔ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے، آپ نے فرمایا کہ جنت والے جنت اور دوزخ والے دوزخ میں داخل ہوچکیں گے تو اللہ تعالیٰ فرمائے گا، دیکھو جس کے دل میں ایک رائی کے دانہ کے برابر بھی ایمان ہو اس کو دوزخ سے نکالو، تو وہ جل کر کوئلہ ہوکر نکلیں گے پھر وہ نہر حیات میں ڈال دیئے جائیں گے تو اس طرح وہ اُگیں گے جس طرح سیلِ آب کے کنارے خشکی دانہ اُگتا ہے" (صحیح بخاری کتاب الایمان)

Marfat.com

۹۔ حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہے، آپ نے فرمایا کہ "اہل دوزخ جو دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے، وہ اس میں نہ مریں گے، نہ جئیں گے لیکن وہ لوگ جن کو دوزخ کی آگ بعض گناہوں کی وجہ سے چھوئے گی، تو وہ اس میں کچھ دیر کے لئے مرجائیں گے، یہاں تک کہ وہ جل جائینگے پھر اُن کے حق میں شفاعت کی اجازت ہوگی، تو وہ تھوڑے تھوڑے کرکے آئیں گے، اور جنت کی نہروں میں پھیل جائیں گے، اور اہل جنت سے کہا جائیگا کہ اُن پر پانی بہاؤ تو وہ اس طرح اوگیں گے، جیسے سیلاب کے بہاؤ میں جنگلی دانے" (صحیح بخاری کتاب الایمان)

۱۰۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ "سب سے آخر میں جو شخص دوزخ سے نجات پاکر نکلے گا، وہ گھسٹتا ہوا نکلے گا، اور اُس کو جنت بھری معلوم ہوگی الخ" (")

۱۱۔ حضرت ابو سعید خدریؓ سے صحیحین میں روایت ہے کہ خدا فرمائے گا کہ "ملائکہ نے سفارش کی اور پیغمبروں نے سفارش کی، اور اہل ایمان نے سفارش کی، اور اب صرف وہ رہ گیا جو تمام رحم کرنے والوں میں سب سے بڑا رحم کرنے والا ہے یعنی خود وہ رحمان ورحیم، تو وہ دوزخ سے مٹھی بھر کر اُن لوگوں کو نکالیگا جنھوں نے کبھی کوئی بھلائی نہیں کی۔" (صحیحین)

۱۲۔ حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہے کہ حکم ہوگا کہ جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا ہو اور اُس کے دل میں جو برابر بھی نیکی ہو، اُس کو دوزخ سے باہر کرو، جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا ہو اور گیہوں کے دانہ کے برابر بھی اُس کے دل میں نیکی ہو، اور جس نے لا الٰہ الا اللہ کہا ہو اور جَو کے دانہ کے برابر بھی اس کے دل میں نیکی ہو، اُس کو دوزخ سے الگ کرو" (ترمذی بصفۃ النار حدیث حسن صحیح)

Marfat.com

احادیث کی کتابون مین اس قسم کی اور بہت سی حدیثین ہیں جن کا استقصا یہان مقصود نہین، ان تمام حدیثون مین قرآن پاک کی اس اہم آیت کا جلوہ موجود ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَ یَغْفِرُ مَا دُوْنَ ذَالِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ، (نساء-۱۸) | بیشک اللہ اس کو معاف نہ کریگا کہ اس کیساتھ شرک کیا جائے، اور اس کے سوا جو گناہ ہو وہ اس کو جس کے لئے چاہے گا معاف کردیگا، |

اس آیت میں تصریح ہے کہ شرک کے علاوہ ہر گناہ کے نتیجہ سے برأت کیجا سکتی ہے مگر شرک وہ بیماری ہے جس کے نتائج سے عہدہ برآ ہونا ممکن نہیں، اس لئے اُن کے نتائج بد بھگتے بغیر نجات کا تصور بھی خدا کے قانونِ ابدی کے خلاف ہے،

**شرک کفر کی بخشایش نہیں** احکامِ الٰہی اور شریعتِ ربانی کی کھلی ہوئی دو قسمیں ہیں، ایک کا تعلق دل اور قلب سے ہے اور جو بمنزلہ اصل کے ہے، اس کو مذہب کی زبان مین ایمان، فلسفہ کی اصطلاح مین علم، اور تصوف کی بولی میں عرفان کہتے ہیں، اور دوسری قسم وہ ہے جو اس عقیدۂ اول کی فرع اور نتیجہ ہے، اور جس کا تعلق اعضا، اور جوارح سے ہے، اُس کو ہم مختصراً عمل اور تفصیلاً عبادات و معاملات اور اخلاق کہتے ہیں، شرک و کفر کے گناہ کا تعلق قسم اول سے ہے اور دوسرے گناہون کا تعلق قسم دوم سے ہے، دلون مین ایمان و علم و عرفان کی اگر ایک کرن بھی ہو، تو اس ظلمتکدہ کی روشنی کی امید کسی طرح کیجا سکتی ہے، مگر جس کا شانۂ دل میں اس نور کا ایک ذرہ بھی نہ ہو اس کی روشنی سے ہمیشہ کے لئے نا امیدی ہی ہے، اسی لئے ایمان کے بغیر اعمال بھی کالعدم ہوجاتے ہیں، اور جہان ایمان کچھ بھی موجود ہے، اعمالِ خیر کا کچھ نہ کچھ وجود ضروری ہے، البتہ اعمالِ شر کا بھی ساتھ ساتھ وجود

جن کی تلافی عذابِ دوزخ کے بعد یا خدا کی رحمت سے ہو سکتی ہے، اور نجات مل سکتی ہے، ایمان وعلم و عرفان جس کی حقیقت "ایمان بالغیب" ہے، اُس کا حصول موت کے بعد جب حقائق خود بخود ہمارے سامنے آجاتے ہیں، ہماری وسعت کا نتیجہ نہیں، بلکہ خود اُن حقائق کے ظہور کا نتیجہ ہوگا، اس بنا پر شرک وکفر کے گناہ کی مغفرت کی امید قانونِ الٰہی کے مطابق ناممکن ہے، البتہ عمل کی کمی کی تلافی جو دوسری قسم کا گناہ ہے، خدا کی رحمت سے بعید نہین ہے،

سمجھنے کے لئے ان دونون کی کھلی ہوئی مثال یہ ہے کہ دنیا مین تعلیمی امتحان کے لئے ۳۳ نمبر کم از کم فرض کیا گیا ہے، اب اگر کسی کا پرچہ بالکل سادہ ہے، اور اس لئے اس کا نمبر صفر محض ہو تو رحم سے رحمدل ممتحن کے لئے بھی یہ ناممکن ہے کہ اُس کو ادنیٰ سے ادنی درجہ مین بھی کامیاب کرسکے، لیکن جس نے کچھ جوابات لکھے ہیں، اور کچھ چھوڑ دیئے ہین، اور کچھ غلط لکھے ہین، تو اگر وہ ۲۹ و ۳۰ کے قریب بھی پہنچ گیا ہے، تو رحمدل ممتحن ۳۳ تک اس کو پہنچا کر ادنیٰ درجہ مین کامیاب بنا سکتا ہے،

الغرض ایمان وعلم وعرفان کے مجرم جن کا نام مشرک و کافر ہے، اپنے ناقابلِ تلافی نتیجہ کے بھگتے بغیر عذابِ دوزخ سے رہائی کا تصور بھی نہین کرسکتے کہ اُن کی دنیاوی زندگی کا عرفانی فقدان رحمتِ الٰہی کو اپنی طرف جذب کرنے کی قدرت ہی نہیں رکھتا، مگر کیا شرک وکفر کے گنہگارون کے لئے شرک وکفر کے دورۂ عذاب کے طے کرلینے کے بعد بھی، رہائی کا تصور کیا جا سکتا ہے؟ اس کا جواب آیندہ سطرون میں ملے گا،

**کیا دوزخ کی انتہا ہے؟** دوزخ جو عقابِ الٰہی کا گھر ہے، کیا ہمیشہ آباد رہیگا؟ اللہ تعالیٰ کی رحمت عمومی کے قائلون کے نزدیک اس کا جواب نفی مین ہے، اُن کا خیال ہے کہ اللہ تعالیٰ کی مقررہ مدت درا[...]

کے بعد ایک دن جب جہنم کی آگ رحمتِ الٰہی کے چھینٹوں سے بالآخر سرد ہو جائے گی، حدیث صحیح میں ذکر ہے

اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ جنت میری رحمت، اور دوزخ میرا عذاب ہے[1]، اسی کے ساتھ حدیث صحیح میں وارد ہے

کہ جب اللہ تعالیٰ نے مخلوقات کا فیصلہ کیا، اسی وقت اُس نے اپنے عرش کے اوپر یہ لکھ دیا کہ

رَحْمَتِیْ سَبَقَتْ غَضَبِیْ — میری رحمت میرے غضب سے سبقت لے گئی ہے[2]

---

(حاشیہ صفحہ ۷۷۹) [5] ابتدائی اسلامی فرقوں میں جہنم کی ابدیت اور غیر ابدیت پر بہت سے مناظرے ہو چکے ہیں جن کی تفصیل ملل و نحل کی کتابوں میں موجود ہے، ایک دو کو چھوڑ کر اس پر تو بے شبہ قطعیت کے ساتھ سب کا اتفاق ہے کہ جنت کا وجود دائمی اور ابدی ہے، لیکن جہنم کے دوام اور ابدیت میں کسی قدر اختلاف ہے، عام اہل سنت کا عقیدہ یہ ہے کہ جہنم اور جنت دونوں کا وجود دائمی ہے، گنہگار مومن اپنے گناہ کے بقدر عذاب اٹھا کر یا خدا کی رحمت سے معاف ہو کر بالآخر جنت میں داخل کئے جائیں گے لیکن مشرک و کافر کے گناہ کبھی معاف نہ ہوں گے، اور وہ ہمیشہ دوزخ میں جلیں گے، فقہا اور محدثین کا ایک گروہ جو مرجیہ کہلاتا ہے اس بات کا قائل ہے جو مومن ہوگا وہ گنہگار بھی ہوگا، تو بھی دوزخ میں نہ جائیگا، بلکہ معافی سے سرفراز ہو کر شروع ہی سے جنت میں داخل ہوگا، اس کے برخلاف خوارج اور معتزلہ کا یہ عقیدہ ہے، کہ مومن بھی اگر گناہ کبیرہ کا مرتکب ہوگا تو وہ بھی کفار کی طرح ہمیشہ دوزخ ہی میں رہیگا، اور بھی اس بارہ میں لوگوں کی مختلف رائیں ہیں اہل سنت کے ایک مختصر گروہ کا جس میں صحابۂ کرام اور تابعین کے نام بھی ہیں، اور متاخرین میں جس کے پرجوش حامی حافظ ابن قیم ہیں، یہ خیال ہے کہ جب گنہگار اپنے گناہوں کے بقدر عذاب پا چکیں گے، تو جہنم فنا کر دیجائے گی، حافظ ابن قیم نے اپنی دو کتابوں (شفاء العلیل اور حادی الارواح (دونوں مطبوعہ ہیں حادی الارواح اعلام الموقعین کے ساتھ چھپی ہے) میں قرآن، احادیث، آثار صحابہ اور عقل کی بیسیوں دلیلوں سے اپنے مسلک کو مبرہن کیا ہے، (دیکھو شفاء العلیل از ص ۲۵۲ تا ص ۲۶۴ حسینیہ مصر، اور حادی الارواح از ص ۱۶۷ تا ۲۳۵، جلد دوم مطبعہ جدیدہ مصر) علامہ ابن تیمیہ نے بھی اس نظریہ کو سلف اہل سنت کے ایک فریق کا خیال تسلیم کیا ہے، (حادی الارواح ابن قیم جلد دوم ص ۱۶۷) ایک زیدی یمنی عالم شیخ مقبلی نے بھی اس کو قبول کیا ہے (العلم الشامخ فی ایثار الحق علی الآباء والمشائخ ص ۱۲۲) صوفیہ میں شیخ محی الدین ابن عربی اور ان کے متبعین یہ فرماتے ہیں کہ جو افراد مشرک جن پر خلود نار کا حکم ہے، وہ بالآخر دوزخ میں رہتے رہتے ایسے ہو جائیں گے کہ ان کو اسی دوزخ میں راحت و لذت معلوم ہونے لگے گی، جیسے بعض کیڑے غلاظتوں ہی کو پسند کرتے ہیں، اور ان ہی میں لطف اٹھاتے ہیں، میں نے اس باب کو بہت ڈرتے ڈرتے لکھا ہے، کہ اس میں اجمال الٰہی کی تصریح کا جرم عائد ہوتا ہے، اگر یہ اختیار کردہ پہلو حق نہ ہو، تو اللہ تعالیٰ مجھے معاف فرمائے، اور توبہ کی توفیق بخشے اور اپنی مراد کا دروازہ مجھ پر کھولے،

[1] صحیح بخاری باب رحمۃ اللہ جلد دوم ص ۱۱۰ و صحیح مسلم [2] صحیح بخاری باب ولقد سبقت کلمتنا لعبادنا المرسلین جلد دوم صفحہ ۱۱۰ و صحیح مسلم باب سعۃ رحمۃ اللہ۔

Marfat.com

اب اگر دوزخ جو اُس کے غضب کا مظہر ہے، اُس کی جنت ہی کی طرح دائمی و ابدی ہو تو
اس کا غضب اس کی رحمت پر سبقت لے جاتا ہے۔ یا برابر ہو جاتا ہے، اور اُس کا تخیل بھی اس
رحمان و رحیم کی نسبت نہیں ہو سکتا، اسی طرح حدیث میں آیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی رحمت کے سو
حصوں میں سے صرف ایک حصہ دنیا میں اُتارا اور ننانوے ۹۹ حصے قیامت کے دن کے لئے رکھے ہیں[۱]، اس لئے
ماننا پڑتا ہے کہ ایک دن آئیگا جب اُس کے غضب پر اسکی رحمت غالب آئیگی، اور اُس کی رحمت کے
سوا کچھ باقی نہ رہے گا، اور یہ وہ دن ہوگا جب گنہگار اپنے گناہوں کی ناپاکیوں اور نجاستوں سے اپنے
اپنے مقررہ وقت پر پاک ہو کر اُس کی رحمت کی سرفرازی کے قابل بنیں گے،

اسلام کی رو سے سب سے بڑے مجرم مشرک و کافر ہیں جو اس وقت تک نجات نہ پا سکیں گے
جب تک دوزخ کے تنور میں ایک گرم کوئلہ بھی باقی ہے تاہم اُن کے عذاب کی مدت کی نسبت
بھی قرآن میں حسب ذیل تین تصریحات ہیں،

۱- لٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا (نبا - ۱) وہ دوزخ میں صد ہزار سال ٹھہریں گے،

صد ہا ہزار سال کی مدت کسی قدر بڑی ہو، پھر بھی ایک دن اُس کا خاتمہ ہوگا، دوسری
آیت جو صریحاً کفار و مشرکین کے حق میں ہے، یہ ہے،

۲- اَلنَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰهُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ عَلِيْمٌ ، (انعام - ۱۵)

دوزخ ہے تمہارا ٹھکانا اس میں تم سدا رہنے والے ہو لیکن یہ کہ اللہ جو چاہے، بےشک تیرا رب حکیم و علیم ہے،

---

[۱] صحیح مسلم باب سعۃ رحمۃ اللہ۔

اس آیت سے ثابت ہوتا ہے کہ شرک وکفر کی سزا تو اصل میں قانوناً یہی ہے کہ دوزخ میں دائمی سزا دیجاتی رہے، مگر اسکی رحمت کا اقتضا کچھ اور ہے لیکن وہ حکیم وعلیم ہے، اس لئے وہ اپنا ہر کام اپنی حکمت ومصلحت اور علم کے مطابق کرتا ہے، اور وہی جانتا ہے کہ کس کے حق میں کیا کرنا چاہیے، اور کب کرنا چاہیے،

تیسری آیت میں ہے،

| | |
|---|---|
| ۳- خَالِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ | وہ دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے، جب تک آسمان |
| وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ | زمین قائم ہیں لیکن یہ کہ جو تیرا رب چاہے بیشک |
| رَبَّكَ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ (ھود-۹) | تیرا رب جو چاہتا ہے، وہ کرتا ہے، |

دوسری اور تیسری آیتوں میں اللہ تعالیٰ نے اُن کے حق میں اپنی مشیئت کو عذاب کی انتہا بتایا ہے، اور اپنے کو "رب" کے لفظ سے تعبیر فرمایا ہے، جس سے اشارہ نکلتا ہے کہ اس کی مشیئت سے بالآخر اس عذاب کا ختم ہوجانا اُس کی "ربوبیت" کا اقتضا ہے۔

قرآن پاک میں کوئی ایسی صاف وصریح آیت موجود نہیں ہے جس سے دوزخ کی بقاء دوام، عدم انتہا، اور تسلسل وجود پر بتصریح استدلال کیا جاسکے، حالانکہ اس کے برخلاف بہشت کی ہمیشگی وبقاء، عدم انقطاع وعدم فنا کی بیسیوں آیتیں قرآن پاک میں موجود ہیں، چنانچہ ان دونوں کے فرق کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے اس اوپر والی آیت کو ہم تمام وکمال یہاں نقل کرتے ہیں، فرمایا،

| | |
|---|---|
| فَاَمَّا الَّذِيْنَ شَقُوْا فَفِي النَّارِ لَهُمْ | تو لیکن جو بدبخت ہوئے وہ دوزخ میں ہوں گے |
| فِيْهَا زَفِيْرٌ وَّشَهِيْقٌ ۙ خٰلِدِيْنَ | اس میں اُن کو گدھوں کی طرح چلانا |

| | |
|---|---|
| فِيهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ | اور دینکنا ہے، جب تک آسمان اور زمین ہیں |
| اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ۭ اِنَّ رَبَّكَ فَعَّالٌ | وہ اس دوزخ میں رہیں گے، مگر جو چاہے تیرا |
| لِّمَا يُرِيْدُ ، وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا | رب بیشک تیرا رب جو چاہے کر ڈالتا ہے، اور |
| فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ | لیکن وہ جو خوش قسمت ہوئے، تو وہ جنت |
| السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَآءَ | میں ہوں گے، ہمیشہ اس میں رہیں گے جب تک |
| رَبُّكَ ۭ عَطَآءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ ۔ | آسمان و زمین قائم رہیں، مگر جو چاہے تیرا |
| (ھود - ۹) | یہ غیر منقطع بخشش ہوگی، |

دیکھو کہ اہلِ جنت اور اہلِ دوزخ دونوں کے لئے خلود و دوام فرمایا، پھر ان دونوں مین اس کے بعد اپنی مشیئت سے استثنا فرمایا، مگر اہلِ دوزخ کے دوام کے ذکر مین فرمایا کہ "مگر جو چاہے تیرا رب، بیشک تیرا رب جو چاہے، کر ڈالتا ہے" اس سے معلوم ہوا کہ وہ چاہے، تو دوزخ کے عذاب کو ختم کردے، اور چاہے تو قائم رکھے، لیکن اہل جنت کے دوام کے ذکر میں تبصریح فرمایا "مگر جو چاہے تیرا رب، یہ غیر منقطع بخشش ہوگی" اس سے معلوم ہوا کہ اہلِ جنت کے حق میں اسکی مشیئت یہی ہوگی کہ وہ بے انقطاع اور غیر منتہی دوام و تسلسل کے ساتھ ہمیشہ قائم و باقی رہے، اس آیت کی تفسیر مین متعدد ائمہ سلف مثلاً ابن زید اور شعبی وغیرہ نے کہا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اہلِ جنت کے بارہ مین تو اپنی مشیئت ظاہر فرمادی کہ وہ مسلسل اور غیر منقطع ہے لیکن اہلِ دوزخ کی نسبت اپنی مشیئت کو کسی مصلحت سے مخفی رکھا ہے[1]،

---

[1] تفسیر طبری و درمنثور سیوطی، تفسیر آیات ہود رکوع ۹ و انعام رکوع ۱۵،

ایک مقام پر خاص طور پر کفار و مشرکین کا نام لیکر اس طرح فرمایا گیا ہے،

| | |
|---|---|
| إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا مِنْ أَهْلِ الْكِتَابِ | بیشک اہل کتاب اور مشرکوں میں سے جنھوں نے |
| وَالْمُشْرِكِينَ فِي نَارِ جَهَنَّمَ خَالِدِينَ فِيهَا | کفر کیا، وہ جہنم کی آگ میں (خالد) پڑے رہیں |
| أُولَٰئِكَ هُمْ شَرُّ الْبَرِيَّةِ، إِنَّ الَّذِينَ | یہ بدترین لوگ ہیں، بیشک جو ایمان لائے اور اچھے |
| آمَنُوا وَعَمِلُوا الصَّالِحَاتِ أُولَٰئِكَ هُمْ | کام کئے وہ بہترین لوگ ہیں، اُن کی جزا اُن کے |
| خَيْرُ الْبَرِيَّةِ ۝ جَزَاؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ | پروردگار کے نزدیک بسنے کے باغ ہیں، جن |
| جَنَّاتُ عَدْنٍ تَجْرِي مِنْ تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ | میں نہریں بہتی ہوں، وہ اس میں ہمیشہ |
| خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا، (بینہ) | (خالد) رہیں گے، |

غور سے دیکھو کہ اس میں اہل دوزخ کے مقابلہ میں اہل جنت کے دوام کی نسبت کتنی تاکید پر تاکید ہے، پہلے "عدن" فرمایا جس کے معنی "قیام" اور "بسنے" کے ہیں، پھر "خالدین" کہا کہ وہ اس میں رہا کریں گے" بعد ازیں "ابدًا" فرمایا کہ وہ جنت میں ابدی طور سے قیام کریں گے،

اسی طرح ایک اور سورہ میں ہے،

| | |
|---|---|
| وَيُدْخِلْهُ جَنَّاتٍ تَجْرِي مِنْ | اور اس کو اُن باغوں میں داخل کرے گا، |
| تَحْتِهَا الْأَنْهَارُ خَالِدِينَ فِيهَا أَبَدًا | جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی جن میں وہ |
| ذَٰلِكَ الْفَوْزُ الْعَظِيمُ، وَالَّذِينَ | ہمیشہ رہا کریں گے، اور وہی بڑی کامیابی ہے، |
| كَفَرُوا وَكَذَّبُوا بِآيَاتِنَا أُولَٰئِكَ | اور جنھوں نے انکار کیا، اور ہماری باتوں |
| أَصْحَابُ النَّارِ خَالِدِينَ فِيهَا ط | کو جھٹلایا وہی دوزخ والے ہیں، وہ اس میں |

Marfat.com

وَبِئْسَ الْمَصِيْرُ (تغابن ۔۱) رہا کریں گے، اور وہ بری جگہ ہے،

دیکھو کہ تقابلاً دونوں میں خالدین (رہا کریں گے) اور خالدین فیہا ابداً (ہمیشہ رہا کریں گے) کا فرق کتنا نمایاں ہے کہیں یہ کیا گیا ہے کہ کفار کے عذاب میں مدت کی تعیین سے بے خاموشی برتی گئی ہے، اور جنت میں خلود کی تصریح فرما دی گئی ہے، مثلاً

| | |
|---|---|
| يَوْمَ تَبْيَضُّ وُجُوْهٌ وَّتَسْوَدُّ وُجُوْهٌ | جس دن کچھ منہ سپید ہوں گے اور کچھ سیاہ |
| فَاَمَّا الَّذِيْنَ اسْوَدَّتْ وُجُوْهُهُمْ | تو جو سیاہ ہوئے، تو کیا ایمان کے بعد کافر |
| اَكَفَرْتُمْ بَعْدَ اِيْمَانِكُمْ فَذُوْقُوا | ہو گئے تھے، تو اپنے کفر کی پاداش میں عذاب |
| الْعَذَابَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ وَاَمَّا | کا مزہ چکھو، اور جن کے منہ سپید ہوں گے تو وہ |
| الَّذِيْنَ ابْيَضَّتْ وُجُوْهُهُمْ فَفِيْ رَحْمَةِ | اللہ کی رحمت میں ہوں گے، اور اس ہی |
| اللّٰهِ ط هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ (آل عمران) | میں سدا رہیں گے، |

آیت بالا میں عذاب کے ذکر میں مدت کی تصریح سے سراسر خاموشی ہے، اور رحمت کے ذکر میں خلود کی تصریح تام ہے،

ان ہی آیتوں کی تفسیر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اور بعض صحابہ کرام سے روایتیں ہیں کہ ایک دن آئے گا، جب دوزخ کے میدان میں ہو کا عالم ہوگا، اور کوئی ایک متنفس بھی وہاں نظر نہیں آئیگا، چنانچہ؛

۱۔ طبرانی میں حضرت ابو امامہ صحابیؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: کہ جہنم پر ایک دن ایسا آئے گا جب خزاں رسیدہ پتے کے مانند ہو جائیگا، اور اس کے دروازے

کھل جائیں گے۔"

۲۔ حضرت جابرؓ یا کسی اور صحابیؓ سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ "جہنم پر ایک دن ایسا آئیگا جس میں اُس کے دروازے کھل جائیں گے، اور اُس میں کوئی نہ ہوگا"

۳۔ حضرت ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ میں جو کہتا ہوں، وہ یہ ہے کہ "جہنم پر ایک دن آئے گا جب اس میں کوئی نہ ہوگا۔"

۴۔ تفسیر عبد بن حمید میں حضرت عمرؓ سے روایت کی گئی ہے کہ انھوں نے فرمایا کہ "اگر اہلِ دوزخ ریگستانِ عالج کے ذرات کے بقدر شمار بھی دوزخ میں رہیں، پھر بھی ایک دن آئے گا جب وہ اُس سے نکلیں گے۔"

۵۔ عبداللہ بن عمروؓ بن العاص سے روایت ہے کہ "جہنم پر ایک دن آئے گا جب اس کے خالی دروازے بھڑ بھڑائیں گے، اور اس میں کوئی نہ ہوگا، اور یہ اُس وقت ہوگا جب لوگ اس میں صدہا ہزار سال (احقاب) کی مدت پوری کرلیں گے۔"

۶۔ عبدالرزاق، ابن منذر، طبرانی اور بیہقی کی کتاب الاسماء والصفات میں ہے کہ حضرت جابر بن عبداللہؓ صحابی یا ابو سعید خدریؓ صحابی یا کسی اور صحابی نے فرمایا کہ اِلَّا مَا شَاءَ رَبُّكَ کا استثنار پورے قرآن پر حاوی ہے یعنی جہاں جہاں قرآن میں خَالِدِیْنَ فِیْهَا (سدا اس میں رہیں گے) ہے وہاں پر مشیت الٰہی کا استثنار قائم ہے۔

۷۔ حضرت عبداللہ بن مسعودؓ نے فرمایا کہ "دوزخ پر ایک زمانہ آئے گا جب اس کے خالی دروازے کھڑکھڑائے جائیں گے۔"

Marfat.com

دفع شبہ | قرآن پاک میں ایسی بھی چند آیتیں ہیں جن سے لوگوں کو دوزخ کے دوام کا خیال ہوا ہے،
مثلاً وہ تین آیتیں جن میں کفار کو خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ہمیشہ کے عذاب کی دھمکی دی گئی ہو،

| | |
|---|---|
| ۱- اِنَّ اللّٰهَ لَعَنَ الْكٰفِرِیْنَ وَاَعَدَّ لَهُمْ سَعِیْرًا ۙ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ج (احزاب - ۸) | ۱- بیشک خدا نے کافروں پر لعنت کی، اور اُن کے لئے وہ آگ مہیا کی جس میں وہ ہمیشہ پڑے رہیں گے، |
| ۲- وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَاِنَّ لَهٗ نَارَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا، ( (جن - ۲) | ۲- اور جو اللہ اور اُس کے رسول کی نافرمانی کرے گا تو اس کے لیے جہنم کی وہ آگ ہے جس میں وہ ہمیشہ پڑے رہیں، |
| ۳- اِنَّ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ یَكُنِ اللّٰهُ لِیَغْفِرَ لَهُمْ وَلَا لِیَهْدِیَهُمْ طَرِیْقًا ۙ اِلَّا طَرِیْقَ جَهَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ط (نساء - ۲۳) | ۳- بیشک جنھوں نے کفر کیا اور حد سے آگے بڑھے، نہیں ہو کہ اللہ اُن کو بخشے اور نہ یہ کہ اُن کو راہ دکھائے لیکن جہنم کی راہ جس میں وہ ہمیشہ پڑے رہیں، |

اِن تینوں آیتوں میں خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا (دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے) کا مطلب

لے (حاشیہ ص ۷۸۶) حافظ ابن قیم نے شفاء العلیل (ص ۲۵۸) میں ان روایات کو غیر مطبوعہ کتب سیر و حدیث سے نقل کیا ہے، اُن میں سے بعض ابن جریر طبری میں بھی آیاتِ مذکور کی تفسیر میں نص صاً تفسیر سورۂ ہود جلد ۱۲ ص ۶۶ میں مذکور ہیں، اور حافظ جلال الدین سیوطی نے بھی تفسیر دُرِّ منثور، تفسیر سورۂ ہود جلد ثالث ص ۳۵ میں زیر آیت مذکور ہود ذکر کیا ہی، اور کتاب الاسماء والصفات بیہقی ص ۲۲۲ مطبوعہ الہ آباد میں چھٹی روایت

یہ ہے کہ ایسے لوگ جن کے حق میں یہ آیتیں آئی ہیں، وہ اُس وقت تک دوزخ میں ہمیشہ رہیں گے جب تک حسبِ مشیتِ الٰہی دوزخ کے خاتمہ کا دور نہیں آئے گا،

باقی چند آیتوں میں اَبَدًا (ہمیشہ) کے بغیر صرف خَالِدٌ ہے، جیسے

هُمْ فِيهَا خَالِدُونَ، وہ اس میں خالد رہیں گے،

یا ایک جگہ ہے،

وَذُوقُوا عَذَابَ الْخُلْدِ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُونَ (سجدہ ۲-۵) اور خلود کے عذاب کا مزہ چکھو،

تو یہاں ایک بات سمجھ لینی چاہئے کہ خلود کے دو معنی ہیں، ایک حقیقی دوام اور دوسرے قیامِ طویل، ان دو میں سے کسی ایک معنی کی تخصیص قرینہ سے ہوگی، اسی دوسرے معنی کے اعتبار سے عربی اشعار میں پہاڑوں اور بدویانہ چولھوں کے پتھروں کے لئے خوالد اور خالدات کے لفظ صفت میں آتے ہیں، کیونکہ وہ تادیر اور زمانۂ دراز تک باقی رہنے والے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ "فیہا خٰلدین" کا لفظ ابدیت کے مفہوم میں صریح نہیں جب تک اُس کے ساتھ کوئی اور قرینہ قائم نہ ہو، جو دوام کے معنی کی تخصیص کردے، جیسا کہ قرینہ اُن آیتوں میں ہے جہاں اہلِ جنّت کو خٰلدین کہا گیا ہے کہ تقریباً بیس آیتوں میں اس خلود کے معنی دوام اور عدمِ انقطاع کے بتائے گئے ہیں، اس لئے جنّت کے سلسلہ میں جہاں صرف خٰلدین بھی ہے، وہاں ہمیشگی اور دوام ہی کے معنی لئے جائیں گے، برخلاف اس کے جہاں دوزخ کے ساتھ خٰلدین کا لفظ ہے، وہاں دوام کے مفہوم کے لئے کوئی قرینہ موجود نہیں، اس لئے دوزخ والی آیتوں میں خلود سے مقصود یہ ہے کہ گنہگار

Marfat.com

زمانۂ دراز تک دوزخ میں رہیں گے، غالباً یہی وجہ ہو کہ گنہگار اہلِ ایمان کی سزا میں کبھی خلدین کے ساتھ "ابداً" استعمال نہیں کیا گیا ہے، گنہگار اہلِ ایمان میں سب سے بڑی دھمکی اس کو دی گئی ہو جس نے کسی مسلمان کا خون بے سبب بہایا ہو، مگر اس کے لئے بھی خالدین کے ساتھ "ابداً" استعمال نہیں کیا گیا، فرمایا:

وَمَنْ يَّقْتُلْ مُؤْمِنًا مُّتَعَمِّدًا — اور جو کوئی کسی باایمان کو قصداً قتل کریگا

فَجَزَآؤُهٗ جَهَنَّمُ خٰلِدًا فِيْهَا — تو اس کا بدلہ دوزخ ہے جس میں وُہ خالداً

(نساء - ۱۳) — (یعنی مدت دراز تک پڑا) رہیگا،

یہی سبب ہے کہ معتزلہ اور خوارج کے سوا تمام اہلِ اسلام اس بے گناہ مسلمان مقتول کے قاتل کی بالآخر بخشائش کے قائل ہیں،

اس سے معلوم ہوا کہ ان آیتوں میں "خُلود" سے مراد "ہمیشگی" نہیں ہے، بلکہ زمانۂ دراز ہے کہ اہلِ توحید کی بالآخر نجات قرآن و حدیث کی متفقہ تعلیم ہے، اور اس لئے مومن کے لئے اس کے کسی جرم کی سزا میں ہمیشگی کا مفہوم داخل ہی نہیں ہوسکتا، بنا برین ان آیتوں میں "خلود" کے معنی منطقی دوام نہیں بلکہ عرفی دوام، یعنی مدت دراز کے ہیں، ہم عام طور سے مجرم کے لئے "حبسِ دوام" کی قانونی اصطلاح بولتے ہیں، جس سے مراد ابد تک کیا، قیامت تک کا زمانہ بھی نہیں ہوسکتا، بلکہ عمر بھر بھی نہیں، ایک طرف اس سے قانونی قید کی درازترین مدت مراد ہے جس کا قانونی اندازہ بیس سال کیا گیا ہے، کتنے مجرم ہیں جو اس مدت کو کاٹ کر آزادی حاصل کرتے ہیں، اور ایسے بھی ہیں جو کسی شاہی عفو عام کے سلسلہ میں قبل از مدت ہائی پا جاتے ہیں،

Marfat.com

دو چار آیتیں ایسی بھی ہیں، جن میں مذکور ہے کہ یہ گنہگار دوزخ سے الگ نہ ہوں گے، چنانچہ وہ آیتیں حسب ذیل ہیں،

١- اِنَّ الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ج يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ الدِّيْنِ، وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَائِبِيْنَ (انفطار)

١- بیشک گنہگار دوزخ میں ہیں وہ انصاف کے دن اس میں داخل ہوں گے اور وہ اس سے چھپے نہیں رہ سکتے،

٢- وَقَالَ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْا لَوْ اَنَّ لَنَا كَرَّةً فَنَتَبَرَّاَ مِنْهُمْ كَمَا تَبَرَّءُوْا مِنَّا ط كَذٰلِكَ يُرِيْهِمُ اللّٰهُ اَعْمَالَهُمْ حَسَرَاتٍ عَلَيْهِمْ ط وَمَا هُمْ بِخَارِجِيْنَ مِنَ النَّارِ (بقرۃ - ٢٠)

٢- اور کہیں گے کہ کاش ہم کو دوبارہ دنیا کی زندگی ملتی تو ہم اپنے پیشواؤں سے ہی الگ ہو جاتے جیسے وہ ہم سے یہاں الگ ہو گئے، اللہ ان کے کاموں کو ایسے ہی حسرتیں بنا کر ان کو دکھائیگا اور وہ دوزخ سے نکلنے والے نہیں،

٣- اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَهُمْ مَّا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لِيَفْتَدُوْا بِهٖ مِنْ عَذَابِ يَوْمِ الْقِيٰمَةِ مَا تُقُبِّلَ مِنْهُمْ ج وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ، يُرِيْدُوْنَ اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخَارِجِيْنَ مِنْهَا وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِيْمٌ (مائدہ - ٦)

٣- بیشک جنھوں نے کفر کیا اگر انکی ملکیت میں کل روئے زمین ہو، اور اتنا ہی اور ہو تاکہ اسکو فدیہ دیکر قیامت کے عذاب سے رہائی پائیں تو وہ ان کی طرف سے قبول نہ ہو، اور ان کے لئے دردناک عذاب ہو، وہ چاہیں گے کہ دوزخ سے نکل جائیں، لیکن وہ اس سے نکلنے والے نہیں، اور ان کے لئے قائم عذاب ہے،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ۴۔ کُلَّمَا اَرَادُوْا اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنْهَا | ۴۔جب وہ چاہیں کہ اس دوزخ سے غم |
| مِنْ غَمٍّ اُعِیْدُوْا فِیْهَا وَذُوْقُوْا | کی وجہ سے نکل پڑیں، وہ اس میں لوٹا دیئے |
| عَذَابَ الْحَرِیْقِ ۔ (حج - ۲) | جائیں گے اور (کہا جائیگا کہ) جلنے کی سزا چکھو |
| ۵۔ وَاَمَّا الَّذِیْنَ فَسَقُوْا فَمَاْوٰهُمُ | ۵۔ اور لیکن جنھوں نے نافرمانی کی، تو اُن کا |
| النَّارُ ط کُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ یَّخْرُجُوْا | ٹھکانا دوزخ ہے، جب وہ چاہیں گے کہ وہ |
| مِنْهَآ اُعِیْدُوْا فِیْهَا وَقِیْلَ لَهُمْ | اس سے نکل جائیں، اس میں لوٹا دیئے |
| ذُوْقُوْا عَذَابَ النَّارِ الَّذِیْ | جائیں گے، اور کہا جائے گا کہ دوزخ کی |
| کُنْتُمْ بِهٖ تُکَذِّبُوْنَ ۔ (سجدہ ۲۷) | اس مار کا مزہ چکھو جس کو تم جھٹلاتے تھے۔ |

یہ وہ پانچ آیتیں ہیں جن سے بعضوں کو عذاب دوزخ کے دوام اور غیر منقطع بقا کا خیال پیدا ہوا ہے، مگر ان میں سے ایک ایک آیت پر غور کرو تو اُن کے خیال کی غلطی فوراً معلوم ہو جائیگی پہلی آیت کا منشا اسی قدر ہے کہ کوئی گنہگار اگر یہ سمجھے کہ وہ کسی جگہ چھپکر دوزخ کے عذاب سے بچ جائے گا تو یہ محال ہے کہ عذاب سے چھپ کر بچ جانا کسی طرح ممکن نہیں، دوسری آیت کا مطلب یہ ہے کہ دوزخی کہیں گے کہ ہم کو دوزخ سے نکل کر دوبارہ دنیا میں جانے دیا جائے، تو اب کی ہم نیکی کا کام کریں گے، اس کے جواب میں کہا جائے گا کہ اب یہاں سے نکل کر دنیا میں دوبارہ جانا نہیں، تیسری آیت میں ہے کہ پورے روئے زمین کی دولت دے کر بھی آخرت میں نجات خریدی نہیں جاسکتی، اور نہ وہاں سے کوئی نکل کر بھاگ سکتا ہے چوتھی اور پانچویں آیت کا صریح مفہوم یہ ہے کہ اگر کوئی دوزخی دوزخ کے عذاب سے گھبرا کر اُس سے

Marfat.com

نکل بھاگنا چاہے گا تو وہ پکڑ کر پھر اسی میں ڈال دیا جائے گا، ان آیتوں سے صرف اتنا معلوم ہوا کہ گنہگار از خود دوزخ سے نکل نہ سکیں گے، اور نہ مدتِ عذاب کے اندر وہ خلاصی پا سکتے ہیں، مگر اس سے خدا تعالیٰ کے حکم واجازت سے بالآخر اس سے نجات پانے کی نفی نہیں نکلتی، اور اس کی کہ بقدرِ گناہ عذاب کی مدت بسر کرنے کے بعد بھی نجات نہیں مل سکتی، اور نہ اس سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ بہشت کی طرح دوزخ کو بھی غیر متناہی دوام بخشا گیا ہے،

یہی وہ آیتیں ہیں جن سے گنہگاروں کے لئے دوامِ عذاب کا مفہوم نکالا جا سکتا ہے مگر ایک ایک آیت کو غور سے پڑھو کہ اُن میں سے کسی میں بھی دوزخ کے دوامِ بقا اور عدمِ فنا یا اس کے عذاب کے عدمِ انتہا کی تصریح ہے؟ حالانکہ اس کے بالمقابل جنت کی بقاے دوام اور عدمِ انقطاع کی تصریح بار بار اور بتکرار ہے۔

ایک اور نکتہ لحاظ کے قابل ہے، اگر یہ مان بھی لیا جائے کہ خدا نے گنہگاروں کو عذاب دوزخ کی ابدیت اور دوام کی دھمکی دی ہے تاہم اس حقیقت سے چشم پوشی نہیں کرنی چاہیے کہ نیکی کا بدلہ نہ دینا یقیناً برائی ہو جس سے اللہ تعالیٰ کی قدوسیت کا دامن تمامتر پاک ہو کہ اِنَّہٗ لَا یُخۡلِفُ الۡمِیۡعَادَ (آل عمران - ۲۰) تو وہ وعدہ کے خلاف نہیں کرتا اِنَّہٗ کَانَ وَعۡدُہٗ مَاۡتِیًّا (مریم - ۴) اس کا وعدۂ جنت پورا ہی ہو گا" لیکن اگر برائی کا بدلہ حسبِ تہدید سابق برائی کے ساتھ نہ دیا جائے تو حقیقت میں خلاف وعدگی نہیں جو قابلِ ملامت ہو بلکہ اس کا نام مغفرت کرم، عطا اور عفو ہے جس کا اہل اس رحمان ورحیم اور عفو وغفور سے بڑھکر کوئی دوسرا نہیں اس لئے گنہگاروں کیسا تھ جیسا کہ اس نے فرمایا ہو اپنی حکمت ومصلحت کی بناپر وہ جو چاہے کر سکتا ہے

Marfat.com

چنانچہ مسند ابویعلی میں حضرت انس رضؓ بن مالک سے روایت ہے کہ آپ نے فرمایا کہ خدا نے کسی نیک کام پر جس ثواب کا وعدہ فرمایا ہے، وہ اس کو ضرور ہی پورا کریگا لیکن جس کسی کو اس کے کسی کام پر عذاب کی دھمکی دی ہے تو اس کو اختیار حاصل ہے۔[1]

کوئی کہہ سکتا ہے کہ اگر بالآخر گناہوں کی مغفرت اور خدا کی رحمت میں یہ وسعت اور عموم ہے کہ بڑے سے بڑے گنہگار بھی دوزخ کی آگ میں جل کر بالآخر پاک صاف اور جنت میں داخل ہونے کے قابل ہوجائیں گے، تو اشارات وکنایات کے بجائے، اُن کی معافی کی صریح تصریح کیوں نہیں کردی گئی؟ تو اس کا جواب یہ ہے کہ اگر ایسا کیا جاتا تو یہ اُن مجرموں اور گنہگاروں کے حق میں اچھا نہ ہوتا، کیونکہ اس سے اُن میں ندامت اور توبہ کے رجحان کے بجائے، خودسری گستاخی اور شوخی پیدا ہوتی اور ان میں آیندہ کے نتائجِ بد سے نڈرپن اور بے خوفی آجاتی اور ایسا ہونا تنبیہ واصلاح وتدارک کی مصلحتوں کے سراسر منافی ہوتا، اس لئے اُن کی قانونی سزا تو اللہ تعالیٰ نے دائمی عقاب مقرر فرمائی، لیکن آخر کار اُن کی نجات کو اپنی مشیئت اور علم ومصلحت کے سپرد فرما کر، اُن کو یک گونہ اپنے سے ناامید بھی نہیں ہونے دیا، اور امید وبیم کی حالت میں رکھ کر اپنے سامنے جھکنے اور محبت کرنے کا جذبہ بھی پیدا کردیا، اور یہ اس باب میں وہ عظیم الشان اصلاح ہے جس کو ایک طرف عیسائیوں نے کفارہ کی اور دوسری طرف ہندو مذاہب نے کرم کی تعلیم دیکر غارت کردیا تھا،

عیسائیوں کا یہ عقیدہ تھا کہ حضرت عیسیٰؑ کے مصلوب ہوکر جی اٹھنے پر ایمان لانے سے

[1] بحوالہ شفاء العلیل ابن قیم ص ۲۲۲، مصر،

Marfat.com

تمام گناہ دفعتاً معاف ہوجاتے ہیں، اس تعلیم نے اعمال کو غیر ضروری چیز ٹھہرا دیا تھا، اس کے برخلاف ہندو مذاہب نے خدا کو اتنا بے اختیار ٹھہرایا کہ اعمالِ بد کے نتائج جن کو کرم کہتے ہیں خدا چاہے بھی تو معاف نہیں ہوسکتے، اسلام نے اگر ترازو کے ان دونوں پلوں کو برابر کر دیا، ایک طرف فرمایا کُلُّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ رَهِينَةٌ "ہر نفس اپنے عمل کے ہاتھ میں گرو ہے" (مدثر-۲) اور دوسری طرف فرمایا يَغْفِرُ لِمَنْ يَشَاءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَشَاءُ "خدا جس کو چاہے بخش دے اور جس کو چاہے عذاب دے" (مائدہ) یعنی قانوناً ہر انسان اپنے عمل کے نتائج کا یقیناً پابند ہے مگر خدا تعالیٰ کی قدرت اور رحمت اس قانون کے باوجود جو چاہے کرسکتی ہے جس طرح اس دنیا کا حال ہے کہ گو خدا کے بنائے ہوئے قانون یہاں جاری ہیں جن کو آپ قانونِ فطرت کہتے ہیں مگر بایں ہمہ اس کا حکم اور اس کی خواہش اور مصلحت ان پر بھی حاکم ہے، اور وہ جو چاہے کرسکتا ہے اس تعلیم نے ایک طرف اعمال کو غیر ضروری ہونے سے بچالیا، اور دوسری طرف خدا کی قدرتِ تام اور رحمتِ عام کا دروازہ بھی کھلا رکھا۔

**عذابِ طویل کا سبب** بعض کم فہم یہ اعتراض کرتے ہیں کہ انسان کا گناہ تو ایک لمحہ کا کام ہے پھر اس کا عقاب اتنا طویل کیوں رکھا گیا، سال دو سال یا عمر بھر کے گناہ کی سزا صدہا اور ہزار ہا سال کے عقاب سے دینا مناسب نہیں، حالانکہ یہ لوگ اگر دنیا وی ہی واقعات پر غور کرتے تو وہ اُن کی تسکین کے لئے کافی ہوتے، دنیا کا ہر بڑے سے بڑا قانونی گناہ ایک لمحہ میں انجام پاجاتا ہے، چوری، عمل خلافِ قانون، یا کسی کو قتل کرتے کتنی دیر لگتی ہے؟ مگر اس کے معاوضہ میں سالہا سال کی قید ہم خود اپنی انسانی عدالت گاہوں میں تجویز کرتے ہیں اور اسکو خلافِ عقل نہیں کہتے۔

Marfat.com

دوسری صحیح تر مثال یہ ہے کہ انسان کو دیکھو کہ ذراسی جسمانی بدپرہیزی اور اصولِ صحت کی معمولی سی غلطی کی پاداش میں وہ کبھی ہفتوں، مہینوں، بلکہ سالہاسال بیمار رہتا ہے اور ایک مدت دراز میں جاکر کہیں اُن چند لمحوں کی غلطی کی تلافی کرپاتا ہے، اور کبھی اس معمولی غلطی کی بدولت عمر بھر اُس کے روگ میں مبتلا رہتا ہے، اور آخر میں جان دیدیتا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ گناہ اور اسکی تلافی کی مدت میں یکسانی نہیں ہوتی، بلکہ ہمیشہ غلطی کی مدت کے مقابلہ میں اسکی تلافی کی مدت صدہا اور ہزار ہاگنا زیادہ ہوتی ہے، کیونکہ طبیعت پر جو اثر پڑجاتا ہے، اسکی تلافی کی مدت، غلطی کی نوعیت، طبیعت کی صلاحیت، اور خلاقِ عالم کی مصلحت کی بناپر مختلف ہوتی ہے، اسی لئے عقاب طویل سے رہائی یا شفایابی کی مدت بھی ہر گنہگار کے لئے یکساں نہیں ہوسکتی، وَاللّٰہُ اَعْلَمُ بِحَقِیْقَۃِ الْحَالِ،

**مشرک وکافر کا انجام** | اگر یہ صحیح ہے کہ بالآخر ایک دن جہنم کی آگ سرد ہوجائیگی تو کیا اہلِ کفر وشرک بھی اپنے گناہوں سے پاک ہوکر رحم وکرم کے سزاوار ہوجائیں گے؟ جواب یہ ہے کہ

قرآنِ پاک میں اسکی تصریح موجود ہے کہ شرک وکفر کا گناہ معاف نہ ہوگا یعنی اُس کے اُخروی نتائج کی پاداش ضروری ہے اور یہ بھی معلوم ہوچکا ہے کہ شرک وکفر کی جزا دوامِ عذاب اور خلودِ نار (خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا) ہے، یعنی جب تک دوزخ قائم ہے، اُس سے اُن کو نجات نہیں مل سکتی مگر جب حسبِ مشیتِ الٰہی وہ دن آئے کہ دوزخ کی مدتِ حیات ختم ہوجائے تو اس وقت عجب نہیں کہ اُن کو بھی اس سے رہائی مل سکے،

چنانچہ مشرکین وکافرین کے ذکر میں خدا فرماتا ہے،

قَالَ النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ — فرمائیگا، دوزخ کی آگ تمہارا ٹھکانا ہے اس میں

| | |
|---|---|
| اِلَّا مَا شَاءَ اللّٰهُ اِنَّ رَبَّكَ حَكِيْمٌ | ہمیشہ رہو گے، مگر یہ کہ جو چاہے اللہ بیشک |
| عَلِيْمٌ ۝ (انعام - ۱۵) | تیرا پروردگار حکمت اور علم والا ہے، |

اس آیت کا آخری ٹکڑا خاص طور سے غور کے قابل ہے، فرمایا "تیرا رب حکمت اور علم والا ہے" اس موقع پر خدا کے لئے خاص طور سے رَبّ کا لفظ لانا، یہ معنی رکھتا ہے کہ اسکی شانِ ربوبیت اگر چاہے گی، اور اس کے غیر محدود علم و حکمت کا اقتضا ہوگا تو دوزخ کے خاتمہ پر اُن کو رہائی مل سکیگی لیکن اس میں شک ہے کہ آیا اس کے بعد بھی وہ جنت میں داخل ہو سکیں گے، کیونکہ حضرت عیسیٰ کی زبان سے قرآن میں یہ تصریحِ الٰہی ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ | یہ کہ بے شبہ اللہ کا جو شریک بنائے گا تو |
| اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ | اللہ نے اُس پر جنت حرام کر دی ہے اور |
| (مائدہ - ۱۰) | اُس کا ٹھکانا دوزخ ہے، |

نیز ایک اور آیت میں ہے،

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا | بیشک جنھوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلایا |
| عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ | اور اُن کے ماننے سے غرور کیا تو اُن کیلئے |
| وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ | آسمان کے دروازے نہیں کھولے جائیں گے |
| فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ | اور وہ جنت میں داخل نہیں ہوں گے تا آنکہ |
| (اعراف - ۵) | اونٹ سوئی کے ناکہ میں داخل ہو جائے |

الغرض خدا کے اعلان کردہ قانونِ جزا کا اقتضا تو یہی ہے کہ گو دوزخ کے عذاب کا خاتمہ

ہوجائے پر بھی جنت کے احاطہ میں ان کا گذر نہ ہو لیکن اللہ تعالیٰ کی رحمت و مغفرت کا دائرہ بہت وسیع ہے، جیسا کہ خود اُس نے اہلِ دوزخ کی نسبت کہا ہے کہ

اِلَّا مَا شَآءَ رَبُّكَ ؕ اِنَّ رَبَّكَ — وہ سدا دوزخ میں رہیں گے لیکن تیرا رب
فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ، (ھود-۹) — جو چاہے بیشک تیرا رب جو چاہے کر گذرتا ہے

اس دائرہ کی وسعت کو کون کم کرسکتا ہے کیونکہ اپنی رحمت کی وسعت کی نسبت اس نے خود

رَحْمَتِيْ وَسِعَتْ كُلَّ شَيْءٍ (اعراف۱۹) — اور میری رحمت ہر شے کو اپنی گنجائش میں لیے ہے

اس رحمتِ عام کی وسعت سے آسمان و زمین کا کون گوشہ محروم ہے؟ اس سے بڑھ کر یہ کہ پیغمبر کے جھٹلانے والوں کی نسبت خدا فرماتا ہے،

فَاِنْ كَذَّبُوْكَ فَقُلْ رَّبُّكُمْ ذُوْ — تو (اے پیغمبر) اگر وہ تجھے جھٹلائیں تو کہہ دے کہ
رَحْمَةٍ وَّاسِعَةٍ ۚ وَلَا يُرَدُّ بَاْسُهٗ — تمہارا پروردگار وسیع رحمت والا ہے اور اس کا
عَنِ الْقَوْمِ الْمُجْرِمِيْنَ (انعام-۱۰) — عذاب گنہگاروں سے ٹالا نہیں جا سکتا

یعنی کسی دوسرے میں یہ طاقت نہیں کہ اُس کے بھیجے ہوئے عذاب کو گنہگاروں کے سر سے ٹال دے، لیکن خود اس کی رحمت بڑی وسیع ہے وہ چاہے تو ان کو دنیا میں ہدایت دیکر جنت نصیب کرے، یا آخرت میں عذاب دینے کے بعد درگذر کرے وہی اس کی اصلی رحمت کا محل وہی ہے جہاں کسی دوسری رحمت کا وجود نہ ہوگا، فرمایا،

مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ — جس سے اس دن عذاب ٹالا گیا تو خدا
فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ (انعام-۲) — نے اس پر رحم کیا،

Marfat.com

صحیح بخاری ومسلم وترمذی میں ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "اگر مومن کو معلوم ہو کہ خدا کے پاس کتنا عقاب ہے تو وہ جنت سے مایوس ہو جائے اور اگر کافر کو یہ معلوم ہو کہ اس کی رحمت کتنی وسیع ہے تو وہ بھی جنت سے ناامید نہ ہو"۔ مصلح الدین سعدی نے نہایت اسی حقیقت کو اپنے ان دو شعروں میں ادا کیا ہے،

بہ تہدید اگر برکشد تیغ حکم　　بمانند کروبیاں صم و بکم

دگر در دہد یک صلائے کرم　　عزازیل گوید نصیبے برم

خود اس رحمان ورحیم کا جس کی بادشاہی آسمان وزمین کو محیط ہے، یہ ارشاد ہے کہ وہ جو چاہے کر سکتا ہے،

| | |
|---|---|
| يَغْفِرُ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ط وَلِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَاِلَيْهِ الْمَصِيْرُ، (مائدہ ع-۳) | جس کو چاہتا ہے بخش دیتا ہے، اور جس کو چاہے عذاب دیتا ہے اور آسمانوں کی اور زمین کی اور ان کے بیچ کی بادشاہی اللہ کے لیے ہے اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے؛ |

لیکن اس کی یہ مشیت جیسا کہ اس نے (انعام رکوع ۱۵) میں فرمایا ہے، اسکی وسیع حکمت ومصلحت پر مبنی ہے۔ وہ جو چاہے کر سکتا ہے، مگر کرتا وہی ہے جو اسکی مصلحت کا تقاضا ہوتا ہے؛ اس سے زیادہ اس باب میں کچھ اور کہنا حد سے آگے بڑھنا ہے کہ جس کی تصریح خود خدا تعالیٰ نے فرمائی، اس کی تصریح کا حق کسی کو کیا ہے، اس لئے مشرک و کافر کے آخر انجام کے سوال کا جواب صرف "مشیت الٰہی" ہے، جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے خود فرمایا ہے،

| | |
|---|---|
| النَّارُ مَثْوٰىكُمْ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اِلَّا مَاشَآءَ اللّٰهُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ حَكِیْمٌ عَلِیْمٌ ، (انعام - ۱۵) | دوزخ تمھارا ٹھکانا ہے، اس میں سدا رہو گے لیکن جو چاہے اللہ، بے شک تیرا پروردگار حکمت والا، اور علم والا ہے، |

جمہور کا مسلک

یہ جو کچھ کہا گیا وہ اس جماعت کا خیال ہے جو اللہ تعالیٰ کی رحمت عمومی کی معتقد ہے جمہور کا مسلک اس سے کچھ مختلف ہے، اس کے نزدیک بہشت کی طرح دوزخ بھی ہمیشہ باقی رہیگا، اور ان لوگوں کو جو شرک و کفر کے مرتکب ہوں گے کبھی دوزخ سے نجات نہیں ملیگی، اس عقیدہ کے مطابق گنہگاروں کی دو قسمیں ہیں، ایک وہ جو گو گنہگار تھے، مگر دل میں ایمان رکھتے تھے، ایسے لوگ عذاب کے بغیر ہی یا عذاب کے بعد اللہ تعالیٰ کے عفو و کرم سے سرفراز ہوکر بالآخر جنت میں داخل ہوں گے، دوسرے وہ جو ہمیشہ شرک و کفر میں مبتلا رہے، اور اس سے توبہ کئے اور ایمان لائے بغیر مر گئے، ایسے لوگوں کی بخشائش کبھی نہ ہوگی، اور وہ ہمیشہ کے لئے جہنم میں داخل کر دیے جائیں گے، ان کی گنہگاری اس درجہ ہوگی کہ وہ اللہ تعالیٰ کی رحمت کو اپنی طرف کسی طرح جذب نہ کر سکیں گے، یہ وہ زمین شور ہوں گے جس میں اس رحمت عام کی بارش بھی کوئی روئید گی پیدا نہ کرسکے گی،

رحمت عمومی کے معتقدین گذشتہ آیتوں سے جو معنی نکالتے ہیں، وہ جمہور کے نزدیک صحیح نہیں، وہ اُن کے بیان کردہ مطالب کو تاویلات کا درجہ دیتے، اور اس کی بنیادی روایات کو صحت اور قوت سے خالی جانتے، اور قرآن مجید کی حسب ذیل آیتوں سے اپنے دعوی پر استدلال کرتے ہیں۔

Marfat.com

| | |
|---|---|
| ١- اِنَّ اللّٰہَ لَعَنَ الْکٰفِرِیْنَ وَاَعَدَّ لَھُمْ | ١- بیشک خدا نے کافروں پر لعنت کی اور ان |
| سَعِیْرًا خٰلِدِیْنَ فِیْھَآ اَبَدًا (احزاب) | کے لئے وہ آگ مہیا کی جس میں وہ ہمیشہ سدا |
| ٢- وَمَنْ یَّعْصِ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ فَاِنَّ | ٢- اور جو اللہ اور اس کے رسول کی نافرمانی |
| لَہٗ نَارَ جَھَنَّمَ خٰلِدِیْنَ فِیْھَآ اَبَدًا، | کریگا تو اس کے لئے جہنم کی آگ ہے اس |
| (جن - ٢) | میں وہ ہمیشہ سدا پڑے ہیں، |
| ٣- اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَظَلَمُوْا لَمْ | ٣- بیشک جنھوں نے کفر کیا، اور حد سے |
| یَکُنِ اللّٰہُ لِیَغْفِرَ لَھُمْ وَلَا لِیَھْدِیَھُمْ | آگے بڑھے نہیں ہو کہ اللہ اُن کو بخشے اور |
| طَرِیْقًا اِلَّا طَرِیْقَ جَھَنَّمَ خٰلِدِیْنَ | نہ یہ کہ اُن کو راہ دکھاوے لیکن جہنم کی راہ |
| فِیْھَآ اَبَدًا، (نساء ع-٢٣) | اس میں وہ ہمیشہ سدا پڑے رہیں، |

ان آیتوں سے معلوم ہوا کہ اون پر ہمیشہ عذاب ہوگا، اور جب عذاب ہمیشہ ہوگا تو عذاب کی جگہ یعنی دوزخ بھی ہمیشہ قائم رہے گی،

ان آیتوں کے علاوہ اور بھی دوسری آیتیں ہیں جن سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ دوزخ کا عذاب کفار سے کبھی دور نہ ہوگا،

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَوْ اَنَّ لَھُمْ | ١- بیشک جن لوگوں نے کفر کیا، بالفرض اُنکے |
| مَا فِی الْاَرْضِ جَمِیْعًا وَّمِثْلَہٗ مَعَہٗ | پاس ساری زمین کا خزانہ ہو اور اتنا ہی |
| لِیَفْتَدُوْا بِہٖ مِنْ عَذَابِ یَوْمِ الْقِیٰمَۃِ | اس کے ساتھ اور، تاکہ وہ اس کو فدیہ دیکر |
| مَا تُقُبِّلَ مِنْھُمْ وَلَھُمْ عَذَابٌ | قیامت کے دن کے عذاب سے چھوٹ جائیں، |

| | |
|---|---|
| اَلِیْمٌ، یُرِیْدُوْنَ اَنْ یَّخْرُجُوْا مِنَ النَّارِ وَمَا هُمْ بِخٰرِجِیْنَ مِنْهَا وَلَهُمْ عَذَابٌ مُّقِیْمٌ، (مائدہ - ۶) | تو اُن سے یہ فدیہ قبول نہ کیا جائیگا اور اُن کیلئے دردناک عذاب ہے، چاہیں گے کہ دوزخ سے نکل جائیں اور وہ اس سے نہیں نکل سکیں گے، اور ان کیلئے قائم عذاب ہے |
| ۲- وَمَا هُمْ بِخٰرِجِیْنَ مِنَ النَّارِ (بقرہ - ۲۰) | ۲- وہ دوزخ سے نکل نہیں سکیں گے۔ |

قیامت کے منکروں کی نسبت فرمایا،

| | |
|---|---|
| ۳- فَالْیَوْمَ لَا یُخْرَجُوْنَ مِنْهَا وَلَا هُمْ یُسْتَعْتَبُوْنَ، (جاثیہ - ۴) | ۳- تو آج اُس (دوزخ) سے وہ نہیں نکالے جائیں گے، اور نہ اُن کا عذر سنا جائیگا |
| ۴- اَلَآ اِنَّ الظّٰلِمِیْنَ فِیْ عَذَابٍ مُّقِیْمٍ، (شوریٰ - ۵) | ۴- ہاں کافر اور مشرک قائم رہنے والے عذاب میں ہوں گے، |

ظلم کا اطلاق قرآن میں شرک پر کیا گیا ہے، اس سے معلوم ہوا کہ اہل شرک کا عذاب قائم رہیگا

| | |
|---|---|
| ۵- اِنَّ الَّذِیْنَ کَفَرُوْا وَمَاتُوْا وَهُمْ کُفَّارٌ اُولٰٓئِکَ عَلَیْهِمْ لَعْنَةُ اللّٰهِ وَالْمَلٰٓئِکَةِ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ خٰلِدِیْنَ فِیْهَا لَا یُخَفَّفُ عَنْهُمُ الْعَذَابُ وَلَا هُمْ یُنْظَرُوْنَ (بقرہ - ۱۹) | ۵- بیشک جنھوں نے کفر کیا اور اسی کفر کی حالت میں مرگئے اُن پر اللہ کی، فرشتوں کی اور آدمیوں کی سب کی لعنت ہے، اس میں وہ سدا رہیں گے اُن کے عذاب میں کمی نہیں کیجائیگی، اور نہ اُن کو مہلت دیجائیگی۔ |
| ۶- وَالَّذِیْنَ کَفَرُوْا لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ لَا یُقْضٰی عَلَیْهِمْ فَیَمُوْتُوْا وَلَا یُخَفَّفُ | ۶- اور اُن کے لئے جنھوں نے کفر کیا جہنم کی آگ ہے، تو اُن کا فیصلہ کیا جائیگا کہ وہ مرجائیں اور |

Marfat.com

عَنْهُمْ مِّنْ عَذَابِهَا (فاطر-۴)

نہ سزا میں کچھ کمی کی جائے گی،

## شرک وکفر والوں کی مغفرت کسی حال میں نہ ہوگی، فرمایا،

۷- اِنَّ اللّٰهَ لَا يَغْفِرُ اَنْ يُّشْرَكَ بِهٖ (نساء ۱۸)

۷- بیشک اللہ اسکو معاف نہ کریگا کہ اسکے ساتھ شرک کیا جائے

۸- اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ مَاتُوْا وَهُمْ كُفَّارٌ فَلَنْ يَّغْفِرَ اللّٰهُ لَهُمْ (محمد-۴)

۸- بے شبہ جنھوں نے کفر کیا، اور خدا کے راستے روکا اور اسی کفر کی حالت میں وہ مر گئے تو اُن کو ہرگز معاف نہ کیا جائے گا،

## ان کے لئے جنّت کا دروازہ ہمیشہ کے لئے بند ہے،

۹- اِنَّهٗ مَنْ يُّشْرِكْ بِاللّٰهِ فَقَدْ حَرَّمَ اللّٰهُ عَلَيْهِ الْجَنَّةَ وَمَاْوٰىهُ النَّارُ (مائدہ-۱۰)

۹- یقیناً جو خدا کے ساتھ شرک کریگا تو اللہ نے اوس پر جنت حرام کردی اور اس کا ٹھکانا دوزخ ہے

۱۰- اِنَّ الَّذِيْنَ كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا وَاسْتَكْبَرُوْا عَنْهَا لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ اَبْوَابُ السَّمَاۤءِ وَلَا يَدْخُلُوْنَ الْجَنَّةَ حَتّٰى يَلِجَ الْجَمَلُ فِيْ سَمِّ الْخِيَاطِ (اعراف-۴)

۱۰- بیشک جنھوں نے ہماری حکموں کو جھٹلایا اور اُن کے ماننے سے سرکشی کی، اُن کے لئے آسمان کے دروازے کھولے نہ جائیں گے، اور نہ جنت میں وہ داخل ہوں گے تا آنکہ اونٹ سوئی کے ناکے میں

۱۱- وَلَا يَحْزُنْكَ الَّذِيْنَ يُسَارِعُوْنَ فِي الْكُفْرِ ۚ اِنَّهُمْ لَنْ يَّضُرُّوا اللّٰهَ شَيْـًٔا ۭ يُرِيْدُ اللّٰهُ اَلَّا يَجْعَلَ لَهُمْ حَظًّا فِي الْاٰخِرَةِ ۚ وَلَهُمْ عَذَابٌ عَظِيْمٌ (آل عمران)

۱۱- اور (اے پیغمبر) تجھے وہ لوگ جو کفر میں جلدی کرتے ہیں غم میں نہ ڈالیں، وہ ہرگز خدا کا کچھ نہیں بگاڑ سکتے، خدا چاہتا ہے کہ اُن کے لئے آخرت میں کوئی حصہ نہ بنائے اور اُن کے لئے بڑا عذاب ہے

Marfat.com

اس قسم کی اور بھی بہت سی آیتیں ہیں جن سے ثابت ہوتا ہے کہ جو لوگ مرتے دم تک شرک وکفر میں مبتلا رہے اور توبہ نہیں کی اُن کا گناہ بخشا نہ جائیگا اور وہ جنت میں کبھی داخل نہ ہوسکیں گے بلکہ ہمیشہ دوزخ کے عذاب میں پڑے رہیں گے جہاں نہ اُن کے عذاب میں کبھی تخفیف ہوگی اور نہ اُن کو موت آئے گی۔

تصویر کے دونوں رُخ آپ کے سامنے آگئے۔

ع بیا کایں داوریہا را بہ پیش داور اندازیم

بہشت و دوزخ کی جزا و سزا بھی تمثیلی ہے

اور یہ عالم برزخ کے ذکر میں ہم تفصیل بتا چکے ہیں کہ آخرت میں جزا و سزا تمامتر تمثیلی ہوگی، اس تمثیلی کے دو معنی ہیں، ایک یہ کہ جیسا عمل ہوگا اسی کے مناسب مشابہ اس کی جزا یا سزا ہوگی مثلاً قرآن میں ہے کہ جو زکوٰۃ یعنی اپنے مال کا میل کچیل مستحقین کو کھانے کے لئے نہ دیگا تو اُس کو دوزخ میں زخموں کا دھوون کھانے کو ملیگا، یا یہ کہ جو خدا کی راہ میں اپنی جان دیگا مرنے کے بعد اُسکو جانِ تازہ اور حیاتِ نو بخشی جائے گی۔ وہ دولتمند جس کو دھوپ کی تپش سے بچنے کیلئے قصر و محل اور پینے کے لئے ٹھنڈے سے ٹھنڈا پانی اور عزت کی جگہ عنایت کی گئی تھی اگر اس نے دنیا میں ان نعمتوں کے ملنے کا حق اس دنیا میں ادا نہ کیا تو دوسری دنیا میں اُسکو یہ سامان ملیگا

| | |
|---|---|
| فِیْ سَمُوْمٍ وَّحَمِیْمٍ ۙ وَّظِلٍّ مِّنْ یَّحْمُوْمٍ ۙ | وہ لو اور کھولتے پانی میں، دھوئیں کے سایہ میں |
| لَّا بَارِدٍ وَّلَا کَرِیْمٍ ۔ اِنَّھُمْ کَانُوْا قَبْلَ | نہ ٹھنڈا، نہ باعزت، بے شک وہ پہلے از |
| ذٰلِکَ مُتْرَفِیْنَ ج صلے (واقعہ-۲) | نعمت میں تھے۔ |

۱؎ حدیث میں ہے کہ زکوٰۃ مسلمانوں کی دولت کا میل ہے۔

Marfat.com

رؤیائے برزخ کی حدیث میں ہے کہ آپ نے کچھ ایسے لوگوں کو دیکھا جن کا آدھا دھڑ خوبصورت اور آدھا بدصورت تھا، یہ وہ تھے جن کے کچھ کام اچھے اور برے تھے، اس لئے بداعمالی بصورتی اور نیکی خوبصورتی کے رنگ میں نمایاں ہوئی، صریح طور سے یہ اصول ان حدیثوں سے مستنبط ہوتا ہے

۱۔ حضرت ابوسعید خدریؓ سے روایت ہے کہ جو مومن خود بھوکا رہ کر کسی دوسرے بھوکے مومن کو کھلائے گا تو خدا اس کو جنت کے پھل کھلائیگا، اور جو پیاسا ہو کر کسی دوسرے پیاسے کو پلائیگا تو خدا اس کو جنت میں شراب طہور پلائیگا، اور جو کوئی کپڑوں کا حاجتمند ہو کر ننگے کو پہنائیگا تو خدا اس کو جنت کے سبز جوڑے پہنائیگا۔" (ترمذی کتاب الزہد والرقاق ص ۴۴۴)

۲۔ حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "جو کوئی کسی مسلمان کی دنیاوی تکلیفوں میں سے کسی کو دور کریگا تو اللہ تعالیٰ قیامت کے دن اسکی تکلیف دور فرمائیگا، اور جو کوئی کسی نادار کو یہاں کسی مصیبت میں پھنسائیگا تو اللہ تعالیٰ دنیا و آخرت میں اسکو مصیبت میں مبتلا فرمائیگا اور کسی مسلمان کی ستر پوشی کریگا تو خدا دنیا و آخرت میں اسکی ستر پوشی کریگا اور جو کوئی اپنے بھائی کی مدد میں جبتک رہیگا خدا اس وقت تک اسکی مدد میں رہیگا۔" (ترمذی ص ۳۲۳)

۳۔ "جو انسانوں پر رحم کریگا خدا اس پر رحم فرمائیگا۔" (ترمذی)

تمثیل کے دوسرے معنی یہ ہیں کہ جو امور معنوی اور غیر مجسم ہیں، وہ اپنی مناسب مثالی شکل وصورت میں ظاہر ہوں گے، مثلاً

۱۔ قرآن میں ہے کہ "جو اس دنیا میں حقیقت بینی سے اندھا ہوگا، وہ آخرت میں بھی اندھا ہوگا" دیکھو کہ دنیا کی معنوی قلبی نابینائی دوسرے عالم میں ظاہری جسمانی نابینائی کی شکل میں ظاہر ہوگی۔

؎ صحیح بخاری کتاب التعبیر

Marfat.com

۲۔ حدیث میں ہے کہ اہل تکبر قیامت کے دن چیونٹیاں بنا کر اٹھائے جائیں گے، جن پر ہر طرف سے ذلت و خواری چھائی پھر گی[1]" دیکھو کہ تکبر کی جزا، ذلت و خواری سے ملے گی، اور چونٹیوں سے زیادہ حقیر و ذلیل کوئی ہستی نہیں، اس لئے اُن کی بڑائی اور تکبر کا معاوضہ یہ ہوگا کہ وہ چیونٹی بن کر اٹھیں۔

۳۔ اسی طرح آپ نے فرمایا کہ "جو بخل کریگا، قیامت میں اُس کا مال سانپ بن کر اُس کو ڈسیگا[2]" صفتِ بخل اس کے حق میں اسی سانپ کی صورت اختیار کر کے اسکی تکلیف کا باعث ہوگی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے یہ بھی فرمایا کہ "جو شخص بلا وجہ بھیک مانگ کر اپنی آبروریزی کرتا ہے، قیامت میں وہ اٹھے گا تو اُس کے منہ پر گوشت نہ ہوگا[3]" دیکھو کہ دنیاوی بے شرمی و بیحیائی بے گوشت چہرہ کی صورت میں ظاہر ہوگی۔ اسی طرح یہ بھی فرمایا کہ "دو بیبیوں کا وہ شوہر جو ایک کا حق ادا کرتا اور دوسری سے غفلت برتتا تھا، قیامت میں اسی طرح آئیگا کہ اس کا ایک پہلو (گویا مفلوج ہو کر) جھک گیا ہوگا[4]" ایک پہلو کا عدم ادائی حق اپنی تمثیلی صورت میں ایک پہلو کی مفلوجی کیفیت میں نمودار ہوگا، یہ چند حوالے ذکر کئے گئے ہیں، ان ہی پر جزا و سزا کے اور دوسرے جزئیات کو قیاس کرنا چاہیے، اس مسئلہ کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے حسب ذیل آیتوں پر غور کرنا چاہیے

| | |
|---|---|
| وَمَنْ اَعْرَضَ عَنْ ذِكْرِیْ فَاِنَّ لَـهٗ | جس نے میری یاد سے منہ پھیرا تو اسکو تنگ |
| مَعِيْشَةً ضَنْكًا وَّنَحْشُرُهٗ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ | گذران ملتی ہے اور قیامت کے دن ہم اُس کو |
| اَعْمٰى ، قَالَ رَبِّ لِمَ حَشَرْتَنِيْٓ | اندھا اٹھائیں گے، وہ کہیگا اے میرے پروردگار |
| اَعْمٰى وَقَدْ كُنْتُ بَصِيْرًا، قَالَ | تو نے مجھے اندھا کیوں اٹھایا میں تو دیکھتا تھا |

[1] ترمذی کتاب الزہد والرقاق ص ۱۴ [2] صحیح بخاری کے الفاظ یہ ہیں مثل لہ مالہ شجاعاً اقرع [3] ترمذی [4] ایضاً

كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا وَ كَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ، (طٰهٰ - ۷)

فرمائے گا، اسی طرح میری آیتیں تیرے پاس آئیں تو تونے اُن کو بھلا دیا، ایسے ہی آج تو بھلا یا جائے گا،

دیکھو کہ دل کی نابینائی، قیامت میں ظاہری نابینائی، اور یہاں خدا کو بھولنا، اور اُس کے احکام کو یاد نہ کرنا، وہاں رحمتِ الٰہی کی یاد سے بھول کی شکل میں نمودار ہوگا،

**دوزخ کی جسمانی سزائیں**

دوزخ میں جسمانی اور روحانی دونوں سزائیں ملیں گی، قرآن پاک میں جن جسمانی سزاؤں کا ذکر ہے وہ حسبِ ذیل ہیں:

۱- آتشِ دوزخ اور اُس کی سوزش کا ذکر بار بار آیا ہے، بلکہ اَلنَّارُ یعنی آگ گویا دوزخ کا دوسرا نام ہے، ان ہی معنوں میں اَلسَّعِيْرُ یعنی جلتی آگ بھی بارہا مستعمل ہوا ہے اور عَذَابُ الْحَرِيْقِ (جلن کا عذاب) بھی دو چار جگہ کہا گیا ہے، اور ایک جگہ یہ بھی ہے کہ

تَلْفَحُ وُجُوْهَهُمُ النَّارُ وَهُمْ فِيْهَا كَالِحُوْنَ ، (مومنون - ۶)

ان کے چہروں کو دوزخ کی آگ جھلس دیگی اور اُن کی صورتیں اس میں بگڑ جائیں گی'

دوزخ کا ایک اور نام سقر ہے جس کے متعلق یہ ہے کہ

وَمَا اَدْرٰكَ مَا سَقَرُ ، لَا تُبْقِيْ وَ لَا تَذَرُ ج لَوَّاحَةٌ لِّلْبَشَرِ (مدثر - ۱)

اور تمہیں کیا معلوم سقر کیا ہے، نہ وہ رحم کھائیگی نہ چھوڑیگی، چہروں کی جھلس دینے والی۔

كَلَّا ط اِنَّهَا لَظٰى لا نَزَّاعَةً لِّلشَّوٰى ، (معارج - ۱)

ہرگز نہیں وہ شعلہ والی آگ ہے منہ کی کھال ادھیڑنے والی ،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| اِنَّهَا تَرْمِيْ بِشَرَرٍ كَالْقَصْرِ ج كَاَنَّهٗ | دوزخ محل کے برابر اونچی چنگاریاں اتنی |
| جِمٰلَتٌ صُفْرٌ ط (مرسلات۔۱) | بڑی پھینکے گی جیسے زرد رنگ کے اونٹ |

۲۔ وہاں سایہ نہ ہوگا بلکہ یہ حکم ہوگا،

| | |
|---|---|
| اِنْطَلِقُوْٓا اِلٰى ظِلٍّ ذِيْ ثَلٰثِ شُعَبٍ | چلو ایک چھاؤں کی طرف جس کی تین پھانکیں |
| لَّا ظَلِيْلٍ وَّلَا يُغْنِيْ مِنَ اللَّهَبِ (مرسلات ۱) | ہوں گی، نہ گھن کی چھاؤں اور نہ تپش میں کام |

۳۔ وہاں ٹھنڈک نہ ہوگی

| | |
|---|---|
| لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا | اُس میں وہ نہ ٹھنڈک کا مزہ چکھیں گے |
| (نبا۔۱) | اور نہ کسی پینے کی چیز کا، |

۴۔ دوزخ میں نہ موت آئے گی کہ چین آجائے، اور نہ ایسی زندگی ہی ہوگی جس میں کوئی مسرت ہو، دوجگہ فرمایا،

| | |
|---|---|
| لَا يَمُوْتُ فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى (طه واعلی) | وہاں وہ نہ مرے گا نہ جئے گا، |

۵۔ پینے کو گرم پانی ملیگا جس سے آنتیں نکل پڑیں گی،

| | |
|---|---|
| وَسُقُوْا مَآءً حَمِيْمًا فَقَطَّعَ اَمْعَآءَهُمْ | اور وہ گرم پانی پلائے جائیں گے تو وہ |
| (محمد۔۲) | پانی اُن کی آنتوں کو ٹکڑے کر دیگا، |

۶۔ اور پیپ پئیں گے،

| | |
|---|---|
| اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا، (نبا۔۱) | لیکن کھولتا پانی اور پیپ، |

۷۔ اُن کے اوپر سے گرم پانی چھوڑ جائے گا۔

يُصَبُّ مِنْ فَوْقِ رُءُوْسِهِمُ الْحَمِيْمُ (حج) — ان کے سروں کے اوپر گرم پانی ڈالا جائیگا،

۸ - کھانے کو سینڈھے کا پھل ملے گا،

اَمْ شَجَرَةُ الزَّقُّوْمِ ........ — یا سینڈھے کا پھل ........

اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخْرُجُ فِيْٓ اَصْلِ الْجَحِيْمِ — ........ وہ ایک درخت

طَلْعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوْسُ الشَّيٰطِيْنِ — ہے دوزخ کی جڑ میں اُس کے شگوفے

فَاِنَّهُمْ لَاٰكِلُوْنَ مِنْهَا فَمَالِئُوْنَ — جیسے شیطانوں کے سر، تو وہ کھائیں گے

مِنْهَا الْبُطُوْنَ، ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا — اور اس سے پیٹ بھریں گے، پھر اس

لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ (والصّٰفّٰت-۲) — پر گرم پانی کی ملونی ہوگی،

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوْمِ، طَعَامُ الْاَثِيْمِ — سینڈھے کا درخت گنہگار کی غذا ہے جیسے پگھلا

كَالْمُهْلِ يَغْلِيْ فِي الْبُطُوْنِ كَغَلْيِ الْحَمِيْمِ (دخان ۲) — تانبا، وہ پیٹوں میں کھولتا ہے جیسے کھولتا پانی

۹ - خاردار جھاڑی کی خوراک ہوگی جس سے بدن کو کوئی فائدہ نہ ہوگا،

لَيْسَ لَهُمْ طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ — اور اُن کے لیے کوئی کھانا نہ ہوگا لیکن

لَّا يُسْمِنُ وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ — خاردار جھاڑی جو نہ موٹا کرے گی، اُور

(غاشیہ - ۱) — نہ بھوک سے بے پروا کرے گی۔

۱۰ - زخموں کے دھوون کی خوراک ملے گی،

وَلَا طَعَامٌ اِلَّا مِنْ غِسْلِيْنٍ (حاقہ - ۲) — اور نہ کوئی کھانا، مگر زخموں کا دھوون،

۱۱ - کھانا نگلا نہ جائے گا،

Marfat.com

وَطَعَامًا ذَا غُصَّةٍ (مزمل ۔۱) اور گلے میں اٹکنے والا کھانا،

۱۲۔ آگ کے کپڑوں کا لباس ہوگا،

فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا قُطِّعَتْ لَهُمْ ثِيَابٌ مِّنْ نَّارٍ، (حج ۔۲) کافروں کے لئے آگ کے کپڑے قطع ہوں گے،

۱۳۔ لوہے کے ہتھوڑے پڑیں گے،

وَلَهُمْ مَّقَامِعُ مِنْ حَدِيْدٍ (حج ۔۲) اور ان کے لئے لوہے کے ہتھوڑے ہیں،

۱۴۔ گلے میں طوق اور زنجیریں،

اِذِ الْاَغْلٰلُ فِيْ اَعْنَاقِهِمْ وَالسَّلٰسِلُ يُسْحَبُوْنَ (مومن ۔۸) جب اُن کی گردنوں میں طوق اور زنجیریں ہوں گی، وہ کھینچے جائیں گے،

اِنَّآ اَعْتَدْنَا لِلْكٰفِرِيْنَ سَلٰسِلَاۡ وَاَغْلٰلًا وَّسَعِيْرًا، (دھر ۔۱) ہم (خدا) نے کافروں کے لئے زنجیریں اور طوق اور آگ تیار رکھی ہے،

مُقَرَّنِيْنَ فِي الْاَصْفَادِ (ابراهیم ۔۷) وہ زنجیروں میں جکڑے ہوئے۔

**دوزخ میں روحانی سزائیں** ان جسمانی سزاؤں کے ساتھ روحانی سزائیں بھی ہوں گی جو اہل نظر کی نگاہوں میں اُن سے بھی بڑھ کر ہیں، چنانچہ دوزخ کی وہ آگ جس کی گرمی اور سوزش کا حال اوپر گذر چکا، وہ دل کو جاکر جھانکے گی، فرمایا،

نَارُ اللّٰهِ الْمُوْقَدَةُ الَّتِيْ تَطَّلِعُ عَلَى الْاَفْئِدَةِ، (همزہ ۔۱) سلگائی ہوئی اللہ کی آگ، جو دلوں کو جھانکے گی،

| | |
|---|---|
| وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ | اور جب عذاب کو دیکھیں گے تو اپنی |
| (یونس-٦) | پشیمانی کو چھپائیں گے، |
| یٰحَسْرَتٰی عَلٰی مَا فَرَّطْتُّ فِیْ جَنْبِ | اے حسرت اس پر کہ میں نے خدا کے |
| اللّٰهِ، (زمر،٦) | پہلو میں کمی کی، |
| كُلَّمَآ اَرَادُوْٓا اَنْ يَّخْرُجُوْا مِنْهَا | وہ جب جب دوزخ سے غم کی وجہ سے |
| مِنْ غَمٍّ، (حج-٢) | نکلنا چاہیں، |

ذلت کا عذاب،

| | |
|---|---|
| فَالْيَوْمَ تُجْزَوْنَ عَذَابَ الْهُوْنِ | تو آج ذلت کے عذاب کا بدلہ دیئے |
| (احقاف-٢) | جاؤگے، |

اس افسوس وحسرت وندامت سے بڑھکر یہ کہ اُن کو معذرت پیش کرنے کی بھی اجازت نہ ہوگی،

| | |
|---|---|
| لَا تَعْتَذِرُوا الْيَوْمَ (تحریم-٢) | آج معذرت نہ پیش کرو، |

اللہ عزوجل سے مکالمہ کا شرف اُن کو نہ ملیگا، جب وہ بات کرنا چاہیں گے تو وہ فرمائیگا،

| | |
|---|---|
| اِخْسَئُوْا فِيْهَا وَلَا تُكَلِّمُوْنِ، | ذلیل ہو اس دوزخ میں، اور مجھ سے |
| (مومنون-٦) | بات نہ کرو، |

سب سے بڑھکر یہ کہ اللہ تعالیٰ کے جلوہ سے محروم رہیں گے،

| | |
|---|---|
| كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَئِذٍ | ہرگز نہیں، وہ اس دن اپنے رب سے پردہ |
| لَمَحْجُوْبُوْنَ، (تطفیف) | میں ہوں گے، |

Marfat.com

اُن میں سے جنھوں نے اس دنیا میں اپنے پروردگار کو بھلا دیا تھا، اُس دن وہ بھی اُن کو اپنی رحمت و شفقت کی یاد سے بھلا دے گا، فرمایا

كَذٰلِكَ اَتَتْكَ اٰيٰتُنَا فَنَسِيْتَهَا وَكَذٰلِكَ الْيَوْمَ تُنْسٰى ، ( طٰهٰ - ۷ )

اسی طرح ہماری آیتیں تیرے پاس آئیں تو تو نے اُن کو بھلا دیا، ایسے ہی آج تو بھی

ایسے دوزخی بھی ہوں گے جو اللہ تعالیٰ کی نگاہ کرم سے بھی محروم رہیں گے، وہ ان کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہ دیکھے گا، نہ اُن سے کچھ بات کرے گا، اور نہ اُن کی اصلاح حال کی کوئی فکر کرے گا، یہ حقیقت میں شفیق و مہربان رب کی انتہائی ناراضی کی تصویر ہے، اس درد کے احساس کو وہی کچھ سمجھ سکتے ہیں جو عشق و محبت کے زخم خوردہ ہیں، فرمایا:

اِنَّ الَّذِيْنَ يَشْتَرُوْنَ بِعَهْدِ اللّٰهِ وَاَيْمَانِهِمْ ثَمَنًا قَلِيْلًا اُولٰٓئِكَ لَا خَلَاقَ لَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ اللّٰهُ وَلَا يَنْظُرُ اِلَيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيْهِمْ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ، ( آل عمران - ۸ )

جو لوگ اللہ کے عہد اور اپنی (جھوٹی) قسموں کے ذریعہ سے تھوڑی سی دولت خریدا کرتے ہیں آخرت میں ان کا کوئی حصہ نہیں، نہ قیامت میں خدا ان سے بات کرے گا، نہ اُن کی طرف دیکھے گا نہ اُن کو سنوارے گا، اور اُن کے لئے دردناک عذاب ہے،

Marfat.com

# جنّت

**جنت کے نام** اُس مقام کا نام جو نیکوکار انسانوں کا دائمی گھر ہوگا، قرآن پاک میں عموماً اَلْجَنَّةُ (باغ) بتایا گیا ہے، اور کبھی کبھی اس کو مناسب اضافتوں کے ساتھ بھی ادا کیا گیا ہے مثلاً جَنَّةُ النَّعِيْمِ (نعمت کا باغ) جَنَّةُ الْخُلْدِ (بقائے دوام کا باغ) جَنّٰتُ عَدْنٍ (دائمی سکونت کے باغ) جَنَّةُ الْمَاْوٰى (پناہ کا باغ) ان کے علاوہ اور دوسرے لفظوں سے بھی اس کی تعبیر کی گئی ہے مثلاً فِرْدَوْسٌ (باغ) رَوْضَةٌ (چمن) دَارُ الْخُلْدِ (ہمیشگی کا گھر) دَارُ الْمُقَامَةِ (قیام کا گھر) دَارُ السَّلَامِ (امن وسلامتی کا گھر)

**جنّت کا دوام** اس موجودہ دنیا میں بھی گو لذتیں اور مسرتیں ہیں، مگر جو چیز یہاں نہیں ہے وہ بقائے دوام ہے، یہاں کی ہر لذت عارضی، اور ہر مسرت آنی ہے یہاں خوشی کا کوئی ایسا ترانہ نہیں جس کے بعد غم و ماتم کا نالہ نہ ہو، یہاں ہر پھول کے ساتھ کانٹے، ہر روشنی کے ساتھ تاریکی ہر وجود کے ساتھ فنا، ہر سیری کے بعد بھوک، ہر سیرابی کے بعد پیاس اور ہر غنا کے بعد محتاجی ہے، انسان ہزاروں مشکلیں اٹھانے اور ہزاروں صدمے سہنے کے بعد ایک مسرت کا پیام سنتا ہے اور خوشی کا منظر دیکھتا ہے، مگر ابھی اس سے سیر ہونے کی بھی نوبت نہیں آتی کہ اُس کا خاتمہ ہو جاتا ہے، غرض اس موجودہ عالم فانی کی ہر شے آنی جانی ہے، اور یہی یہاں کی سب سے بڑی کمی ہے،

Marfat.com

لیکن جنت اُس مملکت کا نام ہے، جہاں کی لذتیں جاودانی، اور جہاں کی مسرتیں غیر فانی ہیں، جہاں حیات ہے مگر موت نہیں، راحت ہو مگر تکلیف نہیں، لذت ہے مگر الم نہیں مسرت ہے مگر غم نہیں، جہاں وہ سکون ہے جس کے ساتھ اضطراب نہیں، اور وہ شادمانی ہو جس کے بعد حزن و اندوہ نہیں، شیطان نے حضرت آدمؑ کے سامنے جنت کا جو نقشہ کھینچا تھا، وہ بالکل صحیح تھا، اس نے کہا، اے آدم!

هَلْ اَدُلُّكَ عَلٰى شَجَرَةِ الْخُلْدِ وَ مُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ، (طٰه - ۷)

کیا میں تجھے سدا جینے کا درخت اور وہ بادشاہی بتاؤں جس کو فنا نہیں،

مگر جنت کا یہ وصف سُنا کر اُن کو جدھر کا راستہ بتایا، وہ موت کے درخت اور فنا کے ملک کی طرف کا تھا، اور یہی وہ فریب تھا جس میں آدم گرفتار ہوئے، چنانچہ اسی جنتی زندگی کی تلاش میں وہ چیز کھالی جو اُن کے حق میں زہر تھی، یعنی گناہ کا پھل، نتیجہ یہ ہوا کہ جنۃ الخلد اور غیر فانی ملک سے نکل کر اُن کو اس فنا کے ملک میں آنا پڑا، اور پھر اس جنۃ الخلد اور غیر فانی ملک کا استحقاق اُن کے اور اُن کی نسل کے اعمالِ صالحہ کا صلہ قرار پایا، چنانچہ فرمایا:

اَمْ جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِىْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ، (فرقان - ۲)

یا ہمیشگی کا باغ جس کا وعدہ پرہیزگاروں سے کیا گیا جو اُن کا صلہ ہوگا، اور واپسی کی جگہ،

یہ ہمیشگی کا باغ وہ غیر فانی مملکت ہو جہاں کا آرام دائم اور جہاں کی سلامتی ابدی، جہان کی لذت بے انتہا جہاں کی زندگی غیر منقطع، جہان کا سرور غیر مختتم، اور جہان کا عیش جاوداں ہو،

Marfat.com

چنانچہ اس کی تصریح قرآن پاک کی سولہ آیتوں میں مختلف طریقوں سے کی گئی ہے، فرمایا،

١۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا ۭ وَعْدَ اللّٰهِ حَقًّا ۭ وَمَنْ اَصْدَقُ مِنَ اللّٰهِ قِيْلًا، (نساء ۱۸)

١۔ اور جو ایمان لائے اور اچھے عمل کئے ہم اُن کو باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، وہ اُن میں ہمیشہ کے لئے رہ پڑیں گے، اللہ کا وعدہ سچا ہے، اور اللہ سے زیادہ کس کی بات سچی ہوگی،

اس تاکید پر تاکید، اور پر زور طریقۂ تعبیر پر نظر ڈالئے کہ صرف "خلود" پر اکتفا نہیں کی، بلکہ ساتھ ہی اَبَدًا فرما کر اس خلود کو غیر فانی اور قیام کو ابدی ظاہر فرمایا، اس پر بھی بس نہ کی، بلکہ یہ بھی اضافہ کیا کہ یہ اللہ کا سچا وعدہ ہے، پھر مزید تاکید کا اضافہ کیا کہ "اور اللہ سے زیادہ سچی بات کس کی ہو سکتی ہے"؟ اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ خلودِ جنت اور بقائے غیر فانی کی قطعیت کتنی ہے،

٢۔ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ سَنُدْخِلُهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا (نساء۔ ۸)

٢۔ اور جو ایمان لائے، اور اچھے عمل کئے ہم اُن کو اُن باغوں میں داخل کریں گے جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، ان میں وہ ہمیشہ رہا کریں گے،

٣۔ لَهُمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَآ اَبَدًا (مائدہ ۱۶)

٣۔ ان کے لئے وہ باغ ہیں جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں، وہ ان میں ہمیشہ رہا کریں گے،

٤۔ وَجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ

٤۔ اور اللہ ان کو خوشخبری دیتا ہے کہ ان کے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ | یہ وہ باغ ہیں جن میں ہمیشہ کا آرام ہو، |
| (توبہ - ۳) | اور جن میں وہ ہمیشہ رہا کریں گے، |
| ۵ - وَاَعَدَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ | ۵ - اور اُن کے لئے وہ باغ مہیا کئے ہیں |
| تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ | جن کے نیچے نہریں رواں ہیں، وہ ان میں ہمیشہ |
| (توبہ - ۱۳) | رہا کریں گے۔ |
| ۶ - وَیُدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ | ۶ - اس کو ان باغوں میں داخل کرے گا |
| تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ | جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی، اُن میں |
| (تغابن - ۱) | وہ ہمیشہ رہا کریں گے، |
| ۷ - وَمَنْ یُّؤْمِنْ بِاللّٰهِ وَیَعْمَلْ | ۷ - اور جو اللہ پر ایمان لائے، اور |
| صَالِحًا یُّدْخِلْهُ جَنّٰتٍ تَجْرِیْ مِنْ | نیک کام کریں اُس کو وہ اُن باغوں |
| تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ | میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں |
| قَدْ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَهٗ رِزْقًا ، | بہتی ہیں، ان میں وہ ہمیشہ رہا کریں گے |
| (طلاق - ۲) | اللہ نے اس کو روزی خوب دی، |
| ۸ - جَزَآؤُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتُ | ۸ - اُن کی مزدوری اُن کے رب کے حضور |
| عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ | میں بسنے کے وہ باغ ہیں جن کے نیچے |
| خٰلِدِیْنَ فِیْهَآ اَبَدًا ؕ (بینہ - ۱) | نہریں بہتی ہیں جن میں وہ ہمیشہ رہا کریں گے |

یہ آیتیں وہ ہیں جن میں اہلِ جنت کو جنت میں خلودِ ابدی کی قطعی بشارت سنائی گئی ہے

Marfat.com

ان کے علاوہ وہ آیتیں ہیں جن میں جنت کی راحتوں اور لذتوں کی ابدیت اور دوام کی خبر دی گئی ہے فرمایا،

٩۔ وَيُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِيْنَ الَّذِيْنَ يَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا حَسَنًا ۙ مَّاكِثِيْنَ فِيْهِ اَبَدًا ۙ (کہف ۔۱)

٩۔ اور اُن مومنوں کو بشارت دیگا جنھوں نے اچھے کام کئے کہ اُن کے لئے اچھی مزدوری ہے جس میں وہ ہمیشہ قیام پذیر رہیں گے،

سورہ ص میں جنت کی اکثر نعمتوں کے بیان کے بعد ہے،

١٠۔ هٰذَا مَا تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ۝ اِنَّ هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ۝ (ص ۔۴)

١٠۔ یہ وہ ہے جس کا حساب کے دن تم کو دینے کا وعدہ کیا جاتا ہے بےشبہ یہ ہماری روزی ہوگی جس کو ختم ہونا نہیں ہے،

١١۔ وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا فَفِي الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرْضُ اِلَّا مَا شَاۗءَ رَبُّكَ ۭ عَطَاۗءً غَيْرَ مَجْذُوْذٍ (ھود ۔۹)

١١۔ اور لیکن جو خوش قسمت ہوں تو وہ جنت میں رہا کریں گے جبتک آسمان اور زمین ہیں لیکن جو تیرا رب چاہے وہ بخشش ہوگی جو منقطع نہ ہوگی،

یعنی خدا کی مشیت کے سوا ان کو اس جنت سے کوئی الگ نہ کرسکے گا لیکن اس کی مشیت یہی ہوگی کہ اُن کے لئے اُس کی یہ بخشش دائمی اور غیر منقطع طریقہ سے ہمیشہ قائم رہے پھر جس کے متعلق اُس کی مشیت کا یہ اعلان ہو، وہ فنا کیونکر ہوسکے گی،

١٢۔ وَجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ (توبہ ۔۳)

١٢۔ اور وہ باغ جن میں ان کے لئے قائم رہنے والی نعمت ہوگی،

Marfat.com

١٣- اُكُلُهَا دَآئِمٌ وَّظِلُّهَا (رعد ۵)
١٣- جنت کا میوہ اور اس کا سایہ دائمی ہے

١٤- وَفَاكِهَةٍ كَثِيرَةٍ لَّا مَقْطُوعَةٍ وَّلَا مَمْنُوعَةٍ (واقعہ - ١)
١٤- اور بہت سے میوے جن کا نہ انقطاع ہوگا، اور نہ جن کی روک ہوگی،

١٥- اِلَّا الَّذِينَ اٰمَنُوا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُونٍ (تین)
١٥- لیکن جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کئے اُن کے لئے وہ مزدوری ہے جس کا سلسلہ کبھی ختم نہ ہوگا،

فنائے راحت اور انقطاعِ مسرت کی دو صورتیں ہیں، ایک یہ کہ راحت و مسرت کے اسباب کا خاتمہ ہوجائے، اور دوسرے یہ کہ خود لذت اٹھانے والے کی زندگی کا خاتمہ ہوجائے، پہلی صورت کی نفی تو گذشتہ آیتوں میں کر دی گئی کہ راحت و مسرت کے اسباب کا وہاں خاتمہ نہ ہوگا، اب رہ گئی دوسری صورت تو گو خَالِدِينَ اَبَدًا کہکر اس کی نفی بار بار کی جا چکی ہے، مگر ایک جگہ بتصریح یہ کہدیا گیا ہے کہ اس احاطہ میں موت کا گذر نہ ہوگا فرمایا،

١٦- لَا يَذُوقُونَ فِيهَا الْمَوْتَ اِلَّا الْمَوْتَةَ الْاُولٰى ج (دخان ٣)
١٦- جنت میں جانیوالے پہلی موت کے سوا پھر موت کا مزہ نہیں چکھیں گے،

لیکن ایک تیسری صورت یہ بھی ممکن تھی کہ مسرت کے اسباب بھی دائم رہیں، اور اہل جنت کی زندگی بھی دائم ہو، مگر کچھ دنوں کے بعد ان کو وہاں سے نکال کر الگ کر دیا جائے، تو اس کی تصریح بھی فرمادی کہ یہ بھی ممکن نہ ہوگا کہ کوئی اہل جنت کو ان کے عیش و راحت کی منزل گاہوں سے باہر نکال سکے، فرمایا،

Marfat.com

لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ‎ (حجر - ۴) — وہاں ان کو کوئی غم نہ چھوئے گا، اور نہ وہ اس میں سے نکالے جائیں گے،

یہ بھی ممکن ہے کہ خود اہلِ جنت اس سے گھبرا کر نکل آئیں تو فرمایا کہ اُن کی جبلت و فطرت ایسی ہوگی کہ وہ خود بھی اس مہمان خانۂ الٰہی سے نکلنا پسند نہیں کریں گے، فرمایا،

خَالِدِيْنَ فِيهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ، (کہف - ۱۲) — سدا رہیں گے اس میں، اس سے منتقل ہونا نہ چاہیں گے،

دوام و بقا اور تسلسل و عدم انقطاع کی اس تو بر تو تاکید اور اصرار سے اندازہ ہوگا کہ اسبابِ مسرت کی بقا، راحت کا دوام اور زندگی کا تسلسل جنت کی اصلی خصوصیت ہوگی یہی وہ حقیقت ہے جس کی لالچ شیطان نے

وَمُلْكٍ لَّا يَبْلٰى ، (طٰہٰ - ۷) — اور غیر فانی سلطنت،

کہکر آدم کو دلائی تھی، اور اس بہانہ سے اس عالمِ بقا سے اُن کو اس عالمِ فنا میں بھجوا دیا، آخر وہ زمانہ آئے گا، جب آدم کی اولاد کو ان کے نیک اعمال کی بدولت اس غیر فانی بادشاہی کی وراثت ہمیشہ کے لئے حاصل ہوگی،

غیر فانی بادشاہی | دنیا میں شخصی راحت و آلام کا بلند سے بلند تخیل، ایک لفظ "بادشاہی" کے ذریعہ بخوبی ادا ہو سکتا ہے، اگر انسان کو اس کی انتہائی آرزوؤں کے بر آنے کی خوشخبری دینے کے لئے کوئی لفظ ہو سکتا ہے تو یہی ہے، گویا بادشاہی اس کیفیت کا نام ہے جس میں انسان کی کوئی آرزو کامیابی سے محروم نہ رہے، سامانِ راحت اور اسبابِ شادمانی کی فراوانی سے اس کی مسرت

ہیں کسی غم کا شائبہ نہ ہوا اونچے اونچے محل، ہرے بھرے باغ، بہتی نہریں، سرسبز و شاداب تختے، سونے چاندی کے اسباب، زر و جواہر کے برتن، زریں کمر غلام و خدام، ریشمی لباس طلائی تخت، موتیوں کے ہار، سونے کے کنگن، شراب کے زمردیں اور بلوریں پیالے، حسین و مہ جبیں بیگمات، غرض ایک لفظ بادشاہی کے یہ تمام ضروری لوازمے ہیں،

جنت کی مختصر ترین لیکن سچی تعریفیں آدمؑ کے دشمن نے آدمؑ کے سامنے کی تھی،

وَمُلْكٍ لَّا يَبْلَىٰ (طٰه - ۷) اور غیر فانی بادشاہی،

آنے والی زندگی کے اس غیر فانی عیش و مسرت کے لئے مختلف پیغمبروں نے مختلف لفظ استعمال کئے ہیں، چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے اس کیلئے آسمانی بادشاہی کی اصطلاح قائم فرمائی، اور اپنی گفتگو کے تمام استعاروں میں اس مفہوم کو اسی لفظ سے ادا کیا، مگر جیسا کہ بار بار کہا گیا ہے کہ انسانی لغت کے الفاظ سے جو مادیت کی گودوں میں پلے، اور مادیت کے ماحول میں پھولے پھلے ہیں کسی روحانی مفہوم کی تعبیر ناممکن ہے کہ اس کے ہر لفظ کے مفہوم کو ان ہی لوازم اور خیالات کے ساتھ انسان سمجھنے پر مجبور رہے، جو ہمیشہ سے اس لفظ کے ساتھ وابستہ چلے آتے ہیں، آپ بادشاہی کو آسمانی کہکر کسی قدر مادہ سے بلند کریں مگر بادشاہی کے مفہوم کے ساتھ جو موروثی خیالات و لوازم وابستہ ہیں، وہ دور نہیں ہو سکتے، چنانچہ خود حضرت عیسیٰؑ اپنی زندگی کی آخری شب میں شاگردوں کو جب شراب کا پیالہ بھر کر دیتے ہیں، تو آسمانی بادشاہی" کے مادی لطف و مسرت کا ذکر ان لفظوں میں کرتے ہیں،

"میں پھر تمھیں کہتا ہوں کہ انگور کا شیرہ پھر نہ پیونگا اس دن تک کہ تمھارے ساتھ اپنے

Marfat.com

باپ کی بادشاہی میں اُسے نیا نہ پیوں۔" (متی ۲۶ - ۲۹)

آپ نے دیکھا کہ "باپ" کی "آسمانی بادشاہی" میں بھی انگوری کا شیرہ پینے کو ملے گا، اور یوحنا حواری نے جب اس آسمانی بادشاہی کا خواب دیکھا تو وہ ان کو اسی سونے چاندی کے محل، آبِ حیات کی نہر، اور جواہرات کی دیواروں میں نظر آئی۔ (مکاشفات یوحنا باب ۲۱ و ۲۲) اور پھر

"وہاں رات نہ ہوگی، اور وے چراغ اور سورج کی روشنی کے محتاج نہیں کیونکہ خداوند ان کو روشن کرتا ہے، اور وے ابدالآباد بادشاہی کریں گے۔" (۲۲ - ۵)

لیکن یہ "بادشاہی" عیسوی پیغام میں ہنوز تفسیر کی محتاج ہے، نبوت کے آخری پیغام نے اس اجمال کی تفصیل ان لفظوں میں کی ہے :

| | |
|---|---|
| فَوَقٰهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰهُمْ | تو اللہ نے اہل جنت کو اس دن کی تکلیف سے |
| نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۚ وَجَزٰهُمْ بِمَا صَبَرُوْا | بچا لیا، اور اُن کو تروتازگی اور شادکامی سے ملایا، |
| جَنَّةً وَّحَرِيْرًا ۙ مُّتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا عَلَى الْاَرَآئِكِ ۚ | اور اُن کے صبر کے بدلے میں اُن کو رہنے کیلئے باغ |
| لَا يَرَوْنَ فِيْهَا شَمْسًا وَّلَا زَمْهَرِيْرًا ۚ | اور (پہننے کے لئے) ریشمی کپڑے، دیئے، وہ ان |
| وَدَانِيَةً عَلَيْهِمْ ظِلٰلُهَا وَذُلِّلَتْ | باغوں میں تختوں پر تکیے لگائے ہونگے ان میں دھوپ |
| قُطُوْفُهَا تَذْلِيْلًا ۚ وَيُطَافُ عَلَيْهِمْ | ہوگی نہ ٹھنڈ اور اُن کے سائے اُن پر جھکے ہوں گے اُن |
| بِاٰنِيَةٍ مِّنْ فِضَّةٍ وَّاَكْوَابٍ كَانَتْ | کے خوشے پست ہو کر لٹکے ہونگے، چاندی کے برتن |
| قَوَارِيْرَا ۙ قَوَارِيْرَا۠ مِنْ فِضَّةٍ قَدَّرُوْهَا | اور نقرئی شیشوں کے آبخورے جو ناپ کر |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| تَفْجِيرًا، وَيُسْقَوْنَ فِيهَا كَأْسًا كَانَ | بنائے گئے ہیں، اُن کو لوگ اُن کے پاس |
| مِزَاجُهَا زَنْجَبِيلًا ج عَيْنًا فِيهَا تُسَمّٰى | لیے پھریں گے اور اُن کو وہاں وہ پیالا پلایا جائیگا |
| سَلْسَبِيلًا، وَيَطُوفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ | جس میں سونٹھ ملی ہوگی، اُس میں ایک چشمہ کا |
| مُّخَلَّدُونَ ج اِذَا رَأَيْتَهُمْ حَسِبْتَهُمْ | نام سلسبیل ہے، اور سدا رہنے والے کمسن غلام |
| لُؤْلُؤًا مَّنْثُورًا، وَاِذَا رَأَيْتَ ثَمَّ | اُن کی خدمت میں گھوم رہے ہوں گے اور |
| رَأَيْتَ نَعِيمًا وَّمُلْكًا كَبِيرًا، عٰلِيَهُمْ | تو انھیں دیکھے تو سمجھے کہ موتی بکھرے ہیں |
| ثِيَابُ سُنْدُسٍ خُضْرٌ وَّاِسْتَبْرَقٌ | اور جب تو یہ سب دیکھے تو وہاں نعمت و |
| وَّحُلُّوا اَسَاوِرَ مِنْ فِضَّةٍ ج وَّ | عیش اور بڑی بادشاہی دیکھے اُن کی پوشاک |
| سَقٰهُمْ رَبُّهُمْ شَرَابًا طَهُورًا، | سبز نرم ریشم اور دبیز ریشم ہو، اور اُن کو چاندی |
| اِنَّ هٰذَا كَانَ لَكُمْ جَزَاءً وَّكَانَ | کنگن پہنائے جائیں گے اور اُن کا پروردگار |
| سَعْيُكُمْ مَّشْكُورًا، | اُن کو پاک شراب پلائے گا، یہ تمھاری مزدوری |
| (دھر - ۱) | ہوگی، اور تمھاری محنت کی قدر کی جائیگی |

یہ پورا نقشہ اُس عیش و مسرت کا ہے جو اس دنیا کے شاہانہ محلوں کے متعلق تخیل میں آ سکتا ہے
اس بیان کی تائید و تصدیق اس صحیح حدیث سے ہوگی جو جامع ترمذی میں حضرت مغیرہ صحابی سے
مروی ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ موسیٰ نے اپنے پروردگار سے پوچھا کہ پروردگار!
جنت والوں میں سے سب سے کم رتبہ کون ہوگا، فرمایا وہ شخص جو جنت والوں کے جنت میں داخل
ہو چکنے کے بعد آخر میں آئے گا، تو اس سے کہا جائیگا کہ جنت میں داخل ہو جاؤ، وہ کہیگا کہ اب میں

Marfat.com

کہاں جاؤں کہ لوگ اپنے اپنے مقام پر جاچکے، اور ربّانی نوازشوں پر قابض ہو چکے" اُس سے کہا جائیگا کہ "کیا تو اس پر راضی ہو کہ تجھے وہ ملے جو دنیا کے بادشاہوں میں سے کسی کے پاس نہ تھا عرض کریگا "خداوندا میں راضی ہوں" فرمائیگا "تیرے لئے اتنا، اور اس سے دونا، اور اس ستے گنا اور جو ہے" کہیگا "خداوندا میں راضی ہوگیا" خدا فرمائیگا "تیرے لئے وہ اور اس کا دوگنا ہے" عرض کریگا "میں راضی ہوگیا" فرمائیگا اس کے ساتھ یہ بھی کہ جو تیرا دل آرزو کرے، اور جو تیری آنکھ کو لذت بخشے" [۱]

**باغ کا استعارہ** آخرت کے خانۂ عیش و راحت کے لئے قرآن پاک نے عموماً جنت اور کہیں روضہ کے لفظ کا استعمال کیا ہے، نادان اسکی وجہ یہ قرار دیتے ہیں کہ عرب کے شور و بے حاصل اور خشک صحرا کے بسنے والوں کی انتہائی آرزو چونکہ سرسبز و شاداب باغوں ہی کی ہو سکتی ہے، اس لئے اُن کے لئے یہ لفظ اُس مقام آخرت کے لئے قرآن نے استعمال کیا ہے مگر یہ سمجھنا چاہیے کہ قرآن کا مخاطب صرف عرب نہیں بلکہ دنیا کا گوشہ گوشہ ہے، اسلئے عرب کی تخصیص بے معنی ہے، کیا دنیا کے سرسبز و شاداب ملکوں کے بسنے والوں کے تخیل میں باغ و راغ اور رنگ گل کی بہار پسندیدہ نہیں ہے؟ اصل یہ ہے کہ یہاں بیابان و گلستان کی تخصیص نہیں، یہ فطرتِ انسانی کی تصویر ہے، انسان کسی خطۂ ارضی میں آباد ہو مگر وہ سرسبز و شاداب قطعات، باغ و بہار اور کنارِ آب و نہر کو عیش و مسرّت کا مقام سمجھتا ہے اور اُن کو دیکھ کر اندر سے اُس کی روح وجد کرتی ہے،

اس استعارہ کے استعمال کا ایک اور نکتہ بھی توجہ کے قابل ہے، انسان کا گھر وہ عیش خانہ ہوتا ہے جس میں حزن و غم کی آمیزش بھی شامل ہوتی ہے، اہل و عیال اور دولت و مال کے متعلق ہر قسم

---

[۱] جامع ترمذی تفسیر سورۂ سجدہ (حدیث حسن صحیح)

Marfat.com

کی فکریں اُس کے دل کے دامن سے لپٹی ہوتی ہیں، مگر جب انسان سیر و تفریح کے لئے باغ و چمن کا رُخ کرتا ہی، تھوڑی دیر کے لئے وہ ہر غم کو بھول جاتا، اور ہر تعلق کو دل سے نکال دیتا ہی اور ایسا شاداں و فرحاں بن جاتا ہے کہ غم و الم اُس کے ہر گوشۂ خاطر سے دور ہو جاتے ہیں وحی محمدی علیٰ صاحبہ الصَّلوٰۃ وَالسَّلام نے اس لفظ کو اسی لئے استعمال کیا ہی تاکہ اس سے اُخروی عیش و مسرت، شادی و خوشی، اور فراغِ خاطر کی پوری تصویر کھنچ جائے،

**سامانِ جنت کے دنیاوی نام**

یہ حقیقت بار بار دہرائی گئی ہے کہ عالمِ آخرت کی اشیاء کو جن دنیاوی الفاظ سے ادا کیا گیا ہے، اُن سے مقصود بالکل وہی نہیں ہیں جو ان لفظوں سے سمجھنے کے ہم عادی ہیں بلکہ اُن اُخروی اشیاء کو ان دنیاوی الفاظ سے اس لئے ادا کیا گیا ہے کہ وہ اُن سے خاص مناسبت رکھتی ہیں، ورنہ از روے حقیقت ان الفاظ کے لغوی مفہوم و معنی سے اُن کی اُخروی حقیقتیں بدرجہا بلند و اتم ہوں گی، چنانچہ قرآن مجید کی ان آیتوں میں

| | |
|---|---|
| وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ | اور اُن کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے |
| اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا | یہ خوشخبری سُنا کہ اُن کے لئے وہ باغ ہیں |
| الْاَنْهٰرُ ؕ كُلَّمَا رُزِقُوْا مِنْهَا مِنْ ثَمَرَةٍ | جن کے نیچے سے نہریں بہتی ہوں گی، وہ جب |
| رِّزْقًا ۙ قَالُوْا هٰذَا الَّذِيْ رُزِقْنَا | جب ان باغوں سے کوئی پھل دیے جائیں گے |
| مِنْ قَبْلُ وَاُتُوْا بِهٖ مُتَشَابِهًا ؕ وَ | کہیں گے کہ یہ وہی ہے جو اس سے پہلے ہم |
| لَهُمْ فِيْهَاۤ اَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ ۙ وَّ | کو دیا گیا تھا، اور وہ اُن کو ایک دوسرے |
| هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ | کے مشابہ دیا جائیگا، اور اُن باغوں میں انکی |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| لَا يَسْتَحْيٖ اَنْ يَّضْرِبَ مَثَلًا مَّا | صاف ستھری بیویاں ہونگی اور ان باغوں میں ہمیشہ رہا |
| بَعُوْضَةً فَمَا فَوْقَهَا ط | کریں گے بے شبہہ خدا اس سے شرمندہ نہیں کہ وہ کسی مچھر کی یا اس سے بھی کم رتبہ چیز کی مثال بیان کرے، |
| (البقرہ ع ۳) | |

ان آیتوں کے سباق وسیاق اور نظم و ترتیب پر لحاظ کر کے میرے ذہن میں یہی معنی آتے ہیں کہ ان میں دنیاوی الفاظ اور ان کے اخروی مفہوم کے درمیان تشابہ کا بیان ہے ورنہ حقیقت کے رو سے ان الفاظ کے دنیاوی لغوی معانی اور اخروی معنوں میں وہی نسبت ہے جو مچھر اور کسی عظیم الجثہ شے کے درمیان ہو سکتی ہے، یہی سبب ہے کہ جنت کی لذتوں اور نعمتوں کی نسبت قرآن نے یہ بھی کہا ہے؛

| | |
|---|---|
| فَلَا تَعْلَمُ نَفْسٌ مَّآ اُخْفِيَ لَهُمْ مِّنْ | تو کسی نفس کو معلوم نہیں کہ ان کے لئے ان کے |
| قُرَّةِ اَعْيُنٍ ج جَزَآءً بِمَا كَانُوْا | (اچھے) اعمال کے بدلہ میں آنکھوں کی جو |
| يَعْمَلُوْنَ ، (سجدہ ع ۲) | ٹھنڈک چھپا کر رکھی گئی ہے، |

اس آنکھوں کی ٹھنڈک یعنی لذت و راحت کی کیفیت دنیاوی تخیل سے چونکہ بہت بلند ہے، اس لئے یہ فرمایا گیا کہ جنت کی راحت و لذت کی حقیقت علم و فہم سے پوشیدہ اور مخفی ہے، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اسی مفہوم کو اپنے ان مبارک الفاظ سے واضح فرمادیا ہے،

| | |
|---|---|
| قال اللّٰہ اعددت لعبادی | خدا فرماتا ہے کہ میں نے اپنے نیک بندوں کے |
| الصّٰلحین ما لا عین رأت ولا | لئے وہ مہیا کیا ہے جس کو نہ کسی آنکھ نے |
| اذن سمعت ولا خطر علی قلب | دیکھا، نہ کسی کان نے سنا اور نہ کسی انسان |

Marfat.com

بشرؒ کے دل میں اس کا خیال آیا،

اگر جنت کے باغوں، نہروں، میووں، غلاموں، شرابوں، ریشمی کپڑوں اور طلائی زیوروں کی وہی اُخروی حقیقت ہو، جو ان لفظوں سے لغوی طور پر ہم اس دنیا میں سمجھتے ہیں تو اللہ تعالیٰ بہشت کی لذتوں اور مسرتوں کو ایک "مخفی حقیقت" نہ فرماتا، اور نہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اسکی توضیح میں اس درجہ بلندی کرتے کہ وہ ایسی چیزیں ہیں جن کو آنکھوں نے دیکھا نہ کانوں نے سنا، اور نہ وہ کسی انسان کے خیال میں گذریں، مزید تاکید روایت کے دوسرے الفاظ میں ہے،

بلہ ما اطلعتم علیہ (صحیح بخاری تفسیر سورۂ سجدہ) جو تم جانتے ہو اس کو چھوڑ دو،

صحیح مسلم کی روایت میں یہ الفاظ ہیں، بلہ ما اطلعکم اللہ علیہ، اس کے دو معنی ہو سکتے ہیں، ایک یہ کہ "بلکہ خدا نے تم کو اس پر مطلع بھی نہیں کیا ہے" دوسرے یہ کہ "خدا نے اس کا جو حال بتایا ہے، اس سے بھی درگذر کرو"

غرض ان لفظوں سے جو بھی تم سمجھ سکتے ہو اس کو چھوڑ کر آگے بڑھو، اصحاب تفسیر نے حضرت ابن عباسؓ سے بسند نقل کیا ہے،

| | |
|---|---|
| وقال السُّفیان الثوری عن | سفیان ثوری اعمش سے اور وہ ابو ظبیان سے |
| الاعمش عن ابی ظبیان عن ابن | اور وہ حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے |
| عباس، لایشبہ شیٔ مما فی الجنۃ | ہیں کہ جنت میں جو کچھ ہے وہ دنیا کی چیزوں کے |
| مافی الدنیا الا فی الاسماء، | ناموں کے سوا اور کسی بات میں مشابہ نہیں |

لہ صحیح بخاری، باب کلام الرب وتفسیر سورۂ سجدہ، صحیح مسلم کتاب الجنۃ وترمذی تفسیر سجدہ، ۲ے صحیح مسلم کتاب الجنۃ وصفۃ نعیمہا

دوسری روایت کے یہ الفاظ ہیں،

لَیْسَ فِی الدُّنْیَا مِمَّا فِی الْجَنَّۃِ اِلَّا الْاَسْمَاءُ،[1] | جنت میں جو کچھ ہے، وہ ناموں کے سوا دنیا میں نہیں،

غرض ان الفاظ سے ان ہی دنیاوی مشاہدات کی چیزوں کو سمجھنا ضروری نہیں بلکہ ان سے بدرجہا بلند لذائذ ومسرتیں مراد ہیں، جن کی تعبیر کے لئے اس کے سوا کوئی چارہ نہیں کہ کسی وجہ مناسبت کے سبب سے اُن کو ان دنیاوی لفظوں سے ادا کیا جائے، اور اس پر بھی مفہوم ادا نہ ہو سکے اس میں اشکال نعوذ باللہ، اللہ تعالیٰ کی عدم قدرت کلام کے سبب سے نہیں ہے، بلکہ عاجز انسانوں کی ذہنی درماندگی کے سبب سے ہے کہ نادیدہ وناشنیدہ اور درد ل ناخلیدہ مفاہیم کے لئے اُن کی زبان ولغت میں کوئی لفظ ہی نہیں،

**جنت کی مسرتیں اعمال کی تمثیل ہیں** یہ اصول بارہا بیان میں آچکا ہے کہ دوزخ کی تکلیفیں ہوں، یا جنت کی مسرتیں، دونوں اعمالِ انسانی کی تمثیلیں ہیں، اسی لئے قرآن پاک نے بتصریح تمام یہ کہا ہے:

اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ (طور۔۱) وہی بدلہ پاؤگے جو تم کرتے تھے،

حدیث میں آتا ہے کہ قیامت میں خدا فرمائے گا "اے میرے بندو، یہ تمہارے ہی عمل ہیں جو تم کو واپس مل رہے ہیں تو جو نیکی پائے وہ خدا کا شکر ادا کرے، اور جو برائی پائے وہ اپنے آپ کو ملامت کرے"

مثلاً وہ نکوکار جو دنیا میں اللہ تعالیٰ کے خوف سے ہمیشہ ترساں ولرزاں رہتے تھے اُن کو جنت

---

[1] تفسیر ابن جریر طبری، آیت مذکورہ وبیہقی فی البعث کما فی الدر المنثور للسیوطی، تفسیر آیت مذکورہ۔

Marfat.com

میں امن وسلامتی کے ساتھ وہاں کی تمام راحتیں ملیں گی تو

| | |
|---|---|
| قَالُوْا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِیْٓ اَهْلِنَا مُشْفِقِیْنَ | کہیں گے ہم اس سے پہلے اپنے گھر والوں میں |
| فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَیْنَا وَ وَقٰىنَا عَذَابَ | ڈرتے تھے تو خدا نے ہم پر مہربانی فرمائی اور |
| السَّمُوْمِ (طور ۔ ۱) | ہم کو دوزخ کی لُو کے عذاب سے بچالیا، |

اس آیت سے صاف نمایاں ہے کہ جو لوگ دنیا میں خدا کے قہر وغضب سے ڈرتے تھے، وہ قیامت میں گرم لُو (سموم) کے عذاب سے بچائے جائیں گے، قہر وغضب کی تمثیل شعلہ آتش، لو وغیرہ گرم چیزوں سے ہے، تو جو لوگ دنیا میں خدا کے قہر وغضب سے ترساں تھے، دیکھو کہ قیامت میں ان کو سموم یا گرم ہوا کی لو سے بچائے جانے کی بشارت ملی،

دولت مند وقوی دست منکرین اور غریب مسلمانوں کو دیکھ کر دنیا میں ان پر تحقیراً ہنستے تھے، قیامت میں اس کا الٹا ہوگا کہ یہ اُن پر ہنسیں گے، فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّ الَّذِیْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِیْنَ | بیشک گنہگار، ایمان والوں پر ہنستے تھے |
| اٰمَنُوْا یَضْحَكُوْنَ .......... | .......... |
| فَالْیَوْمَ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ | .......... تو آج ایمان والے |
| یَضْحَكُوْنَ، (تطفیف) | کافروں پر ہنسیں گے، |

نکوکاروں کے دنیا کے آنسو یہاں تبسم اور خندۂ مسرت میں بدل گئے اور گنہگاروں کی دہاں کی ہنسی یہاں آنسوؤں کا تار بن کر ظاہر ہوئی،

گنہگار جو دنیا میں اپنی دولت وقوت کے نشہ میں چور اور اپنے اہل وعیال کیساتھ خوش

اور مسرور رہتے تھے وہ یہاں غمگین ہوں گے، اور جو وہاں غمگین تھے وہ یہاں خوش و مسرور ہوں گے۔

فَسَوْفَ يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۝ وَّيَصْلٰى — تو وہ موت کو پکاریگا، اور دوزخ میں داخل

سَعِيْرًا ۝ اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا — ہوگا، کیونکہ وہ اپنے اہل و عیال میں

(انشقاق - ۱۱) — (مغرورانہ) خوش تھا،

اور جو کو کار وہاں اہل و عیال میں بیٹھکر بھی مسرت سے نا آشنا تھا اس کا یہ حال ہوگا کہ

فَسَوْفَ يُحَاسَبُ حِسَابًا يَّسِيْرًا ۝ — تو اس سے آسان حساب لیا جائیگا اور وہ

وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۝ (انشقاق) — خوش خوش اپنے لوگوں کے پاس لوٹیگا

قرآن پاک میں بارہا یہ آیتیں یا بعینہٖ ان ہی معنوں کی آیتیں آئی ہیں،

وَبَشِّرِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ — اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے ان

اَنَّ لَهُمْ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا — کو باغوں کی خوشخبری سنا جن کے نیچے

الْاَنْهٰرُ، (بقرہ - ۳) — نہریں بہتی ہیں،

ان آیتوں میں ایمان، اور عمل صالح کے بالمقابل باغ اور اسکی نہروں کا ذکر پابندی کے ساتھ آتا ہے، اس سے ادھر خیال جاتا ہے کہ ان دونوں میں کوئی خاص تمثیلی تعلق ہے، ظاہر ہے کہ درخت اصلی چیز ہیں جن کی ترقی اور نشو و نما پانی سے ہوتی ہے، بعینہٖ اسی طرح ایمان اصل ہے جس کی جڑوں کی سیرابی اعمال صالحہ کی آبیاری سے ہوتی ہے، اگر ایمان ہو اور اعمال صالحہ نہ ہوں تو وہ ایک ایسا درخت ہوگا جس کی ترقی اور نشو و نما کی امید نہیں، اور اگر صرف عمل صالح ہی اور ایمان نہیں تو ریگ میں پانی کی روانی ہے جس کا وجود و عدم یکساں ہے، اس تمثیل کے ذہن

میں آنے کے ساتھ قرآنِ پاک کی یہ آیت سامنے آتی ہے،

وَاُدْخِلَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا بِاِذْنِ رَبِّهِمْ تَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ ۔ اَلَمْ تَرَ كَيْفَ ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاۗءِ ۔ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۭ وَيَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ، (ابراھیم - ۴)

اور جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے وہ اُن باغوں میں داخل کئے گئے جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، وہ اپنے پروردگار کے حکم سے ان میں سدا رہیں گے، وہاں سلامتی کی مبارکباد ہے کیا تو نے نہیں دیکھا کہ خدا نے کیسی ایک مثال بیان کی، نیک بات ایک ستھرے درخت کی طرح ہے جس کی جڑ مضبوط ہو اور ٹہنی آسمان میں ہو اپنے پروردگار کے حکم سے وہ ہر وقت پھل لایا کرتا ہے اور خدا مثالیں بیان کرتا ہے کہ لوگ شاید سوچیں

اس آیت میں جنت اور کلمۂ طیبہ کے درخت کی پوری تمثیل ہے، یہاں تک تقابل ہے کہ پہلے میں جب یہ کہا گیا کہ "اپنے پروردگار کے حکم سے وہ ان باغوں میں سدا رہیں گے" تو دوسرے میں ہے کہ "وہ درخت اپنے پروردگار کے حکم سے سدا پھل دیتا رہیگا" کلمۂ طیبہ سے یہاں مراد ایمان ہے[1] جس کی جڑ مضبوط و مستحکم، اور اس کی شاخیں آسمان میں، اور اسکے پھل سدابہار والے ہیں،

صحیح بخاری میں ہے کہ حضرت عثمانؓ بن مظعون صحابی کی وفات کے بعد ان کی ایک ہمسایہ

[1] تفسیر ابن جریر طبری تفسیر آیت مذکورہ،

صحابیہؓ نے خواب میں دیکھا کہ ایک نہر بہ رہی ہے اور جب یہ معلوم ہوا کہ یہ حضرت عثمانؓ بن مظعون کی ہے انھوں نے آکر یہ خواب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے بیان کیا، آپ نے اسکی تعبیر میں فرمایا ذالک عملہٗ یجری لہٗ یعنی یہ نہر ان کا عمل ہے جو ان کے لئے بہ رہی ہے" (بخاری کتاب التعبیر)

ان دونوں سابقہ حوالوں سے یہ ہویدا ہوتا ہے کہ ایمان کی تمثیل سدا بہار درخت سے، اور عمل کی تمثیل نہر رواں سے ہے، اس بنا پر اہل جنت کے لئے بار بار جس باغ اور نہر جاری کی بشارت دی گئی ہے، وہ حقیقت میں اُن کے ایمان اور عملِ صالح کی تمثیلی شکلیں ہوں گی، ان کا ایمان جو شنا اور سدا بہار باغ، اور اُن کے اعمالِ صالحہ صاف و شفاف نہر کی صورت میں نمایاں ہونگے اور وہ ان سے لطف و لذت اٹھائیں گے،

اسی قیاس پر جنت کی دوسری لذتوں اور مسرتوں کی حقیقت کی تشریح کیجا سکتی ہے، علوم نبوی ؐ کے ایک بڑے واقفکار اور اہرار شریعت کے ایک بڑے دانائے رازشاہ ولی اللہ دہلوی رحمۃ اللہ حجۃ اللہ البالغہ میں لکھتے ہیں،

| | |
|---|---|
| والاکثر الوقائع الحشریۃ من ھذا | حشر کے واقعات از قبیل تمثیل ہیں..... |
| القبیل............ | ..........حاصل یہ |
| وبالجملۃ فتشبیھات وتمثلات | یہ تمام امورِ معانی کا جسمانی قالبوں میں اور |
| لما عندھا.........وتشبیہ | مثالی صورتوں میں ظاہر ہوتا ہے....... |
| النعمۃ بمطعم ھنیٔ ومشرب | ..........اللہ تعالیٰ کی عنایت |
| مریئ ومنکح شھی وملبس بھی | ومہربانی خوش مزہ کھانے، خوشگوار پینے |

Marfat.com

و مسکن بھی، | کی چیزوں، رغبت انگیز لذت نکاح، دلپذیر
(ص ۳۶ - ھند) | لباس اور عمدہ مسکن کی صورتوں میں نمایاں ہوں گی

ہم نے آیات و احادیث کے حوالوں سے پہلے کئی دفعہ یہ دکھایا ہے کہ اس تمثیل و تشبیہ کے کیا معنی ہیں اور کیونکر غیر مجسم معانی، اپنے مناسب قالبوں میں مجسم ہو کر وجود پذیر ہوتے ہیں۔ دنیا کے تمام اعمالِ صالحہ کی اگر تحلیل کیجائے تو ان کی اولاً دو قسمیں نکلیں گی، خدا پر ایمان اور خلوص دل سے اسکی طاعت جس کو حقوق اللہ کہتے ہیں، اور دوسری بندگانِ الٰہی کیساتھ حسنِ سلوک۔ بندگانِ الٰہی کیساتھ جو نیک سلوک کیا جا سکتا ہے وہ یہی ہے کہ انکی عزت و آبرو کا پاس کیا جائے جس کو عفت و عصمت کہتے ہیں، اور ان کے ضروریاتِ زندگی کے مہیا کرنے میں امداد کی جائے اور ضروریاتِ زندگی یہی کھانا پینا، پہننا، اور رہنا ہیں، ان ہی کی نسبت ہم ان کے ساتھ حسن سلوک کر سکتے ہیں، اب یہ پانچ قسمیں ہوئیں، جنت کی نعمتیں ان ہی پانچ قسموں میں منحصر ہیں ایمان و اخلاص اطاعت کی جزا وہ خود تبارک وتعالیٰ ہے، وہ اپنے قرب اور اپنے دیدار سے نوازیگا، عفت و عصمت کی جزا حسین و مہ جبیں بیویوں کی صورت میں نمایاں ہوگی، دوسروں کے کھلانے کی جزا جنت کے باغ اور پھل اور قسم قسم کے الوانِ طعام ہیں، دوسروں کو پلانے کی جزا خوش مزہ خوشگوار پینے کی مختلف چیزوں کی فراوانی ہو، پہنانے کی جزا ریشم و حریر، دیبا و اطلس اور بہتر سے بہتر خوشنما لباس ہیں، اور رہنے اور رکھنے میں حسن سلوک کی جزا، خوش منظر مکان و تیار کیا ہوا ہے۔

ایک اور پہلو سے دیکھئے کہ اللہ تعالیٰ نے حضرت آدمؑ کی بہشت کی صفت یہ بیان فرمائی ہے کہ

اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى | بے شک تیرے لئے اس بہشت میں :

وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيهَا وَلَا تَضْحٰى، (طٰہٰ - ۷)

بھوکا ہونا، نہ ننگا ہونا، اور نہ پیاسا ہونا، نہ دھوپ میں رہنا،

یہی چار مختصر انسانی ضرورتیں ہیں، جو پھیل کر ایک دنیا ہوگئی ہیں، جب آدم کی اولاد کو اپنے اعمالِ صالحہ کی بدولت نجات ملے گی تو پھر اُن کے لئے وہی بہشت ہے جس میں نہ بھوکا ہونا ہے نہ پیاسا ہونا، نہ ننگا ہونا، نہ گرمی اور نہ دھوپ کی تکلیف میں گرفتار ہونا، اس حقیقت کی تعبیر دو طرح سے کیجاسکتی ہے، یا تو یہ کہ بہشت میں اہلِ بہشت کی یہ کیفیت ہوتی ہے کہ وہ ان تمام انسانی ضرورتوں سے یکسر پاک وبے نیاز ہوجاتے ہیں، اس لئے وہاں نہ کوئی بھوکا ہوگا نہ پیاسا، نہ ننگا ہوگا، اور نہ دھوپ اور لو کی محنت میں گرفتار، دوسرے یہ کہ بہشت میں اہلِ بہشت کو کھانے کے لئے ایسے الوانِ نعمت ملیں گے جن کو کھاکر انسان پھر بھوکا نہ ہوگا، اور پینے کے لئے شراب وشربت کی وہ نہریں بہیں گی جن کو پی کر پھر پیاسا نہ ہوگا، اور پہننے کو وہ کپڑے ملیں گے جو پھر نہ میلے ہونگے، اور نہ بوسیدہ ہوکر پھٹیں گے، اور رہنے کے لئے ایسے گھنے باغ اور بلند مکانات ملیں گے جہاں دھوپ کا گذر نہ ہوگا،

یہ اصول پہلے بیان کیا جاچکا ہے کہ دنیا میں انسان کے لئے جو لطف ولذت ہے وہ تھوڑی سی تکلیف کا نتیجہ ہے، انسانی اصول یہ ہے کہ بڑی لذت کے حصول کے لئے تھوڑی تکلیف گوارا کرتا ہے، اور بڑی مسرت پر چھوٹی چھوٹی مسرتوں کو قربان کرتا ہے، اسی اصول پر اس کے تمام اعمال کی کامیابی کی بنا ہے، اعمالِ صالحہ کے بجالانے میں انسان کو اس دنیا میں چھوٹی چھوٹی تکلیفیں برداشت کرنی پڑتی ہیں، اور اپنی عارضی خوشیوں اور

Marfat.com

لذتوں کو اُن پر قربان کرنا ہوتا ہے صبح کے نمازی کو خوابِ سحر کی لذت کو خیرباد کہنا، اور دوپہر کی جلتی دھوپ میں ظہر کے لئے مسجد جانا پڑتا ہے خود بھوکا رہ کر دوسروں کو کھلانا پڑتا ہے، اور اپنی بہت سی ناجائز مگر بظاہر دلچسپ خوشیوں کا ایثار کرنا پڑتا ہے، اس طرح پاکیزہ زندگی گذارنے پر اُس کو آخرت کی غیرفانی دولت اور ابدی سعادت میسر آتی ہے،

انسان کو دنیا میں ان اعمالِ صالحہ کی خاطر جن چیزوں کو قربان کرنا پڑتا ہے اُن میں پہلی چیز تو خود اس کی زندگی ہے، پھر انسانی زندگی کی وہ چار قسمیں ہیں جن کا نام کھانا پینا پہننا اور رہنا ہے، اس لئے آخرت میں ان قربانیوں کی جزا میں ان ہی کے مناسب مماثل جو چیزیں ملیں گی، وہ غیرفانی زندگی، الوانِ طعام، اقسامِ شراب و شربت، انواعِ لباس اور بہترین مکین ہیں، قرآنِ پاک میں ہے،

| | |
|---|---|
| فَاَمَّا مَنْ طَغٰی لا وَاٰثَرَ الْحَیٰوۃَ الدُّنْیَا لا فَاِنَّ الْجَحِیْمَ ھِیَ الْمَاْوٰی، وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّہٖ وَنَھَی النَّفْسَ عَنِ الْھَوٰی، فَاِنَّ الْجَنَّۃَ ھِیَ الْمَاْوٰی (نازعات - ۲) | پس جس نے خدا سے سرکشی کی اور دنیا کی زندگی (کے ناجائز لطف و آرام) کو ترجیح دی تو دوزخ اس کا ٹھکانا ہے لیکن جو خدا کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرا اور اپنے نفس کو ناجائز خواہشوں سے روکا تو اس کا ٹھکانا جنت ہے |

گو اُس کی جزئی نیکیوں کی جزا، تو وقتاً فوقتاً اس دنیا میں تھوڑی تھوڑی کرکے شہرت تعریف ہر دلعزیزی، اور دولت کی صورت میں ملتی رہتی ہے، مگر پوری زندگی کی مجموعی جزا دوسری زندگی ہی میں اس کو ملے گی،

Marfat.com

وَ اِنَّمَا تُوَفَّوْنَ اُجُوْرَكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ط (آلِ عمران - ۱۹)

اور تمہاری مزدوری قیامت کے دن پوری ادا کیجائے گی،

**لطف و مسرت کا تصور** مسرت ایک نفسی کیفیت کا نام ہے جو انسان کو اپنی کسی خواہش کے پورے ہوتے وقت حاصل ہوتی ہے، اس بنا پر مسرت کے وجود کے لئے کسی خواہش کی تکمیل ضروری ہے، اب انسانی خواہشوں کی تحلیل کرو تو بالآخر اُن کی انتہا اُنہی باتوں پر ہوگی جن کی طلب اس کی فطرت کے اندر ودیعت کردی گئی ہے، اب غور کرو کہ وہ کیا چیزیں ہیں، یا کیا چیزیں اس کے فہم میں آسکتی ہیں، وہ یہی ہیں، باغ و بہار، لباس و طعام، حور و قصور، خدم وحشم، سامان و اسباب، اور زر و جواہر مسرت اور راحت کا جب کبھی تخیل آئیگا، اور جب کبھی ہم اُن کو سمجھنا چاہیں گے، اور کہنا چاہیں گے تو ہم کو ان ہی چیزوں کا نقشہ کھینچنا پڑیگا اور ہماری انسانی فطرت انہی مسرتوں اور خوشیوں کو ڈھونڈھنے کی عادی ہے، اور ان ہی کے حصول کی خاطر دنیا میں ہر طرح کی کاہی اور گنہگاری کی مرتکب ہوتی ہے، اس لئے اُن سے احتراز کرنے پر جو چیزیں ہم کو وہاں ملیں گی وہ ہمارے ان ہی عادی و مانوس اسبابِ مسرت کی صورتوں میں ہمارے سامنے پیش ہوں گی، اور ہم اُن سے لطف اندوز ہوں گے،

**لطفِ مسرت کا اعلیٰ ترین تخیل** اس دنیائے کون و فساد میں ہم ایک عجیب قسم کی مصیبت میں مبتلا ہیں، ہم کو تخیل کے لحاظ سے اپنی آرزوؤں اور خواہشوں کو وسیع اور غیر محدود دنیا بخشی گئی ہے لیکن عملاً اپنی خواہشوں اور تمناؤں کے مطابق اپنی دنیا بنا لینے پر قدرت نہیں، نتیجہ یہ ہے کہ اگر ہم نے صبر و شکر کا دامن نہیں پکڑا ہے تو ہم سے زیادہ اس دنیا میں تصور دا

تخیل کی تخلیق میں کوئی اور گرفتار نہیں، جنت آخرت کی اُس دنیا کا نام ہے جو ہمارے اعلیٰ ترین تخیل اور ہماری تمناؤں اور آرزوؤں کے مطابق ہوگی،

| | |
|---|---|
| جَنّٰتُ عَدْنٍ یَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِیْهَا مَا یَشَآءُوْنَ كَذٰلِكَ یَجْزِی اللّٰهُ الْمُتَّقِیْنَ (نحل-۴) | رہنے کے باغ جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں، اُن کے لئے اُن باغوں میں وہ ہے جو وہ چاہیں، اللہ اسی طرح پرہیزگاروں کو بدلہ دیگا، |
| وَلَكُمْ فِیْهَا مَا تَشْتَهِیْٓ اَنْفُسُكُمْ وَلَكُمْ فِیْهَا مَا تَدَّعُوْنَ (حٰمٓ السجدۃ-۴) | اور تمہارے لئے جنت میں وہ ہے جو تمہارے دل چاہیں، اور تمہارے لیے اس میں وہ ہے جو |
| لَهُمْ مَّا یَشَآءُوْنَ فِیْهَا وَلَدَیْنَا مَزِیْدٌ، (ق-۳) | اُن کے لئے جنت میں وہ ہے جو وہ چاہیں، اور ہمارے پاس اس سے بھی بڑھ کر ہے، |
| وَفِیْهَا مَا تَشْتَهِیْهِ الْاَنْفُسُ وَتَلَذُّ الْاَعْیُنُ، (زخرف-۷) | اور جنت میں وہ ہے جس کی دل خواہش کریں، اور جو آنکھوں کو لذت دے، |
| لَهُمْ فِیْهَا مَا یَشَآءُوْنَ خٰلِدِیْنَ كَانَ عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْئُوْلًا (فرقان-۲) | اُن کے لئے جنت میں وہ ہے جو وہ چاہا کریں گے، یہ وعدہ ہے تیرے رب کے ذمہ، |
| لَهُمْ مَّا یَشَآءُوْنَ عِنْدَ رَبِّهِمْ، (زمر-۴) | ان کے لئے اُن کے پروردگار کے پاس وہ ہے جو وہ چاہیں گے، |

الغرض جنت وہ مقام ہے جہاں ہم کو وہ کچھ ملیگا جہانتک ہمارا مرغِ خیال اُڑکر پہنچ سکتا ہے،

لطف و مسرت کا وہ بلند سے بلند تخیل جو تصور میں آسکتا ہے وہاں ہمارے لئے مہیا ہوگا صحا
میں ہر قسم کے لوگ تھے، جنت کے سامانِ مسرت کے متعلق وہ اپنی اپنی پسند اور آرزو کے مطا
آپ سے پوچھتے رہتے تھے، اور آپ جواب دیتے تھے حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ آپ نے
فرمایا کہ "جنت میں جو سب سے کم رتبہ ہوگا اُس کی کیفیت بھی یہ ہوگی کہ خدائے تعالیٰ اس سے فرمائیگا کہ تو
اپنی انتہائی آرزو دل میں خیال کر، وہ کریگا تو خدا فرمائیگا کہ تجھ کو وہ سب ملا گیا جس کی تو نے آرزو کی
تھی اور اُس کے برابر اور بھی[1] نتک کہ بازار کا شوق ہوگا تو بازار بھی لگیگا لیکن وہ حقیقی خرید و فروخت
نہ ہوگی کہ وہاں کمی کس چیز کی ہوگی، بلکہ وہ مثالی صورتوں میں ہوگی (الا الصور من الرجال)[2]
کسی کو جنت میں کھیتی کا شوق ہوگا تو دانہ، سبزہ، غلہ اور پھر تیاری، یہ سب کام منٹوں میں
انجام پا جائیگا[3]، ایک بدوی نے پوچھا یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وہاں گھوڑے بھی ہوں گے فرمایا کہ
اگر تم کو جنت ملی تو اگر تم یہ بھی چاہو گے کہ سُرخ یاقوت کا گھوڑا ہو جو تم کو جہاں چاہو بہشت میں لئے
پھرے تو وہ بھی ہوگا، دوسرے نے پوچھا کہ یا رسول اللہ (صلی اللہ علیہ وسلم) اونٹ بھی ہوگا، فرمایا اگر
تم جنت میں گئے تو تمہارے لئے وہ سب کچھ ہوگا جو تمہارا دل چاہیگا، اور تمہاری آنکھیں[4] پسند کریں گی
جنت میں اہلِ جنت کے مختلف رتبے ہوں گے، اس لئے اعلیٰ کے لباس وسامان
کو دیکھ کر ادنیٰ کو اپنی کمی کا خیال ہوگا، تو اس کے تصور میں یہ پیدا کر دیا جائیگا (حتی یتخیل الیہ)
کہ خود اس کا لباس وسامان اُس سے بہتر ہے اور یہ اس لئے ہوگا کہ جنت میں کسی کو غم ہونا ممکن نہیں[5]

---

[1] صحیح مسلم [2] ترمذی، دیکھو مشکوٰۃ صفۃ الجنۃ [3] صحیح بخاری [4] ترمذی [5] ترمذی، یہ
کل حدیثیں مشکوٰۃ صفۃ الجنۃ سے لی گئی ہیں،

Marfat.com

جنت جہاں کوئی جسمانی وروحانی آزار نہیں

کسی صاحب دل نے جنت کی یہ تعریف خوب کی ہے، ع

بہشت آنجاکہ آزارے نہ باشد

دنیا میں کوئی بڑی سے بڑی مسرور زندگی بھی ایسی نہیں مل سکتی جس کے پہلو میں مسرت کے پھول کے ساتھ غم کا کوئی کانٹا نہ چبھ رہا ہو، یا تو موجودہ مسرت کے آیندہ ختم ہوجانے کا خوف ہوا اور یا گذشتہ ناکامی کا افسوس ہو اس بنا پر یہاں کی کوئی خوشی بھی کامل نہیں، مگر جنت وہ مقام ہوگا جہاں نہ ماضی وحال کا غم ہوگا اور نہ مستقبل کا خوف ہوگا چنانچہ اہل جنت کے متعلق بار بار ارشاد ہوا

لَاخَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَاهُمْ يَحْزَنُوْنَ — نہ اُن کو خوف ہوگا اور نہ غمگین ہوں گے،

اور یہی بہشت کی سب سے بڑی نعمت ہوگی، اس میں جسمانی وروحانی ہر قسم کی نعمتیں داخل ہیں، دنیا میں کوئی انسان اُس وقت تک کوئی لقمہ گلے سے نہیں اُتار سکتا، اور نہ کوئی چیتھڑا بدن پر رکھ سکتا ہو جب تک اُس کے سر کا پسینہ پاؤں تک نہ آئے دنیا کی تمام فانی مسرتیں ہماری فانی کوششوں کا فانی نتیجہ ہیں، مگر جنت کی خوشیاں بے غم وتکلیف ہماری گذشتہ فانی نیکیوں کا غیر فانی نتیجہ ہیں، اور یہ محض اللہ تعالیٰ کا رحم وکرم ہو کہ وہاں ہم کو ہماری آسایش کا تمام سامان اس قسم کی ادنیٰ زحمت ومشقت اٹھائے بغیر میسّر آئیگا جس کے بغیر دنیا میں کوئی انسان زندہ ہی نہیں رہ سکتا، اور جس کی کشمکش سے یہ دنیا ہر انسان کے لئے دوزخ بنی ہے، چنانچہ اہل جنت جنت میں داخل ہوکر اور شاہانہ تزک واحتشام اور لباس وزیور سے آراستہ ہوکر خدا کی حمد وتعریف کا ترانہ ان لفظوں میں گائیں گے،

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا — رہنے کے باغ جن میں وہ داخل ہوں گے،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| يُحَلَّوْنَ فِيهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ | اُن میں وہ سونے کے کنگن اور موتی پہنائے |
| وَّلُؤْلُؤًا ج وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيْرٌ | جائیں گے اور ان کی پوشاک ان میں ریشم |
| وَقَالُوا الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ | ہوگی، اور وہ کہیں گے پاک ہے وہ جس نے |
| عَنَّا الْحَزَنَ ط اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُوْرٌ شَكُوْرُ | ہم سے غم دور کر دیا، بیشک ہمارا پروردگا |
| نِ الَّذِيْ اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ | گناہوں کا معاف کرنے والا ہے، اور |
| فَضْلِهٖ ج لَا يَمَسُّنَا فِيهَا نَصَبٌ وَّ | نیکیوں کی قدر کرنے والا ہے، اور جس نے |
| لَا يَمَسُّنَا فِيهَا لُغُوْبٌ ، | ہم کو اپنی مہربانی سے رہنے کے گھر میں اتارا |
| (فاطر-۴) | اور ہم کو وہاں نہ مشقت پہونچی اور نہ اس میں |
| لَا يَمَسُّهُمْ فِيهَا نَصَبٌ وَّمَا هُمْ | اس میں اُن کو کوئی آزار نہ ہوگا، اور نہ وہاں |
| مِنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ، (حجر-۴) | سے نکالے جائیں گے ، |

تکان

جنت جہاں رشک و حسد نہیں | موجودہ دنیا خیر و شر کے متضاد عناصر سے بنی ہے یہاں ثواب کے ساتھ گناہ، رحم کے ساتھ سنگدلی، محبت کیساتھ کینہ ہے، گناہ و کینہ اور بغض و حسد وہ آگ ہے جس نے یہاں کے قلبی امن و امان کے خرمن میں آگ لگا رکھی ہے، ہر شخص یہاں دوسروں کی اچھی حالت کو دیکھ کر جلتا ہے اور دوسروں پر غصہ کے جوش و خروش سے اُبلتا ہے، جنت وہ عالم ہے جہاں اس آگ اور سیلاب کا وجود نہ ہوگا، ہر قسم کے گناہ، سنگدلی، عداوت اور بغض و حسد کا خاتمہ ہوگا اور خالص محبت و الفت کے دریا موجزن ہوں گے، فرمایا:-

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا (مریم-۴) اہیں امن و سلامتی کے سوا کوئی بیہودہ بات نہیں سنیں گے

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ | اور ہم نے اُن کے سینوں سے کینہ کو کھینچ لیا، |
| تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ الْاَنْهٰرُ (اعراف ۵) | ان کے نیچے نہریں بہتی ہیں، |
| وَنَزَعْنَا مَا فِیْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ | اور ہم نے اُن کے سینوں سے کینہ کو کھینچ لیا، |
| اِخْوَانًا عَلٰی سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِیْنَ (حجر ۴) | بھائی بھائی بنکر تختوں پر آمنے سامنے بیٹھے ہونگے |

اسی کی تفسیر میں حدیث صحیح میں ہے کہ آپنے فرمایا کہ وہاں نہ دلوں کا اختلاف ہوگا، نہ باہم بغض اور کینہ، سب کے دل ایک دل کی طرح متحد ہوں گے"[1]

**وہاں کی جسمانی زندگی کیسی ہوگی؟** بہشت میں زندگی کی جو لذتیں ہوں گی، اُن کی تعبیر الوانِ نعمت اور انواعِ شربت و شراب، اور دوسرے مادی لذائذ سے ہوسکتی ہے، مگر وہ حظ و مسرت اور اطمینان و سکینت کے علاوہ کسی معنی میں بھی مادی خصوصیات سے آلودہ نہ ہوں گی، یہاں ہر کھانے پینے کے ساتھ بول و براز، پسینہ اور سوءِ ہضم کی علت لگی ہوئی ہے، اور بغیر اس کے انسان یہاں زندہ نہیں رہ سکتا، مگر وہاں یہ کچھ نہ ہوگا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ اہلِ جنت کھائیں گے اور پئیں گے لیکن نہ تھوکیں گے، نہ وہاں بول و براز کی حاجت ہوگی، نہ وہاں ناک سے رطوبت نکلے گی نہ بلغم اور کھنکھار جیسی گھناؤنی چیزیں ہوں گی، کھانا ایک ڈکار میں ہضم ہوگا، وہاں کے پسینہ میں مشک کی خوشبو ہوگی، جو بہشت میں داخل ہوگا، اُس کو وہ نعمت ملیگی کہ پھر کبھی تکلیف نہ ہوگی، نہ اُن کے کپڑے بوسیدہ ہونگے اور نہ انکی جوانی زائل ہوگی وہاں منادیِ غیب یہ پکار کر کہدیگا یہاں وہ تندرستی ہے کہ بیمار نہ پڑوگے، وہ زندگی ہے کہ پھر موت نہ آئے گی وہ جوانی ہے کہ پھر بوڑھے نہ ہوگے در

---

[1] صحیح مسلم صفة الجنة،

آرام ہے کہ پھر تکلیف نہ پاؤ گے، لوگوں کے چہرے اپنے اپنے اعمال کے مطابق چمکیں گے، کوئی ستارہ کی طرح، کوئی چودھویں کے چاند کی طرح[1]"

غور کرو کہ وہ جسمانی زندگی، ہماری موجودہ جسمانی زندگی سے کتنی مختلف ہوگی! اس پر تعجب نہ کرنا چاہیے! انسان کبھی شکم مادر میں ایک بچہ کی صورت میں زندہ تھا، مگر وہاں اس کی زندگی، اس کی غذا، اس کی سانس اور دوسرے لوازمِ حیات، بیرونِ شکم کے دنیاوی اصولِ حیات و قوانینِ زندگی سے بالکل مختلف تھے، اور جس طرح شکمِ مادر میں بچہ کا اس بیرونی زندگی کے حکایات کو تعجب کے ساتھ سن کر آمادۂ انکار ہونا دانشمندی نہ ہوگی، ایسے ہی اس مادی زندگی کے خوگر اور اس عالمِ آب و گل کے باشندے اس دوسری زندگی کے اصولِ حیات، طرزِ غذا، اور دوسرے لوازمِ حیات کو سن کر آمادۂ انکار ہوں تو ان کا یہ فعل بھی دانشمندی کے خلاف ہوگا،

جنت ارتقاءِ روحانی ہے | مادی وجسمانی خلقتِ فطرت کی لاکھوں برس کی تاریخ کے مطالعہ اور تحقیق سے یہ بات پایۂ ثبوت کو پہنچی ہے کہ مادہ نے لاکھوں برس کے تغیرات کے بعد انسانی جسمانیت تک ترقی کی ہے، وہ پہلے جماد بنا، پھر نبات کی شکل میں آیا، پھر حیوان کا قالب اختیار کیا، پھر جسم انسانی کی صورت میں نمودار ہوا، اور یہ مادیت کی معراجِ ترقی ہے، جمادیت مٹ کر نباتیت پیدا ہوئی، نباتیت فنا ہو کر حیوانیت نمودار ہوئی، پھر حیوانیت معدوم ہو کر انسانیت ظہور پذیر ہوئی اور ارتقاے انسانی کا جسمانی پہلو تکمیل کو پہنچ گیا، لیکن انسانیت کا دوسرا رخ جو روحانیت سے عبارت ہے، ہنوز اپنے آغازِ طفولیت میں ہے، کیا اس پر بھی اسی ارتقائی دور کے مدارج نہیں آئیں گے،

[1] یہ ساری حدیثیں صحیح مسلم صفۃ الجنۃ میں ہیں،

Marfat.com

ایک مادہ پرست صرف بامِ ارتقا تک زینہ بزینہ چڑھ کر ٹھہر جاتا ہے لیکن مذہب اس سے بھی آگے لے چلتا ہے اور یہاں سے وہ اڑ کر سقفِ آسمان تک پہنچتا ہے، اور ملکوتیت کی سرحد کی ترقی شروع کرتا ہے، قرآن پاک کی ان آیتوں پر غور کرنے سے اس نظریہ کے اشارات نکلتے ہیں،

| | |
|---|---|
| اَلَّذِيْنَ يَرِثُوْنَ الْفِرْدَوْسَ هُمْ | جو فردوس کی وراثت پائیں گے، اور وہ اس |
| فِيْهَا خٰلِدُوْنَ، وَلَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ | میں سدا رہیں گے اور ہم (خدا) نے انسان کو مٹی |
| مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ طِيْنٍ ثُمَّ جَعَلْنٰهُ | کی کشید سے بنایا، پھر اس کو (رحم نسوانی کے) ایک |
| نُطْفَةً فِيْ قَرَارٍ مَّكِيْنٍ ثُمَّ خَلَقْنَا | ٹھہراؤ کی جگہ میں ایک بوند بنایا، پھر اس بوند کو |
| النُّطْفَةَ عَلَقَةً فَخَلَقْنَا الْعَلَقَةَ مُضْغَةً | بندھا ہوا خون بنایا، پھر اس خون کو لوتھڑا |
| فَخَلَقْنَا الْمُضْغَةَ عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ | بنایا، پھر اس لوتھڑے کو ہڈیاں بنایا، پھر |
| لَحْمًا ق ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ط | ہڈیوں کو گوشت پہنایا، پھر اس کو ایک نئی |
| فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ط | صورت میں اٹھا کر کھڑا کیا، تو برکت والا ہے |
| (مومنون - ۱) | سب سے بہتر بنانے والا (خدا) |

لیکن یہ ترقی یہیں تک پہنچ کر رک نہیں جائے گی، بلکہ آگے بھی ہوگی، اس لئے جس طرح ماں کے پیٹ کی تنگ و تاریک دنیا میں زیست و حیات کے کچھ قواعد تھے، پھر عالم کی اس سے بھی وسیع تر دنیا میں اس نے قدم رکھا، جہاں ترقی و حیات کے دوسرے ہی اصول ہیں، اسی طرح اس دنیائے مادی سے نکل کر اس وسیع تر دنیا میں قدم رکھے گا، جہاں ترقی اور سعادت کے اور دوسرے اصول ہوں گے، چنانچہ اس کے بعد ہی فرمایا،

Marfat.com

ثُمَّ اِنَّكُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ لَمَيِّتُوْنَ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ تُبْعَثُوْنَ (مومنون)

پھر بیشک تم اس کے بعد مرنے والے ہو اور پھر قیامت کے دن اٹھائے جاؤ گے،

جس طرح انسانیت سے پہلے لاکھوں برس میں ایک نوع کی کیفیت مٹ کر دوسری نوع کی کیفیت پیدا ہوتے ہوتے انسانیت تک نوبت پہونچی، موت کے معنی یہ ہیں کہ اب نوعِ انسانی کی تمام کیفیتیں مٹ کر ایک بلند تر نوع کی کیفیتوں کی تیاری شروع ہوئی، صدہا ہزارہا سال کے بعد قیامت سے دوسری نوعِ ملکوتی کا ظہور ہوگا،

یہاں مسئلۂ ارتقار کا دوسرا اصول سامنے آتا ہے جس کو بقاے اصلح کہتے ہیں، ان مدارجِ ترقی کے اثنا میں ہزاروں وہ نوعیں فنا ہوتی رہتی ہیں جنہیں آگے بڑھنے کی صلاحیت نہیں ہوتی، اور وہی باقی رہجاتی ہیں جنہیں آیندہ بقا کی پوری استعداد ہوتی ہو جس طرح پچھلی استعداد سے آیندہ کی استعداد پیدا ہوتی ہو اسی طرح اُس دوسری ملکوتی نوع کی استعداد ان ہی کو ملتی ہے جن کے اندر اپنی پچھلی مادی وجسمانی زندگی میں اسکی استعداد پیدا ہو چکی تھی، دوزخ کے درجے اُن لوگوں کے مقامات ہیں جو گویا ہنوز جمادی، نباتی وحیوانی منزلوں میں ہیں اور ممکن ہے کہ وہ اس دارالامتحان میں اپنی کمی استعداد کے بقدر رہ کر آگے کی استعداد پیدا کریں اور ملکوتیت کی ترقی حاصل کر سکیں،

بہشت کے مختلف مدارج اُن کی استعدادوں کے مقامات ہیں جو اپنی پہلی ہی زندگی میں اس ترقی کی استعداد پیدا کر چکے تھے لیکن یہاں پہنچکر بھی اُن کی رُوحانی ترقی کا دروازہ بند نہ ہوگا، بلکہ وہ بقدر استعداد تکمیل کے مدارج طے کرتے چلے جائیں گے، شاید اسی لئے اللہ تعالیٰ نے فرمایا

فَلَھُمْ اَجْرٌ غَیْرُ مَمْنُوْنٍ ، (تین - ۱)

ان (بہشتیوں) کے لئے نہ ختم ہونیوالی مزدوری ہے ،

ایک دوسری آیت میں ہے کہ نشأۃ ثانیہ میں اہل ایمان کے آگے پیچھے داہنے بائیں نور ہوگا، پھر بھی دعا کریں گے ،

نُوْرُھُمْ یَسْعٰی بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَ بِاَیْمَانِھِمْ یَقُوْلُوْنَ رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ج اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ہ (تحریم - ۲)

اُن کا نور اُن کے سامنے اور داہنے دوڑیگا اور وہ کہیں گے، اے ہمارے پروردگار ہمارے نور کو کامل اور ہم کو معاف کر، تو ہر بات کر سکتا ہے ،

مومنوں کے لبوں پر اللہ کے بخشے ہوئے نور کی مزید تکمیل اور اتمام کی دعا، ادھر اشارہ کر رہی ہے کہ اُن کے مدارج میں ترقی ہوتی رہے جس کا اقتضا خدا کی ربوبیت کا منشا ہے

امن وسلامتی کا گھر

انسان امن وسلامتی کا بھوکا ہے لیکن وہ اس امن وسلامتی کو اسباب راحت کے انبار میں تلاش کرتا ہے، اور نہیں پاتا، وہ دنیا میں امن کا گوشہ ڈھونڈھتا ہے اور وہ اس کو نہیں ملتا لیکن یہاں آکر اس کو نہ صرف امن کا گوشہ، بلکہ امن وسلامتی کی ایک دنیا ملے گی، وہ پرند جو عمر بھر چار عناصر کے قفس میں گرفتار رہا یہاں وہ سدرۃ المنتہی کی ہر شاخ پر آزادانہ پرواز کریگا ، جنت کے جہاں وحی محمدی نے اور بہت سے نام بتائے ہیں ، وہاں اس کا ایک نام دارالسلام بھی بتایا ہے ، جس کے معنی امن وسلامتی کے گھر کے ہیں ،

اہل جنت کی نسبت ارشاد ہے ،

Marfat.com

لَهُمْ دَارُ السَّلَامِ عِنْدَ رَبِّهِمْ ‎ان کے لئے اُن کے پروردگار کے پاس

(انعام - ۱۵) ‎سلامتی کا گھر ہے۔

اللہ تعالیٰ نے جس شریعت کو دیکر اپنے پیغمبر علیہ السلام کو مبعوث فرمایا ہے، وہ حقیقت میں اسی امن و سلامتی کی نوید و بشارت ہے، اسی لئے فرمایا۔

وَاللّٰہُ یَدْعُوْا اِلٰی دَارِ السَّلَامِ (یونس) ‎اور اللہ سلامتی کے گھر کی طرف بلاتا ہے،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم جب مدینہ منورہ تشریف لائے تو سب سے پہلے اس امن سلامتی کے گھر کی دعوت پیش فرمائی۔ عبداللہ بن سلام ایک یہودی عالم تھے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی جس صدائے نبوّت نے سب سے پہلے اُن کے دل میں گھر کیا وہ یہ تھی "لوگو! سلامتی پھیلاؤ، بھوکوں کو کھلاؤ، جب دنیا غفلت کی نیند سوئے تو تم اٹھکر خدا کی عبادت کرو، امن سلامتی کے گھر میں جانا تمکو نصیب ہوگا"

جنّت کے ذکر میں اس امن سلامتی کا تذکرہ قرآن پاک میں بار بار آیا ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ جنّت کے در و دیوار سے امن و سلامتی کے ترانے سنائی دیں گے،

وَالْمَلٰٓئِکَۃُ یَدْخُلُوْنَ عَلَیْھِمْ مِّنْ ‎اور فرشتے ہر دروازہ سے اُن کے سامنے

کُلِّ بَابٍ سَلٰمٌ عَلَیْکُمْ بِمَا صَبَرْتُمْ ‎یہ کہتے ہوئے آئیں گے کہ تم پر سلامتی ہو کہ

فَنِعْمَ عُقْبَی الدَّارِ (رعد - ۳) ‎تم نے صبر کیا تھا، تو کیسا اچھا پچھلا گھر ہے،

وہاں امن و سلامتی کے سوا کچھ اور سنائی نہ دے گا،

اِلَّا قِیْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا (واقعۃ ۱) ‎لیکن سلامتی سلامتی کی پکار،

فرشتے اہل جنّت کو یوں کہیں گے،

Marfat.com

ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ۭ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۔ (ق ۔ ۳) — اس جنت میں سلامتی کے ساتھ داخل ہو، یہ زندگی جاوید کا دن ہے،

لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا اِلَّا سَلٰمًا (مریم ۔ ۴) — اس میں سلامتی کے سوا کوئی اور بیہودہ بات نہ سنیں گے،

جنت کا ایک اور نام قرآن میں "مقام امین" امن والا مقام بتایا گیا ہے، فرمایا،

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ مَقَامٍ اَمِيْنٍ ۙ (دخان ۔ ۳) — بے شک پرہیزگار لوگ امن والے مقام میں ہوں گے،

**مقام رحمت** خدا کی رحمت کب نہیں؟ اور کہاں نہیں؟ مگر دنیا کے فطری قوانین کے بموجب اس دنیا میں ایسے واقعات اور حادثے بھی پیش آجاتے ہیں جن کو ہم رحمت کے بجائے قہر الٰہی سے تعبیر کرتے ہیں، پھر یہ بھی واقعہ ہے کہ خود ہم کو ہمارے اعمال کی بدولت خداوند تعالیٰ کے قہر و غضب میں مبتلا ہونا پڑتا ہے لیکن ایک عالم وہ ہے جہاں اس کی رحمت کے سوا اس کے قہر و غضب کا نام و نشان نہ ہوگا، وہاں ہر طرف اس کی رحمت اور فیض و کرم کی بارش ہوگی وہاں اس کی رحمت کے سوا وہاں کوئی اور منظر کہیں اور کبھی دکھائی نہ دیگا،

يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَرِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ مُّقِيْمٌ ۙ (توبہ ۔ ۳) — ان کا پروردگار ان کو اپنی رحمت خوشنودی اور ان باغوں کی خوشخبری دیتا ہے جن میں ان کے لئے ہمیشہ کا آرام ہے،

اہل جنت کو جن کے چہرے خوشی سے دمکتے ہوں گے، یہ آواز سنائی دے گی،

Marfat.com

| | |
|---|---|
| وَاَمَّا الَّذِیْنَ ابْیَضَّتْ وُجُوْھُھُمْ فَفِیْ | لیکن جن کے چہرے روشن ہوں تو وہ اللہ کی |
| رَحْمَۃِ اللّٰہِ ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ (اٰل عمران) | رحمت میں ہوں گے، اس میں وہ سدا رہیں گے، |

**مقام نور** جنت نور کا وہ مقام ہے جہاں ظلمت و تاریکی کا نام و نشان نہ ہوگا، جنتیوں کے چہرے روشن ہوں گے، کوئی ستاروں کی طرح چمکے گا، اور کوئی چاند کی طرح، ہر طرف اُن کے انوار کی بارش ہوگی، آگے پیچھے، داہنے بائیں ہر سمت سے نور درخشاں ہوگا، فرمایا،

| | |
|---|---|
| نُوْرُھُمْ یَسْعٰی بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَ | اُن کا نور اُن کے سامنے اور اُن کے |
| بِاَیْمَانِھِمْ، (تحریم-۲) | داہنے دوڑے گا، |

اس دن اہلِ ایمان کے نورِ ایمان کی بجلیاں ہر طرف کوندیں گی،

| | |
|---|---|
| یَوْمَ تَرَی الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ | جس دن تو مومن مردوں اور مومن عورتوں |
| یَسْعٰی نُوْرُھُمْ بَیْنَ اَیْدِیْھِمْ وَبِاَیْمَانِھِمْ | کو دیکھے گا کہ ان کا نور اُن کے سامنے اور ان کے |
| بُشْرٰىكُمُ الْیَوْمَ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ | داہنے چمکے گا، آج تم کو خوشخبری ہو وہ باغ |
| تَحْتِھَا الْاَنْھٰرُ خٰلِدِیْنَ فِیْھَا ذٰلِكَ | ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں، ان میں ہمیشہ |
| ھُوَ الْفَوْزُ الْعَظِیْمُ ج (حدید-۲) | رہا کروگے، یہی بڑی کامیابی ہے، |

اُس دن اہلِ نفاق اہلِ ایمان سے آرزو کریں گے کہ ذرا ٹھہر جائیے کہ ہماری ظلمت کدہ میں بھی ایک دم کے لئے روشنی ہو جائے،

| | |
|---|---|
| یَوْمَ یَقُوْلُ الْمُنٰفِقُوْنَ وَالْمُنٰفِقٰتُ | جس دن منافق مرد اور منافق عورتیں اہل |
| لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوا انْظُرُوْنَا نَقْتَبِسْ | ایمان سے کہیں گی کہ ذرا ٹھہرو کہ ہم بھی تمہارے |

Marfat.com

مِنَ النُّوْرِ کُمُوْ ج (حدید -۲) نور سے روشنی لیں،

**مقامِ رضوان** | جنّت کے انعامات کی فہرست میں سب سے آخری چیز مقامِ رضوان ہے یعنی اللہ تعالیٰ کا اپنے بندہ سے راضی اور خوش ہونا کہ اُس کے بعد نہ کبھی وہ اپنے اس بندہ پر عتاب فرمائے گا نہ اُس سے ناراض ہوگا، بلکہ اس کو اپنی رضامندی اور خوشنودی کی لازوال دولت عطا فرمائیگا متقیوں کے لئے اللہ تعالیٰ نے جو نعمتیں رکھی ہیں، ان میں جنّت، نہریں، پاک بیویاں، اور ان سب کے بعد روح کی مسّرت رکھی ہے، لیکن ان سب کے بعد بھی اپنی سب سے آخری نعمت اپنی اسی رضامندی کو ظاہر فرماتا ہے، چنانچہ سورۂ توبہ میں رحمت اور رضوان کے بعد جنّت کے ذکر کو جگہ دی گئی ہے،

| | |
|---|---|
| يُبَشِّرُهُمْ رَبُّهُمْ بِرَحْمَةٍ مِّنْهُ وَ | ان کا پروردگار انکو اپنی رحمت اور خوشنودی |
| رِضْوَانٍ وَّجَنّٰتٍ لَّهُمْ فِيْهَا نَعِيْمٌ | (رضوان) کی خوشخبری دیتا ہے، اور ان |
| مُّقِيْمٌ ۔ (توبہ -۳) | باغوں کی جن میں نعمتِ الٰہی قائم رہیگی |

سورۂ حدید میں بھی اسی طرح مغفرت اور رضائے الٰہی کے بعد بطور تکملہ کے جنّت کا ذکر آتا ہے، فرمایا،

| | |
|---|---|
| وَفِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۙ وَّ | اور آخرت میں سخت عذاب ہے اور خدا کی |
| مَغْفِرَةٌ مِّنَ اللّٰهِ وَرِضْوَانٌ ۭ وَمَا | بخشش اور رضامندی بھی ہے، اور دنیا کی |
| الْحَيٰوةُ الدُّنْيَآ اِلَّا مَتَاعُ الْغُرُوْرِ | زندگی تو دھوکے کا سامان ہے اپنے |
| سَابِقُوْٓا اِلٰى مَغْفِرَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ | رب کی بخشش اور اس جنّت کی طرف دوڑو |

| | |
|---|---|
| وَجَنَّةٍ عَرْضُهَا كَعَرْضِ السَّمَآءِ وَ | جس کا پھیلاؤ آسمان اور زمین کے پھیلاؤ کے |
| الْأَرْضِ أُعِدَّتْ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا | برابر ہو، یہ اُن کے لیئے بنائی گئی ہے جو اللہ |
| بِاللّٰهِ وَرُسُلِهٖ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ | اور اس کے رسولوں پر یقین رکھتے ہیں یہ اللہ |
| يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ | کی مہربانی ہو جس کو چاہتا ہو، دیتا ہو، اور |
| الْعَظِيْمِ، (حدید - ۳) | اللہ بڑی مہربانی والا ہے، |

سورۂ آلِ عمران میں جنّت کی تمام نعمتوں کو گنا کر ان کا خاتمہ رضوان کی عظیم الشان بشارت پر کیا گیا ہے، فرمایا،

| | |
|---|---|
| لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ | جنھوں نے پرہیزگاری کی، اُن کے لئے اُنکے |
| تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ | پروردگار کے پاس ایسے باغ ہیں جن کے نیچے |
| فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ | نہریں بہتی ہیں، اُن میں وہ سدا رہیں گے، اُن |
| مِّنَ اللّٰهِ، (آلِ عمران - ۲) | ان کی بیویاں اور اللہ کی خوشنودی، |

سورۂ توبہ میں جنّت کی تمام نعمتوں سے بڑھکر نعمت **رضوانِ الٰہی** کو قرار دیا ہو،

| | |
|---|---|
| وَعَدَ اللّٰهُ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ | اللہ نے باایمان مردوں اور عورتوں سے اُن |
| جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ | باغوں کا وعدہ کیا ہو جن کے نیچے نہریں بہتی |
| خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً فِيْ | ہیں، ان میں سدا رہیں گے، اور رہنے کے |
| جَنّٰتِ عَدْنٍ وَرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ | ستھرے گھر، اور اللہ کی رضامندی سب |
| اَكْبَرُ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ (توبہ - ۹) | بڑی ہو، وہی بڑی کامیابی ہے، |

بہشت کی مطمئن روحوں کو یہ نوید مسرت سنائی جاتی ہے،

| | |
|---|---|
| یَاۤ اَیَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ | اے اطمینان والی روح! تو اپنے رب کے |
| ارْجِعِیۤ اِلٰی رَبِّكِ رَاضِیَةً مَّرْضِیَّةً | پاس اسی طرح واپس جا کہ تو اس سے راضی |
| (فجر-۱) | ہوا ور وہ تجھ سے راضی ہو، |

اہل جنت کی یہ صفت آئی ہے،

رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُمْ وَرَضُوْا عَنْهُ (مائدہ-۱۶) خدا ان سے خوش اور وہ خدا سے خوش

ان ہی آیتوں کی تفسیر میں آنحضرت (صلی اللہ علیہ وسلم) نے یہ بشارت سنائی ہے کہ خداوند تعالیٰ اہل جنت کو آواز دیگا کہ اے جنت والو! وہ جواب دیں گے کہ اے خداوند ہم حاضر ہیں، سب بھلائیاں تیرے پاس ہیں، فرمائیگا (جنت کی نعمتیں پاکر) اب تم خوش ہوئے؟ عرض کریں گے پروردگار کیوں خوش نہ ہوں کہ تو نے ہم کو وہ کچھ دیا جو کسی کو نہیں دیا فرمائیگا کہ میں ان تمام گذشتہ نعمتوں سے بڑھ کر جو چیز ہے وہ تم کو دوں؟ کہیں گے اے پروردگار! ان سے بہتر کیا ہے؟ فرمائیگا یہ کہ اپنی رضامندی و خوشی تم پر اتاروں پھر اس کے بعد میں کبھی تم سے ناراض نہ ہوں گا[۱]

مقام طیب وطاہر موجودہ دنیا کی ہر چیز آلودگیوں اور نجاستوں سے بھری ہے لیکن بہشت وہ مقام ہے جو پاکی ستھرائی لطافت اور طہارت کا مظہر ہے اس میں وہی داخل ہوں گے، جو گناہوں سے پاک ہو چکے ہوں، فرمایا،

طِبْتُمْ فَادْخُلُوْهَا خٰلِدِیْنَ (زمر-۸) تم پاک ہو چکے تو جنت میں ہمیشہ کیلئے داخل ہو جاؤ

---

[۱] صحیح بخاری و مسلم صفۃ الجنۃ،

جو زندگی وہاں ملے گی، وہ بھی پاک وصاف اور ستھری اور ہر جسمانی و رُوحانی آلائش سے بری ہوگی، فرمایا،

مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ۚ وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ، (نحل ۱۳)

مرد ہو یا عورت جس نے مومن بن کر اچھے کام کئے ہم اُس کو ایک پاک زندگی دیکر جلائیں گے اور اُن کو ہم اُن کے سب سے بہتر عمل کے مطابق بدلہ دیں گے،

جو گھر وہاں ملیں گے وہ بھی پاک وصاف اور ستھرے ہوں گے،

وَمَسٰكِنَ طَيِّبَةً ، (صف-۲)

اور پاک گھر،

جو بیویاں ملیں گی وہ بھی پاک ہوں گی،

وَاَزْوَاجٌ مُّطَهَّرَةٌ (آل عمران۲)

اور پاک بیویاں،

وہاں کی جو باتیں ہوں گی وہ بھی پاک،

وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ (حج - ۳)

اور اہل جنت کو پاکیزہ گفتگو کی طرف رہنمائی کی جائے گی،

ان کو پینے کی جو چیز ملے گی وہ بھی پاک ہوگی،

شَرَابًا طَهُوْرًا ، (دھر ۱۰)

پینے کی پاک چیز،

غرض کہ ہر چیز وہاں پاک صاف طیب و طاہر اور تمام روحانی جسمانی آلودگیوں سے مبرّا ہوگی

مقام تسبیح و تہلیل: اس آرام و لطف کے بعد اہل جنت کی روحانی لذت اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا اور تسبیح و

تہلیل ہوگی یہ اُن کی روحانی غذا ہوگی، وہ عالم جہاں ہر طرف انوار الٰہی برسیں گے، جہاں صفائی اور ستھرائی کے سوا کوئی اور منظر نہ ہوگا، جہاں قدس و نزاہت کی ہر طرف صورتیں نظر آئیں گی، وہاں حمد و ثنا کے روح افزا ترانے بھی ہر طرف سے بلند ہوں گے۔

دَعْوٰىهُمْ فِيْهَا سُبْحٰنَكَ اللّٰهُمَّ وَتَحِيَّتُهُمْ فِيْهَا سَلٰمٌ وَاٰخِرُ دَعْوٰىهُمْ اَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ۔ (یونس۔۱)

جنت میں اُن کی ندا یہ ہوگی کہ اے میرے اللہ! تیری پاکی، اور اُن کی آپس کی دعا، سلامتی ہوگی، اور اُن کی آخری پکار یہ ہوگی کہ دنیا کے پروردگار (اللہ تعالیٰ) کی حمد ہو۔

جنت کی تمام شاہانہ نعمتوں کے بعد بڑی نعمت یہ ہوگی کہ خدا کی تسبیح و تہلیل کی نئی نئی پر لطف راہیں وہاں اُن پر کھلیں گی، فرمایا،

اِنَّ اللّٰهَ يُدْخِلُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ جَنّٰتٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ يُحَلَّوْنَ فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا وَلِبَاسُهُمْ فِيْهَا حَرِيْرٌ وَهُدُوْا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ وَهُدُوْا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ ۝ (حج۔۳)

بیشک اللہ اُن کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کئے اُن باغوں میں داخل کرے گا جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں، اُن میں اُن کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے، اور ان کی پوشاک اُن میں ریشم کی ہوگی، اور وہ راہ دکھائے جائیں گے اچھی بات کی، اور وہ دکھائے جائیں گے اُس سراپا حمد (ذات) کی راہ،

وہ اپنے سر سبز و شادابی اور نعمت کے شکریہ میں فرشتوں کے ساتھ مل کر حمد الٰہی کا سرود سرمدی گائیں گے۔

اور یہ وقت ہوگا جب عالم وجود کے ہر گوشہ سے اس کی حمد کا ترانہ بلند ہوگا فرمایا:

| | |
|---|---|
| وَقَالَ لَهُمْ خَزَنَتُهَا سَلَامٌ عَلَيْكُمْ | جنت کے نگہبان اُن سے کہیں گے تم پر سلامتی |
| طِبْتُمْ فَادْخُلُوهَا خَالِدِينَ وَقَالُوا | ہو تم پاک ہو چکے تو جنت میں چلے جاؤ، اہل جنت |
| الْحَمْدُ لِلَّهِ الَّذِي صَدَقَنَا وَعْدَهُ | کہیں گے اُس اللہ کی حمد ہو جس نے اپنا وعدہ |
| وَأَوْرَثَنَا الْأَرْضَ نَتَبَوَّأُ مِنَ الْجَنَّةِ | سچا کیا، اور ہم کو اُس سرزمین کا مالک کیا |
| حَيْثُ نَشَاءُ فَنِعْمَ أَجْرُ الْعَامِلِينَ وَ | کہ جنت میں جہاں چاہیں رہیں تو کام کرنے |
| تَرَى الْمَلَائِكَةَ حَافِّينَ مِنْ حَوْلِ | والوں کی کیسی اچھی مزدوری ہے، اور |
| الْعَرْشِ يُسَبِّحُونَ بِحَمْدِ رَبِّهِمْ | دیکھیے گا کہ فرشتے عرشِ الٰہی کو گھیرے اپنے |
| وَقُضِيَ بَيْنَهُمْ بِالْحَقِّ وَقِيلَ الْحَمْدُ | پروردگار کی حمد کی تسبیح کر رہے ہوں گے |
| لِلَّهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ، | اور سب لوگوں کے درمیان فیصلہ کیا جائیگا، |
| (زمر - ۸) | اور کہا جائیگا کہ حمد ہو سارے عالم کے پروردگار کی |

اہل جنت کے متعلق قرآن پاک میں ایک جگہ ہے،

| | |
|---|---|
| لَا يَسْمَعُونَ فِيهَا لَغْوًا إِلَّا سَلَامًا | وہ نہ سنیں گے وہاں بیکار بات، مگر سلام |
| وَلَهُمْ رِزْقُهُمْ فِيهَا بُكْرَةً وَعَشِيًّا | اور اُن کی روزی اس میں صبح اور شام |
| (مریم - ۴) | ہوگی، |

اس صبح و شام کی روزی سے مقصود کیا جنت کے کھانے کے الوان نعمت ہیں؟ اگر ایسا ہوتا تو صبح و شام کی تخصیص کیا تھی وہ تو ہر وقت سامنے ہونگے، میرا گمان یہ ہے کہ سن ونی

سے خدا کی تسبیح و تہلیل کی روحانی روزی اور ربانی غذا مراد ہے، اور حدیث کے ان لفظوں کو اسی کی تفسیر جانتا ہوں، صحیح مسلم میں ہے کہ آپ نے جنت کی نعمتوں کے سلسلہ میں فرمایا،

يُسَبِّحُونَ اللّٰهَ بُكْرَةً وَّعَشِيًّا، — وہ صبح اور شام اللہ تعالیٰ کی تسبیح و تقدیس کریں گے،

(صفة الجنة)

ایک اور حدیث میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اہل جنت کو خدا کی تسبیح و تقدیس کا الہام ہوگا، اور شاید قرآن پاک کی اس آیت کے یہی معنی ہوں،

وَهُدُوْٓا اِلَى الطَّيِّبِ مِنَ الْقَوْلِ — اور اچھی بات کی طرف ان کی رہنمائی کی

وَهُدُوْٓا اِلٰى صِرَاطِ الْحَمِيْدِ (حج ۳) — جائیگی اور اس سراپا حمد کا راستہ انکو بتایا جائیگا

**مقام قرب** اہل جنت کو جو کچھ نصیب ہوگا اُن کے سوا سب سے اعلیٰ مرتبہ، قرب خاص کا مقام ہوگا بندے اپنے پروردگار کی حضوری کا شرف پائیں گے، قرآن پاک میں جا بجا اُن کے لئے یہ آتا ہے جَزَآءُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ اُن کی جزا اُن کے پروردگار کے پاس" یہ قرب خاص کے اشارے ہیں، اور ایک جگہ یہ اشارہ اس تصریح سے بدل جاتا ہے،

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ — بے شک پرہیزگار باغوں میں اور نہروں

فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِيْكٍ — میں، سچائی کی نشستگاہ میں اُس بادشاہ

مُّقْتَدِرٍ (قمر ۳) — کے حضور جس کا سب پر قبضہ ہے،

**دیدار** جنت کی سب سے آخری لیکن بڑی نعمت اللہ تعالیٰ کی تجلی کا نظارہ ہے، کون ہے کہ جو اس مطلعِ انوار کے دیدار کی تاب لاسکے، تاہم یا تو یہ آنکھیں کچھ اور ہوں گی، یا وہ نورِ مطلق

Marfat.com

کسی خاص شان میں نمایاں ہوگا، اس وقت یہ عالم ہوگا کہ وہ نور کا مرکز بن کر نمودار ہوگا اور جنت کی مشتاق آنکھیں اُس کی طرف اٹھی ہوں گی،

| | |
|---|---|
| وُجُوۡهٌ یَّوۡمَئِذٍ نَّاضِرَةٌ اِلٰی رَبِّهَا نَاظِرَةٌ (قیامہ -۱) | کتنے چہرے اُس دن تروتازہ اور اپنے پروردگار کی سمت دیکھ رہے ہوں گے۔ |

اسی آیت کی تفسیر میں حضرت جریر بن عبد اللہؓ صحابی روایت کرتے ہیں کہ آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ "تم اپنے پروردگار کو بالمشاہدہ دیکھو گے" دوسری روایتوں میں ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جیسے چاند کو تم دیکھ رہے ہو ایسے ہی تم اپنے پروردگار کو دیکھو گے، اس دیدار و رویت میں کوئی ایک دوسرے کا مزاحم نہ ہوگا،[1] اس تمثیل سے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے دو مقصود ہیں، ایک تو شدت یقین کا اظہار کہ جس طرح تم اس روشن چاند کو بے شک وشبہہ دیکھ رہے ہو، اسی طرح بے شک وشبہہ اپنے پروردگار کو دیکھو گے، دوسرا مقصد یہ ہے کہ جس طرح لاکھوں کا مجمع بھی ہو تو سب لوگ ایک چاند کو یکساں حیثیت سے باطمینان اس طرح دیکھ سکتے ہیں کہ ایک کا دیکھنا دوسرے کے دیکھنے میں عائق نہیں ہوتا، اسی طرح دیدار الٰہی میں کروڑوں کا ہجوم خدا کے دیدار سے ایک دوسرے کا مانع نہ ہوگا، اتنا ہی نہیں، بلکہ جس دن جنتی اپنے پروردگار کے حضور میں پیش ہوں گے، اُن کی زبان پر سلامتی کی دعا ہوگی،

| | |
|---|---|
| تَحِیَّتُهُمۡ یَوۡمَ یَلۡقَوۡنَهٗ سَلٰمٌ (احزاب -۶) | اُن کی دعا جب وہ اپنے پروردگار سے ملیں گے، سلامتی ہوگی، |

[1] صحیح بخاری جلد ثانی ص ۱۱۰۵،

بلکہ اس سے بھی بڑھکر یہ کہ وہ سراپا رحمت پروردگار خود اپنے بندوں کو اپنی زبان سے سلامتی کا پیام دیگا

سَلٰمٌ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ‎(یٰسٓ - ۱۴)‎ — رحمت والے پروردگار کی طرف سے پیام سلامتی ہوگا،

بخاری میں ہے کہ آپ نے فرمایا خداوند تعالیٰ اپنے بندہ سے ترجمان کے بغیر خود کلام فرمائیگا[ا]

یہ رویت کیونکر ہوگی؟ اہلِ روایت نفقطہ کے قائل ہیں اہل عقل زیادت ایمان کی تاویل کرتے ہیں اہلِ حقیقت اسکو اسماء وصفات کی ناقابلِ بیان جلوہ انگیزی سے تعبیر کرتے ہیں لیکن فیصلہ یہ ہے:

ع بیا کیں داوری ہارا بہ پیش داور اندازیم

**ان تعلیمات کا عملی اثر** اوپر کے صفحوں میں قیامت، حشر و نشر اور جنت و دوزخ کے پورے مناظر گذر چکے، یہ ایمان بالغیب مذہب کی حقیقت کا اصلی جوہر اور اسی کے تیقن میں مذہب کی اصلی طاقت پوشیدہ ہے معلوم ہو چکا ہے کہ اہلِ عرب کو ان حقائق کی تسلیم سے کس قدر انکار تھا، بلکہ مرکر جی اٹھنا، اور اس موت کے بعد دوبارہ زندہ ہونا اُن کے نزدیک کس قدر مستبعد تھا، قرآن پاک کا بڑا حصہ شرک کے ابطال اور توحید کے اثبات کے بعد اسی حیات بعد الموت کی تلقین اور اس پر ایمان کی دعوت پر مشتمل ہے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم اپنے اکثر خطبوں میں اس کا حال بیان کرتے تھے اور جمعہ کے خطبوں میں خصوصیت کے ساتھ سورۂ قٓ تلاوت فرماتے تھے جس میں قیامت کے حالات ہیں مگر دیکھو کہ ۲۳ برس کی مسلسل تعلیم قرآن پاک کی تاثیر اور محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فیضِ ہدایت سے نہ صرف اُن کا انکار اقرار سے بدل گیا، بلکہ یہ معلوم ہوتا تھا کہ یہ مناظر اُن کے دل و دماغ کی لوح میں منقوش ہو گئے تھے

[ا] صحیح بخاری جلد ثانی باب کلام الرب،

Marfat.com

یاد ہوگا کہ اسلام کے آغاز میں ایک عرب شاعر نے طنزاً کہا تھا،

امَوتٌ ثُمَّ بعثٌ ثُمَّ حشرٌ — حدیثُ خرافةٍ یا اُمَّ عمرٍو

کیا مرنا ہی، پھر جینا، اور پھر اکٹھا ہونا — اے عمر کی ماں، یہ خرافات باتیں ہیں

لیکن چند ہی سال کے بعد یہ طنز انکار، رمزِ یقین سے بدل گیا، اور اس وقت عرب کا شاعر یہ کہنے لگا ہم آسمان تک پہنچ گئے، اور خدا سے امید ہو کہ ہم اس سے بھی اونچے جائیں گے[لے]

وَاِنَّا لَنَرْجُو فَوْقَ ذٰلِكَ مَظْهَرًا

اور ہم یہ امید رکھتے ہیں کہ اس سے بھی بلند مقام میں ظہور کریں،

آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم استفسار فرماتے ہیں کہ آسمان سے بھی بلند مقام اور کیا ہو؟ عرض کرتا ہو کہ جنت یا رسول اللہ؟ آپ فرماتے ہیں انشاء اللہ، دیکھو کہ جن کی نظریں زمیں سے اونچی نہیں جا پاتی تھیں اُن کا تخیل آسمان سے بھی اونچا جانے لگا جن کو مر کر پھر جینا دور از عقل معلوم ہوتا تھا جنکو آخرت کے مواخذہ کا کوئی ڈر نہ تھا جن کو اپنے اعمال کی جوابدہی کی پروا نہ تھی جو سزا و جزا کے مفہوم سے بیگانہ تھے جو جنت و دوزخ کے تخیل سے نا آشنا تھے، وہ اس ہولناک منظر سے ڈرنے لگے دوسری زندگی پر اُن کو اسی طرح یقین آگیا جس طرح آج کی زندگی پر تھا آخرت کے مواخذہ سے وہ بید کی طرح کانپنے لگے اعمال کی جوابدہی سے ترساں و لرزاں رہنے لگے، سزا و جزا کے خوف سے وہ اپنے ہر عمل کی باز پرس خود کرنے لگے جنت کا اشتیاق اُن کو بڑی سی بڑی قربانی پر آمادہ کر دیتا تھا، دوزخ کا ڈر اُن کے دل کے اندر کے بیزار کو چھڑا کر تا تھا اُن کی آنکھوں کو اشکبار رکھتا تھا فرض و ذمہ داری

---

[لے] اصابہ اور استیعاب ذکر نابغہ جعدی،

کو دیانتداری کے ساتھ ادا کرنے پر ہر لحظہ اُن کو آمادہ کرتا رہتا تھا، راحت کے خواب و ناز قدم
بستر سے اُن کو چونکا کر عمل کے میدان میں تنہا لے آتا تھا، اور ہر نیک کام اور عہدۂ عمل کیلئے اُن کو
ہمہ تن سرگرم اور سراپا مصروفِ جد وجہد بنا دیتا تھا، تنہائی اور تاریکی میں اُن کے دل اور بدن کو
برائیوں اور بداعمالیوں سے باز رکھتا تھا، اُنکے ضمیر اور دل کے صفحوں کو ہر وقت خدا کی آنکھوں کے سامنے کھلا رکھتا تھا۔

ایک دفعہ کسی حقیقت کے متعلق دو صحابیوں میں جھگڑا تھا، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فریقین کی
باتیں سُن کر ایک کے حق میں فیصلہ دیدیا، پھر فرمایا "میں بھی ایک آدمی ہوں، مدعی اور مدعا علیہ میں
ممکن ہو کہ کوئی زیادہ اچھا بولنے والا ہو جو اپنے دعوی کو خوبی کیساتھ بیان کرے اور میں اس کے موافق
اُس کا فیصلہ دوں لیکن درحقیقت وہ چیز اُس کی نہ ہو تو گویا میں اُس کے گلے میں آگ کا ایک طوق پہنا
رہا ہوں" یہ سنکر فریقین پر یہ اثر ہوا کہ دونوں رونے لگے اور ہر ایک اپنا حصہ دوسرے کو دینے لگا۔[1]

حضرت عمرؓ خدا کے مطیع و فرمانبردار تھے، رسول کے عاشق و شیدا تھے، نیکیوں سے مالا مال
تھے جنّت کی بشارت سے سرفراز تھے تاہم آخرت کے مواخذہ اور جوابدہی سے اس قدر خوفزدہ تھے
کہ ایک دفعہ انھوں نے کہا کہ اگر وصالِ نبوی کے بعد میرے اچھے اور بُرے اعمال برابر برابر رہیں تو بھی کافی
ہوں، اگر جنت نہ ملے تو پروا نہیں مگر الٰہی دوزخ نہ ملے۔[2] وہ نزع کی حالت میں بہت بے چین تھے جب
صحابہ اُن کے اچھے اعمال گنا کر اُن کو تسلّی دینے لگے تو جواب میں کہا خدا کی قسم اگر کل زمین میرے لئے
سونا ہو جاتی کہ اُس کو دیکر عذابِ الٰہی سے بچ سکتا تو میں دیدیتا۔[3] اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ
کہتی تھیں "اے کاش میں جنگل کی گھاس ہوتی، اے کاش میں کچھ نہ ہوتی۔"

[1] سنن ابی داؤد کتاب الاقضیہ [2] صحیح بخاری باب الہجرۃ جلد اول ص ۵۶۰ [3] صحیح بخاری فضائل حضرت عمرؓ

قیامت کے متعلق قرآن پاک کی یہ عجیب موثر آیت :

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ
السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ يَوْمَ تَرَوْنَهَا
تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّآ اَرْضَعَتْ
وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى
النَّاسَ سُكٰرٰى وَمَا هُمْ بِسُكٰرٰى
وَلٰكِنَّ عَذَابَ اللّٰهِ شَدِيْدٌ (حج ۱)

لوگو! اپنے رب سے ڈرو، قیامت کا بھونچال
ایک بڑی چیز ہے جس دن اس کو دیکھو گے ہر دودھ
پلانے والی عورت اپنے دودھ پیتے بچہ کو بھول
جائیگی، اور پیٹ والی اپنا پیٹ ڈال دے گی اور
لوگوں کو نشہ میں دیکھو گے لیکن وہ نشہ میں نہ
ہوں گے، بلکہ خدا کا عذاب سخت ہوگا،

جب اُتری اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابہ کو سنایا، اور اسکی تفسیر کی تو انکے چہروں کا رنگ بدل گیا، اور آنکھوں سے آنسو جاری ہوگئے[۲] ایک دفعہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے قبر کا ذکر کیا، اور موت کے بعد کے عذاب کا حال بیان کیا تو صحابہ چیخیں مار مار کر رونے لگے[۳] حضرت ابوہریرہؓ کو ایک بار قیامت کے ایک منظر کے بیان کرنے کی ضرورت پیش آئی تو اثنائے روایت میں وہ تین دفعہ بیہوش ہو کر گر پڑے اور جب امیر معاویہؓ کے سامنے یہ آیت دہرائی گئی تو ان پر بھی گریہ طاری ہوگیا[۴]

اس یقین و ایمان کا دوسرا سماں یہ ہے کہ بدر کا میدان جنگ ہے، مشرکین کی ایک ہزار لوہے میں ڈوبی ہوئی فوج کا سیلاب امڈا آرہا ہے، ادھر تین سو تیرہ مسلمان صف باندھے کھڑے

(بقیہ حاشیہ ص ۸۵۷) اول صفحہ ۲۱ [۲] ابن سعد جزء النساء ص ۱۵ [۵] صحیح بخاری مناقب عائشہؓ و تفسیر سورۂ نور و مستدرک حاکم ترجمہ عائشہؓ و ابن حنبل مسند عائشہؓ [۱] صحیح بخاری تفسیر سورۂ حج جلد دوم ص ۶۹۳ [۲] جامع ترمذی تفسیر سورۂ حج [۳] سنن نسائی کتاب الجنائز باب التعوذ من القبر [۴] جامع ترمذی ابواب الزہد،

Marfat.com

ہیں کہ آپ صحابہ کی طرف خطاب کرکے فرماتے ہیں لو اُس جنت کا موقع سامنے ہے جس کی وسعت آسمان و زمین کے برابر ہے" ایک انصاری حیرت سے پوچھتے ہیں کہ کیا آسمان و زمین کے برابر؟ آپ فرماتے ہیں "ہاں"! وہ خوشی سے واہ واہ کہہ اٹھتے ہیں آپ دریافت فرماتے ہیں کہ تم نے واہ واہ کیوں کہا عرض کی، اس امید سے کہ شاید میں بھی اُس میں ہوں فرمایا تم اس میں ہو، یہ سنکر وہ کھجوریں نکال کر جلدی جلدی کھانے لگے، بالآخر جنت کے جانے میں اتنا توقف بھی شاق گزرا بولے اتنی دیر بھی کیوں کیجائے، یہ کہکر کھجوریں پھینک دیں اور تلوار کھینچ کر آگے بڑھے اور شہید ہوگئے،

غزوۂ احد میں بھی اسی قسم کا ایک واقعہ پیش آیا، اُحد کے میدان میں دار و گیر کا شور برپا تھا، لاشوں پر لاشیں گر رہی تھیں کہ ایک صحابی نے آگے بڑھ کر پوچھا یا رسول اللہ! اگر خدا کی راہ میں مارا گیا تو کہاں ہونگا، فرمایا جنت میں، وہ کھجور کھا رہے تھے ہاتھ کی کھجوریں پھینکدیں اور لڑ کر جان دیدی، قیسؓ ایک صحابی تھے، وہ ایک جہاد میں شریک تھے انھوں نے اسلامی فوج کے سپاہیوں کے سامنے کہا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا ہے کہ جنت کے دروازے تلواروں کے سایے کے نیچے ہیں، ایک معمولی سا مسلمان پاس کھڑا تھا، اُس نے آگے بڑھ کر پوچھا کہ کیا آپنے خود رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو کہتے سُنا ہے، انھوں نے کہا "ہاں" یہ سُن کر وہ اپنے دوستوں کے پاس آیا اور سلام کرکے رخصت ہوا، میان توڑ کر پھینکدی اور تلوار لیکر دشمن کی صف پر جا پڑا اور شہادت حاصل کی،

ان حیرت انگیز واقعات میں سے ہر ایک واقعہ پر غور کرو کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم نے منکروں کافروں کے دل و دماغ اور ذہن و اعتقاد کو کس طرح آن کی آن میں بدل دیا، اور دم کے دم میں اُن کے عقائد و اخلاق کو کہاں سے کہاں پہنچا دیا،

Marfat.com

# قضا و قدر

اِنَّا کُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰہُ بِقَدَرٍ (قمر ۳)

اگرچہ قرآن پاک میں ایمان کے سلسلہ میں اس کا ذکر کہیں نہیں آیا، مگر اس کا اعادہ بار بار قرآن میں اتنی دفعہ ہوا ہے کہ اس کی اہمیت اسکی مقتضی ہے کہ اسکو بھی ایمانیات کے پہلو میں جگہ دیجائے چنانچہ بعض صحیح حدیثوں میں یہ ایمانیات کی آخری کڑی قرار بھی دیگئی ہے اور سلسلۂ توحید میں اسلام نے اللہ تعالیٰ کی وسعتِ قدرت اور مشیّتِ مطلقہ کا جو نقشہ کھینچا ہے اُسکا لازمی نتیجہ بھی یہی ہونا چاہیے

اس عقیدہ کا ماحصل یہ ہے کہ دنیا میں جو کچھ اب تک ہوا جو کچھ اب ہو رہا ہے اور جو کچھ آیندہ ہوگا وہ اللہ تعالیٰ کے علمِ سابق اور فیصلۂ ازلی کے مطابق ہوا ہے، ہوتا ہے اور ہوگا، جس طرح مہندس اور انجینیر مکان بنانے سے پہلے مکان کی تمام جزئیات پر غور کر کے پہلے ہی نقشہ تیار کر لیتے ہیں، اور اسی مجوّزہ نقشہ کے مطابق معمار اور مزدور اس تعمیر کو مکمل کرتے ہیں، اسی طرح اس مہندسِ ازل خالقِ کائنات نے کائنات کی پیدائش سے پہلے اسکے تمام اصول و قواعد و دوسرے اہم جزئیات طے کر کے ہر چیز کی نسبت فیصلہ کر دیا تھا، اب اُسی فیصلہ کے مطابق یہ کائنات اور اس کے تمام حوادث

---

لہ صحیح مسلم بروایت ابن عمرؓ و ابوہریرہؓ باب الایمان،

دو اقعات انجام پارہے ہیں، موت و حیات، فقر و غنا، کامیابی و ناکامی، تکلیف و راحت ہر چیز پہلے سے طے شدہ ہے اور اسی کے مطابق وہ ظہور پذیر ہوتی ہے۔

نفس یہ عقیدہ بھی اسلام کے ساتھ مخصوص نہیں، جو کچھ مخصوص ہے وہ اسکی تکمیلی تعلیم ہے، توراۃ میں حضرت آدمؑ و شیطان اور ہابیل و قابیل کے قصوں میں اس عقیدہ کے اشارات پائے جاتے ہیں، حضرت یوسفؑ کا خواب اسی حقیقت کی تعبیر ہے، مگر ان اشارات سے گذر کر زبور میں اس کی کھلی کھلی تعلیم بھی ملتی ہے، زبور ۱۳۸۔۱۴ میں ہے،

"تیرے کام حیرت افزا ہیں، اس کا میرے جی کو بڑا یقین ہے جب کہ میں پردے میں بنایا جاتا تھا، اور زمین کے اسفل میں منقوش ہوتا تھا، تو میرے جسم کی صورت تجھ سے چھپی نہ تھی، تیری آنکھوں نے میرے بے ترتیب مادہ کو دیکھا اور تیرے دفتر میں یہ سب چیزیں تحریر کی گئیں، اور اُن کے دلوں کا حال بھی کہ کب بنیں گی جب ہنوز اُن میں سے کوئی بھی نہ تھی۔"

اس کے بعد زبور ۱۴۸ کا ترانۂ حمد اسی لَے میں شروع ہوتا ہے۔

"........ خداوند کے نام کی ستایش کریں کہ اُس (خدا) نے حکم دیا، اور وہ (مخلوقات) موجود ہوگئے۔ اُس نے انکو پائداری بخشی، اُس نے ایک تقدیر مقرر کی جو ٹل نہیں سکتی"

انجیل میں اسکی تعلیم "خدا کی مرضی" کے عنوان سے ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام زندگی کی آخر شب کی دعا میں فرماتے ہیں "میری مرضی نہیں، تیری مرضی پوری ہو" (متی ۲۶۔۳۹) اور اسی "مرضی" کا ذکر یوحنا (۵۔۳۰ و ۶۔۳۸) اور خطوط (فلیمون ۲۔۱۳) میں ہے اور رومیوں کے نویں باب میں اسکی

پوری تفصیل ہے مگر خاتم النبیین علیہ الصلوٰۃ والسلام کی تعلیم نے اوّل یہ کیا کہ اس مسئلہ کی مجمل حقیقت کی توضیح اور اسکی حکمت و مصلحت کی تشریح کی اور پھر یہ کیا کہ گذشتہ مذاہب کی طرح اپنے دفتر کے کسی ایک گوشہ میں بطور ایک حقیقت ثابتہ کے اُس کو کہکر خاموشی اختیار نہیں کرلی، بلکہ بار بار اتنی دفعہ دہرایا کہ سننے والوں کے دلوں میں اسکی عقیدت نے گھر کرلیا، اور یہ یقین یقین کی صورت میں اُن کی رگ و ریشہ میں پیوست ہوگئی، اور ایسا اُس نے اسلئے کیا کہ صبر و شکر کی اخلاقی تعلیم صرف نظریہ کی صورت میں نہ رہجائے، بلکہ عملی حیثیت میں اسکے پیرووں کے اندر استقلال و ثبات کی روح اور دنیا کے مصائب حوادث میں تسلّی و تشفّی کی قوت پیدا کرے، اور اس طرح یہ عقیدہ پہلے کی طرح صرف ایک مذہبی تلقین یا فلسفیانہ نظریہ کی حیثیت میں نہ رہے بلکہ ایک مفید عملی تعلیم کی شکل اختیار کرے۔

وحیِ محمدیؐ نے اس اصطلاح کے لئے دو لفظ اختیار کئے ہیں، ایک قدر ہے جس کے معنی اندازہ کرنے کے ہیں، اور دوسرا قضا جس کے معنی فیصلہ کرنے کے ہیں،

| | |
|---|---|
| إِنَّا كُلَّ شَيْءٍ خَلَقْنَاهُ بِقَدَرٍ (قمر-۳) | ہم نے ہر چیز کو اندازہ سے پیدا کیا، |
| هُوَ الَّذِي خَلَقَكُمْ مِّن طِينٍ ثُمَّ قَضَىٰ أَجَلًا (انعام-۱) | وہی ہے جس نے تم کو مٹی سے بنایا پھر ایک وقت کا فیصلہ کیا، |

یہ دونوں لفظ بجائے خود اس عقیدہ کی اسلامی حقیقت کو پوری طرح واضح کردیتے ہیں، مقصود یہ ہے کہ کائنات کی پیدائش سے پہلے کائنات کی ہر چیز کے متعلق اللہ تعالیٰ نے انکا اندازہ اور تقدیر ہے ہر ایک کا فیصلہ فرمادیا ہے اور متعین کردیا ہے اسی کے مطابق یہ کائنات چل رہی ہے اس میں خدا کے حکم کے بغیر ایک ذرہ بھی تغیر نہیں کرسکتا، آسمان کو جس طرح بنایا آفتاب کو جس طرح روشن کیا

چاند کے متعلق جو اصول مقرر فرمایا، ستاروں کے نکلنے اور ڈوبنے کے جو احکام دیدیئے، موت و حیات، فنا و بقا، اور عروج و زوال غرض کائنات کی ہر شق اور پہلو کے متعلق جو اصول متعین فرما دئیے اسی پر وہ چل رہی ہے، قرآن پاک میں کائنات کے بہت سے حالات کے بیان کرنے کے بعد ہے:

| | |
|---|---|
| وَالشَّمْسُ تَجْرِيْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا | اور سورج اپنے ٹھہراؤ پر چل رہا ہے، یہ غالب |
| ذٰلِكَ تَقْدِيْرُ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ وَالْقَمَرَ | اور علم والے کی تقدیر (اندازہ) اور چاند کو ہم |
| قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ | نے تقدیر (اندازہ) کر دی ہیں منزلیں |
| الْقَدِيْمِ، لَا الشَّمْسُ يَنْۢبَغِيْ لَهَآ اَنْ | یہانتک کہ وہ پرانی ٹہنی کی طرح (خمیدہ ہو کر) |
| تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّيْلُ سَابِقُ النَّهَارِ | لوٹ آتا ہے، نہ تو سورج کی قدرت میں ہے کہ چاند کو |
| وَكُلٌّ فِيْ فَلَكٍ يَّسْبَحُوْنَ (یٰسین ۳) | پالے اور نہ رات دن سے آگے بڑھ سکتی ہے |

یہ تو آسمان کی بات تھی، زمین کے متعلق ارشاد ہوا:

وَقَدَّرَ فِيْهَآ اَقْوَاتَهَا (حٰمٓ سجدہ ۲) اور زمین میں اسکی روزیاں اندازہ کر دیں

اس سے آگے بڑھ کر یہ کہ دنیا کی ہر چیز میں اس نے ایک اندازہ مقرر کر دیا۔

قَدْ جَعَلَ اللّٰهُ لِكُلِّ شَيْءٍ قَدْرًا (طلاق ۲) اللہ نے ہر چیز کے لئے ایک اندازہ بنایا ہے

موت و حیات بھی اسی اندازہ کے مطابق ہے فرمایا،

نَحْنُ قَدَّرْنَا بَيْنَكُمُ الْمَوْتَ، (واقعہ ۲) ہم نے تمہارے درمیان موت کا اندازہ کر دیا

ہر شے میں اللہ تعالیٰ نے جو اندازہ لگایا ہے وہ وہی چیز ہے جس کو لوگ قانون قدرت کہتے ہیں اور جس پر دنیا چل رہی ہے، اسی طرح اللہ تعالیٰ نے کائنات کے ہر حصہ اور ہر پہلو

متعلق اپنے احکام معین فرما دیئے ہیں جن کی اطاعت اُس پر واجب ہی علی ہذا انسانوں کی ترقی و زوال موت و حیات بیماری و صحت، دولت و افلاس آرام و تکلیف سعادت و شقاوت ہر ایک کے اصول و قواعد مقرر فرما دیئے ہیں، غرض اُنکو آرام و تکلیف جو کچھ بھی پیش آتی ہو خدا کے علم اور اجازت سے پیش آتی ہے،

مَا اَصَابَ مِنْ مُّصِيْبَةٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ (تغابن ۲) نہیں پہنچی تم کو کوئی مصیبت لیکن اللہ کے حکم سے

اور چونکہ تقدیر سے کوئی چیز ہٹ نہیں سکتی اسلیے مقدرات کو نوشتہ الہی سے تعبیر کرتے ہیں کہ جس طرح لکھی ہوئی بات قائم رہتی ہو مٹتی اور بھولتی نہیں ایسے ہی یہ باتیں بھی مٹتیں اور بدلتیں نہیں،

| | |
|---|---|
| وَمَا تَحْمِلُ مِنْ اُنْثٰى وَلَا تَضَعُ اِلَّا بِعِلْمِهٖ | اور کوئی عورت حمل میں نہیں رکھتی، اور نہ جنتی ہو |
| وَمَا يُعَمَّرُ مِنْ مُّعَمَّرٍ وَّلَا يُنْقَصُ مِنْ عُمُرِهٖٓ | لیکن خدا کے علم سے، اور نہ کسی دراز عمر کو عمر کی |
| اِلَّا فِيْ كِتٰبٍ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيْرٌ ، | درازی ملتی ہو یا اسکی عمر کم کیجاتی ہو لیکن وہ کتاب |
| (فاطر ۲۰) | میں ہے، بے شک یہ اللہ پر احسان ہو، |

اس آیت پاک میں دو ٹکڑے ہیں ایک یہ کہ جو عورت بھی اپنے پیٹ میں بچہ رکھتی ہو یا بچہ جنتی ہو، وہ خدائے پاک کے علم سے ہو، دوسرا یہ ہو کہ جس کو چھوٹی بڑی جو عمر بھی ملتی ہو وہ کتاب الٰہی میں پہلے سے لکھی ہوتی ہو ان دونوں ٹکڑوں کے ملانے سے معلوم ہوگا کہ کتاب الٰہی میں ہونا اور علم الٰہی میں ہونا دونوں ہم معنی ہیں،

قرآن پاک نے اس کو بھی ظاہر کیا ہے کہ قضا و قدر کے عقیدہ کی فلسفیانہ حقیقت سے زیادہ اس کی نظر اس عقیدہ کی اخلاقی اہمیت پر ہے انسان کا یہ حال ہو کہ وہ اپنی ناچیز کوشش کی ذرا سی

Marfat.com

کامیابی پر فخر و غرور کے نشہ میں چور ہو جاتا ہے، اور ذراسی ناکامی پر وہ دل شکستہ ہو کر ہمت ہار بیٹھتا ہے یہ دونوں مختلف اخلاقی بیماریاں اس لئے اُس کو لاحق ہوتی ہیں کہ وہ اپنے کام کے اچھے یا بُرے نتیجے کو خود اپنے کام کا لازمی نتیجہ جانتا ہے اس لئے وہ کبھی اپنے کئے پر مغرور اور کبھی ملول ہوتا ہے اور یہ دونوں کیفیتیں افراد اور اقوام کی متانت، استقلال اور صبر و ثبات کے جوہر کو برباد کرتی ہیں اسلئے ایک ایسے عقیدہ کی ضرورت تھی جو کامیابی کے فخر و مسرت اور ناکامی کے افسوس و حسرت دونوں موقعوں پر عاجز انسانوں کی دستگیری کرے اور وہ یہی عقیدۂ قضا و قدر ہے

اس عقیدہ کا منشا یہ ہے کہ ہم کو جو کامیابی ہوتی ہے وہ ہماری کوشش کا براہ راست نتیجہ نہیں بلکہ وہ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم کا نتیجہ ہے، اس لئے اس پر ہمارا فخر و غرور کرنا بیجا ہے اسی طرح ہم کو جو ناکامی پیش آتی ہے، وہ اللہ تعالیٰ کی کسی حکمت و مصلحت کا نتیجہ ہے اور ہمارے کام سے پہلے ہی ہمارے کاموں کے نتیجے اُس علام الغیوب کے علم میں مقرر ہو چکے تھے اسلئے ہم کو دل شکستہ اور مایوس نہ ہونا چاہئے، بلکہ اُسی جوش و خروش اور سرگرمی سے پھر از سر نو جد و جہد میں مصروف ہو جانا چاہئے،

اس مسئلہ کی یہ پوری توضیح سورۂ حدید میں ان لفظوں میں مذکور ہے،

مَآ اَصَابَ مِنْ مُّصِیْبَةٍ فِی الْاَرْضِ — کوئی مصیبت نہیں آتی ملک میں اور نہ خود
وَلَا فِیْٓ اَنْفُسِكُمْ اِلَّا فِیْ كِتٰبٍ مِّنْ — تم (اس ملک کے بسنے والوں) میں لیکن یہ کہ وہ
قَبْلِ اَنْ نَّبْرَاَهَا اِنَّ ذٰلِكَ عَلَی — ایک کتاب (الٰہی) میں اپنی پیدائش سے پہلے
اللّٰهِ یَسِیْرٌ لِّكَیْلَا تَاْسَوْا عَلٰی — درج ہوتی ہے، یہ کہ اللہ پر آسان ہے تا ایسا نہ ہو

Marfat.com

| | |
|---|---|
| مَا فَاتَكُمْ وَلَا تَفْرَحُوا بِمَا آتَاكُمْ | کیا گیا تاکہ تم اس پر جو تم سے جاتا رہے غم نہ کھایا |
| وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ مُخْتَالٍ فَخُورٍ | کرو، اور جو تم کو (اللہ) دے اس پر اترایا نہ |
| (حدید ۔۳) | کرو اور اللہ تعالیٰ کسی اترانے والے بڑائی مارنے |
| | والے کو پیار نہیں کرتا ۔ |

اس آیت کریمہ نے مسئلہ قضا و قدر کے فلسفہ کو اس خوبی سے واضح کیا ہے کہ اس کی تائید کے لئے کسی مزید تشریح کی ضرورت باقی نہیں رہتی، یہ اسی عقیدہ کا نتیجہ تھا کہ صحابہ کرام کی گردنیں عین کامیابی و فتوحات کی حالت میں خداوند قادر مطلق کے آگے جھک جاتی تھیں اور ناکامی کی حالت میں ان کے دل یاس و ناامیدی سے دوچار نہیں ہوتے تھے، اور ان کی عملی زندگی کا جو نتیجہ بھی پیش آتا تھا، وہ اس کو اپنی طرف سے نہیں، بلکہ خداوند عالم کی طرف سے سمجھ کر خاموش رہتے تھے، بیماری مصیبت عزیزوں کی مفارقت، لڑائیوں کی ناکامی کسی موقع پر وہ رحمت الٰہی سے مایوس ہونا نہیں جانتے تھے، اور ہر خطرناک سے خطرناک کام کے لئے وہ قدم اٹھا بیٹھتے تھے کہ ان کا یقین تھا کہ موت اپنے وقت پر آئے گی، اور جو کچھ ہونا ہے وہ ہو کر رہیگا، اسی لئے ان کے دلوں میں وہ عزم ہوتا تھا کہ نہ اس کو پہاڑ روک سکتے تھے، نہ سمندر بہا لے جا سکتے تھے، نہ حوادث کا طوفان اس کو اکھاڑ سکتا تھا اور نہ بھڑکتی ہوئی آگ کے شعلے اس کو جلا سکتے تھے ۔

| | |
|---|---|
| وَمَا كَانَ لِنَفْسٍ أَنْ تَمُوتَ إِلَّا | کسی کے اختیار میں نہیں کہ وہ اللہ کے حکم کے |
| بِإِذْنِ اللّٰهِ كِتَابًا مُؤَجَّلًا وَمَنْ | بغیر مر سکے یہ لکھا ہوا مقرر ہے جو کوئی دنیا کا |
| يُرِدْ ثَوَابَ الدُّنْيَا نُؤْتِهِ مِنْهَا وَ | معاوضہ چاہیگا تو ہم اس کو اس میں سے کچھ دینگے |

Marfat.com

| | |
|---|---|
| مَنْ يُرِدْ ثَوَابَ الْآخِرَةِ نُؤْتِهِ مِنْهَا | اور جو آخرت کا معاوضہ چاہیگا، اُس میں |
| وَسَنَجْزِي الشَّاكِرِينَ، وَكَأَيِّنْ مِنْ | کچھ یہاں دیں گے اور پورا معاوضہ شکر کرنے |
| نَبِيٍّ قَاتَلَ مَعَهُ رِبِّيُّونَ كَثِيرٌ فَمَا | والوں کو آئندہ (وہاں) دیں گے، کتنے پیغمبر |
| وَهَنُوا لِمَا أَصَابَهُمْ فِي سَبِيلِ | تھے جو لڑے ہیں اُن کے ساتھ بہت خدا کے |
| اللَّهِ وَمَا ضَعُفُوا وَمَا اسْتَكَانُوا وَ | طالب تھے، تو خدا کی راہ میں جو اُن کو مصیبت |
| اللَّهُ يُحِبُّ الصَّابِرِينَ، | پیش آئی اُس کی وجہ سے نہ دل ہارے، نہ سست ہوئے |
| (آل عمران ۱۵) | اور نہ دب گئے، اور اللہ ثابت قدم رہنے والوں کو |

ان آیتوں نے یہ واضح کر دیا کہ قضا و قدر کے عقیدہ کا نتیجہ پستی، سستی اور بزدلی نہیں، بلکہ بلندی، استقلال اور صبر و ثبات ہے، اور یہی وہ چیز ہے جو محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کے کارناموں میں ہر دیکھنے والے کو صاف نظر آتی ہے، اُن کو صاحب شریعت کی یہ تعلیم تھی کہ وہ دشمنوں سے کہدیں کہ ہمیں ڈر نہیں کیونکہ

| | |
|---|---|
| لَنْ يُصِيبَنَا إِلَّا مَا كَتَبَ اللَّهُ لَنَا هُوَ | ہم پر کوئی آفت آ ہی نہیں سکتی لیکن جو |
| مَوْلَانَا وَعَلَى اللَّهِ فَلْيَتَوَكَّلِ | خدا نے ہمارے لئے لکھدیا ہے، وہ ہمارا آقا ہے |
| الْمُؤْمِنُونَ، (توبہ ۔ ۷) | اللہ ہی پر چاہیے کہ ایمان والے بھروسہ کریں |

خطرات اور مشکلات کی اُن کو پروا نہیں کہ جن کے لئے موت لکھی ہے وہ میدان سے ... گھر میں بھی مریں گے اور بستر راحت پر بھی، اور جن کی موت کا مقررہ وقت نہیں آیا وہ ... اور سمندروں کے طوفانوں سے بھی سلامت بچ کر نکل آئیں گے،

يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ؕ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ (آل عمران ۱۶)

منافق کہتے ہیں کہ اگر ہماری بات مان لی جاتی تو ہم یہاں مارے نہ جاتے، کہدو کہ اگر تم اپنے گھروں میں بھی ہوتے تو جن پر یہاں مرنا لکھا جا چکا تھا، وہ از خود اپنے مقتل میں نکل کر آتے

اَيْنَ مَا تَكُوْنُوْا يُدْرِكْكُّمُ الْمَوْتُ وَلَوْ كُنْتُمْ فِيْ بُرُوْجٍ مُّشَيَّدَةٍ (نساء)

تم جہاں بھی رہو تم کو موت آکر پائے گی اگرچہ تم مضبوط اور مستحکم قلعوں میں ہو،

یہی وہ عقیدہ ہے جو مسلمان کی ناقابل ہزیمت جرأت اور غیر شکست پذیر عزیمت اور بے خوف بہادری کا راز ہے، کچھ لوگوں نے اپنی غلط فہمی سے یہ سمجھا ہے کہ مسئلہ تقدیر کے ماننے سے انسان کا مجبور محض ہونا لازم آتا ہے، اور اس سے یہ تعلیم نکلتی ہے کہ انسان اپنی تقدیر پر صابر و شاکر ہو کر سست و غافل بن کر بیٹھ رہے، حالانکہ اگر یہ صحیح ہوتا تو نہ رسولوں کی بعثت کی ضرورت تھی، نہ ربانی کتابوں کے اترنے کی حاجت ہوتی، نہ تبلیغ و ارشاد کی تاکید ہوتی، نہ اصلاح و ہدایت کا حکم ہوتا اور خدا کی مخلوق اپنے حال پر چھوڑ دی جاتی، مگر ایسا نہیں کیا گیا، لاکھوں پیغمبر بھیجے گئے، کتنی کتابیں اتریں، کروروں مبلغ اور مرشد بنا کر پھیلائے گئے، ہدایت و ارشاد کی تاکید پر تاکید آئی لوگوں کی دعوت و اصلاح ہر مسلمان کا فرض ٹھہرایا گیا، کوشش و محنت، سعی و تلاش اور جد و جہد کی ہر مسلمان کو تاکید کی گئی، محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی جد و جہاد سے معمور زندگی ہمارے لئے نمونہ ٹھہرائی گئی، اور خلفائے راشدین اور عام صحابہؓ نے اپنے کارناموں سے اس نمونہ کی کامیابی کی تصدیق کی،

اب کیا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی تلقین اور آپ کا عمل دو متضاد چیزیں تھیں؟ نہیں یہ دونوں

Marfat.com

ایک دوسرے کی مؤید تھیں، اور اس طرح یہ ایک دوسرے کی تصدیق کرتی تھیں کہ اعملوا فکل میسر لما خلق (بخاری) لوگو! اپنے اپنے کام کئے جاؤ کہ تم میں سے ہر شخص سے وہی کام صادر ہوں گے جن کے لئے وہ پیدا کیا گیا ہے، کام کرنا انسان کا فرض ہے اور اس کے نتیجہ کے مطابق جزا دینا خدا کا کام ہے، اور یہ تقدیر ہے فرمایا،

| | |
|---|---|
| اِنَّ سَعْیَکُمْ لَشَتّٰی فَاَمَّا مَنْ اَعْطٰی وَاتَّقٰی وَصَدَّقَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْیُسْرٰی، وَاَمَّا مَنْ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰی وَکَذَّبَ بِالْحُسْنٰی فَسَنُیَسِّرُہٗ لِلْعُسْرٰی وَمَا یُغْنِیْ عَنْہُ مَالُہٗ اِذَا تَرَدّٰی اِنَّ عَلَیْنَا لَلْھُدٰی، وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَۃَ وَالْاُوْلٰی، (لیل - ۱) | بے شبہ تمہاری کوششیں مختلف رُخ کی ہیں تو جس نے دیا، اور پرہیزگاری کی، اور نیکی کو سچ کر دکھایا تو ہم اس کو آہستہ آہستہ آسانی کی طرف لے چلیں گے اور جس نے نہ دیا، اور بے پروائی برتی، اور نیکی کو جھٹلایا، تو ہم اسکو آہستہ آہستہ سختی کی طرف لے چلیں گے اور اس کی دولتمندی اس کو گڑھے میں گرنے نہیں بچا سکتی ہے، بیشک راہ سوجھانا ہمارا فرض ہے، اور آخر اور اوّل ہمارے لئے ہے' |

یہ ہے قضا وقدر اور سعی وعمل کی باہمی تطبیق جس کی ژولیدگی نے اسلام سے پہلے ایک عالم کو گمراہ کر رکھا تھا، کام کرنا اور عمل کر دکھانا انسان کا فرض ہے اور اُس کے مطابق اُسکی جزا کا دینا جو اس کام کے لئے پہلے سے مقدر ہو چکی ہے خدا کا کام ہے نیکیوں کو آہستہ آہستہ نیکی کے مزید راستے کے دکھانے کا نام توفیق وہدایت ہے، اور بدوں کو خدا کی طرف سے اس توفیق وہدایت کے

معنے کا نام عدم توفیق وضلالت ہے، اور ان دونوں میں سے ایک کا ملنا انسان کی ابتدائی کوشش سے ہے، خدا فرماتا ہے،

وَالَّذِيْنَ جَاهَدُوْا فِيْنَا لَنَهْدِيَنَّهُمْ سُبُلَنَا، (عنکبوت - ۷)

اور جو ہماری بات میں کوشش کرتے ہیں، البتہ ہم اُن کو اپنا راستہ سوجھاتے ہیں،

خدا کی طرف سے توفیق وضلالت کا ملنا، خود انسان کے اچھے یا بُرے عمل کا لازمی نتیجہ ہے

وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفَاسِقِيْنَ ۝ (بقرہ ۳-۳)

اور ہم اس سے گمراہ نہیں بناتے لیکن انہی کو جو ہمارا حکم نہیں مانتے،

غرض پہلے فسق عدم اطاعت اور نافرمانی ہوتی ہے تب اس کے نتیجہ کے طور پر خدا کی طرف سے ضلالت کا ظہور ہوتا ہے

وَاَنْ لَّيْسَ لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى، وَاَنَّ سَعْيَهٗ سَوْفَ يُرٰى، (نجم - ۳)

اور انسان کے لئے نہیں لیکن وہی جس کی اس نے کوشش کی، اور بیشک اُس کی کوشش (خدا کے حضور) دیکھی جائے گی،

اس کی مثال بالکل بچہ کی سی ہے، بچہ چلنا یا بولنا کیونکر سیکھتا ہے، وہ پہلے چلنے اور بولنے کی خود کوشش کرتا ہے تو اُس کے والدین اُس کو چلنا اور بولنا سکھاتے ہیں، بچہ پاؤں اٹھاتا ہے اور والدین اُس کے ہاتھ پکڑ کر اس کو دو چار قدم چلاتے ہیں، اور اس طرح رفتہ رفتہ آہستہ آہستہ چلنا سیکھتا ہے، وہ پہلے زبان ہلاتا ہے اور مبہم آوازیں نکالتا ہے تو والدین اُس کو بامعنی الفاظ کی تلقین کرتے ہیں، اور اس طرح دونوں کی کوششیں مل کر بارآور ہوتی ہیں، اسی طرح تقدیر الٰہی اور

عملِ انسانی باہم مل کر انسانوں کی عملی تاریخ تیار کرتے ہیں،

جبر و قدر

عموماً لوگ اسی موقع پر جبر و قدر کے مسئلہ کو چھیڑتے ہیں یعنی یہ کہ انسان اپنے عمل میں مجبور ہے، یا مختار؟ حالانکہ یہ سررشتۂ کائنات کا وہ عقدہ ہے جس کا حل نہ صرف یہ کہ مذہب کے ناخن سے نہیں ہوتا، بلکہ عقل کے ناخن سے بھی نہیں ہو سکتا، جس طرح اہلِ مذہب ارادۂ الٰہی اور ارادۂ انسانی کی باہمی تطبیق میں حیران ہیں، اسی طرح فلسفۂ الٰہیات کے معلم علمِ الٰہی اور انسان کی عملی آزادی کے درمیان، اور فلسفۂ اخلاق والے انسان کی آزادیٔ عمل اور اُس کے موروثی اثرات فطری جذبات اور ماحول کی تاثیرات کی مجبوریوں کے درمیان، جو تصادم ہے اس کو مشکل بچا سکتے ہیں،

دنیا کے عام مذاہب کا بھی یہی حال تھا، ہر دھاگے میں یہ گرہ اُسی طرح پڑی ہوئی تھی، اُن کے حل کی صورتیں دو ہی انھوں نے نکالی تھیں یا تو سرے سے اس سے خاموشی برتی جائے اور دبے پاؤں اُس راستہ سے گذر جایا جائے، یا بحث چھیڑی تو جبر ہی کی طرف اُن کا میلان نمایاں تھا، چنانچہ یہی جبر ہندو مذاہب میں تناسخ، آواگون اور کرم کی صورت میں، عیسائیوں میں حضرت آدمؑ کے گناہ، اور "خدا کی مرضی"[1] کے پیرایہ میں ہے اور یہودیوں کے مجموعۂ تورات میں حضرت ایوبؑ کا صحیفہ اُدھر ہی رہبری کرتا ہے دوسری طرف مجوسی تھے جنھوں نے انسانی اختیار و آزادی کو یہاں تک بڑھا دیا تھا کہ خود خدا بھی اُس کے آگے مجبور تھا، خدا کو نہ صرف

---

[1] انجیل میں ہے کہ حضرت عیسیٰؑ نے اپنی گرفتاری کی رات کو دعا میں فرمایا "اے خدا اگر تو اس پیالہ کو ٹال سکتا ہے تو ہٹا دے لیکن میری نہیں، بلکہ تیری مرضی پوری ہو"، عیسائیوں کے جبری و قدری فرقوں کی معرکہ آرائی کا حال فرنچ فاضل موسیو دی کلانت کی کتاب لا سلام (ترجمہ عربی) صفحہ سے کسی قدر معلوم ہو سکتا ہے،

انسانوں کے بلکہ فرشتوں کے کاموں پر کوئی قابو حاصل نہ تھا[1]، غرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت سے پہلے مذاہب کی یہی دو نوعیتیں تھیں یعنی یا تو اُن کو اس مشکل کی خبر ہی نہیں تھی، یا تھی تو خدا کی قدرتِ مطلقہ اور مشیتِ عامہ کی اس طرح تعبیر کرتے تھے کہ انسان بالکل بے بس اور مجبور نظر آتا تھا، یا یہ کہ تناسخ کے چکر میں اس کو پھنسا کر اُس کی زندگی کو اُس کے پچھلے جنم کے کرموں کے ہاتھوں گرو کر دیتے تھے، یا پھر اس سے بچے تو انسان کو کامل خود مختار بنا کر خود خدا کو مجبور بنا دیا۔

تمام انبیا میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کی شخصیت وہ نمایاں شخصیت ہے جس کے ذریعہ سے اللہ تعالیٰ نے اپنے اس دیرینہ راز کے چہرے سے پردہ ہٹایا، حقیقت یہ ہے کہ یہ دو صداقتیں ہیں، اور دونوں اپنی اپنی جگہ پر صحیح ہیں، ایک یہ کہ اللہ تعالیٰ تمام دنیا اور اُس کے ذرہ ذرہ پر قدرتِ مطلقہ رکھتا ہے، آسمان و زمین اور بر و بحر میں کوئی چیز نہیں جو اُسکے ارادہ اور مشیت کے بغیر حرکت بھی کر سکے اس طرح انسان اور اُس کے تمام اعمال بھی اُسی کی قدرت اور مشیت کے ماتحت ہیں، یہ وہ عقیدہ ہے جو ہر مذہب کی، اور خصوصاً اسلام کی جان ہے، اگر یہ نہ ہو تو مذہب کی قوت بے اثر ہو کر رہ جائے اور ایک ایسا خدا ماننا لازم آجائے جس کے اختیارات محدود، جسکی قدرتیں ناقص اور جس کی شاہنشاہی ناتمام ہو۔

۲- دوسری طرف یہ بھی صداقت ہے کہ دوسری مخلوقات کو نہ سہی، مگر انسان کو اپنے اعمال کے کرنے نہ کرنے کا کسی نہ کسی طرح اختیار ضرور بخشا گیا ہے، کہ اگر یہ اختیار نہ تسلیم کیا جائے اور انسان کو اسی طرح سراپا مجبور فرض کیا جائے جس طرح دوسری مخلوقات ہیں تو پھر انسان

---

[1] شفاء العلیل فی القضاء والقدر والتعلیل حافظ ابن قیم،

Marfat.com

کے لئے خیر وشر کا امتیاز، جزاء وسزا، شریعت، کتاب، تعلیم، اور انبیاء کی بعثت یہ تمام چیزیں بیکار محض ہوجائیں ظلم وانصاف دنیا میں کوئی چیز باقی نہ رہے، انسان کا اپنے کسی فعل پر قابلِ مدح یا قابلِ ملامت ہونا بے معنی ہوجائے، کسی اچھے کام پر خدا کا اُس کو انعام اور بُرے کام پر عذاب دینا سراسر ظلم بنجائے بلکہ اس دنیا کی عدالت میں بھی وہ اپنے کسی فعل کا ذمّہ دار نہ ٹھہرے،

الغرض یہ دونوں باتیں اپنی اپنی جگہ پر درست ہیں، ایک یہ کہ خدا کو اپنی مخلوقات پر تامہ قدرت حاصل ہے، اور اُس کی مشیئت وارادہ ہر جزو وکل پر حاوی ہے، اور دوسری یہ کہ انسان کو بھی اپنے عمل پر کوئی نہ کوئی ایسا اختیار حاصل ہے جس کی وجہ سے وہ اپنے اس عمل کا ذمّہ دار بنتا ہے نیکی کے کاموں کے کرنے پر وہ تعریف کا، اور بدی کے کاموں پر ملامت کا سزاوار ٹھہرتا ہے اور اسی کی بنا پر وہ اپنی دوسری زندگی میں اپنے فعل کی جزاء وسزا پانے کا مستحق ٹھہرے گا، اسی پر وہ فطرت کے سامنے دنیا کی عدالت میں، اور آخرت میں بھی مواخذہ اور بازپرس کی ذمّہ داری میں گرفتار ہے، اور اسی کے لئے خدا کی طرف سے اُس کے پاس ہدایت کی کتاب اور راستہ دکھانے والے رسول اور نبی آتے ہیں،

آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا صحیفۂ ربانی پہلی اور آخری آسمانی کتاب ہے جس نے ان دونوں صداقتوں کو پوری تفصیل اور وضاحت کے ساتھ ساتھ اپنی اپنی جگہ پر تسلیم کیا ہے اور اُن کی تعلیم کی ہے، ایک طرف وہ کہتا ہے کہ "خدا کی اجازت کے بغیر درخت کا ایک پتہ بھی گر نہیں سکتا" اور دوسری طرف وہ کہتا ہے ہر جان اپنے کاموں کے ہاتھوں گرو ہے یعنی خدا کی ہمہ گیر قدرت وسیع اختیار اور ناقابلِ رد مشیت کے باوجود اُس نے خود اپنے اختیار، خود اپنی مشیت، اور خود اپنی حکمت

سے انسان کو ارادہ، اور ارادہ کے مطابق اپنے کام کرنے والے اعضا کو ہلانے کی مشروط طاقت بخشی یہی ارادہ اور اعضاء کو اُس کے مطابق حرکت دیسکنے کی محدود قدرت اسکی ذمہ داری تکلیف بازپرس اور مواخذہ کی بنیاد ہے، اور اسی پر اُس کے اعمال اخلاق اور معاملات کی پوری عمارت کھڑی ہے، اس لئے انسان پر اُس کے کسی ایسے عمل کی ذمہ داری قانونًا اور شرعًا نہیں جو اُس کے ارادہ اور نیت سے صادر نہ ہوئی ہو، بلکہ اس کے کرنے یا نہ کرنے میں وہ مجبور و بے اختیار رہا ہو (اِنَّمَا الْاَعْمَالُ بِالنِّیَّات) اس تطبیق سے نہ تو خدائے پاک کی قدرت و اختیار کی وسعت میں فرق آتا ہے، اور نہ انسان کا تمام تر مجبور ہونا لازم آتا ہے، خدا جب چاہے انسان سے اپنے دیئے ہوئے اختیار اور بخشی ہوئی قدرت کو چھین لے، مگر ایک وقتِ مقرر تک اپنے بنائے ہوئے قانون اور فرمائے ہوئے وعدہ کے مطابق وہ اس کو اس اختیار اور قدرت سے محروم نہیں کرنا فرماتا

| | |
|---|---|
| فَمَنْ شَآءَ فَلْیُؤْمِنْ وَّمَنْ شَآءَ فَلْیَکْفُرْ (کہف - ۴) | تو جو چاہے مومن بنجائے، اور جو چاہے کافر ہو جائے، |

اس لیے ہر انسان اپنی جنت آپ بناتا، اور اپنی دوزخ آپ مہیا کرتا ہے،

| | |
|---|---|
| مَنْ عَمِلَ صَالِحًا فَلِنَفْسِهٖ وَمَنْ اَسَآءَ فَعَلَیْهَا وَمَا رَبُّكَ بِظَلَّامٍ لِّلْعَبِیْدِ (فصلت - ۵) | جس نے نیک کام کیا، تو اپنے لئے کیا اور بُرا کام کیا تو اپنے لئے کیا، تیرا پروردگار بندوں پر ظلم نہیں کرتا، |

کہ اگر ایسا نہ ہوتو وہ ظلم ہو جس سے اللہ تعالیٰ کی جناب پاک و برتر ہے، چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ارشاد ہے،

Marfat.com

وَمِنْهُم مَّن يَسْتَمِعُونَ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تُسْمِعُ الصُّمَّ وَلَوْ كَانُوا لَا يَعْقِلُونَ ۝ وَمِنْهُم مَّن يَنظُرُ إِلَيْكَ ۚ أَفَأَنتَ تَهْدِي الْعُمْيَ وَلَوْ كَانُوا لَا يُبْصِرُونَ ۝ إِنَّ اللَّهَ لَا يَظْلِمُ النَّاسَ شَيْئًا وَلَٰكِنَّ النَّاسَ أَنفُسَهُمْ يَظْلِمُونَ

(یونس - ۵)

اے پیغمبر! ان میں سے کچھ ایسے ہیں جو تمہاری طرف کان لگاتے ہیں، تو کیا تم بہروں کو سناؤگے، اور اگرچہ وہ سمجھتے نہ ہوں، اور اُن میں سے کچھ ایسے ہیں جو تمہاری طرف دیکھتے ہیں تو کیا تم اندھوں کو سوجھاؤگے اور اگرچہ وہ نہ دیکھیں، بیشک اللہ لوگوں پر ظلم نہیں کرتا بلکہ لوگ ہیں جو اپنے اوپر آپ ظلم کرتے ہیں،

وہ انسان جو اندھا اور بہرا بنتا ہے اور حق کا پیغام نہ سنتا ہے اور نہ اُس پر عمل کرتا ہے، خدا اس کو اندھا اور بہرا بنا کر پھر اُس کو دیکھنے اور سننے کی تکلیف نہیں دیتا کہ اگر وہ ایسا کرتا تو یہ اس کا ظلم ہوتا، اور ظلم کے ہر شائبہ سے اس کا ہر حکم اور ہر کام بری ہے لوگوں کو قرآن کی ہدایت وضلالت کے الفاظ سے بھی دھوکا ہوا ہے، حالانکہ ہدایت اور ضلالت خدا کا وہ فیضان ہے جو انسان کے اچھے یا بُرے کام کے جواب میں خدا کی طرف سے ہوتا ہے، ضلالت کی نسبت فرمایا

إِنَّ الَّذِينَ كَفَرُوا سَوَاءٌ عَلَيْهِمْ أَأَنذَرْتَهُمْ أَمْ لَمْ تُنذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُونَ ۝ خَتَمَ اللَّهُ عَلَىٰ قُلُوبِهِمْ وَعَلَىٰ سَمْعِهِمْ ۖ وَعَلَىٰ أَبْصَارِهِمْ

بیشک جنھوں نے (اسلام کی تعلیمات کے قبول) سے انکار کیا اُن کو تمہارا تنبیہ کرنا یا نہ کرنا دونوں برابر ہے وہ ایمان نہ لائیں گے خدا نے اُن کے دلوں پر اور کانوں پر مہر کردی

غِشَاوَۃٌ ، (بقرہ ۱-) اور آنکھوں پر پردہ ہے ،

دیکھو جب انسان سے کفر کا صدور پہلے ہو چکا، تب خدا کی طرف سے ضلالت کا فیضان ہوا، اور اس کو تشبیہاً یوں ادا کیا، کہ اُن کے دلوں پر مُہر پڑ گئی کہ سمجھتے نہیں، کانوں پر مہر پڑ گئی کہ سنتے نہیں، اور آنکھوں پر پردہ پڑا ہے کہ دیکھتے نہیں، دوسری جگہ فرمایا،

بَلْ طَبَعَ اللّٰہُ عَلَیْھَا بِکُفْرِھِمْ، بلکہ خدا نے اُن کے کفر کے سبب اُن کے

(نساء - ۲۲) دلوں پر مُہر کر دی،

یہاں بھی اُن کا کفر خدا کی مہر پر مقدم ہے، مقصد یہ ہے کہ جب کفر کا صدور ہوتا رہتا ہے تو دلوں سے صداقت شناسی اور اثر پذیری کا جوہر سلب ہو جاتا ہے اور یہی خدا کی مہر ہے[1] برخلاف اُس کے اگر لوگ کانوں سے پیغام حق کے سننے اور آنکھوں سے دیکھنے، اور دل سے سمجھنے کی کوشش کریں تو اللہ تعالیٰ اپنی توفیق و ہدایت سے سرفراز فرمائے ارشاد فرمایا،

اِنَّ الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ بیشک جو ایمان لائے اور نیک کام کئے ،

یَھْدِیْھِمْ رَبُّھُمْ بِاِیْمَانِھِمْ ، اُن کو اُن کا پروردگار اُن کے ایمان کے

(یونس - ۱) سبب ہدایت دیگا ،

وَالَّذِیْنَ اھْتَدَوْا زَادَھُمْ اور جنھوں نے ہدایت قبول کی اُن کو

ھُدًی ، (محمد - ۲) ہدایت میں اور بڑھایا ،

[1] قرآن پاک میں جہاں جہاں خدا کی اس مہر کا یا کسی کو ہدایت نہ دیے جانے کا ذکر ہے، وہاں اُس کے کفر و فسق کی علت ہمیشہ پہلے ذکر کر دی گئی ہے، اس لئے ان آیتوں سے جبر پر استدلال صحیح نہیں،

Marfat.com

ایرانی فلسفۂ خیر و شر کی آمیزش نے اس مسئلہ کو اور زیادہ الجھا دیا ہے، حالانکہ عربی الفاظ خیر و شر کو اعمال کے خیر و شر سے بحث نہیں، عربی میں مطلق "خیر" کے معنی دولت و نعمت و آرام کے اور "شر" کے معنی غربت، تکلیف اور مصیبت کے ہیں، قرآنِ پاک میں یہ دونوں لفظ ان ہی معنوں میں آئے ہیں، البتہ جب اُن کے ساتھ لفظ عمل شریک ہوگا تو عملِ خیر اور عملِ شر کے معنوں میں استعمال ہوگا، جیسے

| | |
|---|---|
| فَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ خَيْرًا يَّرَهٗ وَمَنْ يَّعْمَلْ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ شَرًّا يَّرَهٗ (زلزال-۱) | جو کوئی چیونٹی برابر نیکی کرے گا وہ اس کو دیکھے گا، اور جو بُرائی کرے گا، وہ بھی دیکھے گا، |

اس لئے حدیثوں کے ان الفاظ میں

| | |
|---|---|
| وَالْقَدْرِ خَيْرِهٖ وَشَرِّهٖ مِنَ اللّٰهِ تَعَالٰى۔ | اور اس پر ایمان کہ خیر اور شر کی تقدیر خدا کی طرف سے ہے، |

کا یہ مطلب نہیں کہ انسانوں کے اچھے اور بُرے کام سب خدا کی طرف سے ہیں، بلکہ یہ معنی ہیں کہ انسانوں کو راحت و رنج، مسرت و تکلیف، دولت و افلاس اور صحت و مرض وغیرہ اچھائی اور بُرائی سب خدا کی طرف سے پہنچتی ہے، اور اُس کے تسلیم کرنے میں کیا عذر ہو سکتا ہے؟

بعض لوگوں کو صحیح مفہوم کے سمجھنے میں اُن آیتوں سے بھی شبہہ ہوتا ہے جن میں یہ ذکر ہے "اگر خدا چاہتا تو اُن کو ہدایت دے دیتا" اس سے وہ غلطی سے یہ سمجھے ہیں کہ وہ خود خداوند تعالیٰ ہی جو ان کافروں کو ہدایت سے جبراً روکے ہوئے ہے، حالانکہ ان آیتوں کا مطلب یہ ہے کہ

Marfat.com

یہ لوگ از خود اسلام قبول نہیں کر سکتے، الا یہ کہ خود خدا زبردستی ان کو مسلمان بنا دینا چاہے، مگر ایسے زبردستی سے مسلمان یا کافر اور نیک یا بد بنا دینا اللہ تعالیٰ کے جاری قانون کے خلاف ہے، چنانچہ ان آیتوں کا یہی مطلب ہے،

| | |
|---|---|
| وَمَا تَشَاءُونَ إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللهُ (دھر - ۲) | تم نہیں چاہو گے، الا یہ کہ خود خدا چاہے، اور (تم کو زبردستی مسلمان بنا دے) |
| مَا كَانُوا لِيُؤْمِنُوا إِلَّا أَنْ يَشَاءَ اللهُ، (انعام - ۱۴) | وہ نہیں ہیں کہ ایمان لے آئیں، الا یہ کہ خدا چاہے، |
| وَلَوْ شَاءَ اللهُ لَجَمَعَهُمْ عَلَى الْهُدَىٰ، (انعام - ۴) | اور اگر خدا چاہتا تو اُن کو ہدایت پر متفق کر دیتا، |
| فَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ، (انعام - ۱۸) | تو اگر وہ (خدا) چاہتا تو البتہ ان سب کو وہ خود ہدایت دے دیتا، |
| وَلَوْ شَاءَ لَهَدَاكُمْ أَجْمَعِينَ، (نحل - ۱) | اور اگر وہ خدا چاہتا، البتہ اُن سب کو ہدایت دے دیتا، |

مگر اس کی عادت نہیں کہ وہ بندے کے ارادہ اور کوشش کے بغیر از خود کسی کو ہدایت دے، اس لئے اس مشیتِ الٰہی کے ساتھ قرآن پاک کی وہ آیتیں مطابق ہوں گی جن میں بندوں کی مشیت کا بھی اعتبار کیا گیا ہے، فرمایا،

فَمَنْ شَاءَ فَلْيُؤْمِنْ وَمَنْ شَاءَ فَلْيَكْفُرْ (کہف) تو جو چاہے ایمان لائے اور جو چاہے کفر کرے،

Marfat.com

فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ، (دھر ۱ و مزمل ۱) تو جو چاہے اپنے پروردگار کی طرف راستہ قبول کرے ،

فَمَنْ شَاءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ مَاٰبًا (نبا ۲) تو جو چاہے اپنے پروردگار کی طرف بازگشت کرے

اِلَّا مَنْ شَاءَ اَنْ يَّتَّخِذَ اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ، (فرقان ۔ ۵) لیکن جو اپنے پروردگار کی طرف راستہ اختیار کرنا چاہے ،

اللہ تعالیٰ کی طرف سے گمراہی بھی اترتی ہے مگر کن کے لئے ، بتصریح فرمایا ،

۱ ۔ وَمَا يُضِلُّ بِهٖٓ اِلَّا الْفٰسِقِيْنَ ، (بقرہ ۳) اور اللہ اس کو گمراہ نہیں کرتا مگر نافرمانوں کو ،

۲ ۔ فَلَمَّا زَاغُوْٓا اَزَاغَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ وَاللّٰهُ لَا يَهْدِي الْقَوْمَ الْفٰسِقِيْنَ (صف ۱) جب وہ کج ہوئے تو اللہ نے ان کے دلوں کو کج کر دیا اور اللہ بے حکم لوگوں کو ہدایت نہیں کرتا ،

۳ ۔ بَلْ رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ، (تطفیف ۔ ۱) بلکہ ان کے کام ان کے دلوں پر زنگ بن گئے ،

۴ ۔ بَلْ طَبَعَ اللّٰهُ عَلَيْهَا بِكُفْرِهِمْ (نساء ۲۲) بلکہ ان کے کفر کے سبب اللہ نے ان پر مہر کر دی

۵ ۔ ثُمَّ انْصَرَفُوْا صَرَفَ اللّٰهُ قُلُوْبَهُمْ بِاَنَّهُمْ قَوْمٌ لَّا يَفْقَهُوْنَ ، (توبہ ۔ ۱۶) وہ پھر گئے اللہ نے ان کے دلوں کو اس لئے پھیر دیا کہ وہ لوگ سمجھ نہ تھے ،

۶ ۔ كَذٰلِكَ يَطْبَعُ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِ الْكٰفِرِيْنَ (اعراف ۱۳) اسی طرح اللہ کافروں کے دلوں پر مہر کر دیتا ہے

۷ ۔ فِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ فَزَادَهُمُ اللّٰهُ مَرَضًا ، (بقرہ ۔ ۲) ان کے دلوں میں نفاق کی بیماری تھی ، تو خدا نے بیماری بڑھا دی ،

Marfat.com

ان آیتوں میں سے ہر ایک پر غور کرو، ہر ایک سے یہ صاف و صریح معلوم ہوگا کہ انسان کی بداعمالی مقدم ہے اور اللہ تعالیٰ کا اُس کے جوابی اثر کو اپنی طرف سے ضلالت، گمراہی، زنگ، مہر، اور بیماری فرمانا مؤخر ہے، اس سے ثابت ہوا کہ اللہ تعالیٰ کی طرف سے ضلالت، زنگ مہر اور بیماری کا اُترنا علت اور انسانوں کا کفر و گناہ و نفاق معلول نہیں ہے، بلکہ حقیقت اس کے برعکس ہے یعنی انسان کا فسق و فجور، کجی، زنگ، کفر، انصراف (پھر جانا) نادانی اور قلب کی بیماری پہلے ہوتی ہے، اور خدا کی طرف سے اُس کے جواب میں ضلالت و گمراہی اور دل پر مہر بعد کو ہوتی ہے اور یہی طبعی اصول بھی ہے، انسان جب گرتا ہے تو چوٹ لگتی ہے اور غمگین ہوتا ہے تب آنسو کے قطرے ٹپکتے ہیں، اگر کوئی اس کو اُلٹ کر بیان کرے تو یہ کیسی سخت نادانی ہوگی،

بہرحال اس مسئلہ میں مہبطِ وحی و رسالت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی عجب مصلحت بینی ہے کہ آپ نے اپنی اُمت کو اس پر جس شدت سے ایمان لانے کی تلقین فرمائی اُسی شدت سے اس میں بحث و مناقشہ سے منع فرمایا[1] اور درحقیقت اس نظریہ سے اسی طرح فائدہ اٹھانے میں راز ہے یہ کلی جہاں چٹکی کہ خوشبو اُڑ گئی،

اس عقیدہ کے تمام وسیع اطراف اور گوشوں کو چھوڑ کر جن کو متکلمین کی مجادلانہ موشگافیوں نے پیدا کیا ہے، قرآن حکیم کی صرف اس آیت کو سمجھ لینا کافی ہے،

وَلَمْ يَكُن لَّهُ شَرِيكٌ فِي الْمُلْكِ . اور خدا کی سلطنت میں اُس کا کوئی شریک نہیں اور

وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهُ تَقْدِيرًا (فرقان) اُس نے ہر چیز کو پیدا کیا پھر اس کا ایک اندازہ (تقدیر)

---

[1] مشکوٰۃ باب الایمان بالقدر،

# ایمان کے نتائج

گذشتہ صفحوں میں **ایمان** کی حقیقت اور اس کی چھ شاخوں خدا، فرشتے، رسول، کتاب، یوم آخر اور قدر کی تفصیلات بیان کی گئی ہیں، اور دکھایا گیا ہے کہ اُن میں سے ہر عقیدہ کی حقیقت کیا ہے؟ اس کی صداقت کی دلیلیں کیا ہیں؟ اور اس کی تعلیم میں شارع نے کیا مصلحتیں رکھی ہیں، اور شروع میں یہ بحث بھی کی جا چکی ہے کہ ہر مذہب میں اور خصوصاً مذہب اسلام میں ایمان کو اولین اہمیت کیوں دی گئی ہے؟ وہ بحثیں اصول کی تھیں، یہاں خاتمہ میں نتائج کی حیثیت سے پھر اسی دعوی کی تکرار کی جاتی ہے، یعنی یہ کہ درحقیقت ایمانیات اسی لائق ہیں کہ اُن کو مذہب میں یہی اولین درجہ دیا جائے کیونکہ مذہب جن نتائج تک پہنچنا چاہتا ہے، وہاں ایمان کی روشنی کے بغیر پہنچنا ممکن ہی نہیں،

اس سے پہلے کہ ہم کسی دستور پر عمل کریں، یہ ضروری ہے کہ ہم اس دستور کی خوبی اور سچائی کا یقین کریں کہ اگر ایسا نہ ہو تو ہم اُس پر پایداری کے ساتھ نہ تو عمل کر سکتے ہیں، اور نہ ہمارے نفس و ضمیر پر اس کا اثر ہو سکتا ہے، یہ حقیقت ہر دلیل سے ثابت ہے کہ ہمارے تمام اعمال ہمارے دل کے تابع ہیں، اس لئے جب تک دل نہ بدلیگا ہمارے اعمال میں تغیر نہیں ہو سکتا، یعنی ہمارے اعمال کی اصلاح تمام تر ہمارے دل کی اصلاح کے زیر اثر ہے، اور ایمان کا مقصد دل کی اصلاح ہے کہ اگر یہ درست ہو گیا تو سب کچھ درست ہو گیا،

Marfat.com

یہاں ایک خاص نکتہ ہے جس کو سمجھے بغیر آگے نہیں بڑھنا چاہیئے، یہودیوں نے سب سے زیادہ اہمیت عملی رسم ورواج کو دی تھی اور عیسائیوں نے اس کے برخلاف صرف ایمان پر نجات وفلاح کا دارومدار رکھا، چنانچہ حواریوں کے خطوط وملفوظات میں اس تعلیم کو بہت کچھ نمایاں کیا گیا ہے، اور بتایا گیا ہے کہ عمل نہیں بلکہ صرف ایمان نجات کا ذریعہ ہے اسلام کی پہلی کھلی شان اس بارہ میں یہ ہے کہ وہ دونوں کی اصلاح کرکے اُن دونوں کو جمع کرتا ہے، اور کہتا ہے کہ نجات نہ تنہا ایمان، اور نہ تنہا عمل پر، بلکہ ایمان صحیح اور عملِ صالح کی جامعیت پر موقوف ہے، اَلَّذِیْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ (جو ایمان لائے اور انھوں نے نیک کام کئے) دوسری بات یہ ہے کہ وہ ایمان کو محض ایمان کی بنا پر اہمیت نہیں دیتا، بلکہ اس لئے اہمیت دیتا ہے کہ وہ عملِ صالح کی علت وسبب ہے یعنی وہ عملِ صالح کے لئے راستہ بناتا، اور تخم ریزی کے لئے زمین درست کرتا ہے،

یہ کھلی ہوئی حقیقت ہے کہ درخت اپنے پھل سے پہچانا جاتا ہے اس لئے نخلِ ایمان کی شناخت بھی اُس کے پھل ہی سے ہوسکتی ہے، اب اگر ایسا کوئی شخص تم کو نظر آتا ہے کہ زبان سے ایمان کا دعویٰ کرتا ہے مگر اُس کے اعمال میں اس ایمان کے مطابق کوئی بہتر تغیر نظر نہیں آتا تو یہی سمجھنا چاہیئے کہ ایمان نے اس کی زبان سے اتر کر اس کے دل کی گہرائیوں میں برگ وبار پیدا نہیں کیا ہے، یہی سبب ہے کہ قرآن پاک ہر نیکی اور خوبی کو ایمان کا خاصہ، اور مومنوں کا وصفِ لازم بتاتا ہے، ہر اہم موقع پر اُس نے مسلمانوں کو

یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا، — اے وہ لوگو! جو ایمان لائے،

Marfat.com

کی ندا سے خطاب کیا ہے، جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ ان احکام پر وہی عمل کرسکتے ہیں جو ایمان سے متصف ہیں، بہت سے موقعوں پر ہے،

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ، — اگر تم ایمان والے ہو،

اس سے معلوم ہوا کہ یہ بات ایمان والوں ہی کے لئے خاص ہے اور وہی اس کے اہل و سزاوار ہیں، فرمایا

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ، (بقرہ ۲۰) — ایمان والے سب سے زیادہ اللہ سے محبت رکھتے ہیں،

اس سے معلوم ہوا کہ محبتِ الٰہی ایمان کی بہت بڑی علامت ہے، ایک اور سورہ میں ہے

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ (نور-۷) — ایمان والوں کی بات یہ ہے کہ جب اُن کو فیصلہ کرنے کے لئے اللہ و رسول کی طرف بلایا جائے تو کہیں کہ ہم نے سنا اور ہم نے مانا، اور ان ہی لوگوں کا بھلا ہے

اس سے ظاہر ہوا کہ ایمان کا ایک نتیجہ اللہ اور اس کے رسول کی اطاعت اور ان کے فیصلہ کے آگے سر جھکانا ہے، دوسری آیت میں ہے،

اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ اِخْوَةٌ (حجرات ۱) — ایمان والے تو آپس میں بھائی ہیں

اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ مسلمانوں میں باہمی محبت اور شفقت ہونا بھی ایمان کی نشانی ہے، ایک اور آیت میں ہے،

Marfat.com

وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُؤْمِنُوْنَ (آل عمران ۱۷) اور خدا ہی پر چاہیئے کہ ایمان والے بھروسہ کریں

معلوم ہوا کہ خدا پر بھروسہ اور توکّل اہلِ ایمان کی شان ہے سورۂ مومنون میں اہلِ ایمان کے اوصاف یہ بتائے گئے ہیں،

| | |
|---|---|
| قَدْ اَفْلَحَ الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ هُمْ | بے شبہ اہلِ ایمان نے بھلائی پائی جو اپنی |
| فِيْ صَلَاتِهِمْ خَاشِعُوْنَ وَالَّذِيْنَ | نماز میں ادب سے جھکے رہتے ہیں، اور جو |
| هُمْ عَنِ اللَّغْوِ مُعْرِضُوْنَ وَالَّذِيْنَ | نکمی بات پر دھیان نہیں دیتے، اور جو |
| هُمْ لِلزَّكٰوةِ فَاعِلُوْنَ، وَالَّذِيْنَ | زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، اور جو اپنی شرمگاہوں |
| هُمْ لِفُرُوْجِهِمْ حٰفِظُوْنَ...... | کی حفاظت کرتے ہیں .......... |
| ........ وَالَّذِيْنَ هُمْ لِاَمٰنٰتِهِمْ | ............ اور جو اپنی امانتوں |
| وَعَهْدِهِمْ رَاعُوْنَ، وَالَّذِيْنَ هُمْ | اور وعدوں کی نگرانی رکھتے ہیں، اور |
| عَلٰى صَلَوٰتِهِمْ يُحَافِظُوْنَ (مومنون ۱-۹) | جو اپنی نمازوں کی پابندی کرتے ہیں، |

ان آیتوں سے اہلِ ایمان کے ضروری اوصاف یہ معلوم ہوئے "نماز میں خشوع و خضوع، بے کار باتوں سے احتراز، زکوٰۃ و خیرات دینا، عفّت و پاکدامنی، امانت، ایفائے عہد، نمازوں کی پابندی" ان آیتوں میں ایک عجیب رمز ہے، دیکھو کہ اہلِ ایمان کے اوصاف کا آغاز بھی نماز سے کیا گیا، اور انجام بھی نماز پر رکھا گیا، اس سے اشارہ نکلا کہ نماز ایمان کی اولین و آخرین نشانی ہے اور اسی لئے ایمان کے بعد سب سے زیادہ اس پر زور دیا گیا ہے ہم نے یہ چند آیتیں یہاں مثالاً نقل کی ہیں ورنہ اگر کوئی استقصا کرے تو قرآن میں

Marfat.com

ایمان کے اثرات ونتائج اور بہت سے ملیں گے، احادیث میں بھی اس مضمون کی کمی نہیں، صحیح حدیث ہو کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "ایمان کی کچھ اوپر ستر شاخیں ہیں"۔ حافظ بیہقی نے اپنی کتاب شعب الایمان میں مختلف حدیثوں سے ایمان کی ان ستر شاخوں کو ایک ایک کر کے گنایا ہے، اس کتاب کا خلاصہ مختصر شعب الایمان کے نام سے چھپ بھی گیا ہے۔

ایک حدیث میں ایمان کی شناخت، اخلاق کی پاکیزگی کو بتایا گیا ہے آپنے فرمایا،

| | |
|---|---|
| اَکْمَلُ الْمُؤْمِنِیْنَ اِیْمَانًا اَحْسَنُھُمْ خُلُقًا (سنن ابی داؤد- کتاب السنۃ) | مومنوں میں اس کا ایمان سب سے زیادہ کامل ہو جس کے اخلاق سب سے اچھے ہیں، |

حسن اخلاق کا اساسی مرکز محبّت ہے، یہ محبّت سب سے پہلے تو اسی ہستی سے ہونی چاہیے جو تمام محبتوں کا مرجع و مرکز ہے یعنی اللہ تعالیٰ، اور اس کے بعد اسی محبتِ الٰہی کے ضمن اور تبعیت میں اُس ہستی سے بھی محبت کرنا جس کی ہدایت اور تعلیم کے وسیلہ سے یہ جوہر ایمانی ہم کو ہاتھ آیا، اس محبت کے سامنے دوسری تمام دنیاوی محبتیں اور قرابت اور رشتہ داری کے علائق ہیچ ہیں، فرمایا،

| | |
|---|---|
| لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی اَکُوْنَ اَحَبَّ اِلَیْہِ مِنْ وَّلَدِہٖ وَوَالِدِہٖ وَالنَّاسِ اَجْمَعِیْنَ، (مسلم و بخاری کتاب الایمان) | تم میں سے کوئی اُس وقت تک ایمان میں کامل نہیں، جب تک اس کے دل میں میری محبّت اس کی اولاد، والدین، اور تمام لوگوں سے زیادہ نہ ہو، |

ایمان کا تیسرا اثر یہ ہے کہ اس کو اپنی ہم جنس برادری اور پڑوسی سے بھی اسی طرح محبت

پیار اور اخلاص ہو جس طرح خود اپنے آپ سے، فرمایا:

| | |
|---|---|
| والذی نفسی بیدہ لا یومن | قسم ہو اُس ذات کی جس کے ہاتھ میں میری جان |
| احدکم حتی یحب لاخیہ او | ہے تم میں سے کسی کا ایمان اُس وقت تک کامل |
| لجارہ ما یحب لنفسہ، | نہیں جبتک وہ اپنے بھائی یا پڑوسی (راوی کو |
| (بخاری ومسلم کتاب الایمان) | شک ہے) کے لئے وہی نہ چاہے جو وہ اپنے |
| | لئے چاہتا ہے۔ |

آپ نے ایک دفعہ صحابہ کو خطاب کرکے فرمایا، جب تک تم مومن نہ ہوگے جنت میں داخل نہ ہوسکوگے، اور مومن نہ ہوگے جب تک تم آپس میں ایک دوسرے سے محبت نہ کروگے میں تمھیں بتاؤں کہ تم میں آپس میں محبت کیونکر ہوسکتی ہے، آپس میں اسلام پھیلاؤ (مسلم کتاب الایمان)

یہ محبت کسی نمایش، ریا، یا ذاتی نفع ونقصان کے لیے نہ ہو، بلکہ خدا اور صرف خدا کیلئے ہو فرمایا تین باتیں جس میں ہیں اُس نے ایمان کا مزہ پالیا، اوّل یہ کہ اُس نے دل میں خدا اور رسول سے بڑھ کر کسی اور کی محبت نہ ہو، دوسری یہ کہ بندگانِ خدا سے صرف خدا کے لئے محبت کرتا ہو تیسری یہ کہ کفر سے نجات پانے کے بعد پھر اُس میں آلودہ ہونا اُس کے لئے اتنا ہی تکلیف دہ ہو جتنا آگ میں ڈالا جانا" ایک صحابیؓ نے دریافت کیا کہ یا رسول اللہ کامل اسلام کس مسلمان میں ہے، فرمایا اُس مسلمان میں جس کے ہاتھ اور زبان سے دوسرا مسلمان محفوظ رہے" فرمایا کہ "ایمان کی ستّر سے کچھ اوپر شاخیں ہیں جن میں سے ایک شرم وحیا ہے" یہ بھی تعلیم فرمادی کہ جس کو خدا اور آخرت پر ایمان ہو اس کو چاہیے کہ زبان سے بات نکالے تو اچھی، ورنہ چپ رہے جس کو خدا اور آخرت پر ایمان ہو اس کو چاہیے کہ اپنے پڑوسی کو دکھ نہ پہنچائے۔ جس کو خدا اور آخرت پر ایمان ہو

Marfat.com

اُس کو چاہیئے کہ مہمان کی عزت کرے" ایک صحابیؓ آپؐ کے اس ارشاد کو نقل کرتے ہیں کہ آپؐ نے فرمایا "تم میں سے کوئی اگر کوئی برائی دیکھے تو اس کو ہاتھ سے مٹا دے، یہ نہ ہو سکے تو زبان سے ٹوک دے یہ بھی نہ ہو سکے تو اپنے دل میں اس کو بُرا سمجھے اور یہ ایمان کا آخری درجہ ہے[1]"

اس کے بالمقابل آپؐ نے متنبہ فرمایا کہ "نفاق کی چار نشانیاں ہیں جس میں اُن میں سے ایک بھی پائی جائے اُس میں اتنا نفاق کا عنصر موجود ہے، اگرچہ وہ نماز گذار اور روزہ دار ہی کیوں نہ ہو، اور اپنے کو وہ مسلمان ہی کیوں نہ سمجھتا ہو، ایک یہ کہ گفتگو کرے تو جھوٹ بولے، وعدہ کرے تو توڑ دے، امانت سپرد کیجائے تو خیانت کرے، غصہ آئے تو گالی بکے[2]"

اس تفصیل سے ظاہر ہوگا کہ تمام نیکیاں، اور ہر قسم کی بھلائیاں اور خوبیاں جس ایک جڑ کی شاخیں ہیں وہ **ایمان** ہے، اور اسی لئے وہ مذہب کا اصل الاصول ہے وہ نہ ہو تو انسانی نیکیوں کی ساری عمارت بے بنیاد ہے، اس تقریر سے کسی کو یہ شبہہ نہ ہو کہ ایمان کے بعد عمل کی ضرورت نہیں، اسلام نے اسی نکتہ کو بار بار ادا کیا ہے کہ نجات کا مدار ایمان اور عملِ صالح دونوں پر ہے، اسی لئے اٰمَنُوْا کے ساتھ ساتھ وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰت پر بھی اُس نے ہمیشہ زور دیا ہے بلکہ اوپر جو کچھ کہا گیا ہے، اس کا منشا یہ ہے کہ ان دونوں میں ایمان اصل اور عمل اس کی فرع ہے ایمان ملزوم اور اعمالِ حسنہ اس کے خصوصیات اور لوازم ہیں یعنی ان دونوں میں اصل و فرع اور لازم و ملزوم کا تعلق ہے جو ایک دوسرے سے الگ اور جدا نہیں ہو سکتے اس لئے جس طرح ایمان کے بغیر عمل سرسبز نہیں رہ سکتا، اسی طرح عمل کے بغیر ایمان ایک

---

[1] یہ تمام روایتیں صحیحین کتاب الایمان میں ہیں [2] صحیح بخاری کتاب الایمان، بیشتر نظر مسلم ہے،

بے برگ و بار درخت ہے جس کا فائدہ کے لحاظ سے عدم و وجود برابر ہے، اس بنا پر جہاں ایمان ہے اُس کے عملی نتائج و آثار کا وجود بھی ضروری ہے،

کاغذ کے نوسَو چھ صفحے سیاہ ہو چکے، ناظرین کے ہاتھ ان اوراق کی گرانباری سے، اور آنکھیں ان سطور کی کم سوادی سے تھک چکی ہوں گی، اس لئے بہتر ہے کہ رہرو قلم کے ساتھ قافلۂ نظر کے دوسرے رفقا بھی کچھ دیر آرام کریں ہر چند کہ

رہروان را خستگیِ راہ نیست
عشق ہم راہ است ہم خود منزل است

**سُلیمان ندوی**

دار المصنفین　　رمضان سنہ ۱۳۵ھ

اس کتاب کے جملہ حقوق نقل و ترجمہ دار المصنفین کے حق میں محفوظ ہیں مہتمم صاحب کی اجازت کے بغیر کوئی اقدام نہ فرمایا جائے

Marfat.com